الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

شَارِقُ الْفَلَاح

شَرح

نُوْرُ الْاِیْضَاح

اس کتاب میں آپ ملاحظہ کریں گے

☆... مصنف کا تعارف　☆... شارح کا تعارف　☆... فقہی اصطلاحات

☆... بنیادی باتیں　☆... صاحبِ نور الایضاح کے غیر مفتی بہ اقوال

☆... عبارت مع اعراب　☆... سلیس اردو ترجمہ　☆... سوالاً جواباً عبارت کی شرح

مصنف

شیخ ابو الاخلاص حسن بن عمار بن علی المصری الشرنبلالی الحنفی (متوفی ۱۳۸۰ھ (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

شارح

مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

کتاب : نور الایضاح
مصنف : شیخ ابو الاخلاص حسن بن عمار بن علی شرنبلالی مصری حنفی (علیہ الرحمۃ)
شرح : شارق الفلاح اردو شرح
شارح : مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری
کمپوزنگ : مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری
عبارت کی کمپوزنگ : مولانا محمد شاداب خان عطاری مدنی
صفحات : 678
ناشر : مکتبۃ السنۃ (آگرہ یوپی الہند)

پتہ: : (نزد فیضانِ مدینہ، تاج نگری فیس ۲ تاج گنج آگرہ یوپی الہند

Pin code: 282001

اس کتاب کو چھپوانے کے خواہش مند حضرات اس نمبر پر رابطہ کریں

calling & whats app no: +918808693818

شرفِ انتساب

میں اپنی اس کتاب کا نام عزیزم نگرانِ جامعات المدینہ انڈیا حضرت مولانا شارق مدنی زید مجدہ وشرفہ وعلمہ وعملہ کے نام پر رکھا "شارق الفلاح شرح نور الایضاح"

فہرست

مصنف کا تعارف ۷۳
شارح کا تعارف ۷٤
شارح کی اصلاحی کتب ۷٤
شارح کی درسی کتب ۷٥
فقہی اصطلاحات ۷٦
کتاب الطہارۃ ۷۶
کتاب الصلوۃ ۷۸
کتاب الصوم ۸۴
کتاب الزکاۃ ۸۵
کتاب الحج ۸۷
بنیادی باتیں ۹۳
سوال: فقہ کی لغوی واصطلاحی تعریف کیا ہے؟ ۹۳
سوال: مسلمان کو فقہ کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟ ۹۳
سوال: علمِ فقہ حاصل کرنے کی کیا فضیلت ہے؟ ۹۴
سوال: علمائے محققین نے فقہ اور فقیہ کی کیا مثال بیان کی ہے؟ ۹۵
سوال: علمائے ماہرینِ فقہ نے فقہاء کے کتنے طبقات بیان کئے ہیں؟ ۹۵
سوال: پہلا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟ ۹۵
سوال: دوسرا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟ ۹۵
سوال: تیسرا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟ ۹۵

سوال: چوتھا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟ ۹۶

سوال: پانچواں طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟ ۹۶

سوال: چھٹواں طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟ ۹۶

سوال: ساتواں طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟ ۹۶

سوال: علمائے احناف کے نزدیک مسائل کے کتنے طبقات ہیں؟ ۹۶

(۱) مسائل الاصول: ۹۷

(۲) مسائل نوادر: ۹۷

(۳) الواقعات: ۹۷

صاحب نور الایضاح کے 28 غیر مفتیٰ بہ اقوال ۹۹

فَصْلٌ فِي اَحْكَامِ الْآبَارِ وَتَطْهِيرِهَا ۹۹

بَابُ التَّيَمُّمِ ۹۹

کتاب الصلوۃ ۱۰۰

فصل في الأوقات المكروهة ۱۰۰

فصل في متعلقات الشروط وفروعها ۱۰۱

فصل في سننها ۱۰۱

فصل في التراويح حكمها ۱۰۲

باب ادراك الفريضة ۱۰۲

باب سجود السهو ۱۰۲

باب سجود التلاوة ۱۰۳

باب صلاة الجمعة حكمها ۱۰۳
باب صلاة العيدين حكمها وشروطها ۱۰۴
باب الاستسقاء ۱۰۵
باب آحكام الجنائز ما يصنع مع المحتضر ۱۰۵
فصل بين بيان احق الناس بالصلاة عليه ۱۰۵
فصل في صفة الصوم وتقسيمه ۱۰۶
فصل في الكفارة وما يسقطها عن الذمة مستقطا تها ۱۰۶
باب الاعتكاف تعريفه ۱۰۶
باب الجنايات ۱۰۷
خُطْبَةُ الْكِتَابِ ۱۰۹
سوال : مصنفین اپنی کتاب کو بسم اللہ اور حمد سے کیوں شروع کرتے ہیں؟ ۱۰۹
سوال : لفظ صلاۃ کتنے طریقوں سے استعمال ہوتا ہے؟ اس کی وضاحت کریں۔ ۱۱۰
سوال: خاتم النبیین سے کیا مراد ہے؟ ۱۱۰
سوال: آل کا لفظ کن لوگوں پر بولا جاتا ہے اور یہاں آل سے کون لوگ مراد ہیں؟ ۱۱۰
سوال: صحابی کسے کہتے ہیں؟ ۱۱۰
سوال: اصحاب ترجیح سے کون لوگ مراد ہیں؟ ۱۱۰
سوال: مفتی کسے کہتے ہیں ۱۱۱
كِتَابُ الطَّهَارَةِ ۱۱۳
سوال: کتاب کا لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہے؟ ۱۱۳
سوال: طہارت کیا ہے اور اس پر مختلف اعراب آنے سے معنے میں کیا فرق پڑتا ہے؟ ۱۱۳

سوال: مصنف نے اپنی کتاب کو کتاب الطہارت سے شروع کیوں کیا؟ حالانکہ یہ رسالہ عبادات کے بیان میں تھا۔ جیسا کہ مقدمہ میں فرمایا "اَنْ اَعْمَلَ مُقَدِّمَةً فِي الْعِبَادَاتِ"۔ ۱۱۳

سوال: طہارت نماز کے لئے کیوں ضروری ہے؟ ۱۱۳

سوال: میاہ کیا ہے؟ اور اس کا کیا معنی ہے؟ ۱۱۴

سوال: کتنے قسموں کے پانی سے طہارت جائز و صحیح ہوتی ہے؟ ۱۱۴

سوال: پگھلنے کی قید ثلج و برد میں کیوں لگائی گئی ہے؟ ۱۱۴

سوال: پانی کے اوصاف یعنی طہارت، نجاست اور کراہت کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں؟ ۱۱۵

سوال: مائے مطلق سے کون سا پانی مراد ہے؟ ۱۱۵

سوال: مائے مکروہ سے کون سا پانی مراد ہے؟ ۱۱۵

سوال: "وَكَانَ قَلِيْلًا" سے کیا مراد ہے؟ ۱۱۵

سوال: مائے مستعمل سے کون سا پانی مراد ہے؟ ۱۱۵

سوال: پانی کس وقت مستعمل ہو گا؟ ۱۱۶

سوال: مائے مقید کسے کہتے ہیں؟ ۱۱۷

سوال: کیا درخت اور پھل کے اس پانی سے جو خود بخود بغیر نچوڑے نکلا ہو وضو کرنا جائز ہے؟ ۱۱۷

سوال: متن میں فی الاظہر کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟ ۱۱۷

سوال: ایسا پانی جس کی طبیعت اصلیہ پکانے سے یا دوسری چیز کے غالب آنے سے زائل ہو گئی ہو تو اس سے وضو کرنا کیسا ہے؟ ۱۱۸

سوال: مصنف نے غلبہ کی کتنی صورتیں ذکر کی ہیں؟ ۱۱۸

سوال: پانی میں جمی ہوئی چیزوں کے ملنے سے غلبہ کب مانا جائے گا؟ ۱۱۸

سوال: اگر پانی میں جمی ہوئی چیز کے ملنے سے پانی کی طبیعت (رقت و سیلان) علی حالہ باقی ہے مگر اس کے اوصاف (رنگ، بو، مزا) بدل گئے تو کیا حکم ہے؟ ۱۱۸

سوال: بہنے والی وہ چیزیں جن کے دو وصف ہوتے ہیں پانی میں مل جائیں تو غلبہ کی کیا صورت ہو گی؟ ۱۱۹

سوال: بہنے والی وہ چیزیں جن کے تین وصف ہوتے ہیں اگر پانی میں مل جائیں تو غلبہ کی کیا صورت ہو گی؟ ۱۱۹

سوال: بہنے والی ایسی چیز جس میں کوئی وصف نہ ہو، اگر پانی میں مل جائے تو اس میں غلبہ کی شناخت کیسے ہو گی؟ ۱۱۹

سوال: رطل کیا ہے؟ اور ایک صاع کتنے رطل کا ہوتا ہے؟ ۱۱۹

سوال: اگر مائے مطلق اور مائے مستعمل یا عرقِ گلاب کی مقدار برابر ہو تو کیا حکم ہو گا؟ ۱۱۹

سوال: مائے نجس سے کون سا پانی مراد ہے؟ نیز قلیل و کثیر ہونے کی صورت میں کیا حکم ہو گا؟ ۱۲۰

سوال: مائے قلیل اور مائے کثیر کسے کہتے ہیں؟ ۱۲۰

سوال: مائے مشکوک سے کون سا پانی مراد ہے؟ ۱۲۰

فَصْلٌ فِي بَيَانِ اَحْكَامِ السُّؤْرِ ۱۲۲

سوال: فصل کسے کہتے ہیں؟ ۱۲۲

سوال: مائے قلیل میں سے جب کوئی حیوان پی لے تو اس کو کس نام سے موسوم کرتے ہیں نیز اس کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ ۱۲۳

سوال: الماء کے ساتھ القلیل کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟ ۱۲۳

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا طاہر و مطہّر ہوتا ہے؟ مع حکم بیان کریں۔ ۱۲۳

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا نجس ہے؟ مع حکم بیان کریں۔ ۱۲۳

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا مکروہ ہے؟ مع حکم بیان کریں۔ ۱۲۳

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا مشکوک ہوتا ہے؟ مع حکم بیان کریں۔ ۱۲۴

سوال: اگر ان چاروں قسم کے جانداروں کے منہ میں نجاست کا لگا ہوا ہونا یقین کے ساتھ معلوم ہو تو پھر کیا حکم ہو گا؟ ۱۲۴

فَصْلٌ فِي التَّحَرِّي فِي الْأَوَانِي وَالثِّيَابِ ۱۲۵

سوال: تحری کی تعریف بیان کریں۔ ۱۲۵

سوال: ایک شے کا دوسری شے کے ساتھ ملنا کتنے طریقے کا ہوتا ہے؟ ۱۲۵

سوال: اگر چند ایسے برتن آپس میں مل جائیں جن میں اکثر پاک ہوں تو وضو اور پینے کے استعمال میں لانے کا کیا حکم ہے؟ ۱۲۵
سوال: اور اگر ناپاک برتن زیادہ ہوں تو کیا حکم ہو گا؟ ۱۲۵
سوال: اگر پاک و ناپاک کپڑے ایک دوسرے میں مل جائیں تو کیا حکم ہو گا؟ ۱۲۶

فَصْلٌ فِي اَحْكَامِ الْآبَارِ ۱۲۷

سوال: اگر کسی کوئیں میں کوئی نجاست گر جائے تو کیا حکم ہو گا؟ ۱۲۷
سوال: اگر کوئیں میں خنزیر گر گیا اور زندہ نکل آیا اور اس کا منہ بھی پانی سے نہ لگا ہو تو اس صورت میں کیا حکم ہے؟ ۱۲۷
سوال: اگر کوئیں میں کتا، بکری یا آدمی گر کر مر جائے تو کیا حکم ہو گا؟ ۱۲۸
سوال: کوئیں میں جانور کے گر کر پھولنے اور پھٹنے کی صورت میں کیا حکم ہو گا؟ ۱۲۸
سوال: سارا پانی نکالنے سے کیا مراد ہے؟ ۱۲۸
سوال: اگر کوئیں کا سارا پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کیا کریں؟ ۱۲۸
سوال: اگر کوئیں میں مرغی، بلی یا ان جیسے دیگر جانور گر کر مر جائیں تو کیا حکم ہے؟ ۱۲۸
سوال: اگر کوئیں میں چوہا یا اس کے جیسے دیگر جانور گر کر مر جائیں تو کیا حکم ہے؟ ۱۲۸
سوال: رسی، ڈول، کنواں اور نکالنے والے کا ہاتھ کیسے پاک ہو گا؟ ۱۲۸
سوال: کوئیں سے کل پانی نکالنے کا حکم کب ہوتا ہے؟ ۱۲۹
سوال: بیس سے تیس ڈول کب نکالے جائیں گے؟ ۱۲۹
سوال: ۴۰ سے ۶۰ ڈول کب نکالے جائیں گے؟ ۱۲۹
سوال: ڈول سے کتنا بڑا ڈول مراد ہے؟ ۱۲۹
سوال: مینگنی، لید اور گوبر کتنی مقدار میں کوئیں کے اندر گر جائے تو کنواں پاک یا ناپاک ہو گا؟ ۱۳۰
سوال: کیا کبوتر اور چڑیا کی بیٹ کے گرنے سے کنواں ناپاک ہو جائے گا۔ ۱۳۰
سوال: ایسے جانور جن میں بہنے والا خون نہیں ہوتا ان کے گرنے سے کوئیں کا کیا حکم ہو گا؟ ۱۳۱

سوال: خشکی اور دریائی مینڈک میں کیا فرق ہوتا ہے؟ ۱۳۱

سوال: آدمی یا ماکول اللحم جانور کوئیں میں گر گیا مگر زندہ نکل آیا تو کیا حکم ہوگا؟ ۱۳۱

سوال: خچر، گدھا، شکاری پرندے اور وحشی جانور کے گرنے سے کوئیں کا کیا حکم ہوگا؟ ۱۳۱

سوال: اگر کوئی جاندار کوئیں میں گرا اور زندہ نکل آیا مگر اس کا منہ پانی سے مس ہوگیا تو کیا حکم ہوگا؟ ۱۳۱

سوال: کن جانوروں کا لعاب پاک ہے اور کن کا ناپاک ہے؟ ۱۳۱

سوال: اگر کوئیں میں مرا ہوا جانور نکلا مگر اس کے گرنے کا وقت معلوم نہیں تو کنواں کب سے ناپاک مانا جائے گا؟ ۱۳۲

فَصْلٌ فِي الْاِسْتِنْجَاءِ ۱۳۳

سوال: استنجاء اور استبراء کسے کہتے ہیں؟ ۱۳۳

سوال: استبراء کا حکم کس کے لئے ہے اور استبراء کیسے کیا جائے گا اور کب تک کیا جائے گا؟ ۱۳۳

سوال: مرد کو پیشاب کرنے کے بعد کب تک وضو کرنا جائز نہیں ہے؟ ۱۳۳

سوال: استنجاء کرنا کب سنت ہے؟ ۱۳۴

سوال: استنجاء کرنا کب واجب ہے؟ ۱۳۴

سوال: استنجاء کرنا کب فرض ہے؟ ۱۳۴

سوال: جو نجاست جنابت وغیرہ سے غسل کرنے کے وقت مخرج میں ہو تو کیا اس کا بھی دھونا فرض ہے؟ ۱۳۴

سوال: درہم سے کیا مراد ہے؟ ۱۳۴

سوال: کیا پتھر سے بھی استنجاء کر سکتے ہیں؟ ۱۳۵

سوال: کیا پتھر سے استنجاء کرنے میں کوئی تعداد معین سنت ہے؟ ۱۳۵

سوال: پتھر سے استنجاء کا طریقہ بیان کریں؟ ۱۳۶

سوال: پتھر لینے کے بعد پانی سے استنجاء کرنے کا طریقہ بیان کردیں؟ ۱۳۶

سوال: عورت پانی سے دھونے میں کیا انداز اپنائے؟ ۱۳۷

سوال: صفائی میں مبالغہ کرنے سے کیا مراد ہے؟ نیز صائم وغیر صائم کو مبالغہ کرنے میں کیا حکم ہے؟ ۱۳۷

سوال: استنجاء سے فارغ ہونے کے بعد کیا کرے؟ ۱۳۷

فَصْلٌ فِيْمَا يَجُوْزُ بِهِ الْاِسْتِنْجَاءُ ۱۳۸

سوال: کیا لوگوں کے سامنے ستر کھول کر استنجاء کر سکتے ہیں؟ ۱۳۸

سوال: اگر نجاست مخرج سے تجاوز کر گئی ہو تو کیا انداز اپنائے؟ ۱۳۸

سوال: کن چیزوں سے استنجاء کرنا مکروہ ہے؟ ۱۳۹

سوال: الخلاء کا معنی کیا ہے؟ نیز بیت الخلاء کے آداب کیا ہیں؟ ۱۳۹

سوال: قضائے حاجت کے وقت قبلہ، سورج وچاند اور ہوا کے رخ کی طرف منہ کرنا کیسا؟ ۱۴۰

سوال: کس کس جگہ پیشاب اور پاخانہ کرنا مکروہ ہے؟ ۱۴۰

سوال: بیت الخلاء سے نکلتے ہوئے کون سا پاؤں پہلے نکالے اور کون سی دعا پڑھے؟ ۱۴۰

فَصْلٌ فِي اَحْكَامِ الْوُضُوْءِ ۱۴۱

سوال: وضو کے احکام کو غسل کے احکام پر مقدم کیوں کیا گیا؟ ۱۴۱

سوال: وضو کی لغوی تحقیق بیان کریں اور اصطلاحی معنی بھی۔ ۱۴۱

سوال: ارکان اور فرائض کی تحقیق بیان کریں۔ ۱۴۱

سوال: وضو کے کتنے اور کون کون سے فرض ہیں؟ ۱۴۲

سوال: غَسل کی لغوی تحقیق اور اصطلاحی تعریف بیان کریں۔ ۱۴۲

سوال: مسح کی لغوی اور شرعی تحقیق بیان کر دیں۔ ۱۴۲

سوال: وضو کے واجب ہونے کا سبب کیا ہے؟ نیز وضو کا دنیوی واخروی حکم بھی بتائیں۔ ۱۴۳

سوال: وضو کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۱۴۳

سوال: وضو کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۱۴۴

فَصْلٌ فِيْ تَمَامِ اَحْكَامِ الْوُضُوْءِ ۱۴۵

سوال: گھنی اور ہلکی داڑھی کے دھونے کا کیا حکم ہے؟ نیز ”فی أصح مایفتی بہ“ سے کیا مراد ہے؟ ۱۴۵

سوال: عام حالت میں ہونٹ بند کرتے وقت جو حصہ چھپ جاتا ہے کیا اس کو دھونا فرض ہے؟ ۱۴۶

سوال: ملی ہوئی انگلیاں، بڑے ناخن جو پوروں کو ڈھانپ لیں اور آٹا وغیرہ کا لگ جانا اس صورت میں کیا حکم ہے؟ ۱۴۶

سوال: کیا میل اور مچھروں کی بیٹ وغیرہ کا بھی چھڑانا فرض ہے؟ ۱۴۶

سوال: تنگ انگوٹھی کے نیچے پانی بہانے کا کیا حکم ہے؟ ۱۴۶

سوال: پاؤں کے پھٹن میں دوا لگی ہو تو کیا حکم ہے؟ ۱۴۶

سوال: وضو کے بعد سر منڈوایا یا ناخن کٹوایا یا مونچھے کٹوائیں تو کیا پھر سے جلد کا دھونا اور مسح کرنا فرض ہے؟ ۱۴۷

فَصْلٌ فِيْ سُنَنِ الْوُضُوْءِ ۱۴۸

سوال: سنت کی تعریف کیا ہے؟ ۱۴۸

سوال: سنت کی اقسام اور ان کی تعریف بیان فرمائیں۔ ۱۴۹

سوال: وضو کی کتنی اور کون کون سی سنتیں ہیں؟ نیز ان کی تشریح بھی فرمائیں۔ ۱۴۹

سوال: آخر کے چار کون کون سے مستحب ہیں؟ ۱۵۲

سوال: مستحب کسے کہتے ہیں؟ ۱۵۲

فَصْلٌ مِنْ آدَابِ الْوُضُوْءِ ۱۵۳

سوال: آداب کسے کہتے ہیں؟ ۱۵۳

سوال: وضو کے آداب کتنے ہیں؟ ۱۵۳

سوال: وضو کے آداب بالتفصیل بیان کریں۔ ۱۵۴

سوال: توابین اور متطھرین کا معنی بیان کردیں۔ ۱۵۵

سوال: ہر عضو کو دھوتے وقت کون سی منقول دعائیں پڑھنا مستحب ہے؟ ۱۵۵

فَصْلٌ فِيْ مَكْرُوْهَاتِ الْوُضُوْءِ ١٥٧

سوال: مکروہ کی تعریف واقسام اور ان کی تعریف بیان کریں۔ ۱۵۷

سوال: وضو کے مکروہات کتنے اور کون کون سے ہیں؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔ ۱۵۷

فَصْلٌ فِيْ اَوْصَافِ الْوُضُوْءِ ١٥٩

سوال: وضو کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۱۶۰

سوال: کن کن کاموں کے لئے وضو کرنا فرض ہے؟ ۱۶۰

سوال: کن چیزوں کے لئے وضو کرنا واجب ہے؟ ۱۶۰

سوال: کن کن امور کے لئے وضو کرنا مستحب ہے؟ ۱۶۰

فَصْلٌ فِيْ نَوَاقِضِ الْوُضُوْءِ ١٦٣

سوال: وضو کو توڑنے والی کتنی چیزیں ہیں؟ ۱۶۳

سوال: توڑی تو وہ چیز جاتی ہے جس کا جسم ہو، وضو کا تو کوئی جسم ہی نہیں ہے پھر کیسے ٹوٹ جاتا ہے؟ ۱۶۴

سوال: نواقض وضو کون کون سے ہیں؟ بالتفصیل بیان فرمادیں۔ ۱۶۴

سوال: قبل اور دبر کا نام سبیلین کیوں رکھا گیا؟ ۱۶۴

سوال: منہ بھر قے کسے کہتے ہیں؟ ۱۶۴

سوال: اگر تھوڑی قے چند بار ہوئی تو کیا اس سے وضو ٹوٹ جائے گا؟ ۱۶۵

سوال: سبب اور مجلس کے متحد و مختلف ہونے کے اعتبار سے کتنی اور کون کون سی صورتیں ہوں گی؟ مع حکم بیان فرمادیں۔ ۱۶۵

سوال: خون کا تھوک پر غالب و مغلوب یا برابر ہونے کی کیا علامت ہے؟ ۱۶۵

سوال: نیند سے وضو ٹوٹنے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۱۶۶

سوال: نشے کی وہ حد کتنی ہے جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ ۱۶۶

فَصْلٌ فِيْمَا لَا يُنْقِضُ الْوُضُوْءَ ١٦٨

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے؟ بالتفصیل بیان فرما دیں۔ ۱۶۸

سوال: عرق مدنی کون سی بیماری ہے؟ ۱۶۹

فَصْلٌ فِيْ مَا يُوْجِبُ الْاِغْتِسَالَ ۱۷۱

سوال: غسل کی لغوی و اصطلاحی تحقیق بیان فرمادیں۔ ۱۷۱

سوال: کتنی چیزوں سے غسل فرض ہو جاتا ہے؟ ۱۷۱

سوال: وہ سات چیزیں کون کون سی ہیں؟ بالتفصیل بیان فرمائیں۔ ۱۷۲

سوال: متن میں ”من غیر جماع“ کی قید کیوں لگائی گئی؟ ۱۷۲

سوال: منی، مذی اور ودی کی پہنچان مع حکم بیان کریں۔ ۱۷۲

سوال: یہاں پر متن میں ”تواری حشفہ“ فرمایا تو کیا قبل و دبر میں کوئی اور چیز داخل کرنے سے غسل فرض نہیں ہوگا؟ ۱۷۲

سوال: متن میں زندہ اور آدمی کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟ ۱۷۳

سوال: ”لو حصلت الاشیاء المذکورۃ قبل الاسلام فی الاصح“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۱۷۳

سوال: میت کو غسل دینا کیا ہے؟ ۱۷۳

فَصْلٌ فِيْ مَا لَا يَجِبُ الْاِغْتِسَالُ مِنْهُ ۱۷۴

سوال: کتنی چیزیں ایسی ہیں جن سے غسل فرض نہیں ہوتا؟ ۱۷۴

سوال: وہ کون کون سی چیزیں ہیں؟ بتفصیل بیان کریں۔ ۱۷۴

فَصْلٌ فِيْ بَيَانِ فَرَائِضِ الْغُسْلِ ۱۷۶

سوال: غسل میں کتنے فرض ہیں؟ ۱۷۶

سوال: غسل کے تو تین فرض ہوتے ہیں گیارہ کیسے ہو گئے؟ ۱۷۶

سوال: جس غسل کے فرائض بیان ہو رہے ہیں ان سے کون سا غسل مراد ہے؟ ۱۷۶

سوال: غسل کے فرائض بالتفصیل بیان فرمادیں۔ ۱۷۶

فَصْلٌ فِيْ سُنَنِ الْغُسْلِ ۱۷۸

سوال: غسل کی کتنی سنتیں ہیں؟ ۱۷۸

سوال: غسل کی سنتیں بالتفصیل بیان فرمائیں۔ ۱۷۸

سوال: ان تینوں چیزوں سے بیک وقت ابتداء کیسے ہو سکتی ہے؟ ۱۷۹

سوال: اگر کوئی شخص جاری پانی یا کثیر پانی میں غسل کرے تو تثلیث کی سنت کیسے ادا ہو گی؟ ۱۷۹

فَصْلٌ فِيْ آدَابِ الْاِغْتِسَالِ ۱۸۱

سوال: غسل کے آداب کیا کیا ہیں؟ ۱۸۱

سوال: غسل کے مکروہات کون کون سی چیزیں ہیں؟ ۱۸۱

فَصْلٌ: يُسَنُّ الْاِغْتِسَالُ لِاَرْبَعَةِ اَشْيَاءَ ۱۸۲

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں کے لئے غسل کرنا سنت ہے؟ بالتفصیل بیان کریں۔ ۱۸۲

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں کے لئے غسل کرنا مستحب ہے؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔ ۱۸۳

بَابُ التَّيَمُّمِ ۱۸۵

سوال: تیمم کا بیان وضو و غسل کے بعد کیوں کیا گیا ہے؟ ۱۸۵

سوال: مسح علی الخفین کو تیمم کے بعد بیان کیا گیا ہے حالانکہ وہ پانی سے کیا جاتا ہے؟ ۱۸۵

سوال: تیمم کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کر دیں۔ ۱۸۶

سوال: تیمم کے صحیح ہونے کی کتنی شرطیں ہیں؟ اور کون کون سی ہیں؟ ۱۸۶

سوال: نیت کی حقیقت کیا ہے اور اس کا وقت کب ہوتا ہے؟ ۱۸۶

سوال: نیت کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔ ۱۸۶

سوال: جس تیمم سے نماز جائز ہوتی ہے اس تیمم کے نیت کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ مفصل بیان کریں۔ ۱۸۷

سوال: عبادت مقصودہ کس عبادت کو کہتے ہیں؟ ۱۸۷

سوال: کیا عبادت مقصودہ کے لئے کئے جانے والے تیمم سے نماز پڑھنا جائز ہے؟ ۱۸۷

سوال: غیر جنبی شخص نے قرآن کی تلاوت کرنے کے لئے تیمم کیا تو کیا اس تیمم سے نماز ادا کر سکتا ہے؟ ۱۸۸

سوال: تیمم کے صحیح ہونے کی دوسری شرط کون سی ہے؟ ۱۸۸

سوال: تیمم کے صحیح ہونے کے لئے کتنے اور کون کون سے اعذار ہیں؟ بالتفصیل بیان کریں۔ ۱۸۸

سوال: ایک میل کتنا ہوتا ہے؟ ۱۸۹

سوال: ”ولو بناءً“ کا کیا مطلب ہیں؟ ۱۹۰

سوال: نماز جمعہ اور وقتوں کے فوت ہونے کے خوف سے کیا تیمم کر سکتے ہیں؟ ۱۹۰

سوال: تیمم کی تیسری شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کن کن چیزوں سے تیمم کرنا صحیح ہے؟ ۱۹۱

سوال: زمین کی جنس سے ہونے کی کیا علامت ہے؟ ۱۹۱

سوال: کن چیزوں سے تیمم نہیں ہو سکتا؟ ۱۹۱

سوال: چوتھی شرط کیا ہے؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔ ۱۹۱

سوال: پانچوی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کتنی انگلیوں سے مسح کرنا چاہئے تو ہو گا ورنہ نہیں؟ ۱۹۱

سوال: چھٹی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کتنے ضربوں سے تیمم کرنا شرط ہے؟ ۱۹۱

سوال: کیا دونوں ہتھیلیوں کے باطن سے مسح کرنا ضروری ہے؟ ۱۹۲

سوال: دونوں ضرب الگ الگ جگہ سے لگائے یا ایک جگہ سے بھی کر سکتے ہیں؟ ۱۹۲

سوال: کسی کے بدن پر مٹی لگی اور اس نے تیمم کی نیت سے مسح کر لیا تو کیا تیمم ہو جائے گا؟ ۱۹۲

سوال: ساتویں شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کن چیزوں کے ہوتے ہوئے تیمم صحیح نہیں ہوتا؟ ۱۹۲

سوال: آٹھوی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کن کن چیزوں کو تیمم کے صحیح ہونے کے لئے ختم کرنا ضروری ہے؟ ۱۹۲

سوال: تیمم کا سبب اور اس کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۱۹۳

سوال: تیمم کے رکن کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۱۹۳

سوال: تیمم کی کتنی اور کون کون سی سنتیں ہیں؟ ۱۹۳

سوال: جس شخص کو یہ امید ہو کہ نماز کے آخر وقت تک پانی مل جائے گا اس کے لئے تیمم کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۱۹۴

سوال: اگر کسی نے پانی لا کر دینے کا وعدہ کیا ہو تو پھر تیمم کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۱۹۴

سوال: اگر کسی نے کپڑے یا مشک لا کر دینے کا وعدہ کیا ہو تو نماز پڑھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۱۹۴

سوال: اگر پانی کے قریب ہونے کا گمان ہو تو کتنی دور تک پانی کو تلاش کرنا واجب ہے؟ ۱۹۵

سوال: اگر کسی دوسرے کے پاس پانی موجود ہو تو کیا اس سے مانگنا ضروری ہے؟ ۱۹۵

سوال: اگر کسی دوسرے کے پاس پانی موجود ہے مگر وہ قیمت کے بدلے دیتا ہے تو کیا حکم ہے؟ ۱۹۵

سوال: ثمن مثل کی کتنی صورتیں ہیں؟ ۱۹۵

سوال: ایک تیمم سے کتنی اور کون کون سی نمازیں پڑھ سکتا ہے؟ ۱۹۶

سوال: جس شخص کے لئے تیمم کرنا جائز ہے تو کیا وہ نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے تیمم کر سکتا ہے؟ ۱۹۶

سوال: اگر کسی کے بدن کا اکثر حصہ یا نصف حصہ زخمی ہو تو کیا وہ تیمم کر سکتا ہے؟ ۱۹۷

سوال: اکثر بدن یا نصف بدن کا اعتبار کیسے کریں گے؟ ۱۹۷

سوال: اگر اکثر حصۂ بدن صحیح ہو اور تھوڑے حصے میں زخم ہو تو کیا حکم ہے؟ ۱۹۷

سوال: ”لا یجمع بین الغسل والتیمم“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۱۹۷

سوال: کن چیزوں سے تیمم ٹوٹ جاتا ہے؟ ۱۹۷

سوال: جس شخص کے دونوں ہاتھ پاؤں کٹے ہوئے ہوں، چہرہ زخمی ہو، وہ کس طرح طہارت حاصل کرے گا؟ ۱۹۷

سوال: وضو اور غسل کے تیمم میں کیا فرق ہے؟ ۱۹۷

بَابُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ ۱۹۸

سوال: کس حدث سے موزوں پر مسح کر سکتے ہیں؟ اور یہ حکم کس کے لئے ہے؟ ۱۹۸

سوال: کس طرح کے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے؟ ۱۹۹

سوال: موزوں پر مسح کے جائز ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۱۹۹

سوال: پہلی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کیا وضو کو مکمل کرنے کے بعد پہننا ہے یا پہلے بھی پہن سکتے ہیں؟ ۱۹۹

سوال: دوسری شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ موزے کتنے بڑے ہوں؟ ۲۰۰

سوال: تیسری شرط کی وضاحت کرتے ہوئے بتائیں کہ کیا کانچ، لکڑی یا لوہے کے موزوں پر مسح جائز ہو گا؟ ۲۰۰

سوال: چوتھی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کتنی پھٹن سے موزوں کا خالی ہونا شرط ہے؟ ۲۰۰

سوال: پانچویں شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کیا کسی چیز سے باندھے ہوئے موزے پر مسح جائز ہے؟ ۲۰۰

سوال: چھٹی شرط کی وضاحت فرمائیں۔ ۲۰۰

سوال: ساتویں شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ قدم کا کتنا حصہ ہونا ضروری ہے؟ ۲۰۱

سوال: ایک دفعہ موزے پہننے کے بعد مقیم و مسافر کب تک ان پر مسح کر سکتے ہیں؟ ۲۰۱

سوال: مدت کا شمار کب سے کریں گے؟ ۲۰۱

سوال: مقیم نے مسح کی مدت مکمل ہونے سے پہلے سفر پر روانہ ہو گیا تو اس کے لئے اب کون سی مدت کا اعتبار ہو گا؟ یوں ہی مسافر مقیم ہو جائے تو اس کے لئے کیا حکم ہو گا؟ ۲۰۲

سوال: مسح علی خفین کے کتنے اور کون کون سے فرض ہیں؟ ۲۰۲

سوال: مسح علی الخفین کا مسنون طریقہ بیان کریں۔ ۲۰۳

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں سے مسح ٹوٹ جاتا ہے؟ ۲۰۳

سوال: مسح کی مدت مکمل ہو گئی مگر سردی کی وجہ سے پاؤں کے جاتے رہنے کا خوف ہو تو کیا حکم ہے؟ ۲۰۳

سوال: "بعد الثلاثۃ الآخرۃ غسل رجلیہ فقط" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۰۴

سوال: کن کن چیزوں پر مسح کرنا جائز نہیں؟ ۲۰۴

فَصلٌ فِي حُكمِ الجَبِيرَةِ وَنَحوِهَا ۲۰۵

سوال: جس نے زخم وغیرہ پر پٹی باندھی ہوئی ہو اور عضو کے دھونے یا مسح کرنے پر قادر نہ ہو تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ ۲۰۵

سوال: خرقہ اور جبیرہ کسے کہتے ہیں؟ ۲۰۵

سوال: "وکفی المسح علی ماظهر من الجسد بين عصابة المقصد" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۰۶

سوال: "والمسح کالغسل" سے مصنف کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۰۶

سوال: کیا اس مسح کے لئے کوئی مدت معین بھی ہے؟ ۲۰۶

سوال: کیا جبیرہ کو وضو کے بعد باندھنا شرط ہے؟ ۲۰۶

سوال: کیا پٹی وغیرہ کی وجہ سے ایک پاؤں کا مسح اور دوسرے پاؤں کا دھونا جائز ہے؟ ۲۰۶

سوال: اگر زخم صحیح ہونے سے پہلے پٹی گر جائے تو کیا مسح باطل ہو جائے گا؟ ۲۰۷

سوال: پہلی پٹی جس پر مسح کیا تھا اس کی جگہ دوسری پٹی باندھی تو کیا اس پر مسح کا اعادہ ضروری ہے؟ ۲۰۷

سوال: آشوب چشم والے اور زخم پر دوا رکھنے والے کے متعلق مسح کے بارے میں کیا حکم ہے؟ ۲۰۷

سوال: کیا موزے، جبیرہ اور سر کے مسح میں نیت کرنی ہوگی؟ ۲۰۷

بَابُ الْحَيْضِ وَالنِّفَاسِ وَالْاِسْتِحَاضَةِ ۲۰۸

سوال: حیض، نفاس اور استحاضہ کا فرج سے نکلنے سے کیا مراد ہے؟ ۲۰۸

سوال: حیض کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ حیض کو نفاس اور استحاضہ پر کیوں مقدم کیا گیا ہے؟ ۲۰۸

سوال: حیض کی تعریف میں رحم اور بالغہ کے ثبوت اور داء اور حبل اور سن ایاس کی نفی کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟ نیز سن ایاس کی تعریف اور اس کی مدت بیان کریں۔ ۲۰۹

سوال: حیض کی اقل مدت، اوسط مدت اور اکثر مدت کتنی ہے؟ ۲۰۹

سوال: نفاس کی تعریف اور اس کی اقل اور اکثر مدت کتنی ہے؟ اور مدت کا شمار کب سے ہو گا؟ ۲۰۹

سوال: استحاضہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ کیا استحاضہ حیض و نفاس کے ساتھ پایا جاتا ہے؟ ۲۰۹

سوال: طہر کسے کہتے ہیں؟ نیز دو حیض کے درمیان میں طہر کی اقل و اکثر مدت کتنی ہوتی ہے؟ ۲۱۰

سوال: حیض و نفاس سے کتنی اور کون کون سی چیزیں حرام ہو جاتی ہیں؟ ۲۱۱

سوال: حیض و نفاس کے بند ہونے کے بعد وطی کرنے سے متعلق احکام بالتفصیل بیان کریں۔ ۲۱۱

سوال: "وذلک بان تجد بعد الانقطاع من الوقت" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۱۲

سوال: حیض و نفاس والی عورت کے لئے نماز اور روزہ کی قضاء کرنے یا نہ کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۲۱۲

سوال: جب جنبی کے لئے حالت جنابت میں روزہ رکھنا صحیح ہے تو حائضہ کے لئے بھی حالت حیض میں روزہ رکھنا صحیح ہونا چاہئے تھا، ایسا کیوں نہیں؟ ۲۱۳

سوال: جنابت کی حالت میں کتنی اور کون کون سی چیزیں حرام ہو جاتی ہیں؟ ۲۱۳

سوال: محدث یعنی بے وضو شخص پر کتنی اور کون کون سی چیزیں حرام ہیں؟ ۲۱۳

سوال: کیا مستحاضہ عورت کو نماز و روزہ اور وطی منع ہے؟ ۲۱۳

سوال: مستحاضہ عورت اور معذور کو وضو کے متعلق کیا حکم ہے؟ نیز معذور کسے کہتے ہیں؟ ۲۱۳

سوال: معذورین کا وضو کب ٹوٹتا ہے؟ ۲۱۴

سوال: عذر ثابت ہونے کے لئے کیا شرط ہے یعنی معذور کب بنتا ھے؟ ۲۱۴

سوال: عذر کے باقی رہنے کی کیا شرط ہے یعنی آدمی معذور کب تک رہے گا؟ ۲۱۴

سوال: عذر سے نکلنے کی شرط کیا ہے یعنی آدمی معذور کب نہیں رہے گا؟ ۲۱۴

بَابُ الْاَنْجَاسِ وَالطَّهَارَةِ عَنْهَا ۲۱۵

سوال: نجاست کی لغوی تحقیق بیان کر دیں۔ ۲۱۵

سوال: نجاست کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ مع تعریف بیان کریں۔ ۲۱۵

سوال: نجاست حکمیہ کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۲۱۵

سوال: نجاست حقیقیہ کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ مع تعریف بیان کریں۔ ۲۱۶

سوال: نجاست غلیظہ کون کون سی چیزیں ہیں؟ ۲۱۶

سوال: نجاستِ غلیظہ کی مثالوں میں منی کا ذکر نہیں آیا حالانکہ وہ بھی نجاستِ غلیظہ ہے؟ ۲۱۶

سوال: نجاست خفیفہ کون کون سی چیزیں ہیں؟ ۲۱۶

سوال: نجاست غلیظہ کی کتنی مقدار معاف ہے؟ ۲۱۷

سوال: درہم سے کیا مراد ہے؟ ۲۱۷

سوال: نجاست خفیفہ کی کتنی مقدار معاف ہے؟ ۲۱۸

سوال: چوتھائی کپڑے یا بدن کا حساب کیسے لگائیں گے؟ ۲۱۸

سوال: پیشاب کی باریک چھینٹیں اگر کپڑے یا بدن پر پڑ جائیں تو کیا حکم ہے؟ ۲۱۸

سوال: اگر کوئی ناپاک بستر یا مٹی پر سویا جو خشک تھے مگر اس کے پسینے یا قدم کی تری سے گیلے ہو گئے تو کیا حکم ہے؟ ۲۱۸

سوال: سوکھا پاک کپڑا گیلے ناپاک کپڑے میں لپیٹا گیا تو کیا وہ ناپاک ہو جائے گا؟ ۲۱۸

سوال: خشک ناپاک زمین پر پاک گیلا کپڑا پھیلانے سے کیا ناپاک ہو جائے گا؟ ۲۱۹

سوال: نجاست پر ہوا چل کر کپڑے پر لگ گئی تو کیا کپڑا ناپاک ہو جائے گا؟ ۲۱۹

سوال: نجاست مرئیہ اور غیر مرئیہ کسے کہتے ہیں؟ ۲۲۰

سوال: نجاست مرئیہ بدن یا کپڑے پر لگی تو کیسے پاک ہو گی؟ ۲۲۰

سوال: نجاست کے عین کو دور کرنے کے بعد اس کا اثر باقی رہ جائے تو کیا حکم ہے؟ ۲۲۰

سوال: نجاست غیر مرئیہ بدن یا کپڑے پر لگی تو کیسے پاک ہو گی؟ ۲۲۰

سوال: بدن اور کپڑے پر لگی ہوئی نجاست حقیقیہ کو کن کن چیزوں سے پاک کیا جا سکتا ہے؟ ۲۲۱

سوال: موزے اور جوتے کو دھونے کے علاوہ کیسے پاک کر سکتے ہیں؟ ۲۲۱

سوال: تلوار وغیرہ کو کیسے پاک کیا جائے گا؟ ۲۲۱

سوال: ناپاک زمین کیسے پاک ہو گی؟ ۲۲۱

سوال: کیا گھاس، دیوار، درخت وغیرہ بھی خشک ہونے سے پاک ہو جائیں گے؟ ۲۲۱
سوال: اگر نجاست کی ذات بدل گئی تو کیا وہ پاک ہو جائے گی؟ ۲۲۱
سوال: خشک منی اور تر منی کپڑے یا بدن میں لگی تو کیسے پاک کریں گے؟ ۲۲۲

فَصْلٌ فِيْ طَهَارَةِ جِلْدِ الْمَيْتَةِ وَنَحْوِهَا ۲۲۳

سوال: مردار کی کھال کیسے پاک ہوتی ہے؟ ۲۲۳
سوال: غیر ماکول اللحم کی کھال کیسے پاک ہوگی؟ اور کیا اس کا گوشت بھی پاک ہو جائے گا؟ ۲۲۳
سوال: جانور کے بدن کی ہر وہ چیز جس میں خون سرایت نہیں کرتا کیا وہ موت سے ناپاک ہو جاتے ہیں؟ ۲۲۴
سوال: پٹھے اور مشک کے نافہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟ ۲۲۴
سوال: زباد کیا ہے اور یہ پاک ہے یا ناپاک؟ ۲۲۴

كِتَابُ الصَّلَاةِ ۲۲۶

سوال: نماز کے متعلق کچھ تمہیدی کلمات بیان کر دیں۔ ۲۲۷
سوال: صلوۃ کا لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہے؟ نیز نماز کتنی قسم کی ہوتی ہے؟ ۲۲۷
سوال: نماز کس پر فرض ہے؟ ۲۲۸
سوال: کتنے سال کے بچوں کو نماز کا حکم دیں گے؟ نیز ترکِ نماز پر سزا دینے کی عمر کیا ہے؟ ۲۲۸
سوال: نماز فرض ہونے کے اسباب کیا ہیں؟ نیز کیا اوّلِ وقت میں نماز ادا کرنا ضروری ہے؟ ۲۲۸
سوال: نماز کے اوقات کتنے ہیں؟ ۲۲۸
سوال: نمازِ فجر کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟ ۲۲۸
سوال: صبحِ صادق اور صبحِ کاذب کسے کہتے ہیں؟ ۲۲۹
سوال: نمازِ ظہر و جمعہ کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟ ۲۲۹
سوال: سایہ اصلی کسے کہتے ہیں؟ ۲۲۹

سوال: ظہر کے آخری وقت کے بارے میں اختلاف ائمہ تحریر کریں؟ ۲۳۰
سوال: نمازِ عصر کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟ ۲۳۰
سوال: برج کیا ہیں؟ اور یہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۲۳۱
سوال: نمازِ مغرب کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟ ۲۳۱
سوال: عشا اور وتر کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟ ۲۳۲
سوال: کیا وتر کو عشا پر مقدم کر سکتے ہیں؟ ۲۳۲
سوال: جو شخص عشا و وتر کا وقت نہ پائے تو کیا کرے؟ ۲۳۲
سوال: کیا دو فرضوں کو ایک وقت میں جمع کر سکتے ہیں؟ نیز جمع حقیقی و جمع صوری کی تعریف بمع حکم بیان کریں؟ ۲۳۳
سوال: کیا کوئی ایسی بھی جگہ ہے جہاں جمع حقیقی جائز ہو؟ یعنی ایک وقت میں دو فرض نمازیں ادا کرنا۔ ۲۳۴
سوال: نمازِ فجر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟ ۲۳۴
سوال: نمازِ ظہر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟ ۲۳۴
سوال: نمازِ عصر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟ ۲۳۵
سوال: نمازِ مغرب ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟ ۲۳۵
سوال: نمازِ عشا ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟ ۲۳۵
سوال: نمازِ وتر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟ ۲۳۵
فَصْلٌ فِي الْأَوْقَاتِ الْمَكْرُوْهَةِ ۲۳۶
سوال: مکروہ وقت کتنے اور کون سے ہیں؟ ۲۳۶
سوال: ان تینوں اوقاتِ مکروہہ میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ ۲۳۶
سوال: جو چیزیں ان تین اوقاتِ مکروہہ میں لازم ہوئیں ان کو ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۲۳۷
سوال: کیا ان تینوں اوقاتِ مکروہہ میں نفل نماز ادا کرنا بھی مکروہ ہے؟ ۲۳۸

سوال: وہ کتنے اور کون سے اوقات ہیں جن میں نوافل پڑھنا منع ہے؟ ۲۳۸

بَابُ الْأَذَانِ ۲۴۰

سوال: اذان کی مشروعیت کا مختصر واقعہ بیان کر دیں۔ ۲۴۰
سوال: اذان کی لغوی تحقیق بیان کریں نیز اصطلاحِ شرع میں اذان سے کیا مراد ہے؟ ۲۴۱
سوال: اذان واقامت کن نمازوں کے لئے دی جائے گی؟ نیز ان کا حکم کیا ہے؟ اور ان کا حکم کس کے لئے ہے؟ ۲۴۱
سوال: اذان دینے کا طریقہ بیان کریں ۲۴۲
سوال: ترجیع کسے کہتے ہیں؟ اور کیا شہادتین میں ترجیع کی جائے گی؟ ۲۴۲
سوال: اقامت کس طرح کہی جائے گی؟ ۲۴۲
سوال: کیا فجر کی اذان میں کوئی زیادتی کی جائے گی؟ ۲۴۲
سوال: کیا اذان واقامت کہنے میں کچھ فرق ہے؟ ۲۴۲
سوال: کیا فارسی زبان میں اذان دے سکتے ہیں؟ ۲۴۲
سوال: مؤذن کو کیسا ہونا چاہیے؟ نیز مؤذن کے تعلق سے کچھ مستحبات بیان کر دیں۔ ۲۴۳
سوال: اذان واقامت کے درمیان کتنا فصل کرنا چاہئے؟ ۲۴۴
سوال: تثویب کسے کہتے ہیں؟ اور نماز کے لئے تثویب کس زبان میں کہی جائے؟ ۲۴۴
سوال: تلحین کیا ہے اور اذان میں تلحین کرنا کیسا ہے؟ ۲۴۵
سوال: محدث یعنی بے وضو شخص کو اذان واقامت کہنا کیسا ہے؟ ۲۴۶
سوال: جنبی، نا سمجھ بچہ، پاگل، نشے والا، عورت، فاسق اور بیٹھ کر دینے والے کی اذان کا کیا حکم ہے؟ ۲۴۶
سوال: جنبی اور محدث کی اقامت کا کیا حکم ہے؟ ۲۴۶
سوال: دورانِ اذان واقامت بات چیت کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۲۴۶
سوال: جمعہ کے دن شہر میں نمازِ ظہر ادا کرنے کے لئے اذان دینا کیسا ہے؟ ۲۴۶

سوال: کیا قضا نمازوں کے لئے بھی اذان و اقامت کہی جائے گی؟ ۲۴۷
سوال: اذان و اقامت کا جواب دینے کا کیا طریقہ ہے؟ ۲۴۷
بَابُ شُرُوْطِ الصَّلَاةِ وَأَرْکَانِهَا ۲۴۹
سوال: شرط اور رکن کسے کہتے ہیں؟ ۲۴۹
سوال: شرط اور فرض میں کیا فرق ہے؟ ۲۵۰
سوال: نماز کے صحیح ہونے کے لئے کتنی چیزیں ضروری ہیں؟ ۲۵۰
سوال: دیگر کتابوں میں تو چھ شرائط اور سات فرائض بیان ہوتے ہیں مصنف نے ۲۷ کا ذکر کیونکر کیا؟ ۲۵۰
سوال: نماز میں طہارت کے شرط ہونے سے کیا مراد ہے؟ ۲۵۰
سوال: شرطِ نماز کس قدر نجاست سے پاک ہونا ہے؟ یعنی غیر معفوعنہ کی مقدار کیا ہے؟ ۲۵۰
سوال: نماز کی جگہ کا پاک ہونا ضروری ہے اس سے کون سی جگہ مراد ہے؟ ۲۵۰
سوال: عورت کا معنیٰ کیا ہے؟ نیز سَترِ عورت سے مراد کیا ہے؟ ۲۵۱
سوال: مرد اور آزاد عورت کا ستر عورت کیا ہے؟ ۲۵۱
سوال: خنثیٰ مشکل کسے کہتے ہیں؟ ۲۵۱
سوال: باندی کا سَترِ عورت کیا ہے؟ ۲۵۱
سوال: آزاد عورت کے بدن میں کتنے عضو ہوتے ہیں؟ ۲۵۱
سوال: "ولا یضر نظرھا من جیبہ و اسفل ذیلہ" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۵۲
سوال: استقبال قبلہ سے کیا مراد ہے؟ ۲۵۲
سوال: مکی اور غیر مکی کے تعلق سے عین قبلہ اور جہت قبلہ کی تشریح کر دیں۔ ۲۵۲
سوال: وقت کی تشریح کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ "اعتقاد دخولہ" سے کیا مراد ہے؟ ۲۵۳
سوال: نیت سے کیا مراد ہے؟ ۲۵۳

سوال: نیت کا ادنی اور اعلی درجہ کیا ہے؟ ۲۵۳

سوال: تکبیرِ تحریمہ سے کیا مراد ہے؟ ۲۵۳

سوال: نیت اور تحریمہ کا بلا فصل ہونا ضروری ہے اس سے کیا مراد ہے؟ ۲۵۳

سوال: کیا تکبیرِ تحریمہ کھڑے ہو کر کہنا ضروری ہے؟ ۲۵۴

سوال: اگر کسی نے تکبیرِ تحریمہ کے بعد نیت کی تو کیا نماز ہو جائے گی؟ ۲۵۴

سوال: تکبیرِ تحریمہ کتنی آواز میں کہنا شرط ہے؟ ۲۵۴

سوال: کیا مقتدی کے لئے امام کی متابعت کی نیت کرنا ضروری ہے؟ ۲۵۴

سوال: کیا فرض نماز میں مطلق نماز کی نیت کافی ہے؟ ۲۵۵

سوال: واجب نماز میں کس کی نیت کرے؟ ۲۵۵

سوال: کیا وتر کی نیت میں واجب کہنا ضروری ہے؟ ۲۵۵

سوال: کیا سنت اور نفل میں مطلق نماز کی نیت کافی ہے یا خاص سنت یا نفل کی نیت کرنی ہو گی؟ ۲۵۵

سوال: کیا نیت میں تعدادِ رکعات کی ضرورت ہے؟ ۲۵۵

سوال: قیام سے کیا مراد ہے؟ نیز قیام کی حد کیا ہے؟ ۲۵۶

سوال: کتنی دیر تک قیام کرنا فرض، واجب اور سنت ہے؟ ۲۵۶

سوال: قیام اور قراءت تو فرائض نماز میں سے ہیں واجب اور سنّت کیسے ہو گئے؟ ۲۵۶

سوال: کن نمازوں میں قیام فرض ہے؟ ۲۵۶

سوال: قراءت سے کیا مراد ہے؟ ۲۵۶

سوال: نماز میں کتنی قراءت کرنا فرض ہے؟ ۲۵۶

سوال: ایک آیت جو فرض ہے اس کی کم از کم مقدار کتنی ہے؟ ۲۵۷

سوال: سورتوں کو معین کرلینا کہ اس نماز میں ہمیشہ وہی سورت پڑھا کرے، تو اس کا کیا حکم ہے؟ ۲۵۷

سوال: مقتدی کو امام کے پیچھے قراءت کرنا کیسا ہے؟ ۲۵۷

سوال: رکوع کی تعریف کیا ہے؟ ۲۵۷

سوال: سجدہ کسے کہتے ہیں؟ ۲۵۷

سوال: کسی نرم چیز پر سجدہ کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۲۵۸

سوال: ہتھیلی یا آستین یا عمامہ کے پیچ پر سجدہ کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۲۵۸

سوال: ”وسجد وجوبا بما صلب من انفہ وجبھتہ“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۵۸

سوال: اگر سجدہ والی جگہ قدموں کی بنسبت اونچی ہو تو کیا حکم ہے؟ ۲۵۹

سوال: سجدے کی کیفیت بیان کریں۔ ۲۵۹

سوال: کیا فرائض کے مابین ترتیب ضروری ہے؟ ۲۶۰

سوال: کیا دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا ضروری ہے؟ ۲۶۰

سوال: ہر رکعت میں کتنی بار سجدہ فرض ہے؟ ۲۶۱

سوال: قعدۂ اخیرہ سے کیا مراد ہے؟ ۲۶۱

سوال: کیا قعدۂ اخیرہ کو تمام ارکان کے آخر میں کرنا ضروری ہے؟ ۲۶۱

سوال: کیا نماز کے تمام ارکان کو بیداری کی حالت میں ادا کرنا ضروری ہے؟ ۲۶۱

سوال: ”ومعرفۃ کیفیۃ الصلاۃ“ سے ”حتی لا یتنفل بمعروض“ تک کی عبارت سے کیا کہنا چاہتے ہیں؟ ۲۶۱

سوال: ”والارکان من المذکورات اربعۃ“ سے ”لدوام صحتھا“ تک کی عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۶۲

فَصۡلٌ فِيۡ مُتَعَلِّقَاتِ الشُّرُوۡطِ وَفُرُوۡعِهَا ۲۶۳

سوال: لبد کسے کہتے ہیں اور اس کا ایک طرف پاک اور دوسرا طرف ناپاک ہو تو کیا اس پر نماز پڑھ سکتے ہیں؟ ۲۶۳

سوال: کپڑے کے ایک طرف نجاست لگی ہو تو کیا دوسری طرف الٹ کر اس کے اوپر نماز پڑھ سکتے ہیں؟ ۲۶۴

سوال: مذکورہ صورت میں اگر کپڑا دو تہہ والا ہو تو کیا حکم ہے؟ ۲۶۴
سوال: فرش چٹائی یا دری کا ایک کونہ ناپاک ہو تو کیا پاک کونے میں نماز پڑھ سکتے ہیں؟ ۲۶۴
سوال: اگر عمامہ کا ناپاک سرا فرش پر ڈال دے اور باقی پاک حصہ سر پر باندھ لے تو کیا نماز ہو جائے گی؟ ۲۶۴
سوال: اگر کسی کے پاس ناپاک کپڑا کے سوا کوئی پاک کپڑا نہ ہو، اور نہ ہی پاک کرنے کا کوئی ذریعہ ہو تو وہ کیسے نماز پڑھے گا؟ ۲۶۴
سوال: اگر کسی کے پاس ستر چھپانے کے لئے کوئی کپڑا نہ ہو تو کیا کرے؟ اور کیسے نماز پڑھے؟ ۲۶۵
سوال: اگر چوتھائی سے کم کپڑا ملا تو کیا حکم ہے؟ ۲۶۶
سوال: اگر ناپاک کپڑوں کے سوا کوئی کپڑا نہ ہو تو کیسے نماز پڑھے؟ ۲۶۶
سوال: کپڑا ہے مگر اتنا تھوڑا کہ پورا ستر نہ ہو سکے گا تو کیا حکم ہے؟ ۲۶۶
سوال: نماز کے علاوہ ناپاک کپڑا پہننا کیسا ہے؟ ۲۶۷
سوال: ننگا شخص کیسے نماز پڑھے گا؟ ۲۶۷
سوال: مرد کا ستر عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟ ۲۶۸
سوال: مرد کے ستر عورت میں کتنے اعضاء ہوتے ہیں؟ ۲۶۸
سوال: آزاد عورت کا ستر عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟ ۲۶۸
سوال: آزاد عورت کے ستر عورت میں کتنے اعضا ہوتے ہیں؟ ۲۶۸
سوال: باندی کا ستر عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟ ۲۶۹
سوال: جن اعضاء کا ستر فرض ہے اگر نماز کے دوران ان میں سے کوئی عضو کھل جائے تو کیا حکم ہے؟ ۲۶۹
سوال: اگر اعضائے ستر میں مختلف اعضاء کھلے ہیں مگر سب چوتھائی سے کم ہیں تو کیا حکم ہے؟ ۲۶۹
سوال: جو شخص استقبالِ قبلہ سے عاجز ہو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ ۲۷۰
سوال: اگر کوئی شخص ایسی جگہ ہو جہاں اس کو کسی طرح بھی قبلہ کی شناخت نہ ہو تو کیا کرے؟ ۲۷۰

سوال: تحری کر کے نماز پڑھی بعد میں معلوم ہوا کہ قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھی تو کیا حکم ہے؟ ۲۷۱

سوال: تحری کر کے نماز پڑھ رہا تھا اور دورانِ نماز پتہ چلا کہ قبلہ دوسری طرف ہے تو کیا حکم ہے؟ ۲۷۱

سوال: ایسے شخص نے اگر بغیر تحری کئے نماز پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟ ۲۷۱

سوال: وہ قوم جو اپنے امام کی حالت کو نہ جانتی ہو تو ان کے لئے کیا حکم ہے؟ ۲۷۱

فَصْلٌ فِيْ بَيَانِ وَاجِبَاتِ الصَّلَاةِ ۲۷۲

سوال: واجب سے کیا مراد ہے؟ ۲۷۲

سوال: نماز میں کتنے واجبات ہیں؟ ۲۷۲

سوال: نماز کے واجبات بالتفصیل بیان کریں۔ ۲۷۲

سوال: ”ورکعتیں متعینتین“ سے کیا مراد ہے؟ ۲۷۳

سوال: قعدۂ اولی میں تشہد پڑھنے میں فی الصحیح کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟ ۲۷۳

سوال: بقیہ واجبات بیان کر دیں۔ ۲۷۴

سوال: لفظ السلام ایک بار واجب ہے یا دو بار؟ ۲۷۴

سوال: مصنف نے ”لا العیدین خاصۃ“ والی عبارت کو کس لئے بیان کیا ہے؟ ۲۷۵

سوال: جہری نماز کون سی ہیں؟ اور جہر کے کیا معنی ہیں؟ ۲۷۵

سوال: اگر جہری نماز قضا ہو جائے تو قضا کرنے کے وقت جہر کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۲۷۵

سوال: جہری نمازوں میں منفرد جہر کرے یا سر؟ ۲۷۶

سوال: رات اور دن کے نوافل میں جہری قراءت کریں گے یا سری؟ ۲۷۶

سوال: اگر کسی شخص نے فرض کی پہلی دو رکعتوں میں سورت ملانا بھول جائے تو کیا حکم ہے؟ ۲۷۶

سوال: اگر کسی شخص نے فرض کی پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ ملانا بھول جائے تو کیا حکم ہے؟ ۲۷۶

فَصْلٌ فِيْ سُنَنِهَا ۲۷۷

سوال: سنت سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۲۷۷

سوال: نماز کی کتنی سنتیں ہیں؟ ۲۷۷

سوال: نماز کی سنتیں بالتفصیل بیان کر دیں۔ ۲۷۸

سوال: بقیہ سنتیں بیان کریں۔ ۲۷۹

سوال: مفصل کن صورتوں کو کہتے ہیں؟ اور اس کے کتنے حصے ہیں؟ ۲۸۰

سوال: بقیہ سنتیں بیان کریں۔ ۲۸۱

سوال: شہادت کی انگلی کو مسبحہ کیوں کہتے ہیں؟ ۲۸۲

سوال: بقیہ سنتیں بیان کریں۔ ۲۸۳

سوال: حفظہ کن فرشتوں کو کہتے ہیں؟ ۲۸۳

فَصْلٌ مِنْ آدَابِ الصَّلَاةِ ٢٨٤

سوال: آداب کسے کہتے ہیں؟ ۲۸۴

سوال: نماز کے آداب یعنی مستحبات بیان کریں۔ ۲۸۴

فَصْلٌ فِيْ كَيْفِيَّةِ تَرْكِيْبِ الْأَفْعَالِ الصَّلَاةِ ٢٨٦

سوال: نماز شروع کرنے کا طریقہ بیان کریں۔ ۲۸۶

سوال: "ثم کبر بلا مد" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۲۸۷

سوال: اگر تحریمہ میں اللہ اکبر کی جگہ اور الفاظ کہے تو کیا حکم ہے؟ ۲۸۷

سوال: کیا فارسی زبان کے لفظ سے نماز شروع کر سکتے ہیں اور کیا قراءت بھی فارسی سے کی جا سکتی ہے؟ ۲۸۷

سوال: نماز میں تعوذ پڑھنے سے قومہ کرنے تک کا طریقہ بیان کر دیں۔ ۲۸۸

سوال: قومہ کے بعد سے پہلی رکعت مکمل ہونے تک کا طریقہ بیان کریں۔ ۲۸۹

سوال: دوسری رکعت سے قعدۂ آخیرہ میں تشہد پڑھنے سے پہلے تک کا طریقہ بیان کریں۔ ۲۹۰

سوال: ہاتھوں کو کن کن جگہوں میں اٹھانا سنت ہے اور کس جگہ پر نہیں؟ ۲۹۱

سوال: تشہد پڑھنے سے لے کر سلام پھیرنے تک کا طریقہ بیان کریں۔ ۲۹۲

سوال: عورتوں کی نماز میں مردوں کی بنسبت کیا فرق ہے؟ ۲۹۲

بَابُ الْاِمَامَةِ ۲۹٤

سوال: نماز کی امامت کا مطلب کیا ہے؟ ۲۹۴

سوال: امامت کرنا اذان دینے سے افضل کیوں ہے؟ ۲۹۴

سوال: جماعت سے نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ ۲۹۴

سوال: امام کے لئے کتنی شرطیں ہیں؟ ۲۹۵

سوال: عورتوں کے امام کے لئے کیا مرد ہونا شرط ہے؟ ۲۹۵

سوال: نابالغوں کے امام کے لئے کیا شرط ہے؟ ۲۹۵

سوال: اقتدا صحیح ہونے کی کتنی شرائط ہیں؟ ۲۹۶

سوال: اقتدا کی پہلی شرط متابعت کی نیت اور اس کا تحریمہ سے ملے ہوئے ہونے سے کیا مراد ہے؟ ۲۹۶

سوال: اگر جماعت میں عورتیں شریک ہوں تو کیا امام کو عورتوں کی امامت کی نیت کرنا ضروری ہے؟ ۲۹۶

سوال: اقتدا کی تیسری شرط امام کا مقتدی سے آگے ہونا ہے اس کی وضاحت کریں۔ ۲۹۶

سوال: امام کی حالت مقتدی کی حالت سے کمتر نہ ہونے سے کیا مراد ہے؟ ۲۹۶

سوال: اقتدا کی پانچویں شرط کی وضاحت کریں۔ ۲۹۸

سوال: اقتدا کی چھٹی شرط کی وضاحت تام کریں۔ ۲۹۸

سوال: امام اور مقتدی کے درمیان عورتوں کی پوری صف حائل ہو گی تو کیا حکم ہے؟ ۲۹۸

سوال: اگر مردوں کی صف میں ایک یا دو یا تین عورتیں کھڑی ہو جائیں تو کیا حکم ہے؟ ۲۹۸

سوال: عورت اگر مرد کے محاذی ہو تو مرد کی نماز جاتی رہے گی۔ اس کے لئے کیا شرطیں ہیں؟ ۲۹۹

سوال: اقتدا کی آٹھویں شرط بیان کریں۔ ۲۹۹

سوال: اقتدا کی نوین شرط بیان کریں۔ ۲۹۹

سوال: اگر امام و مقتدی کے درمیان ایسی دیوار ہو جس کے سبب امام کے انتقالات کا علم نہ ہو سکے تو کا کیا حکم ہے؟ ۳۰۰

سوال: امام سوار ہو اور مقتدی پیدل تو کیا اقتدا ہو جائے گی؟ ۳۰۰

سوال: اگر امام و مقتدی دونوں سوار ہوں مگر دونوں کی سواری الگ الگ ہو تو کیا حکم ہے؟ ۳۰۰

سوال: اگر امام و مقتدی دونوں الگ الگ کشتی میں سوار ہوں تو کیا حکم ہے؟ ۳۰۰

سوال: اقتدا کی ۱۴ویں شرط کی وضاحت کریں۔ ۳۰۰

سوال: کیا وضو کرنے والا تیمم کرنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے؟ ۳۰۱

سوال: کیا مسح کرنے والے کے پیچھے پاؤں دھونے والے کی نماز ہو جائے گی؟ ۳۰۲

سوال: کیا کھڑے ہونے والے کی اقتدا بیٹھنے والے اور کبڑے کے پیچھے درست ہے؟ ۳۰۲

سوال: اشارے سے نماز پڑھنے والا کن لوگوں کا امام بن سکتا ہے؟ ۳۰۲

سوال: کیا نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے؟ ۳۰۲

سوال: مذکورہ تمام مسائل کا قاعدۂ کلیہ کیا ہے؟ ۳۰۲

سوال: اگر امام کی نماز کسی وجہ سے فاسد ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ ۳۰۲

فَصْلٌ يَسْقُطُ حُضُوْرُ الْجَمَاعَةِ ۳۰۳

سوال: کس نماز کی جماعت شرط، سنّتِ کفایہ، مستحب اور مکروہ ہے؟ ۳۰۳

سوال: جماعت میں حاضری کس کس صورت میں معاف ہے؟ بالتفصیل بیان کریں۔ ۳۰۳

سوال: اگر کوئی شخص ان مذکورہ اعذار میں سے کسی عذر کی وجہ سے جماعت میں شامل نہ ہو سکا تو کیا اس کو جماعت کا ثواب ملے گا؟ ۳۰۵

روضۂ پاک سے بِشارت ۳۰۵

فَصْلٌ فِيْ بَيَانِ الْأَحَقِّ بِالْإِمَامَةِ ۳۰۶

سوال: امامت کا زیادہ حقدار کون ہے؟ ۳۰۷

سوال: کن لوگوں کی امامت مکروہِ تحریمی ہے؟ ۳۰۸

سوال: فاسق کی اقتدا کس نماز میں کر سکتے ہیں؟ ۳۰۸

سوال: کن لوگوں کی امامت مکروہِ تنزیہی ہے؟ ۳۰۸

سوال: عبد، اعمیٰ، اعرابی، جاھل اور ولد الزنا کی امامت مکروہ کیوں ہے؟ ۳۰۸

سوال: نماز کو لمبا کرنا کیسا ہے؟ ۳۰۹

سوال: ننگوں اور عورتوں کی جماعت کا کیا حکم ہے؟ ۳۰۹

سوال: کن لوگوں کے پیچھے نماز نہیں ہوتی؟ ۳۰۹

سوال: امام کے پیچھے ایک، دو، یا دو سے زیادہ مقتدی ہوں تو کہاں کھڑے ہوں؟ ۳۰۹

سوال: ایک شخص امام کے برابر کھڑا تھا پھر ایک اور آیا تو اب کیا کریں گے؟ ۳۱۰

سوال: صفوں کی ترتیب کیا ہونی چاہئے؟ ۳۱۰

مکّۃ المکرّمہ کے دس حُرُوف کی نسبت سے مکّے کے دس نام ۳۱۰

فَصْلٌ فِيمَا يَفْعَلُهُ الْمُقْتَدِي بَعْدَ فَرَاغِ إِمَامِهِ ۳۱۱

سوال: اگر امام نے مقتدی کے تشہد پڑھنے سے فارغ ہونے سے پہلے سلام پھیر دے تو کیا مقتدی امام کی متابعت کرے گا یا نہیں؟ ۳۱۱

سوال: اور اگر امام نے رکوع و سجود میں مقتدی کے تین بار تسبیح پڑھنے سے پہلے اپنا سر اٹھالیا تو مقتدی کے لئے کیا حکم ہے؟ ۳۱۱

سوال: اگر امام دو سے زیادہ سجدہ کرے یا قعدۂ اخیرہ کے بعد بھول کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو مقتدی کو کیا حکم ہے؟ ۳۱۲

سوال: اور اگر قعدۂ اخیرہ کئے بغیر بھول کر امام اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ ۳۱۲

سوال: اگر مقتدی نے امام کے تشہد پڑھ لینے کے بعد امام کے سلام پھیرنے سے پہلے سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟ ۳۱۲

"مدینۃُ المنوّرہ" کے بارہ حُرُوف کی نسبت سے مدینے کے ۱۲ نام ۳۱۲

فَصْلٌ فِي صِفَةِ الْأَذْكَارِ ۳۱۳

سوال: فرض نماز پڑھنے کے بعد کیا کریں؟ ۳۱۳
سوال: امام فرض کے بعد کس جانب کو گھومے؟ ۳۱۴
دَرِندہ بھی تابع ہو گیا ۳۱۴
بَابُ مَا يُفْسِدُ الصَّلَاةَ ۳۱۵
سوال: نماز کو توڑنے والی کتنی چیزیں ہیں؟ ۳۱۵
سوال: مفسدات نماز میں سے ۱۵ بیان کریں۔ ۳۱۵
سوال: عمل کثیر اور عمل قلیل کسے کہتے ہیں؟ ۳۱۶
سوال: مفسدات نماز میں سے ۱۵ بیان کریں۔ ۳۱۷
سوال: مفسدات نماز میں سے ۱۰ بیان کریں۔ ۳۱۹
سوال: عورت اگر مرد کے محاذی ہو تو مرد کی نماز جاتی رہے گی۔ اس کے لئے کیا شرطیں ہیں؟ ۳۱۹
سوال: مفسدات نماز میں سے ۱۰ بیان کریں۔ ۳۲۱
سوال: ''اذا حصلت ھذہ المذکورات قبل الجلوس الخیر مقدار التشہد'' سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۳۲۱
سوال: سجدۂ صلبیہ کسے کہتے ہیں؟ ۳۲۲
سوال: مفسدات نماز میں سے 6 بیان کریں۔ ۳۲۳
فَصْلٌ فِيمَا لَا يُفْسِدُ الصَّلَاةَ ۳۲۴
سوال: کن چیزوں سے نماز نہیں ٹوٹتی ہے؟ ۳۲۴
فَصْلٌ فِيْ مَكْرُوْهَاتِ الصَّلَاةِ ۳۲۵
سوال: نماز کے مکروہات کتنے ہیں؟ اور یہاں مکروہات سے کون سا مکروہ مراد ہے؟ ۳۲۵
سوال: مکروہات نماز کو مفصل بیان کریں۔ ۳۲۶
سوال: مکروہات نماز کو بالتعیین مفصل بیان کریں۔ ۳۲۸

سوال: مکروہات نماز کو بالتعیین مفصل بیان کریں۔ ۳۳۰
سوال: مکروہات نماز کو بالتعیین مفصل بیان کریں۔ ۳۳۲
فَصْلٌ فِيْ اِتِّخَاذِ السُّتْرَةِ ۳۳۳
سوال: سترہ کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں۔ ۳۳۳
سوال: نمازی کو اپنے آگے سترہ رکھنے کا کیا حکم ہے؟ ۳۳۴
سوال: سترہ کی مقدار کیا ہے؟ ۳۳۴
سوال: سترہ کہاں ہونا چاہئے؟ ۳۳۴
سوال: اگر سترہ کے لئے کوئی چیز نہ ملے تو کیا کرے؟ ۳۳۴
سوال: کیا نمازی گزرنے والے کو روک سکتا ہے؟ اور کن طریقوں سے روک سکتا ہے؟ ۳۳۴
سوال: کیا اشارہ اور تسبیح دونوں کو جمع کر سکتے ہیں؟ ۳۳۴
سوال: کیا قراءت کی آواز بلند کر کے گزرنے والے کو روک سکتا ہے؟ ۳۳۴
سوال: عورت گزرنے والے کو کس طرح روکے؟ ۳۳۵
سوال: اگر گزرنے والا اشارہ کرنے، تسبیح کرنے یا قراءت کی آواز بلند کرنے سے بھی نہ رکے تو کیا اس سے جھگڑا کر سکتے ہیں؟ ۳۳۵
سوال: ”وما ورد بہ مؤول بانہ کان والعمل مباح وقد نسخ“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۳۳۵
قرآن کریم کی تعظیم کرنے والے بندر کی حکایت ۳۳۵
فَصْلٌ فِيْمَا لَا يُكْرَهُ لِلْمُصَلِّيْ ۳۳۶
سوال: کمر کو کسی چیز سے باندھ کر اور گلے میں تلوار لٹکا کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۳۶
سوال: ”ولا عدم ادخال یدیہ فی فرجیہ وشقہ علی المختار“ اس عبارت کی وضاحت کریں۔ ۳۳۶
سوال: قرآن، لٹکی ہوئی تلوار، بیٹھے ہوئے شخص کی پیٹھ، شمع اور چراغ کی طرف منہ کرے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۳۷
سوال: فرش یا مصلے میں تصویر بنی ہوئی ہے مگر سجدہ اس پر نہیں کرتا تو کیا حکم ہے؟ ۳۳۷

سوال: دوران نماز سانپ بچھو کو مارنے کا کیا حکم ہے؟ ۳۳۷

سوال: دوران نماز اگر کپڑا چمٹ جائے تو کیا اس کو جھٹک سکتے ہیں؟ ۳۳۸

سوال: نماز سے فارغ ہونے کے بعد یا دورانِ نماز پیشانی سے مٹی وغیرہ صاف کرنا کیسا ہے؟ ۳۳۸

سوال: نماز کی حالت میں اِدھر اُدھر دیکھنا کیسا ہے؟ ۳۳۸

سوال: فرش، بچھونے اور قالین پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۳۸

سوال: نفل کی دو رکعتوں میں ایک سورت کی تکرار کرنا کیسا ہے؟ ۳۳۸

فَصْلٌ فِیْمَا یُوْجِبُ قَطْعَ الصَّلَاۃِ ۳۳۹

سوال: نماز توڑنا کب واجب ہے؟ ۳۳۹

سوال: کیا ماں باپ کے بلانے پر بھی نماز توڑ سکتے ہیں؟ ۳۴۰

سوال: نماز توڑ دینا کب جائز ہے؟ ۳۴۰

سوال: حاجت کے وقت نماز توڑنے کا کیا طریقہ ہے؟ ۳۴۰

سوال: ایک درہم کا وزن کتنا ہوتا ہے؟ ۳۴۰

سوال: دایہ کو بچے کی جان کا خوف ہو تو کیا نماز توڑ سکتی ہے؟ ۳۴۰

سوال: "والا فلا باس بتاخیرھا الصلوۃ وتقبل علی الولد" اس عبارت کی وضاحت کریں۔ ۳۴۰

سوال: تارک صوم وصلوۃ کی کیا سزا ہے؟ ۳۴۰

سوال: کیا کوئی ایسی بھی صورت ہے کہ تارک صوم وصلوۃ کو قتل کر دینے کا حکم ہو؟ ۳۴۱

ہِرنی کی پکار بحضورِ شہنشاہِ ابرار ۳۴۱

بَابُ الْوِتْرِ ۳٤۲

سوال: وتر کا لغوی معنی بیان کریں اور اصطلاح شرع میں وتر سے کیا مراد ہے؟ ۳۴۳

سوال: نماز وتر کا حکم کیا ہے؟ ۳۴۳

سوال: نماز وتر پڑھنے کا طریقہ بیان کریں؟ ۳۴۳

سوال: کیا غیر وتر میں دعائے قنوت پڑھ سکتے ہیں؟ نیز قنوت کا معنی کیا ہے؟ ۳۴۳

سوال: کیا رمضان کے وتر میں مقتدی امام کی متابعت کرتے ہوئے قنوت پڑھے گا؟ نیز قنوت کے بعد اگر امام نے دوسری دعا پڑھی تو کیا اس میں بھی متابعت کرے گا؟ ۳۴۵

سوال: جس کو مخصوص دعائے قنوت یاد نہ ہو تو کون سی دعا پڑھے؟ ۳۴۵

سوال: اگر حنفی مقتدی شافعی المذہب امام کے پیچھے نمازِ فجر پڑھے تو قنوت کے وقت حنفی کیا کرے؟ ۳۴۶

سوال: اگر نمازی دعائے قنوت پڑھنا بھول جائے تو کیا کرے؟ ۳۴۶

سوال: مقتدی نے قنوت ابھی ختم نہ کی تھی کہ امام رکوع میں چلا گیا تو مقتدی کیا کرے؟ ۳۴۶

سوال: اگر کوئی نمازی وتر کی تیسری رکعت کے رکوع میں شامل ہوا تو دعائے قنوت کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۳۴۷

سوال: نمازِ وتر جماعت کے ساتھ کب پڑھی جائے گی؟ ۳۴۷

اُونٹ نے طوافِ کعبہ کیا اور پھر---- ۳۴۷

فَصْلٌ فِيْ بَيَانِ النَّوَافِلِ ۳۴۸

سوال: نفل کا لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہے؟ ۳۴۹

سوال: کتبِ فقہ میں نفل و سنّت کو اکٹھا کیوں ذکر کیا جاتا ہے؟ ۳۴۹

سوال: سنّت نماز کی کتنی قسمیں ہیں اور ان کا حکم کیا ہے؟ ۳۴۹

سوال: سنّتِ موکدہ کون کون سی نمازیں ہیں؟ ۳۴۹

سوال: سب سنّتِ موکدہ میں قوّت کے اعتبار سے کیا ترتیب ہے؟ ۳۵۰

سوال: مستحب (سنّتِ غیر موکدہ) نمازیں کون کون سی ہیں؟ ۳۵۰

سوال: چار رکعت والی سنّتِ موکدہ اور نفل نماز ادا کرنے میں کیا فرق ہے؟ ۳۵۰

سوال: اگر کوئی شخص دو رکعت سے زیادہ نفل نماز پڑھے اور درمیانی قعدہ میں نہ بیٹھے تو کیا حکم ہو گا؟ ۳۵۱

سوال: اکٹھے کتنی رکعات نوافل بلا کراہت پڑھ سکتے ہیں؟ ۳۵۱

سوال: رات کے نوافل افضل ہیں یا دن کے؟ ۳۵۱

سوال: طولِ قیام افضل ہے یا کثرتِ رکعات؟ ۳۵۱

اُونٹوں نے آقا کو سجدہ کیا ۳۵۲

فَصْلٌ فِيْ تَحِيَّةِ الْمَسْجِدِ وَصَلَاةِ الضُّحٰى وَإِحْيَاءِ اللَّيَالِيْ ۳۵۳

سوال: نمازِ تحیۃ المسجد کب ادا کی جاتی ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۳۵۳

سوال: نمازِ تحیۃ الوضو کب ادا کی جاتی ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۳۵۴

سوال: صلاۃ الضحٰی کب ادا کی جاتی ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۳۵۴

سوال: صلاۃ اللیل کس نماز کو کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۳۵۵

سوال: نمازِ استخارہ کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۳۵۵

سوال: نمازِ حاجت کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۳۵۵

سوال: راتوں کو زندہ کرنے سے کیا مراد ہے؟ نیز کن کن راتوں کو زندہ کرنا مستحب ہے؟ ۳۵۶

سوال: کیا مسجد میں جمع ہو کر ان راتوں کو زندہ کر سکتے ہیں؟ ۳۵۷

غمِ مصطفٰے میں جان دینے والے دو بے زبان ۳۵۷

فَصْلٌ فِيْ صَلَاةِ النَّفْلِ جَالِسًا ۳۵۸

سوال: کیا نفل نماز بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں؟ اگر ہاں! تو کس طرح؟ ۳۵۹

سوال: اگر کسی نے نفل کھڑے ہو کر شروع کی تو کیا درمیان میں بیٹھ کر مکمل کر سکتا ہے؟ ۳۶۰

سوال: کیا نفل نماز سواری پر پڑھ سکتے ہیں؟ ۳۶۰

سوال: اگر نفل سواری پر شروع کی اور درمیان نماز سواری سے نیچے اتر گیا تو کیا بناء کر سکتا ہے؟ ۳۶۰

سوال: کیا زمین پر شروع کی ہوئی نماز کی بناء سواری پر کر سکتا ہے؟ ۳۶۰

سوال: (لو کان بالنوافل الراتبۃ) سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۳۶۰

سوال: کیا نفل پڑھنے والا کسی چیز پر ٹیک لگا سکتا ہے؟ ۳۶۱

سوال: جس سواری پر نماز پڑھ رہا ہے اگر اس پر نجاست لگی ہوئی ہو تو کیا حکم ہے؟ ۳۶۱

سوال: چلتے چلتے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۶۱

حرم شریف کے کبوتروں کی آستانۂ محبوب سے محبّت ۳۶۱

فَصْلٌ فِي الصَّلَاةِ الْفَرْضِ وَالْوَاجِبِ عَلَى الدَّابَّةِ ٣٦٢

سوال: سواری پر فرض اور واجب نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۶۲

سوال: کیا کوئی ایسی صورت ہے کہ سواری پر فرض وواجب نمازیں پڑھنا جائز ہو؟ ۳۶۲

سوال: کیا کجاوے پر فرض وواجب نمازیں پڑھ سکتے ہیں؟ ۳۶۳

فَصْلٌ فِي الصَّلَاةِ فِي السَّفِيْنَةِ ٣٦٤

سوال: کشتی میں فرض وواجب نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۶۴

سوال: اگر کشتی کو بیچ سمندر یا کنارے پر باندھ دی گئی ہو تو نماز پڑھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۳۶۵

سوال: اگر کشتی کا کچھ حصہ زمین پر جما ہو تو اس پر نماز پڑھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۳۶۵

سوال: کیا کشتی پر نماز پڑھنے والے کے لئے استقبال قبلہ ضروری ہے؟ ۳۶۵

فَصْلٌ فِي التَّرَاوِيْحِ ٣٦٦

سوال: تراویح کا معنی بیان کریں۔ ۳۶۷

سوال: تراویح کا حکم کس کو اور کیا ہے؟ ۳۶۷

سوال: تراویح کی نماز جماعت سے پڑھنا کیا ہے؟ ۳۶۷

سوال: تراویح کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟ ۳۶۸

سوال: تراویح کی کتنی رکعتیں ہیں؟ ۳۶۸

سوال: ترویحہ کسے کہتے ہیں؟ ۳۶۹

سوال: تراویح میں قرآن ختم کرنے کا کیا حکم ہے؟ نیز کیا سستی کی وجہ اسے ترک کیا جا سکتا ہے؟ ۳۶۹

سوال: کیا قوم کے اکتانے پر درودِ ابراہیمی، ثنا اور رکوع و سجود کی تسبیحات ترک کر سکتے ہیں؟ ۳۶۹

سوال: اگر تراویح فوت ہو جائے تو کیا بعد مین اس کی قضا کرنی ہو گی؟ ۳۶۹

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ ۳۷۱

سوال: کیا کعبہ کے اندر نماز پڑھنا جائز ہے؟ ۳۷۱

سوال: کیا کعبہ کی چھت پر نماز پڑھنا جائز ہے؟ ۳۷۱

سوال: اگر کعبہ کے اندر یا اس کی چھت پر جماعت سے نماز پڑھیں تو کھڑے ہونے کی کیفیت کیا ہو گی؟ اور کس صورت میں اقتدا درست نہیں ہو گی؟ ۳۷۱

سوال: امام کعبہ کے اندر ہو اور مقتدی کعبہ کے باہر تو کیا اقتدا درست ہے؟ ۳۷۲

سوال: اگر امام و مقتدی کعبہ کے باہر ہوں اور مقتدی کعبہ کے گرد حلقہ بنائے ہوں تو کیا نماز ہو جائے گی؟ ۳۷۲

کعبہ مُشرَّفہ کا طواف کرنے والی جنّ عورَتیں ۳۷۲

بَابُ صَلَاةِ الْمُسَافِرِ ۳۷۳

سوال: سفر کا لغوی و شرعی معنی بیان کریں۔ ۳۷۳

سوال: شرعاً مسافر کسے کہتے ہیں؟ نیز مسافتِ سفر کی کتنی مقدار ہے؟ ۳۷۳

سوال: مسافر پر نماز کے بارے میں کیا احکام ہیں؟ ۳۷۴

سوال: اگر مسافر کا سفر معصیت کے لئے ہو تو کیا تب بھی قصر واجب ہے؟ ۳۷۴

سوال: جس نے مسافتِ سفر پر جانے کا ارادہ کیا، تو کیا وہ نیت کرنے سے ہی مسافر ہو جائے گا؟ ۳۷۵

سوال: فنائے شہر کسے کہتے ہیں؟ ۳۷۵

سوال: غلوہ کسے کہتے ہیں نیز (وإن انفصل الفناء بمزرعة أو قدر غلوة لايشترط مجاوزته) سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۳۷۵

سوال: سفر کی نیت کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۳۷۶

سوال: ان تینوں شرطوں کے معدوم ہونے کی مثالیں وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔ ۳۷۶

سوال: تابع کسے کہتے ہیں؟ ۳۷۷

سوال: تابع پھر کیا کرے؟ ۳۷۷

سوال: تابع کب تابع نہیں رہتا؟ ۳۷۷

سوال: اقامت و سفر کی نیت تابع کی معتبر ہے یا متبوع کی؟ ۳۷۷

سوال: مسافر کو قصر کرنی تھی مگر پوری پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟ ۳۷۸

سوال: مسافر کب تک مسافر رہتا ہے؟ ۳۷۸

سوال: مسافر نے کسی جگہ ۱۵ دن ٹھہرنے کی نیت نہ کی بلکہ یہ ذہن ہے کہ کام دو چار دن میں ہو جائے گا تو چلا جائے گا مگر کام نہ ہوا یہاں تک کہ ۱۵ سے زیادہ دن گزر گئے تو کیا حکم ہے؟ ۳۷۹

سوال: مسافر نے دو جگہ ۱۵ دن ٹھہرنے کی نیت کی تو کیا مقیم ہو جائے گا؟ ۳۷۹

سوال: کن کن لوگوں کی اقامت کی نیت درست نہیں ہے اگرچہ ۱۵ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت ہو؟ ۳۸۰

سوال: کیا مسافر مقیم کی اقتدا کر سکتا ہے؟ ۳۸۰

سوال: ”وبعکسہ صح فیہما“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۳۸۰

سوال: مسافر امام کے لئے چار رکعتی نماز میں کون سا اعلان کرنا مستحب ہے؟ ۳۸۱

سوال: مقیم مقتدی اپنی بقیہ نماز مسافر امام کے سلام پھیرنے کے بعد کیسے ادا کرے گا؟ ۳۸۲

سوال: سفر کی فوت شدہ نمازوں کی قضا حالتِ اقامت میں اور حالتِ اقامت کی فوت شدہ نمازوں کی قضا حالتِ سفر میں کرے تو کیسے کرے گا؟ ۳۸۲

سوال: وطن کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟ مع تعریف بیان کریں۔ ۳۸۲

سوال: وطنِ اصلی کب باطل ہوتا ہے؟ ۳۸۲

سوال: وطنِ اقامت کب باطل ہوتا ہے؟ ۳۸۲
سوال: کیا عورت بغیر محرم کے سفر کر سکتی ہے؟ ۳۸۳
سوال: وطنِ سکنی کسے کہتے ہیں؟ نیز کیا وطنِ سکنی کا اعتبار ہے؟ ۳۸۳
چمکیلا سانپ ۳۸۳
بَابُ صَلَاةِ الْمَرِيْضِ ٣٨٤
سوال: کون شخص فرض یا واجب نماز زمین پر بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے؟ نیز بیٹھنے کی کیفیت کیسی ہو؟ ۳۸۴
سوال: قیام کب ساقط ہوتا ہے؟ ۳۸۵
سوال: اگر بیٹھ کر رکوع سجود کرنا دشوار ہو تو کیسے نماز پڑھے؟ ۳۸۵
سوال: اگر مریض بیٹھ کر نماز پڑھنے پر بھی قادر نہیں تو کیا کرے؟ ۳۸۶
سوال: اگر مریض کے لئے اشارہ کرنا دشوار ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ ۳۸۷
سوال: اگر قیام پر قادر ہو مگر رکوع و سجود سے عاجز ہو تو کیسے پڑھے گا؟ ۳۸۷
سوال: تندرست شخص نماز پڑھ رہا تھا، اثنائے نماز میں مرض پیدا ہو گیا تو اب کیسے نماز کو مکمل کرے؟ ۳۸۷
سوال: "وجزم صاحب الھدایۃ في التجنيس" سے "وجزم به الولوالجي رحمهم الله" تک کی عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۳۸۷
سوال: بیٹھ کر رکوع و سجود سے نماز پڑھ رہا تھا، اثنائے نماز تندرست ہو گیا تو اب کیا حکم ہے؟ ۳۸۸
سوال: قضا نماز کب معاف ہو جاتی ہیں؟ ۳۸۸
سانپ نُما جنّ نے حَجَرِ اَسْوَد چُوما ۳۸۸
فَصْلٌ فِيْ إِسْقَاطِ الصَّلَاةِ وَالصَّوْمِ ٣٨٩
سوال: کیا مرض الموت میں قضا ہونے والی نماز اور روزے کے فدیہ کی وصیت کرنا لازم ہے؟ ۳۸۹
سوال: اپنے قضا نماز و روزے کے فدیے کی وصیت کرنا کن لوگوں پر لازم ہے؟ ۳۹۰
سوال: فدیہ کون نکالے گا؟ اور کتنے مال سے نکالا جائے گا؟ ۳۹۰

سوال: نماز و روزہ کا فدیہ کیا ہے؟ ۳۹۰
سوال: میت نے فدیہ کی وصیت نہیں کی تو کیا اس کا ولی اس کی جانب سے ادا کر سکتا ہے؟ ۳۹۰
سوال: کیا ورثہ میت کی طرف سے نماز و روزے کی قضا کر سکتے ہیں؟ ۳۹۰
سوال: فدیہ کی رقم زیادہ ہے اور مال کم تو کیا کریں؟ ۳۹۱
سوال: سب نمازوں اور روزوں کا فدیہ ایک ہی فقیر کو دینا کیسا ہے؟ ۳۹۱

بَابُ قَضَاءِ الْفَوَائِتِ ۳۹۲

سوال: ادا، قضا اور اعادہ کسے کہتے ہیں؟ ۳۹۳
سوال: صاحبِ ترتیب کسے کہتے ہیں؟ ۳۹۳
سوال: کیا صاحبِ ترتیب کے لئے ترتیب ضروری ہے یا نہیں؟ ۳۹۳
سوال: ترتیب کب ساقط ہوتی ہے؟ ۳۹۳
سوال: چھ نمازیں قضا ہونے کے سبب ترتیب ساقط ہو گئی تو کیا پھر ترتیب لوٹے گی؟ ۳۹۴
سوال: فوت شدہ نماز کے یاد ہوتے ہوئے صاحبِ ترتیب نے وقتی نماز پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟ ۳۹۵
سوال: فسادِ موقوف سے کیا مراد ہے؟ ۳۹۵
سوال: جس کے ذمہ قضا نمازیں زیادہ ہوں تو کیا ان کی قضا کے لئے دن اور وقت کی تعیین ضروری ہے؟ ۳۹۶
سوال: کیا روزوں کی قضا میں بھی تعیین ضروری ہے؟ ۳۹۶
سوال: ”علی احد تصحیحین مختلیفین“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۳۹۶
سوال: کیا دار الحرب میں مسلمان ہونے والے پر نماز روزوں کی قضا لازم ہے؟ ۳۹۶

بَابُ اِدْرَاكِ الْفَرِيْضَةِ ۳۹۷

سوال: اگر کوئی شخص اکیلا فرض نماز پڑھ رہا ہو اور اسی وقت وہاں فرض کی جماعت قائم ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ ۳۹۸
سوال: جماعت قائم ہونے سے کیا مراد ہے؟ ۳۹۸

سوال: جماعت قائم ہونے سے نماز قطع کرنے کا حکم کس وقت ہے؟ ۳۹۸
سوال: جمعہ کی سنت پڑھ رہا تھا کہ امام نکل آیا یا ظہر کی سنت پڑھ رہا تھا کہ جماعت کھڑی ہو گئی تو کیا حکم ہے؟ ۳۹۹
سوال: اگر کوئی شخص ایسے وقت میں آیا کہ جماعت کھڑی ہو چکی تھی تو سنّتِ قبلیہ ادا کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۳۹۹
سوال: اگر نمازِ فجر میں اس وقت آیا کہ جماعت کھڑی ہو چکی تھی تو سنّت قبلیہ ادا کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۳۹۹
سوال: اگر کسی شخص کی فجر کی سنت قضا ہو گئی ہو تو کیا بعد میں اس کی قضا کی جائے گی؟ ۴۰۰
سوال: اگر ظہر سے پہلے کی سنت فوت ہو جائے تو اس کی قضا کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۴۰۰
سوال: جس شخص کو کسی بھی فرض نماز میں امام کے ساتھ ایک رکعت ملی تو کیا جماعت سے نماز پڑھنے والا کہلائے گا؟ ۴۰۱
سوال: اگر امام کے ساتھ تین رکعتیں ملی تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۱
سوال: ”ویقطوع قبل الفرض ان امن فوت الوقت والا فلا“ سے کیا کہنا چاہتے ہیں؟ ۴۰۱
سوال: رکعت کو پانے والا کب کہلائے گا؟ ۴۰۱
سوال: اگر کوئی اپنے امام سے پہلے رکوع میں چلا گیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۱
سوال: اذان ہونے کے بعد مسجد سے نکلنا کیسا ہے؟ ۴۰۲
سوال: کیا مسجد سے نکلنے کی کچھ جائز صورتیں بھی ہیں؟ ۴۰۲
سوال: ”ولا یصلی بعد الصلوہ مثلھا“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۰۲
بَابُ سُجُوْدِ السَّهْوِ ۴۰۳
سوال: سہو کا لغوی معنی کیا ہے؟ اور اصطلاح شرع میں سجدۂ سہو سے کیا مراد ہے؟ ۴۰۴
سوال: سجدۂ سہو کب واجب ہوتا ہے؟ ۴۰۴
سوال: ایک نماز میں چند واجب بھولے سے ترک ہوئے تو کتنے سجدے کرنے ہوں گے؟ ۴۰۴
سوال: اگر قصداً واجب ترک کیا تو سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے گی؟ ۴۰۴
سوال: کیا کوئی ایسی بھی صورت ہے کہ قصداً ترکِ واجب پر سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے؟ ۴۰۴

سوال: سجدۂ سہو کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ ۴۰۵

سوال: اگر بغیر سلام پھیرے سجدۂ سہو کیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۵

سوال: کیا کوئی ایسی صورت بھی ہے کہ جس سے سجدۂ سہو کرنا ساقط ہو جاتا ہو؟ ۴۰۵

سوال: اگر امام سے کوئی سہو ہوا تو کیا مقتدی پر بھی سجدۂ سہو واجب ہو گا؟ ۴۰۶

سوال: امام کے پیچھے مقتدی سے سہواً کوئی واجب چھوٹ گیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۶

سوال: کیا مسبوق امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے گا؟ اگر کرے گا تو سلام کے ساتھ یا بغیر سلام کے؟ ۴۰۶

سوال: مسبوق سے اپنی باقی ماندہ رکعات میں سہو واقع ہوا تو کیا سجدۂ سہو کرے گا؟ ۴۰۷

سوال: اگر لاحق کو اپنی لاحقانہ رکعات میں سہو واقع ہوا تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۷

سوال: اگر جمعہ و عیدین میں امام سے سہو واقع ہوا تو کیا وہ سجدۂ سہو کرے گا؟ ۴۰۷

سوال: اگر امام یا منفرد فرض و وتر میں قعدۂ اولیٰ بھول گیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۷

سوال: امام قعدۂ اولیٰ کی طرف لوٹ آیا تو کیا مقتدی بھی لوٹ آئیں؟ ۴۰۷

سوال: امام یا منفرد قعدۂ اولیٰ بھول گیا اور کھڑا ہو گیا تو لوٹنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۴۰۷

سوال: ”وان عاد بعد ما استتم قائما اختلف التصحیح فی فساد صلوتہ“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۰۸

سوال: اگر کوئی شخص قعدۂ اخیرہ کو بھول گیا اور اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۹

سوال: اور اگر اس نے اگلی رکعت کا سجدہ کر لیا ہو تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۹

سوال: اگر بقدر تشہد قعدۂ اخیرہ کر چکا ہے اور بھول کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۹

سوال: اور اگر اگلی رکعت کا سجدہ کر لیا ہو تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۰

سوال: ”ولو سجد السہو فی شفع القطوع“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۱۰

سوال: امام پر سجدۂ سہو واجب تھا لیکن اس نے بھول کر سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟ نیز اس وقت اگر کوئی اقتدا کرنا چاہے تو کیا صورت ہو گی؟ ۴۱۰

سوال: سجدۂ سہو واجب تھا لیکن نماز ختم کرنے کے ارادے سے سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۰
سوال: اگر کسی نے رباعی یا ثلاثی میں تین یا دو رکعت پر بھولے سے سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۰
سوال: اگر کسی کو قعدۂ اخیرہ میں شبہ ہو جائے کہ کتنی رکعت ہوئیں تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۱
فَصْلٌ فِي الشَّكِّ فِی الصَّلَاةِ وَالطَّهَارَةِ ٤١٢
سوال: شک، ظن، وہم اور غلبۂ ظن کی تعریف کیا ہے؟ ۴۱۲
سوال: گر نمازی کو دوران نماز، نماز کی رکعات کے متعلق شک ہوا کہ تین ہوئیں یا چار تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۲
سوال: پہلی بار شک آنے سے مراد کیا ہے؟ ۴۱۳
سوال: اور اگر نماز مکمل کرنے کے بعد یہ شک ہوا تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۳
سوال: اگر نمازی کو ادا کی ہوئی رکعتوں کے متعلق بکثرت شک ہوتا ہو تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۳
سوال: ”وقعدہ بعد کل رکعۃ ظنھا آخر صلوتہ“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۱۳
بَابُ سُجُوْدِ التِّلَاوَةِ ٤١٤
سوال: سجدۂ تلاوت کا سبب کیا ہے؟ نیز یہ کن پر واجب ہوتا ہے؟ ۴۱۵
سوال: آیتِ سجدہ بیرونِ نماز پڑھی تو کیا سجدۂ تلاوت فوراً کرنا واجب ہے؟ ۴۱۵
سوال: آیتِ سجدہ کا ترجمہ پڑھنے یا سننے سے کیا سجدۂ تلاوت واجب ہو گا؟ ۴۱۵
سوال: کیا سجدہ واجب ہونے کے لئے پوری آیت کا پڑھنا ضروری ہے؟ ۴۱۵
سوال: آیتِ سجدہ کتنی اور کن کن سورتوں میں ہیں؟ ۴۱۶
سوال: کن لوگوں پر سجدۂ تلاوت واجب نہیں؟ ۴۱۷
سوال: حیض و نفاس والی عورت پر سجدۂ تلاوت کیوں واجب نہیں ہو رہا ہے؟ ۴۱۷
سوال: اگر امام و مقتدی نے کسی ایسے شخص سے آیت سجدہ سنی جو ان کے ساتھ نماز میں شریک نہیں تو کیا حکم ہے؟ ۴۱۸
سوال: اگر کسی نے آیت سجدہ کا ترجمہ فارسی میں سنا تو کیا سننے والے پر سجدہ واجب ہو گا؟ ۴۱۸

سوال:”واختلف التصحیح فی وجوبھا بالسماع من نائم او مجنون“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۱۸

سوال: اگر کسی نے کسی پرندے یا صدائے باز گشت سے آیتِ سجدہ سنی تو کیا سجدہ واجب ہو گا؟ ۴۱۸

سوال: کیا نماز کے اندر رکوع و سجدہ کرنے سے سجدہ تلاوت ادا ہو جائے گا؟ ۴۲۰

سوال: اگر امام نے آیت سجدہ تلاوت کی اور اس کو ایسے آدمی نے سنا جو امام کے ساتھ شریک نماز نہ تھا تو سجدۂ تلاوت کے متعلق کیا احکام ہیں؟ بالتفصیل بیان کریں۔ ۴۲۰

سوال: نماز میں آیتِ سجدہ تلاوت کی اور نماز میں سجدۂ تلاوت نہ کیا تو کیا بعد میں کرنا واجب ہے؟ ۴۲۰

سوال: اگر کسی نے نماز کے باہر آیت سجدہ پڑھی اور پھر نماز میں داخل ہو کر اسی آیت سجدہ کی تلاوت کی تو کیا حکم ہو گا؟ ۴۲۰

سوال: ایک مجلس میں آیتِ سجدہ بار بار پڑھی یا سنی تو کتنے سجدے واجب ہوئے؟ ۴۲۱

سوال: مجلس کب بدلتی ہے؟ ۴۲۱

سوال: مجلس نہ بدلنے کی صورتیں بیان کریں۔ ۴۲۳

سوال: پڑھنے والے کی مجلس نہیں بدلی مگر سننے والے کی مجلس بدل گئی تو ایک آیت کے مکرر سننے کا کیا حکم ہے؟ ۴۲۳

سوال: پوری سورت پڑھنا اور آیتِ سجدہ چھوڑ دینا کیسا ہے؟ ۴۲۳

سوال: آیتِ سجدہ کو آہستہ پڑھنا کب مستحب ہے؟ ۴۲۴

سوال: "وندب القیام تم سجودھا" اور "ولا یرفع السامع راسہ منھا قبلنا لیھا" اور ”ولا یؤمر الفاظ بلتقدم ولا سامعون بلاصطفاف“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۲۴

سوال: سجدۂ تلاوت کے لئے کیا شرائط ہیں؟ ۴۲۴

سوال: سجدۂ تلاوت کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ ۴۲۴

فَصْلٌ فِيْ سَجْدَةِ الشُّكْرِ ٤٢٥

سوال: سجدۂ شکر کرنا کیسا ہے؟ مع دلیل بیان کریں۔ ۴۲۵

سوال: سجدۂ شکر کب کیا جاتا ہے اور اس کے ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ ۴۲۶

سوال: تمام آیات سجدہ ایک مجلس میں پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟ ۴۲۶
پانی کی طرف رہنمائی کرنے والا جنّ ۴۲۶
بَابُ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ ۴۲۷
سوال: جمعہ کی لغوی تحقیق بیان کریں۔ ۴۲۸
سوال: جمعہ کا حکمِ شرعی کیا ہے؟ ۴۲۸
سوال: جمعہ کے واجب ہونے کی کتنی شرطیں ہیں اور کون کون سی ہیں؟ ۴۲۸
سوال: جمعہ کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۴۲۹
سوال: اگر وہ لوگ امام کے سجدہ کرنے سے پہلے چلے جائیں تو کیا حکم ہے؟ ۴۳۰
سوال: اگر نمازِ جمعہ میں دو مرد کے ساتھ ایک عورت یا ایک بچہ ہو تو کیا جمعہ کی نماز صحیح ہوگی؟ ۴۳۰
سوال: کیا غلام اور مریض جمعہ کی امامت کر سکتا ہے؟ ۴۳۱
سوال: مصر سے کون سی جگہ مراد ہے؟ ۴۳۲
سوال: اگر قاضی یا امیر، مفتی بھی ہو تو کیا کافی ہوگا؟ ۴۳۳
سوال: ایّامِ حج میں منیٰ شریف کے اندر نمازِ جمعہ ادا کرنے کی کیا شرط ہے؟ ۴۳۳
سوال: خطبہ کسے کہتے ہیں؟ ۴۳۳
سوال: خطبے کی کتنی اور کون کون سی سنتیں ہیں؟ بالتفصیل بیان کریں۔ ۴۳۳
سوال: خطبے کے مکروہات بیان کریں۔ ۴۳۴
سوال: جمعہ کے لئے سعی کب واجب ہوتی ہے؟ ۴۳۵
سوال: خطبے میں کیا چیزیں حرام ہیں؟ ۴۳۵
سوال: جب امام خطبہ دینے کے لئے منبر کی طرف چلے تو کون کون سے کام منع ہو جاتے ہیں؟ ۴۳۵
سوال: اذانِ جمعہ کے بعد شہر سے نکلنا کیسا ہے؟ ۴۳۵

سوال: جس پر جمعہ فرض نہیں لیکن اس نے پڑھ لیا تو کیا ظہر کی نماز بھی اس کو پڑھنی ہوگی؟ ۴۳۶

سوال: غیر معذور شخص نے نمازِ جمعہ سے پہلے نمازِ ظہر پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟ ۴۳۶

سوال: اگر ظہر ادا کرنے کے بعد نمازِ جمعہ کے لئے نکلا تو کیا حکم ہے؟ ۴۳۶

سوال: جن پر جمعہ فرض نہیں ان کا شہر میں ظہر با جماعت پڑھنا کیسا ہے؟ ۴۳۶

سوال: اگر کسی نے امام کو نمازِ جمعہ کے تشہد یا سجدۂ سہو میں پایا تو کیا اس کی نماز ہو جائے گی؟ ۴۳۶

بَابُ اَحْکَامِ الْعِیْدَیْنِ ٤٣٧

سوال: عید کو عید کیوں کہتے ہیں؟ ۴۳۸

سوال: عیدین کی نماز کا کیا حکم ہے؟ ۴۳۸

سوال: عیدین کی نماز کن لوگوں پر واجب ہے؟ ۴۳۸

سوال: عیدین کی ادا کی کیا شرطیں ہیں؟ ۴۳۸

سوال: عید الفطر مین کتنے اور کون کون سے مستحبات ہیں؟ ۴۳۸

سوال: نمازِ عید سے پہلے اور بعد میں نفل پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ ۴۴۰

سوال: نمازِ عید کا وقت کب سے کب تک ہے؟ ۴۴۰

سوال: نمازِ عید کا طریقہ کیا ہے؟ ۴۴۰

سوال: عید کی جماعت نہ ملے تو کیا کرے؟ ۴۴۲

سوال: کیا عید الفطر کی نماز کو اگلے دن مؤخر کیا جا سکتا ہے؟ ۴۴۲

سوال: عید الاضحیٰ کے احکام بیان کریں۔ ۴۴۲

سوال: کیا نمازِ عید الاضحیٰ کو مؤخر کیا جا سکتا ہے؟ ۴۴۲

سوال: ”التعریف لیس بشیئ“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۴۲

سوال: تکبیرِ تشریق کا حکم کیا ہے؟ ۴۴۳

سوال: تکبیرِ تشریق کیا ہے؟ نیز نمازِ عید کے بعد اس تکبیر کو پڑھنا کیسا ہے؟ ۴۴۳

فرشتوں کی امامت ۴۴۳

بَابُ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ وَالْخُسُوْفِ وَالْأَفْزَاعِ ٤٤٤

سوال: کسوف، خسوف اور افزاع کا معنی کیا ہے؟ ۴۴۴

سوال: سورج گرہن کی نماز کتنی رکعت اور کیسے ادا کی جائے گی؟ اور اس کا حکم کیا ہے؟ ۴۴۴

سوال: چاند گرہن اور خوف کے وقت نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ ۴۴۵

بَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ ٤٤٦

سوال: استسقا کے لغوی واصطلاحی معنی کیا ہیں؟ ۴۴۷

سوال: استسقا کے احکام اختصاراً بیان کریں۔ ۴۴۷

سوال: ”ولیس فیہ قلب ردا“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۴۸

سب سے بہتر وہ جو کھانا کھلائے ۴۴۸

جنتیوں کا کام ۴۴۸

بَابُ صَلَاةِ الْخَوْفِ ٤٤٩

سوال: کیا نمازِ خوف جائز ہے؟ ۴۵۰

سوال: امام نمازِ خوف کب پڑھائے گا؟ نیز نمازِ خوف کا طریقہ کیا ہے؟ ۴۵۰

سوال: اگر خوف بہت زیادہ ہو، کہ سواری سے نہ اتر سکیں تو کیسے نماز ادا کریں گے؟ ۴۵۱

سوال: نمازِ خوف میں چلنے اور دشمن کے مقابل جانے سے کیا نماز نہیں ٹوٹے گی؟ ۴۵۱

سوال: نمازِ خوف میں ہتھیار لئے رہنا کیسا ہے؟ ۴۵۱

سوال: نمازِ خوف اور کن وجھوں سے پڑھنا جائز ہے؟ ۴۵۱

بَابُ أَحْكَامِ الْجَنَائِزِ ٤٥٢

سوال:جان کنی کی علامات کیا ہیں؟ ۴۵۳
سوال:جان کنی کے وقت کیا کرنا چاہیئے؟ ۴۵۳
سوال:قریب الموت کے پاس رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو آنا کیسا ہے؟ ۴۵۳
سوال:قریب الموت کے پاس قرآن کی تلاوت کرنا کیسا ہے؟ ۴۵۳
سوال:نزع کے وقت حائضہ، نفساء اور جنبی کے رہنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۴۵۳
سوال:جب روح نکل جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟ ۴۵۴
سوال:قبر میں مردے کو تلقین کرنا کیسا ہے؟ ۴۵۴
سوال:قبر میں مردے کو تلقین کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ نیز اس کی کیا فضیلت ہے؟ ۴۵۴
سوال:مردے کے پاس تلاوت و ذکر کرنا کیسا ہے؟ ۴۵۶
سوال:لوگوں کو مردے کی موت کی خبر دینا کیسا ہے؟ ۴۵۶
سوال:میت کے غسل و کفن و دفن میں جلدی چاہیے یا تاخیر؟ ۴۵۶
سوال:تجہیز کسے کہتے ہیں؟ ۴۵۶
سوال:میّت کو غسل دینے کا کیا حکم ہے؟ ۴۵۷
سوال:غسلِ میت کا طریقہ بیان کر دیں۔ ۴۵۷
سوال:قراح، خطمی اور حنوط سے کیا مراد ہے؟ ۴۵۷
سوال:غسل میں روئی کا استعمال کرنا کیسا ہے؟ ۴۵۷
سوال:میت کی داڑھی میں کنگھی کرنا اور ناخن و بال کاٹنا کیسا ہے؟ ۴۵۷
سوال:کیا عورت اپنے شوہر کو اور شوہر اپنی عورت کو غسل دے سکتے ہیں؟ ۴۵۹
سوال:کیا باندی اپنے آقا کو غسل دے سکتی ہے؟ ۴۵۹

سوال: عورت کا انتقال ہوا اور وہاں کوئی عورت نہیں کہ اسے نہلا دے تو کیا حکم ہے؟ ۴۶۰

سوال: خنثیٰ مشکل کو غسل دینے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ ۴۶۰

سوال: وہ لڑکا اور لڑکی جو ابھی حدِ شہوت کو نہیں پہنچے انہیں کون غسل دے سکتا ہے؟ ۴۶۰

سوال: میت کو بوسہ دینا کیسا ہے؟ ۴۶۰

سوال: بیوی کا کفن کس پر واجب ہے؟ ۴۶۰

سوال: فقیر و مسکین کا کفن کس پر لازم ہے؟ ۴۶۰

سوال: میت کو کفن دینے کا کیا حکم ہے؟ ۴۶۰

سوال: کفن کے کتنے درجے اور کون کون سے ہیں؟ ۴۶۱

سوال: مرد کے لئے سنّت کفن کیا ہے؟ ۴۶۱

سوال: عورت کے لئے سنّت کفن کیا ہے؟ ۴۶۱

سوال: لفافہ، ازار، قمیص، اوڑھنی اور سینہ بند کی مقدار کتنی ہونی چاہئے؟ ۴۶۱

سوال: کفن کا کپڑا کیسا ہونا چاہئے؟ ۴۶۱

سوال: مرد و عورت کے لئے کفنِ کفایت کیا ہے؟ ۴۶۱

سوال: میت کو عمامہ پہنانا کیسا ہے؟ ۴۶۱

سوال: کفن پہنانے کا کیا طریقہ ہے؟ ۴۶۱

سوال: مرد و عورت کے لئے کفنِ ضرورت کیا ہے؟ ۴۶۲

فَصْلٌ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ ٤٦٣

سوال: نمازِ جنازہ کا کیا حکم ہے؟ ۴۶۴

سوال: نمازِ جنازہ کے رکن کتنے ہیں؟ ۴۶۴

سوال: نمازِ جنازہ کی شرائط کیا ہیں؟ ۴۶۴

سوال: نمازِ جنازہ میں میت سے تعلق رکھنے والی شرائط کیا ہیں؟ ... ۴۶۵

سوال: نمازِ جنازہ میں سنّتِ موکدہ کتنی ہیں؟ ... ۴۶۵

سوال: نمازِ جنازہ کا طریقہ کیا ہے؟ ... ۴۶۵

سوال: نمازِ جنازہ میں کون سی دعا پڑھے؟ ... ۴۶۶

سوال: "یسلم بعد الرابعة من غیر دعا فی ظاہر الروایة" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ... ۴۶۶

سوال: نمازِ جنازہ کی تکبیروں میں ہاتھ اٹھانا کیسا ہے؟ ... ۴۶۷

سوال: نمازِ جنازہ میں اگر امام نے پانچ تکبیریں کہی تو مقتدی کو کیا حکم ہے؟ ... ۴۶۷

سوال: مجنون اور بچوں کے جنازے کی نماز میں کون سی دعا پڑھی جائے گی؟ ... ۴۶۷

فَصْلٌ فِيْ بَيَانِ الْأَحَقِّ بِالصَّلَاةِ عَلَى الْجِنَازَةِ ... ٤٦٨

سوال: نمازِ جنازہ میں امامت کا حق کسے ہے؟ ... ۴۶۹

سوال: میت کے ولی سے مراد کون ہے؟ ... ۴۶۹

سوال: جس شخص کو آگے ہونے کا حق ہے کیا وہ دوسرے کو اجازت دے سکتا ہے؟ ... ۴۶۹

سوال: غیر حقدار نے ولی کی اجازت کے بغیر نمازِ جنازہ پڑھادی تو کیا حکم ہے؟ ... ۴۶۹

سوال: اگر میت نے کسی کے لئے وصیت کی کہ فلاں میری نمازِ جنازہ پڑھائے تو کیا حکم ہے؟ ... ۴۶۹

سوال: میت کو بغیر نمازِ جنازہ پڑھائے دفن کر دیا تو کب تک اس کی نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں؟ ... ۴۷۰

سوال: اگر چند جنازے جمع ہوں تو کس طرح نماز پڑھیں گے؟ ... ۴۷۰

سوال: اگر چند جنازوں کی نماز ایک ساتھ پڑھی جائے تو رکھنے کی ترتیب کیا ہوگی؟ ... ۴۷۰

سوال: جس کی بعض تکبیر فوت ہوگئی تو وہ نمازِ جنازہ میں کب اور کیسے شامل ہو؟ ... ۴۷۱

سوال: جو شخص چوتھی تکبیر کے بعد آیا تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ ... ۴۷۲

سوال: مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟ ... ۴۷۲

سوال: بچہ پیدا ہوتے ہی مر گیا یا مردہ پیدا ہوا تو نمازِ جنازہ کے تعلق سے کیا حکم ہے؟ ۴۷۲
سوال: کافر کا بچہ دار الحرب میں اپنی ماں یا باپ کے ساتھ یا بعد میں قید کیا گیا پھر وہ مر گیا تو کیا حکم ہے؟ ۴۷۲
سوال: اگر کوئی کافر مر گیا تو کیا مسلمان رشتہ دار پر غسل و کفن ضروری ہے؟ ۴۷۴
سوال: کن لوگوں کا جنازہ نہیں پڑھا جائے گا؟ ۴۷۴
سوال: کیا خود کشی کرنے والے کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی؟ ۴۷۴

فَصْلٌ فِيْ حَمْلِ الْجَنَازَةِ وَدَفْنِهَا ٤٧٥

سوال: جنازہ کو قبرستان لے جانے کی سنتیں اور آداب کیا ہیں؟ ۴۷۵
سوال: جنازہ کو لے جانے میں چلنے کی رفتار کیا ہونی چاہئے؟ نیز جنازہ کے پیچھے چلے یا آگے؟ ۴۷۶
سوال: جنازے کے جلوس میں ذکر بلند آواز سے کریں یا آہستہ آواز میں؟ ۴۷۷
سوال: جنازے کو زمین پر رکھنے سے پہلے لوگوں کا بیٹھنا کیسا ہے؟ ۴۷۷
سوال: قبر کی لمبائی چوڑائی کتنی ہونی چاہئے؟ ۴۷۷
سوال: قبر کتنی قسم کی ہوتی ہے؟ ۴۷۷
سوال: میت کو دفن کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۴۷۷
سوال: میت کو قبر میں کس جانب سے اتارا جائے؟ نیز اتارنے والا کیا کہے؟ ۴۷۸
سوال: میت کو قبر میں کیسے لٹائیں؟ ۴۷۸
سوال: قبر میں اینٹ لگانا کیسا ہے؟ ۴۷۹
سوال: دفناتے وقت قبر کو چھپانا کیسا ہے؟ نیز تختے لگانے کے بعد کیا کریں؟ ۴۷۹
سوال: قبر کیسی بنائیں؟ ۴۷۹
سوال: قبر پر عمارت بنانا کیسا ہے؟ ۴۷۹
سوال: قبر پر نشان کے لئے نام وغیرہ لکھنا کیسا ہے؟ ۴۷۹

سوال: جس جگہ انتقال ہوا اسی جگہ دفن کرنا کیسا ہے؟ ۴۷۹

سوال: ایک قبر میں ایک سے زیادہ مردوں کو دفن کرنا کیسا ہے؟ ۴۸۰

سوال: جو شخص جہاز میں انتقال کر گیا اس کے غسل، کفن و دفن کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۴۸۱

سوال: میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ قبلِ دفن اور بعدِ دفن منتقل کرنا کیسا ہے؟ ۴۸۱

سوال: کن صورتوں میں میت کو بعدِ دفن دوسری جگہ منتقل کرنا جائز ہے؟ ۴۸۱

سوال: دوسری میت کی کھودی ہوئی قبر میں دفنانا کیسا ہے؟ ۴۸۱

سوال: کن صورتوں میں قبر کھولی جاسکتی ہے اور کن صورتوں میں نہیں کھولی جاسکتی ہے؟ ۴۸۱

رحمت بھری حکایت ٤٨٢

فَصْلٌ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ ٤٨٣

سوال: زیارتِ قبور کرنا کیسا ہے؟ ۴۸۳

سوال: زیارتِ قبور کا طریقہ کیا ہے؟ ۴۸۴

سوال: قبر پر سورۂ یٰسٓ پڑھنے کی فضیلت کیا ہے؟ ۴۸۴

سوال: قبر پر اور قبرستان میں کون سی چیزیں منع ہیں؟ ۴۸۴

وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ یا مُحَمَّد ہاشِمُ التَّتوی ۴۸۵

بَابُ اَحْكَامِ الشَّهِيْدِ ٤٨٦

سوال: اصطلاحِ فقہ میں شہید کسے کہتے ہیں؟ ۴۸۶

سوال: شہید کا حکم کیا ہے؟ ۴۸۷

سوال: شہید کے جسم سے کپڑوں کو اتارنے کا کیا حکم ہے؟ ۴۸۷

سوال: کن لوگوں کو غسل دیا جائے گا؟ ۴۸۷

قبرِ انور سے دستِ مُبارَک نکلا ۴۸۸

کِتَابُ الصَّوْمِ ٤٩٠

سوال: صوم کا لغوی اور شرعی معنیٰ کیا ہے؟ ۴۹۱

سوال: رمضان کے روزوں کے فرض ہونے کا سبب کیا ہے؟ ۴۹۱

سوال: رمضان کے روزے کس پر فرض ہیں؟ ۴۹۱

سوال: روزے کی ادائیگی کے واجب ہونے کی کیا شرائط ہیں؟ ۴۹۲

سوال: روزے کی ادائیگی کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرائط ہیں؟ ۴۹۲

سوال: روزے کا رکن کیا ہے؟ ۴۹۲

سوال: ”وما اکف بھا“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۴۹۲

سوال: روزے کا حکم کیا ہے؟ ۴۹۲

فَصْلٌ فِيْ صِفَةِ الصَّوْمِ وَتَقْسِيْمِهٖ ٤٩٣

سوال: روزے کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۴۹۴

سوال: فرض روزے کون سے ہیں؟ ۴۹۴

سوال: واجب روزے کون سے ہیں؟ ۴۹۴

سوال: سنّت روزے کون سے ہیں؟ ۴۹۴

سوال: مستحب روزے کون سے ہیں؟ ۴۹۵

سوال: نفل روزے کون سے ہیں؟ ۴۹۵

سوال: مکروہ روزے کون سے ہیں؟ ۴۹۵

فَصْلٌ فِيْمَا لَا يُشْتَرَطُ تَبْيِيْتُ النِّيَّةِ ٤٩٦

سوال: کن روزوں میں نیّت کو معین کرنا اور رات سے ارادہ کرنا شرط نہیں؟ ۴۹۷

سوال: کیا رمضان، نذر معین اور نفل روزے مطلق روزے کی نیّت سے ادا ہو جائیں گے؟ ۴۹۷

سوال: مسافر یا مریض نے رمضان میں نفل یا کسی دوسرے واجب روزے کی نیّت کرے تو کون سا روزہ ادا ہو گا؟ ۴۹۷

سوال: کیا نذرِ معین کسی اور واجب کی نیّت سے ادا ہو جائے گا؟ ۴۹۷

سوال: کن روزوں میں نیّت کی تعیین اور رات سے نیّت کرنا شرط ہے؟ ۴۹۸

میں سرکار صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس آیا ہوں ۴۹۸

فَصْلٌ فِیْمَا یَثْبُتُ بِهِ الْهِلَالُ وَفِیْ صَوْمِ یَوْمِ الشَّکِّ ۴۹۹

سوال: کن مہینوں کا چاند دیکھنا ضروری ہے؟ ۵۰۰

سوال: رمضان کا مہینہ کب سے ثابت ہوتا ہے؟ ۵۰۰

سوال: یومِ شک کسے کہتے ہیں؟ ۵۰۰

سوال: یومِ شک میں روزہ رکھنے کا کیا حکم ہے؟ ۵۰۰

سوال: شعبان کو روزہ رکھنا کس کے لئے افضل ہے اور کس کے لئے مکروہ ہے؟ ۵۰۱

سوال: یومِ شک میں مفتی کیا فتوی دے گا؟ ۵۰۱

سوال: یومِ شک میں کن لوگوں کو روزہ رکھنا مستحب ہے؟ نیز خواص و عوام میں فرق کیا ہے؟ ۵۰۱

سوال: کسی نے رمضان یا عید کا چاند دیکھا مگر اس کی گواہی رد ہو گئی تو اسے روزہ رکھنے یا نہ رکھنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ ۵۰۱

سوال: رمضان کے چاند کے ثبوت کے لئے کتنے گواہوں کی گواہی ضروری ہے؟ ۵۰۳

سوال: مستور کسے کہتے ہیں؟ ۵۰۳

سوال: کیا رمضان اور غیر رمضان کے چاند کی گواہی میں لفظِ شہادت کہنا ضروری ہے؟ ۵۰۳

سوال: اگر دن میں چاند دیکھے تو کیا حکم ہے؟ ۵۰۴

سوال: کیا ٹیلیفون سے رویتِ ہلال ثابت ہو جائے گی؟ ۵۰۴

بَابُ فِیْ بَیَانِ مَالَا یُفْسِدُ الصَّوْمَ ۵۰۶

سوال: جن چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا ان کو مفصل انداز میں بیان کریں۔ ۵۰۷

سوال: کسی روزے دار کو بھول کر کھاتا پیتا دیکھیں تو یاد دلانے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۵۰۸
سرکار صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کھانا بھجوایا ۵۰۹
بَابُ مَا يَفْسُدُ بِهِ الصَّوْمُ وَتَجِبُ بِهِ الْكَفَّارَةُ ۵۱۰
سوال: کتنی چیزوں سے روزہ کی قضا کے ساتھ ساتھ کفارہ لازم آتا ہے؟ ۵۱۱
سوال: مفسد روزہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ اور کون کون سی ہیں؟ ۵۱۱
سوال: روزہ کی قضا کے ساتھ کفارہ کے لازم ہونے کی کیا شرائط ہیں؟ ۵۱۱
سوال: جن صورتوں میں قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم آتا ہے ان کو مفصلاً بیان کریں۔ ۵۱۱
سوال: گل ارمنی کس مٹی کو کہتے ہیں؟ ۵۱۳
سوال: غلط فتویٰ پر عمل کرنے اور حدیث کی غلط تاویل کرنے پر کیا حکم ہے؟ ۵۱۳
فَصْلٌ فِي الْكَفَّارَةِ وَمَا يُسْقِطُهَا ۵۱۴
سوال: کفارہ کب ساقط ہو جاتا ہے؟ ۵۱۵
سوال: جس کو زبردستی سفر میں لے جایا گیا ہو تو کیا اس سے کفارہ ساقط ہو جائے گا؟ ۵۱۵
سوال: روزہ کا کفارہ کیا ہے؟ ۵۱۵
سوال: اگر کسی نے کئی روزے توڑے تو سب کی جانب سے کتنے کفارے ادا کرے گا؟ ۵۱۶
تم زیارت کو نہ آئے تو ہم آ گئے ۵۱۶
بَابُ مَا يُفْسِدُ الصَّوْمَ مِنْ غَيْرِ كَفَّارَةٍ ۵۱۷
سوال کتنی چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ ۵۱۷
سوال: مفسد صوم مفصل بیان کریں۔ ۵۱۷
سوال: علی الاصح کا تعلق کن مسائل سے ہے؟ ۵۱۸
سوال: مفسد صوم بیان کریں۔ ۵۱۹

سوال: جائفہ اور آمہ کس کو کہتے ہیں؟ ۵۱۹

سوال: مفسدات صوم بالتفصیل بیان کریں۔ ۵۲۰

سوال: مفسدات صوم بالتفصیل بیان کریں۔ ۵۲۲

سوال: جنون کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۵۲۳

ہم نے تمہارا عُذر قبول کر لیا ہے ۵۲۳

فَصْلٌ يَجِبُ الْإِمْسَاكُ بَقِيَّةَ الْيَوْمِ ٥٢٤

سوال: کون سے غیر روزہ دار کو دن میں کھانے پینے سے رکے رہنا واجب ہے؟ ۵۲۴

سوال: "الا الآخیرین" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۵۲۴

فَصْلٌ فِيمَا يُكْرَهُ لِلصَّائِمِ وَمَا لَا يُكْرَهُ ٥٢٥

سوال: روزہ دار کے لئے کتنی اور کون کون سی چیزیں مکروہ ہیں؟ ۵۲۶

سوال: روزہ دار کے لئے کتنی اور کون کون سی چیزیں مکروہ نہیں ہیں؟ ۵۲۷

سوال: روزہ دار کے لئے کتنی اور کون کون سی چیزیں مستحب ہیں؟ ۵۲۷

سرکار نے دِرھَم عطا فرمائے ۵۲۸

فَصْلٌ فِي الْعَوَارِضِ ٥٢٩

سوال: کن صورتوں میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے؟ ۵۲۹

سوال: مرض کی وجہ سے روزہ چھوڑنے کی کب اجازت ہے؟ ۵۳۰

سوال: حمل والی اور دودھ پلانے والی کو کب روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؟ ۵۳۰

سوال: کون سا خوف معتبر ہے؟ نیز مریض کو غالب گمان کب ہو گا؟ ۵۳۰

سوال: ہلاکت کے خوف سے روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے تو اس کی کیا صورت ہو گی؟ ۵۳۰

سوال: جس سفر میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے وہ کون سا سفر ہے؟ ۵۳۰

سوال: مسافر کے لئے کیا بہتر ہے، روزہ رکھنا یا نہ رکھنا؟ ۵۳۱

سوال: مذکورہ افراد اسی عذر میں مر گئے تو کیا حکم ہے؟ ۵۳۲

سوال: کیا ان لوگوں کے لئے قضا روزہ ترتیب وار رکھنا اور لگاتار رکھنا ضروری ہے؟ ۵۳۲

سوال: شیخِ فانی اور عجوز فانیہ کسے کہتے ہیں؟ نیز ان کو روزہ رکھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۵۳۲

سوال: روزہ کا فدیہ کیا ہے؟ ۵۳۳

سوال: جس نے ہمیشہ روزہ رکھنے کی منّت مانی مگر رکھ نہ سکتا ہو تو کیا حکم ہے؟ ۵۳۳

سوال: جو شخص فدیہ دینے پر قادر نہ ہو تو کیا کرے؟ ۵۳۳

سوال: قسم یا قتل کا کفارہ واجب ہوا پھر شیخِ فانی ہو گیا تو کیا حکم ہے؟ ۵۳۴

سوال: کیا دعوت کی وجہ سے نفل روزہ توڑ سکتے ہیں؟ ۵۳۴

سوال: کس نفل روزے کو توڑنے پر قضا ہے اور کس پر نہیں؟ ۵۳۵

سرکار صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے روٹی عطا فرمائی ۵۳۵

بَابُ مَا يَلْزَمُ الْوَفَاءُ بِهٖ ٥٣٦

سوال: شرعی منت جس کے ماننے سے شرعاً اس کا پورا کرنا واجب ہوتا ہے اس کے لئے کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۵۳۷

سوال: کیا غلام کو آزاد کرنے، اعتکاف کرنے اور نماز پڑھنے کی منت مان سکتے ہیں؟ ۵۳۷

سوال: منت کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۵۳۸

سوال: عیدین اور ایام تشریق میں روزوں کی منت ماننا کیسا؟ اور ان کو ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۵۳۸

سوال: منت میں وقت، جگہ، درہم اور فقیر کی تعیین کے بارے میں کیا حکم ہے؟ ۵۳۹

سوال: نذرِ معلق میں شرط پائے جانے سے پہلے منت پوری کر دی تو کیا حکم ہے؟ ۵۳۹

اعلٰی حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ نے مِنٰی میں دعائے مغفرت کروائی ۵۳۹

بَابُ الْاِعْتِكَافِ ٥٤٠

سوال: اعتکاف کسے کہتے ہیں؟ نیز اس کے لئے کیا شرطیں ہیں؟ ۵۴۰
سوال: اعتکاف کرنے کے لئے کیسی مسجد ہونی چاہئے؟ ۵۴۱
سوال: عورت کہاں اعتکاف کرے گی؟ ۵۴۱
سوال: اعتکاف کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۵۴۱
سوال: روزہ کس اعتکاف میں شرط ہے؟ ۵۴۲
سوال: معتکف اعتکاف گاہ سے کب کب باہر نکل سکتا ہے؟ ۵۴۳
سوال: معتکف کو بلا عذر اعتکاف گاہ سے نکلنا کیسا ہے؟ ۵۴۴
سوال: معتکف حالتِ اعتکاف میں مسجد کے اندر کیا کر سکتا ہے؟ اور کیا کرنا مکروہ ہے؟ ۵۴۵
سوال: معتکف کو خاموش رہنا کیسا ہے؟ ۵۴۵
سوال: معتکف نہ چُپ رہے، نہ کلام کرے تو کیا کرے؟ ۵۴۵
سوال: معتکف کو وطی یا دواعیٔ وطی کا ارتکاب کرنا کیسا ہے؟ اور اس سے اعتکاف پر کیا اثر پڑے گا؟ ۵۴۵
سوال: دن کا یا رات کا اعتکاف کرنے کی منّت مانی تو کیا حکم ہے؟ ۵۴۶
سوال: ایک مہینے کے اعتکاف کی منّت مانی تو کیا حکم ہے؟ ۵۴۷
سوال: اعتکاف کا ثبوت کہاں سے ہے؟ ۵۴۷
بیٹا قید سے رہا ہو گیا ۵۴۸
خَاتِمَةُ الْكِتَابِ ۵۴۹
كِتَابُ الزَّكَاةِ ۵۵۱
سوال: زکاۃ کسے کہتے ہیں؟ ۵۵۱
سوال: زکاۃ کن لوگوں پر فرض ہے؟ ۵۵۱
سوال: زکاۃ کتنے قسم کے مال پر ہے؟ ۵۵۳

سوال: زکاۃ کی آدائیگی کے واجب ہونے کی شرط کیا ہے؟ ۵۵۴

سوال: جو مال درمیان سال میں حاصل ہوا اُس کی زکاۃ کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۵۵۴

سوال: کیا پیشگی زکاۃ ادا کر سکتے ہیں؟ ۵۵۴

سوال: زکاۃ کی آدائیگی کے صحیح ہونے کی کیا شرط ہے؟ ۵۵۵

سوال: کیا زکاۃ لینے والے کو اس کا علم ہونا ضروری ہے کہ یہ زکاۃ ہے؟ ۵۵۵

سوال: اگر کسی مالدار نے اپنا سارا مال صدقہ کر دیا اور زکاۃ کی نیت نہیں کی تو کیا زکاۃ ادا ہو گئی یا نہیں؟ ۵۵۵

سوال: دین (قرض) کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۵۵۶

سوال: دینِ قوی کسے کہتے ہیں؟ ۵۵۶

سوال: دینِ قوی کی زکاۃ کا حکم کیا ہے؟ ۵۵۶

سوال: دینِ متوسط کسے کہتے ہیں؟ ۵۵۷

سوال: دینِ متوسط کی زکاۃ کیسے اور کب نکالیں گے؟ ۵۵۷

سوال: دینِ ضعیف کسے کہتے ہیں؟ ۵۵۸

سوال: دینِ ضعیف کی زکاۃ کیسے اور کب نکالیں گے؟ ۵۵۸

سوال: مہر، وصیت، بدلِ خلع، بدلِ صلح، قتلِ عمد اور بدلِ کتابت کسے کہتے ہیں؟ ۵۵۸

سوال: مکاتب غلام کسے کہتے ہیں؟ ۵۵۹

سوال: سعایہ کسے کہتے ہیں؟ ۵۵۹

سوال: ضمان کا لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہے؟ ۵۵۹

سوال: مالِ ضمان میں کون کون سے مال آتے ہیں؟ اور ان کی زکاۃ کب نکالی جائے گی؟ ۵۵۹

سوال: آبق، مفقود، مغصوب اور مالِ ساقط کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۰

سوال: ”ولایجزئ عن الزکاۃ دین آبرئ عنہ فقیر بنیتھا“ اس عبارت سے کون سا مسئلہ بیان کیا گیا ہے؟ ۵۶۰

سوال: کیا سونے اور چاندی کی زکاۃ دوسری چیزوں کے ذریعے نکال سکتے ہیں؟ ۵۶۱

سوال: ”تضم قیمۃ العروض إلی الثمنین والذھب إلی الفضۃ قیمۃ“ اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۵۶۱

سوال: درمیانِ سال نصاب کم ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ ۵۶۱

سوال: فإن تملک عرضا بنیۃ التجارۃ وھو لا یساوي نصابا اس عبارت سے کون سا مسئلہ بیان کیا جا رہا ہے؟ ۵۶۲

سوال: سونے اور چاندی کا نصاب کیا ہے؟ ۵۶۲

سوال: سونا اور چاندی نصاب سے زیادہ ہو تو اس کی کس طرح زکاۃ نکالی جائے گی؟ ۵۶۲

سوال: سونے اور چاندی میں کھوٹ ہو تو کیا حکم ہے؟ ۵۶۳

سوال: ہیرے جواہرات کی زکاۃ کا کیا حکم ہے؟ ۵۶۳

سوال: چیزوں کا بھاؤ گھٹتے بڑھتے رہنے کی صورت میں زکاۃ کا کیا حکم ہے؟ ۵۶۴

سوال: قیمت کی تعریف کیا ہے؟ ۵۶۴

سوال: کس بھاؤ کا اعتبار ہوگا؟ ۵۶۴

سوال: کس جگہ کی قیمت لی جائے گی؟ ۵۶۴

سوال: قیمت کس دن کی معتبر ہے؟ ۵۶۴

سوال: نصاب کا مالک تھا اور سال گزرنے پر زکاۃ نہ نکالی کہ مال ہلاک ہو گیا تو کیا حکم ہے؟ ۵۶۵

سوال: اگر بعض مال ہلاک ہوا اور بعض باقی ہے تو کیا حکم ہے؟ ۵۶۵

سوال: فإن لم یجاوزہ فالواجب علی حالہ اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۵۶۵

سوال: کیا زکاۃ زبردستی لی جا سکتی ہے؟ ۵۶۶

سوال: کیا میّت کے ترکہ میں سے زکاۃ لی جائے گی؟ ۵۶۶

سوال: زکاۃ سے بچنے کے لئے حیلہ کرنا کیسا ہے؟ ۵۶۶

مدینے میں ننگے پاؤں ۵۶۶

بَابُ الْمَصْرَفِ ۵٦٧

سوال: زکاۃ کسے دی جائے؟ ۵۶۷

سوال: فقیر کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۷

سوال: مسکین کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۸

سوال: عامل کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۸

سوال: رکاب کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۸

سوال: غارم کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۸

سوال: فی سبیل اللہ کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۸

سوال: ابن سبیل کسے کہتے ہیں؟ ۵۶۹

سوال: کیا ان سب کا فقیر ہونا شرط ہے؟ ۵۶۹

سوال: کیا زکاۃ ساتوں قسم کے لوگوں کو دینا ضروری ہے؟ ۵۶۹

سوال: کیا ان لوگوں کو زکاۃ دینے میں مالک بنانا ضروری ہے؟ ۵۷۰

سوال: کافر اور بد مذہب کو زکاۃ دینا کیسا ہے؟ ۵۷۰

سوال: کن کو زکاۃ نہیں دے سکتے؟ ۵۷۱

سوال: کن رشتہ داروں کو زکاۃ دے سکتے ہیں؟ ۵۷۱

سوال: کن غُلاموں کو زکاۃ نہیں دے سکتے؟ ۵۷۱

سوال: کن غُلاموں کو زکاۃ دے سکتے ہیں؟ ۵۷۱

سوال: ساداتِ کرام کو زکاۃ نہ دینے کی کیا وجہ ہے؟ ۵۷۱

سوال: بنو ہاشم کون ہیں؟ ۵۷۲
سوال: واختار الطحاوي جواز دفعها لبني هاشم اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۵۷۲
سوال: کیا میّت کے کفن و قرض میں زکاۃ کو صرف کر سکتے ہیں؟ ۵۷۲
سوال: و ثمن قن یعتق اس عبارت کا کیا مطلب ہے؟ ۵۷۲
سوال: غیر مستحق نے زکاۃ لے لی تو کیا حکم ہے؟ ۵۷۳
سوال: مالِ زکاۃ دے کر فقیر کو غنی بنا دینا کیسا ہے؟ ۵۷۳
سوال: فقیر کو کتنا دینا مستحب ہے؟ ۵۷۳
سوال: زکاۃ کو دوسرے شہر بھجوانا کیسا ہے؟ ۵۷۴
سوال: کس کو زکاۃ دینا افضل ہے؟ ۵۷۴
بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ ۵۷۵
سوال: صدقۂ فطر کسے کہتے ہیں؟ اور یہ کیوں نکالا جاتا ہے؟ اس کی حکمت کیا ہے؟ ۵۷۵
سوال: صدقۂ فطر کب مشروع ہوا؟ ۵۷۶
سوال: صدقۂ فطر کا شرعی حکم کیا ہے؟ ۵۷۶
سوال: صدقۂ فطر کس پر واجب ہے؟ ۵۷۶
سوال: مالکِ نصاب کون ہوتا ہے؟ ۵۷۶
سوال: وجوبِ فطرہ کا وقت کیا ہے؟ ۵۷۶
سوال: زکاۃ اور صدقۂ فطر میں کیا فرق ہے؟ ۵۷۶
سوال: فطرہ کی ادائیگی کی شرائط کیا ہیں؟ ۵۷۶
سوال: کیا نابالغ پر صدقۂ فطر واجب ہے؟ ۵۷۶
سوال: ماں کے پیٹ میں موجود بچے کے فطرہ کا کیا حکم ہے؟ ۵۷۷

سوال: چھوٹے بھائی کا فطرہ کس پر واجب ہے؟ ۵۷۷

سوال: والمعتبر فیھا الکفایۃ لا التقدیر اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۵۷۷

سوال: حاجتِ اَصلیہ کسے کہتے ہیں؟ ۵۷۷

سوال: صدقۂ فطر کون کس کا نکالے گا؟ ۵۷۸

سوال: غریب باپ کے بچوں کا فطرہ کون نکالے گا؟ ۵۷۸

سوال: آقا اپنے کن غلاموں کا صدقۂ فطر نکالے گا؟ ۵۷۹

سوال: مرد کن کا صدقۂ فطر نہیں نکالے گا؟ ۵۷۹

سوال: صدقۂ فطر کن چیزوں سے ادا ہوتا ہے؟ اور کتنی مقدار ہے؟ ۵۷۹

سوال: صاع کی مقدار کتنی ہے؟ ۵۷۹

سوال: صدقۂ فطر میں کیا دینا افضل ہے؟ ۵۸۰

سوال: صدقۂ فطر کی ادائیگی کا وقت کیا ہے؟ ۵۸۰

سوال: عید کے دن صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے یا بعد میں کوئی پیدا ہوا، یا مرا، یا مسلمان ہوا، یا غنی فقیر ہوا تو کیا حکم ہے؟ ۵۸۱

سوال: کس وقت صدقۂ فطر ادا کرنا مستحب ہے؟ ۵۸۱

سوال: ایک شخص کا فطرہ کتنے فقیروں کو دیا جائے؟ ۵۸۱

سوال: فطرہ کے مصارف کون ہیں یعنی کس کو دیا جائے؟ ۵۸۱

مدینے میں سُواری سے پرہیز ۵۸۲

كِتَابُ الْحَجِّ ۵۸٤

سوال: حج کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟ نیز کعبہ شریف کے بارے میں کچھ بتائیں۔ ۵۸۴

سوال: اصطلاحِ شرع میں حج کسے کہتے ہیں؟ اور کب فرض ہوا؟ اور کتنی بار فرض ہے؟ ۵۸۴

سوال: حج کا وقت کب سے کب تک ہے؟ ۵۸۵

سوال: حج کی کتنی قسمیں ہیں؟ ٥٨٥
سوال: حج کے فرض ہونے کی کتنی شرائط ہیں؟ ٥٨٦
سوال: پہلی شرط کون سی ہے؟ ٥٨٦
سوال: دوسری شرط کون سی ہے؟ ٥٨٦
سوال: تیسری شرط کون سی ہے؟ ٥٨٧
سوال: چوتھی شرط کون سی ہے؟ ٥٨٧
سوال: پانچویں شرط کون سی ہے؟ ٥٨٧
سوال: چھٹی شرط کون سی ہے؟ ٥٨٧
سوال: ساتویں شرط کون سی ہے؟ ٥٨٧
سوال: آٹھویں شرط کون سی ہے؟ ٥٨٨
سوال: کیا مکہ اور اس کے ارد گرد رہنے والوں کے لئے سواری ضروری ہے؟ ٥٨٨
سوال: حج کے وجوبِ ادا کی کتنی شرطیں ہیں؟ ٥٨٩
سوال: پہلی شرط کون سی ہے؟ ٥٨٩
سوال: دوسری شرط کون سی ہے؟ ٥٩٠
سوال: تیسری شرط کون سی ہے؟ ٥٩٠
سوال: چوتھی شرط کون سی ہے؟ ٥٩٠
سوال: پانچویں شرط کون سی ہے؟ ٥٩٠
سوال: محرم سے مراد کون سا مرد ہے؟ نیز محرم کے کیا شرط ہے؟ ٥٩٠
سوال: والعبرة بغلبة السلامة براوبحرا علی المفتی بہ اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ٥٩١

سوال: فرض حج کو ادا کرنے کے صحیح ہونے کے لئے کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۵۹۲

سوال: احرام کا معنی کیا ہے؟ ۵۹۲

سوال: احرام کہاں سے باندھا جائے گا؟ ۵۹۳

سوال: میقات کس جگہ کو کہتے ہیں؟ نیز میقات کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۵۹۳

سوال: وقوفِ عرفات کب تک واجب ہے؟ ۵۹۴

سوال: حج کے واجبات کو مختصراً تفصیل سے بیان کریں۔ ۵۹۴

سوال: حلق اور تقصیر کے متعلق کچھ بتائیں۔ ۵۹۵

سوال: حرم کتنا بڑا ہے اور اس کی حدود کیا ہیں؟ ۵۹۸

سوال: کون سی باتیں احرام میں حرام ہیں؟ ۵۹۸

سوال: تلبیہ کسے کہتے ہیں؟ اور کتنی بار کہنا ہے؟ ۶۰۰

سوال: تلبیہ کب کب کہنا ہے؟ ۶۰۰

سوال: لَبَّیْک کہنے کے بعد کیا کریں؟ ۶۰۰

سوال: کَعبہ مُشرَّفہ پر پہلی نظر پڑے تو کیا کرنا چاہئے؟ ۶۰۱

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔ ۶۰۱

سوال: طوافِ قدوم کسے کہتے ہیں؟ ۶۰۳

سوال: اضطباع اور رمل کسے کہتے ہیں؟ ۶۰۳

سوال: میلین اخضرین کسے کہتے ہیں؟ ۶۰۳

سوال: آفاقی کسے کہتے ہیں؟ ۶۰۳

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔ ۶۰۴

سوال: جمرہ کیا ہے اور یہ کتنے ہیں؟ ٦٠٥
سوال: رمی کرنے کے اوقات بیان کریں۔ ٦٠٥
سوال: کیا عورتوں کی جانب سے مرد رمی کرسکتے ہیں؟ ٦٠٦
سوال: رمی کرنے کی فضیلت کیا ہے؟ ٦٠٦
سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔ ٦٠٦
سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔ ٦٠٧
سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔ ٦٠٨
سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔ ٦٠٩
ذکرِ نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے وقت رنگ بدل جاتا ٦٠٩
فَصۡلٌ: فِيۡ كَيۡفِيَّةِ تَرۡكِيۡبِ أَفۡعَالِ الۡحَجِّ ٦١٠
سوال: حج کرنے کی کیا فضیلت ہے؟ ٦٢٣
سوال: حج کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ ٦٢٣
حج کی نیّت ٦٢٣
مَدَنی پھول ٦٢٣
لَبَّیۡک ٦٢٣
آٹھ ذُوالحجۃ الحرام، مِنٰی کو روانگی ٦٢٤
دعائے شبِ عَرَفہ ٦٢٤
نوذُوالحجۃ الحرام عرفات کو روانگی ٦٢٤
راہِ عَرَفات کی دعا ٦٢٤
عَرَفات شریف کی دعائیں ٦٢٤

مُزْدَلِفَہ کو روانگی ۶۲۵
مغرب وعشاء ملا کر پڑھنے کا طریقہ ۶۲۵
وُقُوفِ مُزْدَلِفَہ ۶۲۵
دسویں ذُوالحِجہ کا پہلا کام رَمی ۶۲۵
حج کی قربانی ۶۲۵
گیارہ اور بارہ ذُوالحِجَّۃ کی رَمی ۶۲۶
طوافِ زیارت ۶۲۶
طوافِ رُخصت ۶۲۶
”یاخدا حج قبول کر“ کے تیرہ حُرُوف کی نسبت سے ۱۳مَدَنی پھول ۶۲۶
درسِ حدیثِ پاک کا انداز ۶۲۷
فَصْلٌ فِي الْقِرَانِ ٦٢٨
سوال: حج قران کرنے کی کیا فضیلت ہے؟ ۶۲۹
سوال: قران کسے کہتے ہیں؟ نیز حج قران کے کیا احکام ہیں؟ ۶۲۹
بچھّو نے ۱۶ ڈنک مارے مگر درسِ حدیث جاری رکھا ۶۳۱
فَصْلٌ فِي التَّمَتُّعِ ٦٣٢
سوال: حج تمتع کا ثبوت کہاں سے ہے؟ ۶۳۳
سوال: تمتع کسے کہتے ہیں؟ نیز حج تمتع کے کیا احکام ہیں؟ ۶۳۳
سوال: تمتع کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ ۶۳۳
احادیث کے اَوراق پانی میں ڈالدیئے مگر----- ۶۳۶
فَصْلٌ فِي الْعُمْرَةِ ٦٣٧

سوال: عمرہ کرنے کی کیا فضیلت ہے؟ ۶۳۸

سوال: عمرہ کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ ۶۳۸

بَابُ الْجِنَايَاتِ ٦٤٥

سوال: جنایت سے کیا مراد ہے؟ ۶۴۵

سوال: جنایت کی کتنی قسمیں ہیں؟ ۶۴۵

سوال: محرم کی جنایت کی کتنی قسمیں ہیں؟ ۶۴۶

سوال: ”ويتعدد الجزاء بتعدد القاتلين المحرمين“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۶۴۶

سوال: کون سی جنایت دم کو واجب کرتی ہیں؟ ۶۴۶

سوال: ”وفي أخذ شاربه حكومة“ اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ ۶۴۸

سوال: کن جنایت سے صدقۂ فطر دینا واجب ہوتا ہے؟ ۶۴۸

سوال: ”إلا أن يبلغ المجموع دما فينقص ما شاء منه“ اس عبارت کی وضاحت کریں۔ ۶۴۹

سوال: ”كخمسة متفرقة“ کی وضاحت فرمائیں۔ ۶۴۹

سوال: وہ جنایت کون سی ہے جس میں نصف صاع سے کم صدقہ کرنا واجب ہوتا ہے؟ ۶۵۰

سوال: وہ جنایت کون سی ہے جو قیمت کو واجب کرتی ہے؟ ۶۵۰

سوال: اس عبارت ”وتجب قيمة ما نقص بنتف ريشه“ سے کون سا مسئلہ بیان کیا گیا ہے؟ ۶۵۱

سوال: جانور کے ہاتھ پیر کاٹنے کا کیا حکم ہے؟ ۶۵۱

سوال: غیر مُحرم نے حرم کے جنگل کا جانور ذبح کیا تو کیا حکم ہے؟ ۶۵۲

سوال: حرم کی گھاس اور درخت کے متعلق کیا حکم ہے؟ ۶۵۲

فَصْلٌ قَتْلُ الْحَيَوَانَاتِ ٦٥٣

سوال: کن کو قتل کرنے سے کفارہ لازم نہیں ہوتا ہے؟ ۶۵۳

فَصْلُ اَلْهَدْيُ ٦٥٤

سوال: ہدی کس جانور کو کہتے ہیں؟ ۶۵۴

سوال: ہدی کا جانور کیسا ہونا چاہئے؟ ۶۵۴

سوال: ہدی کے گلے میں ہار ڈالنا کیسا ہے؟ ۶۵۴

سوال: ہدی کے گوشت اور جھول ورسی کا کیا حکم ہے؟ ۶۵۵

سوال: ہدی کی جانور پر سوار ہونا اور بوجھ لادنا کیسا ہے؟ ۶۵۵

سوال: ہدی کے جانور کے دودھ کا کیا حکم ہے؟ ۶۵۵

سوال: پیدل حج کرنے کی منّت مانی تو کیا پیدل کرنا واجب ہے؟ ۶۵۶

قضائے حاجت کے لئے حرم سے باہر جایا کرتے ۶۵۶

مسجدِ نبوی میں آواز دھیمی رکھو ۶۵۶

زِيَارَةُ النَّبِيِّ ﷺ ٦٥٧

سوال: نبی ﷺ کی زیارت کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۶۵۸

سوال: سفرِ حج میں پہلے مکۂ مکرمہ جائے یا پہلے مدینۂ منورہ؟ ۶۵۸

سوال: نبی ﷺ کی قبرِ انور کی زیارت کرنے کی کوئی فضیلت بھی ہے؟ ۶۵۸

سوال: کیا ہمارے نبی ﷺ اپنی قبرِ مبارک میں زندہ ہیں؟ ۶۵۹

سوال: کلی اور جزوی امور سے کیا مراد ہے؟ ۶۶۰

سوال: نبی ﷺ کی زیارت کا ارادہ کرنے والا کیا کرے؟ ۶۶۰

سوال: مدینۂ منورہ میں داخل ہونے کے وقت کیا کرے؟ ۶۶۱

سوال: مسجدِ نبوی میں داخل ہونے کے بعد کیا کرے؟ ۶۶۲

سوال: روضۂ منور کی زیارت کا کیا طریقہ ہے؟ ۶۶۲

سوال: زیارتِ روضۂ رسول اللہ ﷺ کے وقت کیا کہے؟ ۶۶۴
سوال: زیارتِ روضۂ رسول اللہ ﷺ کے وقت سلام عرض کرنے کے بعد کیا کہے؟ ۶۶۶
سوال: پھر کیا کرے؟ ۶۶۷
سوال: رسول اللہ ﷺ کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟ ۶۶۸
سوال: حضرتِ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟ ۶۶۸
سوال: فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟ ۶۶۹
سوال: دونوں خلفاء کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟ ۶۷۰
سوال: پھر کیا کرے؟ ۶۷۱
سوال: پھر کیا کرے؟ ۶۷۲
سوال: پھر کیا کرے؟ ۶۷۲
سوال: بقیع پاک کی زیارت کرنے کے بعد کیا کرے؟ ۶۷۴

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيْب
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

مصنف کا تعارف

ابو الاخلاص حسن بن عمار بن علی شرنبلالی مصری ایک حنفی فقیہ ہیں، ان کی فقہ میں کئی تصانیف ہیں۔ آپ اپنے عصر کے بڑے فقہا میں شمار کیے جاتے ہیں۔ اور فقہ میں عقل اور اس کے نصوص و قواعد کی معرفت کے باعث متاخرین میں خاص مقام رکھتے ہیں۔ آپ کی ولادت ۹۹۴ھ میں ہوئی، بہت کتابیں تصنیف کیں جن میں سے شرح منظومہ ابن وہبان اور درر وغرر کے حواشی اور نور الایضاح فقہ میں اور اس کی شرح امداد الفتاح اور اس کا مختصر مراقی الفلاح وغیرہ رسائل ساٹھ سے زیادہ ہیں۔ وفات آپ کی ماہِ رمضان ۱۰۶۹ھ میں ہوئی، "مجموعۂ رشادت" تاریخ وفات ہے، شرنبلانی بضم شین مع را مہملہ وسکون نون وضم باء موحدہ خلاف قیاس شرابلولہ کی طرف منسوب ہے جو مصر کے نواح میں تاجروں کے ایک شہر کا نام ہے۔ اعیان فقہا اور اعلم فضلاء میں سے مشہور زمانہ اور معتبر فی الفتاویٰ تھے، علم عبد اللہ نحریری اور محمد مجی اور علی بن غانم مقدسی سے حاصل کیا اور آپ سے ایک جماعت مثل سید احمد حموی اور احمد عجمی اور اسمٰعیل نابلسی وغیرہم نے استفادہ کیا۔

نور الایضاح حسن بن عمار الشرنبلالی متوفی ۱۰۶۹ھ کی تصنیف ہے۔ اس کا مکمل نام "نور الایضاح ونجاۃ الارواح" ہے یہ عبادات پر مشتمل فقہ حنفی کی ایک مختصر مگر جامع کتاب ہے اس کتاب میں لازمی وضروری مسائل کا اجمالی ذکر ہے اس کی بہت سی شرح لکھی جاچکی ہے

الحمد للہ اللطیف والصلوۃ والسلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ ﷺ وعلی الك واصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

صرف کے دلچسپ سوالات

علم صرف کی بہترین کتاب جس میں صرف کے قاعدوں کی علتیں بیان کی گئی ہیں۔

آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے

☆...پہلا باب صحیح کے بیان میں ☆... فصل ماضی کے بیان میں ☆... فصل مستقبل کے بیان میں ☆... فصل امر اور نہی کے بیان میں
☆... فصل اسمِ فاعل کے بیان میں ☆... فصل اسمِ مفعول کے بیان میں ☆... فصل اسمِ زمان اور مکان کے بیان میں ☆... فصل اسمِ آلہ کے بیان میں
☆... دوسرا باب مضاعف کے بیان میں ☆... تیسرا باب مہموز کے بیان میں ☆... چوتھا باب مثال کے بیان میں ☆... پانچواں باب اجوف کے بیان میں
☆... چھٹا باب ناقص کے بیان میں ☆... ساتواں باب لفیف کے بیان میں

مصنف

مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

شارح کا تعارف

نام محمد شفیق خان، والد کا نام محمد شریف خان ہے، سلسلۂ قادریہ رضویہ عطاریہ میں شیخ طریقت امیرِ اہلسنت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ سے ۲۰۰۴ء میں بیعت ہونے کی وجہ سے اپنے نام کے ساتھ عطاری لکھتے ہیں، آپ کی ولادت قصبہ لَلَوُلِیٰ ضلع فتح پور ہنسوا صوبہ یوپی ہند میں ہوئی، آپ کی تاریخِ پیدائش ۱۰ جون ۱۹۸۶ء ہے۔

مولانا نے ابتداءً ہندی انگلش کی تعلیم حاصل کر کے سن ۲۰۰۰ء میں AC کا کام سیکھنے اور کرنے کے لئے بمبئی چلے گئے تھے اور وہاں پر ۴ سال قیام کیا پھر ۲۰۰۴ء میں اپنے وطن لوٹے، اور وطن میں ہی دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول ملا، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہونے کے بعد مختلف کورسز کئے اور ۲۰۰۶ء میں اپنے ہی علاقہ کے دار العلوم بنام جامعہ عربیہ گلشنِ معصوم قصبہ للولی میں قاری اقبال احمد عطاری سے قرآنِ پاک ناظرہ اور حضرت مولانا عتیق الرحمٰن مصباحی سے درسِ نظامی کے درجۂ اولی اور کچھ درجۂ ثانیہ کی کتابیں پڑھی، اس کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے چریا کوٹ ضلع مؤ تشریف لے گئے اور وہاں درجۂ ثانیہ مکمل کرنے کے بعد اہلسنت کے عظیم علمی ادارے الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ میں مطلوبہ درجۂ ثالثہ کا ٹسٹ دیا اور بفضلہ تعالی کامیاب ہونے کے بعد درجۂ ثالثہ وہیں پڑھی، پھر درجۂ رابعہ دار العلوم غوثیہ (جو ضلع اعظم گڑھ کے گاؤں سَرَیّا میں واقع ہے) میں مکمل کی پھر اس کے بعد دعوتِ اسلامی کے جامعۃ المدینہ فیضانِ عطار نیپال گنج، نیپال میں داخلہ لیا اور درجۂ خامسہ سے دورۂ حدیث تک کی تعلیم وہیں مکمل فرمائی، ۲۰۱۴ء میں فراغت کے بعد تدریس کے لئے دعوتِ اسلامی کے جامعۃ المدینہ فیضانِ صدیقِ اکبر آگرہ تشریف لے گئے اور ایک سال وہاں تدریس فرمائی، پھر مزید تدریس کے لئے دعوتِ اسلامی کے مدنی مرکز کے حکم پر بنگلہ دیس کے دار الحکومت ڈھاکہ کے جامعۃ المدینہ تشریف لے گئے، اور وہیں پر دعوتِ اسلامی کے جامعات کے درجۂ ثانیہ میں چلنے والی علمِ صرف کی کتاب بنام مراح الارواح کی اردو شرح بنام **شفیق المصباح** تصنیف فرمائی۔

اس کے بعد پھر جامعۃ المدینہ فیضانِ صدیقِ اکبر آگرہ تشریف لا کر درس و تدریس میں مشغول ہو گئے۔ اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ موصوف کو بے بہا برکات و ثمرات سے نوازے اور اس کارہائے نمایاں کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا کر کے موصوف کے لئے توشۂ آخرت بنائے آمین بجاہ النبی الامین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم۔

شارح کی اصلاحی کتب

1☆...ما فعل اللہ بک (حصہ اول)

2☆...ما فعل اللہ بک (حصہ دوم)

3☆...مافعل اللہ بک (حصہ سوم)
4☆...میری سنت میری امت
5☆...کیا حال ہے؟
6☆...اسلامی احکام کی حکمتیں حصہ اول موضوع عقائد کی حکمتیں
7☆...اسلامی احکام کی حکمتیں حصہ دوم موضوع پانچ نمازوں کی حکمتیں
8☆...قرآنی سورتوں کے مضامین
9☆...سب سے پہلے سب سے افضل
10☆...موت کے وقت
11☆...امتِ محمدیہ کے سوالات اور ان کے قرآنی جوابات
12☆...علوم رضا کی جھلکیاں
13☆...خطبات مصطفائی وخطبات شفیقی

شارح کی درسی کتب

1☆... شفیق المصباح شرح مراح الارواح
2☆... شفیقیہ شرح الاربعین النوویہ
3☆... شفیق النحو لحل تمارین خلاصۃ النحو (حصہ اول)
4☆... شفیق النحو لحل تمارین خلاصۃ النحو (حصہ دوم)
5☆...اَلشَّفِیق شرح تیسیر مصطلح الحدیث
6☆...شارق الفلاح شرح نور الایضاح
7☆...القول الاظہر شرح الفقہ الاکبر
8☆... عرفان الاثار شرح معانی الاثار
9☆... صرف کے دلچسپ سوالات
10☆... تسلیم التوقیت

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ و علی الک و اصحابک یا حبیب اللہ ﷺ

فقہی اصطلاحات

(ماخوذ از بہار شریعت)

کتاب الطہارۃ

عبادتِ مَقْصودہ: وہ عبادت جو خود بالذات مقصود ہو کسی دوسری عبادت کے لئے وسیلہ نہ ہو، مثلاً نماز وغیرہ۔

(ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۵۰)

عبادتِ غیر مقصودہ: وہ عبادت جو خود بالذات مقصود نہ ہو بلکہ کسی دوسری عبادت کے لئے وسیلہ ہو۔

(ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۵۰)

فرض: جو دلیل قطعی سے ثابت ہو یعنی ایسی دلیل جس میں کوئی شُبہ نہ ہو۔ (فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۲۰۳)

دلیل قطعی: وہ ہے جس کا ثبوت قرآن پاک یا حدیث متواترہ سے ہو۔ (فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۲۰۴)

فرض کفایہ: وہ ہوتا ہے جو کچھ لوگوں کے ادا کرنے سے سب کی جانب سے ادا ہو جاتا ہے اور کوئی بھی ادا نہ کرے تو سب گنہگار ہوتے ہیں۔ جیسے نماز جنازہ وغیرہ۔ (وقار الفتاوی، ج ۲، ص ۵۷)

واجب: وہ جس کی ضرورت دلیل ظنّی سے ثابت ہو۔ (فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۲۰۴)

دلیل ظنی: وہ ہے جس کا ثبوت قرآن پاک یا حدیث متواترہ سے نہ ہو، بلکہ احادیث احاد یا محض اقوال ائمہ سے ہو۔

(فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۲۰۴)

سنت مؤکدہ: وہ ہے جس کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیشہ کیا ہو البتہ بیان جواز کے لئے کبھی ترک بھی کیا ہو۔

(فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۲۰۴)

سنّتِ غیر مؤکدہ: وہ عمل جس پر حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مداومت (ہمیشگی) نہیں فرمائی، اور نہ اس کے کرنے کی تاکید فرمائی لیکن شریعت نے اس کے ترک کو ناپسند جانا ہو اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ عمل کبھی کیا ہو۔

(ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۵ و فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۲۰۴)

مُستحب: وہ ہے جو نظرِ شرع میں پسند ہو مگر ترک پر کچھ ناپسندی نہ ہو، خواہ خود حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے کیا یا اس کی ترغیب دی یا علمائے کرام نے پسند فرمایا اگرچہ احادیث میں اس کا ذکر نہ آیا۔ (بہار شریعت حصہ ۲ ص ۵)

مُباح: وہ جس کا کرنا اور نہ کرنا یکساں ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۵)

حرام قطعی: جس کی ممانعت دلیل قطعی سے لزوماً ثابت ہو، یہ فرض کا مُقابِل ہے۔ (رکن دین، ص ۴، وبہار شریعت، حصہ ۲، ص ۵)

مکروہ تحریمی: جس کی ممانعت دلیل ظنی سے لزوماً ثابت ہو، یہ واجب کا مقابل ہے۔ (رکن دین، ص ۴، وبہار شریعت حصہ ۲، ص ۵)

اِساءت: وہ ممنوع شرعی جس کی ممانعت کی دلیل حرام اور مکروہ تحریمی جیسی تو نہیں مگر اس کا کرنا برا ہے، یہ سنّتِ مؤکدہ کے مقابل ہے۔ (ہمارا اسلام ص ۲۱۵ وبہار شریعت حصہ ۲، ص ۶)

مکروہ تنزیہی: وہ عمل جسے شریعت ناپسند رکھے مگر عمل پر عذاب کی وعید نہ ہو۔ یہ سنّتِ غیر مؤکدہ کا مقابل ہے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۶)

خلاف اَولیٰ: وہ عمل جس کا نہ کرنا بہتر ہو۔ یہ مستحب کا مقابل ہے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۶)

حیض: بالغہ عورت کے آگے کے مقام سے جو خون عادی طور پر نکلتا ہے اور بیماری یا بچہ پیدا ہونے کے سبب سے نہ ہو تو اسے حیض کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۹۳)

نِفاس: وہ خون ہے کہ جو عورت کے رحم سے بچہ پیدا ہونے کے بعد نکلتا ہے اسے نفاس کہتے ہیں۔ (نور الایضاح، ص ۴۸)

اِستحاضه: وہ خون جو عورت کے آگے کے مقام سے کسی بیماری کے سبب سے نکلے تو اسے استحاضہ کہتے ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۹۳)

نجاست غلیظه: وہ نجاست جس پر فقہا کا اتفاق ہو اور اس کا حکم سخت ہے، مثلاً گوبر، لید، پاخانہ وغیرہ۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۱۱۱ وماخوذ از بدائع الصنائع ج ۱ ص ۲۳۴)

نجاست خفیفه: وہ نجاست جس میں فقہا کا اختلاف ہو اور اس کا حکم ہلکا ہے جیسے گھوڑے کا پیشاب وغیرہ۔ (بدائع الصنائع، ج ۱، ص ۲۳۴، وبہار شریعت، حصہ ۲ ص ۱۱۱)

مَنی: وہ گاڑھا سفید پانی ہے جس کے نکلنے کی وجہ سے ذکر کی تُندی اور انسان کی شہوت ختم ہو جاتی ہے۔ (ماخوذ از تحفۃ الفقہاء ج ۱، ص ۲۷)

مَذِی: وہ سفید رقیق (پتلا) پانی جو ملاعبت (دل لگی) کے وقت نکلتا ہے۔ (تحفۃ الفقہاء، ج ۱، ص ۲۷)

وَدِی: وہ سفید پانی جو پیشاب کے بعد نکلتا ہے۔ (تحفۃ الفقہاء، ج ۱، ص ۲۷)

معذور: ہر وہ شخص جس کو کوئی ایسی بیماری ہو کہ ایک وقت پورا ایسا گزر گیا کہ وضو کے ساتھ نماز فرض ادا نہ کر سکا تو وہ معذور ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۱۰۷)

مُباشرتِ فاحشہ: مرد اپنے آلہ کو تندی کی حالت میں عورت کی شرمگاہ یا کسی مرد کی شرمگاہ سے ملائے۔ یا عورت، عورت باہم ملائیں بشرطیکہ کوئی شے حائل نہ ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۳۱)

آب جارِی: وہ پانی جو تنکے کو بہا کر لے جائے۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۵۲)

نجاست مرئیہ: وہ نجاست جو خشک ہونے کے بعد بھی دکھائی دے۔ جیسے پاخانہ۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۵۳، ۵۴)

نجاست غیر مرئیہ: وہ نجاست جو خشک ہونے کے بعد دکھائی نہ دے۔ جیسے پیشاب۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۵۳، ۵۴)

مائے مُستعمَل: وہ قلیل پانی جس سے حدث دور کیا گیا ہو یا دور ہوا ہو یا بہ نیت تقرُّب استعمال کیا گیا ہو، اور بدن سے جدا ہو گیا ہو اگرچہ کہیں ٹھہرا نہیں روانی ہی میں ہو۔ (نزہۃ القاری، ج ۲، ص ۵۹)

اِستبراء: پیشاب کرنے کے بعد کوئی ایسا کام کرنا کہ اگر کوئی قطرہ رکا ہو تو گر جائے۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۱۳۴)

حدثِ اصغر: جن چیزوں سے صرف وضو لازم ہوتا ہے ان کو حدث اصغر کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۴)

حدثِ اکبر: جن چیزوں سے غسل فرض ہو ان کو حدث اکبر کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۲، ص ۴)

زَبَرجَد: ایک سبز رنگ کا زردی مائل پتھر۔

فیروزہ: ایک پتھر جو سبز نیلا ہوتا ہے۔

عَقیق: ایک سرخ، زرد اور سفید رنگ کا قیمتی پتھر۔

زُمُرُّد: سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔

یاقوت: ایک قیمتی پتھر جو سرخ، سبز، زرد اور نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔

عَنبَر: ایک ٹھوس مادہ جو باریک پیسنے کے بعد مہکتا ہے یا آگ پر ڈالنے سے خوشبو نکلتی ہے۔

کافور: سفید رنگ کا شفاف مادہ جو ایک خوشبودار درخت سے نکالا جاتا ہے۔

زَعْفَران: ایک خوشبودار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔

مُشک: وہ خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو ہرن کی ناف سے نکلتا ہے۔

کتاب الصلوۃ

مرتد: وہ شخص ہے جو اسلام لانے کے بعد کسی ایسے امر کا انکار کرے جو ضروریات دین سے ہو یعنی زبان سے کلمہ کفر بکے جس میں تاویل صحیح کی گنجائش نہ ہو۔ یوہیں بعض افعال بھی ایسے ہیں جن سے کافر ہو جاتا ہے مثلاً بت کو سجدہ کرنا، مصحف شریف کو نجاست کی جگہ پھینک دینا۔ (بہار شریعت، حصہ ۹، ص ۱۶۳)

شَفق: شفق ہمارے مذہب میں اس سپیدی کا نام ہے جو جانب مغرب میں سرخی ڈوبنے کے بعد جنوباً شمالاً صبح صادق کی طرح پھیلی ہوئی رہتی ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۹)

صبحِ صادق: ایک روشنی ہے کہ مشرق کی جانب جہاں سے آج آفتاب طلوع ہونے والا ہے اس کے اوپر آسمان کے کنارے میں جنوباً شمالاً دکھائی دیتی ہے اور بڑھتی جاتی ہے، یہاں تک کہ تمام آسمان پر پھیل جاتی ہے اور زمین پر اجالا ہو جاتا ہے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۵)

صبح کاذب: صبح صادق سے پہلے آسمان کے درمیان میں ایک دراز سفیدی ظاہر ہوتی ہے جس کے نیچے سارا افق سیاہ ہوتا ہے پھر یہ سفیدی صبح صادق کی وجہ سے غائب ہو جاتی ہے اسے صبح کاذب کہتے ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۶)

سایہ اصلی: وہ سایہ جو نصفُ النَّہار کے وقت (ہر چیز کا) ہوتا ہے۔ (فتاوی امجدیہ، حصہ ۱، ص ۴۷)

نِصفُ النَّہار شرعی: طلوع صبح صادق سے غروب آفتاب تک کے نصف کو نِصفُ النَّہار شرعی کہتے ہیں۔ (فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۸۵)

نِصفُ النَّہار حقیقی: (عرفی) طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کے نصف کو نصف النہار حقیقی کہتے ہیں۔
(فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۸۵)

ضحوۂ کُبریٰ: نصف النہار شرعی کو ہی ضحوہ کبریٰ کہتے ہیں۔ (فتاوی فقیہ ملت، ج ۱، ص ۸۵)

وقتِ اِستواء: نصف النہار کا وقت یعنی اس سے مراد ضحوہ کبریٰ سے لے کر زوال تک پورا وقت مراد ہے۔
(فتاوی رضویہ، ج ۵، ص ۱۲۶، حاشیہ فتاوی امجدیہ، حصہ ۱، ص ۴۹)

خطِ استواء: وہ فرضی دائرہ جو زمین کے بیچ و بیچ قطبوں سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی طرف کھینچا ہوا مانا گیا ہے، جب سورج اس خط پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔ (ماخوذ از اردو لغت، جلد ۸، ص ۵۹۷)

عرض بلد: خط استواء سے کسی بلد کی قریب ترین دوری کو عرض بلد کہتے ہیں۔

مثل اول: کسی چیز کا سایہ، سایہ اصلی کے علاوہ اس چیز کے ایک مثل ہو جائے۔

مثل ثانی: کسی چیز کا سایہ، سایہ اصلی کے علاوہ اس چیز کے دو مثل ہو جائے۔

اوقاتِ مکروہہ: یہ تین ہیں، طلوع آفتاب سے لے کر بیس منٹ بعد تک، غروب آفتاب سے بیس منٹ پہلے اور نصف النہار یعنی ضحوہ کبریٰ سے لے کر زوال تک۔ (نماز کے احکام، ص ۱۹۷)

صاحبِ ترتیب: وہ شخص جس کی بلوغت کے بعد سے لگاتار پانچ فرض نمازوں سے زائد کوئی نماز قضا نہ ہوئی ہو۔
(ماخوذ از لغۃ الفقہا، ص ۲۶۹)

تَثویب: مسلمانوں کو اذان کے بعد نماز کے لئے دوبارہ اطلاع دینا تثویب ہے۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۵، ص ۳۶۱)

شرط: وہ شے جو حقیقت شے میں داخل نہ ہو لیکن اس کے بغیر شے موجود نہ ہو، جیسے نماز کے لئے وضو وغیرہ۔

(ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۱۰، ص ۷۸۶)

خُنثیٰ مشکِل: جس میں مرد و عورت دونوں کی علامتیں پائی جائیں اور یہ ثابت نہ ہو کہ مرد ہے یا عورت۔ (بہار شریعت حصہ ۷، ص ۵)

رکن: وہ چیز ہے جس پر کسی شے کا وجود موقوف ہو اور وہ خود اس شے کا حصہ اور جز ہو جیسے نماز میں رکوع وغیرہ۔

(ماخوذ از التعریفات، باب الرائ، ص ۸۲)

خُروج بصُنعِہ: قعدۂ اخیرہ کے بعد سلام و کلام وغیرہ کوئی ایسا فعل جو منافی نماز ہو بقصد کرنا۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۸۴)

تَعدِیل ارکان: رکوع و سجود و قومہ و جلسہ میں کم از کم ایک بار سبحان اللہ کہنے کی قدر ٹھہرنا۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۸۶)

قَومہ: رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۸۶)

جَلسہ: دونوں سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۸۶)

محال عادِی: وہ شے جس کا پایا جانا عادت کے طور پر ناممکن ہو اسے محال عادی کہتے ہیں، مثلاً کسی ایسے شخص کا ہوا میں اڑنا جس کو عادۃً اڑتے نہ دیکھا گیا ہو۔ (دیکھئے تفصیل المعتقد المنتقد، ص ۲۸ تا ۳۲)

محال شرعی: وہ شے جس کا پایا جانا شرعی طور پر ناممکن ہو اسے محال شرعی کہتے ہیں، مثلاً کافر کا جنت میں داخل ہونا وغیرہ۔

(دیکھئے تفصیل المعتقد المنتقد، ص ۲۸ تا ۳۲)

طوالِ مُفَصَّل: سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک طوال مفصل کہلاتا ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۱۴)

اوساط مُفَصَّل: سورۂ بروج سے سورۂ لم یکن تک اوساط مفصل کہلاتا ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۱۴)

قصار مُفَصَّل: سورۂ لم یکن سے آخر تک قصار مفصل کہلاتا ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۱۴)

عارِیت: دوسرے شخص کو اپنی کسی چیز کی مَنفَعَت کا بغیر عوض مالک کر دینا عاریت ہے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۱۴، ص ۵۱)

مُدرِک: جس نے اول رکعت سے تشہُّد تک امام کے ساتھ (نماز) پڑھی اگرچہ پہلی رکعت میں امام کے ساتھ رکوع ہی میں شریک ہوا ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۵۶)

لاَحِق: وہ ہے (جس نے) امام کے ساتھ پہلی رکعت میں اقتدا کی مگر بعد اقتدا اس کی کل رکعتیں یا بعض فوت ہو گئیں۔

(بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۵۶)

مَسبُوق: وہ ہے جو امام کی بعض رکعتیں پڑھنے کے بعد شامل ہوا اور آخر تک شامل رہا۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۵۶)

لاحق مسبوق: وہ ہے جس کو کچھ رکعتیں شروع میں نہ ملیں، پھر شامل ہونے کے بعد لاحق ہو گیا۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، ص ۱۵۶)

تکبیرات تَشْرِیق: عرفہ یعنی نویں ذوالحجۃ الحرام کی فجر سے تیرہویں کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد بلند آواز کے ساتھ ایک بار اللہ اکبر، اللہ اکبر، لاالہ الااللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد پڑھنا۔ (ماخوذ از نماز کے احکام، ص ۴۴۷)

عملِ قلیل: جس کام کے کرنے والے کو دور سے دیکھنے والا اس شک وشبہ میں پڑ جائے کہ یہ نماز میں ہے یا نہیں تو عمل قلیل ہے۔ (در مختار، ج ۲، ص ۴۶۴)

عملِ کثیر: جس کام کے کرنے والے کو دور سے دیکھنے سے ایسا لگے کہ یہ نماز میں نہیں ہے بلکہ گمان بھی غالب ہو کہ نماز میں نہیں ہے تب بھی عمل کثیر ہے۔ (در مختار مع رد المحتار، ج ۲، ص ۴۶۴و۴۶۵)

تَصْفِیْق: سیدھے ہاتھ کی انگلیاں الٹے ہاتھ کی پشت پر مارنے کو تصفیق کہتے ہیں۔ (ماخوذ از در مختار مع رد المحتار، ج ۲، ص ۴۸۶)

اِعْتِجَار: سر پر رومال یا عمامہ اس طرح سے باندھنا کہ درمیان کا حصہ ننگا رہے تو یہ اعتجار ہے۔ (نور الایضاح، ص ۹۱)

اِسْبَال: تہہ بند یا پائنچے کا ٹخنوں سے نیچے خصوصاً زمین تک رکھنا اسبال کہلاتا ہے۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۲۱، ص ۳۷۶)

شُفْعِ اوّل شفعِ ثانی: چار رکعت والی نماز کی پہلی دو رکعتوں کو شفع اول اور آخری دو کو شفع ثانی کہتے ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۱۸)

وطنِ اصلی: وطن اصلی سے مراد کسی شخص کی وہ جگہ ہے جہاں اس کی پیدائش ہے یا اس کے گھر کے لوگ وہاں رہتے ہیں یا وہاں سَکُونت کر لی اور یہ ارادہ ہے کہ یہاں سے نہ جائے گا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۹۹)

وطنِ اِقامت: وہ جگہ ہے کہ مسافر نے پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا وہاں ارادہ کیا ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۱۰۰)

شیخِ فَانِی: وہ بوڑھا جس کی عمر ایسی ہوگئی کہ اب روز بروز کمزور ہی ہوتا جائے گا جب وہ روزہ رکھنے سے عاجز ہو یعنی نہ اب رکھ سکتا ہے نہ آئندہ اس میں اتنی طاقت آنے کی امید ہے کہ روزہ رکھ سکے گا (تو شیخ فانی ہے)۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۴۱)

مُکاتب: آقا اپنے غلام سے مال کی ایک مقدار مقرر کر کے یہ کہہ دے کہ اتنا مال ادا کر دے تو آزاد ہے اور غلام اس کو قبول بھی کر لے تو ایسے غلام کو مکاتب کہتے ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۹، ص ۱۱)

ایام تشریق: یومِ نَحُر (قربانی) یعنی دس ذوالحجہ کے بعد کے تین دن (۱۱و۱۲و۱۳) کو ایام تشریق کہتے ہیں۔ (رد المحتار، ج ۳، ص ۷۱)

صاحبَیْن: فقہ حنفی میں امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کو صاحبین کہتے ہیں۔ (کتب فقہ)

شیخین: فقہ حنفی میں امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کو شیخین کہتے ہیں۔ (کتب فقہ)

طرفین: فقہ حنفی میں امام اعظم اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کو طرفین کہتے ہیں۔ (کتب فقہ)

اصحاب فرائض: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا معیّن حصہ قرآن وحدیث میں بیان کر دیا گیا ہے۔ ان کو اصحاب فرائض کہتے ہیں۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے بہار شریعت، حصہ ۲۰، ص ۱۴)

عَصبه: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا حصہ مقرر نہیں، البتہ اصحاب فرائض کو دینے کے بعد بچا ہوا مال لیتے ہیں اور اگر اصحاب فرائض نہ ہوں تو میت کا تمام مال انہی کا ہوتا ہے۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے بہار شریعت، حصہ ۲۰، ص ۲۴)

ذَوِی الْاَرْحام: قریبی رشتہ دار، اس سے مراد وہ رشتہ دار ہیں جو نہ تو اصحاب فرائض میں سے ہیں اور نہ ہی عصبات میں سے ہیں۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے بہار شریعت، حصہ ۲۰، ص ۴۷)

لَحد: قبر کھود کر اس میں قبلہ کی طرف میّت کے رکھنے کی جگہ بنانے کو لحد کہتے ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۱۹۲)

جماعت نوافل بِالتّداعِیْ: تداعی کا لغوی معنی ہے ایک دوسرے کو بلانا جمع کرنا، اور تداعی کے ساتھ جماعت کا مطلب ہے کہ کم از کم چار آدمی ایک امام کی اقتدا کریں۔ (دیکھئے تفصیل فتاوی رضویہ، ج ۷، ص ۴۳۰۔ ۴۳۷)

دارُالحَرب: وہ دار جہاں کبھی سلطنت اسلامی نہ ہوئی یا ہوئی اور پھر ایسی غیر قوم کا تسلّط ہو گیا جس نے شعائر اسلام مثل جمعہ و عیدین واذان واقامت وجماعت یک لَخت اٹھا دیئے اور شعائر کُفر جاری کر دیئے، اور کوئی شخص اَمان اول پر باقی نہ رہے اور وہ جگہ چاروں طرف سے دار الاسلام میں گھری ہوئی نہیں تو وہ دار الحرب ہے۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۱۶، ص ۳۱۶، ج ۱۷، ص ۳۶۷)

دارالاسلام کے دارالحرب ہونے کی شرائط: دار الاسلام کے دار الحرب ہونے کی تین شرطیں ہیں (۱) اہل شرک کے احکام علی الاعلان جاری ہوں اور اسلامی احکام بالکل جاری نہ ہوں (۲) دار الحرب سے اس کا اِتّصال ہو جائے (۳) کوئی مسلم یا ذمی امان اول پر باقی نہ ہو۔ (فتاوی امجدیہ، حصہ ۳، ص ۲۳۲)

دَارُالاسلام: وہ ملک ہے کہ فی الحال اس میں اسلامی سلطنت ہو یا اب نہیں تو پہلے تھی اور غیر مسلم بادشاہ نے اس میں شعائر اسلام مثل جمعہ و عیدین واذان واقامت وجماعت باقی رکھے ہوں تو وہ دار الاسلام ہے جیسے کہ ہندوستان۔ (فتاوی رضویہ، ج ۱۷، ص ۳۶۷)

صلٰوةُ الاَوَّابِین: نمازِ مغرب کے بعد چھ رکعت نفل پڑھنا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۱۵)

تَحیَّةُ الْمَسْجد: کسی شخص کا مسجد میں داخل ہو کر بیٹھنے سے پہلے دو یا چار رکعت نماز پڑھنا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۲۳)

تحیّةُ: الوضو: وضو کے بعد اعضاء خشک ہونے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۲۴)

نمازِ اشراق: فجر کی نماز پڑھ کر سورج طلوع ہونے کے کم از کم ۲۰ منٹ بعد دو رکعت نفل ادا کرنا۔

نمازِ چاشت: آفتاب بلند ہونے سے زوال یعنی نصف النہار شرعی تک دو یا چار یا بارہ رکعت نوافل پڑھنا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۲۵، ۲۴)

نمازواپسی سفر: سفر سے واپس آکر مسجد میں دو رکعتیں ادا کرنا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۲۶)

صلاۃُ اللّیل: ایک رات میں بعد نماز عشا جو نوافل پڑھے جائیں ان کو صلاۃ اللیل کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۲۶)

نمازِتہجّد: نماز عشا پڑھ کر سونے کے بعد صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے جس وقت آنکھ کھلے اٹھ کر نوافل پڑھنا نماز تہجد ہے۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۷، ص ۴۴۶)

نمازِاستخارہ: جس کام کے کرنے اور نہ کرنے میں شک ہو اس کو شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھنا پھر دعائے استخارہ کرنا۔ (دیکھئے تفصیل بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۳۰،۳۱)

صَلَاۃُ التَّسْبِیْح: چار رکعت نفل جن میں تین سو مرتبہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھا جاتا ہے۔ (دیکھئے تفصیل بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۳۲)

نمازحاجت: کوئی اہم معاملہ درپیش ہو تو اس کی خاطر مخصوص طریقہ کے مطابق دو یا چار رکعت نماز پڑھنا۔ (دیکھئے تفصیل بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۳۴)

نمازتوبہ: توبہ واِسْتِغْفار کی خاطر نوافل ادا کرنا۔ (دیکھئے تفصیل بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۳۶)

صَلاۃُ الرَّغائِب: رجب کی پہلی شب جمعہ بعد نماز مغرب کے بارہ رکعت نفل مخصوص طریقے سے ادا کرنا۔ (دیکھئے تفصیل رکن دین، ص ۱۳۵)

سجدۂ شکر: کسی نعمت کے ملنے پر سجدہ کرنا۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۸۷)

گُلِ خیرو: ایک نیلے رنگ کا پھول جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

گوند: ایک قسم کا لیس دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے۔

مِرگی: ایک اعصابی مرض جس میں آدمی اچانک زمین پر گر کر بے ہوش ہو جاتا ہے ہاتھ پیر ٹیڑھے ہو جاتے ہیں اور منہ سے جھاگ نکلتا ہے۔

سائبان: مکان یا خیمے کے آگے دھوپ اور بارش سے بچنے کے لئے ٹین کی چادریں یا پھوس (خشک گھاس) کا چھپر۔

انگرکھے: ایک لمبا مردانہ لباس جس کے دو حصے ہوتے ہیں، چولی اور دامن۔

بلغار: ایک ملک کا نام ہے اس کے بعض علاقوں میں سال میں کچھ راتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں عشاء کا وقت آتا ہی نہیں اور بعض دنوں میں سیکنڈوں اور منٹوں کے لئے ہوتا ہے۔

مِہرگان (مہرجان): ماہ مہر (ساتواں شمسی مہینہ) کا سولہواں دن بعض جگہ اکیسواں درج ہے جس میں پارسی (ایرانی) جشن مناتے ہیں جو چھ دن تک جاری رہتا ہے۔

نَیرُوز (نوروز): ایرانی شمسی سال کا پہلا دن، یہ ایرانیوں کی عید کا دن ہے۔

شور: وہ زمین جس میں نمک یا شورہ ہو، نا قابل زراعت زمین۔

کُھرپی: چھوٹا کُھرپا (گھاس کھودنے کا آلہ)

پوستین: کھال کا کوٹ، چمڑے کا چُغہ

زِرہ: فولاد کا جالی دار کُرتا جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔

خَود: لوہے کی ٹوپی جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔

پَھوڑے (پَھاؤڑے): کدال، بیلچہ، مٹی کھودنے کا آہنی آلہ۔

کولُو (کولُھو): تیل یا رس بیلنے کا آلہ۔

بیسن: چنے کا آٹا، یہ پہلے بطور صابن استعمال ہوتا تھا۔

کُسُم: ایک پھول جس سے شہاب یعنی گہرا سرخ رنگ نکلتا ہے اور اس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

کتاب الصوم

صومِ داؤد علیہ السلام: اس سے مراد ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن افطار کرنا ہے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۰۱)

صومِ سکوت: ایسا روزہ جس میں کچھ بات نہ کرے۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۰۱)

صومِ وِصال: روزہ رکھ کر افطار نہ کرنا اور دوسرے دن پھر روزہ رکھنا (صوم وصال ہے)۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۰۱)

صومِ دَہر: یعنی ہمیشہ روزہ رکھنا۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۰۱)

یَوْمُ الشّک: وہ دن جو انتیسویں شعبان سے متصل ہوتا ہے اور چاند کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے اس تاریخ کے معلوم ہونے میں شک ہوتا ہے یعنی یہ معلوم نہیں ہوتا کہ تیس شعبان ہے یا یکم رمضان۔ اسی وجہ سے اسے یوم الشک کہتے ہیں۔ (ماخوذ از نور الایضاح، کتاب الصوم، ص ۱۵۴)

مَستُور: پوشیدہ، مخفی، وہ شخص جس کا ظاہر حال مطابق شرع ہو مگر باطن کا حال معلوم نہ ہو۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۱۱)

شہادۃ علی الشہادۃ: اس سے مراد یہ ہے کہ جس چیز کو گواہوں نے خود نہ دیکھا بلکہ دیکھنے والوں نے ان کے سامنے گواہی دی اور اپنی گواہی پر انہیں گواہ کیا انہوں نے اس گواہی کی گواہی دی۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۱۰، ص ۴۰۶)

اکراہِ شرعی: اکراہ شرعی یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کو صحیح دھمکی دے کہ اگر تو فلاں کام نہ کرے گا تو میں تجھے مار ڈالوں گا یا ہاتھ پاؤں توڑ دوں گا یا ناک، کان وغیرہ کوئی عضو کاٹ ڈالوں گا یا سخت مار ماروں گا اور وہ یہ سمجھتا ہو کہ یہ کہنے والا جو کچھ کہتا ہے کر گزرے گا، تو یہ اکراہ شرعی ہے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۱۵، ص ۴)

مسجد بیت: گھر میں جو جگہ نماز کے لئے مقرر کی جائے اسے مسجد بیت کہتے ہیں۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج۲۲، ص۴۷۹)

کتاب الزکاۃ

حاجتِ اصلیہ: زندگی بسر کرنے میں آدمی کو جس چیز کی ضرورت ہو وہ حاجت اصلیہ ہے مثلاً رہنے کا مکان، خانہ داری کا سامان وغیرہ۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص۱۵)

سائمہ: وہ جانور ہے جو سال کے اکثر حصہ میں چَر کر گزارا کرتا ہو اور اس سے مقصود صرف دودھ اور بچے لینا یا فَربہ کرنا ہو۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص۲۷)

ثَمن: بائع اور مشتری آپس میں جو طے کریں اسے ثمن کہتے ہیں۔ (ردالمحتار، ج۷، ص۱۱۷، ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۱۸۴)

قیمت: کسی چیز کی وہ حیثیت جو بازار کے نرخ کے مطابق ہو اسے قیمت کہتے ہیں۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۱۸۴)

وقف: کسی شے کو اپنی مِلک سے خارج کر کے خالص اللہ عزوجل کی مِلک کر دینا اس طرح کہ اُس کا نفع بندگانِ خدا میں سے جس کو چاہے ملتا رہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۰، ص۵۲)

صاع: صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے۔ (فتاوی امجدیہ، ج۱، ص ۳۸۴) دوسو ستر تولے کا ہوتا ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۲۹۶) تقریباً چار کلو ایک سو گرام۔ (ماخوذ حاشیہ از رفیق الحرمین، ص۲۲۸)

رِطل: بیس اِستار کا ہوتا ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۲۹۶)

اِستار: ساڑھے چار مثقال کا ہوتا ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۲۹۶)

مِثْقال: ساڑھے چار ماشہ کا وزن۔ (فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۲۹۶)

ماشہ: ۸ رتی کا وزن۔ (فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۲۹۸)

رتی: آٹھ چاول کا وزن۔ (فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۲۹۸)

تولہ: بارہ ماشے کا وزن۔ (فتاوی رضویہ، ج۱۰، ص۲۹۶)

دَینِ قوی: وہ دین جسے عرف میں دست گُرداں کہتے ہیں جیسے قرض، مال تجارت کا ثمن وغیرہ۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص۴۰)

دَینِ متوسط: وہ دین جو کسی مال غیر تجارتی کا بدل ہو، مثلاً گھر کا غلہ یا کوئی اور شے حاجت اصلیہ کی بیچ ڈالی اور اس کے دام خریدار پر باقی ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص۴۱)

دَینِ ضعیف: وہ دین جو غیر مال کا بدل ہو مثلاً بدلِ خلع وغیرہ۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص۴۱)

ایامِ مَنۡہیّہ: یعنی عید الفطر، عید الاضحی اور گیارہ، بارہ، تیرہ ذی الحجہ کے دن کہ ان میں روزہ رکھنا منع ہے اسی وجہ سے انہیں ایام منہیہ کہتے ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۵۰)

ایام بِیۡض: چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کے دن۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۱۴۷)

ذمی: اس کافر کو کہتے ہیں جس کے جان ومال کی حفاظت کا بادشاہ اسلام نے جزیہ کے بدلے ذمہ لیا ہو۔ (فتاوی فیض الرسول، ج ۱، ص ۵۰۱)

مستامن: اس کافر کو کہتے ہیں جسے بادشاہ اسلام نے امان دی ہو۔ (فتاوی فیض الرسول، ج ۱، ص ۵۰۱)

فقیر: وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ ہو مگر نہ اتنا کہ نصاب کو پہنچ جائے یا نصاب کی مقدار ہو تو اس کی حاجت اصلیہ میں استعمال ہو رہا ہو۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۵۹)

مسکین: وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو یہاں تک کہ کھانے اور بدن چھپانے کے لئے اس کا محتاج ہے کہ لوگوں سے سوال کرے۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۵۹)

عامِل: وہ ہے جسے بادشاہ اسلام نے زکاۃ اور عُشر وصول کرنے کے لئے مقرر کیا ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۵۹)

غارِم: اس سے مراد مدیون (مقروض) ہے یعنی اس پر اتنا دین ہو کہ اسے نکالنے کے بعد نصاب باقی نہ رہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۶۱)

اِبۡن سَبِیۡل: ایسا مسافر جس کے پاس مال نہ رہا ہو اگرچہ اس کے گھر میں مال موجود ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۶۱)

مہر معجل: وہ مہر جو خلوت سے پہلے دینا قرار پائے۔ (بہار شریعت، حصہ ۷، ص ۲۶)

مہر مؤجّل: وہ مہر جس کے لئے کوئی میعاد (مدت) مقرر ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۷، ص ۲۶)

بنی ہاشم: ان سے مراد حضرت علی وجعفر وعقیل اور حضرت عباس وحارث بن عبد المطلب کی اولادیں ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۵، ص ۶۵)

امّ وَلَد: وہ لونڈی جس کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور مولیٰ نے اقرار کیا کہ یہ میرا بچہ ہے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۹، ص ۱۲)

جھاؤ: ایک قسم کا پودا جو دریاؤں کے کنارے پر اگتا ہے جس سے ٹوکریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔

خطمی: ایک پودا جس کے پتے بڑے اور کھردرے اور پھول سرخ، سفید اور مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں، گُل خیرو

علم ہیئت: وہ علم جس میں چاند، سورج، ستاروں، سیاروں کے طلوع وغروب، کیفیت ووضع، سمت ومقام کے متعلق بحث کی جاتی ہے۔

علمِ تَوۡقِیۡت: وہ علم ہے جس کی مدد سے دنیا کے کسی بھی مقام کے لئے طلوع، غروب، صبح اور عشاء وغیرہ کے اوقات معلوم کئے جاتے ہیں۔

بہی: ایک پھل کا نام ہے جو ناشپاتی کے مشابہ ہوتا ہے۔

جنتریوں: جنتری کی جمع، وہ کتابیں جن میں نجومی ستاروں کی گردش کا سالانہ حال تاریخ وار درج کرتے ہیں۔

بِنْتِ مخاض: اونٹ کا مادہ بچہ جو ایک سال کا ہو چکا ہو، دوسرے برس میں ہو۔

بنت لَبُون: اونٹ کا مادہ بچہ جو دو سال کا ہو چکا ہو اور تیسرے برس میں ہو۔

حِقَّه: اونٹنی جو تین برس کی ہو چکی ہو، چوتھے سال میں ہو۔

جِذْعه: چار سال کی اونٹنی جو پانچویں سال میں ہو۔

تَبِیْع: سال بھر کا بچھڑا۔

تبیعَه: سال بھر کی بچھیا۔

مُسِن: دو سال کا بچھڑا۔

مُسِنّه: دو سال کی بچھیا۔

کتاب الحج

اشہر حج: حج کے مہینے یعنی شوال المکرم و ذوالقعدہ دونوں مکمل اور ذوالحجہ کے ابتدائی دس دن۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۳)

احرام: جب حج یا عمرہ یا دونوں کی نیت کر کے تلبیہ پڑھتے ہیں، تو بعض حلال چیزیں بھی حرام ہو جاتی ہیں اس لئے اس کو "احرام" کہتے ہیں۔ اور مجازاً ان بغیر سلی چادروں کو بھی احرام کہا جاتا ہے جن کو احرام کی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۳)

تَلْبِیه: وہ وِرد جو عمرہ اور حج کے دوران حالت احرام میں کیا جاتا ہے۔ یعنی لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ الخ پڑھنا۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۴)

اِضْطِباع: احرام کی اوپر والی چادر کو سیدھی بغل سے نکال کر اس طرح الٹے کندھے پر ڈالنا کہ سیدھا کندھا کھلا رہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۴)

رَمل: طواف کے ابتدائی تین پھیروں میں اکڑ کر شانے ہلاتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے قدرے تیزی سے چلنا۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۴)

طواف: خانۂ کعبہ کے گرد سات چکر یا پھیرے لگانا ایک چکر کو "شوط" کہتے ہیں جمع "اشواط"۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۴)

مَطاف: جس جگہ میں طواف کیا جاتا ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۴)

طوافِ قُدوم: مکۂ معظمہ میں داخل ہونے پر پہلا طواف یہ "افراد" یا "قِران" کی نیت سے حج کرنے والوں کے لئے سنتِ مؤکدہ ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۴)

طوافِ زِیارۃ: اسے طواف افاضہ بھی کہتے ہیں۔ یہ حج کا رکن ہے۔ اس کا وقت ۱۰ ذوالحجہ کی صبح صادق سے بارہ ۱۲ ذوالحجہ کے غروب آفتاب تک ہے مگر دس ۱۰ ذوالحجہ کو کرنا افضل ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۴)

طوافِ وداع: حج کے بعد مکۂ مکرمہ سے رخصت ہوتے ہوئے کیا جاتا ہے۔ یہ ہر "آفاقی" حاجی پر واجب ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

طوافِ عمرہ: یہ عمرہ کرنے والوں پر فرض ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

اِستِلام: حجرِ اسود کو بوسہ دینا یا ہاتھ یا لکڑی سے چھو کر ہاتھ یا لکڑی کو چوم لینا یا ہاتھوں سے اس کی طرف اشارہ کرکے انہیں چوم لینا۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

سَعْی: "صفا" اور "مروہ" کے مابین سات پھیرے لگانا (صفا سے مروہ تک ایک پھیرا ہوتا ہے یوں مروہ پر سات چکر پورے ہوں گے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

رَمْی: جمرات (یعنی شیطانوں) پر کنکریاں مارنا۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

حَلْق: احرام سے باہر ہونے کے لئے حدود حرم ہی میں پورا سر منڈوانا۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

قَصْر: چوتھائی سر کا ہر بال کم از کم انگلی کے ایک پورے کے برابر کتروانا۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

مسجدُ الْحرام: وہ مسجد جس میں کعبہ مشرفہ واقع ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

بابُ السَّلام: مسجد الحرام کا وہ دروازہ مبارکہ جس سے پہلی بار داخل ہونا افضل ہے اور یہ جانب مشرق واقع ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۵)

کعبہ: اسے بیت اللہ عَزَّوَجَلَّ بھی کہتے ہیں یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کا گھر یہ پوری دنیا کے وسط میں واقع ہے اور ساری دنیا کے لوگ اسی کی طرف رخ کرکے نماز ادا کرتے ہیں اور مسلمان پروانہ وار اس کا طواف کرتے ہیں۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۶)

رکنِ اَسوَد: جنوب و مشرق کے کونے میں واقع ہے اسی میں جنتی پتھر "حجر اسود" نصب ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۶)

رکنِ عِراقی: یہ عراق کی سمت شمال مشرقی کونہ ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۶)

رکن شامی:: یہ ملک شام کی سمت شمال مغربی کونہ ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۶)

رکنِ یَمانی: یہ یمن کی جانب مغربی کونہ ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۶)

بابُ الکعبہ: رکن اسود اور رکن عراقی کے بیچ کی مشرقی دیوار میں زمین سے کافی بلند سونے کا دروازہ ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۶)

مُلْتَزَم: رکن اسود اور باب الکعبہ کی درمیانی دیوار۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۶-۳۷)

مُسْتَجار: رکن یمانی اور شامی کے بیچ میں مغربی دیوار کا وہ حصہ جو "ملتزم" کے مقابل یعنی عین پیچھے کی سیدھ میں واقع ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۳۷)

مُستَجاب: رکن یمانی اور رکن اسود کے بیچ کی جنوبی دیوار یہاں ستر ۷۰ ہزار فرشتے دعا پر اٰمین کہنے کے لئے مقرر ہیں۔ اسی لئے سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے اس مقام کا نام "مستجاب" (یعنی دعا کی مقبولیت کا مقام) رکھا ہے۔ (رفیق الحرمین، ص۳۷)

حَطِیم: کعبۂ معظمہ کی شمالی دیوار کے پاس نصف دائرے کی شکل میں فصیل (یعنی باؤنڈری) کے اندر کا حصہ "حطیم" کعبہ شریف ہی کا حصہ ہے اور اس میں داخل ہونا عین کعبۃ اللہ شریف میں داخل ہونا ہے۔ (رفیق الحرمین، ص۳۷)

مِیزاب رَحمت: سونے کا پرنالہ یہ رکنِ عراقی وشامی کی شمالی دیوار پر چھت پر نصب ہے اس سے بارش کا پانی "حطیم" میں نچھاور ہوتا ہے۔ (رفیق الحرمین، ص۳۷۔۳۸)

مَقامِ اِبراهیم: دروازۂ کعبہ کے سامنے ایک قبہ میں وہ جنتی پتھر جس پر کھڑے ہو کر حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے کعبہ شریف کی عمارت تعمیر کی اور یہ حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا زندہ معجزہ ہے کہ آج بھی اس مبارک پتھر پر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قدمین شریفین کے نقش موجود ہیں۔ (رفیق الحرمین، ص۳۸)

بِیرِزَم زَم: مکہ معظمہ کا وہ مقدس کنواں جو حضرت سیدنا اسماعیل علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے عالم طفولیت میں آپ کے ننھے ننھے مبارک قدموں کی رگڑ سے جاری ہوا تھا۔ اس کا پانی دیکھنا، پینا اور بدن پر ڈالنا ثواب اور بیماریوں کے لئے شفا ہے۔ یہ مبارک کنواں مقام ابراہیم (علیہ الصلوٰۃ والسلام) سے جنوب میں واقع ہے۔ (رفیق الحرمین، ص۳۸)

بابُ الصَّفا: مسجد الحرام کے جنوبی دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔ جس کے نزدیک "کوہ صفا ہے"۔ (رفیق الحرمین، ص۳۸)

کوہِ صَفا: کعبۂ معظمہ کے جنوب میں واقع ہے اور یہیں سے سعی شروع ہوتی ہے۔ (رفیق الحرمین ص۳۹)

کوہ مَروہ: کوہ صفا کے سامنے واقع ہے۔ صفا سے مروہ تک پہنچنے پر سعی کا ایک پھیرا ختم ہو جاتا ہے اور ساتواں پھیرا یہیں مروہ پر ختم ہوتا ہے۔ (رفیق الحرمین ص۳۹)

مِیلَین اَخضَرَین: یعنی دو سبز نشان صفا سے جانب مروہ کچھ دور چلنے کے بعد تھوڑے تھوڑے فاصلے پر دونوں طرف کی دیواروں اور چھت میں سبز لائٹیں لگی ہوئی ہیں۔ نیز ابتدا اور انتہا پر فرش بھی سبز ماربل کا پٹا بنا ہوا ہے۔ ان دونوں سبز نشانوں کے درمیان دوران سعی مردوں کو دوڑنا ہوتا ہے۔ (رفیق الحرمین ص۳۹)

مَسعٰی: میلین اخضرین کا درمیانی فاصلہ جہاں دوران سعی مرد کو دوڑنا سنت ہے۔ (رفیق الحرمین ص۳۹)

مِیقات: اس جگہ کو کہتے ہیں کہ مکہ معظمہ جانے والے آفاقی کو بغیر احرام وہاں سے آگے جانا جائز نہیں، چاہے تجارت یا کسی بھی غرض سے جاتا ہو۔ یہاں تک کہ مکہ مکرمہ کے رہنے والے بھی اگر میقات کی حدود سے باہر (مثلاً طائف یا مدینہ منورہ) جائیں تو انہیں بھی اب بغیر احرام مکہ پاک آنا نا جائز ہے۔ (رفیق الحرمین ص۳۹)

ذُوالْحُلَیْفَه: مدینہ شریف سے مکہ پاک کی طرف تقریباً دس کلومیٹر پر ہے جو مدینہ منورہ کی طرف سے آنے والوں کے لئے "میقات" ہے۔ اب اس جگہ کا نام "ابیار علی کرم اللہ وجہہ الکریم" ہے۔(رفیق الحرمین ص ۴۰)

ذاتِ عِرق: عراق کی جانب سے آنے والوں کے لئے میقات ہے۔(رفیق الحرمین ص ۴۰)

یَلَمْلَم: پاک وہند والوں کے لئے میقات ہے۔(رفیق الحرمین ص ۴۰)

جُحْفَه: ملک شام کی طرف سے آنے والوں کیلئے میقات ہے۔(رفیق الحرمین ص ۴۰)

قَرْنُ الْمَنازِل: نجد (موجودہ ریاض) کی طرف آنے والوں کے لئے میقات ہے۔ یہ جگہ طائف کے قریب ہے۔(رفیق الحرمین ص ۴۰)

مِیقاتی: وہ شخص جو "میقات" کی حدود کے اندر رہتا ہو۔(رفیق الحرمین ص ۴۰)

آفاقی: وہ شخص جو میقات کی حدود سے باہر رہتا ہو۔(رفیق الحرمین ص ۴۰)

تَنْعِیم: وہ جگہ جہاں سے مکۂ مکرمہ میں قیام کے دوران عمرے کے لئے احرام باندھتے ہیں اور یہ مقام مسجد الحرام سے تقریباً سات کلو میٹر جانب مدینہ منورہ ہے اب یہاں مسجد عائشہ رضی اللہ عنہا بنی ہوئی ہے۔ اس جگہ کو لوگ "چھوٹا عمرہ" کہتے ہیں۔(رفیق الحرمین ص ۴۰۔۴۱)

جعرانه: مکۂ مکرمہ سے تقریبا چھبیس کلو میٹر دور طائف کے راستے پر واقع ہے۔ یہاں سے بھی دوران قیام مکہ شریف عمرہ کا احرام باندھا جاتا ہے۔ اس مقام کو عوام "بڑا عمرہ" کہتے ہیں۔(رفیق الحرمین ص ۴۱)

حَرَم: مکۂ معظمہ کے چاروں طرف میلوں تک اس کی حدود ہیں اور یہ زمین حرمت وتقدس کی وجہ سے "حرم" کہلاتی ہے۔ ہر جانب اس کی حدود پر نشان لگے ہیں حرم کے جنگل کا شکار کرنا نیز خودرو درخت اور تر گھاس کاٹنا، حاجی، غیر حاجی سب کے لئے حرام ہے۔ جو شخص حدود حرم میں رہتا ہو اسے "حَرَمی" یا "اہل حرم" کہتے ہیں۔(رفیق الحرمین، ص ۴۱)

حِل: حدود حرم سے باہر میقات تک کی زمین کو "حِل" کہتے ہیں۔ اس جگہ وہ چیزیں حلال ہیں جو حرم میں حرام ہیں۔ جو شخص زمینِ حل کا رہنے والا ہو اسے "حلّی" کہتے ہیں۔(رفیق الحرمین، ص ۴۲)

مِنٰی: مسجد الحرام سے پانچ کلو میٹر پر وہ وادی جہاں حاجی صاحبان قیام کرتے ہیں "مِنٰی" حرم میں شامل ہے۔(رفیق الحرمین، ص ۴۲)

جَمرات: منی میں تین مقامات جہاں کنکریاں ماری جاتی ہیں پہلے کا نام جمرۃُ العَقَبۃِ ہے۔ اسے بڑا شیطان بھی بولتے ہیں۔ دوسرے کو جمرۃ الوسطیٰ (منجھلا شیطان) اور تیسرا کو جمرۃ الاُولیٰ (چھوٹا شیطان) کہتے ہیں۔(رفیق الحرمین، ص ۴۲)

عَرَفات: منٰی سے تقریباً گیارہ کلو میٹر دور میدان جہاں ۹ ذوالحجہ کو تمام حاجی صاحبان جمع ہوتے ہیں۔ عرفات حرم سے خارج ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۴۲)

جَبَلِ رَحمت: عرفات کا وہ مقدس پہاڑ جس کے قریب وقوف کرنا افضل ہے۔(رفیق الحرمین، ص ۴۲)

مُزْدَلِفَه: "منیٰ" سے عرفات کی طرف تقریباً پانچ کلو میٹر پر واقع میدان جہاں عرفات سے واپسی پر رات بسر کرتے ہیں۔ رات بسر کرنا سنت اور صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیان کم از کم ایک لمحہ وقوف واجب ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۴۲۔۴۳)

مُحَسِّر: مزدلفہ سے ملا ہوا میدان، یہیں اصحاب فیل پر عذاب نازل ہوا تھا۔ لہذا یہاں سے گزرتے وقت تیزی سے گزرنا سنت ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۴۳)

بطنِ عُرَنه: عرفات کے قریب ایک جنگل جہاں حاجی کا وقوف درست نہیں۔ (رفیق الحرمین، ص ۴۳)

مَدْعٰی: مسجد حرام اور مکہ مکرمہ کے قبرستان "جنت المعلیٰ" کے مابین جگہ جہاں دعا مانگنا مستحب ہے۔ (رفیق الحرمین، ص ۴۳)

دَم: یعنی ایک بکرا (اس میں نر، مادہ، دنبہ، بھیڑ، نیز گائے یا اونٹ کا ساتواں حصہ سب شامل ہیں)۔ (رفیق الحرمین، ص ۲۲۸)

حجِ تَمتُّع: مکہ معظمہ میں پہنچ کر اشہر الحج (یکم شوال سے دس ذی الحجہ) میں عمرہ کرکے وہیں سے حج کا احرام باندھے۔ اسے تمتع کہتے ہیں اور اس حج کرنے والے کو مُتمتّع کہتے ہیں۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۱۰، ص ۸۱۴)

حجِ افراد: جس میں صرف حج کیا جاتا ہے۔ اسے حج افراد کہتے ہیں اور اس حج کرنے والے کو مُفرِد کہتے ہیں۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ج ۱۰، ص ۸۱۳)

زادِراہ: توشہ اور سواری، اس کے معنی یہ ہیں کہ یہ چیزیں اُس کی حاجت یعنی مکان ولباس اور خانہ داری کے سامان وغیرہ اور قرض سے اتنی زائد ہوں کہ سواری پر جائے اور وہاں سے سواری پر واپس آئے اور جانے سے واپسی تک عیال کا نفقہ اور مکان کی مرمت کے لئے کافی مال چھوڑ جائے۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ٦، ص ۱۰۱۰)

جِنایت: اس سے مراد وہ فعل ہے جو حَرَم یا اِحْرام کی وجہ سے منع ہو۔ جیسے احرام کی حالت میں شکار کرنا، حرم میں کسی جانور کو قتل کرنا۔ (ماخوذ از درمختار، ج ۳، ص ٦۵۰)

ذی الحلیفه: مدینۂ منورہ سے تین میل کے فاصلہ پر ایک مقام کا نام ہے، یہی اصح ہے (مرقاۃ)

مَشْعرِ حرام: مزدلفہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام ہے جسے جبل قُزح بھی کہتے ہیں۔

چمیلی: (چنبیلی) ایک سفید یا زرد رنگ کا خوشبودار پھول۔

بِجو: ایک قسم کا گوشت خور جانور جو دن بھر بِلوں میں رہتا ہے اور رات کو باہر نکلتا ہے اس کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں۔

تیندوا: بھیڑیئے اور چیتے کے باہم اختلاط سے پیدا ہوتا ہے اس کا مزاج چیتے جیسا اور عادات کتے جیسی ہوتی ہیں۔

ہَمیانی: روپیہ پیسہ رکھنے کی پتلی تھیلی خصوصاً وہ تھیلی جو حالت سفر میں کمر سے باندھی جاتی ہے۔

کَیسَر: زرد رنگ کا ایک نہایت خوشبودار پھول۔

جاوتری: جاءفل (ایک پھل جو دواؤں اور کھانوں میں استعمال ہوتا ہے) کا پوست۔

جَنَّتُ المَعْلٰی: جنت البقیع کے بعد مکہ مکرمہ میں جَنَّتُ المعلٰی دنیا کا سب سے افضل ترین قبرستان ہے یہاں ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور کئی صحابہ وتابعین رضی اللہ تعالی عنہم اور اولیاء وصالحین رحمہم اللہ تعالیٰ کے مزارات مقدسہ ہیں۔

وادی مُحصّب: جَنَّتُ المعلٰی جو کہ مکہ معظمہ کا قبرستان ہے اس کے پاس ایک پہاڑ ہے اور دوسرا پہاڑ اس پہاڑ کے سامنے مکہ کو جاتے ہوئے داہنے ہاتھ پر نالہ کے پیٹ سے جدا ہے ان دونوں پہاڑوں کے بیچ کا نالہ وادیٔ محصب ہے۔

مَسْجِدُ الْجِن: یہ مسجد جَنَّتُ المعلٰی کے قریب واقع ہے۔ سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے نماز فجر میں قرآن پاک کی تلاوت سن کر یہاں جنات مسلمان ہوئے تھے۔

جَبلِ ثَور: یہ وہ مقدس پہاڑ ہے جس کے غار میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اپنے رفیق خاص سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ہجرت کے وقت تین رات قیام پذیر رہے۔ یہ غار مبارک مکہ مکرمہ کی دائیں جانب مَسفلہ (ایک محلہ خانہ کعبہ کے حصہ دیوار مستجار کی جانب واقع ہے) کی طرف کم وبیش چار کلومیٹر پر واقع ہے۔

جَبل اَبِی قُبَیْس: یہ مقدس پہاڑ بیت اللہ شریف کے بالکل سامنے کوہ صفا کے قریب واقع ہے۔

بابُ الحَذُورَہ: مسجد الحرام میں ایک دروازے کا نام ہے۔

لفظ "فقہ" شرعی اصطلاح میں

فقہ کا لغوی معنی ہے: "کسی شے کا جاننا اور اُس کی معرفت وفہم حاصل کرنا۔"

امام ابوحنیفہ فقہ کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں: الفقہ : معرفۃ النفس، مَالَهَا وماعلیها۔

فقہ نفس کے حقوق اور فرائض وواجبات جاننے کا نام ہے۔ بالعموم فقہا کرام فقہ کی اصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

العلم بالأحكام الشرعية العملية من أدلتها التفصيلية.

احکام فرعیہ شرعیہ عملیہ کو تفصیلی دلائل سے جاننے کا نام فقہ ہے۔

علم فقہ کا موضوع

کلّف آدمی کا فعل ہے جس کے احکام سے اس علم میں بحث ہوتی ہے، مثلاً انسان کے کسی فعل کا صحیح، فاسد، فرض وواجب، سنت ومستحب، یا حلال وحرام ہونا وغیرہ۔

فقہ کی غرض وغایت

سعادت دارین کی کامیابی اور علم فقہ کے ذریعہ شرعی احکام کے مطابق عمل کرنے کی قدرت۔

بنیادی باتیں

سوال: فقہ کی لغوی و اصطلاحی تعریف کیا ہے؟

جواب: لغت میں فقہ کے معنی ہیں ”کسی شے کا جاننا“، پھر یہ لفظ علم الشریعہ کے ساتھ خاص ہو گیا۔ علمائے اُصول کی اصطلاح میں علم فقہ کی تعریف یہ ہے کہ فقہ وہ علم ہے ”جس میں احکامِ شرعیہ فرعیہ کا علم ان کے تفصیلی دلائل کے ساتھ حاصل کیا جائے“۔ اور فقہاء کے یہاں علم فقہ کی جو تعریف بیان کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ ”علم فقہ نام ہے احکامِ شرعیہ اور مسائل شرعیہ کا علم حاصل کر کے ان کو حفظ کر لینا“۔ اور اہل حقیقت و معرفت نے علم فقہ کی تعریف ان لفظوں میں بیان فرمائی ہے کہ علم فقہ کا مطلب ہے ”علم احکام شریعت کو عمل میں لانا“۔ بقول سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ کے فقیہ تو وہی ہے جو دنیا سے اعراض کرے اور آخرت کی طرف راغب ہو اور اپنے عیوب پر نظر رکھے۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار". المقدمة. ج۱، ص۱۰۰۔۹۷)

سوال: مسلمان کو فقہ کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟

جواب: فقہ کی تعریف سے یہ امر واضح ہو گیا کہ فقہ کا مطلب احکام و مسائل شریعت سے واقفیت حاصل کرنا اور ان پر عمل کرنا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ درحقیقت فقہ ہر مسلمان کی بنیادی ضرورت ہے۔ سید الکل، ختم الرسل حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے مقاصد بعثت ہی میں اللہ عزوجل نے اس طرف اشارہ فرمایا:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ۔

(پ۴، آل عمران: ۱۶۴.)

ترجمہ: یقیناً اللہ تعالیٰ نے مومنین پر یہ احسان عظیم فرمایا کہ ان میں انہیں کے نفوس میں سے ایک عظمت والا رسول مبعوث فرمایا جو ان پر اللہ کی آیات تلاوت کرتا ہے) یعنی احکامِ الٰہیہ بیان کرتا ہے (اور ان کا تزکیۂ نفس فرماتا ہے اور ان کو کتاب (یعنی قرآنِ پاک) اور حکمت و دانائی کی تعلیم دیتا ہے۔

مطلب یہ کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم خاص سے مومنین پر یہ انعام و احسان فرمایا کہ اپنے احکام و مرضیات اور اپنی کتاب و حکمت کی تعلیم کے لئے اپنا ایک عظمت والا رسول بھیجا تاکہ وہ تمہارے سامنے اللہ تعالیٰ کے احکام بیان فرمائے اور ان پر عمل کرا کے تمہارے نفوس کو پاکیزہ تر بنائے۔ اور احکامِ الٰہیہ کے جاننے کا نام ہی فقہ ہے اس آیتِ کریمہ میں اللہ عزوجل نے مقصدِ رسالت کی وضاحت کے ساتھ آپ کی مقدس ذات کی عظمت و رفعت کو بھی بیان فرمایا جس کا اظہار لفظ "مَنَّ" سے ہوتا ہے۔ دوسری آیت میں تمام امت کو یہ حکم دیا کہ:

وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۔ (پ۲۸، الحشر: ۷.)

ترجمہ: جو کچھ تمہیں عظمت والے رسول دیں وہ لے لو (یعنی اس پر عمل کرو) اور جس چیز سے یہ تمہیں روکیں منع فرمائیں اس سے باز رہو (یعنی اس پر عمل نہ کرو اس سے رک جاؤ)۔

اس آیت سے بھی مراد احکام الٰہی ہی ہیں اور انہیں کا دوسرا نام علم فقہ ہے۔ ایک جگہ قرآن کریم میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خطاب کرکے فرمایا:

یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ ۔ (پ٦، المآئدہ: ٦٧)

ترجمہ: اے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم! جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے تمہارے رب کی طرف سے تم اس کی تبلیغ کردو یعنی دوسروں تک پہنچادو اور اگر تم نے یہ نہ کیا اور پیغام الٰہی کو امت تک نہ پہنچایا تو تم نے کارِ رسالت کو (یعنی رسالت کے کام کو) انجام نہ دیا۔"

خلاصہ کلام یہ کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور سید الکائنات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی بعثت و تشریف آوری کو احسانِ عظیم قرار دیا اور احکامِ الٰہی اور کتاب و حکمت کی تعلیم اور ان پر عمل کرکے تزکیۂ نفس کرنا مقصدِ رسالت بیان فرمایا۔ امت کو حکم دیا کہ وہ آپ کی تعلیمات کو حاصل کرے اور جن چیزوں سے منع کیا گیا ہے ان سے باز رہے پھر جو ان احکام الٰہیہ پر عمل کرے آپ کی اتباع اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اطاعت و فرمانبرداری کرے اس کے لئے فوز عظیم کی خوشخبری سنائی، فرمایا:

وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿٧١﴾ (پ٢٢، الأحزاب: ٧١)

ترجمہ: اور جو اللہ جل وعلا اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اطاعت و فرمانبرداری کرے تو اس نے عظیم کامیابی حاصل کی۔

اس سے معلوم ہوا کہ علم فقہ حاصل کئے بغیر نہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی جاسکتی ہے نہ رسول پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کی فرمانبرداری اور اتباع کی جاسکتی ہے نہ حکمت حاصل ہوسکتی ہے اور نہ تزکیۂ نفس، اس لئے علم فقہ تمام امت کے لئے ایک لازمی ضرورت ہے جو اسے حاصل کرے گا وہ فائز المرام ہوگا اور جو اس سے جاہل و نابلد رہے گا اسے اپنے ایمان کو قائم رکھنا اور اس کی حفاظت کرنا بھی مشکل ہے۔ اس لئے ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ لازمی طور پر فقہ کا علم حاصل کرے کُل نہ سہی تو بقدر ضرورت ہی فقہ کا علم حاصل کرے تاکہ اپنے ایمان کا تحفظ تو کرسکے۔

سوال: علمِ فقہ حاصل کرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب: علماء کرام فرماتے ہیں کہ کتب فقہ کا مطالعہ کرنا قیام اللیل (رات کی عبادت) سے بہتر ہے۔ ("الدر المختار"، المقدمۃ، ج١، ص١٠١)

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ "احیاء العلوم" میں فرماتے ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے کہ "حکمت (یعنی تَفَقُّه فِی الدِّیْن) اہل شرف کے شرف کو بڑھاتی ہے غلام کا درجہ بلند کرتی ہے اور اسے شاہوں کی مجلسوں میں بٹھادیتی ہے۔"

("احیاء علوم الدین"، کتاب العلم، الباب الأول فی فضل العلم... إلخ، ج١، ص٢٠)

اور یہ بھی ایک مشہور مقولہ ہے: لَوْلَا الْعُلَمَاءُ لَهَلَكَ الْاُمَرَاءُ ("الدر المختار"، المقدمۃ، ج۱، ص ۱۰۶) اگر علماء نہ ہوتے تو امراء ہلاک ہو جاتے۔ مطلب یہ کہ امراء جب اپنی انانیت، امارت اور حکومت کے زعم میں اللہ و رسول عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کی نافرمانی اور خواہش نفس کی پیروی میں کفر وضلالت کا راستہ اختیار کرتے ہیں اس وقت علمائے حق ہی انہیں اس سے روکتے ہیں اور عذاب آخرت سے انہیں بچاتے ہیں۔

سوال: علمائے محققین نے فقہ اور فقیہ کی کیا مثال بیان کی ہے؟

جواب: علمائے محققین فرماتے ہیں، فقہ کی کاشت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمائی، حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نے اس کی آبیاری کی۔ حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کھیتی کو کاٹا، حضرت حماد علیہ الرحمۃ نے اس کا دانہ جدا کیا، حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس کو باریک پیسا، حضرت امام ابو یوسف نے اس کا آٹا گوندھا اور حضرت امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس کی روٹیاں پکائیں اب تمام اُمت ان روٹیوں سے شکم سیر ہو رہی ہے اور حضرت امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عظمت اور جلالت علم ان کی تصانیف سے ظاہر ہے جیسے جامع صغیر، جامع کبیر، مبسوط، زیادات اور النوادر وغیرہ۔

ایک روایت کے مطابق فقہ میں امام محمد علیہ الرحمۃ کی تصنیفات کی تعداد نو سو ۹۹۹ ننانوے ہے۔ (بہار شریعت جلد ۳ ص ۱۰۳۹)

سوال: علمائے ماہرینِ فقہ نے فقہاء کے کتنے طبقات بیان کئے ہیں؟

جواب: علمائے ماہرینِ فقہ وشریعت نے فقہاء کے سات طبقات بیان فرمائے ہیں۔ (بہار شریعت جلد ۳ ص ۱۰۵۷)

سوال: پہلا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟

جواب: پہلا طبقہ طَبَقَةُ الْمُجْتَهِدِيْنَ فِي الشَّرْعِ کا ہے جیسے ائمہ اربعہ (امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم) اور وہ لوگ جو قواعد اصول کی تاسیس میں نیز اَدِلہ اَربعہ (قرآن پاک، احادیث، قیاس اور اجماع) سے احکام فرعیہ کے استنباط میں اصول و فروع میں بغیر کسی اور کی تقلید کے ان ہی ائمہ اربعہ کے مسلک پر ہی رہے۔ (بہار شریعت جلد ۳ ص ۱۰۵۷)

سوال: دوسرا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟

جواب: دوسرا طَبَقَةُ الْمُجْتَهِدِيْنَ فِي الْمَذْهَب کا ہے جیسے امام ابو یوسف، امام محمد اور جملہ تلامذہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہم، یہ حضرات اس امر کی قدرت رکھتے تھے کہ ادلہ اَربعہ سے اپنے استاد حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے متخرجہ قواعد واُصول کے مطابق احکام شرعیہ کا استخراج کر سکیں۔ ("مجموعة رسائل ابن عابدين"، الرسالة الثانية: شرح "عقود رسم المفتي"، ج۱، ص۱۱)

سوال: تیسرا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟

جواب: تیسرا طَبَقَةُ الْمُجْتَهِدِيْنَ فِي الْمَسَائِل کا ہے۔ یہ وہ حضرات ہیں جو ایسے مسائل کا استنباط جن کے بارے میں کوئی روایت صاحب المذہب سے نہیں ملتی اپنے آئمہ کرام کے مقرر کردہ قواعد واُصول کے مطابق کرتے ہیں جیسے علامہ خصاف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ متوفی ۲۶۱ ھ، علامہ

ابو جعفر الطحاوی متوفی ۳۲۱ھ، حضرت ابو الحسن الکرخی متوفی ۳۴۰ھ، حضرت شمس الائمہ الحلوانی متوفی ۴۵۶ھ، حضرت شمس الائمہ السرخسی متوفی ۵۰۰ھ، حضرت فخر الاسلام بزدوی متوفی ۴۸۲ھ، علامہ فخر الدین قاضی خان متوفی ۵۹۳ھ وغیرہم، یہ حضرات نہ اصول میں نہ فروع میں کسی میں بھی اپنے امام کی مخالفت نہیں کرسکتے۔ ("مجموعة رسائل ابن عابدين". الرسالة الثانية: شرح "عقود رسم المفتى". ج۱، ص۱۲)

سوال: چوتھا طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟

جواب: چوتھا طَبَقَةُ اَصْحَابِ التَّخْرِيْجِ مِنَ الْمُقَلِّدِيْنَ کا ہے جیسے امام رازی متوفی ۳۷۰ھ وغیرہ یہ حضرات اجتہاد پر بالکل قادر نہیں لیکن چونکہ یہ جملہ قواعد واُصول کا پورا علم اور مسائل و قواعد کے ماخذ سے پوری واقفیت رکھتے تھے اس لئے ان میں یہ صلاحیت تھی کہ ایسے اُمور کی تفصیل بیان کردیں جہاں امام مذہب سے ایسا قول مروی ہو جو مجمل ہے اور اس میں دو صورتیں نکل رہی ہوں یا کوئی ایسا قول جو دو چیزوں کا محتمل ہے اور وہ صاحبِ مذہب سے یا ان کے تلامذۂ مجتہدین میں سے کسی ایک سے مروی ہے اس کی تشریح وتفصیل اُصول و قیاس اور امثال و نظائر کی روشنی میں بیان کردیں صاحبِ ہدایہ نے جہاں کہیں کہا ہے کذا فی تخریج الکرخی یا کذا فی تخریج الرازی، اس کا یہی مطلب ہے جو ابھی بیان کیا گیا ہے۔

("مجموعة رسائل ابن عابدين". الرسالة الثانية: شرح "عقود رسم المفتى". ج۱، ص۱۲)

سوال: پانچواں طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟

جواب: پانچواں طَبَقَةُ اَصْحَابِ التَّرْجِيْحِ مِنَ الْمُقَلِّدِيْنَ کا ہے جیسے ابو الحسن قدوری متوفی ۴۲۸ھ، صاحب الہدایہ متوفی ۵۹۳ھ وغیرہما۔ ان کا مقام یہ ہے کہ یہ حضرات بعض روایات کو بعض پر تفضیل دینے کی اہلیت رکھتے تھے جیسے وہ کسی روایت کی تفضیل میں فرماتے ہیں: ھذا أولٰی یاھذا أصح یاھذا أوضح یاھذا أوفق للقیاس وغیرھا۔ ("مجموعة رسائل ابن عابدين". الرسالة الثانية: شرح "عقود رسم المفتى". ج۱، ص۱۲)

سوال: چھٹواں طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟

جواب: چھٹواں طَبَقَةُ الْمُقَلِّدِيْنَ الْقَادِرِيْنَ عَلَى التَّمْيِيْزِ کا ہے جیسے صاحب کنز، صاحب المختار، صاحب الوقایہ، اور صاحب المجمع اور اصحاب المتون المعتبرۃ۔ ان کا درجہ یہ ہے کہ یہ حضرات اپنی کتابوں میں ضعیف و مردود اقوال بیان نہیں کرتے اور روایات میں قوی، اقویٰ، ضعیف، ظاہر الروایۃ، ظاہر المذہب اور روایت نادرہ میں امتیاز و تمیز کرنے کے اہل ہیں۔

("مجموعة رسائل ابن عابدين". الرسالة الثانية: شرح "عقود رسم المفتى". ج۱، ص۱۲)

سوال: ساتواں طبقہ کون سا ہے؟ اور اس میں کون کون سے فقہاء آتے ہیں؟

جواب: ساتواں طَبَقَةُ الْمُقَلِّدِيْنَ الَّذِيْنَ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلَى مَا ذُكِرَ کا ہے۔ یہ حضرات کھرے کھوٹے، کمزور و قوی اور دائیں بائیں میں امتیاز کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے بلکہ انہیں جہاں سے بھی جو کچھ مواد مل جاتا ہے اسے جمع کرتے ہیں اور اندھیرے میں ٹامک ٹوئیاں مارتے ہیں یہ لوگ ہرگز ہرگز اس قابل نہیں کہ ان کی تقلید کی جائے یا ان سے مسائل میں رجوع کیا جائے۔ (شرح عقود رسم المفتى المنظوم لابن عابدين ۱۱، ردالمحتار ۵۱۔ ۵۲ ج۱)

سوال: علمائے احناف کے نزدیک مسائل کے کتنے طبقات ہیں؟

جواب: علمائے احناف کے نزدیک مسائل تین طبقات پر ہیں۔

(۱) مسائل الاصول:

ان کو ظاہر الروایۃ بھی کہتے ہیں۔ یہ وہ مسائل ہیں جو اصحاب المذہب سے مروی ہیں۔ یعنی سیدنا حضرت حسن بن زیاد رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ اور وہ حضرات جنہوں نے حضرت امام ابو حنیفہ، سیدنا حضرت امام ابو یوسف، سیدنا امام محمد علیہم الرحمۃ والرضوان سے روایت کی، لیکن مشہور واغلب ظاہر الروایہ کے بارے میں یہ ہے کہ ظاہر الروایہ حضرت امام اعظم، امام ابو یوسف اور امام محمد علیہم الرحمہ کے اقوال ہی کو کہتے ہیں اور ظاہر الروایہ کا اطلاق جن کتابوں پر ہے وہ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی یہ چھ کتابیں ہیں:

(۱) مبسوط (۲) جامع صغیر (۳) جامع کبیر (۴) زیادات (۵) سیر صغیر (۶) سیر کبیر۔ ان کو ظاہر الروایہ اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ کتابیں حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے ثقہ راویوں نے روایت کی ہیں اس لئے یہ آپ سے بہ تواتر ثابت یا مشہور ہیں۔

("ردالمحتار"، المقدمة، مطلب: رسم المفتی، ج۱، ص۱۶۳)

(۲) مسائل نوادر:

یہ وہ مسائل ہیں جن کے راوی تو مذکورہ بالا اصحاب ہی ہیں لیکن یہ مسائل مذکورہ بالا چھ کتابوں میں نہیں ہیں جن کو ظاہر الروایہ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے بلکہ یہ مسائل یا تو امام محمد علیہ الرحمہ کی دوسری کتابوں میں مذکور ہیں جیسے کیسانیات، ہارونیات، جرجانیات اور رقیات۔ ان کتابوں کو غیر ظاہر الروایہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ کتابیں امام محمد علیہ الرحمۃ سے ایسی روایات صحیحہ ثابتہ اور ظاہرہ سے مروی نہیں ہیں جیسی کہ پہلی چھ کتابیں ہیں یا پھر وہ مسائل ان کتابوں کے علاوہ دوسری کتابوں میں مذکور ہیں جیسے حسن بن زیاد کی "اَلْمُجَرَّد" وغیرہا اور کتب الامالی جو حضرت امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ نے املاء کرائی تھیں۔ ("ردالمحتار"، المقدمة، مطلب: رسم المفتی، ج۱، ص۱۶۳)

(۳) الواقعات:

طبقات مسائل کی یہ تیسری قسم ہے۔ یہ وہ مسائل ہیں جن کو بعد کے مجتہدین نے مرتب ومولف فرمایا (استنباط کیا) جو کہ امام ابو یوسف اور امام محمد کے تلامذہ یا ان کے تلامذہ کے تلامذہ ہیں ان کی بہت بڑی تعداد ہے صاحبین (امام ابو یوسف وامام محمد) کے تلامذہ میں عصام بن یوسف، ابن رستم، محمد بن سماعۃ، ابو سلیمان جرجانی، ابو حفص البخاری وغیرہم ہیں اور ان کے بعد کا گروہ محمد بن مسلمہ، محمد بن مقاتل، نصیر بن یحییٰ، ابو النصر القاسم بن سلام وغیرہم پر مشتمل ہے کبھی ایسا ہوا ہے کہ ان حضرات نے اپنے قوی دلائل واسباب کی بناء پر اصحاب مذہب کے خلاف کسی مسئلہ کو ثابت کیا ہے ان کے فتاویٰ میں جو کتاب سب سے پہلے منظر عام پر آئی وہ کتاب النوازل ہے جو فقیہ ابو اللیث سمرقندی کی ہے ان کے بعد دیگر فقہاء نے بہت سے مجموعے مرتب فرمائے جیسے مجموع النوازل، واقعات الناطفی اور واقعات صدر الشہید وغیرہا۔ پھر بعد کے فقہاء نے ان کے مسائل کو مخلوط وغیر متمیز طور پر بیان فرمایا جیسا کہ "فتاویٰ قاضی خان" اور "الخلاصہ" وغیرہما میں ہیں اور بعض فقہاء نے ان کو ترتیب وتمیز کے ساتھ بیان فرمایا جیسے رضی الدین السرخی کی کتاب "المحیط" انہوں نے اس کی ترتیب میں اولاً مسائل الاصول بیان فرمائے پھر نوادر پھر فتاویٰ کو ذکر کیا۔ یہ ذکر کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہو گا کہ مسائل اصول میں الحاکم الشہید کی تصنیف کتاب "الکافی" نقل مذہب میں بڑی معتمد کتاب ہے اس کو قبول عام حاصل ہو اور بڑے

بڑے اکابر علماء، فقہاء نے اس کی شرحیں لکھیں جیسے امام شمس الائمہ السرخسی کی "مبسوط سرخسی" اس کے بارے میں علامہ طرسوسی کا بیان ہے کہ "مبسوط سرخسی" کا مقام یہ ہے کہ اسی پر اعتماد کیا جاتا ہے۔ اس کے مطابق فتویٰ دیا جاتا ہے اور اس کے خلاف پر عمل نہیں کیا جاتا۔ کتب مذہب میں ایک اور کتاب "المُنتَقٰی" بھی ہے یہ بھی انہیں کی ہے لیکن اس کا وہ مقام نہیں، اس میں کچھ نوادر بھی ہیں "المبسوط" جو حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی گئی ہے اس کے متعدد نسخے ہیں ان میں سب سے بہتر وہ نسخہ ہے جو ابو سلیمان جوزجانی سے مروی ہے متأخرین علمائے فقہ نے مبسوط کی بہت سی شروح لکھی ہیں۔ ("ردالمحتار"، المقدمة، مطلب: رسم المفتی، ج۱، ص۱۶۴۔۱۶۶)

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

شفیقیہ

شرح

الاربعین النوویہ

اس کتاب میں ہے

☆... مترجم کا تعارف ☆... مصنف کا تعارف ☆... عبارت مع اعراب
☆... سلیس اردو ترجمہ ☆... راویوں کے حالات

مصنف

شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابو زکریا یحییٰ بن شرف نووی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

مترجم

مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

صاحب نور الایضاح کے 28 غیر مفتیٰ بہ اقوال

فَصلٌ فی اَحکَام الآبَار وَتَطھِیرِھَا

(1)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** اگر کوئیں میں مرنے والے جانور کے گرنے کا وقت معلوم نہ ہو تو اگر وہ جانور پھولا پھٹا نہ ہو تو ایک دن رات پہلے سے اس کوئیں کی ناپاکی کا حکم لگایا جائے گا اور اگر وہ جانور پھول پھٹ گیا ہو تو تین دن رات سے اس کوئیں کی ناپاکی کا حکم لگایا جائے گا۔ اور یہ امام اعظم کا قول ہے۔ جو کہ اب غیر مفتی بہ ہے۔

مفتی بہ قول: اور اب مفتی بہ قول صاحبین کا ہے جس کو صاحب بہار شریعت نے بیان کیا ”کوئیں سے مرا ہوا جانور نکلا تو اگر اس کے گرنے مرنے کا وقت معلوم ہے تو اسی وقت سے پانی نجس ہے اس کے بعد اگر کسی نے اس سے وُضو یا غُسل کیا تو نہ وُضو ہوا نہ غُسل، اس وُضو اور غُسل سے جتنی نمازیں پڑھیں سب کو پھیرے کہ وہ نمازیں نہیں ہوئیں، یوہیں اس پانی سے کپڑے دھوئے یا کسی اور طریق سے اس کے بدن یا کپڑے میں لگا تو کپڑے اور بدن کا پاک کرنا ضروری ہے اور ان سے جو نمازیں پڑھیں ان کا پھیرنا فرض ہے اور اگر وقت معلوم نہیں تو جس وقت دیکھا گیا اس وقت سے نجس قرار پائے گا۔ اگرچہ پھولا پھٹا ہو اس سے قبل پانی نجس نہیں اور پہلے جو وُضو یا غُسل کیا یا کپڑے دھوئے کچھ حَرَج نہیں تیسیراً اسی پر عمل ہے۔“ (بہار شریعت جلد۔ا۔ حصہ ۲ ص ۳۳۹۔ ۳۴۰)(فتاوی ہندیہ - جلد -ا ص - ۲۰)

بَابُ التَّیَمُّم

(2)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** اگر وضو میں مشغول ہو گا تو کسی نماز کا وقت ختم ہو جائے گا تو اس خوف کی وجہ سے بھی تیمم جائز نہیں ہے بلکہ وضو کرکے قضاء پڑھے کہ قضاء وقتیہ کا خلیفہ موجود ہے۔

مفتی بہ قول: مگر مفتی بہ قول وہ ہے جو بہار شریعت میں مذکور ہے کہ ”وقت اتنا تنگ ہو گیا کہ وُضو یا غُسل کریگا تو نماز قضا ہو جائے گی تو چاہیے کہ تیمم کرکے نماز پڑھ لے پھر وُضو یا غُسل کرکے اعادہ کرنا لازم ہے“۔ (بہار شریعت جلد۔ا۔ حصہ ۲ ص ۳۵۲)

وُضو کرکے عیدین کی نماز پڑھ رہا تھا اثنائے نماز میں بے وُضو ہو گیا اور وُضو کریگا تو وقت جاتا رہے گا یا جماعت ہو چکے گی تو تیمم کرکے نماز پڑھ لے۔ (بہار شریعت جلد۔ا۔ حصہ ۲ ص ۳۵۰)

وُضو میں مشغول ہو گا تو ظہر یا مغرب یا عشاء یا جمعہ کی پچھلی سُنّتوں کا یا نماز چاشت (ا) کا وقت جاتا رہے گا تو تیمم کرکے پڑھ لے۔

(بہار شریعت جلد۔ا۔ حصہ ۲ ص ۳۵۱)

(3)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے تیمم کی چھٹی شرط بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ”چھٹی شرط۔ دونوں ہتھیلیوں کے باطن سے دو ضربوں کے ساتھ ہونا اگرچہ ایک ہی جگہ میں ہوں“۔ یعنی ہتھیلیوں کے باطن سے مسح کرنے کو شرط قرار دیا ہے جو کہ اب غیر مفتی بہ ہے۔

مفتی بہ قول: اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ مراقی الفلاح کے حاشیہ میں فتاویٰ شامی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ دونوں ضرب دونوں ہتھیلیوں کے باطن یعنی اندر کے حصے سے ہونا سنت ہے اور ایسے ہی ظاہری حصے سے بھی پس اگر کسی نے ظاہر کف سے ضرب لگائی تو بھی کافی ہے۔

کتاب الصلوة

(4)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے عشا اور وتر کا وقت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ”عشاء اور وتر کا وقت: شفقِ احمر کے غروب سے صبح صادق تک ہے“ جو کہ اب غیر مفتی بہ ہے۔

مفتی بہ قول: اور شفق کی تعیین میں علما کا اختلاف ہے صاحبین کے نزدیک شفق سے مراد شفق احمر ہے اور امام اعظم کے نزدیک شفق ابیض ہے، مصنف نے صاحبین کے قول کو مفتی بہ کہا ہے لیکن بحر الرائق میں امام اعظم کے قول کو راجح کہا ہے اور اب امام اعظم کے قول پر ہی فتوی ہے یعنی مغرب کا وقت شفق ابیض کے غروب ہوتے ہی ختم ہو جائے گا۔ جیسا کہ ہدایہ میں ہے: ”شفق ہمارے مذہب میں اس سپیدی کا نام ہے، جو جانب مغرب میں سُرخی ڈوبنے کے بعد جنوباً شمالاً صبح صادق کی طرح پھیلی ہوئی رہتی ہے“۔ (بہار شریعت جلد۔ا۔ حصہ ۲ ص ۴۵۱)

(5)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** جن شہروں میں عشا کا وقت ہی نہ آئے کہ شفق ڈوبتے ہی یا ڈوبنے سے پہلے فجر طلوع کر آئے (جیسے بلغار و لندن کہ ان جگہوں میں ہر سال چالیس راتیں ایسی ہوتی ہیں کہ عشا کا وقت آتا ہی نہیں اور بعض دنوں میں سیکنڈوں اور منٹوں کے لیے ہوتا ہے) تو وہاں والوں پر عشا و وتر واجب ہو گی یا نہیں اس مسئلے میں علماء کا اختلاف ہے، پس بعض کا قول ہے کہ ان پر یہ نماز فرض نہیں کیونکہ وقت ہی نہیں آیا جو کہ نماز کے فرض ہونے کا سبب ہے اور صاحبِ نور الایضاح نے اسی قول کو اختیار کرتے ہوئے فرمایا کہ ”جو شخص ان کا وقت نہ پائے اس پر یہ دونوں واجب نہیں ہے“۔ جو کہ اب غیر مفتی بہ ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ دوسرا قول یہ ہے کہ ان پر دونوں نماز فرض ہیں اور ان کو چاہیے کہ "ان دونوں کی قضا پڑھیں۔ اور اب اسی قول پر فتویٰ ہے۔" (بہار شریعت جلد۔ا۔ حصہ ۲ ص ۴۵۱) ("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الصلاة، مطلب فی فاقد وقت العشاء کأھل بلغار، ج۲، ص۲۴.)

فصل فی الأوقات المکروہة

(6)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے اوقاتِ مکروہہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ”اور صحیح ہے اس نماز کا ادا کرنا جو واجب ہوئی ہو ان وقتوں میں کراہت کے ساتھ جیسے جنازہ جو حاضر ہوا“۔ پس انہوں نے کراہت کے ساتھ نمازِ جنازہ کو جائز قرار دیا، جو کہ اب غیر مفتی بہ ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ بہارِ شریعت میں اس مسئلے کو اس طرح بیان کیا گیا ہے جو کہ مفتی بہ قول ہے: جنازہ اگر اوقاتِ ممنوعہ میں لایا گیا، تو اسی وقت پڑھیں کوئی کراہت نہیں، کراہت اس صورت میں ہے کہ پیشتر سے تیار موجود ہے اور تاخیر کی یہاں تک کہ وقتِ کراہت آ گیا۔

(بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۲ ص ۴۵۴) ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: یشترط العلم بدخول الوقت، ج۲، ص۴۳.)

فصل في متعلقات الشروط وفروعها

(7) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** اگر کسی شخص کے پاس ناپاک کپڑے کے علاوہ دوسرا کپڑا نہ ہو، اور ایسی چیز بھی موجود نہیں جس سے نجاست کو زائل کر سکے تو اسی ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز پڑھ کے تعلق سے صاحبِ نور الایضاح فرماتے ہیں کہ "اور ایسی چیز کا نہ پانے والا جس سے ناپاکی کو زائل کر سکے تو اس ناپاکی کے ساتھ نماز پڑھ لے اور اس پر (نماز کو) لوٹانا واجب نہیں ہے"۔

مفتی بہ قول: جبکہ بہار شریعت جلد ا۔ حصہ ۳ ص ۴۸۵ میں ہے: اگر اس کے پاس کپڑا ایسا ہے کہ پورا نجس ہے، تو نماز میں اسے نہ پہنے اور اگر ایک چوتھائی پاک ہے، تو واجب ہے کہ اسے پہن کر پڑھے، برہنہ جائز نہیں، یہ سب اس وقت ہے کہ ایسی چیز نہیں کہ کپڑا پاک کر سکے یا اس کی نجاست قدر مانع سے کم کر سکے، ورنہ واجب ہو گا کہ پاک کرے یا تقلیل نجاست کرے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۰۷) اور اب یہی مفتی بہ قول ہے۔

(8) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** اگر کسی کا کپڑا چوتھائی سے کم پاک ہو تو اس کو پہن کر نماز پڑھنے کے متعلق صاحبِ نور الایضاح فرماتے ہیں کہ "اور اختیار دیا گیا ہے اگر پاک ہو چوتھائی سے کم"۔ یعنی پہننے یا نہ پہننے کا اختیار دیا ہے۔ مزید آگے ارشاد فرمایا "اور اس کا پورے ناپاک کپڑے میں نماز پڑھنا پسندیدہ ہے ننگے نماز پڑھنے سے"۔ یعنی ناپاک کپڑوں میں نماز پڑھنا برہنہ ہو کر پڑھنے سے اچھا ہے، جو کہ اب مفتی بہ قول نہیں ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ بہار شریعت میں مفتی بہ قول یہ ہے جو جلد ا۔ حصہ ۳ ص ۴۸۵ میں بحوالہ الدر المختار ہے: "اگر اس کے پاس کپڑا ایسا ہے کہ پورا نجس ہے، تو نماز میں اسے نہ پہنے اور اگر ایک چوتھائی پاک ہے، تو واجب ہے کہ اسے پہن کر پڑھے، برہنہ جائز نہیں، یہ سب اس وقت ہے کہ ایسی چیز نہیں کہ کپڑا پاک کر سکے یا اس کی نجاست قدر مانع سے کم کر سکے، ورنہ واجب ہو گا کہ پاک کرے یا تقلیل نجاست کرے"۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۰۷.)

فصل في سننها

(9) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نماز کی سنتوں کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "اور رکوع کے بعد اطمینان سے کھڑا ہونا سنت ہے"۔ پس قومہ کو سنت قرار دیا۔

مفتی بہ قول: حالانکہ مفتی بہ قول کے مطابق قومہ واجباتِ نماز میں سے ہے۔ (بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۳ ص ۵۱۸)

(10)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نماز کی سنتوں کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ”اور دونوں سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا جس کو جلسہ کہتے ہیں سنت ہے“۔ پس جلسہ کو سنت قرار دیا۔

مفتی بہ قول: حالانکہ مفتی بہ قول کے مطابق جلسہ واجباتِ نماز میں سے ہے۔ (بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۳ ص ۵۱۸)

فصل فی التراویح حکمها

(11)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ ”اگر قوم ختم قرآن سے اکتائے تو اسی قدر قرآن پڑھا جائے جو ان کو اکتاہٹ کی حد تک نہ لے جائے“۔ جس کو ہمارے یہاں سوریٰ تراویح کہتے ہیں یعنی قرآن کی آخری دس سورتوں کے ذریعے تراویح ادا کرنا۔ جو کہ اب غیر مفتی بہ قول ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ مفتی بہ قول یہ ہے کہ ”تراویح میں ایک بار قرآن مجید ختم کرنا سنت مؤکدہ ہے اور دو مرتبہ فضیلت اور تین مرتبہ افضل۔ لوگوں کی سستی کی وجہ سے ختم کو ترک نہ کرے“۔

(بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۴ ص ۶۸۹)("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۲، ص ۶۰۱. و"الفتاوی الرضویۃ"، ج ۷، ص ۴۵۸.)

باب ادراک الفریضة

(12)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: اگر جمعہ کے فرض سے پہلے چار رکعت سنت مؤکدہ پڑھ رہا تھا اور خطیب نکل آیا یعنی خطبہ شروع ہو گیا یا ظہر سے پہلے کی سنتیں پڑھ رہا تھا کہ ظہر کی جماعت کھڑی ہو گئی تو مصنف کے نزدیک زیادہ اصح یہ ہے کہ دو رکعت پوری کر کے سلام پھیر دے اور پھر جماعت میں شامل ہو جائے اور بعد میں سنتوں کی قضا کرے۔

مفتی بہ قول: جبکہ فتوی اس قول پر ہے جو بہار شریعت میں ہے: ”جمعہ اور ظہر کی سنتیں پڑھنے میں خطبہ یا جماعت شروع ہوئی تو چار پوری کر لے“۔ (بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۴ ص ۶۹۶)("تنویر الأبصار" و"الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب إدراک الفریضۃ، ج ۲، ص ۶۱۱.)

(13)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: اگر ظہر سے پہلے کی سنت فوت ہو گئی تو ان کی قضا ظہر کے فرض کے بعد دو سنت سے پہلے کرے، یہ امام محمد کا قول ہے اور مصنف نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ امام ابو یوسف کا مذہب یہ ہے کہ ظہر کے فرض کے بعد دو سنت پڑھے پھر ظہر کی چار رکعت سنت قبلیہ کی قضا کرے اور اب امام ابو یوسف کے قول پر عمل ہے۔ جیسے کہ بہار شریعت جلد ا۔ حصہ ۴ ص ۶۶۴ پر مذکور ہے ”ظہر یا جمعہ کے پہلے کی سنت فوت ہو گئی اور فرض پڑھ لیے تو اگر وقت باقی ہے بعد فرض کے پڑھے اور افضل یہ ہے کہ پچھلی سنتیں پڑھ کر ان کو پڑھے“۔

باب سجود السهو

(14) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ ”اور امام جمعہ و عیدین میں سجدۂ سہو کو ادا نہیں کرے گا“۔

مفتی بہ قول: متن میں مذکور حکم اس دور کا ہے جب مائک وغیرہ نہ تھے اور آخری صف تک آواز پہنچانے کے لئے مکبر بنائے جاتے تھے جس کی وجہ سے شبہہ ہوتا تھا اور ہمارے اس دور میں جبکہ مائک کا اچھا انتظام ہوتا ہے لہذا سجدۂ سہو کرے گا اگرچہ مجمع کثیر ہو۔

باب سجود التلاوة

(15) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ ”اور فارسی میں سننے سے واجب ہو جاتا ہے اگر اس کو سمجھ لے معتمد مذہب پر“۔ صاحبین کے نزدیک سننے والے پر سجدہ اس وقت واجب ہوگا جبکہ وہ سمجھتا ہو یا اس کو خبر دی جائے کہ یہ آیت سجدہ کا ترجمہ ہے اور اگر اس کو خبر نہ ہوئی تو وہ معذور ہے۔ مصنف نے متن میں صاحبین کے قول کو معتمد قرار دیا ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ امام اعظم کے نزدیک سننے والے پر واجب ہو جائے گا، سننے والے نے یہ سمجھا ہو یا نہیں کہ یہ آیت سجدہ کا ترجمہ ہے۔ البتہ اگر اس کو معلوم نہ ہو تو بتادیا جائے۔ اور اب امام اعظم کے قول پر عمل ہے۔ اور یہ حکم دیگر زبانوں کے ترجمہ کا بھی ہے۔ جیسے کہ بہار شریعت جلد ۱ حصہ ۴ ص ۷۳۰ میں مذکور ہے ”فارسی یا کسی اور زبان میں آیت کا ترجمہ پڑھا تو پڑھنے والے اور سننے والے پر سجدہ واجب ہو گیا، سننے والے نے یہ سمجھا ہو یا نہیں کہ آیت سجدہ کا ترجمہ ہے، البتہ یہ ضرور ہے کہ اسے نامعلوم ہو تو بتادیا گیا ہو کہ یہ آیت سجدہ کا ترجمہ تھا اور آیت پڑھی گئی ہو تو اس کی ضرورت نہیں کہ سننے والے کو آیت سجدہ ہونا بتایا گیا ہو“۔

(16) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ ”اور کمرہ اور مسجد کے گوشوں سے مجلس نہیں بدلتی اگرچہ مسجد بڑی ہو“۔

مفتی بہ قول: جبکہ بہار شریعت جلد ۱ حصہ ۴ ص 736 میں یہ عبارت موجود ہے کہ ”اگر مکان بڑا ہے جیسے شاہی محل تو ایسے مکان میں ایک گوشہ سے دوسرے میں جانے سے مجلس بدل جائے گی“۔

باب صلاة الجمعة حكمها

(17) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ ”جمعہ کی نماز فرض عین ہے ہر اس شخص پر جس میں سات شرطیں جمع ہوں، اور انہی شرطوں میں سے چھٹی شرط دونوں آنکھوں کا سالم ہونا ہے“۔ لہذا ایک آنکھ کا کانا اور نابینا پر جمعہ فرض نہیں اگرچہ اس کو لے جانے والا کوئی موجود ہو، یہ مسئلہ عند الامام الاعظم ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ صاحبین کے نزدیک ان پر فرض ہے، اور اب فتوی صاحبین کے قول پر ہے جیسے کہ بہار شریعت جلد ۱ حصہ ۴ ص 771 میں مذکور ہے: ”صحیح قول یہ ہے کہ یک چشم اور جس کی نگاہ کمزور ہو اس پر جمعہ فرض ہے“۔ یوں ہی جو اندھا مسجد میں اذان کے وقت باوضو

ہو اس پر جمعہ فرض ہے اور وہ نابینا جو خود مسجد جمعہ تک بلا تکلّف نہ جا سکتا ہو اگرچہ مسجد تک کوئی لے جانے والا ہو، اُجرتِ مثل پر لے جائے یا بلا اُجرت اس پر جمعہ فرض نہیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، مطلب في شروط وجوب الجمعۃ، ج۳، ص ۳۲.)

بعض نابینا بلا تکلّف بغیر کسی کی مدد کے بازاروں، راستوں میں چلتے پھرتے ہیں اور جس مسجد میں چاہیں بلا پُوچھے جا سکتے ہیں ان پر جمعہ فرض ہے۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، مطلب في شروط وجوب الجمعۃ، ج۳، ص ۳۲.)

(18)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ "اور مصروہ جگہ ہے جس کے لئے کوئی مفتی امیر اور قاضی ہو جو احکام نافذ کرتا ہو اور حدود قائم کرتا ہو اور شہر کی عمارتیں منی کی عمارتوں کی مقدار کو پہنچ گئی ہوں ظاہر روایت کے مطابق"۔

مفتی بہ قول: جبکہ بہار شریعت میں یوں مذکور ہے اور اسی پر اب فتوی ہے: مصروہ جگہ ہے جس میں متعدد کُوچے اور بازار ہوں اور وہ ضلع یا پرگنہ (ضلع کا حصہ۔) ہو کہ اس کے متعلق دیہات گنے جاتے ہوں اور وہاں کوئی حاکم ہو کہ اپنے دبدبہ و سَطوَت کے سبب مظلوم کا انصاف ظالم سے لے سکے یعنی انصاف پر قدرت کافی ہے، اگرچہ ناانصافی کرتا اور بدلہ نہ لیتا ہو اور مصر کے آس پاس کی جگہ جو مصر کی مصلحتوں کے لئے ہو اسے "فنائے مصر" کہتے ہیں۔ جیسے قبرستان، گھوڑ دوڑ کا میدان، فوج کے رہنے کی جگہ، کچہریاں، اسٹیشن کہ یہ چیزیں شہر سے باہر ہوں تو فنائے مصر میں ان کا شمار ہے اور وہاں جمعہ جائز۔ لہٰذا جمعہ شہر میں پڑھا جائے یا قصبہ میں یا ان کی فنا میں اور گاؤں میں جائز نہیں۔ (بہار شریعت جلد۔۱۔ حصہ ۴ ص ۷۶۲)

یہ شرائط امامِ اعظم کے نزدیک تھیں لیکن اب فتوی امام ابو یوسف کے قول پر ہے جو کہ یہ ہے: "آبادی میں اتنے مسلمان مرد عاقل و بالغ کہ جن پر جمعہ ہو سکے، آباد ہوں کہ اگر وہ وہاں کی سب سے بڑی مسجد میں جمع ہوں تو نہ سما سکیں، تو وہاں جمعہ قائم کرنا جائز ہے کیونکہ ایسی جگہ امام ابو یوسف سے مروی ایک روایت کے مطابق جمعہ کے صحیح ہونے کے لئے شہر سمجھی جاتی ہے، اگرچہ یہ اصل مذہب کے خلاف ہے، مگر فی زمانہ تعامل اور دفعِ حرج کی بناء پر علماء کی اکثریت اس روایت پر عمل کرنے میں حرج نہیں جانتی، بلا کراہت ایسی جگہوں میں بسنے والوں کے جمعہ و عیدین کو درست قرار دیتی ہے، لہٰذا اس تعریف پر پورے اترنے والے قصبات میں قائم ہونے والی نمازِ جمعہ و عیدین درست ہے۔

اور جو آبادیاں اس تعریف پر بھی پوری نہیں اترتیں وہاں جمعہ و عیدین مذہبِ حنفی میں ضرور ناجائز و گناہ ہے۔

باب صلاۃ العیدین حکمھا وشروطھا

(19)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ "اور عرفہ منانا کوئی چیز نہیں ہے"۔ یعنی اس سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ عرفہ کے دن یعنی نویں ذی الحجہ کو لوگوں کا کسی جگہ جمع ہو کر حاجیوں کی طرح وقوف کرنا اور ذکر و دُعا میں مشغول رہنا کوئی چیز نہیں یعنی یہ نہ کیا جائے۔

مفتی بہ قول: حالانکہ صحیح وہ ہے جو بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۴ ص ۷۸۴ میں مذکور ہے کہ ”عرفہ کے دن یعنی نویں ذی الحجہ کو لوگوں کا کسی جگہ جمع ہو کر حاجیوں کی طرح وقوف کرنا اور ذکر و دُعا میں مشغول رہنا صحیح یہ ہے کہ کچھ مضایقہ نہیں جبکہ لازم وواجب نہ جانے اور اگر کسی دوسری غرض سے جمع ہوئے، مثلاً نماز استسقا پڑھنی ہے، جب تو بلا اختلاف جائز ہے اصلاً حرج نہیں۔“۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب العيدين، ج۳، ص ۷۰،)

باب الاستسقاء

(20)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ ”اور استسقا میں چادر کا پلٹنا نہیں ہے“۔ یعنی اس سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ صاحبین کے نزدیک نمازِ استسقا کے بعد امام خطبہ دے گا، پھر امامِ محمد کے نزدیک امام دو خطبے دے گا اور دونوں کے درمیان مثلِ جمعہ جلسہ بھی کرے گا۔ اور امامِ ابو یوسف کے نزدیک امام صرف ایک خطبہ دے گا، اور خطبے کے دوران امام اپنی چادر کو نہیں پلٹے گا کہ یہ عمل مسنون نہیں، یہ مسئلہ امامِ اعظم کے نزدیک ہے اور مصنف نے امامِ اعظم کے قول کو بیان کیا کہ چادر پلٹنا نہیں ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ امام ابو یوسف کے نزدیک یہ مسئلہ ہے کہ امام جب کچھ خطبہ پڑھ چکے تو اپنی چادر کو پلٹ لے اور یہ چادر کا پلٹنا تفاؤلاً (اچھی فال لینا) ہے کہ جس حالت پر آئے تھے اس حالت پر واپس نہیں جائیں گے۔ اور اب فتوی امام ابو یوسف کے قول پر ہے۔ جیسے کہ بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۴ ص ۷۹۴ میں مذکور ہے ”اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ امام دو رکعت جہر کے ساتھ نماز پڑھائے اور بہتر یہ ہے کہ پہلی میں سَبِّحِ اسْمَ اور دوسری میں هَلْ اَتٰكَ پڑھے اور نماز کے بعد زمین پر کھڑا ہو کر خطبہ پڑھے اور دونوں خطبوں کے درمیان جلسہ کرے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایک ہی خطبہ پڑھے اور خطبہ میں دُعا و تسبیح و استغفار کرے اور اثنائے خطبہ میں چادر لوٹ دے یعنی اوپر کا کنارہ نیچے اور نیچے کا اوپر کر دے کہ حال بدلنے کی فال ہو، خطبہ سے فارغ ہو کر لوگوں کی طرف پیٹھ اور قبلہ کو مونھ کر کے دُعا کرے۔ بہتر وہ دُعائیں ہیں جو احادیث میں وارد ہیں اور دُعا میں ہاتھوں کو خوب بلند کرے اور پشتِ دست جانب آسمان رکھے۔“

باب أحكام الجنائز ما يصنع مع المحتضر

(21)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ ”اور اس کے پاس قرآن پڑھنا مکروہ ہے یہاں تک کہ اس کو غسل دیا جائے“، پس مصنف نے میت کو غسل دینے کے وقت تک اس کے پاس تلاوت کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ مفتی بہ قول وہ ہے جو بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۴ ص ۸۰۹ پر مذکور ہے کہ: میّت کے پاس تلاوت قرآن مجید جائز ہے جبکہ اس کا تمام بدن کپڑے سے چھپا ہو اور تسبیح و دیگر اذکار میں مطلقاً حرج نہیں۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب في القراءة عند الميت، ج۳، ص ۹۸۔۱۰۰،)

فصل بين بيان احق الناس بالصلاة عليه

(22)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ "اور جو شخص حاضر ہوا (نمازِ جنازہ میں) چوتھی تکبیر کے بعد سلام سے پہلے تو اس سے نماز فوت ہوگئی صحیح قول کے مطابق"۔

مفتی بہ قول: جبکہ مفتی بہ قول وہ ہے جو بہار شریعت جلد۔ ۱۔ حصہ ۴ ص ۸۳۹ پر مذکور ہے کہ "چوتھی تکبیر کے بعد جو شخص آیا تو جب تک امام نے سلام نہ پھیرا شامل ہو جائے اور امام کے سلام کے بعد تین بار اللہ اکبر کہہ لے"۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص ۱۳۶.)

فصل في صفة الصوم وتقسيمه

(23)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ "رہا فرض تو وہ رمضان کے ادا اور قضا روزے ہیں، اور کفاروں کے روزے اور منت مانے ہوئے روزے ظاہر روایت میں"۔ پس مصنف نے منت کے روزوں کو بھی فرض میں بیان کیا ہے، جو کہ اب غیر مفتی بہ قول ہے۔

مفتی بہ قول: جبکہ منت کے روزوں کے متعلق مفتی بہ قول اس کے واجب ہونے کا ہے جیسے کہ بہار شریعت جلد۔ ۱۔ حصہ ۵ ص ۹۶۶ میں منت کے روزوں کو واجب روزوں میں بیان کیا گیا ہے۔

صاحبِ بہار شریعت لکھتے ہیں "فرض و واجب کی دو قسمیں ہیں: معیّن و غیر معیّن۔ فرض معیّن جیسے ادائے رمضان۔ فرض غیر معیّن جیسے قضائے رمضان اور روزہ کفارہ۔ واجب معیّن جیسے نذر معیّن۔ واجب غیر معیّن جیسے نذر مطلق۔"

فصل في الكفارة وما يسقطها عن الذمة مستقطاتها

(24)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ: "دو رمضانوں میں دو روزے توڑے اور بیچ میں کفارہ ادا نہیں کیا تو دونوں کی جانب سے ایک ہی کفارہ کافی ہے"۔

مفتی بہ قول: جبکہ مفتی بہ قول وہ ہے جو بہار شریعت جلد ۱۔ حصہ ۵ ص ۹۹۵ مسئلہ ۲۶ پر مذکور ہے "اگر دو رمضانوں میں دو روزے توڑے تو دو کفارے دے اگرچہ پہلے کا ابھی کفارہ نہ ادا کیا ہو۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده، مطلب في الكفارة، ج ۳، ص ۴۴۹.)

باب الاعتكاف تعريفه

(25)**صاحبِ نور الایضاح کا قول**: صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ جس میں اس وقت پانچ نمازیں قائم کی جاتی ہوں اسی مسجد میں اعتکاف کرے، لہذا ایسی مسجد میں اعتکاف صحیح نہیں ہے جس میں نماز کے لئے جماعت قائم نہ کی جاتی ہو مختار قول پر۔ مگر اب اس قول پر عمل نہیں ہے۔

مفتی بہ قول: بلکہ مفتی بہ قول وہ ہے جو بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۵ ص ۱۰۲۰ میں مذکور ہے کہ: ”مسجد جامع ہونا اعتکاف کے لئے شرط نہیں بلکہ مسجد جماعت میں بھی ہو سکتا ہے۔ مسجد جماعت وہ ہے جس میں امام و مؤذن مقرر ہوں، اگرچہ اس میں پنجگانہ جماعت نہ ہوتی ہو اور آسانی اس میں ہے کہ مطلقاً ہر مسجد میں اعتکاف صحیح ہے اگرچہ وہ مسجد جماعت نہ ہو، خصوصاً اس زمانہ میں کہ بہتیری مسجدیں ایسی ہیں جن میں نہ امام ہیں نہ مؤذن“۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج ۳، ص ۴۹۳.)

(26)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ اگر کسی نے چند ایام کا اعتکاف اپنے اوپر لازم کیا تو دنوں کے ساتھ راتیں بھی داخل ہوں گی اور پے درپے کرنا لازم ہوگا اگرچہ پے درپے کی شرط نہ لگائی ہو، اسی طرح اگر کسی نے چند راتوں کا اعتکاف اپنے اوپر لازم کیا تو راتوں کے ساتھ دن بھی شامل ہوں گے اور پے درپے کرنا بھی لازم ہوگا اگرچہ پے درپے کی شرط نہ لگائی ہو۔ لیکن یہ قول اب مفتی بہ نہیں ہے۔

مفتی بہ قول: بلکہ مفتی بہ قول وہ ہے جو بہار شریعت جلد۔ ا۔ حصہ ۵ ص ۱۰۲۷ میں مذکور ہے کہ: ”ایک دن کے اعتکاف کی منت مانی تو اس میں رات داخل نہیں۔ طلوع فجر سے پیشتر مسجد میں چلا جائے اور غروب کے بعد چلا آئے اور اگر دو دن یا تین دن یا زیادہ دنوں کی منت مانی یا دو یا تین یا زیادہ راتوں کے اعتکاف کی منت مانی تو ان دونوں صورتوں میں اگر صرف دن یا صرف راتیں مراد لیں تو نیّت صحیح ہے، لہٰذا پہلی صورت میں منت صحیح ہے اور صرف دنوں میں اعتکاف واجب ہوا اور اس صورت میں اختیار ہے کہ اتنے دنوں کا لگاتار اعتکاف کرے یا متفرق طور پر۔ اور دوسری صورت میں منت صحیح نہیں کہ اعتکاف کے لئے روزہ شرط ہے اور رات میں روزہ ہو نہیں سکتا اور اگر دونوں صورتوں میں دن اور رات دونوں مراد ہیں۔ یا کچھ نیّت نہ کی تو دونوں صورتوں میں دن اور رات دونوں کا اعتکاف واجب ہے اور علی الاتصال اتنے دنوں میں اعتکاف ضروری ہے، تفریق نہیں کر سکتا۔

نیز اس صورت میں یہ بھی ضروری ہے کہ دن سے پہلے جو رات ہے، اس میں اعتکاف ہو، لہٰذا غروب آفتاب سے پہلے جائے اعتکاف میں چلا جائے اور جس دن پورا ہو غروبِ آفتاب کے بعد نکل آئے اور اگر دن کی منت مانی اور کہتا یہ ہے کہ میں نے دن کہہ کر رات مراد لی، تو یہ نیّت صحیح نہیں دن اور رات دونوں کا اعتکاف واجب ہے۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ص ۱۹۰.)

باب الجنایات

(27)**صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ: اگر محرم نے اپنی مونچھ کتری یا مونڈلی تو ایک عادل آدمی جو فیصلہ کرے گا اسی کے مطابق اس پر جزا واجب ہوگی، مثلاً جتنی مونچھ مونڈی گئی ہے اس کو دیکھیں گے کہ وہ چوتھائی داڑھی میں سے کتنی ہے اسی کو معیار بنا کر صدقہ واجب ہوگا۔ اور اب یہ قول غیر مفتی بہ ہے

مفتی بہ قول: جبکہ مفتی بہ قول بہار شریعت میں یہ مذکور ہے: ”مونچھ اگر چہ پوری مونڈائے یا کتروائے صدقہ ہے“۔ پس اس قول کے مطابق اب عادل آدمی کی ضرورت نہیں ہے۔ (بہار شریعت ج ۱۔ حصہ ٦ ص ١١٧١)

(28) **صاحبِ نور الایضاح کا قول:** صاحبِ نور الایضاح نے فرمایا کہ: اگر کسی نے سولہ ناخن متفرق طور پر کاٹے مثلاً اپنے داہنے ہاتھ کے چار، بائیں ہاتھ کے چار، داہنے پاؤں کے چار، بائیں پاؤں کے چار، ان کا مجموعہ سولہ ناخن ہوئے، اب متفرق طور پر کاٹنے کی وجہ سے اس پر سولہ صدقہ واجب ہوئے، اور ان سولہ صدقوں کی قیمت مثلاً ٢٠٠٠ روپے بنتے ہیں اور ایک دم (بکرے کی قیمت) بھی ٢٠٠٠ روپے ہوتے ہیں، یوں تمام صدقوں کا مجموعہ ایک دم کو پہنچ رہا ہے، لہذا ایسی صورت میں حکم یہ ہے کہ ”٢٠٠٠ سے کچھ کم صدقہ کرے تا کہ ایک دم دینا لازم نہ آئے“۔

مفتی بہ قول: جبکہ بہار شریعت جلد۔ ۱۔ حصہ ٦ ص ١١٧٢ میں یوں عبارت موجود ہے ”اگر چاروں ہاتھ پاؤں کے چار چار کترے تو سولہ صدقے دے مگر یہ کہ صدقوں کی قیمت ایک دَم کے برابر ہو جائے تو کچھ کم کر لے یا دَم دے“۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و الہ و سلم و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و الہ و سلم
حضرتِ عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: امتِ محمد صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم سے کم سوال کسی امت نے نہ کئے کہ امتِ محمد صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم نے صرف ١٤ سوالات کئے۔ (التفسیر الکبیر جلد ٣ ص ١٠٢)
امّتِ محمّدیہ کے سوالات
اور ان کے قرآنی جوابات
آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے:
☆...امتِ محمدیہ کے ١٤ سوالات ☆...انفال کا معنی ☆...چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کی حکمت ☆... حضورِ اقدس صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کو روح کا علم حاصل ہے ☆...شراب حرام ہونے کا ١٠ انداز میں بیان ☆...ذوالقرنین کے تین سفر ☆...جوئے کے دنیوی نقصانات ☆...سدِ سکندری کب ٹوٹے گی؟ ☆...حَیض کی حکمت ☆...اہلِ ایمان کی شفاعت کی دلیل ☆...بندوک کی گولی سے شکار کرنے کا شرعی حکم ☆...شفاعت سے متعلق (٥) اَحادیث ☆...نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کو قیامت قائم ہونے کے وقت کا علم دیا گیا ہے
مصنف
مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری
ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

خُطبَةُ الْكِتَابِ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ، وَعَلٰى آلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَصَحَابَتِهِ أَجْمَعِيْنَ. قَالَ الْعَبْدُ الْفَقِيْرُ إِلٰى مَوْلَاهُ الْغَنِيِّ ، أَبُو الإِخْلَاصِ حَسَنُ الْوَفَائِي الشَّرَنْبُلَالِيُّ الْحَنَفِيُّ. إِنَّهُ اِلْتَمَسَ مِنِّي بَعْضُ الْإِخِلَّاءِ (عَامَلَنَا اللّٰهُ وَإِيَّاهُمْ بِلُطْفِهِ الْخَفِيِّ) أَنْ أَعْمَلَ مُقَدِّمَةً فِي الْعِبَادَاتِ، تُقَرِّبُ عَلَى الْمُبْتَدِى مَا تَشَتَّتَ مِنَ الْمَسَائِلِ فِي الْمُطَوَّلَاتِ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جو تمام جہاں والوں کا پالنے والا ہے، اور درود و سلام ہو ہمارے سردار محمد ﷺ پر، جو نبیوں کے آخری ہیں۔ اور آپ ﷺ کی پاک آل پر اور آپ ﷺ کے صحابہ پر، وہ بندہ جو اپنے مولیٰ بے نیاز کا محتاج ہے (جس کا نام ابو الاخلاص حسن وفائی شرنبلالی حنفی ہے)۔ عرض کرتا ہے کہ مجھ سے کچھ دوستوں نے فرمائش کی (اللہ ان کے اور ہمارے ساتھ اپنی پوشیدہ مہربانیوں کا معاملہ فرمائے) کہ میں عبادات میں ایک چھوٹا رسالہ لکھوں جو مبتدی کو ان مسائل سے قریب کرے جو مسائل بڑی بڑی کتابوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔

فَاسْتَعَنْتُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَأَجَبْتُهُ طَالِباً لِلثَّوَابِ ، وَلَا أَذْكُرُ إِلَّا مَا جَزَمَ بِصِحَّتِهِ أَهْلُ التَّرْجِيْحِ مِنْ غَيْرِ إِطْنَابٍ، وَسَمَّيْتُهُ : نُوْرُ الْإِيْضَاحِ وَنَجَاةُ الْأَرْوَاحِ ، وَاللّٰهَ أَسْأَلُ أَنْ يَنْفَعَ بِهِ عِبَادَهُ ، وَيُدِيْمَ بِهِ الْإِفَادَةَ۔

ترجمہ: پس میں نے اللہ سے مدد طلب کی اور ثواب کو طلب کرتے ہوئے میں نے دوستوں کی فرمائش کو قبول کیا اور میں ذکر نہیں کروں گا، مگر بلا طوالت انہیں اقوال کو جن کی صحت پر اہل ترجیح نے وثوق و جزم کیا ہے اور میں نے اس کتاب کا نام نورالایضاح و نجاۃ الارواح رکھا اور میں اللہ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ اپنے بندوں کو اس سے نفع عطا فرمائے اور اس سے فائدہ حاصل کرنے کو دوام بخشے۔ امین

سوال: مصنفین اپنی کتاب کو بسم اللہ اور حمد سے کیوں شروع کرتے ہیں؟

جواب: مصنفین اپنی کتابوں کو بسم اللہ اور حمد سے چار وجوہات کی بنا پر شروع کرتے ہیں :(۱) کلام اللہ کی اقتدا کرتے ہوئے۔ (۲) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے۔ (کل امر ذی بال لم یبد منه بحمد اللہ فهو اقطع۔) (3) اکابرین و صلحاء کی اقتدا کرتے ہوئے۔ (4) دونوں سے برکت حاصل کرنے کے لئے۔

سوال: لفظ صلاۃ کتنے طریقوں سے استعمال ہوتا ہے؟ اس کی وضاحت کریں۔

جواب: لفظ صلاۃ چار طریقوں سے استعمال ہوتا ہے ۔ (1) اگر لفظ صلاۃ کی اضافت اللہ تعالی کی طرف ہو تو اس سے مراد رحمت کاملہ ہو گی۔ (۲) اگر ملائکہ کی طرف ہو تو استغفار مراد ہو گا۔ (3) اور اگر مومنین کی طرف ہو تو دعا مراد ہو گی۔ (4) اور اگر غیر ذوی العقول کی طرف ہو تو تسبیح مراد ہو گی۔

سوال: خاتم النبیین سے کیا مراد ہے؟

جواب: خاتم النبیین سے مراد یہ ہے کہ اس کے بعد کوئی نیا نبی نہ ہو پس ہمارے نبی محمد رسول اللہ ﷺ خاتم النبیین ہیں کہ آپ کے بعد اب تک کوئی نیا نبی نہیں آیا اور نہ آئے گا۔ آپ پر نبوت ختم ہو گئی ہاں ! حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام قربِ قیامت تشریف لائیں گے مگر وہ نئے نہیں۔ لہذا جو کوئی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نئے نبی کے وجود کو مانے وہ کافر ہے، کہ اس نے نص قطعی مجمع علیہ کا انکار کیا، ایسے ہی اگر کوئی اس معاملے میں شک کرے تب بھی یہی حکم ہے۔

سوال: آل کا لفظ کن لوگوں پر بولا جاتا ہے اور یہاں آل سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب: آل لفظ کے اعتبار سے مفرد ہے اور معنی کے اعتبار سے جمع ، لفظ آل کا اطلاق تین معنوں پر ہوتا ہے:

(1) لشکر اور اتباع کے معنی میں جیسے آلِ فرعون۔ (2) نفس کے معنی میں جیسے آلِ موسی اور آلِ ہارون۔ (3) اہل بیت پر خاص کر جیسے آلِ محمد، اور یہ بات احادیث سے ثابت ہے کہ آلِ محمد سے مراد وہ اشخاص ہیں جن پر صدقہ حرام ہے اور امام اعظم کے نزدیک صرف بنو ہاشم ہیں۔

اور یہاں پر آل سے مراد تمام مسلمان ہیں کیونکہ یہ مقامِ دعا ہے، اور مقامِ دعا میں آل سے مراد جملہ مؤمنین ہوتے ہیں۔

(شفیق نعمانی شرح ملا جامی۔ صفحہ ۳/۲)

سوال: صحابی کسے کہتے ہیں؟

جواب: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جس مسلمان نے ایمان کی حالت میں دیکھا اور ایمان ہی پر اس کا خاتمہ ہوا، اس بزرگ ہستی کو صحابی کہتے ہیں۔ (حوالہ فتح الباری جلد ۸ صفحہ ۳)

سوال: اصحاب ترجیح سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب: اصحاب ترجیح سے مراد وہ حضرات ہیں جو منقول دو روایتوں میں سے ایک کو دوسرے پر ترجیح دینے کی قدرت رکھتے ہیں جیسے صاحب قدوری ابو الحسن ، صاحبِ فتح القدیر، صاحب ہدایہ وغیرہ۔

سوال: مفتی کسے کہتے ہیں

جواب: مفتی سے مراد وہ حضرات ہیں جو قوی و ضعیف راجح اور مرجوح کے درمیان فرق کرنے کی قدرت رکھتے ہیں جیسے صاحب کنز اور نور الایضاح وغیرہ۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ وعلی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

شفیق المصباح

شرح

مراح الارواح

علم صرف کی بہترین کتاب جس میں صرف کے قاعدوں کی علتیں بیان کی گئی ہیں۔

اس کتاب میں عربی عبارت پر اعراب و اردو ترجمہ کے ساتھ ساتھ سوالاً جواباً

تشریح پیش کی گئی ہے جو اپنے اعتبار سے بڑی مفید و دلچسپ ہے۔

مصنف

الشیخ احمد بن علی بن مسعود (علیہ رحمۃ اللہ الودود)

شارح

مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ و علی الک و اصحابک یا حبیب اللہ ﷺ

شَارِقُ الْفَلَاح
شَرح
نُوْرُالْاِیْضَاح

کِتَابُ الطَّہَارَۃِ

تاریخِ آغاز: 15 رمضان، 1441 ہجری بمطابق 29، اپریل 2020ء۔

شب بِدھ رات، 12:41 AM

مصنف

شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابوزکریا یحیٰی بن شرف نووی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

شارح

مولانا محمد شفیق خان عطاری المدنی فتحپوری

كِتَابُ الطَّهَارَةِ

پاکی کا بیان

اَلْمِيَاهُ الَّتِيْ يَجُوْزُ التَّطْهِيْرُ بِهَا سَبْعَةُ مِيَاهٍ، مَاءُ السَّمَاءِ وَمَاءُ الْبَحْرِ وَمَاءُ النَّهْرِ وَمَاءُ الْبِئْرِ وَمَاءٌ ذَابَ مِنَ الثَّلْجِ وَالْبَرْدِ وَمَاءُ الْعَيْنِ۔

ترجمہ: وہ پانی جس سے طہارت حاصل کرنا جائز ہوتا ہے وہ سات قسم کے پانی ہیں۔ (۱) آسمان کا پانی۔ (۲) سمندر کا پانی۔ (۳) نہر کا پانی۔ (۴) کوئیں کا پانی۔ (۵) اور وہ پانی جو برف (۶) اور اولے سے پگھلا ہو۔ (۷) چشمے کا پانی۔

سوال: کتاب کا لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہے؟

جواب: کتاب کا لغوی معنٰی ہے جمع کرنا ہے جیسے كَتَبْتُ الشَّيْءَ اَيْ جَمَعْتُهُ، اور اصطلاح میں مسائل کے اس مجموعہ کو کہتے ہیں جن کو مستقل مان لیا گیا ہو خواں وہ مختلف الانواع کو شامل ہوں جیسے کتاب الطہارۃ، کہ اس میں طہارتِ وضو و غسل اور طہارت بالماء وبالتراب جیسے مختلف انواع داخل ہیں، یا مختلف الانواع کو شامل نہ ہو جیسے کتاب الآباق، کتاب اللقطہ وغیرہ کہ نہ ان کے تحت کوئی باب ہے نہ کوئی فصل۔

سوال: طہارت کیا ہے اور اس پر مختلف اعراب آنے سے معنے میں کیا فرق پڑتا ہے؟

جواب: طہارت طاء کے فتحہ کے ساتھ مصدر ہے بمعنٰی پاک ہونا، اور اگر طاء کے کسرہ کے ساتھ ہو تو اس صورت میں آلۂ طہارت مراد ہو گا جس سے طہارت حاصل کی جائے، اور اگر طاء کے ضمہ کے ساتھ ہو تو اس کا معنی ماءِ فضلہ ہے یعنی جو پانی طہارت حاصل کرنے کے بعد بچ جائے۔ اور اصطلاح شرع میں حَدَث یا خُبُث کے جاتے رہنے کو طہارت کہتے ہیں۔

سوال: مصنف نے اپنی کتاب کو کتاب الطہارت سے شروع کیوں کیا؟ حالانکہ یہ رسالہ عبادات کے بیان میں تھا۔ جیسا کہ مقدمہ میں فرمایا "أَنْ أَعْمَلَ مُقَدِّمَةً فِي الْعِبَادَاتِ"۔

جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ نماز عبادت ہے اور اس کے لئے طہارت ضروری ہے کہ بے طہارت نماز منعقد ہی نہیں ہوتی، طہات نماز کی شرط جو ٹھہری۔ اور شرط شیئ مشروط پر مقدم ہوتی ہے لہذا مصنف نے بھی طہارت کو عبادات خصوصاً صلوۃ پر مقدم فرمایا۔

سوال: طہارت نماز کے لئے کیوں ضروری ہے؟

جواب: نماز کے لئے طہارت ایسی ضروری چیز ہے کہ بے اس کے نماز ہوتی ہی نہیں بلکہ جان بوجھ کر بے طہارت نماز ادا کرنے کو علما کفر لکھتے ہیں اور کیوں نہ ہو کہ اس بے وُضو یا بے غسل نماز پڑھنے والے نے عبادت کی بے ادبی اور توہین کی۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جنت کی کُنجی نماز ہے اور نماز کی کُنجی طہارت۔ ("المسند" لِلامام أحمد بن حنبل، مسند جابر بن عبد اللہ، الحدیث: ۱۴۶۶۸، ج۵، ص۱۰۳.) اس نماز کی کُنجی جو ام العبادات ہے۔

"ایک روز نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صبح کی نماز میں سورۂ رُوم پڑھتے تھے اور تشابہ لگا، بعدِ نماز ارشاد فرمایا کیا حال ہے ان لوگوں کا جو ہمارے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اور اچھی طرح طہارت نہیں کرتے انھیں کی وجہ سے امام کو قراءت میں شبہہ پڑتا ہے"۔

("سنن النسائي"، کتاب الافتتاح، باب القراءة في الصبح بالروم، الحدیث: ۹۴۴، ص۱۶۵.)

جب بغیر کامل طہارت نماز پڑھنے کا یہ وبال ہے تو بے طہارت نماز پڑھنے کی نحوست کا کیا پوچھنا۔ ایک حدیث میں فرمایا: "طہارت نصف ایمان ہے"۔ ("جامع الترمذي"، کتاب الدعوات، ۸۵۔ باب، الحدیث: ۳۵۲۸، ج۵، ص۳۰۷.)

سوال: میاہ کیا ہے؟ اور اس کا کیا معنی ہے؟

جواب: المیاہ ماء کی جمع کثرت ہے جبکہ جمع قلت امواہ آتی ہے۔ جس کا معنی پانی ہے اور پانی ایک لطیف اور بہنے والا جسم ہے۔ جس سے ہر چیز کی زندگی ہے۔

سوال: کتنے قسموں کے پانی سے طہارت جائز و صحیح ہوتی ہے؟

جواب: سات قسم کے پانیوں سے پاکی حاصل کرنا جائز اور درست ہے: (۱) آسمان کا پانی، جس کو بارش کہتے ہیں۔ (۲) سمندر کا پانی، خواہ میٹھا ہو یا کھارا۔ (۳) نہر کا پانی، دریا کی شاخ یا بڑی نالی جو آب پاشی کے لئے کھودی جائے اسے نہر کہتے ہیں۔ (۴) کنواں کا پانی، جو زمین کھود کر نکالا جاتا ہے۔ (۵) برف کا پگھلا ہوا پانی۔ (6) اولے کا پگھلا ہوا پانی۔ (7) زمین یا پتھر سے جاری چشمے کا پانی۔

تنبیہ: جس پانی سے وُضو جائز ہے اس سے غُسل بھی جائز اور جس سے وُضو ناجائز غُسل بھی ناجائز۔ (بہار شریعت جلد۔۱۔ ص۳۲۹)

سوال: پگھلنے کی قید ثلج و برد میں کیوں لگائی گئی ہے؟

جواب: یہ قید اس لئے لگائی گئی ہے کہ جو پانی نمک سے پگھل کر نکلا ہو اس سے وضو جائز نہیں۔

نوٹ: جن پانیوں سے پاکی حاصل کرنا جائز ہے اعلیٰ حضرت نے فتاویٰ رضویہ میں اس کی ۱۶۰ قسمیں بیان کی ہیں۔

اَقْسَامُ الْمِیَاہِ

ثُمَّ الْمِیَاہُ عَلٰی خَمْسَةِ أَقْسَامٍ (۱) طَاهِرٌ مُطَهِّرٌ غَیْرُ مَکْرُوْهٍ وَهُوَ الْمَاءُ الْمُطْلَقُ وَ(۲) طَاهِرٌ مُطَهِّرٌ مَکْرُوْهٌ وَهُوَ مَا شَرِبَ مِنْهُ الْهِرَّةُ وَنَحْوُهَا وَکَانَ قَلِیْلاً وَ(۳) طَاهِرٌ غَیْرُ مُطَهِّرٍ وَهُوَ مَا اُسْتُعْمِلَ لِرَفْعِ حَدَثٍ أَوْ لِقُرْبَةٍ کَالْوُضُوْءِ عَلَی الْوُضُوْءِ بِنِیَّتِهٖ وَیَصِیْرُ الْمَاءُ مُسْتَعْمَلاً بِمُجَرَّدِ انْفِصَالِهٖ عَنِ الْجَسَدِ۔

ترجمہ: پھر پانی پانچ قسموں پر ہے۔ (۱) پاک ہو، پاک کرنے والا ہو، مکروہ نہ ہو، وہ مطلق پانی ہے۔ (۲) پاک ہو، پاک کرنے والا ہو، مگر مکروہ ہو۔ اور وہ ایسا پانی ہے جس سے بلّی یا اس جیسے جانور نے پی لیا ہو اور وہ پانی تھوڑا ہو۔ (۳) پاک ہو، پاک کرنے والا نہ ہو، اور وہ ایسا پانی ہے جس کو حدث دور کرنے کے لئے یا ثواب حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہو۔ جیسے وضو کی نیت سے وضو پر وضو کرنا۔ اور محض بدن سے جدا ہوتے ہی پانی مستعمل ہو جاتا ہے۔

سوال: پانی کے اوصاف یعنی طہارت، نجاست اور کراہت کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: پانی کے اوصاف یعنی طہارت، نجاست اور کراہت کے اعتبار سے پانی کی پانچ قسمیں ہیں: (۱) مائے مطلق۔ (۲) مائے مکروہ۔ (۳) مائے مستعمل۔ (4) مائے نجس۔ (۵) مائے مشکوک۔

سوال: مائے مطلق سے کون سا پانی مراد ہے؟

جواب: مائے مطلق سے وہ پانی مراد ہے جو اپنی اصلی خلقت پر ہو کہ جب محض پانی بولا جائے تو فوراً ذہن اس کی طرف منتقل ہو جیسے بارش، چشموں، دریاؤں اور کنویں وغیرہ کا پانی۔ یہ پانی اپنی ذات کے اعتبار سے پاک ہے اور دوسری چیزوں کو پاک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور نجاست حقیقی اور حکمی دونوں کو دور کر سکتا ہے یعنی اس سے وضو اور غسل و بدن اور کپڑے وغیرہ کو نجاست سے پاک کرنا درست ہے اور اس کا استعمال مکروہ بھی نہیں ہے۔

سوال: مائے مکروہ سے کون سا پانی مراد ہے؟

جواب: مائے مکروہ سے وہ پانی مراد ہے جس میں سے بلی یا اس جیسے دیگر جانور جیسے مرغی چوہا یا شکاری پرندے، باز، شاہین، سانپ وغیرہ نے پی لیا ہو یہ پانی پاک ہے اور پاک کرنے والا ہے لیکن اس سے طہارت حاصل کرنا مکروہِ تنزیہی ہے۔ اور یہ کراہت اس وقت ہے جب کہ مائے مطلق موجود ہو، اور اگر مائے مطلق موجود نہ ہو تو پھر کراہت نہیں۔ یہ حکم گھریلو بلی کا ہے اور اگر جنگلی بلی ہو تو اس کا جھوٹا ناپاک ہے یعنی اس کے پینے سے چوتھی قسم کا پانی ہو جائے گا، جس کا بیان آرہا ہے۔

سوال: "وَكَانَ قَلِيلًا" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "وَكَانَ قَلِيلًا" سے مراد یہ ہے کہ بلی اور بلی کے جیسے دیگر جانور کے پانی میں منہ ڈال دینے سے وضو و غسل کرنا اس وقت مکروہ تنزیہی ہے جبکہ وہ پانی تھوڑا ہو لہذا اگر وہ پانی کثیر یعنی دہ در دہ ہو تو اب کراہت باقی نہیں رہے گی۔

سوال: مائے مستعمل سے کون سا پانی مراد ہے؟

جواب: اوصاف کے اعتبار سے پانی کی تیسری قسم مائے مستعمل ہے، اور یہ ایسا پانی ہے جس سے محدث نے وضو کیا ہو، اگرچہ اس نے وضو کی نیت نہ کی ہو، اسی طرح وہ پانی جس سے غیر محدث یعنی باوضو شخص نے ثواب کی نیت سے دوبارہ وضو کیا ہو۔

پس مائے مستعمل پاک ہے، مگر اس کے اندر دوسری چیز کو پاک کرنے کی صلاحیت نہیں رہتی۔ یعنی اس سے وضو اور غسل کرنا جائز نہیں، البتہ اگر کپڑے یا بدن پر نجاستِ حقیقی لگی ہو تو اس سے پاک کرنا جائز ہے ۔ یہاں پر ”لقربۃ“ کی قید لگائی ہے، لہذا اگر کسی نے وضو پر وضو کیا اور قربت (ثواب) کی نیت نہ کی، تو اب یہ پانی مطہر رہے گا، لیکن اس کو اسراف کہا جائے گا، یہاں پر ایک قید اور ہونی چاہیۓ اور وہ (باختلاف المجلس) کی ہے یعنی وضو پر وضو کیا ہو قربت کی نیت سے دوسری مجلس میں تو مستعمل ہو گا، اور اگر قربت کی نیت سے وضو پر وضو ایک ہی مجلس میں کیا تو وہ پانی مستعمل نہیں ہو گا بلکہ مطہر ہی رہے گا، مگر ایسا کرنا مکروہ ہے اور قربت میں کھانے کے لئے ہاتھ دھونا بھی شامل ہے کہ حدیث میں ہے (الوضو قبل الطعام برکۃ و بعدہ ینفی اللمم ای الجنون) ۔

نوٹ: مزید اس مسئلہ کی تحقیق فتاویٰ رضویہ جلد ۲ ص ۵۹ پر ملاحظہ فرمائیں۔

سوال: پانی کس وقت مستعمل ہوگا؟

جواب: صحیح قول (جو متن میں مذکور ہے) کے مطابق پانی جیسے ہی بدن سے جدا ہو گا وہ مستعمل ہو جائے گا اگرچہ کسی جگہ قرار نہ پکڑے۔ جبکہ امام طحاوی اور دوسرے بعض علماء کا قول یہ ہے کہ پانی اس وقت مستعمل ہو گا جب کہ بدن سے جدا ہو کر دوسری جگہ قرار پا جائے اور حرکت بند ہو جائے، پس اختلاف کا ثمرہ اس وقت ظاہر ہو گا جبکہ ایک شخص ایک عضو دھو رہا تھا اور اس عضو سے پانی بہہ کر دوسرے عضو پر گر گیا۔ جس سے وہ عضو بھی دھل گیا پس پہلے قول کے مطابق دوسرے عضو کو دوبارہ دھونا فرض ہے کہ پانی مستعمل تھا اور دوسرے قول کے مطابق دوسرے عضو کو دھونا فرض نہیں کہ پانی مستعمل نہ تھا۔

حُكْمُ الْمَاءِ الْمُقَيّدِ

وَلَا يَجُوْزُ بِمَاءِ شَجَرٍ وَثَمَرٍ وَلَوْ خَرَجَ بِنَفْسِهٖ مِنْ غَيْرِ عَصْرٍ فِي الْأَظْهَرِ وَلَا بِمَاءٍ زَالَ طَبْعُهٗ بِالطَّبْخِ أَوْ بِغَلَبَةِ غَيْرِهٖ عَلَيْهِ۔

ترجمہ: اور درخت اور پھل کے پانی سے وضو کرنا جائز نہیں ہے اور ظاہر روایت کے مطابق اگرچہ خود ہی بغیر نچوڑے نکلا ہو تب بھی جائز نہیں، اور نہ ایسے پانی سے جس کی طبیعت اصلیہ پکانے سے زائل ہو گئی ہو، یا اس پر کسی دوسری چیز کے غالب آجانے کی وجہ سے زائل ہو گئی ہو۔

بِمَ تَكُوْنُ الْغَلَبَةُ

وَالْغَلَبَةُ فِي مُخَالَطَةِ الْجَامِدَاتِ بِإِخْرَاجِ الْمَاءِ عَنْ رِقَّتِهٖ وَسَيَلَانِهٖ وَلَا يَضُرُّ تَغَيُّرُ أَوْصَافِهٖ كُلِّهَا بِجَامِدٍ كَزَعْفَرَانٍ وَفَاكِهَةٍ وَوَرَقِ شَجَرٍ ، وَالْغَلَبَةُ فِي الْمَائِعَاتِ بِظُهُوْرِ وَصْفٍ وَاحِدٍ مِنْ مَائِعٍ لَهٗ وَصْفَانِ فَقَطْ كَاللَّبَنِ لَهُ اللَّوْنُ وَالطَّعْمُ وَلَا رَائِحَةَ لَهٗ ، وَبِظُهُوْرِ وَصْفَيْنِ مِنْ مَائِعٍ لَهٗ ثَلَاثَةٌ كَالْخَلِّ۔

ترجمہ: اور منجمد چیزوں کے ملنے میں غلبہ پانی کا اپنے پتلے پن اور بہنے سے نکل جانے سے ہو گا، اور جامد چیز کے سبب سے پانی کے تمام اوصاف کا بدل جانا نقصان نہیں دیتا ہے جیسے زعفران اور پھل اور درخت کا پتہ اور بہنے والی چیزوں میں غلبہ ایک وصف کے ظاہر ہونے سے ہو گا اس بہنے والی چیز میں جس کے صرف دو وصف ہوں جیسے دودھ کہ اس کا ایک وصف اس کا رنگ اور دوسرا وصف اس کا مزہ ہے اور اس کی بو نہیں ہے اور وہ بہنے والی چیز جس کے تین وصف ہوں تو دو وصف کے ظاہر ہونے سے غلبہ ہو گا جیسے سرکہ۔

وَالْغَلَبَةُ فِي الْمَائِعِ الَّذِي لَا وَصْفَ لَهٗ كَالْمَاءِ الْمُسْتَعْمَلِ وَمَاءِ الْوَرْدِ الْمُنْقَطِعِ الرَّائِحَةِ تَكُوْنُ بِالْوَزْنِ ، فَإِنِ اخْتَلَطَ رَطْلَانِ مِنَ الْمَاءِ الْمُسْتَعْمَلِ بِرَطْلٍ مِنَ الْمُطْلَقِ لَا يَجُوْزُ بِهِ الْوُضُوْءُ وَبِعَكْسِهٖ جَازَ۔

ترجمہ: اور غلبہ کا اعتبار اس بہنے والی چیز میں جس کا کوئی وصف نہ ہو جیسے استعمال کیا ہوا پانی اور گلاب کا پانی جس کی خوشبو ختم ہو گئی ہو وزن سے ہو گا پس اگر مائے مستعمل کے دو رطل مائے مطلق کے ایک رطل میں مل گئے تو اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہے اور اس کے برعکس کی صورت میں جائز ہے۔

سوال: **مائے مقید کسے کہتے ہیں؟**

جواب: وہ پانی جو اپنی اصلی طبیعت پر نہ ہو بلکہ اس کے ساتھ ایسی چیز مل چکی ہو کہ وہ پانی اسی کے ساتھ موسوم ہو، اسے مائے مقید کہتے ہیں۔

سوال: **کیا درخت اور پھل کے اس پانی سے جو خود بخود بغیر نچوڑے نکلا ہو وضو کرنا جائز ہے؟**

جواب: درخت سے نکلے ہوئے پانی کو پانی نہیں کہتے بلکہ عرق یا رس کہتے ہیں، اور اسی طرح پھل سے نکلے ہوئے پانی کو پانی نہیں کہتے بلکہ تربوز کا پانی، انگور کا پانی وغیرہ کہتے ہیں۔ پس ایسے پانی سے ظاہر الروایت کے مطابق وضو جائز نہیں، اگرچہ وہ خود بخود بغیر نچوڑے نکلا ہو۔

سوال: **متن میں فی الاظہر کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟**

جواب: متن میں فی الاظہر کی قید لگا کر اس بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ اس کے خلاف بھی ایک قول ہے جو قابلِ عمل نہیں اور وہ یہ ہے کہ اگر درخت سے خود ہی بغیر نچوڑے قطرہ قطرہ پانی نکلے تو اس سے وضو کرنا جائز ہے۔

سوال: ایسا پانی جس کی طبیعت اصلیہ پکانے سے یا دوسری چیز کے غالب آنے سے زائل ہوگئی ہو تو اس سے وضو کرنا کیسا ہے؟

جواب: جس پانی کی طبعیت اصلیہ پکانے سے زائل ہوگئی ہو تو اس کی دو صورتیں ہیں:

(۱) اگر پانی میں کوئی ایسی پاک چیز ڈال کر پکائی گئی جس سے میل صاف کرنا مقصود نہیں جیسے چنے اور مسور کو پانی میں ڈال کر پکایا گیا تو اب اس سے وضو و غسل کرنا جائز نہیں، خواہ اس پانی میں رقت و سیلان باقی رہے یا نہ رہے کیونکہ اس طرح اس کے مل جانے سے اس پر سے پانی کا نام جاتا رہتا ہے اور وہ مقید ہو جاتا ہے یعنی اس کا نام دال پڑھ جاتا ہے۔

(۲) اور دوسری صورت یہ ہے کہ پانی میں کوئی ایسی پاک چیز ڈال کر پکائی گئی جس سے میل صاف کرنا مقصود ہو جیسے بیری کے پتے تو اس سے وضو و غسل کرنا جائز ہے، لیکن اگر اس پانی میں رقت و سیلان باقی نہ رہے تو اس سے وضو و غسل جائز نہیں، اسی طرح جب پانی میں کوئی دوسری چیز ڈالی گئی اور اس چیز کے پانی پر غالب آجانے کی وجہ سے پانی کی طبعیت اصلیہ زائل ہوگئی تو اس سے بھی وضو و غسل جائز نہیں ہے۔ اس کی مثال آگے آرہی ہے۔

سوال: مصنف نے غلبہ کی کتنی صورتیں ذکر کی ہیں؟

جواب: مصنف نے "والغلبۃ" سے غلبہ کی چار صورتیں بیان کی ہیں۔

سوال: پانی میں جمی ہوئی چیزوں کے ملنے سے غلبہ کب مانا جائے گا؟

جواب: غلبہ کی پہلی صورت جمی ہوئی چیزوں کے ملنے سے ہے، پس اگر پانی میں جمی ہوئی چیز مل گئی جیسے زعفران یا پھل یا درخت کے پتے تو اب دیکھا جائے گا کہ ان چیزوں کے ملنے سے پانی کی جو طبیعت ہے یعنی رقیق (پتلا) ہونا کہ اگر کپڑے میں ڈال کر چھانا جائے تو اس میں سے نکلے اور سیلان یعنی بہنا یہ ہے کہ اگر اس کو کسی عضو پر ڈالا جائے تو بہہ سکے، پس اگر یہ رقت و سیلان ختم ہو جائے تو پانی میں دوسری شئی کا غلبہ مانا جائے گا اور اس سے وضو و غسل کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال: اگر پانی میں جمی ہوئی چیز کے ملنے سے پانی کی طبیعت (رقت و سیلان) علی حالہ باقی ہے مگر اس کے اوصاف (رنگ، بو، مزا) بدل گئے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر پانی میں جمی ہوئی چیز کے ملنے سے پانی کی طبیعت (رقت وسیلان) علی حالہ باقی ہے اور اس میں کوئی فرق نہیں آیا تو اس سے وضو و غسل کرنا جائز ہے، اگرچہ اس کی وجہ سے پانی کے اوصاف رنگ، بو، مزا بدل گئے ہوں جیسے کہ ایک لیٹر پانی میں دو گرام زعفران ملا دیا جائے تو

اس سے پانی کی رقت وسیلان تو باقی رہتی ہے مگر پانی کا رنگ بو اور مزا بدل جاتا ہے لہذا ایسی صورت میں پانی کے اوصاف کا متغیر ہونا ضرر و نقصان نہیں دے گا۔

سوال: بہنے والی وہ چیزیں جن کے دو وصف ہوتے ہیں پانی میں مل جائیں تو غلبہ کی کیا صورت ہوگی؟

جواب: غلبہ کی دوسری صورت ان بہنے والی چیزوں میں جن کے دو وصف ہوتے ہیں، اگر پانی میں ملنے والی چیز بہنے والی ہے جس کے دو وصف ہوں جیسے دودھ کہ اس میں پہلا وصف رنگ یعنی سفید ہونا اور دوسرا وصف مزا یعنی بمائل مٹھاس ہونا ہے اور اس میں تیسرا وصف بو نہیں پایا جاتا، پس اگر ان دو وصف میں سے کوئی ایک وصف پانی کے اندر سرایت کر جائے تو اس کو اصلی پانی پر دوسری چیز کا غالب آنا کہیں گے اور اس سے وضو اور غسل جائز نہیں ہوگا۔

سوال: بہنے والی وہ چیزیں جن کے تین وصف ہوتے ہیں اگر پانی میں مل جائیں تو غلبہ کی کیا صورت ہوگی؟

جواب: یہ غلبہ کی تیسری صورت ہے پس اگر وہ بہنے والی چیز جو پانی میں ملی ہے اس کے تین وصف ہوں مثلاً سرکہ کہ اس میں تین وصف ہیں (۱) رنگ (۲) بو (۳) مزا لہذا اگر ان تین وصفوں میں سے دو وصف پانی میں سرایت کر جائیں تو اس کو اصلی پانی پر دوسری چیز کا غالب آنا کہیں گے، اور اس سے وضو غسل جائز نہیں ہوگا، ہاں اگر تین میں سے صرف ایک وصف بدلا تو وضو غسل جائز ہوگا۔

سوال: بہنے والی ایسی چیز جس میں کوئی وصف نہ ہو، اگر پانی میں مل جائے تو اس میں غلبہ کی شناخت کیسے ہوگی؟

جواب: یہ غلبہ کی چوتھی صورت ہے، اگر پانی میں کوئی ایسی بہنے والی چیز مل گئی جس کے اندر کوئی وصف نہیں ہے جیسے مائے مستعمل اور عرقِ گلاب، جس کی خوشبو ختم ہوگئی ہو (اس میں بھی اب کوئی وصف باقی نہ رہا) تو غلبہ کی شناخت وزن سے کیا جائے گا مثلاً ایک رطل مائے مطلق میں دو رطل مائے مستعمل یا عرقِ گلاب مل جائے تو مائے مستعمل یا عرق گلاب کا غلبہ مطلق پانی پر ہو گیا لہذا اس سے وضو غسل جائز نہیں ہوگا، اور اگر دو رطل مائے مطلق میں ایک رطل مائے مستعمل یا عرقِ گلاب مل جائے تو مائے مطلق کا غلبہ مانا جائے گا، اور اس صورت میں وضو غسل کرنا جائز ہوگا، اور مصنف نے اسی صورت کو بعکسہ جاز سے بیان کیا ہے۔

سوال: رطل کیا ہے؟ اور ایک صاع کتنے رطل کا ہوتا ہے؟

جواب: رطل ایک وزن کا پیمانہ ہے، ایک صاع میں آٹھ رطل ہوتے ہیں اور ایک صاع تقریباً چار کلو سو گرام کا ہوتا ہے۔

سوال: اگر مائے مطلق اور مائے مستعمل یا عرق گلاب کی مقدار برابر ہو تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: اس صورت کو مصنف نے بیان نہیں کیا ہے، لیکن صاحبِ مراقی الفلاح نے اس کو ذکر فرمایا ہے کہ اگر دونوں کی مقدار برابر ہوں تو علماء نے اِحتیاطاً غلبہ کا حکم دیا ہے۔ یعنی اس سے وضو و غسل کرنا جائز نہیں ہوگا۔

وَالرَّابِعُ مَاءٌ نَجِسٌ وَهُوَ الَّذِي حَلَّتْ فِيْهِ نَجَاسَةٌ وَكَانَ رَاكِداً قَلِيْلاً ، وَالْقَلِيْلُ مَا دُوْنَ عَشْرٍ فِي عَشْرٍ فَيَنْجَسُ وَإِنْ لَمْ يَظْهَرْ أَثَرُهَا فِيْهِ أَوْ جَارِياً وَظَهَرَ فِيْهِ أَثَرُهَا ، وَالْأَثَرُ طَعْمٌ أَوْ لَوْنٌ أَوْ رِيْحٌ ، وَالْخَامِسُ مَاءٌ مَشْكُوْكٌ فِي طَهُوْرِيَّتِهِ وَهُوَ مَا شَرِبَ مِنْهُ حِمَارٌ أَوْ بَغْلٌ ۔

ترجمہ: (۴)اور چوتھا ناپاک پانی ہے، اور یہ وہ پانی ہے جس میں نجاست گر گئی ہو، اور وہ پانی ٹھہرا ہوا تھوڑا ہو، اور تھوڑا وہ پانی ہے جو دہ در دہ سے کم ہو، پس وہ ناپاک ہو جائے گا اگرچہ پانی میں نجاست کا اثر ظاہر نہ ہوا ہو، یا وہ پانی جاری ہو اور اس پانی میں نجاست کا اثر ظاہر ہو گیا ہو، اور اثر، مزہ یا رنگ یا بو ہے۔ (۵)اور پانچواں وہ پانی ہے جس کے پاک کرنے والا ہونے میں شک کیا گیا ہو، اور یہ وہ پانی ہے جس سے گدھے یا خچر نے پی لیا ہو۔

سوال: مائے نجس سے کون سا پانی مراد ہے؟ نیز قلیل و کثیر ہونے کی صورت میں کیا حکم ہوگا؟

جواب: اوصاف کے اعتبار سے پانی کی چوتھی قسم مائے نجس ہے، اور یہ ایسا پانی ہے جس میں کوئی ناپاک چیز گر جائے مثلاً پیشاب، پاخانہ، شراب وغیرہ اور وہ پانی بہنے والا نہ ہو بلکہ ٹھہرا ہوا ہو، اور کثیر نہ ہو بلکہ قلیل ہو تو وہ ناپاک ہو جائے گا اگرچہ پانی کے اندر اس کے اثرات (رنگ، بو، مزہ) میں سے کوئی ایک ظاہر نہ ہو، اور اگر پانی کثیر ہو یا بہنے والا ہو۔ اور اس میں نجاست گر جائے اور ناپاکی کا اثر ظاہر نہ ہو، تو اس صورت میں پانی پاک رہے گا ناپاک نہیں ہو گا۔

سوال: مائے قلیل اور مائے کثیر کسے کہتے ہیں؟

جواب: مائے قلیل اور مائے کثیر کی مقدار میں امام اعظم کا اصل مذہب یہ ہے کہ خود اس کی رائے اور اندازہ معتبر ہو گا، اگر اس کا غالب گمان کثیر کا ہے تو کثیر، ورنہ قلیل ہو گا۔ لیکن علمائے متاخرین نے عام مسلمانوں کی سہولت کے لئے مائے کثیر کی ایک مقدار مقرر کی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر پانی دہ در دہ سے کم ہو تو وہ قلیل ہے، اور جو پانی دہ در دہ ہو یا اس سے زیادہ ہو تو وہ کثیر ہے۔ اور دہ در دہ وہ ہے جو دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا ہو یعنی ۲۲۵ مربع فٹ۔

سوال: مائے مشکوک سے کون سا پانی مراد ہے؟

جواب: اوصاف کے اعتبار سے پانی کی پانچویں قسم مائے مشکوک ہے اور مائے مشکوک وہ گدھے یا خچر (جو گدھی اور گھوڑے کے ملاپ سے پیدا ہوا ہو) کا بچا ہوا پانی ہے، یہ پانی طاہر ہے لیکن اس کا مطہر ہونا مشکوک ہے اور مائے مشکوک کا مطلب یہ نہیں ہے کہ شریعت میں اس کا کوئی حکم نہیں بلکہ ان کے جھوٹے کو مشکوک کہنے سے مراد توقف ہے یعنی نہ اس کے مطہر ہونے کا حکم یقین کے ساتھ لگایا ہے اور نہ اس کے مطہر ہونے کی نفی کی گئی ہے اور توقف بھی ایک حکم ہے اس لئے یہ نہیں کہہ سکتے کہ شریعت میں اس کا کوئی حکم نہیں ہے اور توقف کا حکم اس وقت ہوتا ہے جبکہ

دلائل میں تعارض ہو جائے، اس لئے فقہاء مائے مشکوک کے بارے میں فرماتے ہیں کہ مائے مطلق کے نہ ہونے کے وقت مائے مشکوک کے استعمال کے بعد تیمم بھی احتیاطاً کرلے تاکہ یقین کے ساتھ اس کو پاک کہا جاسکے۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْب
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِي بَيَانِ اَحۡكَامِ السُّؤۡرِ

یہ فصل جھوٹے کے احکام کے بیان میں ہے

وَالۡمَاءُ الۡقَلِيۡلُ إِذَا شَرِبَ مِنۡهُ حَيَوَانٌ يَكُوۡنُ عَلىٰ أَرۡبَعَةِ أَقۡسَامٍ وَيُسَمَّى سُؤۡرًا ، اَلۡأَوَّلُ طَاهِرٌ مُطَهِّرٌ وَهُوَ مَا شَرِبَ مِنۡهُ آدَمِيٌّ أَوۡ فَرَسٌ أَوۡ مَا يُؤۡكَلُ لَحۡمُهٗ وَالثَّانِي نَجِسٌ لَا يَجُوۡزُ اِسۡتِعۡمَالُهٗ وَهُوَ مَا شَرِبَ مِنۡهُ الۡكَلۡبُ أَوِ الۡخِنۡزِيۡرُ أَوۡ شَيۡءٌ مِنۡ سِبَاعِ الۡبَهَائِمِ كَالۡفَهۡدِ وَالذِّئۡبِ۔

ترجمہ: اور تھوڑا پانی جب کہ اس میں سے کسی جاندار نے پی لیا ہو تو وہ چار قسموں پر ہو جائے گا اور اس کا جھوٹا نام رکھا جاتا ہے پہلی قسم پاک ہو اور پاک کرنے والا ہو اور یہ وہ پانی ہے جس میں سے آدمی یا گھوڑے یا اس جانور نے جس کا گوشت کھایا جاتا ہے نے پی لیا ہو اور دوسری قسم ناپاک ہے اس کا استعمال جائز نہیں ہے اور یہ وہ پانی ہے جس میں سے کتے یا خنزیر نے یا درندوں میں سے کسی نے پی لیا ہو جیسے چیتا اور بھیڑیا۔

وَالثَّالِثُ مَكۡرُوۡهٌ اِسۡتِعۡمَالُهٗ مَعَ وُجُوۡدِ غَيۡرِهٖ وَهُوَ سُؤۡرُ الۡهِرَّةِ وَالدَّجَاجَةِ الۡمُخَلَّاةِ وَسِبَاعِ الطَّيۡرِ كَالصَّقۡرِ وَالشَّاهِيۡنِ وَالۡحِدَأَةِ وَسَوَاكِنِ الۡبُيُوۡتِ كَالۡفَأۡرَةِ لَا الۡعَقۡرَبِ وَالرَّابِعُ مَشۡكُوۡكٌ فِي طَهُوۡرِيَّتِهٖ وَهُوَ سُؤۡرُ الۡبَغۡلِ وَالۡحِمَارِ فَإِنۡ لَمۡ يَجِدۡ غَيۡرَهٗ تَوَضَّأَ بِهٖ وَتَيَمَّمَ ثُمَّ صَلىّٰ۔

ترجمہ: اور تیسری قسم (وہ پانی ہے) جس کا استعمال اس کے علاوہ کے پائے جانے کے وقت مکروہ ہے اور وہ بلی اور کھلی پھرنے والی مرغی اور شکاری پرندیں جیسے باز، شاہین، چیل اور گھروں میں رہنے والے جانور جیسے چوہے کا جھوٹا ہے نہ کہ بچھو کا جھوٹا اور چوتھی قسم وہ پانی ہے جس کے مطہر ہونے میں شک کیا گیا ہو اور وہ خچر اور گدھے کا جھوٹا ہے، پس اگر (محدث) اس کے علاوہ اور پانی کو نہ پائے تو اس سے وضو کرے اور تیمم کرے پھر نماز پڑھے۔

سوال: فصل کسے کہتے ہیں؟

جواب: فصل کا لغوی معنی دو چیزوں کے درمیان فاصلہ، دو چیزوں کے درمیان میں آڑ ہے، جبکہ اصطلاح میں مسائل کا وہ ٹکڑا ہے جس کے احکام ما قبل کی جانب نسبت کرتے ہوئے متغیر ہوں۔

سوال: مائے قلیل میں سے جب کوئی حیوان پی لے تو اس کو کس نام سے موسوم کرتے ہیں نیز اس کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

جواب: جب مائے قلیل میں سے کوئی جاندار پی لے تو اسے جھوٹے کے نام سے موسوم کرتے ہیں، اور اس کی احناف کے نزدیک چار قسمیں بنتی ہیں: (۱) طاہر مطہر۔ (۲) نجس۔ (۳) مکروہ۔ (۴) مشکوک۔

سوال: الماء کے ساتھ القلیل کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟

جواب: یہاں پر الماء کے ساتھ القلیل کی قید اس لئے لگائی گئی ہے کہ اگر پانی کثیر ہو اور اس میں سے کوئی جاندار پی لے تو اس کو جھوٹا پانی نہیں کہیں گے جیسے کہ کوئی جاندار نہر میں منہ ڈال دے۔ اور مائے قلیل کی تعریف اوپر گزری کہ جو دہ در دہ نہ ہو جیسے پانی سے بھری ہوئی بالٹی اور مٹکے وغیرہ۔

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا طاہر و مطہّر ہوتا ہے؟ مع حکم بیان کریں۔

جواب: جھوٹے پانی کی پہلی قسم طاہر و مطہّر (خود پاک ہو اور دوسرے کو پاک کرنے کی صلاحیت رکھے) ہے یہ وہ پانی ہے جس سے کسی آدمی نے پیا ہو خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر، بڑا ہو یا چھوٹا، حائضہ ہو یا جنبی سب کا جھوٹا پاک ہے اور پاک کرنے والا بھی ہے جب کہ ان کا منہ پاک ہو، پس اگر ان کا منہ ناپاک ہو تو ان کا جھوٹا بھی ناپاک ہو جائے گا جیسے شرابی کا منہ، اور اسی طرح گھوڑے کا جھوٹا اور ان جانوروں کا جھوٹا جن کا گوشت کھایا جاتا ہے جیسے بکری، گائے، بیل بھینس، اونٹ اور بھیڑ وغیرہ کا جھوٹا پاک طاہر و مطہر ہے، لیکن اس حکم سے وہ اونٹ، بکری، بھیڑ، گائے، جو نجاست کھاتے ہیں مستثنیٰ ہیں، کہ ان کا جھوٹا مکروہ ہے۔ (مراقی الفلاح)

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا نجس ہے؟ مع حکم بیان کریں۔

جواب: جھوٹے پانی کی دوسری قسم ناپاک ہے کہ نہ اس سے پاکی حاصل کر سکتے ہیں، نہ اس کو پی سکتے ہیں، اور وہ کتا، خنزیر اور چوپائے درندوں کا جھوٹا ہے، چوپائے درندے وہ ہیں جو اپنے نوک دار دانتوں سے شکار کرتے ہیں جیسے چیتا اور بھیڑیا۔ اور نجس سے مراد نجاستِ غلیظہ ہے اس لئے کہ لعاب گوشت سے بنتا ہے اور ان کا گوشت نجس ہوتا ہے۔

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا مکروہ ہے؟ مع حکم بیان کریں۔

جواب: جھوٹے پانی کی تیسری قسم مکروہ ہے یعنی مطلق غیر مکروہ پانی کے ہوتے ہوئے اس کا استعمال طہارت میں اور پکانے میں اور پینے میں مکروہِ تنزیہی ہے، لہٰذا اگر مطلق غیر مکروہ پانی نہ ہو تو اس کا استعمال مکروہ نہیں ہے بلکہ اس سے وضو غسل کرے تیمم جائز نہیں ہوگا اور یہ بلی کا جھوٹا پانی ہے اور یہاں بلی سے مراد گھریلو بلی ہے، اس لئے کہ جنگلی بلی کا جھوٹا نجس ہے، اسی طرح کھلی پھرنے والی مرغی کا جھوٹا مکروہ ہے اور مخلاۃ سے مراد وہ مرغی ہے جو گندگیوں میں چلتی پھرتی ہے جس کی وجہ سے اس کی چونچ کے ناپاک ہونے کا احتمال ہے اور وہ مرغی جس کو دربے (مرغی کا گھر) میں بند رکھا جاتا ہو اور وہیں اس کو خوراک دی جاتی ہو تو اس کا جھوٹا مکروہ نہیں، اسی طرح شکاری پرندوں کا جھوٹا بھی مکروہ ہے جیسے باز، شاہین (

سفید رنگ کا شکاری پرندہ)، اور چیل، کوّا اور گدھ وغیرہ، چونکہ یہ اکثر مردار کھاتے ہیں اس لئے ان کا حکم کھلی پھرنے والی مرغی کے مانند ہو گیا، اسی طرح گھروں میں رہنے والے جانوروں کا جھوٹا بھی مکروہ تنزیہی ہے مثلاً چوہا، چھپکلی وغیرہ، کہ ان میں بہنے والا خون ہوتا ہے، اور بچھو کا جھوٹا مکروہ نہیں، کہ اس میں بہنے والا خون نہیں ہوتا ہے۔

سوال: کون سے جاندار کا جھوٹا مشکوک ہوتا ہے؟ مع حکم بیان کریں۔

جواب: جھوٹے پانی کی چوتھی قسم مشکوک ہے یعنی جس کے پاک کرنے والا ہونے میں شک ہے، اور شک سے مراد یہ نہیں کہ شریعت میں اس کا کوئی حکم نہیں ہے بلکہ اس کا حکم معلوم ہے اور وہ توقف ہے، اور توقف بھی ایک حکم ہے یعنی نہ اس کو یقین کے ساتھ مطہر کہا ہے اور نہ اس کے مطہّر ہونے کی نفی کی ہے، کیونکہ کچھ اس قسم کے دلائل موجود ہیں کہ کسی ایک جانب قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، اور وہ مائے مشکوک خچر اور گدھے کا جھوٹا ہے اس لئے کہ فقہاء مائے مشکوک کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر مشکوک پانی کے سوا پاک پانی نہ ملے تو اس سے وضو کرنے کے بعد تیمم بھی کر لے، پس وضو اور تیمم کو جمع کرنا واجب ہے، ہاں اس کو اس بات میں اختیار ہے کہ ان دونوں میں سے جس کو چاہے مقدم کرے لیکن امام زفر کے قول کے مطابق افضل وضو کو مقدم کرنا ہے پھر نماز پڑھے۔

سوال: اگر ان چاروں قسم کے جانداروں کے منہ میں نجاست کا لگا ہوا ہونا یقین کے ساتھ معلوم ہو تو پھر کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر یقین کے ساتھ منہ میں نجاست کا لگا ہوا ہونا معلوم ہو تو پھر ان کا جھوٹا نجس ہو گا کہ اس سے وضو اور غسل جائز نہیں۔

اسلامی احکام کی علتوں اور حکمتوں پر مشتمل منفرد کتاب بنام

اسلامی احکام کی حکمتیں حصہ اول موضوع

عقائد کی حکمتیں

آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے

☆... اللہ کی ذات وصفات کے متعلق عقائد☆... انبیاء ورسل علیہم السلام کے متعلق عقائد☆... ملائکہ کے متعلق عقائد☆... آسمانی کتابوں کے متعلق عقاید
☆... جِنّ کے متعلق عقائد☆... عالمِ برزخ کے متعلق عقائد☆... قیامت اور موت کے بعد اٹھایا جانا☆... جنت و دوزخ کے متعلق عقائد

مصنف: مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

فَصلُ فيِ التَّحَرِّي فيِ الْأَوَانيِ وَالثِّيَابِ

یہ فصل کپڑوں اور برتنوں میں غور و فکر کرنے کے بیان میں ہے

لَوْ اِخْتَلَطَ أَوَانٍ أَكْثَرُهَا طَاهِرٌ تَحَرَّي لِلْتَوَضُّؤِ وَالشُّرْبِ وَإِنْ كَانَ أَكْثَرُهَا نَجِساً لَا يَتَحَرَّى إِلَّا لِلشُّرْبِ وَفِي الثِّيَابِ الْمُخْتَلِطَةِ يَتَحَرَّى سَوَاءٌ كَانَ أَكْثَرُهَا طَاهِراً أَوْ نَجِساً۔

ترجمہ: اگر چند ایسے برتن مل جائیں کہ ان میں اکثر پاک ہوں تو وضو اور پینے کے لئے تحری کرے گا اور اگر ان برتنوں میں زیادہ ناپاک ہوں تو تحری نہیں کرے گا مگر پینے کے لئے اور ملے ہوئے کپڑوں میں تحری کرے گا خواہ ان کپڑوں میں زیادہ پاک ہوں یا ناپاک۔

سوال: تحری کی تعریف بیان کریں۔

جواب: تحری کا معنی پاک شے کو ناپاک شے سے الگ کرنے کے لئے اپنی غور و فکر کی پوری کوشش صرف کر دینا ہے۔

سوال: ایک شے کا دوسری شے کے ساتھ ملنا کتنے طریقے کا ہوتا ہے؟

جواب: ایک شے کا دوسری شے کے ساتھ ملنا دو طریقے کا ہوتا ہے:

(۱) ایک شے کے اجزاء دوسری شے کے اجزاء میں پوری طرح مل جائیں جیسے چینی پانی میں، مائے مطلق مائے مستعمل میں، اور اس کا بیان مصنف نے ماقبل میں "الغلبۃ فی مخالۃ الجامدات" سے کیا ہے۔

(۲) ایک شے دوسری شے کے ساتھ باعتبار مجاورت کے مل جائے جیسے نجس پانی کا برتن، پاک پانی کے برتن کے ساتھ مل جائے، اور اس کا بیان مصنف نے اس فصل میں کیا ہے، اور دونوں کو الگ الگ بیان کرنے کی وجہ ان کے احکام کا الگ الگ ہونا ہے۔

سوال: اگر چند ایسے برتن آپس میں مل جائیں جن میں اکثر پاک ہوں تو وضو اور پینے کے استعمال میں لانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی جگہ چند برتن پانی بھر کر رکھے تھے ان میں سے کچھ برتن میں کتا منہ ڈال گیا اور بعد میں یہ خیال نہ رہا کہ کن برتنوں میں منہ ڈالا تھا، گویا پاک و ناپاک برتن مل گئے تو اگر ناپاک برتن کم ہوں اور پاک برتن زیادہ ہوں اور مل جانے کی وجہ سے پتا نہیں چلتا کہ کون پاک ہے اور کون ناپاک ہے، تو اب وضو و غسل اور پینے کے لئے تحری یعنی سوچ بچار کرے گا جن برتنوں کے متعلق پاک ہونے کا گمان غالب ہو ان سے وضو و غسل اور پینے کے لئے استعمال کرے گا۔

سوال: اور اگر ناپاک برتن زیادہ ہوں تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر ناپاک برتن زیادہ ہوں اور پاک برتن کم ہوں تو اب صرف پینے کے لئے تحری کریں گے وضو و غسل کے لئے تحری نہیں کریں گے بلکہ ان کے لئے تیمم کریں گے، وضو و شرب میں فرق کی وجہ یہ ہے کہ وضو اور غسل کا نائب تیمم موجود ہے لیکن پیاس کا نائب موجود نہیں ہے کہ بغیر پانی پیئے پیاس نہیں بجھ سکتی، اس لئے اس میں تحری کریں گے۔

سوال: اگر پاک و ناپاک کپڑے ایک دوسرے میں مل جائیں تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر پاک و ناپاک کپڑے ایک دوسرے میں مل جائیں اور یہ معلوم نہ ہو سکے کہ کون سے کپڑے پاک تھے اور کون سے ناپاک تھے، تو اب تحری کریں گے چاہے ان کپڑوں میں زیادہ پاک ہوں یا ناپاک ہوں، اس لئے کہ کپڑے کا کوئی بدل نہیں ہے کہ جس سے ستر چھپایا جا سکے۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

اسلامی احکام کی حکمتیں (حصہ دوم)

موضوع

پانچ نمازوں کی حکمت

آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے

☆... قرآن میں لفظِ صلوۃ کتنی بار آیا؟ ☆... نماز کے اعظم الفرائض ہونے کی چھ حکمت ☆... نماز کو صلوۃ کہنے کی چار حکمت ☆... نماز کے افضل العبادات ہونے کی پانچ حکمت ☆... نماز کی برکات ☆... پانچ نمازوں کے فرض ہونے کی سات حکمت ☆... انسانی زندگی کی پانچ حالت ☆... سورج کی پانچ حالت ☆... نماز کے شرائط و فرائض کی حکمتیں ☆... قبلہ مقرر کرنے کی چار حکمت ☆... کعبہ کو قبلہ مقرر کرنے کی نو حکمت ☆... نمازوں کی رکعتوں کے مختلف ہونے کی حکمتیں ☆... احکامِ الٰہی کے مختلف ہونے کی حکمت ☆... پانچ نمازوں کے ناموں کی حکمت ☆... فرضوں کے ساتھ سنن کی حکمت ☆... اعمالِ نماز کا شرعی جائزہ

مصنف

مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

فَصْلٌ فِيْ أَحْكَامِ الْآبَارِ

یہ فصل کوئیں کے احکام کے بیان میں ہے

اَلْبِئْرُ الصَّغِيْرَةُ

تُنْزَحُ الْبِئْرُ الصَّغِيْرَةُ بِوُقُوْعِ نَجَاسَةٍ وَ إِنْ قَلَّتْ مِنْ غَيْرِ الْأَرْوَاثِ كَقَطْرَةِ دَمٍ أَوْ خَمْرٍ وَبِوُقُوْعِ خِنْزِيْرٍ وَلَوْ خَرَجَ حَيّاً وَلَمْ يُصِبْ فَمُهُ الْمَاءَ وَبِمَوْتِ كَلْبٍ أَوْ شَاةٍ أَوْ آدَمِيٍّ فِيْهَا وَبِانْتِفَاخِ حَيَوَانٍ وَلَوْ صَغِيْراً۔

ترجمہ: کسی ناپاکی کے گرنے سے چھوٹے کوئیں کا پورا پانی نکالا جائے گا اگرچہ وہ ناپاکی تھوڑی ہو مینگنیوں کے علاوہ جیسے خون یا شراب کا قطرہ اور خنزیر کے گر جانے سے اگرچہ وہ زندہ نکل آئے اور اس کا منہ پانی میں نہ پہنچا ہو اور کوئیں میں کتے یا بکری یا آدمی کے مر جانے سے اور جاندار کے پھول جانے سے اگرچہ وہ چھوٹا ہو۔

اَلْبِئْرُ الْكَثِيْرَةُ المياه

وَمِائَتَا دَلْوٍ لَوْ لَمْ يُمْكِنْ نَزْحُهَا، وَإِنْ مَاتَتْ فِيْهَا دَجَاجَةٌ أَوْ هِرَّةٌ أَوْ نَحْوُهُمَا لَزِمَ نَزْحُ أَرْبَعِيْنَ دَلْواً وَإِنْ مَاتَتْ فِيْهَا فَأْرَةٌ أَوْ نَحْوُهَا لَزِمَ نَزْحُ عِشْرِيْنَ دَلْواً وَكَانَ ذٰلِكَ طَهَارَةً لِلْبِئْرِ وَالدَّلْوِ وَالرِّشَاءِ وَيَدِ الْمُسْتَقِيْ۔

ترجمہ: اور اگر کوئیں کا پورا پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو دو سو ڈول پانی نکالیں گے اور اگر کوئیں میں مرغی یا بلی یا ان دونوں کے جیسے دیگر جانور مر جائیں تو چالیس ڈول کا نکالنا لازم ہو گا، اور اگر کوئیں میں چوہا یا اس کے جیسے دیگر جانور مر جائیں تو بیس ڈول کا نکالنا لازم ہو گا اور یہ پانی نکالنے سے کوئیں، ڈول اور رسی اور نکالنے والے کے ہاتھ کے لئے پاکی ہو جائے گی۔

سوال: اگر کسی کوئیں میں کوئی نجاست گر جائے تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر کنواں چھوٹا ہو یعنی دہ در دہ سے کم ہو (اور عموماً کنواں دہ در دہ سے کم ہی ہوتا ہے) اور اس میں مینگنیوں کے علاوہ تھوڑی سی بھی ناپاک چیز گر جائے جیسے خون یا شراب کا ایک قطرہ تو پورا کنواں ناپاک ہو جائے گا اور اب اس کو پاک کرنے کے لئے کوئیں کا پورا پانی نکالا جائے گا، یہاں پر مینگنیوں کو اس لئے مستثنیٰ کر دیا کہ اس سے بچنا عموماً ممکن نہیں، ہاں اگر مینگنیوں کی مقدار کثیر ہو تو کنواں ناپاک ہو جائے گا جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

سوال: اگر کوئیں میں خنزیر گر گیا اور زندہ نکل آیا اور اس کا منہ بھی پانی سے نہ لگا ہو تو اس صورت میں کیا حکم ہے؟

جواب: خنزیر کے کوئیں میں گرنے جانے سے پورا پانی ناپاک ہو جائے گا خواہ وہ مرا ہوا نکلے یا زندہ نکل آئے خواہ اس کا منہ پانی سے لگا ہو یا نہ لگا ہو، اس لئے کہ خنزیر نجس العین ہے یعنی اس کا پورا بدن اور بدن کا ہر ایک جز، پیشاب وپاخانہ کی طرح ناپاک ہے، لہذا اس کے گرتے ہی سارا پانی ناپاک ہو جائے گا اور سارا پانی نکالا جائے گا۔

سوال: اگر کوئیں میں کتا، بکری یا آدمی گر کر مر جائے تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر کتا کوئیں میں گر کر مر جائے تو اس کا پورا پانی نکالا جائے گا یہاں پر کوئیں میں کتے کے مرنے کی قید لگائی گئی ہے، اس لئے کہ اگر کتا کوئیں سے زندہ نکل آیا اور اس کا منہ پانی میں داخل نہ ہوا ہو تو وہ پانی ناپاک نہیں ہوگا کیوں کہ صحیح قول کے مطابق کتا نجس العین نہیں ہے بخلاف خنزیر کے کہ وہ نجس العین ہے، اسی طرح کوئیں میں بکری یا آدمی گر کر مر جائیں تو کوئیں کا سارا پانی نکالا جائے گا۔

سوال: کوئیں میں جانور کے گر کر پھولنے اور پھٹنے کی صورت میں کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر کوئی جاندار کوئیں میں گر کر مرنے کے بعد پھول یا پھٹ جائے تو اس کوئیں کا سارا پانی ناپاک ہو جائے گا اور سارا پانی نکالا جائے گا خواں وہ جانور چھوٹا ہو جیسے چوہا وغیرہ یا بڑا ہو جیسے آدمی، ہاتھی وغیرہ۔

سوال: سارا پانی نکالنے سے کیا مراد ہے؟

جواب: کوئیں کا سارا پانی نکالنے سے یہ مراد ہے کہ کوئیں کا اتنا پانی نکال دیا جائے کہ اگر اب ڈول ڈالیں تو آدھا بھی نہ بھر سکے۔

سوال: اگر کوئیں کا سارا پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کیا کریں؟

جواب: اگر کنواں ایسا ہو کہ اس کا پورا پانی نکالنا ممکن نہ ہو، اس طور پر کہ کنواں چشمہ دار ہو تو اس میں سے دو سو ڈول نکال دینے سے کنواں پاک ہو جائے گا، اور دو سو ڈول واجب ہے جبکہ تین سو ڈول نکالنا مستحب ہے اور یہ امام محمد کا قول ہے جبکہ امام اعظم کی ایک روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ: دو متقی دیندار مسلمان جن کو پانی کی مقدار پہچاننے میں مہارت ہو، اندازہ لگائیں کہ کوئیں میں کتنا پانی ہے پس جتنے ڈول وہ بتائیں اتنے نکال دئے جائیں، کنواں پاک ہو جائے گا۔

سوال: اگر کوئیں میں مرغی، بلی یا ان جیسے دیگر جانور گر کر مر جائیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کوئیں میں مرغی، بلی یا ان جیسے دیگر جانور گر کر مر جائیں اور وہ پھولے پھٹے نہ ہوں تو اس کوئیں سے چالیس ڈول پانی نکالنا واجب ہے اور پچاس یا ساٹھ ڈول نکالنا مستحب ہے۔

سوال: اگر کوئیں میں چوہا یا اس کے جیسے دیگر جانور گر کر مر جائیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کوئیں میں چوہا یا اس کے مثل کوئی جانور جیسے چڑیا وغیرہ گر کر مر جائے اور پھولنے پھٹنے سے پہلے باہر نکال دیا جائے تو بیس ڈول پانی نکالنا واجب ہے اور تیس ڈول نکالنا مستحب ہے۔

سوال: رسی، ڈول، کنواں اور نکالنے والے کا ہاتھ کیسے پاک ہوگا؟

جواب: جس کوئیں کا پانی ناپاک ہو گیا اس میں سے جتنا پانی نکالنے کا حکم ہے نکال لیا گیا تو اب وہ رسی جس سے پانی نکالا گیا، کنواں، ڈول اور نکالنے والے کا ہاتھ سب پاک ہو گیا دھونے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی کوئیں کی دیوار دھونے کی حاجت ہے کہ وہ سب پاک ہو گئے۔

سوال: کوئیں سے کل پانی نکالنے کا حکم کب ہوتا ہے؟

جواب: درج ذیل صورتوں میں ہوتا ہے:

(۱) نجاست گر جائے اگرچہ قلیل مقدار میں ہو جیسے کہ شراب یا پیشاب یا خون کا قطرہ۔

(۲) خنزیر گر جائے اگرچہ زندہ نکل آئے اگرچہ اس کا منہ پانی میں نہ پڑا ہو۔

(۳) آدمی بکری یا کتا یا کوئی بھی ان کے برابر یا ان سے بڑا جانور کوئیں میں گر کر مر جائے یا مر کر کوئیں میں گر جائے۔

(۴) دموی (خون والا) جانور اگرچہ چھوٹا ہی کیوں نہ ہو جیسے کہ مرغی، بلی وغیرہ گر کر مرنے کے بعد پھول پھٹ جائے۔

سوال: بیس سے تیس ڈول کب نکالے جائیں گے؟

جواب: چوہا، چھچھوندر، چڑیا، چھپکلی، گرگٹ یا ان کے برابر یا ان سے چھوٹا کوئی دموی جانور کوئیں میں گر کر مر گیا تو ۲۰ سے ۳۰ ڈول تک پانی نکالا جائے گا۔

سوال: ۴۰ سے ۶۰ ڈول کب نکالے جائیں گے؟

جواب: کبوتر، مرغی، بلی یا اس جتنا کوئی بھی جانور گر کر مرے تو ۴۰ سے ۶۰ ڈول تک پانی نکالا جائے گا۔

سوال: ڈول سے کتنا بڑا ڈول مراد ہے؟

جواب: جس کوئیں کا ڈول معین ہو تو اسی کا اعتبار ہے اس کے چھوٹے بڑے ہونے کا کچھ لحاظ نہیں، اور اگر اس کا کوئی خاص ڈول نہ ہو تو ایسا ہو کہ ایک صاع پانی اس میں آجائے اور ایک صاع ۴ کلو ۱۰۰ گرام کا ہوتا ہے۔

ما لا ينجس البئر

وَلَا تَنْجُسُ الْبِئْرُ بِالْبَعْرِ وَالرَّوْثِ وَالْخِثْيِ إِلَّا اَنْ يَّسْتَكْثِرَهُ النَّاظِرُ أَوْ أَنْ لَا يَخْلُوَ دَلْوٌ عَنْ بَعْرَةٍ۔

ترجمہ: اور کنواں مینگنی، لید اور گوبر کے گرنے سے ناپاک نہیں ہوتا مگر یہ کہ دیکھنے والا اسے زیادہ سمجھے، یا کوئی ڈول مینگنی سے خالی نہ ہو۔

ما لا يفسد الماء

وَلَا يَفْسُدُ الْمَاءُ بِخَرْءِ حَمَامٍ وَعُصْفُوْرٍ وَلَا بِمَوْتِ مَالَا دَمَ لَهٗ فِيْهِ كَسَمَكٍ وَضِفْدِعٍ وَحَيَوَانِ الْمَاءِ وَبَقٍّ وَذُبَابٍ وَزَنْبُوْرٍ وَعَقْرَبٍ وَلَا بِوُقُوْعِ آدَمِيٍّ وَمَا يُؤْكَلُ لَحْمُهٗ إِذَا خَرَجَ حَيّاً وَلَمْ يَكُنْ عَلٰى بَدَنِهٖ نَجَاسَةٌ وَلَا بِوُقُوْعِ بَغْلٍ وَحِمَارٍ وَسِبَاعِ طَيْرٍ وَوَحْشٍ فِي الصَّحِيْحِ ، وَإِنْ وَصَلَ لُعَابُ الْوَاقِعِ اِلَى الْمَاءِ أُخِذَ حُكْمُهٗ۔

ترجمہ: اور پانی کبوتر اور چڑیا کی بیٹ سے ناپاک نہیں ہوتا ہے، اور نہ ایسے جاندار کے پانی میں مرنے سے جس میں بہنے والا خون نہ ہو جیسے مچھلی مینڈک اور پانی کے جانور اور پسو اور مکھی، بھڑ اور بچھو، اور نہ آدمی اور اس جانور کے گرنے سے جس کا گوشت کھایا جاتا ہو جبکہ وہ زندہ نکل آئے اور اس کے بدن پر کوئی نجاست نہ ہو، اور نہ خچر، گدھے، شکاری پرندے اور وحشی جانور کے گر جانے سے صحیح قول کے مطابق، اور اگر پانی تک گرنے والے جانور کا لعاب پہنچ جائے تو لعاب کا حکم لیا جائے گا۔

وَوُجُوْدُ حَيَوَانٍ فِي الْبِئْرِ

وَوُجُوْدُ حَيَوَانٍ مَيِّتٍ فِيْهَا يُنَجِّسُهَا مِنْ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَمُنْتَفِخٍ مِنْ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ وَلَيَالِيْهَا إِنْ لَمْ يُعْلَمْ وَقْتُ وُقُوْعِهٖ۔

ترجمہ: اور کوئیں میں مرے ہوئے جانور کا پایا جانا کوئیں کو ایک دن اور ایک رات سے ناپاک کر دیتا ہے، اور پھولے ہوئے جانور کا پایا جانا (کوئیں کو) تین دن اور تین رات سے (ناپاک کر دیتا ہے) اگر اس کے گرنے کا وقت معلوم نہ ہو۔

سوال: مینگنی، لید اور گوبر کتنی مقدار میں کوئیں کے اندر گر جائے تو کنواں پاک یا ناپاک ہوگا؟

جواب: بعر اونٹ، بھیڑ، بکری اور روث گھوڑا، گدھے، خچر اور خشی گائے بیل کے پاخانے کو کہتے ہیں۔ اگر کوئیں میں میگنیاں، لید یا گوبر گر جائے تو جب تک وہ کثیر مقدار میں نہ ہوں اس وقت تک کنواں ناپاک نہیں ہوتا، خواہ مینگنیاں سالم ہوں یا ٹوٹی ہوئی اور لید یا گوبر تر ہو یا خشک ہو اور جنگل کا کنواں ہو یا شہر کا سب کے لئے یکساں حکم ہے، اور کثیر کی مقدار میں فقہاء کا اختلاف ہے اور اس کے بارے میں کئی اقوال ہیں ان میں سے دو قول جن کی تصحیح کی گئی ہے مصنف نے بیان فرمائے ہیں (۱) پہلا قول یہ ہے کہ کثیر وہ ہے جن کو دیکھنے والا کثیر سمجھے اور قلیل وہ ہے جن کو دیکھنے والا قلیل سمجھے اور یہ امام اعظم کا قول ہے (۲) دوسرا قول یہ ہے کہ اگر کوئی ڈول مینگنی سے خالی نہ آتا ہو تو کثیر ہے ورنہ قلیل ہے۔

سوال: کیا کبوتر اور چڑیا کی بیٹ کے گرنے سے کنواں ناپاک ہو جائے گا۔

جواب: اگر کوئیں میں کبوتر اور چڑیا کی بیٹ گر جائے تو اس سے کنواں ناپاک نہیں ہوتا اور کوئیں کا کچھ بھی پانی نکالنا واجب نہیں ہوتا اس لئے کہ ہمارے فقہاء کے نزدیک ان کی بیٹ نجس نہیں ہے۔

سوال: ایسے جانور جن میں بہنے والا خون نہیں ہوتا ان کے گرنے سے کوئیں کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: ایسا جانور جن میں بہنے والا خون نہ ہو (خواہ وہ خشکی کا ہو یا پانی کا) پانی یا کس اور مائع (مثلاً) سرکہ دودھ وغیرہ میں گر کر مر جائے یا مر کر گر جائے تو وہ پانی یا مائع ناپاک نہیں ہوتا جیسے مچھلی اور مینڈک، اور مینڈک سے مراد دریائی مینڈک ہے کیونکہ اگر خشکی کے مینڈک میں بہنے والا خون ہو تو اس کے پانی میں گرنے سے پانی ناپاک ہو جائے گا اور پانی کے جانور جیسے کچھوا، کیکڑا، دریائی سانپ وغیرہ کے گر کر مرنے سے بھی پانی ناپاک نہیں ہوتا اور اسی طرح پسو، مکھی، بھڑ اور بچھو کے پانی میں گر کر مر جانے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا، کیونکہ ان میں بہنے والا خون نہیں ہوتا۔

سوال: خشکی اور دریائی مینڈک میں کیا فرق ہوتا ہے؟

جواب: خشکی کے مینڈک کی انگلیوں کے درمیان جھلی نہیں ہوتی اور دریائی مینڈک کے انگلیوں کے درمیان جھلی ہوتی ہے جو تیرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

سوال: آدمی یا ماکول اللحم جانور کوئیں میں گر گیا مگر زندہ نکل آیا تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر کوئی آدمی یا ماکول اللحم جانور کوئیں میں گر جائے اور زندہ نکل آئے تو کنواں ناپاک نہیں ہوگا بشرطیکہ اس کے جسم پر نجاست ہونے کا یقین نہ ہو خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر۔

سوال: خچر، گدھا، شکاری پرندے اور وحشی جانور کے گرنے سے کوئیں کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر خچر، گدھا یا کوئی شکاری پرندہ جیسے شاہین، چیل وغیرہ یا جنگلی جانور جیسے بندر وغیرہ کوئیں میں گرا اور زندہ نکل آیا تو وہ پانی ناپاک نہیں ہوگا کیوں کہ ان کے بدن پاک ہیں اور یہ حکم اس وقت ہے جبکہ ان کا منہ پانی تک نہ پہنچا ہو اور اگر ان کا منہ پانی تک پہنچ گیا تو اس کا حکم آگے آرہا ہے۔

سوال: اگر کوئی جاندار کوئیں میں گرا اور زندہ نکل آیا مگر اس کا منہ پانی سے مس ہوگیا تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: جاندار کوئیں میں گر کر زندہ نکل آیا اور اس کا منہ پانی تک پہنچ گیا تو اس کے لعاب کا اعتبار کیا جائے گا اور اسی کے مطابق پانی نکالنے یا نہ نکالنے کا حکم لگایا جائے گا، لہذا اگر اس کا لعاب پاک ہو جیسے آدمی اور ماکول اللحم جانور تو پانی پاک رہے گا، اور اگر لعاب ناپاک ہو تو پانی بھی ناپاک ہو جائے گا اور اگر لعاب مکروہ ہو جیسے شکاری پرندے تو پانی بھی مکروہ ہوگا اور اگر لعاب مشکوک ہو جیسے خچر اور گدھا تو پانی بھی مشکوک ہوگا۔

سوال: کن جانوروں کا لعاب پاک ہے اور کن کا ناپاک ہے؟

جواب: جن کا جھوٹا ناپاک ہے ان کا پسینہ اور لعاب بھی ناپاک ہے اور جن کا جھوٹا پاک ہے ان کا پسینہ اور لعاب بھی پاک ہے اور جن کا جھوٹا مکروہ ہے ان کا پسینہ اور لعاب بھی مکروہ ہے اور جھوٹے کا بیان ماقبل میں گزر چکا ہے لہذا وہیں سے ان باتوں کی تفصیل دیکھ لیں۔

سوال: اگر کوئیں میں مرا ہوا جانور نکلا مگر اس کے گرنے کا وقت معلوم نہیں تو کنواں کب سے ناپاک مانا جائے گا؟

جواب: اگر کوئیں میں مرنے والے جانور کے گرنے کا وقت معلوم نہ ہو تو اگر وہ جانور پھولا پھٹا نہ ہو تو ایک دن رات پہلے سے اس کوئیں کی ناپاکی کا حکم لگایا جائے گا اور اگر وہ جانور پھول پھٹ گیا ہو تو تین دن رات سے اس کوئیں کی ناپاکی کا حکم لگایا جائے گا۔ اور یہ امام اعظم کا قول ہے جو کہ اب غیر مفتی بہ ہے۔

اور اب مفتی بہ قول صاحبین کا ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر وقت معلوم نہیں تو جس وقت دیکھا گیا اس وقت سے نجس قرار پائے گا اگرچہ پھولا پھٹا ہو اس سے پہلے نجس نہیں اور پہلے جو وضو و غسل کیا یا کپڑے دھوئے پاک ہوں گے کچھ حرج نہیں، تیسیراً اب اسی قول پر عمل ہے۔

(فتاوی ہندیہ - جلد - ا ص - ۲۰)

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

القول الاظہر
شرح
الفقہ الاکبر

عقائد کے متعلق ایک اہم تصنیف

اس کتاب میں ہے

☆... مصنف کا تعارف ☆... شارح کا تعارف ☆... عبارت مع اعراب
☆... سلیس اردو ترجمہ ☆... سوالاً جواباً متن کی شرح ☆... تہتر فرقوں کا اجمالی خاکہ

مصنف: امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت (علیہ رحمۃ اللہ الماجد)

شارح: مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

فَصْلٌ فِي الْاِسْتِنْجَاءِ

یہ فصل استنجاء کے بیان میں ہے

يَلْزَمُ الرَّجُلَ الْاِسْتِبْرَاءُ حَتّٰى يَزُوْلَ أَثَرُ الْبَوْلِ وَيَطْمَئِنَّ قَلْبُهٗ عَلَى حَسَبِ عَادَتِهٖ إِمَّا بِالْمَشْيِ أَوِ التَّنَحْنُحِ أَوِ الْاِضْطِجَاعِ أَوْ غَيْرِهٖ وَلَا يَجُوْزُ لَهُ الشُّرُوْعُ فِي الْوُضُوْءِ حَتّٰى يَطْمَئِنَّ بِزَوَالِ رَشْحِ الْبَوْلِ۔

ترجمہ: مرد کو استبراء کرنا لازم ہے یہاں تک کہ پیشاب کا اثر زائل ہو جائے اور عادت کے مطابق اس کا دل مطمئن ہو جائے یا چلنے سے یا کھنکھارنے سے یا کروٹ پر لیٹنے سے یا اس کے علاوہ سے اور مرد کے لئے وضو شروع کرنا جائز نہیں ہے یہاں تک کہ وہ پیشاب کے ٹپکنے کے ختم ہو جانے سے مطمئن ہو جائے۔

سوال: استنجاء اور استبراء کسے کہتے ہیں؟

جواب: استنجاء نجو سے ماخوذ ہے اور نجو اس گندگی کو کہتے ہیں جو انسان کے پیٹ سے نکلتی ہے اور موضع نجو یعنی ناپاکی کے نکلنے کی جگہ کے پاک کرنے کو استنجاء کہتے ہیں۔

اور استبراء پیشاب کرنے کے بعد ایسا کام کرنا کہ اگر قطرہ رکا ہو تو گر جائے اور اس سے براءت حاصل ہو جائے۔

سوال: استبراء کا حکم کس کے لئے ہے اور استبراء کیسے کیا جائے گا اور کب تک کیا جائے گا؟

جواب: استبراء کا حکم صرف مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں بلکہ عورت فارغ ہونے کے بعد تھوڑی دیر توقف کر کے طہارت حاصل کرے۔ استبراء پیشاب کرنے کے بعد چند قدم چلنا یا کھنکھارنا یا کروٹ پر لیٹ جانا یا اس کے علاوہ جیسے زمین پر پاؤں مارنا ذکر کو نرمی سے دبانا، اوپر سے نیچے کی طرف چلنا وغیرہ کے ذریعے کیا جاتا ہے اور اس کا ترک کبیرہ گناہ ہے کیونکہ یہ واجب ہے نیز استبراء اس وقت تک ضروری ہے جب تک کہ اس کے دل میں اطمینان نہ ہو جائے کہ جو نجاست سوراخ میں تھی وہ سب نکل گئی۔

سوال: مرد کو پیشاب کرنے کے بعد کب تک وضو کرنا جائز نہیں ہے؟

جواب: جب تک پیشاب کے قطروں کے بالکل ختم ہو جانے کا یقین نہ ہو تب تک وضو کرنا جائز نہیں ہے اس لئے کہ محض تری کے ظاہر ہونے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

حُكْمُ الْاِسْتِنْجَاءِ

وَالْاِسْتِنْجَاءُ سُنَّةٌ مِنْ نَجِسٍ يَخْرُجُ مِنَ السَّبِيْلَيْنِ مَا لَمْ يَتَجَاوَزِ الْمَخْرَجَ وَإِنْ تَجَاوَزَ وَكَانَ قَدْرَ الدِّرْهَمِ وَجَبَ إِزَالَتُهُ بِالْمَاءِ وَ إِنْ زَادَ عَلَى الدِّرْهَمِ اِفْتَرَضَ غَسْلُهُ ۔ وَيَفْتَرِضُ غَسْلُ مَا فِي الْمَخْرَجِ عِنْدَ الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَالْحَيْضِ وَالنِّفَاسِ وَإِنْ كَانَ مَا فِي الْمَخْرَجِ قَلِيْلاً ۔

ترجمہ: اور استنجاء سنت ہے اس ناپاکی سے جو دونوں راستوں سے نکلے جب تک نکلنے کی جگہ سے آگے نہ بڑھے، اور اگر آگے بڑھ جائے اور وہ ایک درہم کی مقدار ہو تو اس کو پانی سے دور کرنا واجب ہو گا، اور اگر ایک درہم سے زائد ہو جائے تو اس کا دھونا فرض ہو گا، اور فرض ہے اس ناپاکی کو دھونا جو مخرج میں جنابت اور حیض و نفاس سے غسل کرنے کے وقت ہو، اگرچہ وہ ناپاکی جو مخرج میں ہے تھوڑی ہو۔

سوال: استنجاء کرنا کب سنت ہے؟

جواب: پیشاب یا پاخانہ کرنے کے بعد اگر نجاست صرف اپنے مخرج پر ہی لگی ہو، مخرج سے پھیلی نہ ہو تو اس وقت پانی یا پتھر سے استنجاء کرنا سنت ہے۔

سوال: استنجاء کرنا کب واجب ہے؟

جواب: اگر نجاست اپنے مخرج سے ایک درہم کے بقدر بڑھے تو اس کو پانی سے دھونا واجب ہے، ڈھیلوں سے پونچھ لینا کافی نہیں ہو گا۔

سوال: استنجاء کرنا کب فرض ہے؟

جواب: اگر نجاست اپنے مخرج سے درہم کی مقدار سے زیادہ پھیلی ہو تو اس کا پانی سے دھونا فرض ہے صرف ڈھیلوں سے پونچھ لینا کافی نہیں ہو گا۔

سوال: جو نجاست جنابت وغیرہ سے غسل کرنے کے وقت مخرج میں ہو تو کیا اس کا بھی دھونا فرض ہے؟

جواب: جو نجاست جنابت یا حیض و نفاس کا غسل کرنے کے وقت مخرج کے اندر ہو اس کو بھی پانی سے دھونا فرض ہے چاہے وہ نجاست قلیل ہو یا کثیر ہو۔

سوال: درہم سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس کی دو صورتیں ہیں:

(۱) اگر نجاست گاڑھی ہو جیسے پاخانہ، لید، گوبر وغیرہ تو درہم سے مراد اس کا وزن ہے اور درہم کا وزن شریعت میں اس جگہ ساڑھے چار ماشے ہے۔

(۲) اور اگر نجاست پتلی ہو جیسے آدمی کا پیشاب اور شراب وغیرہ تو درہم سے مراد اس کی لمبائی چوڑائی ہے اور شریعت نے اس کی مقدار ہتھیلی کی گہرائی کے برابر بتائی ہے یعنی ہتھیلی خوب پھیلا کر ہموار رکھیں اور اس پر آہستہ سے اتنا پانی ڈالیں کہ اس سے زیادہ پانی نہ رک سکے اب پانی کا جتنا پھیلاؤ ہے اتنا بڑا درہم سمجھا جائے۔ (فتاویٰ ہندیہ-ج ۱-ص-۴۵)

وَأَنْ يَّسْتَنْجِيَ بِحَجَرٍ مُنَقٍّ وَنَحْوِهٖ وَالْغَسْلُ بِالْمَاءِ اَحَبُّ وَالْأَفْضَلُ اَلْجَمْعُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالْحَجَرِ فَيَمْسَحُ ثُمَّ يَغْسِلُ وَيَجُوْزُ أَنْ يَّقْتَصِرَ عَلَى الْمَاءِ أَوِ الْحَجَرِ وَالسُّنَّةُ إِنْقَاءُ الْمَحَلِّ وَالْعَدَدُ فِي الْأَحْجَارِ مَنْدُوْبٌ لَا سُنَّةٌ مُؤَكَّدَةٌ فَيَسْتَنْجِيْ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ نَدْباً إِنْ حَصَلَ التَّنْظِيْفُ بِمَا دُوْنَهَا ۔

ترجمہ: اور (سنت ہے) استنجاء کرنا ایسے پتھر سے جو صاف کر دینے والا ہو اور اس جیسے (دیگر چیز) سے، اور پانی سے دھونا مستحب ہے اور پانی اور پتھر کو جمع کرنا افضل ہے پس (پہلے پتھر سے) پوچھ لے اور پھر (پانی سے) دھوئے اور جائز ہے صرف پانی پر اکتفا کرنا یا صرف پتھر پر، اور سنت جگہ کا صاف کرنا ہے، اور پتھروں میں تعداد مستحب ہے نہ کہ سنت مؤکدہ، پس استنجاء تین پتھروں سے کرے استحبابا اگرچہ صفائی تین سے کم میں حاصل ہو جائے۔

سوال: کیا پتھر سے بھی استنجاء کرسکتے ہیں؟

جواب: ہاں ایسے پتھر سے استنجاء کرنا سنت ہے جو نجاست کو صاف کر دے اور ایسے پتھر سے نہ کرے جو کھردرا ہو یا چکنا ہو اس لئے کہ مقصود صفائی ہے جبکہ ان سے صفائی حاصل نہیں ہوتی، اور جو چیزیں پتھر کی طرح صاف کرنے والی ہوں جیسے پھٹا ہوا بے قیمت کپڑا، چمڑا وغیرہ تو ان سے بھی استنجاء کرنا مسنون ہے جبکہ ناپاکی مخرج سے آگے نہ بڑھی ہو۔

نیز اگر ناپاکی مخرج سے آگے نہ بڑھی ہو تو پتھر سے صاف کرنے کے بجائے پانی سے دھونا مستحب ہے، اور پانی اور پتھر دونوں کا استعمال کرنا افضل ہے اور دونوں کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے پتھر کو استعمال کرے پھر پانی سے دھولے، اور صرف پانی یا صرف پتھر کا استعمال کرنا بھی صحیح ہے اس سے بھی سنت ادا ہو جائے گی کیونکہ سنت تو صرف محلِّ نجاست کو صاف کرنا ہے۔

سوال: کیا پتھر سے استنجاء کرنے میں کوئی تعداد معین سنت ہے؟

جواب: پتھر سے استنجاء کرنے میں کوئی تعداد سنت مؤکدہ نہیں بلکہ مستحب ہے، سنت تو صرف محل نجاست کو صاف کرنا ہے، کہ اگر ایک پتھر سے صفائی حاصل ہو جائے تو سنت ادا ہو گئی اور اگر تین پتھروں سے صفائی نہ ہوئی تو سنت ادا نہ ہوئی البتہ تین سے کم میں صفائی ہو گئی تو تین کی گنتی پوری کر لینا مستحب ہے۔

كَيْفِيَّةُ الْإِسْتِنْجَاءِ

وَكَيْفِيَّةُ الْاِسْتِنْجَاءِ أَنْ يَّمْسَحَ بِالْحَجَرِ الْأَوَّلِ مِنْ جِهَةِ الْمُقَدَّمِ إِلىٰ خَلْفٍ وَبِالثَّانِي مِنْ خَلْفٍ اِلىٰ قُدَّامٍ وَبِالثَّالِثِ مِنْ قُدَّامٍ اِلىٰ خَلْفٍ إِذَا كَانَتِ الْخُصْيَةُ مُدَلَّاةً وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ مُدَلَّاةٍ يَبْتَدِئُ مِنْ خَلْفٍ اِلىٰ قُدَّامٍ، وَالْمَرْأَةُ تَبْتَدِئُ مِنْ قُدَّامٍ اِلىٰ خَلْفٍ خَشْيَةَ تَلْوِيْثِ فَرْجِهَا۔

ترجمہ: اور استنجاء کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے پتھر سے آگے سے پیچھے کی طرف پونچھے اور دوسرے سے پیچھے سے آگے کی طرف اور تیسرے سے آگے سے پیچھے کی طرف جبکہ خصیۂ ڈھیلے ہوں اور اگر ڈھیلے نہ ہوں تو شروع کرے پیچھے سے آگے کی طرف، اور عورت شروع کرے گی آگے سے پیچھے کی طرف اپنی شرم گاہ کی آلودگی کے خوف سے۔

ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَهٗ أَوَّلاً بِالْمَاءِ ثُمَّ يَدْلُكُ الْمَحَلَّ بِالْمَاءِ بِبَاطِنِ إِصْبَعٍ أَوْ إِصْبَعَيْنِ أَوْ ثَلَاثٍ إِنْ اِحْتَاجَ وَيُصَعِّدُ الرَّجُلُ إِصْبَعَهُ الْوُسْطىٰ عَلىٰ غَيْرِهَا فِي اِبْتِدَاءِ الْاِسْتِنْجَاءِ ثُمَّ يُصَعِّدُ بِنْصِرَهٗ وَلَا يَقْتَصِرُ عَلىٰ إِصْبَعٍ وَاحِدَةٍ۔

ترجمہ: پھر پہلے اپنے ہاتھ کو پانی سے دھوئے پھر جگہ کو پانی کے ساتھ ایک انگلی یا دو انگلیوں یا تین انگلیوں کے باطن سے ملے اگر تین انگلیوں کی ضرورت ہو، اور مرد اپنی بیچ کی انگلی کو اس کے علاوہ پر استنجاء کے شروع میں اوپر کرلے، پھر اوپر کرلے اپنی بنصر (وسطی اور چھنگلی کے بیچ والی) کو، اور ایک انگلی پر اکتفا نہ کرے۔

سوال: پتھر سے استنجاء کا طریقہ بیان کریں؟

جواب: دبر میں استنجاء کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین پتھر لیں اور پہلے پتھر سے آگے کی طرف سے پونچھتا ہوا پیچھے کی طرف لے جائے اور پھر دوسرے پتھر کو پیچھے سے آگے کی طرف لائے اور تیسرے پتھر کو آگے سے پیچھے کی طرف لے جائے۔ اور یہ طریقہ گرمی کے موسم کا ہے کیونکہ اس موسم میں عموماً خصیہ لٹکا ہوا ہوتا ہے، لیکن جاڑوں کے موسم میں پہلے پتھر کو آگے لائے اور دوسرے کو پیچھے لے جائے پھر تیسرے کو آگے لائے۔ اور عورت ہمیشہ وہی طریقہ اختیار کرے گی جو مرد گرمیوں میں کرتا ہے یعنی پہلا پتھر آگے سے پیچھے پھر پیچھے سے آگے پھر آگے سے پیچھے اور یہ طریقہ اس لئے ہے کہ عورت کی شرم گاہ نجاست سے آلودہ نہ ہو۔

سوال: پتھر لینے کے بعد پانی سے استنجاء کرنے کا طریقہ بیان کردیں؟

جواب: پتھر سے استنجاء کرنے کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک دھو لے، متن میں ید کے لفظ ہیں جبکہ اکثر علمائے احناف نے یدیہ کا لفظ کا استعمال کیا ہے، پھر مقام نجاست کو ملے اور اس ملنے میں ابتداء ہی سے زیادہ انگلیوں کو استعمال نہ کرے بلکہ ابتداء میں ایک دو انگلیاں استعمال کرے اور انگلی سے ملنے کے ساتھ لگاتار پانی کا استعمال کرے اور اگر دو انگلی سے ضرورت پوری نہ ہو تو تیسری انگلی کو استعمال کرے اور تین سے زیادہ استعمال نہ کرے۔

استنجے کے شروع میں بیچ کی انگلی کو اور انگلیوں سے اونچا کرے اور اس سے مقام نجاست کو دھوئے پھر چھنگلی کے پاس والی انگلی اٹھائے اور اس سے اس مقام کو دھوئے اور صرف ایک انگلی سے استنجاء نہ کرے کہ اس سے مرض پیدا ہوتا ہے۔

وَالْمَرْأَةُ تُصَعِّدُ بِنُصِرِهَا وَأَوْسَطَ أَصَابِعِهَا مَعاً اِبْتِدَاءً خَشْيَةَ حُصُوْلِ اللَّذَّةِ وَيُبَالِغُ فِي التَّنْظِيْفِ حَتّٰى يَقْطَعَ الرَّائِحَةَ الْكَرِيْهَةَ وَفِي إِرْخَاءِ الْمَقْعَدَةِ إِنْ لَمْ يَكُنْ صَائِماً فَإِذَا فَرَغَ غَسَلَ يَدَهٗ ثَانِياً وَنَشَّفَ مَقْعَدَتَهٗ قَبْلَ الْقِيَامِ إِنْ كَانَ صَائِماً۔

ترجمہ: اور عورت اوپر کرلے اپنی بنصر اور بیچ کی انگلی کو ساتھ ساتھ شروع ہی میں لذت کے حاصل ہونے کے خوف سے، اور صفائی میں مبالغہ کرے یہاں تک کہ بدبو ختم ہو جائے اور مقعد کے ڈھیلا کرنے میں (مبالغہ کرے)، اگر وہ روزہ دار نہ ہو، پس جب فارغ ہو جائے تو اپنے ہاتھ کو دوسری بار دھولے اور کھڑے ہونے سے پہلے اپنے مقعد کو پونچھ لے اگر وہ روزہ دار ہو۔

سوال: عورت پانی سے دھونے میں کیا انداز اپنائے؟

جواب: عورت شروع سے ہی حصولِ لذت کے خطرے سے بچنے کے لئے بنصر اور وسطی سے ایک ساتھ استنجاء کرے۔

سوال: صفائی میں مبالغہ کرنے سے کیا مراد ہے؟ نیز صائم و غیر صائم کو مبالغہ کرنے میں کیا حکم ہے؟

جواب: صفائی میں مبالغہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ دھونے میں خوب زیادتی کرے یہاں تک کہ بدبو محل اور اس کی انگلیوں سے دور ہو جائے، اب یہ کیسے معلوم ہو گا کہ بدبو دور ہو گئی ہے؟ تو اس کے لئے پاکی کا یقین یا غلبۂ ظن ہو جانا کافی ہے اس لئے کہ دھونے میں کوئی خاص عدد مقرر نہیں ہے، اور اگر وسوسے والا شخص ہے تو اپنے لئے تین یا سات بار دھونے کی مقدار کو مقرر کرلے۔

اور استنجاء کرنے والا اگر روزہ دار نہ ہو تو پاخانہ کے مقام کو خوب ڈھیلا کرکے بیٹھے اور اگر روزہ دار ہو تو مبالغہ نہ کرے کہ کہیں پانی مقعد کے اندر جذب نہ ہو جائے اور روزہ فاسد ہو جائے۔

سوال: استنجاء سے فارغ ہونے کے بعد کیا کرے؟

جواب: جس طرح پتھر سے استنجاء کرنے کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوئے تھے اسی طرح پانی سے استنجاء کرنے کے بعد بھی پانی سے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھولے اور استنجاء کے بعد اپنے مقعد کو کپڑے سے پونچھ لے اور کپڑا نہ ہو تو اپنے بائیں ہاتھ سے ایک یا دو مرتبہ پونچھ لے جبکہ وہ روزہ دار ہو، تاکہ پانی مقعد کے اندر نہ جائے۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِيۡمَا يَجُوۡزُ بِهِ الۡاِسۡتِنۡجَاءُ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جن سے استنجاء کرنا جائز ہے

لَا يَجُوۡزُ كَشۡفُ الۡعَوۡرَةِ لِلۡاِسۡتِنۡجَاءِ وَإِنۡ تَجَاوَزَتِ النَّجَاسَةُ مَخۡرَجَهَا وَزَادَ الۡمُتَجَاوِزُ عَلٰى قَدۡرِ الدِّرۡهَمِ لَا تَصِحُّ مَعَهُ الصَّلَاةُ إِذَا وَجَدَ مَا يُزِيۡلُهٗ وَيَحۡتَالُ لِإِزَالَتِهٖ مِنۡ غَيۡرِ كَشۡفِ الۡعَوۡرَةِ عِنۡدَ مَنۡ يَّرَاهُ ۔

ترجمہ: استنجاء کے لئے (لوگوں کے سامنے) ستر کا کھولنا جائز نہیں ہے اور اگر نجاست اپنے مخرج سے تجاوز کر گئی ہو اور تجاوز کرنے والی نجاست درہم کی مقدار پر زیادہ ہو تو اس نجاست کے ساتھ نماز صحیح نہیں ہو گی جبکہ وہ ایسی چیز کو پائے جو اس کو زائل کر سکے اور ستر کھولے بغیر اس کے زائل کرنے کی تدبیر کرے ایسے شخص کے پاس جو اس کو دیکھ رہا ہے۔

مَا يُكۡرَهُ بِهِ الۡاِسۡتِنۡجَاءُ

وَيُكۡرَهُ الۡاِسۡتِنۡجَاءُ بِعَظۡمٍ وَطَعَامٍ لِآدَمِيٍّ أَوۡ بَهِيۡمَةٍ وَآجُرٍ وَخَزَفٍ وَفَحۡمٍ وَزُجَاجٍ وَجَصٍّ وَشَيۡءٍ مُحۡتَرَمٍ كَخِرۡقَةِ دِيۡبَاجٍ وَقُطۡنٍ وَبِالۡيَدِ الۡيُمۡنٰى إِلَّا مِنۡ عُذۡرٍ ۔

ترجمہ: اور استنجاء کرنا مکروہ ہے ہڈی سے اور ایسے کھانے سے جو آدمی یا چوپائے کے لئے ہو، اور پکی اینٹ سے اور کنکری سے اور کوئلے سے اور کانچ سے اور چونے سے اور قیمتی چیز سے جیسے ریشم کا ٹکڑا، اور روئی اور داہنے ہاتھ سے مگر عذر کی وجہ سے۔

سوال: کیا لوگوں کے سامنے ستر کھول کر استنجاء کر سکتے ہیں؟

جواب: استنجاء کرنے کے لئے ایسی جگہ تلاش کی جائے جہاں پردے کا پورا اہتمام ہو اگر ایسی جگہ نہ مل سکے تو استنجاء کے لئے ستر کا کھولنا جائز نہ ہو گا کہ لوگوں کے سامنے ستر کا کھولنا حرام ہے اور حرام کا مرتکب فاسق ہے پس اگر نجاست مخرج سے تجاوز نہ کی ہو تو کپڑوں کے اندر ہی پتھر وغیرہ سے استنجاء کر لے۔

سوال: اگر نجاست مخرج سے تجاوز کر گئی ہو تو کیا انداز اپنائے؟

جواب: اگر نجاست مخرج سے آگے بڑھ جائے اور یہ بڑھنے والی نجاست درہم کی مقدار سے زائد ہو تو پانی سے استنجاء کرنا واجب ہے بغیر استنجاء کے دو صورتوں میں نماز صحیح ہو گی:

(۱) ایک یہ کہ پانی یا مائع میں سے کوئی چیز اس کے پاس موجود ہو جس سے متجاوز نجاست کو دور کر سکے، لہٰذا اگر پانی وغیرہ موجود نہ تو بغیر استنجاء کے نماز درست ہو جائے گی۔

(۲) دوسری یہ کہ اس کو دیکھنے والے کے سامنے بغیر ستر کھولے استنجاء کرنا ممکن ہو اگر ستر کو کھولے بغیر استنجاء کرنا ممکن نہ ہو تو طہارت کے چھوڑنے میں معذور سمجھا جائے گا کہ دوسرے کے سامنے ستر کھولنا حرام ہے۔

سوال: کن چیزوں سے استنجاء کرنا مکروہ ہے؟

جواب: مندرجہ ذیل چیزوں سے استنجاء کرنا مکروہ ہے:

ہڈی سے استنجاء کرنا مکروہ ہے کیونکہ یہ جنات کی خوراک ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہڈی سے استنجاء کرنے سے منع فرمایا ہے ، اور انسان اور چوپائے کی خوراک سے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کی توہین ہے، اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کو ضائع کرنا ہے، اور پکی اینٹ اور کنکری سے، اس لئے کہ اس سے پوری صفائی نہیں ہوگی اور ہاتھ بھی ملوث ہوگا، اور کوئلے سے کہ بجائے صفائی کے محل ملوث ہوگا، اور کانچ اور چونے سے کہ محل کو نقصان دیتی ہیں، اور ایسی چیز سے جس کی کچھ قیمت ہو جیسے ریشمی کپڑے سوتی کپڑے روئی وغیرہ سے کہ یہ مال کو بلاوجہ ضائع کرنا ہے، اور بلا عذر دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنا مکروہ ہے، ہاں! اگر بائیں ہاتھ میں کوئی عذر ہے کہ استنجاء نہیں کر سکتا تو دائیں ہاتھ سے کرنا بلا کراہت جائز ہے۔

آدَابُ قَضَاءِ الْحَاجَةِ

وَيَدْخُلُ الْخَلَاءَ بِرِجْلِهِ الْيُسْرىٰ وَيَسْتَعِيذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ قَبْلَ دُخُوْلِهِ وَيَجْلِسُ مُعْتَمِداً عَلىٰ يَسَارِهِ وَلَا يَتَكَلَّمُ إِلَّا لِضَرُوْرَةٍ وَيُكْرَهُ تَحْرِيماً اِسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ وَاِسْتِدْبَارُهَا وَلَوْ فِي الْبُنْيَانِ وَاِسْتِقْبَالُ عَيْنِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَمَهَبِّ الرِّيْحِ۔

ترجمہ: اور اپنے بائیں پیر سے بیت الخلا میں داخل ہو، اور داخل ہونے سے پہلے اللہ پاک کی مردود شیطان سے پناہ مانگے اور اپنے بائیں پیر پر سہارا دے کر بیٹھے، اور بات نہ کرے مگر ضرورت کی وجہ سے، اور مکروہ تحریمی ہے قبلہ کی طرف منہ کرنا، اور اس کی طرف پیٹھ کرنا اگرچہ عمارت میں ہو، اور سورج اور چاند کے عین کی طرف منہ کرنا، اور ہوا کے چلنے کی سمت رخ کرنا۔

وَيُكْرَهُ أَنْ يَّبُوْلَ أَوْ يَتَغَوَّطَ فِي الْمَاءِ وَالظِّلِّ وَالْجُحْرِ وَالطَّرِيْقِ وَتَحْتَ شَجَرَةٍ مُثْمِرَةٍ وَالْبَوْلُ قَائِماً إِلَّا مِنْ عُذْرٍ وَيَخْرُجُ مِنَ الْخَلَاءِ بِرِجْلِهِ الْيُمْنىٰ ثُمَّ يَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذىٰ وَعَافَانِي۔

ترجمہ: اور مکروہ ہے پیشاب اور پاخانہ کرنا پانی میں، اور سایہ میں اور بل میں اور راستے میں، اور پھل دار درخت کے نیچے، اور کھڑے ہو کر پیشاب کرنا مگر عذر سے، اور اپنے داہنے پاؤں سے بیت الخلاء سے نکلے پھر کہے تمام تعریفیں اس اللہ پاک کے لئے جس نے مجھ سے گندگی کو دور کر دیا اور مجھ کو عافیت دی۔

سوال: الخلاء کا معنی کیا ہے؟ نیز بیت الخلاء کے آداب کیا ہیں؟

جواب: الخلاء، خالی مکان کو کہتے ہیں جہاں تنہائی ہو چونکہ پاخانے میں کوئی نہیں ہوتا اس لئے اس کو بیت الخلاء کہتے ہیں۔ بیت الخلاء کے آداب میں سے یہ ہے کہ پہلے بائیں پیر کو داخل کیا جائے اور داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھنا مستحب ہے، بسم اللہ اللھم انی اعوذبك من الخبث والخبائث۔ اس دعا میں شیطان سے پناہ مانگی گئی ہے کہ بیت الخلاء شیطان کے حاضر ہونے کی جگہ ہے تاکہ وہ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے، اور اگر میدان وغیرہ میں قضائے حاجت کا ارادہ ہو تو ستر کھولنے سے پہلے پڑھ لے، بیٹھنے کے بعد بائیں پاؤں پر زور دے کر جھکا رہے کہ اس میں فراغت میں آسانی ہوتی ہے اور کشادہ ہو کر بیٹھے اور بات چیت نہ کرے ہاں کوئی ضرورت ہو مثلاً، اندھے کو کوئیں میں گرتے ہوئے دیکھا تو کلام کر سکتا ہے۔

سوال: قضائے حاجت کے وقت قبلہ، سورج وچاند اور ہوا کے رخ کی طرف منہ کرنا کیسا؟

جواب: قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ تحریمی ہے خواہ جنگل میں ہو یا عمارت میں دونوں کا یہی حکم ہے، اور ایسی جگہ استنجاء کرنا کہ سورج یا چاند اس کے سامنے ہو مکروہ ہے، اور ایسی جگہ جو بند ہو اور سورج یا چاند کا استقبال ہو رہا ہو لیکن وہ نظر نہ آتے ہوں تو مکروہ نہیں، لیکن ان دونوں کی طرف پیٹھ کرنا مکروہ نہیں ہے، اور ہوا کی طرف رخ کرنا مکروہ ہے اس لئے کہ اس صورت میں ناپاکی اس کی طرف لوٹے گی اور اس کو ناپاک کر دے گی۔

سوال: کس کس جگہ پیشاب اور پاخانہ کرنا مکروہ ہے؟

جواب: پانی میں پیشاب وپاخانہ کرنا مکروہ ہے، اور اس میں تفصیل ہے کہ ٹھہرے ہوئے قلیل پانی میں حرام ہے، اور ٹھہرے ہوئے کثیر پانی میں مکروہ تحریمی ہے اور جاری پانی میں مکروہ تنزیہی ہے، اور وہ سایہ جس میں لوگ آرام کرنے کے لئے بیٹھتے ہوں، اور سوراخ میں خواہ وہ زمین میں ہو یا دیوار میں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ کوئی موذی جانور ہو جو نقصان کا باعث بنے، اور راستے میں اور پھل دار درخت کے نیچے کہ پھل گرے گا تو خراب ہو گا اور مال ضائع ہو گا نیز پھل لینے والوں کو اذیت ہو گی، اور بلا عذر کھڑے ہو کر پیشاب کرنا مکروہ تنزیہی ہے اور بعض نے تحریمی کہا ہے لیکن اگر عذر سے ہو تو مکروہ نہیں ہے۔

سوال: بیت الخلاء سے نکلتے ہوئے کون سا پاؤں پہلے نکالے اور کون سی دعا پڑھے؟

جواب: بیت الخلاء سے باہر آتے وقت پہلے دایاں پاؤں باہر نکالے اور یہ دعا پڑھے " **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذٰى وَعَافَانِي** "۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِي اَحۡكَامِ الۡوُضُوۡءِ

یہ فصل وضو کے احکام کے بارے میں ہے

فَرَائِضُهٗ

أَرْكَانُ الْوُضُوْءِ أَرْبَعَةٌ وَهِيَ فَرَائِضُهٗ الْأَوّلُ غَسْلُ الْوَجْهِ وَحَدُّهٗ طُوْلًا مِنْ مَبْدَأِ سَطْحِ الْجَبْهَةِ اِلىٰ أَسْفَلِ الذَّقَنِ وَحَدُّهٗ عَرْضًا مَا بَيْنَ شَحْمَتَيِ الْأُذُنَيْنِ وَالثَّانِيْ غَسْلُ يَدَيْهِ مَعَ مِرْفَقَيْهِ وَالثَّالِثُ غَسْلُ رِجْلَيْهِ مَعَ كَعْبَيْهِ وَالرَّابِعُ مَسْحُ رُبُعِ رَأْسِهٖ ۔

ترجمہ: وضو کے ارکان چار ہیں اور وہی اس کے فرائض ہیں، پہلا: چہرے کا دھونا اور چہرے کی حد لمبائی کے لحاظ سے پیشانی کی سطح کے شروع ہونے کی جگہ سے تھوڑی کے نیچے تک، اور اس کی حد چوڑائی کے لحاظ سے وہ تمام حصہ ہے جو دونوں کانوں کی لو کے درمیان ہے، اور دوسرا: اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنی دونوں کہنیوں سمیت دھونا ہے، اور تیسرا: اپنے دونوں پاؤں کو اپنے دونوں ٹخنوں سمیت دھونا ہے، اور چوتھا: اپنے چوتھائی سر کا مسح کرنا ہے۔

سوال: وضو کے احکام کو غسل کے احکام پر مقدم کیوں کیا گیا؟

جواب: اس کی تین وجہ ہو سکتی ہیں:

(۱) پہلی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بھی پہلے وضو کو بیان فرمایا اور پھر غسل کو چنانچہ فرمایا، فاغسلوا وجوھکم، اور اس کے بعد وان کنتم جنباً فاطھروا، فرمایا۔

(۲) اور دوسری وجہ یہ کہ وضو کا محل غسل کے محل کا جز ہے اور جز کل پر مقدم ہوتا ہے اس لئے وضو کو غسل پر مقدم کیا گیا۔

(۳) اور تیسری وجہ یہ کہ وضو کی ضرورت غسل کے بہ نسبت زیادہ پیش آتی ہے۔

سوال: وضو کی لغوی تحقیق بیان کریں اور اصطلاحی معنی بھی۔

جواب: وضو بضم الواو باب کرم یکرم سے مصدر ہے پاکیزہ اور خوبصورت ہونے کے معنی میں ، اور اصطلاح میں اعضائے ثلاثہ کے دھونے اور سر کے مسح کرنے کا نام وضو ہے، اور وضو واو کے فتحہ کے ساتھ اس پانی کو کہتے ہیں جو وضو کے لئے مہیا کیا گیا ہو۔

سوال: ارکان اور فرائض کی تحقیق بیان کریں۔

جواب: ارکان رکن کی جمع ہے اس کے لغوی معنی جانبِ قوی کے ہیں اور اصطلاح میں وہ اجزاء جن سے ماہیت یعنی حقیقت مرکب ہوتی ہے جیسے اعضائے ثلاثہ کے دھونے اور سر کا مسح کرنے سے وضو کی حقیقت ترتیب دی گئی ہے اس لئے یہ اس کے ارکان ہوئے اور یہی ارکان وضو کے فرائض ہیں۔

فرائض فرض کی جمع ہے اور اس کی دو قسمیں میں ہے: (۱) قطعی۔ (۲) ظنی۔

(۱) فرض قطعی وہ ہے جو ایسی دلیلِ قطعی سے ثابت ہو جس میں کوئی شبہ نہ ہو، جیسے آیاتِ قرآنیہ اور احادیث متواترہ (جو تاویل کا احتمال نہ رکھتی ہوں) اور اس کا حکم یہ ہے کہ اس کا کرنے والا ثواب کا مستحق اور چھوڑنے والا سزا کا مستحق، جبکہ انکار کرنے والا کافر ہے۔

(۲) فرضِ ظنی وہ ہے جو ایسی دلیلِ قطعی سے ثابت ہو جس میں شبہ ہو، جیسے وہ آیات اور احادیث جن میں تاویل کی گئی ہو، اس کا حکم بھی فرضِ قطعی جیسا ہے لیکن اس کا منکر کافر نہیں ہو گا اور اس کو فرض عملی بھی کہتے ہیں۔

پھر فرض کی دو اور قسمیں ہیں، (۱) فرض عین۔ (۲) فرض کفایہ۔

(۱) فرض عین: وہ ہے جس کا ادا کرنا ہر ایک کے لئے ضروری ہو جیسے وضو، غسل اور نماز۔

(۲) فرض کفایہ: وہ ہے جس کا ادا کرنا ہر ایک کے لئے ضروری تو ہو لیکن اگر کچھ لوگ ادا کرلیں تو سب کی طرف سے کافی ہو جائے گا اور اگر سب نے ترک کر دیا تو سب گناہ گار ہوں گے جیسے نماز جنازہ۔

سوال: وضو کے کتنے اور کون کون سے فرض ہیں؟

جواب: وضو کے چار فرض ہیں: (۱) پہلا فرض پورے چہرے کا ایک بار دھونا ہے۔ اور چہرے کی حد یہ ہے کہ لمبائی میں ابتدائے پیشانی (جہاں سے عادۃً بال اگتے ہیں وہاں) سے تھوڑی کے نیچے تک، اور چوڑائی میں ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک۔ (۲) اور دوسرا فرض دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا۔ (۳) اور تیسرا فرض چوتھائی سر کا مسح کرنا۔ (۴) اور چوتھا فرض دونوں پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھونا ہے۔

سوال: غَسل کی لغوی تحقیق اور اصطلاحی تعریف بیان کریں۔

جواب: غسل غین کے فتحہ کے ساتھ مصدر ہے جس کا معنی دھونا ہے اور غین کے ضمہ کے ساتھ اسم ہے اور غین کے کسرہ کے ساتھ اس چیز کا نام ہے جس سے دھویا جائے جیسے صابون وغیرہ۔ اور اصطلاح میں غَسل کا مطلب یہ ہے کہ اس عضو کے ہر حصہ پر کم سے کم دو بوند پانی بہہ جائے، بھیگ جانے یا تیل کی طرح چپڑ لینے یا ایک آدھ بوند بہہ جانے کو غَسل یعنی دھونا نہیں کہیں گے اور نہ اس طرح وضو ادا ہو گا اور نہ غسل۔ اس امر کا لحاظ بہت ضروری ہے کہ لوگ اس طرف توجہ نہیں کرتے اور نمازیں اکارت جاتی ہیں۔

سوال: مسح کی لغوی اور شرعی تحقیق بیان کردیں۔

جواب: مسح کے لغوی معنی کسی چیز پر ہاتھ کا پھیرنا ہے، اور شرع میں عضو پر تری کا پہنچانا ہے اگرچہ کسی عضو کے دھونے کے بعد ہو، ہاں کسی عضو پر مسح کے بعد نہ ہو اور نہ ہی کسی عضو سے تری حاصل کرکے ہو ورنہ مسح نہ ہو گا۔

سَبَبُ الْوُضُوْءِ وَحُكْمُهٗ

وَسَبَبُهٗ اِسْتِبَاحَةُ مَا لَا يَحِلُّ إِلَّا بِهٖ وَهُوَ حُكْمُهُ الدُّنْيَوِيُّ وَحُكْمُهُ الْأُخْرَوِيُّ الثَّوَابُ فِيْ الآخِرَةِ ۔

ترجمہ: اور وضو کا سبب ان چیزوں کی اباحت کو طلب کرنا ہے جو حلال نہیں ہوتی مگر اسی (وضو) سے اور یہ اس کا دنیوی حکم ہے اور وضو کا اخروی حکم آخرت میں ثواب ہے۔

سوال: وضو کے واجب ہونے کا سبب کیا ہے؟ نیز وضو کا دنیوی واخروی حکم بھی بتائیں۔

جواب: وضو واجب ہونے کا سبب اس فعل کے کرنے کا ارادہ ہے جو وضو کے بغیر حلال نہیں ہوتا خواہ وہ فعل فرض ہو جیسے نماز، یا فرض نہ جیسے قرآن کا چھونا، پس وضو سے ان چیزوں کا مباح وحلال ہو جانا وضو کا دنیوی حکم ہے کہ جس نے وضو کیا اس کے لئے دنیا میں ان چیزوں کو کرنا حلال ہو گیا اور آخرت میں اس وضو کے بدلے ثواب کا ملنا وضو کا اخروی حکم ہے۔

شُرُوْطُ وُجُوْبِ الْوُضُوْءِ

وَشَرْطُ وُجُوْبِهِ الْعَقْلُ وَالْبُلُوْغُ وَالْإِسْلَامُ وَقُدْرَةٌ عَلَىٰ اِسْتِعْمَالِ الْمَاءِ الْكَافِيْ وَوُجُوْدُ الْحَدَثِ وَعَدَمُ الْحَيْضِ وَالنِّفَاسِ وَضِيْقُ الْوَقْتِ ۔

ترجمہ: اور وضو کے واجب ہونے کی شرط: عاقل ہونا، بالغ ہونا، مسلمان ہونا، اور اتنے پانی کے استعمال پر قادر ہونا جو کافی ہو، اور حدث کا پایا جانا، اور حیض ونفاس کا نہ ہونا، اور نماز کے وقت کا تنگ ہونا۔

سوال: وضو کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: انسان پر وضو کے واجب ہونے کی آٹھ شرطیں ہیں کہ اگر ان میں سے کوئی ایک شرط بھی نہ پائی جائے تو وضو واجب نہیں ہو گا۔ (۱) عاقل ہونا پس پاگل پر وضو واجب نہیں کہ وہ مکلف نہیں۔ (۲) بالغ ہونا پس نابالغ پر نماز واجب نہیں تو وضو بھی واجب نہیں۔ (۳) مسلمان ہونا پس کافر پر وضو واجب نہیں کہ اعمال کے صحیح ہونے کے لئے ایمان شرط ہے۔ (۴) پاک پانی کی اتنی مقدار کے استعمال کرنے پر قادر ہو جس سے تمام اعضاء کو ایک ایک بار دھو سکے، ہاں اگر اتنے پانی پر قادر تو ہے مگر استعمال کرنے پر قادر نہیں جیسے کہ بیمار، تو وضو واجب نہیں۔ (۵) حدث کا پایا جانا یعنی حدث اصلی (بے وضو ہونا) پس باوضو پر واجب نہیں۔ (۶) حیض کا نہ ہونا۔ (۷) نفاس کا نہ ہونا، پس اگر عورت حیض ونفاس کی حالت میں ہو تو اس پر وضو واجب نہیں کہ اس پر نماز واجب نہیں۔ (۸) وقت کا تنگ ہونا یعنی وضو نماز کے وقت داخل ہوتے ہی واجب نہیں ہوتا بلکہ جب وقت تنگ ہو جائے یعنی نماز کا آخری وقت آجائے تو اس پر اب وضو کرنا واجب ہو گا کہ جلدی سے وضو کر کے نماز ادا کر لے اور اگر ابھی وقت میں وسعت ہے تو اس پر ابھی وضو واجب نہیں۔

شُرُوْطُ صِحَّةِ الْوُضُوْءِ

وَشَرْطُ صِحَّتِهٖ ثَلَاثَةٌ عُمُوْمُ الْبَشَرَةِ بِالْمَاءِ الطَّهُوْرِ وَانْقِطَاعُ مَا يُنَافِيْهِ مِنْ حَيْضٍ وَنِفَاسٍ وَحَدَثٍ وَزَوَالُ مَا يَمْنَعُ وُصُوْلَ الْمَاءِ اِلَى الْجَسَدِ كَشَمْعٍ وَشَحْمٍ۔

ترجمہ: اور وضو کے صحیح ہونے کی شرطیں تین ہیں: کھال کے اوپر کے حصے پر پاک پانی کو عام کر دینا (پہنچا دینا) اور اس چیز کا ختم ہو جانا جو وضو کے منافی ہے، یعنی حیض و نفاس اور حدث اور اس چیز کا نہ ہونا جو جسم تک پانی کو پہنچنے کو روکتا ہے جیسے موم اور چربی۔

سوال: وضو کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: وضو کے صحیح ہونے کی تین شرطیں ہیں، کہ جب یہ شرطیں پائی جائیں گی تو وضو کے صحیح ہونے کا حکم لگائیں گے۔ (۱) جن اعضاء کا وضو میں دھونا فرض ہے ان پر پوری طرح پاک پانی کا پہنچانا، پس اگر ایک سوئی کے نوک کے برابر یا ایک بال کے برابر بھی جگہ سوکھی رہ گئی تو وضو صحیح نہیں ہو گا۔ (۲) جس وقت وضو کرے اس وقت حیض یا نفاس یا حدث نہ ہو جیسے پیشاب کے قطرات جاری نہ ہوں کیونکہ ان چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، پس جب تک یہ چیزیں بند نہ ہوں اس کا وضو صحیح نہیں ہو گا۔ (۳) جن اعضاء کا وضو میں دھونا فرض ہے ان میں سے کسی پر ایسی کوئی چیز نہ لگی ہو جس کی وجہ سے پانی چمڑی تک نہ پہنچے پس اگر وضو کرنے والے نے اپنے پاؤں کی پھٹن میں موم بھر رکھا تھا تو جب تک موم کو زائل نہیں کرے گا اس کا وضو صحیح نہیں ہو گا، اس لئے کہ موم میں ایسی چیز ہے جو جسم تک پانی کے پہنچنے کے لئے مانع ہے، یوں ہی چربی بھی لگی ہوئی نہ ہو کہ اس سے ٹکرا کر پانی اوپر سے بہہ جاتا ہے اور جلد تک نہیں پہنچ پاتا۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصْلٌ فِيْ تَمَامِ اَحْكَامِ الْوُضُوْءِ

یہ فصل وضو کے مکمل احکام کے بیان میں ہے

يَجِبُ غَسْلُ ظَاهِرِ اللِّحْيَةِ الْكَثَّةِ فِيْ أَصَحِّ مَا يُفْتٰى بِهٖ وَيَجِبُ إِيْصَالُ الْمَاءِ اِلٰى بَشْرَةِ اللِّحْيَةِ الْخَفِيْفَةِ وَلَا يَجِبُ إِيْصَالُ الْمَاءِ اِلٰى الْمُسْتَرْسَلِ مِنَ الشَّعْرِ عَنْ دَائِرَةِ الوَجْهِ وَلَا اِلٰى مَا انْكَتَمَ مِنَ الشَّفَتَيْنِ عِنْدَ الْاِنْضِمَامِ وَلَوْ انضَمَّتِ الأَصَابِعُ أَوْ طَالَ الظُّفُرُ فَغَطَّى الأُنْمُلَةَ أَوْ كَانَ فِيْهِ مَا يَمْنَعُ الْمَاءَ كَعَجِيْنٍ وَجَبَ غَسْلُ مَاتَحْتَهٗ۔

ترجمہ: گھنی داڑھی کے ظاہر کا دھونا صحیح تر مذھب میں جس پر فتوی دیا گیا ہے واجب ہے، اور ہلکی داڑھی کی جلد تک پانی کا پہنچانا واجب ہے، اور ان بالوں تک جو چہرے کے دائرے سے لٹکے ہوئے ہوں پانی کا پہنچانا واجب نہیں ہے، اور نہ اس حصے تک جو دونوں ہونٹوں کے ملنے کے وقت چھپ جاتا ہے، اور اگر انگلیاں ملی ہوں یا ناخون لمبا ہو جائے کہ پوروں کو ڈھانپ لے یا ناخن کے اندر ایسی چیز ہو جو پانی کو روک دے جیسے آٹا تو اس حصہ کا دھونا جو اس کے نیچے ہے واجب ہو گا۔

وَلَا يَمْنَعُ الدَّرَنُ وَخُرْءُ الْبَرَاغِيْثِ وَنَحْوُهَا وَيَجِبُ تَحْرِيْكُ الْخَاتَمِ الضَّيِّقِ وَلَوْ ضَرَّهٗ غَسْلُ شُقُوْقِ رِجْلَيْهِ جَازَ إِمْرَارُ الْمَاءِ عَلَى الدَّوَاءِ الَّذِيْ وَضَعَهٗ فِيْهَا وَلَا يُعَادُ الْمَسْحُ وَلَا الْغَسْلُ عَلٰى مَوْضِعِ الشَّعْرِ بَعْدَ حَلْقِهٖ وَلَا الْغَسْلُ بِقَصِّ ظُفُرِهٖ وَشَارِبِهٖ

ترجمہ: اور میل اور مچھروں کی بیٹ اور ان کی مثل (پانی کو) نہیں روکتا، اور تنگ انگوٹھی کو حرکت دینا واجب ہے، اور اگر وضو کرنے والے کو اپنے دونوں پیروں کی پھٹنوں کا دھونا نقصان دے تو اس دوا پر جس کو وہ پھٹنوں میں رکھا ہے (اس پر) پانی کا گزارنا جائز ہے، اور بالوں کو مونڈنے کے بعد بالوں کی جگہ پر نہ مسح کا اعادہ کیا جائے گا اور نہ دھونے کا اور نہ اپنے ناخن اور مونچھ کے کاٹنے سے دھونے کا اعادہ کیا جائے گا۔

سوال: گھنی اور ہلکی داڑھی کے دھونے کا کیا حکم ہے؟ نیز "فی أصح ما یفتی بہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب: اعلیٰ حضرت فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں: کہ داڑھی کے بال اگر گھنے نہ ہوں تو جلد کا دھونا فرض ہے اور اگر گھنے ہوں تو گلے کی طرف دبانے سے جس قدر چہرے کے گردے میں آئیں ان کا دھونا فرض ہے اور جڑوں کا دھونا فرض نہیں اور جو حلقے کے نیچے ہوں ان کا دھونا ضروری نہیں، اور اگر کچھ حصے میں گھنے ہوں اور کچھ چھدرے تو جہاں گھنے ہوں وہاں بال اور جہاں چھدرے ہیں اس جگہ جلد کا دھونا فرض ہے۔("الفتاوی الرضویة"، ، ج۱، ص۲۱۴)

''فی أصح مایفتی بہ'' سے مراد وہ قول ہے جس پر فتویٰ دیا گیا ہے اور مصنف نے ''فی أصح مایفتی بہ'' سے اشارہ کیا ہے کہ اور بھی اقوال ہیں مگر وہ اقوال مفتیٰ بہ نہیں ہیں جیسے (۱) گھنی داڑھی کے تہائی حصے کو دھونا فرض ہے۔ (۲) چوتھائی داڑھی کا دھونا فرض ہے۔ (۳) صرف مسح کافی ہے وغیرہ۔

سوال: عام حالت میں ہونٹ بند کرتے وقت جو حصہ چھپ جاتا ہے کیا اس کو دھونا فرض ہے؟

جواب: لَبوں کا وہ حصہ جو عادۃً لب بند کرنے کے بعد ظاہر رہتا ہے، اس کا دھونا فرض ہے تو اگر کوئی خوب زور سے لب بند کرلے کہ اس میں کا کچھ حصہ چُھپ گیا کہ اس پر پانی نہ پہنچا، نہ کُلّی کی کہ دُھل جاتا تو وُضو نہ ہوا، ہاں وہ حصہ جو عادۃً منہ بند کرنے میں ظاہر نہیں ہوتا اس کا دھونا فرض نہیں۔("الفتاوی الرضویة"، ، ج۱، ص۲۱۴)

سوال: ملی ہوئی انگلیاں، بڑے ناخن جو پوروں کو ڈھانپ لیں اور آٹا وغیرہ کا لگ جانا اس صورت میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر انگلیاں کسی وجہ سے اس طرح مل گئی ہوں کہ بغیر ان کو الگ کئے پانی خود سے ان کے درمیان نہ پہنچتا ہو تو ان کے درمیان پانی کا پہنچانا فرض ہے، اور اگر پیدائشی ملی ہوئی ہوں تو فرض نہیں اسی طرح اگر ناخن اتنے بڑے ہوں کہ ان کے نیچے انگلیوں کے سرے چھپ جائیں تو ان کے نیچے پانی پہنچانا فرض ہے اور اسی طرح اگر ناخن کے اندر گندھا ہوا آٹا بھرا ہوا ہو تو اس آٹے کو دور کرکے پانی پہنچانا واجب ہے کہ آٹا جسم تک پانی کے پہنچنے سے مانع ہے۔

سوال: کیا میل اور مچھروں کی بیٹ وغیرہ کا بھی چھڑانا فرض ہے؟

جواب: جلد تک پانی کے پہنچنے کے لئے میل اور مچھر اور اس کے مثل جیسے پسو، مکھی کی بیٹ مانع نہیں ہے، لہٰذا اگر کسی کے ناخن میں میل جما ہوا ہو یا وضو کے اعضاء میں سے کسی عضو پر مچھر، مکھی وغیرہ کی بیٹ لگی ہو تو ان کو دور کرکے پانی پہنچانا فرض نہیں ہے۔

سوال: تنگ انگوٹھی کے نیچے پانی بہانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی کے ہاتھ کی انگلی میں انگوٹھی ہو اور وہ ایسی تنگ ہو کہ اس کے نیچے پانی نہ پہنچتا ہو تو وضو کرتے وقت اس کو حرکت دینا فرض ہے تاکہ پانی اس کے نیچے کی جگہ تک پہنچ جائے اور اگر انگوٹھی ڈھیلی ہو تو اس کو حرکت دینا ضروری نہیں ہے۔

سوال: پاؤں کے پھٹن میں دوا لگی ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی کے پاؤں میں پھٹن ہو اور اس میں دوا بھر دی ہو اور اس دوا کے نیچے پھٹن میں پانی پہنچانا نقصان کرتا ہے تو اوپر سے پانی بہا دینے سے اس کا وضو ہو جائے گا اور اگر پانی بہانا بھی نقصان کرتا ہو تو مسح کافی ہے اور اگر مسح سے بھی عاجز ہو تو اس جگہ کو چھوڑ دے اور اگر کوئی نقصان نہ ہو تو پانی بہانا فرض ہے۔

سوال: وضو کے بعد سر منڈوایا یا ناخن کٹوایا یا مونچھے کٹوائیں تو کیا پھر سے جلد کا دھونا اور مسح کرنا فرض ہے؟

جواب: اگر کسی نے وضو کرتے وقت سر کا مسح کیا پھر وضو کے بعد سر منڈوایا یا جنابت سے غسل کرنے کے بعد منڈوایا تو پھر سے مسح کرنا یا دھونا لازم نہ ہو گا، اسی طرح وضو کرنے کے بعد ناخن تراشے یا مونچھیں کتروائیں تو دوبارہ ناخن کے نیچے کے حصے کا دھونا اور مونچھ کی جلد کا دھونا لازم نہیں ہے۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و الہ و سلم وعلی الک و اصحابک یا حبیب اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و الہ و سلم

قرآنِ عظیم کی (۱۱۴) سورتوں کے متعلق اجمالی دلچسپ معلومات پر مشتمل کتاب بنام

قرآنی سورتوں
کے مضامین

آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے:

☆... سورت کا مقامِ نزول ☆... آیات، کلمات اور حروف کی تعداد ☆... سورت کا نام رکھے جانے کی وجہ ☆... سورت کے فضائل ☆... سورت کے مضامین ☆... پچھلی سورت کے ساتھ مناسبت ☆... اور رنگ برنگے مدنی پھول

مصنف
مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری
ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

فَصۡلٌ فِيۡ سُنَنِ الۡوُضُوۡءِ

یہ فصل وضو کی سنتوں کے بیان میں ہے

يَسُنُّ فِيۡ الۡوُضُوۡءِ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَيۡئًا: (۱) غَسۡلُ الۡيَدَيۡنِ إِلَى الرُّسۡغَيۡنِ (۲) وَالتَّسۡمِيَةُ اِبۡتِدَاءً (۳) وَالسِّوَاكُ فِيۡ اِبۡتِدَائِهٖ وَلَوۡ بِالۡإِصۡبَعِ عِنۡدَ فَقۡدِهٖ (۴) وَالۡمَضۡمَضَةُ ثَلَاثًا وَلَوۡ بِغُرۡفَةٍ (۵) وَالۡاِسۡتِنۡشَاقُ بِثَلَاثِ غُرُفَاتٍ (٦) وَالۡمُبَالَغَةُ فِيۡ الۡمَضۡمَضَةِ وَالۡاِسۡتِنۡشَاقِ لِغَيۡرِ الصَّائِمِ (۷) وَتَخۡلِيۡلُ اللِّحۡيَةِ الۡكَثَّةِ بِكَفِّ مَاءٍ مِنۡ أَسۡفَلِهَا (۸) وَتَخۡلِيۡلُ الۡأَصَابِعِ۔

ترجمہ: اٹھارہ چیزیں وضو میں سنت ہیں، گٹوں تک دونوں ہاتھوں کا دھونا اور شروع میں بسم اللہ پڑھنا، اور وضو کے شروع میں مسواک کرنا، اگرچہ انگلی سے ہو مسواک کے نہ ہونے کے وقت، اور تین مرتبہ کلی کرنا اگرچہ ایک چکو سے ہو، اور تین چلو سے ناک میں پانی ڈالنا، اور غیر روزہ دار کے لئے کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا، اور گھنی داڑھی کا خلال کرنا ایک چلو پانی سے داڑھی کے نیچے کی جانب سے، اور انگلیوں کا خلال کرنا۔

(۹) وَتَثۡلِيۡثُ الۡغَسۡلِ (۱۰) وَاِسۡتِيۡعَابُ الرَّأۡسِ بِالۡمَسۡحِ مَرَّةً (۱۱) وَمَسۡحُ الۡأُذُنَيۡنِ وَلَوۡ بِمَاءِ الرَّأۡسِ (۱۲) وَالدَّلۡكُ (۱۳) وَالۡوِلَاءُ (۱۴) وَالنِّيَّةُ (۱۵) وَالتَّرۡتِيۡبُ كَمَا نَصَّ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيۡ كِتَابِهٖ (۱٦) وَالۡبِدَاءَةُ بِالۡمَيَامِنِ (۱۷) وَرُؤُوۡسِ الۡأَصَابِعِ (۱۸) وَمُقَدَّمِ الرَّأۡسِ (۱۹) وَمَسۡحُ الرَّقَبَةِ لَا الۡحُلۡقُوۡمِ وَقِيۡلَ إِنَّ الۡأَرۡبَعَةَ الۡأَخِيۡرَةَ مُسۡتَحَبَّةٌ۔

ترجمہ: اور دھونے کو تین بار کرنا، اور ایک مرتبہ مسح سے سر کو گھیرنا اور دونوں کانوں کا مسح کرنا اگرچہ سر کے پانی سے ہو، اور اعضاء کو ملنا اور پے درپے کرنا، اور نیت کرنا، اور ترتیب قائم رکھنا جیسے اللہ پاک نے اپنی کتاب میں تصریح فرمائی ہے، اور داہنی طرف سے شروع کرنا اور انگلیوں کے سروں سے شروع کرنا، اور سر کے اگلے حصے سے شروع کرنا، اور گردن کا مسح کرنا نہ کہ گلے کا اور کہا گیا ہے کہ آخری چار (چیزیں) مستحب ہے۔

سوال: سنت کی تعریف کیا ہے؟

جواب: سنت کے لغوی معنی طریقہ اور عادت کے ہیں اور اصطلاح میں دین اسلام کے اس جاری طریقہ کو کہتے ہیں جس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واجب کئے بغیر عمل کیا ہو۔

سوال: سنت کی اقسام اوران کی تعریف بیان فرمائیں۔

جواب: سنت کی دو قسمیں ہیں (۱) سنتِ مؤکدہ۔ (۲) سنتِ غیر مؤکدہ۔

(۱) سنتِ مؤکدہ: وہ سنت ہے جس کو حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ہمیشہ کیا ہو البتہ بیان جواز کے لئے کبھی ترک بھی فرمایا ہو، یا وہ کہ اس کے کرنے کی تاکید فرمائی ہو مگر جانب ترک بالکل مسدود نہ فرمادی ہو، اس کا ترک اساءت اور کرنا ثواب اور نادراً ترک پر عتاب اور اس کی عادت پر استحقاقِ عذاب جیسے، اذان، اقامت، جماعت،

(۲) سنتِ غیر مؤکدہ: وہ سنت ہے جو نظر شرع میں ایسی مطلوب ہو کہ اس کے ترک کو ناپسند رکھے مگر نہ اس حد تک کہ اس پر وعیدِ عذاب فرمائے، عام ازیں کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس پر مداومت فرمائی ہو یا نہ فرمائی ہو، اس کا کرنا ثواب اور نہ کرنا اگرچہ عادۃً ہو موجبِ عتاب نہیں۔

سوال: وضو کی کتنی اور کون کون سی سنتیں ہیں؟ نیز ان کی تشریح بھی فرمائیں۔

جواب: مصنف نے وضو کی اٹھارہ سنتیں بتلائی ہیں یہ عدد حصر کے لئے نہیں ہے۔

(۱) گٹوں تک دونوں ہاتھوں کو دھونا: گٹا، کلائی اور ہتھیلی کے درمیان کے جوڑ کو کہتے ہیں وضو کے شروع میں دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک دھونا سنت ہے خواہ سو کر اٹھنے کے بعد وضو کر رہا ہو یا سویا ہی نہ ہو، لیکن سو کر اٹھنے کے بعد دونوں ہاتھوں کے دھونے کی حدیث میں تاکید آئی ہے۔

(۲) شروع میں بسم اللہ پڑھنا: وضو کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا سنت ہے اور ہر عضو کے دھوتے وقت بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے، اور سلف سے یہ الفاظ منقول ہیں: بسم اللہ العظیم والحمد للہ علی دین الاسلام۔ اور بعض نے کہا ہے کہ یہ الفاظ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے منقول ہیں اور وضو کے شروع میں پڑھنے کا اعتبار ہے پس اگر ابتداء میں بھول گیا پھر بعض اعضاء دھونے کے بعد یاد آیا اور اس نے پڑھ لی تو سنت ادا نہ ہوگی بخلاف کھانے کے کہ وہاں درمیان میں پڑھنے سے سنت ادا ہو جائے گی، اور یہ اس لئے ہے کہ وضو پورا ایک فعل ہے جبکہ کھانا پورا ایک فعل نہیں بلکہ اس کا ہر ہر لقمہ ایک نیا فعل ہے کہ کھانا کہیں سے بھی روک سکتا ہے چاہے ایک لقمے پر یا دو لقمے پر، جبکہ وضو تام اسی وقت ہوگا جب سارے افعال پورے کر لئے گئے ہوں۔

(۳) شروع میں مسواک کرنا: مسواک کلی کرنے کے وقت کی جائے، علماء کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ مسواک وضو کی سنت ہے یا نماز کی یا دین کی، شوافع نماز کی سنت قرار دیتے ہیں جبکہ احناف دین کی سنت قرار دیتے ہیں پس عند الاحناف تلاوتِ قرآن کے وقت، قراءت حدیث کے وقت، نیک مجلس میں جانے کے وقت، گھر میں داخل ہوتے وقت، سو کر اٹھنے کے بعد مسواک کرنا مستحب ہے، اور مسواک کڑوے درخت کی ہو کہ اس سے بلغم اچھی طرح کٹ جاتا ہے، اور سینہ خوب صاف ہو جاتا ہے، اور افضل ہے کہ پیلو کے درخت کی ہو، اور ہر درخت

کی لکڑی سے مسواک کرنا درست ہے، انار اور بانس کی لکڑی سے نہ کرے کہ اس سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اور مسواک کی لمبائی زیادہ سے زیادہ ایک بالشت ہو کہ اس سے زیادہ لمبی مسواک پر شیطان سواری کرتا ہے، اور موٹائی میں انگلی کے برابر ہو، مسواک کی عدم موجودگی میں انگلی کو دانتوں میں پھیرے۔

(۴) تین بار کلی کرنا: مضمضہ مصدر ہے جس کے لغوی معنی حرکت دینا ہے، اور اصطلاح میں پانی کا پورے منہ کو گھیر لینا ہے یعنی کلی کرنا ہے یہ سنت مؤکدہ ہے، اور کلی اس طرح کرے کہ منہ کے ہر پرزے، گوشے، ہونٹ سے حلق کی جڑھ تک ہر جگہ پانی بہہ جائے، اکثر لوگ تھوڑا سا پانی منہ میں لے کر اگل دینے کو کلی کہتے ہیں اگرچہ زبان کی جڑ اور حلق کے کنارے تک نہ پہنچے، یوں کلی کی سنت ادا نہ ہوگی اور تین دفعہ کلی کرنا اور ہر بار نیا پانی لینا مسنون ہے پس اگر ایک بار چلو میں پانی لیکر اس میں سے تین دفعہ منہ سے پانی اٹھائے اور تین کلیاں کرلے تو اس سے کلی کرنے کی سنت ادا ہو جائے گی لیکن ہر دفعہ نیا پانی لینے کی سنت ادا نہیں ہو گی۔

(۵) تین چلو سے ناک میں پانی ڈالنا: استنشاق بہ نشق سے ماخوذ ہے، جس کے لغوی معنی سونگھنے کے ہیں، اور اصطلاح میں ناک کے نرم حصے تک پانی پہنچانا یہ بھی سنت مؤکدہ ہے، ناک میں پانی ڈالتے وقت سانس کے ساتھ ناک میں پانی کھینچنا شرط نہیں اور اشتنشاق کی سنت تب ادا ہو گی جب تین چلو سے ناک میں پانی ڈالے پس اگر ایک بار چلو میں پانی لے کر اسی کو تین بار ناک میں کھینچے تو استنشاق کی سنت ادا نہ ہو گی۔

(۶) غیر صائم کے لئے کلی اور ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا: کلی میں مبالغہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ غرغرہ کرے یعنی پانی کو حلق میں لے جاکر پھرائے، اور ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا یہ ہے کہ ناک کی ہڈی (بانسہ) تک پانی چڑھائے، یہ بھی سنت ہے مگر روزہ دار کے لئے یہ سنت نہیں، کہ اس طرح کرنے سے روزہ فاسد ہونے کا احتمال ہے۔

(۷) داڑھی کا خلال کرنا: داڑھی میں خلال کرنے کا وقت تین بار چہرہ دھونے کے بعد ہے، اور اس کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ دائیں چلو میں پانی لے کر تھوڑی کے نیچے کے بالوں کی جڑوں میں اس طرح ڈالے کی ہاتھ کی ہتھیلی گردن کی طرف ہو، پھر داڑھی کے بالوں میں انگلیوں کو داخل کر کے اوپر کی طرف لائے۔

(۸) انگلیوں کا خلال کرنا: دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کی سب انگلیوں کا خلال کرنا سنت ہے، ہاتھوں کی انگلیوں میں خلال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالے، اور پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کی چھنگلی دائیں پاؤں کی چھنگلی میں داخل کر کے اوپر کی طرف کھینچے اور یوں ہی یکِ بعد دیگر کرتا ہوا انگوٹھے پر ختم کر دے پھر بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے لے کر چھنگلی تک کر لے۔

(۹) دھونے کو تین بار کرنا: وضو میں جن اعضاء کا دھونا فرض ہے ان اعضاء کو تین تین بار دھونا سنت ہے، ایک بار پوری طرح دھونا فرض ہے اس کے بعد دو مرتبہ اور دھونا صحیح مذہب کے مطابق سنتِ مؤکدہ ہے، اور یہاں پر دھونے میں تین بار کی قید لگائی گئی ہے اس لئے کہ ہمارے نزدیک مسح میں تکرار سنت نہیں ہے۔

(۱۰) ایک بار مسح سے سارے سر کو گھیرنا: ایک بار پورے سر کا مسح کرنا مسنون ہے، اور اس کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ انگوٹھے اور کلمے کی انگلی کے سوا ایک ہاتھ کی باقی تین انگلیوں کا سِرا دوسرے ہاتھ کی تینوں انگلیوں کے سِرے سے ملا کر پیشانی کے بال یا کھال پر رکھ کر گدی تک اس طرح لے جائے کہ ہتھیلیاں سر سے جدا رہیں وہاں سے ہتھیلیوں سے مسح کرتا ہوا واپس لائے اور کلمے کی انگلی کے پیٹ سے کان کے اندرونی حصے کا مسح کرے اور انگوٹھے کے پیٹ سے کان کے بیرونی سطح کا اور انگلیوں کی پشت سے گردن کا مسح کرے۔

(۱۱) دونوں کانوں کا مسح کرنا اگرچہ سر کے پانی سے ہو: کانوں کے مسح کا طریقہ سر کے مسح میں بیان ہو چکا ہے، ہاں کان کے مسح کے لئے الگ سے نیا پانی لینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ سر کے مسح کے بعد جو تری ہے اسی سے مسح کر لینے سے سنت ادا ہو جائے گی، البتہ پہلی تری کے باقی ہوتے ہوئے نیا پانی لینا اچھا ہے۔

(۱۲) اعضائے وضو کو دھوتے وقت ملنا: اعضائے وضو کو دھوتے وقت ملنا سنت ہے تاکہ پانی کا گزر ہر حصے تک ہو جائے، خصوصاً سردی میں کہ اعضاء خشک ہوتے ہیں جس سے پانی ڈالنے کے بعد سوکھا رہ جاتا ہے۔

(۱۳) پے درپے کرنا: اس کا مطلب یہ ہے کہ پہلے دھوئے ہوئے عضو کی تری خشک ہونے سے پہلے دوسرے عضو کو دھونا شروع کر دینا، ہاں اگر ہوا تیز چل رہی ہو یا گرمی زیادہ ہو کہ پانی عضو پر ڈالتے ہی سوکھ جاتا ہے تو اس کو ولاء ترک کرنے والا نہیں کہیں گے۔

(۱۴) نیت کرنا: نیت کا لغوی معنی ارادہ کرنا ہے جبکہ اصطلاح میں کسی کام کے کرنے کا دل میں پختہ ارادہ کرنے کو کہتے ہیں اور نیت اس طرح کرے کہ میں حکم الٰہی بجالانے اور پاکی حاصل کرنے کے لئے وضو کر رہا ہوں، اور نیت کا محل دل ہے لہٰذا دل سے نیت کرے مگر دل میں نیت ہوتے ہوئے زبان سے بھی کہہ لینا افضل ہے۔

نیت کا بیان آخر میں آیا حالانکہ نیت شروع میں ہوتی ہے، اور وضو کی ابتداء نیت، بسم اللہ اور ہاتھ دھونے میں سے ہر ایک سے کرنا سنت ہے، اور یہ تینوں ایک ساتھ ابتداء میں ادا ہو سکتے ہیں وہ یوں کہ نیت دل سے کی جاتی ہے اور بسم اللہ زبان سے پڑھی جاتی ہے اور دھونا ہاتھوں سے تعلق رکھتا ہے پس یہ تینوں بیک وقت ادا ہو سکتے ہیں۔

(۱۵) ترتیب قائم رکھنا: ترتیب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں جس کا ذکر پہلے کیا اس کو پہلے ادا کرنا جیسے "فاغسلوا وجوھکم وایدیکم وامسحوا برؤوسکم وارجلکم" پس پہلے چہرہ دھوئے، پھر کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھوئے، پھر سر کا مسح کرے پھر ٹخنوں تک دونوں پاؤں دھوئے اور یہ سنت مؤکدہ ہے۔

(۱۶) داہنی طرف سے شروع کرنا: وضو کے اعضاء جو دو دو ہیں اور وہ دھوئے جاتے ہیں جیسے ہاتھ اور پاؤں تو ان میں دائیں کو بائیں پر مقدم کرنا سنت ہے، اور جو اعضاء دو دو ہوں مگر دھوئے نہ جاتے ہو جیسے کان، تو ان دونوں کا ایک ساتھ مسح کرنا سنت ہے، اور جو ایک عضو ہو جیسے چہرہ تو اس میں پورا چہرہ دھوئے۔

(۱۷) انگلیوں کے سرے سے شروع کرنا: یعنی پوروں سے شروع کرے۔

(۱۸) سر کے اگلے حصے سے شروع کرنا: جہاں سے عادۃً بال اگتے ہیں وہاں سے سر کے مسح کرنے کو شروع کرنا۔

(۱۹) گردن کا مسح کرنا: دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی پشت سے گردن کا مسح کرنا سنت ہے، گلے کا مسح نہ کرے کہ یہ بدعت ہے۔

سوال: آخر کے چار کون کون سے مستحب ہیں؟

جواب: آخر کے چار سے مراد (۱) داہنی طرف سے شروع کرنا، (۲) انگلیوں کے سرے سے شروع کرنا (۳) سر کے اگلے حصے سے شروع کرنا (۴) گردن کا مسح کرنا ہے۔

سوال: مستحب کسے کہتے ہیں؟

جواب: مستحب وہ فعل ہے جو نظر شرع میں پسند ہو مگر ترک پر کچھ ناپسندی نہ ہو، خواہ خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اسے کیا یا اس کی ترغیب دی یا علمائے کرام نے پسند فرمایا اگرچہ احادیث میں اس کا ذکر نہ آیا اس کا کرنا ثواب اور نہ کرنے پر مطلقاً کچھ نہیں۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

دلچسپ و عبرت ناک واقعات کا مجموعہ بنام

کیا حال ہے؟

آپ اس میں ملاحظہ فرمائیں گے

☆… پہلا باب : کیا حال ہے ☆… دوسرا باب : صبح کس حال میں کی

☆… تیسرا باب : آپ کیسے ہیں؟ ☆… چوتھا باب : کیسے ہو؟

مصنف: محمد شفیق خان عطاری المدنی فتحپوری

فَصۡلٌ مِنۡ آدَابِ الۡوُضُوۡءِ

یہ فصل وضو کے آداب کے بیان میں ہے

مِنۡ آدَابِ الۡوُضُوۡءِ أَرۡبَعَةَ عَشَرَ شَيۡئًا اَلۡجُلُوۡسُ فِيۡ مَكَانٍ مُرۡتَفِعٍ وَاسۡتِقۡبَالُ الۡقِبۡلَةِ وَعَدَمُ الۡاِسۡتِعَانَةِ بِغَيۡرِهٖ وَعَدَمُ التَّكَلُّمِ بِكَلَامِ النَّاسِ وَالۡجَمۡعُ بَيۡنَ نِيَّةِ الۡقَلۡبِ وَفِعۡلِ اللِّسَانِ وَالدُّعَاءُ بِالۡمَأۡثُوۡرِ وَالتَّسۡمِيَةُ عِنۡدَ كُلِّ عُضۡوٍ وَإِدۡخَالُ خِنۡصَرِهٖ فِيۡ صِمَاخِ أُذُنَيۡهِ وَتَحۡرِيۡكُ خَاتَمِهِ الۡوَاسِعِ۔

ترجمہ: چودہ چیزیں وضو کے آداب میں سے ہیں، اونچی جگہ میں بیٹھنا، قبلہ رو ہونا، اور اپنے علاوہ کسی سے مدد نہ لینا، اور لوگوں کے کلام سے (مشابہ) بات نہ کرنا، اور دل کے ارادے اور زبان کے فعل کے درمیان جمع کرنا، اور منقول دعاؤں کا پڑھنا، اور ہر عضو کو دھوتے وقت بسم اللہ پڑھنا، اور اپنے دونوں کانوں کے سوراخوں میں اپنی چھنگلی کو داخل کرنا، اور کشادہ انگوٹھی کو حرکت دینا۔

وَالۡمَضۡمَضَةُ وَالۡاِسۡتِنۡشَاقُ بِالۡيَدِ الۡيُمۡنٰى وَالۡاِمۡتِخَاطُ بِالۡيُسۡرٰى وَالتَّوَضُّؤُ قَبۡلَ دُخُوۡلِ الۡوَقۡتِ لِغَيۡرِ الۡمَعۡذُوۡرِ وَالۡإِتۡيَانُ بِالشَّهَادَتَيۡنِ بَعۡدَهٗ وَأَنۡ يَشۡرَبَ مِنۡ فَضۡلِ الۡوُضُوۡءِ قَائِمًا وَأَنۡ يَقُوۡلَ اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡنِيۡ مِنَ التَّوَّابِيۡنَ وَ اجۡعَلۡنِيۡ مِنَ الۡمُتَطَهِّرِيۡنَ۔

ترجمہ: اور دائیں ہاتھ سے کلی کرنا، اور ناک میں پانی چڑھانا، اور بائیں ہاتھ سے ناک جھاڑنا، اور معذور کے علاوہ شخص کو وقت کے داخل ہونے سے پہلے وضو کرنا، اور شہادتین کو وضو کے بعد پڑھنا، اور وضو کے بچے ہوئے پانی کو کھڑے ہو کر پینا، اور یہ دعا پڑھنا، اے اللہ بنادے مجھ کو ان لوگوں میں سے جو بہت توبہ کرنے والے ہیں اور بنادے تو مجھ کو پاک وصاف رہنے والوں میں سے۔

سوال: آداب کسے کہتے ہیں؟

جواب: آداب ادب کی جمع ہے اور اس کے چند معنی بیان ہوئے ہیں: (۱) شے کو اس کی جگہ پر رکھنا (۲) اچھی عادت (۳) پرہیز گاری (۴) اور شرح ہدایہ میں ہے کہ ادب وہ ہے جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ کیا ہو مگر اس پر ہمیشگی نہ فرمائی ہو، اور اس سے مراد مستحبات ہیں جس کی تعریف ماقبل میں گزر چکی ہے۔

سوال: وضو کے آداب کتنے ہیں؟

جواب: مصنف نے یہاں پر وضو کے چودہ آداب بیان فرمائے ہیں جبکہ شیخ طریقت امیر اہلسنت نے اپنی تصنیف نماز کے احکام میں ۲۹ آداب بطور مستحبات بیان فرمائے ہیں۔

سوال: وضو کے آداب بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: وضو کے آداب مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) اونچی جگہ بیٹھنا: اونچی جگہ پر بیٹھ کر وضو کرنا تاکہ مستعمل پانی کے چھینٹے کپڑوں پر نہ لگے۔

(۲) قبلہ رو ہونا: وضو کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھنا۔

(۳) کسی سے مدد نہ لینا: وضو خود کرنا کسی دوسرے کی مدد نہ لینا۔ مدد لینے کی دو صورتیں ہیں (۱) خود کچھ نہ کرے بلکہ دوسرا شخص اس کے اعضاء کو دھوئے یہ ادب کے خلاف ہے۔ (۲) خادم پانی ڈالتا جائے اور خود دھوتا جائے، اس میں مضائقہ نہیں ہاں اگر کوئی عذر ہو تو پھر دوسرے سے مدد لے سکتا ہے کوئی حرج نہیں۔

(۴) لوگوں کا سا کلام نہ کرنا: وضو کے دوران بلا ضرورت ایسی باتیں نہ کرے جو لوگوں سے کیا کرتے ہیں یعنی (دنیوی باتیں) ہاں اگر کسی بات کے کہنے کی ضرورت ہو اور یہ خوف ہو کہ اس وقت نہ کہنے میں وہ ضرورت فوت ہو جائے گی تو ایسی حالت میں کر لے کہ یہ ترک ادب نہیں، اور وضو کے دوران سلام کرنا یا دوسرے کے سلام کا جواب دینا ہرگز خلاف ادب نہیں بلکہ سلام کا جواب دینا واجب ہے اگر نہ دے گا تو گناہ گار ہو گا، یوں ہی سلام کرنا سنت ہے اور سلام و جوابِ سلام دنیوی گفتگو نہیں بلکہ دینی گفتگو ہے۔

(۵) دل کی نیت اور زبان کے فعل کو جمع کرنا: یعنی وضو کی نیت میں دل اور زبان دونوں کو شریک کرے اس طرح کہ دل میں نیت ہوتے ہوئے زبان سے بھی دہرا لے۔

(۶) دعائے ماثورہ پڑھنا: یعنی ہر عضو کے دھوتے یا مسح کرتے وقت منقول دعائیں پڑھنا اور منقول دعاؤں سے مراد وہ دعائیں ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ و تابعین سے منقول ہیں، دعاؤں کا ذکر آگے آ رہا ہے۔

(۷) ہر عضو کو دھوتے وقت بسم اللہ پڑھنا: ہر عضو کے دھوتے یا مسح کرتے کے وقت پہلے بسم اللہ پڑھے اور اس کے بعد دعا پڑھے، جس کا ذکر آگے آ رہا ہے۔

(۸) کانوں کے سوراخ میں چھنگلی کو داخل کرنا: یعنی کانوں کے مسح کے وقت مسح میں مبالغہ کے لئے کانوں کے سوراخ میں چھنگلیاں ڈال کر اس کو حرکت دینا۔

(۹) کشادہ انگوٹھی کو حرکت دینا: تاکہ اس کے نیچے کی کھال پر پانی اچھی طرح پہنچ جائے، یہاں پر واسع کی قید لگائی، پس اگر انگوٹھی تنگ ہو جس سے کھال تک پانی نہ پہنچے تو حرکت دینا فرض ہے۔

(۱۰) داہنے ہاتھ سے کلی وناک میں پانی ڈالنا اور بائیں ہاتھ سے ناک جھاڑنا: شرف کی بنیاد پر داہنے ہاتھ سے کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا اور حقارت وگندگی کی وجہ سے بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے ناک صاف کرنا چاہیے۔

(۱۱) غیر معذور کا وقت سے پہلے وضو کرنا: نماز کا وقت آنے سے پہلے وضو کر لے جبکہ وہ معذور نہ ہو، اور اگر معذور ہو تو وقت کے داخل ہونے کے بعد وضو کرے کہ معذور کا وضو وقت کے ختم ہونے سے ٹوٹ جاتا ہے اور امام زفر کے نزدیک وقت کے داخل ہونے سے ٹوٹتا ہے جبکہ امام ابو یوسف کے نزدیک خروج وقت اور دخولِ وقت دونوں سے ٹوٹ جاتا ہے پس یہ دونوں قول غیر مفتی بہ ہیں۔

(۱۲) وضو کے بعد شہادتین کا پڑھنا: وضو کے بعد قبلہ رو کھڑے ہو کر کلمہ شہادت '' اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمد عبدہ ورسولہ '' پڑھنا اور اس وقت آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر اپنی انگشت شہادت سے اشارہ کرے کہ حدیث میں ہے "کہ جس نے اچھی طرح سے وضو کیا اور کلمہ شہادت پڑھا اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دئے جاتے ہیں جس سے چاہے اندر داخل ہو۔

(صحیح مسلم جلد-۱-صفحہ ۱۲۲)

اور دوسری حدیث پاک میں ہے "جو وضو کے بعد ایک مرتبہ سورۃ القدر پڑھے تو وہ صدیقین میں سے ہے اور جو دو مرتبہ پڑھے تو وہ شہداء میں شمار کیا جائے گا اور جو تین بار پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ میدان محشر میں اسے اپنے انبیاء کے ساتھ رکھے گا۔(کنز العمال جلد-۹-صفحہ ۱۳۲)

اور جو وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورۃ القدر پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ اس کی نظر کبھی کمزور نہ ہو گی۔(مسائل القرآن صفحہ ۲۹۱)

(نماز کے احکام صفحہ ۱۳ تا ۱۴)

(۱۳) وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پینا: وضو سے فارغ ہونے کے بعد وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے پینا یہ بھی ادب ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے وضو کا بچا ہوا پانی اور آب زم زم کھڑے ہو کر پیا ہے، پس ان کے علاوہ دیگر پانی کھڑے ہو کر پینا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۱۴) وضو کے بعد یہ دعا پڑھنا اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطھرین: وضو کے بعد یہ دعا پڑھنا وضو کے آداب میں سے ہے۔

سوال: توابین اور متطھرین کا معنی بیان کر دیں۔

جواب: توابین: یعنی ہر گناہ سے رجوع کرنے والا، اور بعض فرماتے ہیں کہ توبین وہ ہیں کہ جب ان سے کوئی گناہ سرزد ہو جاتا تو توبہ کی طرف جلدی کرتے ہیں اور تواب اللہ کی صفت بھی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی توبہ کو قبول فرما کر اس کی طرف انعام کے ساتھ رجوع فرماتا ہے۔

متطھرین: اس کا معنی پاک ہو جانے والا ہے، کہ اے اللہ مجھے بے حیائی کی باتوں اور کاموں سے پاک ہو جانے والوں میں کر دے۔

سوال: ہر عضو کو دھوتے وقت کون سی منقول دعائیں پڑھنا مستحب ہے؟

جواب: ہر عضو کو دھوتے وقت مندرجہ ذیل دعائیں پڑھنا مستحب ہے:

کُلّی کے وقت: اَللّٰھُمَّ اَعِنّیْ عَلٰی تِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ وَذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ۔

ناک میں پانی ڈالتے وقت: اَللّٰھُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ وَلَا تُرِحْنِیْ رَائِحَۃَ النَّارِ۔

منہ دھوتے وقت: اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوْہٌ۔

دایاں ہاتھ دھوتے وقت: اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِيْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا۔

بایاں ہاتھ دھوتے وقت اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ ظَھْرِیْ۔

سر کا مسح کرتے وقت: اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِکَ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلَّ عَرْشِکَ۔

کانوں کا مسح کرتے وقت: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ۔

گردن کا مسح کرتے وقت: اَللّٰھُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ۔

دایاں پاؤں دھوتے وقت: اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ۔

بایاں پاؤں دھوتے وقت: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَسَعْیِیْ مَشْکُوْرًا وَتِجَارَتِیْ لَنْ تَبُوْرَ۔

وُضو سے فارغ ہوتے ہی یہ پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ وعلی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

غفلت اڑا کر فکرِ آخرت پیدا کرنے والے واقیات کا مجموعہ بنام

مَا فَعَلَ اللّٰہُ بِکَ

اللہ عزوجل نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟

یہ کتاب اپنے موضوع کے اعتبار سے منفرد ہے کیونکہ اس کتاب میں ان واقعات کو جمع کیا گیا ہے جن میں خواب دیکھنے والا مرنے والے سے مَا فَعَلَ اللّٰہُ بِكَ کے ذریعہ سوال کرکے مرنے کے بعد پیش آنے والے معاملات دریافت کرتا ہے۔

مصنف: مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

فَصلٌ فِيْ مَكْرُوهَاتِ الْوُضُوْءِ

یہ فصل وضو کے مکروہات کے بیان میں ہے

وَيُكْرَهُ لِلْمُتَوَضِّئِ سِتَّةُ أَشْيَاءَ اَلْإِسْرَافُ فِيْ الْمَاءِ وَالتَّقْتِيْرُ فِيْهِ وَ ضَرْبُ الْوَجْهِ بِهٖ وَالتَّكَلُّمُ بِكَلَامِ النَّاسِ وَالْاِسْتِعَانَةُ بِغَيْرِهٖ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ وَتَثْلِيْثُ الْمَسْحِ بِمَاءٍ جَدِيْدٍ۔

ترجمہ: وضو کرنے والے کے لئے کچھ چیزیں مکروہ ہیں: پانی میں اسراف اور پانی میں کمی کرنا، اور پانی کو چہرے پر مارنا، اور لوگوں کے کلام کی طرح بات کرنا، اور بغیر عذر کے اپنے علاوہ سے مدد چاہنا، اور نئے پانی سے تین بار مسح کرنا۔

سوال: مکروہ کی تعریف واقسام اوران کی تعریف بیان کریں۔

جواب: مکروہ باب سمع سے ہے جس کا معنی ناپسند کرنا ہے اصطلاح شرع میں اس کی دو قسمیں کی گئی ہیں: (۱) مکروہ تحریمی (۲) مکروہ تنزیہی۔

(۱) مکروہ تحریمی: یہ واجب کا مقابل ہے اس کے کرنے سے عبادت ناقص ہو جاتی ہے اور کرنے والا گناہگار ہوتا ہے اگرچہ اس کا گناہ حرام سے کم ہے اور چند بار اس کا ارتکاب کبیرہ ہے۔

(۲) مکروہ تنزیہی: جس کا کرنا شرع کو پسند نہیں مگر نہ اس حد تک کہ اس پر وعید عذاب فرمائے، یہ سنت غیر مؤکدہ کے مقابل ہے۔

سوال: وضو کے مکروہات کتنے اور کون کون سے ہیں؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔

جواب: مصنف نے وضو کے مکروہات میں صرف چھ چیزیں شمار کرائی ہیں تاکہ مبتدی کے لئے آسانی ہو پس یہ چھ کا عدد حصر کے لئے نہیں ہے، اور امیر اہلسنت نے نماز کے احکام کے اندر وضو کے ۱۵ مکروہات شمار کروائے ہیں۔

(۱) پانی میں اسراف: حاجت شرعیہ سے زیادہ پانی استعمال کرنا اسراف ہے، اور عدد مسنون یعنی تین بار سے زیادہ دھونا بھی اسراف ہے اگرچہ نہر پر وضو کرتا ہو، یا اپنے مملوک پانی سے وضو کرتا ہو، اور اگر پانی وقف کا ہو جیسے مسجد و مدرسوں کا پانی، تو ان میں اسراف حرام ہے۔ اور اگر شک کی بنیاد پر تین بار سے زیادہ دھویا تو کراہت نہیں۔

(۲) پانی میں کمی کرنا: عدد مسنون سے کم پانی استعمال کرنا کہ سنت ادا نہ ہو تقتیر ہے جیسے اعضائے وضو کو مثل مسح کے دھوئے۔

(۳) چہرے پر پانی کو مارنا: چلو میں پانی لے کر زور سے چہرے پر مارنا مکروہ ہے، لہذا پیشانی کے اوپر سے پانی کو آہستہ سے ڈالے اور پھر ہاتھ سے ملے۔

(۴) دنیوی گفتگو کرنا: یعنی لوگوں سے دنیوی بات میں مشغول ہونا کیونکہ اس سے وہ دعاؤں اور اذکار پڑھنے سے محروم رہے گا- اور عارفین فرماتے ہیں کہ اگر وضو میں دنیا سے کٹ کر حضور قلبی حاصل ہوتی تو نماز میں بھی حاصل ہوگی ورنہ تو نہیں۔

(۵) بغیر عذر کے کسی سے مدد لینا: وضو خود کرنا کسی دوسرے کی مدد نہ لینا۔ مدد لینے کی دو صورتیں ہیں (۱) خود کچھ نہ کرے بلکہ دوسرا شخص اس کے اعضاء کو دھوئے یہ ادب کے خلاف ہے۔ (۲) خادم پانی ڈالتا جائے اور خود دھوتا جائے، اس میں مضائقہ نہیں ہاں اگر کوئی عذر ہو تو پھر دوسرے سے مدد لے سکتا ہے کوئی حرج نہیں۔

(۶) نئے پانی سے تین بار مسح کرنا: احناف کے نزدیک نئے پانی سے ایک بار مسح کرنا سنت ہے اور تین بار کرنا خلافِ سنت ہے۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

مرنے والے کو موت کے وقت پیش آنے والے دردناک و عبرتناک معاملات پر مشتمل واقعات کا مجموعہ بنام

موت کے وقت

آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرما سکیں گے

☆...موت کے وقت ☆...موت کا وقت ☆...نزع کا عالم
☆...نزع کے عالم ☆...وصال کا وقت ☆...وصال کے وقت
☆...وفات کا وقت ☆...وفات کے وقت ☆...انتقال کا وقت
☆...انتقال کے وقت ☆...وقتِ وصال ☆...شہادت کے وقت
☆...مرض الموت ☆...آخری وقت ☆...حالتِ نزع

مصنف: مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری
ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

فَصْلٌ فِيْ أَوْصَافِ الْوُضُوْءِ

یہ فصل وضو کے اوصاف کے بیان میں ہے

اَلْوُضُوْءُ عَلٰی ثَلَاثَةِ أَقْسَامٍ اَلْأَوَّلُ فَرْضٌ عَلَی الْمُحْدِثِ لِلصَّلَاةِ وَلَوْ كَانَتْ نَفْلًا وَلِصَلَاةِ الْجَنَازَةِ وَسَجْدَةِ التِّلَاوَةِ وَلِمَسِّ الْقُرْآنِ وَلَوْ آيَةً وَالثَّانِيْ وَاجِبٌ لِلطَّوَافِ بِالْكَعْبَةِ وَالثَّالِثُ مَنْدُوْبٌ لِلنَّوْمِ عَلٰی طَهَارَةٍ وَإِذَا اسْتَيْقَظَ مِنْهُ وَلِلْمُدَاوَمَةِ عَلَيْهِ وَلِلْوُضُوْءِ عَلَی الْوُضُوْءِ وَبَعْدَ غِيْبَةٍ وَكَذِبٍ وَنَمِيْمَةٍ وَكُلِّ خَطِيْئَةٍ وَإِنْشَادِ شِعْرٍ وَقَهْقَهَةٍ خَارِجَ الصَّلَاةِ۔

ترجمہ: وضو تین قسم پر ہے: پہلی قسم فرض ہے اس شخص پر جو بے وضو ہو، نماز کے لئے اگرچہ وہ نماز نفل ہی ہو اور نماز جنازہ کے لئے اور سجدۂ تلاوت کے لئے اور قرآن کو چھونے کے لئے اگرچہ ایک ہی آیت ہو، دوسری قسم واجب ہے کعبہ کا طواف کرنے کے لئے، اور تیسری قسم مستحب ہے پاکی کی حالت پر سونے کے لئے، اور جب نیند سے جاگے، اور وضو پر ہمیشگی کرنے کے لئے، اور وضو پر وضو کے لئے، اور غیبت کرنے کے بعد، اور جھوٹ بولنے کے بعد، اور چغلی کرنے کے بعد، اور ہر گناہ کرنے کے بعد، اور (برا) شعر پڑھنے کے بعد، اور نماز کے باہر کھکھلا کر ہنسنے کے بعد۔

وَغُسْلِ مَيِّتٍ وَحَمْلِهٖ وَلِوَقْتِ كُلِّ صَلَاةٍ وَقَبْلَ غُسْلِ الْجَنَابَةِ وَلِلْجُنُبِ عِنْدَ أَكْلٍ وَشُرْبٍ وَنَوْمٍ وَوَطْءٍ وَلِغَضَبٍ وَقُرْآنٍ وحَدِيْثٍ وَرِوَايَتِهٖ وَدِرَاسَةِ عِلْمٍ وَأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ وَخُطْبَةٍ وَزِيَارَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوُقُوْفٍ بِعَرَفَةَ وَلِلسَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَأَكْلِ لَحْمِ جَزُوْرٍ وَلِلْخُرُوْجِ مِنْ خِلَافِ الْعُلَمَاءِ كَمَا إِذَا مَسَّ اِمْرَأَةً۔

ترجمہ: اور میت کو غسل دینے کے بعد، اور جنازہ اٹھانے کے بعد، اور ہر نماز کے وقت کے لئے، اور جنابت کے غسل سے پہلے، اور جنبی کے لئے کھانے پینے سونے اور وطی کرنے کے وقت، اور غصہ کے وقت، اور (بغیر چھوئے) قرآن و حدیث پڑھنے کے لئے، اور حدیث کی روایت کرنے کے لئے، اور کسی علم شرعی کے پڑھنے کے لئے، اور اذان و اقامت کہنے کے لئے، خطبہ دینے کے

لئے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم (کے روضۂ اطہر) کی زیارت کے لئے، اور وقوف عرفہ کے لئے، اور صفا و مروا کے درمیان سعی کے لئے، اور اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد، اور علماء کے اختلاف سے نکلنے کے لئے جیسے کہ جب کسی عورت کو چھو لے۔

سوال: وضو کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

جواب: وضو کی مصنف نے تین قسمیں بیان کی ہیں: (۱) فرض (۲) واجب (۳) مستحب۔ لیکن یہ عدد حصر کے لئے نہیں ہے کیونکہ وضو کی قسمیں اس کے علاوہ بھی ہوتی ہیں مثلاً مکروہ اور حرام وغیرہ۔

سوال: کن کن کاموں کے لئے وضو کرنا فرض ہے؟

جواب: مندرجہ ذیل امور کے لئے وضو کرنا فرض ہے:

(۱) اس شخص پر جو بے وضو ہو، نماز پڑھنے کے لئے وضو کرنا فرض ہے چاہے وہ نماز فرض، واجب ہو یا سنت و نفل، ہر قسم کی نماز کے لئے وضو کرنا فرض ہے جبکہ پہلے سے وضو نہ ہو۔

(۲) نماز جنازہ ادا کرنے کے لئے وضو کرنا فرض ہے کہ یہ نماز کے مشابہ ہے۔

(۳) اور سجدے کی آیت پڑھنے یا سننے کے بعد جو سجدہ کرنا واجب ہوتا ہے اس کے لئے بھی وضو کرنا فرض ہے کہ یہ نماز کے مشابہ ہے۔

(۴) قرآن مجید کو چھونے کے لئے وضو کرنا فرض ہے، قرآن مجید کی موضع آیت اور صفحات کے کنارے کی خالی جگہ دونوں کو چھونے کا حکم یکساں ہے کہ بے وضو شخص کو چھونا جائز نہیں ہے اور کسی بھی زبان کے ترجمہ کا بھی یہی حکم ہے، اسی طرح دیوار یا پردے یا کاغذ پر لکھی ہوئی آیت کو چھونے کے لئے وضو کرنا فرض ہے کہ بے وضو چھونا حرام ہے۔

سوال: کن چیزوں کے لئے وضو کرنا واجب ہے؟

جواب: صرف خانۂ کعبہ کا طواف کرنے کے لئے وضو کرنا واجب ہے، اگر بے وضو طواف کرے گا تو واجب کا ترک ہو گا، اور اس کی تفصیل ان شاء اللہ عزوجل کتاب الحج میں آئے گی۔

سوال: کن کن امور کے لئے وضو کرنا مستحب ہے؟

جواب: مندرجہ ذیل امور کے لئے وضو کرنا مستحب ہے:

(۱) سونے کے لئے وضو کرنا مستحب ہے اور یہ مستحب اس وقت ادا ہو گا جبکہ نیند آنے تک وضو قائم رہے پس اگر کوئی شخص وضو کر کے لیٹا پھر نیند آنے سے پہلے اس کا وضو ٹوٹ گیا اور اس کے بعد سو گیا تو اس کا مستحب ادا نہ ہو گا۔

(۲) سو کر اٹھنے کے بعد وضو کرنا یہ بھی مستحب ہے۔

(۳) وضو پر ہمیشگی یعنی جب وضو ٹوٹ جائے اس وقت پھر وضو کرے تا کہ ہر وقت باوضو رہے۔

(۴) وضو پر وضو کرنا اور یہ اس وقت مستحب ہے جبکہ مجلس تبدیل ہو جائے یا پہلے وضو سے کوئی ایسی عبادتِ مقصودہ ادا کی ہو جس کے لئے وضو کرنا مشروع ہے، اور اگر ایسا نہ ہو اور نہ ہی مجلس تبدیل ہوئی تو وضو کرنا اسراف ہے۔

(۵) غیبت کی تعریف: اپنے بھائی کا اس کے پیٹھ پیچھے ایسے انداز میں ذکر کرنا جس کو وہ نہ پسند کرتا ہو اگر اس کو پتا چلے تو تکلیف ہو۔

(۶) جھوٹ کی تعریف: کسی بات کو گھڑ لینا جو واقع کے خلاف ہو۔

(۷) چغلی کی تعریف: کسی کی بات کو سن کر دوسرے کے سامنے فساد کی غرض سے نقل کرنا۔ پس یہ تینوں حرام فعل ہیں اگر کسی سے سرزد ہو جائیں تو فوراً توبہ کرے اور وضو کرنا مستحب ہے کیونکہ یہ باطنی نجاستیں ہیں۔

(۸) ہر گناہ کے بعد چاہے کبیرہ ہو یا صغیرہ، اگر بتقاضہ بشریت سرزد ہو جائے تو توبہ کرے اور وضو کرے کہ وضو گناہ صغیرہ کو مٹا دیتا ہے۔

(۹) برا شعر گنگنانے کے بعد، اور برا شعر وہ ہے جو حمد و نعت اور حکمتوں سے خالی ہو مثلاً اس میں عورتوں، امردوں کے محاسن کو بیان کیا گیا ہو یا کسی مسلمان کی برائی کی گئی ہو۔

(۱۰) نماز کے باہر قہقہہ لگانے کے بعد، کہ نماز کے اندر قہقہہ کے ساتھ ہنسنے سے وضو و نماز دونوں ٹوٹ جاتے ہیں اور وضو کرنا فرض ہو گا، ہاں نماز کے باہر قہقہہ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا لیکن نیا وضو کرنا مستحب ہے۔

(۱۱) میت کو نہلانے کے بعد نہلانے والے کے لئے وضو کرنا مستحب ہے، عوام میں جو مشہور ہے کہ غسل کرنا فرض ہے محض غلط و باطل ہے۔ ہاں غسل کرنا اچھا ہے۔

(۱۲) جنازے کو کندھا دینے کے بعد بھی وضو کرنا مستحب ہے کہ حدیث میں اس کی ترغیب موجود ہے۔

(۱۳) ہر نماز کے وقت کے لئے یعنی وضو ہوتے ہوئے ہر نماز کے لئے نیا وضو کرنا مستحب ہے۔

(۱۴) غسل جنابت سے پہلے۔ جنابت وہ ناپاکی ہے جو مرد و عورت کے صحبت کرنے یا احتلام سے ہوتی ہے چونکہ جنابت سے پاک ہونے کے لئے غسل کرنا فرض ہے تو اس غسل سے پہلے وضو کر لینا مستحب ہے، اگر جنبی نے غسل سے قبل وضو نہ بھی کرے تب بھی غسل کے بعد اس کا وضو ہو جاتا ہے۔

(۱۵) جنبی کے لئے کھانے، پینے، سونے اور وطی کرنے کے وقت وضو کرنا مستحب ہے۔ جنبی اس شخص کو کہتے ہیں جس کو جماع یا احتلام کی وجہ سے غسل کی حاجت ہوئی ہو، پس جنبی شخص کو کھانے پینے یا دوبارہ جماع کرنے اور سونے کے لئے وضو کرنا مستحب ہے۔

(۱۶) غصے کے وقت یعنی جب کسی کو غصہ آجائے تو اس وقت وضو کرنا مستحب ہے کیونکہ اس سے غصہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔

(۱۷) چھوئے بغیر قرآن کی تلاوت کرنے کے لئے وضو کرنا مستحب ہے۔ اور اگر قرآن کو چھونے کا ارادہ ہے یا چھو کر تلاوت کرنا چاہتا ہے تو اس صورت میں وضو کرنا فرض ہے جیسے کہ ما قبل میں گزرا۔ اور چھوئے بغیر قرآن کی تلاوت کرنے والے سے مراد وہ شخص ہے جو بے وضو ہو، اگر وہ بے غسل یعنی جنبی ہو تو وہ وضو کر کے تلاوت نہیں کر سکتا جیسا کہ اس کا بیان غسل کے بیان میں آئے گا۔

(۱۸) علم حدیث پڑھنے کے لئے وضو کرنا مستحب ہے یعنی حدیث کو اس کے معنی و مطلب کے ساتھ پڑھنے اور حدیث کی روایت یعنی سند و متن پڑھنے کے لئے اور علوم شرعیہ کے سیکھنے کے لئے بھی وضو کرنا مستحب ہے۔

(۱۹) اور اسی طرح اذان دینے اور نماز کے لئے اقامت کہنے اور خطبہ دینے (اگرچہ وہ خطبہ نکاح کا ہو) کے لئے وضو کرنا مستحب ہے۔ اور اقامت کہنے سے مراد وہ شخص ہے جو صرف اقامت کہہ کر الگ ہو جائے اور نماز ادا نہ کرے، کیونکہ نماز پڑھنے کے لئے وضو کرنا فرض ہے جیسا کہ ما قبل میں گزرا۔

(۲۰) اور رسول اللہ ﷺ کے روضۂ اطہر کی زیارت کرنے کے لئے وضو کرنا مستحب ہے، رسول اللہ ﷺ کی تعظیم اور مسجد نبوی میں داخل ہونے کی بنا پر۔

(۲۱) نویں ذی الحجہ کو جب حاجی عرفات کے میدان میں پہنچ کر وقوف کرتے یعنی ٹھہرتے ہیں اس درمیان باوضو رہنا مستحب ہے۔

(۲۲) صفا و مروہ، مکہ مکرمہ کے اندر دو پہاڑیاں ہیں جو اب حرم محترم سے مل گئی ہیں حاجی اور عمرہ کرنے والے کے لئے ان کی سعی یعنی سات چکر لگانا واجب ہے لہٰذا ان کی سعی کرنے کے لئے وضو کر لینا مستحب ہے۔

(۲۳) اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد کہ اس میں چکنائی ہوتی ہے، اور یہ قول علما کے اختلاف سے نکلنے کی بھی ہے کہ اونٹ کے گوشت کو کھانے کے بعد وضو ہے یا نہیں اس میں ائمہ کا اختلاف ہے کہ بعض کہتے ہیں کہ اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ نہیں ٹوٹے گا، پس اختلاف سے بچنے کے لئے وضو کرنا عند الاحناف مستحب ہے نہ کہ واجب و فرض، اور جو حدیث میں آیا کہ اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو ہے، اس سے مراد احناف کے نزدیک وضو لغوی ہے نہ کہ وضو شرعی، اور وضو لغوی ہاتھ منہ دھونا ہے۔

(۲۴) ہر اس حالت میں وضو کرنا مستحب ہے جس میں عند الاحناف وضو نہیں ٹوٹتا اور کسی دوسرے امام کے نزدیک ٹوٹ جاتا ہے مثلاً نامحرم قابل شہوت عورت کو چھونے سے عند الاحناف وضو نہیں ٹوٹتا۔ اور امام شافعی کے مذہب میں ٹوٹ جاتا ہے، پس اگر کوئی حنفی عورت کو چھولے تو اس کو وضو کر لینا مستحب ہے تاکہ اس کی عبادت بالاتفاق صحیح ہو جائے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِيۡ نَوَاقِضِ الۡوُضُوۡءِ

یہ فصل وضو کو توڑنے والی چیزوں کے بیان میں ہے

يَنۡقُضُ الۡوُضُوۡءَ اِثۡنَا عَشَرَ شَيۡئًا مَا خَرَجَ مِنَ السَّبِيۡلَيۡنِ إِلَّا رِيۡحَ الۡقُبُلِ فِيۡ الۡأَصَحِّ وَيَنۡقُضُهٗ وِلَادَةٌ مِنۡ غَيۡرِ رُؤۡيَةِ دَمٍ وَنَجَاسَةٌ سَائِلَةٌ مِنۡ غَيۡرِهِمَا كَدَمٍ وَقِيۡحٍ وَقَيۡءُ طَعَامٍ أَوۡ مَاءٍ أَوۡ عَلَقٍ أَوۡ مِرَّةٍ إِذَا مَلَأَ الۡفَمَ وَهُوَ مَا لَا يَنۡطَبِقُ عَلَيۡهِ الۡفَمُ اِلَّا بِتَكَلُّفٍ عَلَى الۡأَصَحِّ۔

ترجمہ: وضو کو بارہ (۱۲) چیزیں توڑ دیتی ہیں (۱) وہ جو دو راستوں سے نکلے مگر قبل کی ہوا، اصح قول کے مطابق (۲) اور بغیر خون نظر آئے بچے کی پیدائش وضو کو توڑ دیتی ہے (۳) اور سبیلین کے علاوہ سے بہنے والی ناپاکی جیسے خون اور پیپ اور کھانے یا پانی یا جمے ہوئے خون یا پت کی قے جبکہ منہ بھر ہو، اور منہ بھر ہونے کی حد یہ ہے کہ نہ بند رکھ سکے قے آنے پر منہ کو، مگر مشقت سے اصح قول کے مطابق۔

وَيُجۡمَعُ مُتَفَرِّقُ الۡقَيۡءِ إِذَا اتَّحَدَ سَبَبُهٗ وَدَمٌ غَلَبَ عَلَى الۡبُزَاقِ أَوۡ سَاوَاهُ وَنَوۡمٌ لَمۡ تَتَمَكَّنۡ فِيۡهِ الۡمَقۡعَدَةُ مِنَ الۡأَرۡضِ وَارۡتِفَاعُ مَقۡعَدَةِ نَائِمٍ قَبۡلَ اِنۡتِبَاهِهٖ وَإِنۡ لَمۡ يَسۡقُطۡ فِيۡ الظَّاهِرِ وَإِغۡمَاءٌ وَجُنُوۡنٌ وَسُكۡرٌ وَقَهۡقَهَةُ بَالِغٍ يَقۡظَانَ فِيۡ صَلَاةٍ ذَاتِ رُكُوۡعٍ وَسُجُوۡدٍ وَلَوۡ تَعَمَّدَ الۡخُرُوۡجَ بِهَا مِنَ الصَّلَاةِ وَمَسُّ فَرۡجٍ بِذَكَرٍ مُنۡتَصِبٍ بِلَا حَائِلٍ۔

ترجمہ: (۴) اور متفرق قے کو جمع کیا جائے گا جبکہ قے کا سبب ایک ہو (۵) اور وہ خون جو غالب ہو تھوک پر یا تھوک کے برابر ہو (۶) اور ایسی نیند کہ جس میں زمین سے سرین جمی ہوئی نہ ہو (۷) اور سونے والے کی سرین کا اٹھ جانا اس کے بیدار ہونے سے پہلے اگرچہ وہ گرا نہ ہو (ظاہر روایت کے مطابق)۔ (۸) اور بے ہوشی (۹) اور پاگل پن (۱۰) اور نشہ (۱۱) اور بالغ بیدار شخص کا کھکھلا کر ہنسنا ایسی نماز میں جو رکوع و سجود والی ہو اگرچہ اس نے اس قہقہہ کے ذریعے نماز سے نکلنے کا قصد کیا ہو (۱۲) اور بغیر کسی حائل کے منتشر آلہ کی حالت میں فرج کا چھونا۔

سوال: وضو کو توڑنے والی کتنی چیزیں ہیں؟

جواب: مصنف علیہ الرحمہ نے وضو کو توڑنے والی چیزوں کی تعداد بارہ بیان کی ہے۔

سوال: توڑی تو وہ چیز جاتی ہے جس کا جسم ہو، وضو کا تو کوئی جسم ہی نہیں ہے پھر کیسے ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: آپ نے صحیح کہا مگر اس کا جواب یہ ہے کہ جب نقض کی اضافت کسی معنوی شے (وضو، غسل وغیرہ) کی طرف ہو تو اس کے معنی مطلوب کے قائم کرنے سے نکل جانا ہے یعنی وضو سے جو مطلوب تھا (نماز قائم کرنا) اب وہ مطلوب قائم نہیں ہو سکتا۔

سوال: نواقض وضو کون کون سے ہیں؟ بالتفصیل بیان فرمادیں۔

جواب: نواقض وضو مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) پہلی شے جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے وہ یہ ہے کہ سبیلین یعنی مرد و عورت کے پیشاب یا پاخانے کے مقام سے کوئی چیز نکلے خواہ وہ عادت کے طور پر ہو جیسے پیشاب، پاخانہ، ریح وغیرہ، یا عادت کے طور پر نکلنے والی نہ ہو جیسے کیڑا، پتھر کنکر وغیرہ۔

مگر جو ریح مرد و عورت کے آگے (پیشاب) کے مقام سے نکلے اس سے صحیح مذہب کے مطابق وضو نہیں ٹوٹتا اس لئے کہ یہ حقیقت میں ریح نہیں ہے بلکہ اس عضو کا پھڑکنا ہے لیکن امام محمد نے پیچھے کے مقام کی ریح پر قیاس کرتے ہوئے کہا ہے کہ قبل کے ہوا سے بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔

سوال: قبل اور دبر کا نام سبیلین کیوں رکھا گیا؟

جواب: قبل اور دبر کا نام سبیلین اس لئے رکھا گیا ہے کہ یہ دونوں نکلنے والی شے کے لئے راستے ہیں، کیونکہ سبیل کا معنی راستہ ہوتا ہے اور سبیلین تثنیہ کا صیغہ ہے۔

(۲) صرف بچے کی پیدائش ناقض وضو ہے اگرچہ پیدائش کے بعد خون نظر نہ آیا ہو، اور اگر خون نظر آگیا تو غسل بھی ٹوٹ جائے گا، اور جب غسل ٹوٹا تو بدرجہ اولی وضو ٹوٹ جائے گا۔

(۳) سبیلین کے علاوہ جسم کے کسی اور حصے سے خون پیپ وغیرہ نجاست کے نکل کر بہنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے پس اگر بدن میں سوئی یا کانٹا چبھ جانے سے کچھ خون نکلے اور وہ اپنی جگہ سے نہ بڑھے تو وضو نہیں ٹوٹے گا کیونکہ غیر سبیلین سے نکلنے والی نجاست سے وضو ٹوٹنے کے لئے یہ شرط ہے کہ وہ نکل کر جسم کے اس حصے تک بہہ جائے جس کو وضو یا غسل میں دھونا یا مسح کرنا فرض یا مستحب ہے پس اگر کسی کے آنکھ کے زخم سے خون نکل کر آنکھ کے اندر ہی بہہ گیا تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا کہ آنکھ کے اندرونی حصے کا دھونا نہ وضو میں اور نہ غسل میں فرض و مستحب ہے ہاں اگر خون دماغ سے اتر کر ناک کی ہڈی تک آجائے تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا کیونکہ وضو میں اس حصے تک پانی پہنچانا سنت اور غسل میں فرض ہے۔

(4) اگر کسی کو کھانے یا پانی یا جمے ہوئے خون یا پت کی قے منہ بھر کر ہو جائے تو اس کا وضو ٹوٹ جائے گا، خواہ کوئی چیز کھانے یا پینے کے فوراً بعد اسی وقت اس کی قے ہوئی ہو یا دیر میں ہوئی ہو بشرطیکہ منہ بھر ہو۔ اور اگر منہ بھر سے کم ہوئی تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

سوال: منہ بھر قے کسے کہتے ہیں؟

جواب: جو قے تکلّف کے بغیر نہ روکی جاسکے اسے منہ بھر قے کہتے ہیں اور یہ پیشاب کی طرح ناپاک ہوتی ہے، اس کے چھینٹوں سے اپنے کپڑے اور بدن کو بچانا ضروری ہے۔ (نماز کے احکام صفحہ نمبر ۲۹)

سوال: اگر تھوڑی قے چند بار ہوئی تو کیا اس سے وضو ٹوٹ جائے گا؟

جواب: اگر تھوڑی قے چند بار ہوئی اور قے کا سبب ایک ہے تو امام محمد کے نزدیک متفرق قے کو اندازے سے جمع کیا جائے گا، پس اگر جمع کرنے سے منہ بھر ہونے کی مقدار کو پہنچ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا (اور یہی قول اصح ہے) اور سبب ایک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ایک بار متلی ہو کر قے آئی اور وہ متلی ابھی دور نہیں ہوئی بلکہ اسی متلی کی حالت میں دوبارہ قے آئی تو ان دونوں مرتبہ کی قے کا سبب ایک ہے اور ان دونوں قے کو اندازے سے جمع کیا جائے گا اور اگر پہلی بار کی قے کی متلی ختم ہونے کے بعد دوبارہ قے آئی تو اس کا سبب مختلف ہے۔

اور امام ابو یوسف کے یہاں مجلس کے متحد ہونے کا اعتبار ہے پس اگر تھوڑی تھوڑی قے ایک ہی مجلس میں چند بار آئی اگرچہ ان سب قے کا سبب مختلف ہو، تو اُن کو جمع کیا جائے گا اور منہ بھر ہونے کی صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا۔

سوال: سبب اور مجلس کے متحد و مختلف ہونے کے اعتبار سے کتنی اور کون کون سی صورتیں ہوں گی؟ مع حکم بیان فرمادیں۔

جواب: سبب اور مجلس کے متحد و مختلف ہونے کے اعتبار سے چار صورتیں ہوں گی:

(۱) دونوں قے کا سبب اور مجلس ایک ہو، اس صورت میں بالاتفاق قے کو جمع کیا جائے گا اور منہ بھر ہونے کی صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا۔

(۲) دونوں قے کا سبب بھی مختلف ہو اور مجلس بھی متعدد ہو تو اس صورت میں بالاتفاق جمع نہیں کیا جائے گا۔

(۳) دونوں قے کا سبب ایک ہو اور مجلس متعدد ہوں تو اس صورت میں امام محمد کے نزدیک قے کو جمع کیا جائے گا اور امام ابو یوسف کے نزدیک جمع نہیں کیا جائے گا۔

(۴) دونوں قے کا سبب مختلف ہو اور مجلس متحد ہو تو اس صورت میں امام ابو یوسف کے نزدیک جمع کیا جائے گا جبکہ امام محمد کے نزدیک جمع نہیں کیا جائے گا۔

(۵) اگر منہ یا دانتوں سے تھوک کے ساتھ خون مل کر آیا تو اگر خون غالب ہے یا برابر ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا اور اگر خون مغلوب (کم) ہے اور تھوک غالب (زیادہ) تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

سوال: خون کا تھوک پر غالب و مغلوب یا برابر ہونے کی کیا علامت ہے؟

جواب: خون کے تھوک پر غالب ہونے کی علامت یہ ہے کہ تھوک کا رنگ گہرا سرخ ہو گا اور برابر ہونے کی علامت یہ ہے کہ کم سرخ یعنی نارنجی رنگ کا ہو گا اور مغلوب ہونے کی علامت یہ ہے کہ تھوک کا رنگ پیلا ہو گا۔

وضو کے ٹوٹنے میں تھوک کے رنگ کا اعتبار ہے اور روزے کے ٹوٹنے میں مزہ کا اعتبار ہے، اگر حلق میں نمکین سا محسوس ہوا تو روزہ ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں۔

(٦) پہلو کے بل یا سرین پر سہارا لے کر یا چت سویا تو ان صورتوں میں سرین زمین سے جمی ہوئی نہیں ہوتی اس لئے اس کا وضو ٹوٹ جائے گا۔

امیر اہلسنت نے نماز کے احکام میں سونے سے وضو ٹوٹنے اور نہ ٹوٹنے کے بیس انداز بیان فرمائے ہیں لہذا وہاں سے مطالعہ کر لیا جائے۔ (نماز کے احکام ص ٣۴-٣٦)

سوال: نیند سے وضو ٹوٹنے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: نیند سے وضو کے ٹوٹنے کی دو شرطیں ہیں:

(١) دونوں سرین اچھی طرح جمے ہوئے نہ ہوں۔

(٢) ایسی حالت پر سویا جو غافل ہو کر سونے میں رکاوٹ نہ ہو۔

جب یہ دونوں شرطیں جمع ہوں تو ایسی نیند وضو کو توڑ دیتی ہے، اور اگر ایک شرط پائی جائے اور دوسری شرط نہ پائی جائے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (نماز کے احکام ص ٣۴)

(٧) اگر کوئی شخص بیٹھے بیٹھے سو گیا اور سونے کی حالت میں آگے کو جھک گیا جس کی وجہ سے اس کی سرین زمین سے اٹھ گئی، پس اگر اس کے بیدار ہونے سے پہلے اس کی سرین زمین سے اٹھ گئی تو ظاہر روایت کے مطابق اس کا وضو ٹوٹ جائے گا۔ اور اگر سرین کے اٹھنے سے پہلے بیدار ہو گیا تو وضو نہ ٹوٹے گا۔

(٨) بے ہوشی: اغماء ایک بیماری ہے جس میں قوت زائل ہو جاتی ہے اور عقل مستور ہو جاتی ہے اس سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

(٩) پاگل پن: جنون ایسا مرض ہے جس میں عقل زائل ہو جاتی ہے اور قوت زیادہ ہو جاتی ہے، اس سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

(١٠) نشہ: سکر اس سرور کا نام ہے جو کسی نشہ لانے والی چیز کے استعمال کرنے سے عقل پر غالب ہو جائے، اس کی وجہ سے انسان عقل کے موافق کام نہیں کر سکتا، لیکن اس کی عقل زائل نہیں ہوتی اس لئے وہ شریعت کے خطاب کے قابل رہتا ہے، اسی لئے شرابی کی طلاق سے طلاق واقع ہو جاتی ہے، پس یہ نشہ بھی وضو کو توڑ دیتا ہے۔

سوال: نشے کی وہ حد کتنی ہے جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نشے کی وہ حد جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے بعض مشائخ کے نزدیک یہ ہے کہ وہ مرد و عورت میں تمیز نہ کر سکے اور صحیح قول یہ ہے کہ اس کی چال میں لغزش ہو یعنی وہ لڑکھڑاتا اور جھومتا ہوا چلے۔

(۱۱) رکوع و سجود والی نماز میں بالغ نے قہقہہ لگا دیا یعنی اتنی آواز سے ہنسا کہ آس پاس والوں نے سنا تو وضو بھی گیا اور نماز بھی گئی، اور اگر اتنی آواز سے ہنسا کہ صرف خود سنا تو نماز گئی اور وضو باقی ہے، مسکرانے سے نہ نماز جائے گی اور نہ وضو، اور مسکرانے میں آواز بالکل نہیں ہوتی صرف دانت ظاہر ہوتے ہیں اور اگر بالغ شخص نے نماز جنازہ یا سجدۂ تلاوت میں قہقہہ لگایا تو نماز ٹوٹ گئی مگر وضو باقی ہے۔ (نماز کے احکام ص ۲۹) اور یہ فعل اگرچہ نماز سے نکلنے کے لئے کیا ہو تب بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔

(۱۲) مرد کا ذکر استادگی کی حالت میں عورت کی فرج کو کسی حائل کے بغیر مس کرے تو اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اسی کا نام مباشرت فاحشہ ہے۔

یہاں پر فرج کی قید اتفاقی ہے اسی لئے اگر ذکر سے عورت کی دبر کو چھوا یا دو مردوں نے یا دو عورتوں نے شہوت کے ساتھ اپنی شرمگاہ کو ملایا تب بھی ان کا وضو ٹوٹ جائے، اور یہاں پر بلا حائل کی قید لگائی، پس اگر کوئی چیز حائل ہو تو اس کی دو صورتیں ہیں (۱) حائل ہونے والی چیز موٹا کپڑا ہو جو جسم کی حرارت کو مانع ہو تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر حائل ہونے والی چیز باریک ہو جو جسم کی حرارت کو مانع نہ ہو تو اس سے وضو ٹوٹ جائے۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوٰۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

ان احادیث کا مجموعہ جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنی سنت اور اپنی امت کا تذکرۂ دلنواز فرمایا

میری سنّت

میری امّت

اس کتاب میں ہے

☆...میری سنت کو زندہ کرنے کا مطلب ☆...میری سنت میں سے یہ چیزیں ہیں ☆...میری سنت سے جس نے محبت کی ☆ ...میری سنت میں جس کا سکون ہو ☆...میری امت کا سلام ☆...میری امت میں ایسا شخص پیدا فرمایا

☆...میری امت کے لئے امان ہیں ☆...میری امت کی گوشہ نشینی ☆...پچھلی امتوں کی بیماریاں

مصنف: مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

فَصْلٌ فِيْمَا لَا يُنْقِضُ الْوُضُوْءَ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جو وضو کو نہیں توڑتی ہیں

عَشْرَةُ أَشْيَاءَ لَا تَنْقُضُ الْوُضُوْءَ ظُهُوْرُ دَمٍ لَمْ يَسِلْ عَنْ مَحَلِّهٖ وَسُقُوْطُ لَحْمٍ مِنْ غَيْرِ سَيَلَانِ دَمٍ كَالْعِرْقِ الْمَدَنِيْ الَّذِيْ يُقَالُ لَهٗ رِشْتَهْ وَخُرُوْجُ دُوْدَةٍ مِنْ جُرْحٍ وَأُذُنٍ وَأَنْفٍ وَمَسُّ ذَكَرٍ وَمَسُّ اِمْرَأَةٍ وَقَيْءٌ لَا يَمْلَؤُ الْفَمَ وَقَيْءُ بَلْغَمٍ وَلَوْ كَثِيْرًا۔

ترجمہ: دس چیزیں وضو کو نہیں توڑتی ہیں خون کا ظاہر ہونا جو اپنی جگہ سے باہر نہ ہو، اور گوشت کا گرنا خون کے بہے بغیر جیسے عرق مدنی جس کو فارسی میں رشتہ کہا جاتا ہے، اور کیڑے کا نکلنا زخم یا کان یا ناک سے، اور ذکر کا چھونا، اور عورت کا چھونا، اور قے جو منہ کو نہ بھرے، اور بلغم کی قے اگرچہ زیادہ ہو۔

وَتَمَايُلُ نَائِمٍ اِحْتَمَلَ زَوَالُ مَقْعَدَتِهٖ وَنَوْمُ مُتَمَكِّنٍ وَلَوْ مُسْتَنِدًا اِلٰى شَيْءٍ لَوْ أُزِيْلَ سَقَطَ عَلَى الظَّاهِرِ فِيْهِمَا وَنَوْمُ مُصَلٍّ وَلَوْ رَاكِعًا أَوْ سَاجِدًا عَلٰى جِهَةِ السُّنَّةِ وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ۔

ترجمہ: اور سونے والے کا جھک جانا (اس طرح کہ) اس کی مقعد کے اٹھ جانے کا احتمال ہو، اور زمین سے جمے ہوئے شخص کا سونا اگرچہ وہ ٹیک لگائے ہوئے ہو ایسی چیز سے کہ اگر اس کو ہٹایا جائے تو وہ گر جائے ظاہر مذہب کے مطابق، ان دونوں صورتوں میں اور نماز پڑھنے والے کا سو جانا اگرچہ وہ رکوع یا سجدے کی حالت میں ہو مسنون طریقے پر، اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے؟ بالتفصیل بیان فرما دیں۔

جواب: دس چیزیں ایسی ہیں جن سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ اور وہ یہ ہیں:

(۱) جسم کے کسی بھی حصے سے اس قدر خون کا ظاہر ہونا جو بہنے کی حد تک نہ ہو، اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ اس لئے کہ خون جمے ہونے کی حالت میں نجس نہیں ہے۔

(۲) خون کے بہے بغیر گوشت کا گرنا، یہ بھی ناقص وضو نہیں ہے۔ اور گوشت کا گرنا ایک بیماری کی وجہ سے ہوتا ہے جس کو عربی میں عرق مدنی اور فارسی میں رشتہ کہتے ہیں۔

سوال: عرق مدنی کون سی بیماری ہے؟

جواب: عرق مدنی ایک بیماری ہے جو چمڑی کے اوپر پھنسی کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے اور یہ پھنسی رگ سے پھوٹتی ہے اور اس میں کیڑے کی مانند کوئی شے نکلتی رہتی ہے اور اس کی نسبت مدینۂ منورہ کی طرف اس لئے کر دی گئی ہے کہ یہ بیماری وہاں زیادہ پائی جاتی ہے۔ لہذا اس طرح زخم وغیرہ سے خون کے بہے بغیر گوشت کے گرنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

(۳) زخم یا کان یا ناک سے کیڑے کا نکلنا بھی ناقص وضو نہیں ہے، کیونکہ وہ نجس نہیں ہوتا اور اگر اس کیڑے پر کوئی رطوبت لگی بھی ہو تب بھی وہ رطوبت قلیل مقدار میں ہوتی ہے، برخلاف اس کیڑے کے جو پاخانے کے مقام سے نکلے کہ اس میں وضو ٹوٹ جائے گا کہ اس کا خروج نجاست سے ہوا ہے۔

(۴) مرد کے پیشاب کے مقام کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، یہاں ذکر کی قید اتفاقی ہے احترازی (یعنی کسی کو خارج کرنے کے لئے) نہیں ہے، پس دبر کو اور فرج کو چھونے سے بھی وضو نہیں ٹوٹے گا، اور ذکر کا چھونا مطلق ہے خواہ اپنا چھوئے یا کسی دوسرے کا، شہوت سے چھوئے یا بغیر شہوت کے، باطن کف سے چھوئے یا کسی اور چیز سے بہر حال وضو نہیں ٹوٹے گا۔

(۵) اسی طرح عورت کو چھونے سے بھی وضو نہیں ٹوٹتا خواہ محرم ہو یا غیر محرم اور حدیث میں جہاں عورت کو چھونے سے وضو کے ٹوٹنے کا حکم دیا گیا ہے وہاں چھونے سے مراد جماع ہے جیسے کہ قرآن میں مذکور ہوا:

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْھُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْھُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَھُنَّ فَرِیْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ یَّعْفُوْنَ اَوْ یَعْفُوَا الَّذِیْ بِیَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَیْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ (۲۳۷)

ترجمۂ کنز الایمان: اور اگر تم نے عورتوں کو بے چھوئے طلاق دے دی اور ان کے لئے کچھ مہر مقرر کر چکے تھے تو جتنا ٹھہرا تھا اس کا آدھا واجب ہے مگر یہ کہ عورتیں کچھ چھوڑ دیں یا وہ زیادہ دے جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے، اور اے مردو تمہارا زیادہ دینا پرہیز گاری سے نزدیک تر ہے اور آپس میں ایک دوسرے پر احسان کو بھلا نہ دو بے شک اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔ (پ ۲ سورۂ بقرہ ۲۳۷)

پس اس آیت میں چھونے سے مراد جماع ہے۔

(۶) وہ قے جو منہ بھر نہ ہو، ناقص وضو نہیں کیونکہ وہ معدہ کے اوپری حصے سے آتی ہے جس میں کوئی نجاست نہیں۔

(۷) بلغم کی قے اگرچہ منہ بھر ہو وہ بھی ناقص وضو نہیں کہ وہ عدم تخلل نجاست کی بنا پر پاک ہے، اور اس میں چکنائی کی وجہ سے نجاست کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

(۸) کوئی شخص بیٹھے بیٹھے سو گیا اور اس حالت میں وہ بار بار جھک جاتا ہے جس کی بنا پر اس کی مقعد کے زمین سے اٹھ جانے کا احتمال ہے مگر یقینی طور پر مقعد زمین سے جدا نہ ہوئی ہو تو اس سے اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا ظاہر مذہب کے مطابق۔

(۹) کسی دیوار یا ستون سے ٹیک لگا کر اس طرح سو جائے کہ اس کی دونوں سرین زمین سے جدا نہ ہوں بلکہ زمین سے جمی ہوئی ہوں تو اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا اگرچہ اس سہارے کو ہٹا لیا جائے تو وہ گر پڑے، ظاہر مذہب کے مطابق وضو نہیں ٹوٹتا۔

(۱۰) نماز کی حالت میں سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا یہاں تک کہ رکوع یا سجدے کی حالت میں سو جائے، سجدے میں سو جانے کے لئے شرط یہ ہے کہ سجدہ مسنون طریقے پر کر رہا ہو اور وہ یہ کہ اس کا پیٹ رانوں سے، بازو پسلیوں سے جدا ہوں، پس اگر مسنون طریقے کے خلاف سجدہ کر رہا ہو اور اسی حالت میں سو جائے تو اس کا وضو ٹوٹ جائے گا۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

اسلامی احکام کی حکمتیں (حصہ پنجم)

موضوع

نماز باجماعت پڑھنے کی حکمتیں

آپ اس باب میں ملاحظہ فرمائیں گے:

☆...جماعت کے متعلق تین اہم مسئلے ☆...ترکِ جماعت کے اعذار ☆... نمازِ باجماعت کی پانچ حکمتیں

مصنف

مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

ناشر

مکتبۃ السنۃ آگرہ

فَصۡلٌ فِيۡ مَا يُوۡجِبُ الۡاِغۡتِسَالَ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں جو غسل کو واجب کرتی ہیں

يَفۡتَرِضُ الۡغُسۡلُ بِوَاحِدٍ مِنۡ سَبۡعَةِ أَشۡيَاءَ خُرُوۡجُ الۡمَنِيِّ إِلىٰ ظَاهِرِ الۡجَسَدِ إِذَا انۡفَصَلَ عَنۡ مَقَرِّهٖ بِشَهۡوَةٍ مِنۡ غَيۡرِ جِمَاعٍ وَتَوَارِيۡ حَشَفَةٍ وَقَدۡرِهَا مِنۡ مَقۡطُوۡعِهَا فِيۡ أَحَدِ سَبِيۡلَيۡ آدَمِيٍّ حَيٍّ وَإِنۡزَالُ الۡمَنِيِّ بِوَطۡءِ مَيۡتَةٍ أَوۡ بَهِيۡمَةٍ۔

ترجمہ: سات چیزوں میں سے کسی ایک (کے پائے جانے) سے غسل فرض ہو جاتا ہے، منی کا نکلنا بدن کے ظاہری حصے کی طرف جبکہ شہوت کے ساتھ بغیر جماع کے اپنی جگہ سے جدا ہوئی ہو، اور حشفہ کا چھپ جانا، (اور حشفہ کی مقدار اس کا کٹا ہوا حصہ ہے) زندہ آدمی کے سبیلین میں سے کسی ایک میں، اور مردہ یا چوپائے کے ساتھ وطی کرنے سے منی کا نکلنا۔

وَوُجُوۡدُ مَاءٍ رَقِيۡقٍ بَعۡدَ النَّوۡمِ إِذَا لَمۡ يَكُنۡ ذَكَرُهٗ مُنۡتَشِرًا قَبۡلَ النَّوۡمِ وَوُجُوۡدُ بَلَلٍ ظَنَّهٗ مَنِيًّا بَعۡدَ إِفَاقَتِهٖ مِنۡ سُكۡرٍ وَإِغۡمَاءٍ وَبِحَيۡضٍ وَنِفَاسٍ وَلَوۡ حَصَلَتِ الۡأَشۡيَاءُ الۡمَذۡكُوۡرَةُ قَبۡلَ الۡإِسۡلَامِ فِي الۡأَصَحِّ وَيُفۡتَرَضُ تَغۡسِيۡلُ الۡمَيِّتِ كِفَايَةً ۔

ترجمہ: اور سونے کے بعد پتلے پانی کا پایا جانا جبکہ اس کا ذکر سونے سے پہلے منتشر نہ ہو، اور ایسی تری کا پایا جانا جس کو منی گمان کرے نشے اور بے ہوشی سے افاقہ کے بعد، اور حیض و نفاس سے اگرچہ مذکورہ چیزیں اسلام سے پہلے حاصل ہوئی ہوں اصح قول کے مطابق۔ اور میت کو غسل دینا فرضِ کفایہ قرار دیا گیا ہے۔

سوال: غسل کی لغوی و اصطلاحی تحقیق بیان فرمادیں۔

جواب: غسل لغت کے اعتبار سے غین کے ضمہ کے ساتھ اغتسال کا اسم ہے اور اس کا معنی پورے جسم کا دھونا ہے اور یہ لفظ لغت میں اس پانی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جس سے غسل کیا جائے، غسل لغت میں غین کے فتحہ اور ضمہ دونوں سے صحیح ہے لیکن غین کے فتحہ کے ساتھ زیادہ مشہور ہے، جبکہ فقہاء اور ان کی اکثریت میں غسل غین کے ضمہ کے ساتھ مستعمل ہے، اور اصطلاح میں غسل سے مراد پورے بدن کو دھونا ہے۔

سوال: کتنی چیزوں سے غسل فرض ہو جاتا ہے؟

جواب: مصنف کے بیان کے مطابق سات چیزوں میں سے کسی ایک کے پائے جانے سے غسل فرض ہو جائے گا۔

سوال: وہ سات چیزیں کون کون سی ہیں؟ بالتفصیل بیان فرمائیں۔

جواب: (۱) سب سے پہلی چیز جس سے غسل فرض ہو جاتا ہے وہ دخول کے بغیر شہوت کے ساتھ منی کا بدن کے ظاہری حصے کی طرف نکلنا ہے، یعنی منی کے نکلنے سے غسل دو شرطوں کے ساتھ لازم ہوتا ہے۔

(۱) ایک یہ کہ منی شہوت کے ساتھ اپنی جگہ (پیٹھ) سے جدا ہوئی ہو، پس اگر منی اپنی جگہ سے شہوت کے بغیر جدا ہوئی اور شہوت کے بغیر ہی باہر نکلی مثلاً کوئی بھاری بوجھ اٹھایا یا بلندی سے گرا اور منی نکلی تو احناف کے نزدیک اس پر غسل واجب نہیں ہو گا۔

(۲) اور دوسری یہ کہ منی عضو مخصوص سے باہر یا جو باہر کے حکم میں ہے وہاں تک نکل جائے جیسے عورت کی فرج خارج میں آجائے، پس جب تک منی عضو مخصوص کے اندر ہے احناف کے نزدیک اس پر غسل واجب نہیں۔

سوال: متن میں "من غیر جماع" کی قید کیوں لگائی گئی؟

جواب: ''من غیر جماع'' کی قید اس لئے لگائی تاکہ غسل کی فرضیت خروج منی کی طرف منسوب ہو، کیونکہ جماع سے جو غسل فرض ہوتا ہے وہ خروج منی سے نہیں بلکہ حشفہ کے چھپ جانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ پس ''من غیر جماع'' کا مطلب یہ ہے کہ منی کا نکلنا خواہ چھونے سے ہو یا دیکھنے سے یا احتلام سے یا ہاتھ کے رگڑ سے یا کسی کے خیال و تصور سے، ان سب صورتوں میں غسل فرض ہو جائے گا۔

سوال: منی، مذی اور ودی کی پہنچان مع حکم بیان کریں۔

جواب: منی: منی موجبِ غسل ہے، مرد کی منی غلیظ اور سفید رنگ کی ہوتی ہے، یہ بہت لذت سے شہوت کے ساتھ کود کر نکلتی ہے اور لمبائی میں پھیلتی ہے، اس کے نکلنے کے بعد عضو مخصوص سست ہو جاتا ہے، اور عورت کی منی پتلی اور زرد رنگ کی گولائی والی ہوتی ہے۔

مذی: یہ موجبِ وضو ہے، مذی پتلی سفیدی مائل ہوتی ہے جو شہوت کے ساتھ بوس و کنار کرنے یا شہوانی خیالات و تصورات کے آنے سے بغیر کودے اور بغیر لذت کے نکلتی ہے، اس کے نکلنے سے جوش کم نہیں ہوتا بلکہ زیادہ ہو جاتا ہے۔

ودی: یہ موجبِ وضو ہے، ودی منی کی مانند گاڑھی رطوبت والی ہوتی ہے، یہ پیشاب کے بعد بغیر شہوت نکلتی ہے۔

(۲) دوسری چیز جو غسل کو واجب و لازم کر دیتی ہے وہ دخول ہے، یعنی اگر ذکر صحیح سالم ہو اور حشفہ یعنی ذکر کا منہ (سپاری) زندہ آدمی کے (خواہ مرد ہو یا عورت) قبل یا دبر میں چھپ جائے تو فاعل و مفعول دونوں پر غسل فرض ہو جائے گا۔ خواہ انزال ہو یا نہ ہو۔ اور اگر کسی شخص کا حشفہ کٹا ہوا ہو تو ایسے شخص کا بقیہ آلہ میں سے حشفہ کے بقدر داخل کرنے سے غسل فرض ہو جائے گا۔

سوال: یہاں پر متن میں "تواری حشفہ" فرمایا تو کیا قبل و دبر میں کوئی اور چیز داخل کرنے سے غسل فرض نہیں ہوگا؟

جواب: جی ہاں! قبل و دبر میں انگلی یا کوئی لکڑی وغیرہ ذکر کی مانند بنا کر داخل کرنے سے غسل فرض نہیں ہوتا جب تک کہ انزال نہ ہو۔ پس انزال ہونے کی صورت میں فرض ہو گا۔

سوال: **متن میں زندہ اور آدمی کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟**

جواب: متن میں آدمی کی قید لگائی گئی ہے لہذا اگر کسی نے چوپائے سے جماع کیا تو غسل فرض نہیں ہو گا جب تک کہ انزال نہ ہو، پس انزال ہونے کی صورت میں فرض ہو گا۔

اور یوں ہی زندہ کی قید لگائی گئی ہے لہذا اگر کسی نے مردے سے جماع کیا تو غسل فرض نہیں ہو گا، جب تک کہ انزال نہ ہو، پس انزال ہونے کی صورت میں فرض ہو گا۔ جیسے کہ آگے آرہا ہے۔

(۳) تیسری چیز جس سے غسل فرض ہو جاتا ہے وہ یہ ہے کہ کسی نے مردہ یا چوپائے کے ساتھ جماع کیا اور انزال ہو گیا تو اس پر غسل فرض ہو گا، ہاں بغیر انزال کے محض وطی سے غسل فرض نہیں ہو گا جیسے کہ ماقبل میں بیان ہوا۔

(۴) چوتھی چیز جس سے غسل فرض ہو جاتا ہے وہ یہ ہے، کہ اگر کوئی مرد یا عورت سو کر اٹھے اور اپنی ران یا کپڑے یا بچھونے پر تری دیکھے اور احتلام ہونا یاد نہ ہو تو بھی غسل واجب ہے۔ اگرچہ سونے سے پہلے اس کا ذکر منتشر نہ ہو۔ یہ طرفین کا مسلک ہے۔ بخلاف امام ابو یوسف کے کہ وہ اس کو مذی پر محمول کرتے ہوئے فرضِ غسل کا حکم نہیں دیتے۔

(۵) پانچویں چیز جس سے غسل فرض ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص پر بے ہوشی طاری ہوئی ہو یا نشہ سے بدمست ہو گیا ہو پھر جب اس کو افاقہ ہوا تو اس نے اپنے جسم یا کپڑے پر تری پائی اور اس کو یقین ہو گیا کہ یہ منی ہے تو بالاتفاق اس پر احتیاطاً غسل فرض ہو گا۔

(۶) چھٹی چیز حیض اور **(۷)** ساتویں چیز نفاس ہے کہ یہ دونوں غسل کو فرض کر دیتی ہیں یعنی نفس حیض و نفاس موجبِ غسل نہیں بلکہ حیض و نفاس کا بند ہونا موجبِ غسل ہے۔

سوال: **"لو حصلت الاشیاء المذکورۃ قبل الاسلام فی الاصح" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟**

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جو چیزیں موجباتِ غسل میں بیان ہوئی ہیں ان میں سے کوئی چیز اگر اسلام لانے سے پہلے وجود میں آئی ہوں تب بھی غسل فرض ہے جیسے ایک کافر جنبی ہوا اور اس نے غسل نہیں کیا یا غسل کیا مگر شریعت اسلامیہ کے مطابق نہیں کیا پھر وہ اسلام لے آیا تو اصح قول کے مطابق اس پر غسل واجب ہے۔ اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس پر غسل واجب نہیں ہے۔

سوال: **میت کو غسل دینا کیا ہے؟**

جواب: مسلمان میت کو غسل دینا مسلمانوں پر فرض کفایہ ہے اگر بعض لوگوں نے اس کو غسل دے دیا تو باقی لوگوں کے ذمہ سے ساقط ہو جائے گا، اور اگر کسی نے بھی غسل نہیں دیا تو سب گنہگار ہوں گے۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

فَصْلٌ فِيْ مَا لَا يَجِبُ الْاِغْتِسَالُ مِنْهُ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جن سے غسل واجب نہیں ہوتا

عَشْرَةُ أَشْيَاءَ لَا يُغْتَسَلُ مِنْهَا مَذِيٌّ وَوَدِيٌّ وَاحْتِلَامٌ بِلَا بَلَلٍ وَوِلَادَةٌ مِنْ غَيْرِ رُؤْيَةِ دَمٍ بَعْدَهَا فِي الصَّحِيْحِ وَإِيْلَاجٌ بِخِرْقَةٍ مَانِعَةٍ مِنْ وُجُوْدِ اللَّذَّةِ وَحُقْنَةٌ وَإِدْخَالُ إِصْبَعٍ وَنَحْوِهٖ فِيْ أَحَدِ السَّبِيْلَيْنِ وَوَطْءُ بَهِيْمَةٍ أَوْ مَيْتَةٍ مِنْ غَيْرِ إِنْزَالٍ وَإِصَابَةُ بِكْرٍ لَمْ تَزُلْ بَكَارَتُهَا مِنْ غَيْرِ إِنْزَالٍ۔

ترجمہ: دس چیزیں ایسی ہیں جن سے غسل واجب نہیں ہوتا، (۱) مذی اور (۲) ودی اور (۳) احتلام بغیر تری کے اور (۴) پیدائش جس کے بعد خون نہ دکھائی دے صحیح قول کے مطابق، اور (۵) داخل کرنا ایسے کپڑے کے ساتھ جو لذت کے حصول سے مانع ہو، اور (۶) حقنہ کرانے سے، اور (۷) انگلی اور اس جیسی کسی چیز کا داخل کرنا سبیلین میں سے کسی ایک میں، اور (۸) جانور یا (۹) مردے سے وطی کرنا بغیر انزال کے، اور کسی باکرہ عورت سے ایسا جماع جو اس کی بکارت زائل نہ کر سکے بغیر انزال کے۔

سوال: کتنی چیزیں ایسی ہیں جن سے غسل فرض نہیں ہوتا؟

جواب: مصنف نے ایسی چیزیں جن سے غسل فرض نہیں ہوتا دس بیان فرمائی ہیں۔

سوال: وہ کون کون سی چیزیں ہیں؟ بتفصیل بیان کریں۔

جواب: (۱) پہلی چیز مذی اور (۲) دوسری چیز ودی ہے جن کے نکلنے سے غسل فرض نہیں ہوتا ہے (۳) اور تیسری چیز احتلام ہے یعنی اگر کسی شخص کو احتلام ہوا لیکن کوئی چیز نہیں نکلی یعنی اس کو احتلام ہونا تو یاد ہے لیکن تری ظاہر نہیں ہوئی تو اس پر غسل فرض نہیں ہے اور یہ حکم مرد و عورت دونوں کے لئے ہے۔ (۴) اگر کسی عورت کو بچہ پیدا ہوا اور خون ظاہر نہ ہوا تو صحیح قول کے مطابق اس پر غسل فرض نہ ہوگا ہاں وضو فرض ہو جائے گا جیسے کہ ماقبل میں گزرا، اور یہ قول صاحبین کا ہے اور ان کی دلیل نفاس کا نہ پایا جانا ہے جبکہ امام اعظم کے نزدیک اس عورت پر احتیاطاً غسل واجب ہے کیونکہ عام طور پر پیدائش کے وقت کچھ نہ کچھ خون ظاہر ہو ہی جاتا ہے۔

(۵) اگر کسی مرد نے اپنے عضو مخصوص پر کپڑا لپیٹ کر صحبت کی تو اگر کپڑا اتنا موٹا ہو کہ فرج کی حرارت و لذت محسوس نہ ہو تو جب تک انزال نہ ہو اس پر غسل فرض نہ ہوگا، اور اگر کپڑا اتنا پتلا ہو کہ فرج کی حرارت و لذت محسوس ہو تو خواہ انزال ہو یا نہ ہو دونوں صورتوں میں اس پر غسل فرض ہوگا مگر موٹے کپڑے کی صورت میں بھی غسل کرے کہ احتیاط اسی میں ہے۔

(۶) یا پاخانے کے راستہ سے پچکاری وغیرہ کے ذریعے دوا پہنچانا یا فضلات کا خارج کرنا حقنہ کہلاتا ہے اس سے بھی غسل فرض نہیں ہوتا۔

(۷) انگلی یا اس کے مثل کوئی چیز مثلاً مصنوعی ذکر وغیرہ کسی کے قبل یا دبر میں داخل کرنے سے غسل فرض نہیں ہوتا۔

(۸) جانور کے ساتھ وطی کرنے سے غسل فرض نہیں ہوتا جب تک کہ انزال نہ ہو پس اگر انزال ہوا تو غسل فرض ہو جائے گا ورنہ نہیں۔

(۹) مردے کے ساتھ وطی کرنے سے غسل فرض نہیں ہوتا جب تک کہ انزال نہ ہو اور اگر انزال ہوا تو غسل فرض ہو گا ورنہ نہیں۔

(۱۰) اگر کسی کنواری لڑکی سے جماع کیا مگر اس کا پردہ بکارت زائل نہیں ہوا اور مرد کو انزال بھی نہیں ہوا تو کسی پر غسل فرض نہیں ہو گا کیونکہ اس صورت میں حشفہ کا پوری طرح اندر داخل ہونا نہیں پایا گیا، کہ پردہ بکارت ختنین کے ملنے سے مانع ہوتا ہے۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ وعلی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ
عرفان الاثار
شرح
معانی الاثار
اس کتاب میں ہے
☆...شارح کا تعارف ☆...مصنف کا تعارف ☆...عبارت مع اعراب ☆...سلیس اردو ترجمہ ☆...موقف مع دلیل
مصنف: محمد جلیل امام ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)
شارح: مولانا محمد شفیق خان عطاری المدنی فتحپوری

فَصْلٌ فِيْ بَيَانِ فَرَائِضِ الْغُسْلِ

یہ فصل غسل کے فرائض کے بیان میں ہے

يُفْتَرَضُ فِيْ الْاِغْتِسَالِ أَحَدَ عَشَرَ شَيْئًا غَسْلُ الْفَمِ وَالْأَنْفِ وَالْبَدَنِ مَرَّةً وَدَاخِلِ قُلْفَةٍ لَا عُسْرَ فِيْ فَسْخِهَا وَسُرَّةٍ وَثُقْبٍ غَيْرِ مُنْضَمٍّ وَدَاخِلِ الْمَضْفُوْرِ مِنْ شَعْرِ الرَّجُلِ مُطْلَقًا لَا الْمَضْفُوْرُ مِنْ شَعْرِ الْمَرْأَةِ إِنْ سَرَى الْمَاءُ فِيْ أُصُوْلِهِ وَبَشَرَةِ اللِّحْيَةِ وَبَشَرَةِ الشَّارِبِ وَالْحَاجِبِ وَالْفَرْجِ الْخَارِجِ ۔

ترجمہ : غسل میں گیارہ چیزیں فرض ہیں، (۱) منہ اور (۲) ناک اور (۳) بدن کا ایک مرتبہ دھونا اور (۴) اس قلفے کے اندر کے حصے کا دھونا جس کے کھولنے میں دشواری نہ ہو، اور (۵) ناف کا اور ایسے (۶) سوراخ کا جو ملا نہ ہو، اور (۷) مرد کا اپنے گندھے ہوئے بالوں کے اندر کے حصے کا دھونا بلا کسی قید کے، نہ کہ عورت کے گندھے ہوئے بالوں کا، اگر پانی بالوں کی جڑوں میں پہنچ جائے، اور (۸) داڑھی کے نیچے کی جلد کا، اور (۹) مونچھ اور (۱۰) بھوؤں کے نیچے کی جلد کا اور (۱۱) فرج خارج کا دھونا۔

سوال: غسل میں کتنے فرض ہیں؟

جواب: مصنف نے غسل کے گیارہ فرائض بیان کئے ہیں۔

سوال: غسل کے تو تین فرض ہوتے ہیں گیارہ کیسے ہوگئے؟

جواب: حقیقت میں غسل کے تین ہی فرض ہیں مگر مصنف نے ایک فرض کی وضاحت کرتے ہوئے اور احتیاطی مقام کو شمار کرتے ہوئے ۱۱ بیان فرمائے ہیں۔

سوال: جس غسل کے فرائض بیان ہو رہے ہیں ان سے کون سا غسل مراد ہے؟

جواب: یہاں پر غسل سے مراد فرض غسل ہے یعنی جو جنابت، حیض ونفاس وغیرہ کے سبب فرض ہوا کیونکہ غسل مسنون میں یہ چیزیں فرض نہیں ہیں بلکہ سنت ہیں۔

سوال: غسل کے فرائض بالتفصیل بیان فرما دیں۔

جواب: (۱) منہ (۲) ناک (۳) بدن کا ایک بار دھونا: منہ اور ناک کے دھونے سے مراد ان کو اندر سے دھونا ہے یعنی کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا اور کلی کی حد یہ ہے کہ پورے منہ کے اندر پانی پہنچ جائے اور ناک میں پانی ڈالنے کی حد یہ ہے کہ ناک کے نرم حصے تک پانی پہنچ جائے۔ اور پورے بدن کا ایک مرتبہ دھونا فرض ہے کہ کوئی جگہ سوکھی نہ رہ جائے ورنہ فرض ادا نہ ہوگا۔

(۴)قلفے کے اندرونی حصے کا دھونا: قلفہ اس کھال کو کہا جاتا ہے جو ختنہ میں کاٹی جاتی ہے اگر کسی کی ختنہ نہ ہوئی ہو اور وہ غسل جنابت کرے تو اگر حشفہ کے اوپر والی کھال کو کسی مشقت کے بغیر الٹ کر حشفہ کو کھولنا اور اس میں پانی پہنچانا ممکن ہو تو وہاں پانی پہنچانا فرض ہے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو یعنی اس کھال کا سوراخ تنگ ہو تو حرج کی وجہ سے اس کے اندر پانی پہنچانا فرض نہیں۔ (۵)ناف کے سوراخ میں پانی پہنچانا فرض ہے۔

(۶)اسی طرح بدن کے ہر اس سوراخ میں جو مل نہ گیا ہو مثلاً کان میں بالی پہنی ہے یا ناک میں نتھ ہو تو غسل میں ان سوراخ کے اندر پانی پہنچانا فرض ہے، اور اگر کان کی بالی وغیرہ نکالنے کے بعد وہ سوراخ مل گیا تو اس میں پانی پہنچانا فرض نہیں ہے۔

(۷)اگر مرد کے سر کے بال گندھے ہوئے ہوں یعنی چوٹی بُنی ہوئی ہو اور غسل کرتے وقت بغیر چوٹی کو کھولے پانی ان بالوں کی جڑوں میں پہنچ جائے تب بھی اس کے لئے اپنی چوٹی کو کھولنا اور تمام بالوں کے درمیان اور ان کی جڑوں میں پانی پہنچانا فرض ہے، ہاں اگر عورت کے سر کے بال گندھے ہوئے ہوں اور غسل کرتے وقت بغیر چوٹی کو کھولے ہوئے بالوں کے جڑوں میں پانی پہنچ جائے تو اس کے لئے اپنی چوٹی کو کھولنا فرض نہیں، اور اگر عورت اپنی چوٹی اتنی سخت گندھی ہوئی ہے کہ پانی اندر تک سرایت نہیں کرے گا تو اس کو کھول کر پانی پہنچانا فرض ہوگا۔

(۸)مرد کو اپنی داڑھی کے بالوں کی جڑوں میں پانی پہنچانا فرض ہے اسی طرح داڑھی کے بالوں کے درمیان میں بھی پانی پہنچانا فرض ہے۔

(۹)مونچھ اور (۱۰)ابرو کے بالوں کی جڑوں میں اور ان کے درمیان میں پانی پہنچانا فرض ہے۔

(۱۱)یوں ہی عورت کو غسل جنابت و حیض و نفاس میں باہر کی فرج کا دھونا بھی فرض ہے۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِيۡ سُنَنِ الۡغُسۡلِ

یہ فصل غسل کی سنتوں کے بیان میں ہے

يُسَنُّ فِيۡ الۡاِغۡتِسَالِ اِثۡنَا عَشَرَ شَيۡئًا اَلۡاِبۡتِدَاءُ بِالتَّسۡمِيَةِ وَالنِّيَّةُ وَغَسۡلُ الۡيَدَيۡنِ اِلٰى الرُّسۡغَيۡنِ وَغَسۡلُ نَجَاسَةٍ لَوۡ كَانَتۡ بِانۡفِرَادِهَا وَغَسۡلُ فَرۡجِهٖ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ كَوُضُوۡئِهٖ لِلصَّلَاةِ فَيُثَلِّثُ الۡغَسۡلَ وَيَمۡسَحُ الرَّأۡسَ وَلٰكِنَّهُ يُؤَخِّرُ غَسۡلَ الرِّجۡلَيۡنِ إِنۡ كَانَ يَقِفُ فِيۡ مَحَلٍّ يَجۡتَمِعُ فِيۡهِ الۡمَاءُ۔

ترجمہ: غسل میں بارہ چیزیں سنت قرار دی گئی ہیں: (۱) بسم اللہ سے اور (۲) نیت کرنے سے اور (۳) گٹوں تک دونوں ہاتھوں کو دھونے سے ابتدا کرنا اور (۴) نجاست کو دھونا اگر بدن پر الگ سے لگی ہو اور (۵) اپنی شرمگاہ کو دھونا (۶) پھر وضو کرے نماز کے وضو کی طرح پس تین تین بار دھوئے اور سر کا مسح کرے لیکن دونوں پاؤں کو دھونا مؤخر کر دے، اگر ایسی جگہ کھڑا ہو جہاں پانی جمع ہوتا ہو۔

ثُمَّ يُفِيۡضُ الۡمَاءَ عَلٰى بَدَنِهٖ ثَلَاثًا وَلَوۡ اِنۡغَمَسَ فِيۡ الۡمَاءِ الۡجَارِيۡ أَوۡ مَا فِيۡ حُكۡمِهٖ وَمَكَثَ فَقَدۡ أَكۡمَلَ السُّنَّةَ وَيَبۡتَدِئُ فِيۡ صَبِّ الۡمَاءِ بِرَأۡسِهٖ وَيَغۡسِلُ بَعۡدَهَا مَنۡكِبَهُ الۡأَيۡمَنَ ثُمَّ الۡأَيۡسَرَ وَيَدۡلُكُ جَسَدَهٗ وَيُوَالِيۡ غَسۡلَهٗ۔

ترجمہ: (۷) پھر اپنے بدن پر تین بار پانی بہائے اور اگر بہتے پانی میں غوطہ لگایا یا ایسے پانی میں جو بہتے پانی کے حکم میں ہو اور ٹھہرا رہا تو اس نے سنت کو مکمل کر لیا اور (۸) پانی کے بہانے میں اپنے سر سے شروع کرے اور (۹) اس کے بعد اپنے داہنے کندھے کو (۱۰) پھر بائیں کندھے کو دھوئے اور (۱۱) اپنے بدن کو ملے اور (۱۲) اپنے غسل کو لگاتار کرے۔

سوال: غسل کی کتنی سنتیں ہیں؟

جواب: مصنف نے غسل کی بارہ سنتیں بیان کی ہیں۔

سوال: غسل کی سنتیں بالتفصیل بیان فرمائیں۔

جواب☹۱) بسم اللہ پڑھنا (۲) نیت کرنا (۳) دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا پس بسم اللہ "کل امر ذی بال" والی حدیث کے عموم کی بنا پر سنت قرار پائی اور نیت یہ کہ دل میں یہ ارادہ کرے کہ میں جنابت کو دور کرنے کے لئے غسل کر رہا ہوں، اور برتن میں ہاتھ داخل کرنے سے پہلے دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک دھولے۔

سوال: ان تینوں چیزوں سے بیک وقت ابتداء کیسے ہو سکتی ہے؟

جواب: ان تینوں چیزوں سے بیک وقت ابتداء کرنا ممکن ہے اس لئے کہ نیت دل کا فعل ہے اور تسمیہ زبان کا اور ہاتھوں کا دھونا اعضاء کا فعل ہے، پس یہ تینوں غسل کی ابتداء میں ایک ساتھ ادا ہو جائیں گی۔

(۴) اگر جسم پر کسی جگہ نجاست جیسے منی وغیرہ لگی ہو تو وضو اور غسل سے پہلے اس کو دھونا سنت ہے، تاکہ پانی لگنے سے وہ اور زیادہ نہ پھیلے۔

(۵) مرد وعورت کا غسل سے پہلے اپنے پیشاب کی جگہ کو دھونا سنت ہے اگرچہ اس پر نجاست نہ لگی ہو۔

(۶) جیسے نماز کے لئے وضو کرتے ہیں اسی طرح وضو کرنا، پس وضو کے تمام مستحبات، سنن، فرائض ادا کرے مثلاً جس جس عضو کا دھونا فرض ہے ان کو تین تین بار دھوئے اور ظاہر روایت کے مطابق سر کا مسح بھی کرے اور ایک قول کے مطابق سر کا مسح نہ کرے، اور اگر وہ شخص ایسی جگہ میں غسل کر رہا ہے جہاں پر پانی جمع ہوتا ہے تو پاؤں کو نہ دھوئے بلکہ آخر میں دھوئے، کہ گندا پانی پاؤں میں لگے گا، اور اگر تختہ یا پتھر وغیرہ پاک اونچی جگہ پر غسل کر رہا ہے تو اسی وضو میں پاؤں بھی دھولے۔

(۷) پورے بدن پر تین بار پانی بہانا سنت ہے اور اگر تین بار میں پورے بدن پر پانی نہیں پہنچا تو چوتھی یا پانچویں بار پانی ڈالے یہاں تک کہ سارے بدن پر پانی پہنچ جائے۔

سوال: اگر کوئی شخص جاری پانی یا کثیر پانی میں غسل کرے تو تثلیث کی سنت کیسے ادا ہوگی؟

جواب: اگر کوئی شخص جاری پانی یا کثیر پانی (جیسے بڑے حوض جو دہ در دہ کے برابر یا اس سے بڑا ہو) یا بارش میں وضو یا غسل کر رہا ہو تو وضو اور غسل کے بقدر رکا رہا تو تثلیث کی سنت ادا ہو جائے گی۔ اور اگر غوطہ لگانے سے پہلے کلی اور ناک میں پانی ڈال لیا تو غسل ہو گیا اور اگر پہلے غوطہ لگا لیا تو بعد میں کلی اور ناک میں پانی ڈالے، کہ یہ فرض ادا نہ کئے تو غسلِ جنابت ادا نہ ہو گا۔ اور اگر ٹھہرے ہوئے کثیر پانی میں غسل کیا تو تین بار جسم کو حرکت دینے یا تین جگہ بدلنے سے تثلیث کی سنّت ادا ہو جائے گی۔

(۸) پورے بدن پر تینوں مرتبہ پانی بہانے کی ابتداء سر سے کرنا سنت ہے۔

(۹) پھر داہنے کندھے پر پانی بہائے کہ یہ سنت ہے۔

(۱۰) پھر بائیں کندھے پر پانی بہائے کہ یہ سنت ہے لیکن شمس الائمہ حلوانی نے فرمایا کہ: پہلے داہنے کندھے پر پھر بائیں کندھے پر اور پھر سر پر پانی بہائے کہ سیدھی طرف سے شروع کرنا سنت ہے لیکن مصنف نے ان کے قول پر عمل نہیں کیا ہے۔

(۱۱) دلک کہتے ہیں اعضاء کو دھونے کے ساتھ اس پر ہاتھ پھیرنا، پس پہلی بار جب پانی ڈالے تو تمام اعضاء پر ہاتھ پھیرے تاکہ باقی دو دفعہ میں پورے جسم پر پانی اچھی طرح پہنچ جائے بالخصوص سردیوں میں کہ جلد خشک ہوتی ہے، پس غسل میں بدن کو ملنا سنت ہے واجب نہیں، لیکن امام ابو یوسف کی ایک روایت میں بدن کو ملنا واجب ہے۔

(۱۲) اپنے غسل کو لگاتار کرے یعنی تمام اعضائے بدن کو اس طرح دھوئے کہ جسم اور ہوا کے معتدل ہونے کی حالت میں ایک عضو سوکھنے سے پہلے دوسرا عضو دھل جائے، ایسا نہ کرے کہ ایک عضو دھوئے پھر ٹھہر جائے یہاں تک کہ وہ عضو سوکھ جائے، پھر اس کے بعد دوسرے عضو کو دھوئے کہ یہ لگاتار نہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اللَّطِيْفِ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الشَّفِيْقِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَ عَلٰى اٰلِكَ وَ اَصْحَابِكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ ﷺ

تَسْلِیْمُ التَّوْقِیْت

علمِ توقیت کے متعلق ایک اہم اور آسان تصنیف

اس کتاب میں ہے

☆... مصنف کا تعارف ☆... علمِ توقیت کا تعارف ☆... علمِ فلکیات کا تعارف
☆... نمازوں کے اوقات ☆... سمتِ قبلہ ☆... رؤیتِ ہلال
☆... سورج و چاند گرہن

مصنف

محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

فَصْلٌ فِيْ آدَابِ الْاِغْتِسَالِ

یہ فصل غسل کرنے کے آداب کے بیان میں ہے

وَآدَابُ الْاِغْتِسَالِ هِيَ آدَابُ الْوُضُوْءِ إِلَّا أَنَّهُ لَا يَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ لِأَنَّهُ يَكُوْنُ غَالِبًا مَعَ كَشْفِ الْعَوْرَةِ وَكُرِهَ فِيْهِ مَا كُرِهَ فِيْ الْوُضُوْءِ۔

ترجمہ: اور غسل کے آداب وہی ہیں جو وضو کے آداب ہیں مگر یہ کہ وہ قبلے کا استقبال نہ کرے، اس لئے کہ غسل اکثر ستر کھول کر ہوتا ہے، اور غسل میں مکروہ وہ چیزیں ہیں جو وضو میں مکروہ ہیں۔

سوال: **غسل کے آداب کیا کیا ہیں؟**

جواب: غسل کے آداب (مستحبات) وہی ہیں جو وضو کے آداب ہیں، مگر یہ کہ وضو میں قبلہ رو ہونا وضو کا ادب ہے اور غسل میں نہیں بلکہ منع ہے۔ کیونکہ اکثر غسل ستر کھول کر برہنہ کیا جاتا ہے، ہاں اگر کسی کپڑے وغیرہ سے ستر چھپا کر غسل کر رہا ہے تو استقبالِ قبلہ میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

سوال: **غسل کے مکروہات کون کون سی چیزیں ہیں؟**

جواب: غسل کے مکروہات وہی ہیں جو وضو کے مکروہات ہیں، نیز ایک یہ بھی مکروہ ہے کہ غسل کے درمیان دعائوں کا پڑھنا، کہ وضو کے دوران دعاؤں کا پڑھنا مستحب ہے جبکہ غسل میں مکروہ ہے۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصْلٌ: يُسَنُّ الْاِغْتِسَالُ لِاَرْبَعَةِ اَشْيَاءَ

یہ فصل چار چیزوں کے لئے غسل کرنا سنت قرار دیا گیا ہے کے بیان میں ہے

اَلْأَشْيَاءُ الَّتِيْ يُسَنُّ لَهَا الْاِغْتِسَالُ

يُسَنُّ الْاِغْتِسَالُ لِأَرْبَعَةِ أَشْيَاءَ صَلَاةُ الْجُمُعَةِ وَصَلَاةُ الْعِيْدَيْنِ وَلِلْإِحْرَامِ وَلِلْحَاجِّ فِيْ عَرَفَةَ بَعْدَ الزَّوَالِ ۔

ترجمہ: چار چیزوں کے لئے غسل کرنا سنت قرار دیا گیا ہے، (۱) جمعہ کی نماز کے لئے، اور (۲) عیدین کی نماز کے لئے اور (۳) احرام کے لئے، اور (۴) حاجی کے لئے عرفات میں زوال کے بعد۔

وَيُنْدَبُ الْاِغْتِسَالُ فِيْ سِتَّةَ عَشَرَ شَيْئًا

لِمَنْ أَسْلَمَ طَاهِرًا وَلِمَنْ بَلَغَ بِالسِّنِّ وَلِمَنْ أَفَاقَ مِنْ جُنُوْنٍ وَعِنْدَ حِجَامَةٍ وَغَسْلِ مَيِّتٍ وَفِيْ لَيْلَةِ بَرَاءَةَ وَلَيْلَةِ الْقَدْرِ إِذَا رَآهَا وَلِدُخُوْلِ مَدِيْنَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِلْوُقُوْفِ بِمُزْدَلِفَةَ غَدَاةَ يَوْمِ النَّحْرِ وَعِنْدَ دُخُوْلِ مَكَّةَ وَ لِطَوَافِ الزِّيَارَةِ وَلِصَلَاةِ كُسُوْفٍ وَاِسْتِسْقَاءٍ وَفَزَعٍ وَظُلْمَةٍ وَرِيْحٍ شَدِيْدَةٍ۔

ترجمہ: اور سولہ چیزوں میں غسل کرنا مستحب قرار دیا گیا ہے، اس شخص کے لئے جو پاکی حالت میں اسلام لائے، اور اس شخص کے لئے جو عمر سے بالغ ہوا، اور اس شخص کے لئے جو جنون سے افاقہ پائے، اور پچھنے لگوانے کے بعد اور میت کے غسل کے بعد اور شب براءت میں اور شب قدر میں جبکہ اس کو دیکھے اور نبی ﷺ کے شہر میں داخل ہونے کے لئے، اور مزدلفہ میں ٹھہرنے کے لئے یوم نحر کے صبح کو، اور مکہ میں داخل ہونے کے وقت، اور طواف زیادت کے لئے، اور گرہن کی نماز کے لئے، اور استسقاء کی نماز کے لئے، اور گھبراہٹ کی نماز کے لئے، اور تاریکی کی نماز کے لئے، اور شدید آندھی کے وقت کی نماز کے لئے۔

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں کے لئے غسل کرنا سنت ہے؟ بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: چار چیزیں ایسی ہیں جن کے لئے غسل کرنا سنت ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) جمعہ کی نماز کے لئے غسل کرنا صحیح مذہب کے مطابق سنت ہے، اس لئے کہ نماز وقت سے افضل ہے، جمعہ کے غسل میں اختلاف ہے کہ جمعہ کے دن کی وجہ سے غسل مسنون ہے یا نمازِ جمعہ کی وجہ سے غسل مسنون ہے، پس حسن بن زیاد کا قول: جمعہ کے دن کی وجہ سے سنت ہے جبکہ امام ابویوسف کا قول یہ ہے کہ نمازِ جمعہ کی وجہ سے سنت ہے، مصنف نے امام ابویوسف کے قول کو اختیار کیا ہے۔

(۲) عیدین کی نماز کے لئے غسل کرنا سنت ہے، کہ عیدین کا دن بمنزلۂ جمعہ کے ہے کیونکہ اس میں بھی لوگوں کا اجماع ہوتا ہے، پس غسل کی وجہ سے پسینہ وغیرہ کی بدبو سے لوگوں کو تکلیف نہیں ہوگی۔ اور حسن بن زیاد اور امام ابویوسف کا یہاں پر بھی وہی اختلاف ہے جو جمعہ کے غسل کے بارے میں ہے۔

(۳) حج یا عمرہ کا احرام باندھتے وقت غسل کرنا سنت ہے، اور یہ غسل صفائی کے لئے ہے پاکی کے لئے نہیں ہے، اس لئے عورت حج کا احرام باندھتے ہوئے حیض ونفاس کی حالت میں ہو تب بھی اس کے لئے غسل کرنا سنت ہے تاکہ صفائی حاصل ہو جائے کیونکہ حیض ونفاس کے جاری ہونے کی وجہ سے پاکی تو حاصل نہیں ہو سکتی۔

(۴) حاجی کے لئے عرفات کے میدان میں وقوفِ عرفہ کے لئے زوال کے بعد غسل کرنا سنت ہے، پس حاجی کے علاوہ کسی دوسرے لوگوں کے لئے عرفہ کے دن غسل کرنا سنت نہیں ہے۔

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں کے لئے غسل کرنا مستحب ہے؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔

جواب: سولہ چیزوں کے لئے غسل کرنا مستحب ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) جب کوئی کافر مرد یا عورت جنابت و حیض ونفاس سے پاک ہو اور اسی پاکی کی حالت میں اسلام لائے تو اس کو آثارِ کفر سے نظافت حاصل کرنے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے، اور اگر ناپاکی کی حالت میں مسلمان ہوئے تو معتمد قول کے مطابق ان پر غسل کرنا فرض ہے۔

(۲) نابالغ لڑکا یا لڑکی جب عمر کے لحاظ سے بالغ ہوں یعنی وہ پورے پندرہ سال کے ہو جائیں، اور اس وقت تک ان میں بلوغ کی کوئی نشانی نہ پائی جائے تو مفتی بہ قول کی بنا پر ان کو غسل کرنا مستحب ہے، اور اگر احتلام یا انزال یا احبال (حاملہ کر دینے) یا حیض ونفاس یا حاملہ ہونے سے بالغ ہوئے تو ان صورتوں میں ان پر غسل فرض ہوگا۔

(۳) مجنون (پاگل) کو جب جنون سے افاقہ ہو جائے تو غسل کرنا مستحب ہے، اسی طرح نشہ اور بے ہوشی سے افاقہ کے بعد افاقہ کی نعمت کے شکرانے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے۔

(۴) حجامت (پچھنا لگوانے) سے جب فارغ ہو جائے تو اس کے بعد غسل کرنا مستحب ہے، حجامت علاج کا ایک قدیم طریقہ ہے جس میں پائپ نما کوئی چیز جسم کے کسی حصے میں داخل کر کے فاسد خون کھینچا جاتا ہے۔

(۵) میت کو نہلانے کے بعد نہلانے والوں کے لئے غسل کرنا مستحب ہے۔

(۶) شعبان کی پندرہویں میں غسل کر کے عبادت میں مشغول ہونا مستحب ہے اور بیری کے سات پتوں کو جوش دے کر اس پانی سے غسل کرنے سے سال بھر جادو سے حفاظت ہوتی ہے۔

(۷) رمضان کی شبِ قدر میں جب کہ اس کو یقین کے ساتھ دیکھ لے تو اس میں غسل کر کے عبادت میں مشغول ہونا مستحب ہے۔

(۸) مدینہ منورہ میں داخل ہونے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے، اور یہ مدینۂ منورہ کی تعظیم و حرمت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے ہے۔

(۹) حاجی جب ۹ ذی الحجہ کو مغرب کے بعد مزدلفہ پہنچتے ہیں اور رات بھر وہاں رہتے ہیں تو ان کے لئے رات گزارنے کے بعد صبح صادق کے وقت غسل کرنا مستحب ہے اور یہ صبح یوم النحر یعنی دس ذی الحجہ کی ہوگی کہ جس دن قربانی ہوتی ہے۔

(۱۰) مکۂ مکرمہ میں داخل ہونے کے وقت، مکۂ مکرمہ کی تعظیم و تکریم کے لئے غسل کرنا مستحب ہے۔

(۱۱) طواف زیارت کے لئے طواف کرنے سے پہلے غسل کرنا مستحب ہے تاکہ طواف اکمل طہارت کے ساتھ ادا ہو، اور بیت اللہ کی تعظیم کا حق بھی ادا ہو، طوافِ زیارت ۱۰ ذی الحجہ کو قربانی کرنے کے بعد سے لیکر مکۂ مکرمہ چھوڑنے سے پہلے تک کسی بھی وقت میں کیا جا سکتا ہے۔

(۱۲) سورج و چاند گرہن کی نماز ادا کرنے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے، کہ ان کی نماز پڑھنا سنت ہے۔

(۱۳) طلبِ بارش کے لئے جو نماز پڑھی جاتی ہے اسے نمازِ استسقاء کہتے ہیں، اس نماز کو ادا کرنے کے لئے بھی غسل کرنا مستحب ہے۔

(۱۴) خوف اور مصیبت کو دور کرنے کے لئے جب نماز پڑھی جائے تو غسل کر کے پڑھنا مستحب ہے۔

(۱۵) دن میں تاریکی چھا جانے کے وقت کی نماز کے لئے غسل کرنا مستحب ہے۔

(۱۶) رات یا دن میں شدید آندھی کے وقت کی نماز کے لئے غسل کرنا مستحب ہے۔

نوٹ: اس قسم کی ہولناک غیر معمولی حوادث کے پیش آنے پر اس امر کی ضرورت ہے کہ انسان گھبرا کر اپنے مالک و خالق کی بارگاہ میں جھک جائے اور گناہوں سے توبہ کرے، لہٰذا اس کے لئے بہتر ہے کہ نہا دھو کر اپنے پاک پروردگار کی طرف متوجہ ہو۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

بَابُ التَّيَمُّمِ

یہ تیمم کا باب ہے

شُرُوْطُ صِحَّتِهٖ

يَصِحُّ التَّيَمُّمُ بِشُرُوْطٍ ثَمَانِيَةٍ اَلْأَوَّلُ اَلنِّيَّةُ وَحَقِيْقَتُهَا عَقْدُ الْقَلْبِ عَلَى الْفِعْلِ وَوَقْتُهَا عِنْدَ ضَرْبِ يَدِهٖ عَلٰى مَا يَتَيَمَّمُ بِهٖ وَشُرُوْطُ صِحَّةِ النِّيَّةِ ثَلَاثَةٌ اَلْإِسْلَامُ وَالتَّمْيِيْزُ وَالْعِلْمُ بِمَا يَنْوِيْهِ وَيُشْتَرَطُ لِصِحَّةِ نِيَّةِ التَّيَمُّمِ لِلصَّلَاةِ بِهٖ أَحَدُ ثَلَاثَةِ أَشْيَاءَ إِمَّا نِيَّةُ الطَّهَارَةِ أَوْ اِسْتِبَاحَةِ الصَّلَاةِ أَوْ نِيَّةُ عِبَادَةٍ مَقْصُوْدَةٍ لَا تَصِحُّ بِدُوْنِ طَهَارَةٍ فَلَا يُصَلِّيْ بِهٖ إِذَا نَوَى التَّيَمُّمَ فَقَطْ أَوْ نَوَاهُ لِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَلَمْ يَكُنْ جُنُبًا۔

ترجمہ: تیمم آٹھ شرطوں کے ساتھ صحیح ہوتا ہے، پہلی شرط نیت ہے، اور نیت کی حقیقت فعل (کسی کام کو کرنے) پر دل کو پختہ کرلینا ہے، اور نیت کا وقت اس چیز پر ہاتھ مارتے وقت ہے جس سے وہ تیمم کر رہا ہے، اور نیت کے صحیح ہونے کی تین شرطیں ہیں اسلام اور تمیز اور اس چیز کا علم جس کی وہ نیت کر رہا ہے، اور تیمم کی نیت کے صحیح ہونے کی شرط لگائی جاتی ہے (یعنی اس تیمم سے نماز صحیح ہونے کے لئے) تین چیزوں میں سے کوئی ایک (کا ہونا) یا پاکی کی نیت ہو یا نماز کے جائز ہونے کی نیت ہو یا اس عبادت مقصودہ کی نیت ہو جو طہارت کے بغیر صحیح نہیں ہوتی ہے، پس اس تیمم سے نماز نہیں پڑھ سکتا جبکہ وہ صرف تیمم کی نیت کی ہو یا تیمم سے قرآن پڑھنے کے لئے نیت کرے اس حال میں کہ وہ جنبی نہ ہو۔

سوال: تیمم کا بیان وضو و غسل کے بعد کیوں کیا گیا ہے؟

جواب: طہارت حاصل کرنے کے لئے دو ذرائع ہیں:

(۱) پانی (۲) مٹی، چونکہ پانی سے طہارت حاصل کرنا اصل ہے اور مٹی سے طہارت حاصل کرنا اس کا بدل ہے، اور بدل اصل کے بعد ہوتا ہے اس لئے مصنف نے وضو و غسل (جو کہ پانی سے کئے جاتے ہیں) کے بعد تیمم (جو کہ مٹی سے کیا جاتا ہے) کو بیان فرمایا۔

سوال: مسح علی الخفین کو تیمم کے بعد بیان کیا گیا ہے حالانکہ وہ پانی سے کیا جاتا ہے؟

جواب: اس کی وجہ یہ ہے کہ تیمم کا ثبوت قرآن سے ہے جبکہ مسح علی الخفین کا ثبوت سنت سے ہے لہذا قرآن سے ثابت شدہ چیز کو مقدم کیا اور سنت سے ثابت شدہ چیز کو مؤخر کیا۔ اور دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ تیمم کل وضو و غسل کا بدل ہے جبکہ مسح علی الخفین صرف وضو کا، اور وہ بھی وضو کے ایک رکن (پیر دھونے) کا بدل ہے۔

سوال: تیمم کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کردیں۔

جواب: تیمم کا لغوی معنی مطلقاً ارادہ کرنا ہے جبکہ شریعت کی اصطلاح میں تیمم چہرے اور دونوں ہاتھوں کا پاک مٹی سے مسح کرنا ہے، اور تیمم اسی امت کے ساتھ خاص ہے اگلی امتوں میں نہیں تھا۔

سوال: تیمم کے صحیح ہونے کی کتنی شرطیں ہیں؟ اور کون کون سی ہیں؟

جواب: تیمم کے صحیح ہونے کی آٹھ شرطیں ہیں اور وہ یہ ہیں:

(۱) نیت کرنا۔ (۲) ایسا عذر جو تیمم کو مباح کر دینے والا ہو۔ (۳) ایسی پاک چیز سے ہونا جو زمین کی جنس سے ہو۔ (۴) مسح کی جگہ کو گھیرنا۔ (۵) پورے ہاتھ یا اس کے اکثر سے مسح کرنا۔ (۶) دو ضربوں سے مسح کرنا۔ (۷) جو چیزیں تیمم کے منافی ہیں ان کا بند ہونا۔ (۸) ان چیزوں کا زائل ہونا جو مسح کو مانع ہوں۔

سوال: نیت کی حقیقت کیا ہے اور اس کا وقت کب ہوتا ہے؟

جواب: نیت کی حقیقت یہ ہے کہ انسان کسی کام کے کرنے کا دل میں پختہ ارادہ کرے، زبان سے اظہار ضروری نہیں البتہ زبان سے کہہ لینا مستحب ہے، مثلاً یوں نیت کرے کہ: بے وضوئی یا بے غسلی یا دونوں سے پاکی حاصل کرنے اور نماز جائز ہونے کے لئے تیمم کرتا ہوں، اور نیت کا وقت وہ وقت ہے کہ مٹی وغیرہ پر تیمم کے لئے جب ہاتھ مارے تو اس وقت نیت کرے۔

سوال: نیت کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔

جواب: نیت کے صحیح ہونے کی تین شرطیں ہیں:

(۱) اسلام (۲) تمیز (۳) اس چیز کی نیت کا ہونا جس کی نیت کر رہا ہے۔

(۱) پہلی شرط یہ ہے کہ تیمم کی نیت کرنے والا مسلمان ہو پس اگر کافر نے مسلمان ہونے کی نیت سے تیمم کیا اور مسلمان ہوا تو اس تیمم سے نماز نہیں پڑھ سکتا اس لئے کہ جس وقت اس نے تیمم کیا ہے اس وقت وہ نیت کا اہل نہیں تھا۔

(۲) دوسری شرط تمیز ہے یعنی سمجھ دار اور ہوش مند ہونا کہ جو کچھ کہہ رہا ہے اس کو سمجھے پس اگر ایسا بچہ ہو جس کو اتنی سمجھ نہ ہو یا نشہ کیا ہو جس کی وجہ سے اسے اپنے کہے کا ہوش نہ ہو تو اس کا تیمم صحیح نہیں ہوگا کیونکہ نیت میں تمیز شرط ہے۔

(۳) تیسری شرط یہ ہے کہ اس چیز کا علم ہو جس کی نیت کر رہا ہے، لہذا اگر نیت کے الفاظ عربی زبان میں کہے اور اس کا مطلب نہ سمجھا تو اس کی نیت درست نہیں ہوگی اور یوں تیمم بھی صحیح نہ ہوگا۔

سوال: جس تیمم سے نماز جائز ہوتی ہے اس تیمم کے نیت کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟ مفصل بیان کریں۔

جواب: جس تیمم سے نماز جائز ہوتی ہے اس تیمم کی نیت کے صحیح ہونے کے لئے تین شرطوں میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے، یعنی نماز صرف اسی تیمم سے جائز ہے جس تیمم میں ان تین چیزوں میں سے کوئی ایک چیز پائی جائے۔

(۱) اس تیمم سے پاکی حاصل کرنے کی نیت کی ہو مثلاً یوں نیت کرے کہ میں پاکی حاصل کرنے کے لئے تیمم کرتا ہوں، پس اس طرح اس تیمم سے نماز ادا کرنا صحیح ہوگا۔

(۲) یا اس تیمم سے نماز کے جائز ہونے کی نیت کی ہو مثلاً یہ نیت کرے کہ میں نماز کے مباح ہو جانے لئے تیمم کرتا ہوں، پس اس طرح اس تیمم سے نماز ادا کرنا صحیح ہوگا۔

(۳) یا اس تیمم سے ایسی عبادتِ مقصودہ کی نیت کرے جو طہارت کے بغیر درست نہیں ہوتی مثلاً نمازِ جنازہ یا سجدۂ تلاوت کرنے کی نیت سے تیمم کرے، تو اس تیمم سے نماز پڑھنا جائز ہوگا۔

سوال: عبادت مقصودہ کس عبادت کو کہتے ہیں؟

جواب: عبادتِ مقصودہ وہ عبادت ہے جس کی مشروعیت صرف ثواب اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے ہو کسی دوسری عبادت کو ادا کرنے کے لئے اس کی مشروعیت نہ ہو جیسے نماز، سجدۂ تلاوت وغیرہ بخلاف قرآن کو چھونا کہ اس سے صرف ثواب مقصود نہیں ہوتا بلکہ دوسری عبادت یعنی تلاوت کرنا مقصود ہوتا ہے پس قرآن کو چھونے کے لئے کئے ہوئے تیمم سے نماز جائز نہیں ہے۔

سوال: کیا عبادت مقصودہ کے لئے کئے جانے والے تیمم سے نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: نہیں بلکہ ایک شرط اور ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ عبادت مقصودہ ایسی ہو جو طہارت کے بغیر درست نہ ہو جیسے نماز، سجدۂ تلاوت وغیرہ پس اگر وہ عبادت مقصودہ تو ہو مگر طہارت کے بغیر درست ہو جیسے یاد کئے ہوئے قرآن کو پڑھنا پس اگر یاد کئے ہوئے قرآن کو پڑھنے کی نیت سے تیمم کیا تو اس سے نماز ادا کرنا درست نہیں ہوگا۔

یوں ہی اگر مسجد میں جانے یا نکلنے یا قرآن مجید چھونے یا اذان واقامت (یہ سب عبادت مقصودہ نہیں) یا سلام کرنے یا سلام کا جواب دینے یا زیارت قبور یا دفن میت یا بے وُضو نے قرآن مجید پڑھنے (ان سب کے لئے طہارت شرط نہیں) کے لئے تیمم کیا ہو تو اس سے نماز جائز نہیں بلکہ جس کے لئے کیا گیا اس کے سوا کوئی عبادت بھی جائز نہیں۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الطهارة، الباب الرابع في التيمم، الفصل الأول، ج۱، ص۲۶)

سوال: غیر جنبی شخص نے صرف تیمم کی نیت کی تو کیا اس تیمم سے نماز ادا کرسکتا ہے؟

جواب: غیر جنبی شخص نے صرف تیمم کی نیت کی مثلاً یوں نیت کی کہ میں تیمم کرتا ہوں تو اس تیمم سے نماز نہیں پڑھ سکتا ہے کیونکہ مذکورہ تین شرائط میں سے ایک بھی شرط نہیں پائی گئی۔

سوال: غیر جنبی شخص نے قرآن کی تلاوت کرنے کے لئے تیمم کیا تو کیا اس تیمم سے نماز ادا کرسکتا ہے؟

جواب: غیر جنبی شخص نے قرآن کی تلاوت کرنے کے لئے تیمم کیا تو اس تیمم سے نماز ادا نہیں کر سکتا ہے کیونکہ مذکورہ تین شرائط میں سے ایک بھی شرط نہیں پائی گئی یعنی طہارت کی نیت یا نماز کو مباح کرنے کی نیت یا عبادت مقصودہ کی نیت جو بغیر طہارت کے جائز نہیں، ہاں اگر دونوں صورتوں میں وہ شخص جنبی ہو تو اس کا پہلا مقصود طہارت کی نیت ہو گی اور جو تیمم پاکی کی نیت سے کیا گیا ہو اس سے نماز ادا کرنا درست ہے۔

اَلثَّانِيْ اَلْعُذْرُ الْمُبِيْحُ لِلتَّيَمُّمِ كَبُعْدِهٖ مِيْلًا عَنْ مَاءٍ وَلَوْ فِيْ الْمِصْرِ وَحُصُوْلِ مَرَضٍ وَبَرْدٍ يُخَافُ مِنْهُ التَّلَفُ أَوِ الْمَرَضُ وَخَوْفِ عَدُوٍّ وَعَطَشٍ وَاِحْتِيَاجٍ لِعَجَنٍ لَا لِطَبْخِ مَرَقٍ وَلِفَقْدِ آلَةٍ وَخَوْفِ فَوْتِ صَلَاةِ جَنَازَةٍ أَوْ عِيْدٍ وَلَوْ بِنَاءً وَلَيْسَ مِنَ الْعُذْرِ خَوْفُ فَوْتِ الْجُمُعَةِ وَالْوَقْتِ۔

ترجمہ: دوسری شرط، ایسا عذر جو تیمم کو مباح کرنے والا ہو جیسے کسی شخص کا پانی سے ایک میل دور ہونا اگرچہ شہر میں ہو اور بیماری کا حصول اور ایسی ٹھنڈ کا ہونا جس سے عضو کے تلف ہونے یا بیمار ہو جانے کا خوف ہو، اور دشمن اور پیاس کا خوف ہو، اور آٹا گوندھنے کی ضرورت ہو، نہ کہ شوربا پکانے کی اور آلہ کے نہ ہونے کے وقت اور نماز جنازہ یا نماز عید کے فوت ہونے کا خوف ہو اگرچہ بناء کے طور پر ہو، اور جمعہ اور وقت کے فوت ہونے کا خوف کوئی عذر نہیں ہے۔

سوال: تیمم کے صحیح ہونے کی دوسری شرط کون سی ہے؟

جواب: تیمم کے صحیح ہونے کی دوسری شرط یہ ہے کہ آدمی کو کوئی ایسا عذر پیش آجائے جس کی وجہ سے تیمم کرنا اس کے لئے مباح یعنی جائز ہو جائے۔

سوال: تیمم کے صحیح ہونے کے لئے کتنے اور کون کون سے اعذار ہیں؟ بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: مصنف نے ایسے اعذار سات بیان کئے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) پانی کا ایک میل دور ہونا: پس جس شخص کے پاس اتنا پانی نہ ہو جو حدث دور کرنے کے لئے کافی ہو اور اس شخص کے اور پانی کے درمیان ایک میل کا فاصلہ ہو خواہ وہ شہر میں ہو یا شہر سے باہر ہو تو ایسے شخص کے لئے تیمم کرنا جائز ہے کہ پانی سے ایک میل دور ہونا ایسا عذر ہے جو تیمم کو مباح کر دینے والا ہے۔

(۲) مرض کا ہونا: اگر کسی شخص کے پاس پانی تو موجود ہے لیکن وہ بیمار ہے اور پانی کے استعمال سے بیماری کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہے تو ایسی صورت میں اس شخص کو تیمم کرنا جائز ہے، یا سردی کا موسم ہے اور کسی کو غسل جنابت کی حاجت پڑ گئی، اور یہ خوف ہو کہ غسل کرنے کی وجہ سے اس کا کوئی عضو ضائع ہو جائے گا یا وہ بیمار پڑ جائے گا تو اس کے لئے تیمم کرنا جائز ہے۔

(۳) دشمن یا پیاس کا خوف ہو: سات اعذار میں سے ایک عذر دشمن کا خوف بھی ہے اور اس دشمن سے خوف اپنی جان کا ہو یا مال کا، اور وہ مال اپنا ہو یا امانت کا ہو، مطلب یہ کہ پانی تو موجود ہے مگر یہ خوف ہے کہ اگر پانی لینے کو گیا تو دشمن اس کو ہلاک کر دے گا یا اس کے مال کو لوٹ لے گا یا یہ عورت یا امرد ہے کہ وہ عزت پر ہاتھ ڈالے گا، یا پانی تو ہے مگر وضو یا غسل کے صرف میں لائے گا تو خود یا دوسرا مسلمان یا اپنا یا اس کا جانور اگرچہ وہ کتا ہو جس کا پالنا جائز ہے پیاسا رہ جائے گا اور اپنی یا ان میں سے کسی کی پیاس خواہ فی الحال موجود ہو یا آئندہ، اس کا صحیح اندیشہ ہو کہ وہ راہ ایسی ہے کہ دور تک پانی کا پتہ نہیں، تو تیمم کرنا جائز ہے۔ (فیضانِ فرض علوم صفحہ ۱۴۹)

(۴) آٹا گوندھنے کی ضرورت: پانی اس قدر کم ہے کہ اگر اس نے پانی سے وضو کر لیا تو اب آٹا گوندھنے کے لئے پانی باقی نہ رہے گا تو ایسی صورت میں وضو نہ کرے بلکہ تیمم کرے اور پانی کو آٹا گوندھنے کے استعمال میں لائے لیکن شوربا پکانے کی ضرورت کے لئے تیمم جائز نہیں ہے اس لئے کہ بغیر شوربے کے بھی کام چل سکتا ہے جبکہ آٹا کو گوندھے بغیر کام نہیں چل سکتا۔

(۵) آلہ کا نہ ہونا: یعنی پانی نکالنے کا سامان نہ ہونے کی وجہ سے تیمم کر سکتا ہے مثلاً جب کوئیں پر پہنچا تو ڈول اور رسی نہیں کہ پانی بھرے تو تیمم کرنا جائز ہے۔

(۶) نماز جنازہ کے فوت ہونے کا خوف: اگر جنازہ حاضر ہو اور اس کو یہ اندیشہ ہو کہ اگر وضو کرنے میں لگ گیا تو نماز جنازہ پڑھ لی جائے گی تو غیر ولی کو تیمم کرکے شرکت کر لینا جائز ہے، مگر ولی کو جائز نہیں کہ لوگ اس کا انتظار کریں گے، اور اگر لوگ بے اس کی اجازت پڑھ بھی لیں تو یہ دوبارہ پڑھ سکتا ہے۔

(۷) نماز عید کے فوت ہونے کا خوف: یعنی نماز عید پڑھنے کے لئے آیا اور یہ خوف ہے کہ اگر وضو کرنے میں مشغول ہوا تو عید کی نماز فوت ہو جائے گی تو یہ شخص تیمم کرکے نماز میں شریک ہو جائے۔

سوال: ایک میل کتنا ہوتا ہے؟

جواب: ایک میل ۱۷۶۰ گز، یا ۸ فرلانگ، یا ۳ فرسخ، یا ۴ ہزار قدم کا ہوتا ہے۔

سوال: "ولوبناءً" کا کیا مطلب ہیں؟

جواب: متن میں "ولوبناءً" کہہ کر یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر کسی نے وضو سے نماز جنازہ یا نماز عید شروع کی تھی پھر اس کو حدث ہو گیا اب اس کو یہ خوف ہے کہ اگر وہ وضو کرنے میں مشغول ہو گا تو نماز بھیڑ کی وجہ سے فاسد ہو جائے گی، تو تیمم کر کے فوراً بناء کرے یعنی جہاں سے چھوڑی تھی وہیں سے مکمل کرے۔ بناء کے تفصیلی مسائل کتاب الصلوۃ میں بیان ہوں گے ان شاء اللہ عزوجل۔

سوال: نماز جمعہ اور وقتوں کے فوت ہونے کے خوف سے کیا تیمم کر سکتے ہیں؟

جواب: اگر وضو میں مشغول ہونے سے نماز جمعہ کے فوت ہونے کا خوف ہو تو تیمم کی اجازت نہیں ہے بلکہ وضو کرنا ضروری ہے، پس اگر وضو کے بعد کہیں نماز جمعہ مل جائے تو ادا کرلے ورنہ تو ظہر کی نماز ادا کرے کہ جمعہ کا خلیفہ ظہر موجود ہے، اسی طرح اگر وضو میں مشغول ہو گا تو کسی نماز کا وقت ختم ہو جائے گا تو اس خوف کی وجہ سے بھی تیمم جائز نہیں ہے بلکہ وضو کر کے قضاء پڑھے کہ قضاء وقتیہ کا خلیفہ موجود ہے۔

مگر مفتی بہ قول یہ ہے کہ ایسی صورت میں تیمم کر کے نماز پڑھ لے پھر وضو و غسل کر کے اعادہ کرے کہ لازم ہے۔ اور یہ اس لئے ہے تا کہ قضا کا گناہ نہ ہو۔

اَلثَّالِثُ أَنْ يَكُوْنَ التَّيَمُّمُ بِطَاهِرٍ مِنْ جِنْسِ الْأَرْضِ كَالتُّرَابِ وَالْحَجَرِ وَالرَّمْلِ لَا الْحَطَبِ وَالْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ اَلرَّابِعُ اِسْتِيْعَابُ الْمَحَلِّ بِالْمَسْحِ اَلْخَامِسُ أَنْ يَمْسَحَ بِجَمِيْعِ الْيَدِ أَوْ بِأَكْثَرِهَا حَتّٰى لَوْ مَسَحَ بِإِصْبَعَيْنِ لَا يَجُوْزُ وَلَوْ كَرَّرَ حَتّٰى اِسْتَوْعَبَ بِخِلَافِ مَسْحِ الرَّأْسِ۔

ترجمہ: تیسری شرط تیمم کا ایسی پاک چیز سے ہونا جو زمین کی جنس سے ہو جیسے مٹی، پتھر اور ریت، نہ کہ لکڑی، چاندی اور سونا۔ چوتھی شرط مسح سے جگہ کو گھیرنا پانچوی شرط پورے ہاتھ سے یا اکثر ہاتھ سے مسح کرنا یہاں تک کہ دو انگلیوں سے مسح کیا تو جائز نہیں ہے اگرچہ بار بار کرے یہاں تک کہ پورے عضو کو گھیر لے بخلاف سر کے مسح کے۔

اَلسَّادِسُ أَنْ يَكُوْنَ بِضَرْبَتَيْنِ بِبَاطِنِ الْكَفَّيْنِ وَلَوْ فِيْ مَكَانٍ وَاحِدٍ وَيَقُوْمُ مَقَامَ الضَّرْبَتَيْنِ إِصَابَةُ التُّرَابِ بِجَسَدِهٖ إِذَا مَسَحَهٗ بِنِيَّةِ التَّيَمُّمِ اَلسَّابِعُ اِنْقِطَاعُ مَا يُنَافِيْهِ مِنْ حَيْضٍ أَوْ نِفَاسٍ أَوْ حَدَثٍ اَلثَّامِنُ زَوَالُ مَا يَمْنَعُ الْمَسْحَ كَشَمْعٍ وَشَحْمٍ ۔

ترجمہ: چھٹی شرط۔ دونوں ہتھیلیوں کے باطن سے دو ضربوں کے ساتھ ہونا اگرچہ ایک ہی جگہ میں ہوں۔ اور مٹی کا بدن پر لگ جانا دو ضربوں کے قائم مقام ہو جاتا ہے جبکہ تیمم کی نیت سے اس پر مسح کیا ہو، ساتویں شرط جو چیزیں تیمم کے منافی ہیں ان کا ختم ہو جانا یعنی حیض، نفاس یا حدث۔ آٹھویں شرط ان چیزوں کا زائل ہونا جو مسح کو مانع ہو جیسے موم اور چربی۔

سوال: تیمم کی تیسری شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کن کن چیزوں سے تیمم کرنا صحیح ہے؟

جواب: تیمم کے صحیح ہونے کی تیسری شرط یہ ہے کہ تیمم پاک چیز سے ہو اور متن میں طاہر بمعنی طھور ہے یعنی وہ چیز ایسی ہو جو پاک کرنے والی ہو، لہذا اگر زمین پر نجاست لگ جائے پھر وہ خشک ہو جائے اور نجاست کا اثر جاتا رہے تو وہ زمین پاک ہو گئی اس پر نماز پڑھنا درست ہے لیکن تیمم کرنا درست نہیں کہ وہ پاک کرنے والی نہیں ہے، اور دوسری بات یہ کہ وہ چیز زمین کی جنس سے ہو جیسے مٹی، پتھر، ریت وغیرہ۔ اور جو زمین کی جنس سے نہ ہو اس سے تیمم جائز نہیں ہے۔ جیسے لکڑی، سونا، چاندی وغیرہ ہاں اگر غبار ہو تو جائز ہے۔

سوال: زمین کی جنس سے ہونے کی کیا علامت ہے؟

جواب: جو چیز آگ سے جل کر نہ راکھ ہوتی ہے نہ پگھلتی ہے، نہ نرم پڑتی ہے وہ زمین کی جنس سے ہے اس سے تیمم جائز ہے جیسے ریتا، سرمہ، چونا، ہڑتال، گندھک مردہ سنگ، گیرو، پتھر، زبرجد، فیروزہ، عقیق، زمرد وغیرہ جواہر، اگرچہ ان پر غبار نہ ہو۔ (فیضان فرض علوم-ص-۱۵۵)

سوال: کن چیزوں سے تیمم نہیں ہو سکتا؟

جواب: جو چیز آگ سے جل کر راکھ ہو جاتی ہو جیسے لکڑی گھاس وغیرہ یا پگھل جاتی ہو یا نرم ہو جاتی ہو جیسے چاندی سونا، تانبا، پیتل، لوہا وغیرہ دھاتیں وہ زمین کی جنس سے نہیں ہیں، اس لئے ان سے تیمم کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال: چوتھی شرط کیا ہے؟ وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔

جواب: تیمم کے صحیح ہونے کی چوتھی شرط مسح کی جگہ کو گھیرنا ہے اور مسح کی جگہ سے مراد چہرہ اور دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت ہیں یعنی اس طرح مسح کرنا کہ کوئی حصہ باقی نہ رہے اگر بال برابر بھی جگہ باقی رہ گئی تو تیمم صحیح نہ ہو گا، پس اگر انگوٹھی، کنگن، یا چوڑی وغیرہ پہنیں ہوں تو ان کو نکال دے یا انہیں ہٹا کر ان کے نیچے مسح کرے اور انگلیوں کا خلال کرے اور ان بالوں کا جو چہرے پر ہیں اور جو جگہ کانوں اور داڑھی کے بیچ میں ہے اس کا مسح بھی ضروری ہے۔

سوال: پانچوی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کتنی انگلیوں سے مسح کرنا چاہئے تو ہوگا ورنہ نہیں؟

جواب: تیمم کے صحیح ہونے کی پانچوی شرط یہ ہے کہ اعضائے تیمم کا مسح پورے ہاتھ یا اکثر ہاتھ سے کرے، اکثر سے مراد یہ ہے کہ تین انگلیوں یا زیادہ سے کرے، ایک یا دو انگلیوں سے مسح صحیح نہیں، پس اگر دو انگلیوں سے بار بار مسح کر کے پورے عضو پر پھیر لیا جس کی وجہ سے پورا عضو گھر گیا تب بھی مسح صحیح نہیں ہو گا، کیونکہ پورے ہاتھ یا اس کے اکثر سے مسح کرنا شرط ہے، بخلاف سر کے مسح کے یعنی وضو میں سر کے مسح کا حکم الگ ہے کہ دو انگلیوں سے بار بار مسح کیا یہاں تک کہ چوتھائی سر کے برابر ہو گیا تو مسح ادا ہو گیا۔

سوال: چھٹی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کتنے ضربوں سے تیمم کرنا شرط ہے؟

جواب: تیمم کے صحیح ہونے کی چھٹی شرط یہ ہے کہ دو ضربوں یعنی دو دفعہ ہاتھ زمین پر مار کر تیمم کرے۔ ایک ضرب سے چہرے کا مسح کرے اور دوسری ضرب سے دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرے پس اگر ایک ہی ضرب سے دونوں عضو پر مسح کیا تو تیمم صحیح نہیں ہو گا۔

سوال: کیا دونوں ہتھیلیوں کے باطن سے مسح کرنا ضروری ہے؟

جواب: اعلی حضرت رضی اللہ عنہ مراقی الفلاح کے حاشیہ میں فتاوی شامی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ دونوں ضرب دونوں ہتھیلیوں کے باطن یعنی اندر کے حصے سے ہونا سنت ہے اور ایسے ہی ظاہری حصے سے بھی پس اگر کسی نے ظاہر کف سے ضرب لگائی تو بھی کافی ہے۔ جبکہ مصنف نے باطن سے مسح کرنے کو شرط قرار دیا ہے جو کہ اب غیر مفتی بہ ہے۔

سوال: دونوں ضرب الگ الگ جگہ سے لگائے یا ایک جگہ سے بھی کر سکتے ہیں؟

جواب: دو ضرب ایک ہی جگہ میں لگائی تو بھی کافی ہے ایک جگہ ضرب لگانے سے وہ جگہ مستعمل نہیں ہوتی، اعلی حضرت فرماتے ہیں کہ اگر ایک پتھر سے پوری جماعت نے تیمم کیا جائز ہے۔

سوال: کسی کے بدن پر مٹی لگی اور اس نے تیمم کی نیت سے مسح کر لیا تو کیا تیمم ہو جائے گا؟

جواب: ہاں! ہو جائے گا، اگر کسی شخص کے بدن پر مٹی یا غبار لگی یا مٹی میں لوٹ پوٹ ہوا، اور مٹی اعضائے تیمم پر پہنچ گئی اور اس نے تیمم کی نیت سے اعضائے تیمم پر ہاتھ پھیر لیا تو اس کا تیمم درست ہو گیا، اور یہ تیمم کی نیت سے ہاتھ پھیرنا دو ضربوں کے قائم مقام ہو جائے گا۔

سوال: ساتویں شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کن چیزوں کے ہوتے ہوئے تیمم صحیح نہیں ہوتا؟

جواب: جس طرح وضو صحیح ہونے کے لئے یہ شرط ہے کہ حیض و نفاس اور حدث بند ہوں، اسی طرح تیمم کے صحیح ہونے کے لئے بھی یہی شرط ہے کہ حیض و نفاس اور حدث یعنی (پیشاب وخون کے قطرے) نہ آتے ہوں کہ ان کے ہوتے ہوئے تیمم کرے گا تو صحیح نہ ہو گا۔

سوال: آٹھوی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کن کن چیزوں کو تیمم کے صحیح ہونے کے لئے ختم کرنا ضروری ہے؟

جواب: اعضائے مسح پر کوئی ایسی چیز نہ ہو جو مسح کو روکنے والی ہو جیسے چربی، موم، پس اگر اعضائے مسح پر موم یا چربی ہو گی تو مسح موم یا چربی پر ہو گا جسم پر نہیں ہو گا اس لئے تیمم صحیح نہیں ہو گا۔

سَبَبُ التَّيَمُّمِ وَشُرُوْطُ وُجُوْبِهٖ

وَسَبَبُهٗ وَشُرُوْطُ وُجُوْبِهٖ كَمَا ذُكِرَ فِي الْوُضُوْءِ أَرْكَانُهٗ وَرُكْنَاهُ مَسْحُ الْيَدَيْنِ وَالْوَجْهِ۔

سُنَنُهٗ

وَسُنَنُ التَّيَمُّمِ سَبْعَةٌ اَلتَّسْمِيَةُ فِيْ أَوَّلِهٖ وَالتَّرْتِيْبُ وَالْمُوَالَاةُ وَإِقْبَالُ الْيَدَيْنِ بَعْدَ وَضْعِهِمَا فِيْ التُّرَابِ وَإِدْبَارُهُمَا وَنَفْضُهُمَا وَتَفْرِيْجُ الْأَصَابِعِ۔

ترجمہ: اور تیمم کا سبب اور اس کے واجب ہونے کی شرطیں وہیں ہیں جو وضو کے بیان میں ذکر کی گئیں اور تیمم کے دو رکن ہیں (۱) دونوں ہاتھوں اور (۲) چہرے کا مسح کرنا۔ اور تیمم کی سنتیں سات ہیں (۱) تیمم کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا (۲) اور ترتیب (۳) اور پے درپے کرنا اور (۴) دونوں ہاتھوں کو مٹی میں رکھنے کے بعد آگے کو بڑھانا اور (۵) پیچھے کو لانا اور (۶) دونوں ہاتھوں کو جھاڑنا اور (۷) انگلیوں کو کھلا رکھنا۔

تَأْخِيْرُ التَّيَمُّمِ

وَنُدِبَ تَأْخِيْرُ التَّيَمُّمِ لِمَنْ يَرْجُوْ الْمَاءَ قَبْلَ خُرُوْجِ الْوَقْتِ وَيَجِبُ التَّأْخِيْرُ بِالْوَعْدِ بِالْمَاءِ وَلَوْ خَافَ الْقَضَاءَ وَيَجِبُ التَّأْخِيْرُ بِالْوَعْدِ بِالثَّوْبِ أَوِ السِّقَاءِ مَا لَمْ يَخَفِ الْقَضَاءَ۔

ترجمہ: اور تیمم کو مؤخر کرنا مستحب ہے اس شخص کے لئے جو وقت کے نکلنے سے پہلے پانی کی (امید رکھتا ہو) اور پانی کے وعدے کی وجہ سے تیمم کو مؤخر کرنا واجب ہے اگرچہ قضا کا خوف ہو، اور کپڑے یا مشک کے وعدے کی وجہ سے تیمم کو مؤخر کرنا واجب ہے جب تک قضا کا خوف نہ ہو۔

سوال: تیمم کا سبب اور اس کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: تیمم کا سبب یہ ہے کہ اس فعل کو کرنے کا ارادہ جو طہارت کے بغیر حلال نہ ہو جیسے نماز۔ اور تیمم کے واجب ہونے کی شرطیں وہی ہیں جو وضو کے واجب ہونے کی شرطیں ہیں جس کا بیان سوال نمبر ۹۸ میں مذکور ہے اور وہ آٹھ ہیں (۱) عاقل ہونا (۲) بالغ ہونا (۳) مسلمان ہونا (۴) حدث کا پایا جانا (۵) حیض (۶) نفاس (۷) وقت کا تنگ نہ ہونا (۸) جس سے تیمم جائز ہے اس پر قادر ہونا۔

سوال: تیمم کے رکن کتنے اور کون کون سے ہیں؟

جواب: تیمم کے رکن دو ہیں (۱) دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا (۲) چہرے کا مسح کرنا۔ حالانکہ دیگر کتابوں میں تیمم کے تین فرض بیان ہوئے ہیں:

(۱) نیت: اگر کسی نے ہاتھ مٹی پر مار کر منہ اور ہاتھوں پر پھیر لیا اور نیت نہ کی تیمم نہ ہوگا۔ ("الفتاوى الرضوية"، ج۳، ص۳۷۳.)

(۲) دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا (۳) چہرے کا مسح کرنا۔

سوال: تیمم کی کتنی اور کون کون سی سنتیں ہیں؟

جواب: تیمم کی سنتیں سات ہیں (۱) بسم اللہ سے شروع کرنا (۲) ترتیب، اس کا مطلب یہ ہے کہ پہلے چہرے کا مسح کرے پھر دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرے۔ (۳) پے در پے یعنی تیمم کرنے کے درمیان توقف نہ کرے مثلاً چہرے کا مسح کرنے کے بعد کسی اور کام میں مشغول ہو جائے اور کچھ دیر کے بعد ہاتھوں کا مسح کرے، یہ سنت کے خلاف ہے۔ (۴) ہاتھوں کو مٹی میں رکھنے کے بعد آگے کو بڑھائے۔ (۵) پھر پیچھے کو لائے تاکہ غبار انگلیوں کے بیچ میں اچھی طرح پہنچ جائے۔ (۶) مٹی پر ہاتھوں کو مارنے کے بعد جب اٹھائے تو ان دونوں کو جھاڑے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں انگوٹھوں کی جڑ کو آپس میں ٹکرا دے تاکہ زائد مٹی گر جائے اور چہرے کا مثلہ نہ ہو (۷) مٹی میں جب دونوں ہاتھوں کو مارے اس وقت انگلیوں کو کھلا ہوا رکھے ملا کر نہ رکھے۔

سوال: جس شخص کو یہ امید ہو کہ نماز کے آخر وقت تک پانی مل جائے گا اس کے لئے تیمم کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی شخص سے پانی ایک میل یا اس سے زیادہ دور ہو اور اس کو یہ امید ہو کہ نماز کے آخر وقت تک پانی مل جائے گا تو اس صورت میں تیمم کو آخر وقت تک مؤخر کرنا مستحب ہے اور اگر ملنے کی امید نہ ہو تو تاخیر نہ کرے بلکہ وقت مستحب میں تیمم کر کے نماز پڑھ لے، اور آخر وقت سے مراد مستحب وقت کا آخر ہے۔

سوال: اگر کسی نے پانی لاکر دینے کا وعدہ کیا ہو تو پھر تیمم کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی نے پانی لا کر دینے کا وعدہ کیا ہو تو تیمم کو مؤخر کرنا واجب ہے اگرچہ نماز قضا ہو جائے، یہ حکم اس وقت ہے جبکہ وعدہ کرنے والے کے پاس پانی موجود ہو اور وہ پانی اس کے پاس ایک میل کے اندر اندر ہو، پس اگر ایسا نہ ہو تو تیمم کو مؤخر کرنا واجب نہیں ہے کہ شریعت نے ایسے موقع پر تیمم کرنے کی اجازت دی ہے۔

سوال: اگر کسی نے کپڑے یا مشک لاکر دینے کا وعدہ کیا ہو تو نماز پڑھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی کے پاس کپڑے نہ ہوں، برہنہ ہو اس کو کسی نے کپڑے دینے کا وعدہ کیا تو جب تک نماز کے قضا ہو جانے کا خوف نہ ہو نماز کو مؤخر کرنا واجب ہے، ہاں جب قضا ہو جانے کا خوف ہو تو اسی حالت میں نماز پڑھ لے۔ اور برہنہ نماز پڑھنے کا طریقہ کتاب الصلوۃ میں آئے گا ان شاء اللہ عزوجل۔

اسی طرح ایک شخص ایسا ہے جس کے سامنے کنواں ہے لیکن پانی نکالنے کے لئے کوئی سامان یعنی رسی ڈول نہیں ہے اور اس کو کسی نے سامان لاکر دینے کا وعدہ کیا ہے تو یہ ابھی تیمم کر کے نماز نہ پڑھے بلکہ انتظار کرے اور جب نماز قضا ہو جانے کا خوف ہو تو تیمم کر کے نماز پڑھ لے، یہ امام اعظم کا مذہب ہے جبکہ صاحبین فرماتے ہیں کہ تیمم کو مؤخر کرنا واجب ہے اگرچہ نماز قضا ہو جائے کہ یہ صورت پانی کے وعدے کی طرح ہے۔

طَلَبُ الْمَاءِ

وَيَجِبُ طَلَبُ الْمَاءِ إِلٰى مِقْدَارِ أَرْبَعِ مِئَةِ خُطْوَةٍ إِنْ ظَنَّ قُرْبَهُ مَعَ الْأَمْنِ وَإِلَّا فَلَا وَيَجِبُ طَلَبُهُ مِمَّنْ هُوَ مَعَهُ إِنْ كَانَ فِيْ مَحَلٍّ لَا تَشُحُّ بِهِ النُّفُوْسُ وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ إِلَّا بِثَمَنِ مِثْلِهِ لَزِمَهُ شِرَاؤُهُ بِهِ إِنْ كَانَ مَعَهُ فَاضِلًا عَنْ نَفَقَتِهِ اَلصَّلَاةُ بِالتَّيَمُّمِ يُصَلِّيْ بِالتَّيَمُّمِ الْوَاحِدِ مَا شَاءَ مِنَ الْفَرَائِضِ وَالنَّوَافِلِ وَصَحَّ تَقْدِيْمُهُ عَلَى الْوَقْتِ ۔

ترجمہ: اور چار سو قدم کی مقدار تک پانی کو تلاش کرنا واجب ہے اگر امن کے ساتھ پانی کے قریب ہونے کا گمان ہو ورنہ تو نہیں۔ اور واجب ہے پانی کو طلب کرنا اس شخص سے جس کے پاس پانی ہو اگر ایسی جگہ ہو جہاں پانی سے لوگ بخل نہ کرتے ہوں، اور اگر اس کو نہ دے مگر ثمن مثل کے عوض تو لازم ہو گا اس سے پانی خریدنا اگر اس کے پاس اپنے خرچ سے فاضل رقم ہو۔ اور ایک تیمم سے جو چاہے نماز پڑھے فرائض و نوافل میں سے۔ اور صحیح ہے تیمم کو وقت پر مقدم کرنا۔

سوال: اگر پانی کے قریب ہونے کا گمان ہو تو کتنی دور تک پانی کو تلاش کرنا واجب ہے؟

جواب: جس مسافر کو کسی علامت سے یہ گمان ہو کہ پانی قریب مل جائے گا مثلاً سبزہ نظر آئے، یا پرندے گھومتے ہوں، کسی نے پانی کے قریب ہونے کی خبر دی تو اس کو جس جانب گمان ہو اس جانب تین سو قدم سے چار سو قدم کی مقدار تک تلاش کرنا واجب ہے اور اگر چاروں جانب گمان ہو تو چاروں طرف چار سو قدم کی مقدار تک تلاش کرنا واجب ہے، اور یہ تلاش کرنا اس وقت واجب ہے جبکہ جان و مال کا کوئی خطرہ نہ ہو بلکہ امن ہو۔ اور اگر خطرہ ہو یا پانی کے قریب ہونے کا گمان نہ ہو تو تلاش کرنا واجب نہیں۔ اور یہ تلاش کرنا خود سے ہو یا کسی دوسرے سے کرائے کافی ہے۔

سوال: اگر کسی دوسرے کے پاس پانی موجود ہو تو کیا اس سے مانگنا ضروری ہے؟

جواب: اگر کسی اور کے پاس پانی ہے تو ابھی تیمم نہ کرے بلکہ جس کے پاس پانی ہے اس سے مانگنا واجب ہے بشرطیکہ وہاں پر پانی وافر مقدار میں ہو اور لوگ دینے سے بخل بھی نہ کرتے ہوں بلکہ مانگنے پر دے دیتے ہوں، پس اگر پانی مانگنے سے مل جائے تو وضو کر کے نماز پڑھے اور اگر نہ ملے تو تیمم کر کے نماز پڑھے کہ یہ معذور ہے۔

سوال: اگر کسی دوسرے کے پاس پانی موجود ہے مگر وہ قیمت کے بدلے دیتا ہے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی دوسرے کے پاس پانی موجود ہے مگر وہ قیمت کے بدلے دیتا ہے تو اگر اس کے پاس کرایہ وغیرہ راستے کے خرچ کو نکال کر فاضل رقم ہے اور پانی کی قیمت بھی واجبی ہے مہنگا نہیں ہے تو اس پر پانی کا خریدنا لازم ہو گا پس وہ تیمم نہ کرے بلکہ پانی خرید کر وضو کرے۔

سوال: ثمن مثل کی کتنی صورتیں ہیں؟

جواب: ثمن مثل کی دو صورتیں ہیں۔ (۱) وہ قیمت جو بازار میں چلتی ہے کے عوض فروخت کرتا ہو۔ (۲) غبن یسیر کے ساتھ فروخت کرتا ہو یعنی بازار کی قیمت سے کچھ مہنگا دیتا ہو۔

پس ان دونوں صورتوں میں تیمم جائز نہیں بلکہ پانی خریدے۔ اور اگر وہ غبن فاحش کے ساتھ فروخت کرتا ہو یعنی دوگنی یا چوگنی قیمت مانگتا ہو تو تیمم جائز ہے۔

سوال: ایک تیمم سے کتنی اور کون کون سی نمازیں پڑھ سکتا ہے؟

جواب: احناف کے یہاں ایک تیمم سے جب تک وہ نہ ٹوٹے جتنی چاہے فرض و نفل نمازیں پڑھ سکتا ہے، نبی ﷺ کے اس فرمان کی وجہ سے ''التراب طهور المسلم ولو الی عشر حجج مالم يجد الماء'' جبکہ امام شافعی کے نزدیک ایک تیمم سے صرف ایک فرض ادا کر سکتا ہے اور دوسرا فرض ادا کرنے کے لئے دوبارہ تیمم کرنا ضروری ہے۔ لیکن احناف کے یہاں اختلاف سے نکلنے کے لئے ہر فرض کے لئے تیمم کا اعادہ کرنا اولیٰ ہے۔

سوال: جس شخص کے لئے تیمم کرنا جائز ہے تو کیا وہ نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے تیمم کر سکتا ہے؟

جواب: جس شخص کے لئے تیمم کرنا جائز ہے اس کے لئے نماز کا وقت آنے سے پہلے تیمم کرنا صحیح ہے اور اس تیمم سے وقت شروع ہونے کے بعد نماز ادا کر سکتا ہے۔

مَایَصْنَعُ الْجَرِیْحُ

وَلَوْ کَانَ أَکْثَرُ الْبَدَنِ أَوْ نِصْفُهٗ جَرِیْحًا تَیَمَّمَ وَإِنْ کَانَ أَکْثَرُهٗ صَحِیْحًا غَسَلَهٗ وَمَسَحَ الْجَرِیْحَ وَلَا یَجْمَعُ بَیْنَ الْغَسْلِ وَالتَّیَمُّمِ۔

نَوَاقِضُ التَّیَمُّمِ

وَیَنْقُضُهٗ نَاقِضُ الْوُضُوْءِ وَالْقُدْرَةُ عَلٰی اِسْتِعْمَالِ الْمَاءِ الْکَافِيْ۔

حکم الجریح اذا کان مَقْطُوْعُ الْیَدَیْنِ وَالرِّجْلَیْنِ

وَمَقْطُوْعُ الْیَدَیْنِ وَالرِّجْلَیْنِ إِذَا کَانَ بِوَجْهِهٖ جَرَاحَةٌ یُصَلِّيْ بِغَیْرِ طَهَارَةٍ وَلَا یُعِیْدُ۔

ترجمہ: اور اگر بدن کا اکثر حصہ یا بدن کا نصف حصہ زخمی ہو تو تیمم کرے اور اگر بدن کا اکثر حصہ صحیح ہو تو صحیح حصے کو دھوئے اور زخمی حصے کا مسح کرے اور دھونے اور تیمم کو جمع نہ کرے، اور وضو کو توڑنے والی چیز تیمم کو توڑ دیتی ہے، اور اتنے پانی کے استعمال پر

قدرت جو کافی ہو (تیمم کو توڑ دے گا) اور دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کا کٹا ہوا شخص جب اس کے چہرے پر زخم ہو تو بغیر طہارت کے نماز پڑھ لے اور اعادہ نہ کرے۔

سوال: اگر کسی کے بدن کا اکثر حصہ یا نصف حصہ زخمی ہو تو کیا وہ تیمم کر سکتا ہے؟

جواب: اگر کسی کے بدن کا اکثر حصہ یا نصف حصہ زخمی ہو مثلاً پھوڑے وغیرہ ہوں تو وہ غسل و وضو کے بجائے تیمم کر لے اور نماز پڑھے۔

سوال: اکثر بدن یا نصف بدن کا اعتبار کیسے کریں گے؟

جواب: وضو میں اکثر کا اعتبار شمار کے لحاظ سے کیا جائے گا یعنی اگر سر، چہرہ اور ہاتھوں پر زخم ہو اور پیروں پر نہ ہو تو تیمم جائز ہو گا اس لئے کہ وضو کے چار اعضاء میں سے زیادہ زخمی ہیں، اور غسل میں پیمائش سے کریں گے پس اگر پیمائش سے اکثر یا نصف بدن زخمی ہو تو تیمم جائز ہے۔

سوال: اگر اکثر حصۂ بدن صحیح ہو اور تھوڑے حصے میں زخم ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر بدن کا اکثر حصہ صحیح ہو اور تھوڑے حصے میں زخم ہو تو صحیح حصے کو دھو لے اور زخم پر مسح کر لے اور اگر زخم پر مسح نہ کر سکے تو زخم پر بندھی پٹی پر مسح کر لے اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو ترک کر دے۔

سوال: "لایجمع بین الغسل والتیمم" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جب اکثر بدن صحیح ہو تو ایسا نہ کرے کہ کچھ حصے کو دھوئے اور کچھ حصے پر تیمم کرے مثلاً صرف پاؤں میں زخم ہے تو مسئلہ یہ ہے کہ چہرے اور ہاتھوں کو دھوئے اور پاؤں پر مسح کرے اور ایسا نہ کرے کہ چہرے کو دھوئے اور ہاتھوں پر تیمم کرے کہ یہ دھونے اور تیمم کو جمع کرنا ہے جو کہ جائز نہیں ہے۔

سوال: کن چیزوں سے تیمم ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے ان ہی چیزوں سے تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہے اور اسی طرح اگر تیمم کرنے والا بقدر وضو پانی کے استعمال پر قادر ہو گیا تو اس کا تیمم ٹوٹ جائے گا، اور یوں ہی جس نے غسل کی جگہ تیمم کیا ہے اس کا بقدر غسل پانی کے استعمال پر قادر ہونا ناقض تیمم ہو گا۔

سوال: جس شخص کے دونوں ہاتھ پاؤں کٹے ہوئے ہوں ، چہرہ زخمی ہو، وہ کس طرح طہارت حاصل کرے گا؟

جواب: اگر کسی شخص کے دونوں ہاتھ کہنیوں سے اور دونوں پاؤں ٹخنوں سے اوپر تک کٹے ہوئے ہوں اور اس کے منہ پر بھی زخم ہو تو وہ بغیر طہارت کے نماز پڑھ لے اور تیمم نہ کرے اور چہرے کے زخم کے ٹھیک ہونے کے بعد نماز کو دہرانے کی حاجت نہیں بلکہ ہو گئیں۔

سوال: وضو اور غسل کے تیمم میں کیا فرق ہے؟

جواب: وضو اور غسل دونوں کا تیمم ایک ہی طرح ہے کوئی فرق نہیں ہے۔

بَابُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

یہ موزوں پر مسح کرنے کا باب ہے

حُكْمُهُ

صَحَّ الْمَسْحُ عَلىٰ الْخُفَّيْنِ فِي الْحَدَثِ الْأَصْغَرِ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَلَوْ كَانَا مِنْ شَيْءٍ ثَخِيْنٍ غَيْرِ الْجِلْدِ سَوَاءٌ كَانَ لَهُمَا نَعْلٌ مِنْ جِلْدٍ اَوْ لَا۔

شُرُوْطُ جَوَازِهِ

وَيُشْتَرَطُ لِجَوَازِ الْمَسْحِ عَلىٰ الْخُفَّيْنِ سَبْعَةُ شَرَائِطَ اَلْأَوّلُ لُبْسُهُمَا بَعْدَ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ وَلَوْ قَبْلَ كَمَالِ الْوُضُوْءِ إِذَا أَتَمَّهُ قَبْلَ حُصُوْلِ نَاقِضٍ لِلْوُضُوْءِ۔

ترجمہ: حدث اصغر میں موزوں پر مسح کرنا مردوں اور عورتوں کو صحیح ہے اگرچہ موزے چمڑے کے علاوہ کسی موٹی چیز کے ہوں خواہ موزوں کا تلہ چمڑے کا ہو یا نہ ہو۔ اور موزوں پر مسح کے جائز ہونے کی سات شرطیں لگائی گئی ہیں، پہلی شرط: دونوں موزوں کو دونوں پاؤں کے دھونے کے بعد پہننا اگرچہ وضو کو پورا کرنے سے پہلے ہو جبکہ وضو کو پورا کر لیا ہو وضو کو توڑنے والی شے کے حاصل ہونے سے پہلے۔

وَالثَّانِيْ سَتْرُهُمَا لِلْكَعْبَيْنِ وَالثَّالِثُ إِمْكَانُ مُتَابَعَةِ الْمَشْيِ فِيْهِمَا فَلَا يَجُوْزُ عَلىٰ خُفٍّ مِنْ زُجَاجٍ أَوْ خَشَبٍ أَوْ حَدِيْدٍ وَالرَّابِعُ خُلُوُّ كُلٍّ مِنْهُمَا عَنْ خَرْقٍ قَدْرَ ثَلَاثِ أَصَابِعَ مِنْ أَصْغَرِ أَصَابِعِ الْقَدَمِ۔

ترجمہ: اور دوسری شرط: موزوں کا دونوں ٹخنوں کو چھپانا۔ اور تیسری شرط: دونوں موزوں میں لگاتار چلنے کا امکان پس کانچ یا لکڑی یا لوہے کے موزے پر مسح جائز نہیں ہو گا۔ اور چوتھی شرط: پاؤں کی چھوٹی انگلیوں میں سے تین انگلیوں کی مقدار دونوں موزوں میں سے ہر ایک کا پھٹن سے خالی ہونا۔

سوال: کس حدث سے موزوں پر مسح کر سکتے ہیں؟ اور یہ حکم کس کے لئے ہے؟

جواب: محدث کے لئے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے اور حدث سے مراد حدث اصغر ہے یعنی جس سے وضو واجب ہوتا ہے، اور حدث اکبر یعنی جس سے غسل واجب ہوتا ہے اس سے مسح علی الخففین جائز نہیں ہے بلکہ موزے نکال کر پاؤں دھونا پڑے گا۔ اور یہ حکم مرد و عورت دونوں کو ہے اور متن میں صح فرمایا جس کا معنی یہ ہے کہ مسح علی الخفین جائز ہے نہ کہ واجب، اگر کوئی مسح نہ کرے بلکہ پاؤں دھوئے تو کوئی حرج نہیں۔

سوال: کس طرح کے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے؟

جواب: اس کی ۴ صورتیں ہیں:

(۱) دونوں موزے چمڑے کے ہوں، ان پر بالاتفاق مسح کرنا جائز ہے۔

(۲) دونوں موٹے کپڑے کے ہوں اور منعل ہوں یعنی ان کے نیچے تلے میں چمڑا لگایا گیا ہو، یا مجلد ہوں یعنی جس کے اوپر اور نیچے دونوں طرف چمڑا لگایا گیا ہو۔ اس صورت میں بھی بالاتفاق مسح کرنا جائز ہے۔

(۳) تیسری صورت یہ کہ نہ موٹے کپڑے کے ہوں اور نہ منعل ہوں تو اس صورت میں بالاتفاق مسح جائز نہیں ہے۔

(۴) موٹے کپڑے کے ہوں یعنی ایسے مضبوط موٹے کپڑے کے ہوں کہ بغیر کسی چیز سے باندھے پیروں پر ٹھہرے رہیں اور ان کے نیچے کی جلد نظر نہ ائے مگر منعل نہ ہوں، اس صورت میں صاحبین کے نزدیک مسح جائز ہے اور امام اعظم کے نزدیک پہلے ناجائز تھا پھر آپ نے آخری وقت میں صاحبین کے قول کی طرف رجوع فرمالیا تھا۔ اور اب اسی پر فتویٰ ہے اور مصنف نے متن میں اسی مفتی بہ قول کو بیان کیا ہے۔

سوال: موزوں پر مسح کے جائز ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: موزوں پر مسح کے جائز ہونے کی سات شرطیں ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) دونوں موزوں کو وضو کے بعد پہننا۔ (۲) موزے ایسے ہوں کہ ٹخنے چھپ جائیں۔ (۳) پہن کر لگاتار چلنا ممکن ہو۔ (۴) پاؤں کی چھوٹی تین انگلیوں سے زیادہ پھٹا ہوا نہ ہونا۔ (۵) بغیر باندھے پیروں پر رک جانا۔ (۶) بدن تک پانی کے پہنچنے سے مانع ہونا۔ (۷) پیروں کے اگلے حصہ کا باقی ہونا ہاتھ کی چھوٹی تین انگلیوں کے بقدر۔

سوال: پہلی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کیا وضو کو مکمل کرنے کے بعد پہننا ہے یا پہلے بھی پہن سکتے ہیں؟

جواب: دونوں پاؤں کو دھونے کے بعد موزے پہنے، یہ ضروری نہیں ہے کہ پورا وضو کر کے موزے پہنے، لیکن یہ شرط ہے کہ حدث لاحق ہونے سے پہلے وضو کو مکمل کرلیا ہو۔ چنانچہ اگر کسی نے پہلے اپنے پاؤں دھو کر موزے پہنے پھر باقی وضو پورا کیا پھر حدث لاحق ہوا تو اس کو موزوں پر مسح کرنا جائز ہے اور اگر وضو کو پورا کرنے سے پہلے حدث پیش آیا تو مسح کرنا جائز نہیں ہے، بلکہ اب موزے اتار کر پھر سے وضو کرے اور پہنے۔

سوال: دوسری شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ موزے کتنے بڑے ہوں؟

جواب: موزے ایسے ہوں کہ ٹخنے چھپ جائیں اس سے زیادہ ہونے کی ضرورت نہیں، اور اگر دو ایک انگل کم ہوں جب بھی مسح درست ہے بس ایڑی نہ کھلی ہوں۔

سوال: تیسری شرط کی وضاحت کرتے ہوئے بتائیں کہ کیا کانچ، لکڑی یا لوہے کے موزوں پر مسح جائز ہوگا؟

جواب: موزوں پر مسح جائز ہونے کی تیسری شرط یہ ہے کہ موزے ایسے ہوں کہ ان کو پہن کر لگاتار چلنا ممکن ہو یعنی بلا تکلف تین چار میل چل سکے۔

اور کانچ، لکڑی یا لوہے کے موزوں پر مسح جائز نہیں کیونکہ ان کو پہن کر بلا تکلف مسلسل چل نہیں سکتے۔

سوال: چوتھی شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کتنی پھٹن سے موزوں کا خالی ہونا شرط ہے؟

جواب: چوتھی شرط دونوں موزوں میں سے ہر ایک کا بہت پھٹا ہوا نہ ہونا ہے، اور بہت پھٹا ہونے کی مقدار پاؤں کی تین چھوٹی انگلیاں ہیں، چنانچہ اگر موزہ ایسا ہو کہ اس میں پاؤں کی تین چھوٹی انگلیوں کے بقدر سوراخ ہو خواہ وہ موزے کے نیچے ہو یا اوپر یا ایڑی کی طرف ہو تو ایسے موزے پر مسح جائز نہیں ہے۔

وَالْخَامِسُ اِسْتِمْسَاكُهُمَا عَلٰى الرِّجْلَيْنِ مِنْ غَيْرِ شَدٍّ وَالسَّادِسُ مَنْعُهُمَا وُصُوْلَ الْمَاءِ اِلٰى الْجَسَدِ وَالسَّابِعُ أَنْ يَبْقٰى مِنْ مُقَدَّمِ الْقَدَمِ قَدْرُ ثَلَاثِ أَصَابِعَ مِنْ أَصْغَرِ أَصَابِعِ الْيَدِ فَلَوْ كَانَ فَاقِدًا مُقَدَّمَ قَدَمِهٖ لَا يَمْسَحُ عَلٰى خُفِّهٖ وَلَوْ كَانَ عَقْبُ الْقَدَمِ مَوْجُوْدًا۔

ترجمہ: اور پانچویں شرط ان کا پیروں پر رک جانا بغیر باندھے، اور چھٹی شرط ان دونوں کا بدن تک پانی کے پہنچنے سے مانع ہونا، اور ساتویں شرط پیروں کے اگلے حصے کا باقی ہونا ہاتھ کی چھوٹی انگلیوں میں سے تین انگلیوں کے بقدر، پس اگر اس کے قدم کا اگلا حصہ نہ ہو تو اپنے موزے پر مسح نہیں کر سکتا، اگرچہ قدم کی ایڑی موجود ہو۔

سوال: پانچویں شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ کیا کسی چیز سے باندھے ہوئے موزے پر مسح جائز ہے؟

جواب: پانچویں شرط دونوں موزوں کا بغیر باندھے پیروں پر رکے رہنا ہے یعنی دونوں موزے ایسے مضبوط ہوں کہ بغیر کسی چیز سے باندھے پیروں پر ٹھہرے رہیں، پس اگر کسی چیز سے بندھے ہوئے ہوں تو ان پر مسح جائز نہیں۔

سوال: چھٹی شرط کی وضاحت فرمائیں۔

جواب: موزوں پر مسح جائز ہونے کی چھٹی شرط یہ ہے کہ بدن تک پانی کے پہنچنے سے دونوں موزے مانع ہوں یعنی اگر ان پر پانی ڈالا جائے تو ان کے نیچے کی سطح تک نہ پہنچے۔

سوال: ساتویں شرط کے ضمن میں بیان کریں کہ قدم کا کتنا حصہ ہونا ضروری ہے؟

جواب: ساتویں شرط یہ ہے کہ موزے پر مسح کرنے والے کا پاؤں ٹخنوں سے نیچے ہاتھ کی تین چھوٹی انگلیوں کے بقدر صحیح وسالم موجود ہو، چنانچہ اگر کسی کا پاؤں ٹخنے سے نیچے کٹ گیا اور مسح کرنے کی جگہ کم سے کم تین انگلی کے بقدر باقی ہے تو دونوں موزوں پر مسح کرے گا اور اگر تین انگلی کے بقدر باقی نہیں تو مسح جائز نہیں ہے بلکہ دھونا ضروری ہے کیوں کہ مسح کا محل باقی نہ رہا، ہاں غُسل کا محل اب بھی باقی ہے۔

مُدَّةُ الْمَسْحِ عَلَيْهِ

وَيَمْسَحُ الْمُقِيْمُ يَوْمًا وَلَيْلَةً وَالْمُسَافِرُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ بِلَيَالِيْهَا وَابْتِدَاءُ الْمُدَّةِ مِنْ وَقْتِ الْحَدَثِ بَعْدَ لُبْسِ الْخُفَّيْنِ وَإِنْ مَسَحَ مُقِيْمٌ ثُمَّ سَافَرَ قَبْلَ تَمَامِ مُدَّتِهِ أَتَمَّ مُدَّةَ الْمُسَافِرِ وَإِنْ أَقَامَ الْمُسَافِرُ بَعْدَ مَا يَمْسَحُ يَوْمًا وَلَيْلَةً نَزَعَ وَإِلَّا يُتِمُّ يَوْمًا وَلَيْلَةً۔

مِقْدَارُ الْفَرْضِ فِيْهِ

وَفَرْضُ الْمَسْحِ قَدْرُ ثَلَاثِ أَصَابِعَ مِنْ أَصْغَرِ أَصَابِعِ الْيَدِ عَلٰى ظَاهِرِ مُقَدَّمِ كُلِّ رِجْلٍ۔

ترجمہ: اور مقیم ایک دن اور ایک رات مسح کرے گا، اور مسافر تین دن اور تین رات، اور مدت کی ابتداء موزوں کو پہننے کے بعد حدث کے وقت سے ہے، اگر مقیم نے مسح کیا پھر اپنی مدت پوری ہونے سے پہلے سفر کیا تو مسافر کی مدت پوری کرے اور اگر مسافر ایک دن اور ایک رات مسح کرنے کے بعد مقیم ہو گیا تو (موزوں کو) نکال دے، ورنہ تو ایک دن اور ایک رات پورا کرلے، اور مسح کرنا فرض ہے ہاتھ کی چھوٹی انگلیوں میں سے تین انگلیوں کے بقدر ہر پاؤں کے اگلے حصے کے ظاہر پر۔

سوال: ایک دفعہ موزے پہننے کے بعد مقیم ومسافر کب تک ان پر مسح کر سکتے ہیں؟

جواب: اس کی مدت مقیم کے لئے ایک دن اور ایک رات ہے جبکہ مسافر کے لئے تین دن اور تین راتیں ہیں، مذکورہ مدت تک مسح کر سکتے ہیں۔

سوال: مدت کا شمار کب سے کریں گے؟

جواب: اس بارے میں علماء کا اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ موزے پہننے کے بعد جب حدث ہوا تو اس حدث کے وقت سے مدتِ مسح کی ابتداء ہوگی۔ اور امام اوزاعی کے نزدیک موزے پہننے کے وقت سے ہوگی۔

اختلاف کا ثمرہ اس مثال میں ظاہر ہو گا کہ ایک شخص نے صبح ۹ بجے موزے پہنے اور دس بجے اس کا وضو ٹوٹا اور گیارہ بجے اس نے وضو کر کے موزوں پر مسح کیا تو صحیح قول کے مطابق آئندہ دس بجے تک مسح کا وقت ہے اور امام اوزاعی کے مطابق صبح ۹ بجے تک، اور امام احمد کے مطابق صبح گیارہ بجے تک مسح کا وقت ہے۔

سوال: مقیم نے مسح کی مدت مکمل ہونے سے پہلے سفر پر روانہ ہو گیا تو اس کے لئے اب کون سی مدت کا اعتبار ہوگا؟ یوں ہی مسافر مقیم ہو جائے تو اس کے لئے کیا حکم ہوگا؟

جواب: جس شخص نے مقیم ہونے کی حالت میں مسح شروع کیا پھر اقامت کی مدت پوری ہونے سے پہلے سفر کیا تو اس صورت میں مدتِ اقامت مدتِ سفر کی جانب منتقل ہو جائے گی یعنی اب تین دن اور تین رات کا اعتبار ہو گا، اور اگر کسی نے مسافر ہونے کی حالت میں مسح شروع کیا پھر وہ مقیم ہو گیا اب اگر اقامت کی مدت یعنی ایک دن اور ایک رات پوری کر چکا ہے تو اپنے موزے نکالے اور پاؤں دھوئے، اور اگر اقامت کی مدت پوری ہونے سے پہلے مقیم ہو گیا تو مدتِ اقامت کو پورا کرے، پس قاعدہ یہ ہے کہ اعتبار آخری حالت کا ہے ابتدائی حالت کا نہیں۔

سوال: مسح علی خفین کے کتنے اور کون کون سے فرض ہیں؟

جواب: مسح علی الخفین کے دو فرض ہیں:

(۱) دونوں پاؤں پر ہاتھ کی تین چھوٹی انگلیوں کے برابر مسح کرنا۔

(۲) موزوں کے ظاہر پر یعنی اوپر کی جانب پیٹھ پر مسح کرنا۔

پس اگر ایک یا دو انگلیوں کے برابر مسح کیا یا موزے کے باطن یعنی نیچے کی طرف مسح کیا تو فرض ادا نہ ہونے کی صورت میں مسح نہ ہو گا۔

سُنَنُهٗ

وَسُنَنُهٗ مَدُّ الْأَصَابِعِ مُفَرَّجَةً مِنْ رُؤُوْسِ أَصَابِعِ الْقَدَمِ اِلٰى السَّاقِ۔

نَوَاقِضُهٗ

وَيَنْقُضُ مَسَحَ الْخُفِّ أَرْبَعَةُ أَشْيَاءَ كُلُّ شَيْءٍ يَنْقُضُ الْوُضُوْءَ وَنَزْعُ خُفٍّ وَلَوْ بِخُرُوْجِ أَكْثَرِ الْقَدَمِ اِلٰى سَاقِ الْخُفِّ وَإِصَابَةُ الْمَاءِ أَكْثَرَ إِحْدٰى الْقَدَمَيْنِ فِيْ الْخُفِّ عَلَى الصَّحِيْحِ وَمُضِيُّ الْمُدَّةِ إِنْ لَمْ يَخَفْ ذَهَابَ رِجْلِهٖ مِنَ الْبَرْدِ۔

ترجمہ: اور مسح کی سنتیں انگلیوں کو کشادہ کر کے پاؤں کی انگلیوں کے سروں سے پنڈلی تک کھینچنا ہے۔ اور موزے کے مسح کو چار چیزیں توڑ دیتی ہیں (۱) ہر وہ چیز جو وضو کو توڑ دیتی ہے (۲) اور موزے کو اتارنا اگرچہ پاؤں کے زیادہ حصے کے نکلنے سے موزے کی

پنڈلی کی طرف ہو، (۳) اور دونوں پاؤں میں سے ایک کے زیادہ حصے پر پانی کا موزے میں پہنچ جانا صحیح مذہب کے مطابق، (۴) مدت کا گزر جانا، اگر سردی کے باعث پاؤں کے جاتے رہنے کا خوف نہ ہو۔

وَبَعْدَ الثَّلَاثَةِ الْأَخِيْرَةِ غَسَلَ رِجْلَيْهِ فَقَطْ۔

مَالَا يَجُوْزُ الْمَسْحُ عَلَيْهِ

وَلَا يَجُوْزُ الْمَسْحُ عَلٰى عِمَامَةٍ وَقَلَنْسُوَةٍ وَبُرْقَعٍ وَقُفَّازَيْنِ۔

ترجمہ: اور آخری تین کے بعد صرف دونوں پاؤں کو دھولے۔ اور عمامہ اور ٹوپی اور برقہ اور دستانوں پر مسح جائز نہیں ہے۔

سوال: مسح علی الخفین کا مسنون طریقہ بیان کریں۔

جواب: مسنون طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو پانی میں بھگو کر اپنے داہنے ہاتھ کی انگلیاں دائیں موزے کے اگلے حصہ پر رکھے اور بائیں ہاتھ کی انگلیاں بائیں موزے کے اگلے حصے پر رکھے پھر ان دونوں کو پنڈلی کی طرف ٹخنوں کے اوپر کھینچ کر لے جائے اور انگلیوں کو کشادہ رکھے صرف ایک بار ایسا کرنا سنت ہے۔

سوال: کتنی اور کون کون سی چیزوں سے مسح ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: موزے کے مسح کو چار چیزیں توڑ دیتی ہیں:

(۱) ہر وہ چیز جو وضو کو توڑ دیتی ہے۔

(۲) دونوں موزوں یا ایک موزے کو اتار دینا بھی ناقص مسح ہے، حتی کہ موزے کو اتارا تو نہیں بلکہ خود بخود نکلنے لگا اور نکلتے نکلتے پیر کا زیادہ حصہ موزے سے کھسک کر موزے کی پنڈلی میں آگیا تو اس صورت میں بھی مسح ٹوٹ جائے گا لہٰذا اب دونوں موزوں کو نکال کر دونوں قدموں کو دھوڈالے اور پھر سے پہن لے۔

(۳) اگر موزے میں پانی داخل ہو جائے اور سارا پاؤں یا اکثر بھیگ جائے تو مسح ٹوٹ جائے گا صحیح مذہب کے مطابق، اس قول کے مقابل ایک اور قول ہے اور وہ یہ کہ موزے میں پانی کے داخل ہونے سے مسح نہیں ٹوٹتا اور یہ قول درست نہیں ہے۔

(۴) مسح کی مدت کے گزر جانے سے مسح علی الخفین ٹوٹ جاتا ہے، بشرطیکہ سردی کی وجہ سے پاؤں کے بے کار ہو جانے کا خوف نہ ہو۔

سوال: مسح کی مدت مکمل ہوگئی مگر سردی کی وجہ سے پاؤں کے جاتے رہنے کا خوف ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: مسح کی مدت مکمل ہوگئی اور موزے نکالنے میں یہ خوف ہو کہ اس کے پاؤں سردی کی وجہ سے بے کار ہو جائیں گے تو اب اس کا موزہ پٹی کے حکم میں ہو جائے گا لہٰذا اس کو مسح جائز ہے۔

سوال: "بعد الثلاثۃ الآخرۃ غسل رجلیہ فقط" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ نواقض مسح میں جو آخری تین صورتیں (موزے کے اتر جانے - پانی پہنچ جانے - مدت گزر جانے) بیان کی ہیں ان تینوں صورتوں میں چونکہ مسح ٹوٹ گیا اس لئے اگر وہ باوضو ہے تو نئے سرے سے تازہ وضو کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ صرف دونوں پاؤں کو دھولینا کافی ہے جبکہ نواقض مسح کی پہلی صورت میں از سر نو وضو کرنا ضروری ہے۔

سوال: کن کن چیزوں پر مسح کرنا جائز نہیں؟

جواب: وضو میں سر پر مسح کرنے کے بجائے عمامہ پر یا ٹوپی پر مسح کیا تو کافی نہیں ہو گا۔

اسی طرح چہرے کو دھونے کے بجائے برقہ (نقاب) پر مسح کیا تو کافی نہیں ہو گا۔

اسی طرح دونوں ہتھیلیوں کو دھونے کی بجائے دستانوں پر مسح کیا تو کافی نہ ہو گا، یعنی ان چیزوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مسح علی الخفین خلافِ قیاس ثابت ہے لہٰذا اس کے ساتھ اس کے غیر (برقہ، عمامہ وغیرہ) کو لاحق نہیں کیا جائے گا۔

عرشِ الٰہی کا سایہ کس کو ملے گا؟

حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ اور حضرت سیِّدُنا ابو سعید رضی اللہ تعالٰی عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان عالیشان ہے: "اللہ عَزَّوَجَلَّ سات اشخاص کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہو گا۔

(۱) عادل حکمران۔ (۲) وہ نوجوان جس کی جوانی عبادتِ الٰہی میں گزری
(۳) وہ شخص جس کا دل مسجد سے نکلتے وقت مسجد میں لگا رہے حتی کہ واپس لوٹ آئے
(۴) وہ دو شخص جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرتے ہوئے جمع ہوئے اور محبت کرتے ہوئے جدا ہو گئے
(۵) وہ شخص جو خلوت میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتا ہو اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلیں
(۶) وہ شخص جسے کوئی مال و جمال والی عورت گناہ کیلئے بلائے اور وہ کہے کہ "میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتا ہوں۔"
(۷) وہ شخص جو اس طرح چھپا کر صدقہ دے کہ اس کے بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو کہ دائیں نے کیا صدقہ کیا۔"

(صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، باب فضل اخفاء الصدقۃ، الحدیث ۲۳۸۰، ص ۸۴۰ بتقدمٍ وتأخرٍ)

چھپکلی کو مارنے کا ثواب

حضرتِ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ معطر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم نے فرمایا "جس نے پہلی ضرب سے چھپکلی کو قتل کیا اس کے لئے اتنی اتنی نیکیاں ہیں اور جس نے اسے دو ضربوں میں مارا اس کے لئے پہلے والے سے کم اتنی اتنی نیکیاں ہیں اور جس نے تین ضربوں میں مارا اس کے لئے اس سے کم اتنی اتنی نیکیاں ہیں۔"

ایک روایت میں ہے کہ "جس نے پہلی ضرب میں چھپکلی کو قتل کیا اس کے لئے سو نیکیاں ہیں اور دوسری ضرب میں مارنے والے کے لئے اس سے کم اور تیسری ضرب میں مارنے والے کے لئے اس سے کم نیکیاں ہیں۔" (صحیح مسلم، کتاب السلام، باب استحباب قتل الوزغ، رقم ۲۲۴۰، ص ۱۲۳۰)

فَصْلٌ فِيْ حُكْمِ الْجَبِيْرَةِ وَنَحْوِهَا

یہ فصل پٹی اور اس کے جیسے کے حکم کے بیان میں ہے

إذَا افْتَصَدَ أَوْ جُرِحَ أَوْ كُسِرَ عُضْوُهٗ فَشَدَّهٗ بِخِرْقَةٍ أَوْ جَبِيْرَةٍ وَكَانَ لَا يَسْتَطِيْعُ غَسْلَ الْعُضْوِ وَلَا يَسْتَطِيْعُ مَسْحَهٗ وَجَبَ الْمَسْحُ عَلٰى أَكْثَرِ مَا شَدَّ بِهِ الْعُضْوَ وَكَفٰى الْمَسْحُ عَلٰى مَا ظَهَرَ مِنَ الْجَسَدِ بَيْنَ عِصَابَةِ الْمُفْتَصِدِ وَالْمَسْحُ كَالْغَسْلِ فَلَا يَتَوَقَّتُ بِمُدَّةٍ وَلَا يُشْتَرَطُ شَدُّ الْجَبِيْرَةِ عَلٰى طُهْرٍ وَيَجُوْزُ مَسْحُ جَبِيْرَةِ اِحْدٰى الرِّجْلَيْنِ مَعَ غَسْلِ الْأُخْرٰى۔

ترجمہ: جب کسی نے فصد کھلوائی یا زخمی ہو گیا یا اس کا عضو ٹوٹ گیا تو اس نے اس کو پٹی یا لکڑی سے باندھ لیا اور وہ اس عضو کے دھونے پر قادر نہ ہو اور نہ اس پر مسح کی قدرت رکھتا ہو تو واجب ہے مسح کرنا اس چیز کے اکثر حصے پر جس سے عضو کو باندھا ہے، اور کافی ہے مسح کر لینا بدن کے اس حصے پر جو ظاہر ہے قصد کھلوانے والے کی پٹی کے بیچ میں، اور مسح کرنا دھونے کے جیسے ہے اور (یہ مسح) کسی مدت کے ساتھ مؤقت نہیں ہو گا، اور جبیرہ کو طہارت پر باندھنے کی شرط نہیں لگائی جائے گی، دونوں پاؤں میں سے ایک پاؤں کے جبیرہ کا مسح دوسرے پاؤں کے دھونے کے ساتھ جائز ہو گا۔

سوال: جس نے زخم وغیرہ پر پٹی باندھی ہوئی ہو اور عضو کے دھونے یا مسح کرنے پر قادر نہ ہو تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی نے فصد لگوانے کی وجہ سے یا زخم کی وجہ سے اس پر پٹی باندھی یا کسی عضو کے ٹوٹ جانے کی وجہ سے اس پر پلاسٹر کروایا اور وضو میں پٹی یا جبیرہ کو کھول کر زخم کو دھونے یا اس پر مسح کرنے سے (یعنی بھیگا ہاتھ پھیرنے سے) نقصان ہو تو اس پٹی یا جبیرہ پر یا دونوں کے اکثر حصہ پر مسح کرنا واجب ہے یعنی مسح چھوڑ دینا جائز نہیں ہے جبکہ کوئی ضرر کا اندیشہ نہ ہو، اور اگر ضرر کا اندیشہ ہو تو ترک کرنا جائز ہے۔

سوال: خرقہ اور جبیرہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: خرقہ: کپڑے کی پٹی کو کہتے ہیں جو پھوڑے، پھنسی اور زخم وغیرہ پر باندھی جاتی ہے۔

جبیرہ: ان کھپچیوں کو کہتے ہیں جو لکڑی یا بانس وغیرہ سے چیر کر ٹوٹی ہوئی ہڈی پر نابدھی جاتی ہے، اور آج کل اس کی جگہ پلاسٹر باندھا جاتا ہے۔

سوال:"و کفی المسح علی ما ظھر من الجسد بین عصابة المقصد" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ فصد یا زخمی حصہ پر پٹی اس طرح باندھی ہوئی ہے کہ درمیان میں بدن کا کچھ حصہ نظر آتا ہے تو اس پر بھی مسح کرنا کافی ہے دھونا فرض نہیں کیونکہ اس کے دھونے سے پٹی تر ہو کر زخم کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

سوال:"والمسح کالغسل" سے مصنف کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ پٹی وغیرہ پر مسح کرنا دھونے کی طرح ہے نہ کہ مسح علی الخفین کی طرح، پھر مسح کے دھونے کی طرح ہونے کی ۵ تفریعات بیان کی ہیں۔

سوال: کیا اس مسح کے لئے کوئی مدت معین بھی ہے؟

جواب: یہ المسح کالغسل کی پہلی تفریع ہے یعنی پٹی اور جبیرہ پر مسح کے لئے کوئی مدت مقرر نہیں ہے، بلکہ زخم کے اچھا ہونے تک اس پر مسح کرنا جائز ہے، کیوں کہ یہ مسح ایسا ہی ہے جیسے کہ اس نے اس کے نیچے کو دھویا، بخلاف موزے کے مسح کے کہ موزے پر مسح دھونے کا بدل ہے جبکہ پٹی یا جبیرہ پر مسح دھونے کے برابر ہے، پس جس طرح دھونے کی مدت کوئی نہیں ایسے ہی پٹی وغیرہ پر مسح کی بھی کوئی مدت مقرر نہیں۔

سوال: کیا جبیرہ کو وضو کے بعد باندھنا شرط ہے؟

جواب: یہ المسح کالغسل کی دوسری تفریع ہے یعنی جبیرہ پر مسح دھونے کے برابر ہے اس لئے زخم پر پٹی وغیرہ باندھتے وقت طہارت (وضو) کی حالت میں ہونا شرط نہیں ہے لہذا اگر پٹی بغیر وضو اور بغیر اس جگہ کو دھوئے باندھی تو بھی اس پر مسح جائز ہے بخلاف مسح علی الخفین کے کہ اس میں طہارت پر پہننا شرط ہے۔

سوال: کیا پٹی وغیرہ کی وجہ سے ایک پاؤں کا مسح اور دوسرے پاؤں کا دھونا جائز ہے؟

جواب: یہ المسح کالغسل کی تیسری تفریع ہے یعنی ایک پاؤں میں پٹی وغیرہ باندھی ہو اور دوسرا پاؤں صحیح وسالم ہو تو پٹی والے پاؤں پر مسح کرنا اور صحیح پاؤں کو دھونا جائز ہے یعنی غسل و مسح دونوں کو جمع کرنا جائز ہے، بخلاف موزے کے، کہ ایک پاؤں میں موزہ پہنے اور اس پر مسح کرا اور دوسرے پاؤں میں موزہ نہ پہنے اور دھوئے تو یہ جائز نہیں ہے کیونکہ موزے پر مسح دھونے کے مانند نہیں ہے بلکہ بدل ہے اور اصل وبدل کو جمع کرنا جائز نہیں ہے جبکہ جبیرہ پر مسح دھونے کے مانند ہے، ان کو جمع کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

وَلَا يَبْطُلُ الْمَسْحُ بِسُقُوْطِهَا قَبْلَ الْبُرْءِ وَيَجُوْزُ تَبْدِيْلُهَا بِغَيْرِهَا وَلَا يَجِبُ إِعَادَةُ الْمَسْحِ عَلَيْهَا وَالْأَفْضَلُ إِعَادَتُهٗ وَإِذَا رَمِدَ وَأُمِرَ أَنْ لَا يَغْسِلَ عَيْنَهٗ أَوْ اِنْكَسَرَ ظُفْرُهٗ وَجَعَلَ عَلَيْهِ دَوَاءً أَوْ عَلَكًا أَوْ جِلْدَةَ مَرَارَةٍ وَضَرَّهٗ نَزْعُهٗ جَازَ لَهُ الْمَسْحُ وَإِنْ ضَرَّهُ الْمَسْحُ تَرَكَهٗ۔

اَلنِّيَّةُ فِي الْمَسْحِ

وَلَا يَفْتَقِرُ اِلَى النِّيَّةِ فِيْ مَسْحِ الْخُفِّ وَالْجَبِيْرَةِ وَالرَّأْسِ۔

ترجمہ: اور اچھا ہونے سے پہلے پٹی کے گر جانے سے مسح باطل نہیں ہوتا اور پٹی کو اس کے غیر (دوسری پٹی) سے بدل لینا جائز ہے اور اس (نئی پٹی) پر مسح کا اعادہ کرنا واجب نہیں ہے، اور مسح کا لوٹانا افضل ہے، اور جب آشوبِ چشم ہو اور اس کو حکم دیا گیا ہو کہ اپنی آنکھوں کو نہ دھوئے یا اس کا ناخن ٹوٹ گیا اور اس پر دوا یا گوند یا پتے کی جھلی رکھی ہو اور اس کا نکالنا اس کو نقصان دے تو اس کے لئے مسح جائز ہے اور اگر مسح بھی نقصان دے تو اس کو چھوڑ دے اور موزے اور جبیرہ اور سر کے مسح میں نیت کی حاجت نہیں ہے۔

سوال: اگر زخم صحیح ہونے سے پہلے پٹی گر جائے تو کیا مسح باطل ہو جائے گا؟

جواب: یہ المسح کالغسل کی چوتھی تفریع ہے یعنی اگر زخم کے اچھا ہو جانے سے پہلے پٹی گر جائے یا اپنی جگہ سے ہٹ جائے تو مسح باطل نہیں ہو گا بخلاف موزے کے کہ اس میں اگر پاؤں موزے سے نکل جائے تو اس سے مسح باطل یعنی ٹوٹ جاتا ہے۔

سوال: پہلی پٹی جس پر مسح کیا تھا اس کی جگہ دوسری پٹی باندھی تو کیا اس پر مسح کا اعادہ ضروری ہے؟

جواب: یہ المسح کالغسل کی پانچویں تفریع ہے یعنی پہلی پٹی پر وضو میں مسح کیا تھا پھر کسی وجہ سے اس کو نکال کر دوسری پٹی باندھی تو دوسری پٹی پر مسح کا لوٹانا واجب نہیں ہے، بلکہ پہلی پٹی پر کیا ہوا مسح کافی ہے، البتہ مسح کا اعادہ افضل ہے بخلاف موزے کے کہ اس میں مسح کا اعادہ کرنا ضروری ہے۔

سوال: آشوب چشم والے اور زخم پر دوا رکھنے والے کے متعلق مسح کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جب آنکھوں میں آشوب چشم کی بیماری ہو اور مسلمان ماہر طبیب نے آنکھوں کو دھونے سے منع کیا یا اس کا غالب گمان ہو کہ آنکھوں کو دھونے سے نقصان ہو گا تو آنکھوں پر بھیگا ہاتھ پھیر لینا کافی ہے، اسی طرح کسی کا ناخن ٹوٹ گیا اور اس نے اس پر دوا یا گوند یا پتہ کی جھلی لگائی اور ان کا چھڑانا نقصان کرتا ہو تو اس کے اوپر مسح کرنا جائز ہے، اور اگر مسح کرنے سے بھی تکلیف ہوتی ہو تو مسح بھی چھوڑ دے۔

سوال: کیا موزے، جبیرہ اور سر کے مسح میں نیت کرنی ہوگی؟

جواب: اگر کسی نے موزے، جبیرہ اور سر کا مسح کیا اور طہارت کی نیت نہیں کی تب بھی مسح درست ہے، کیوں کہ ان پر مسح کرنے کے لئے نیت کرنا شرط نہیں ہے اس لئے کہ یہ پانی سے طہارت حاصل کرنا ہے اور پانی سے طہارت حاصل کرنے میں نیت شرط نہیں ہوتی، کہ پانی کا کام ہے پاک کرنا۔ اور بعض لوگوں نے کہا ہے کہ موزے کے مسح میں نیت ضروری ہے کیوں کہ وہ تیمم کا بدل ہے اور تیمم میں نیت شرط ہے لہذا اس میں بھی نیت شرط ہو گی۔

بَابُ الْحَيْضِ وَالنِّفَاسِ وَالْاِسْتِحَاضَةِ

یہ حیض اور نفاس اور استحاضہ کا باب ہے

يَخْرُجُ مِنَ الْفَرْجِ حَيْضٌ وَنِفَاسٌ وَاِسْتِحَاضَةٌ فَالْحَيْضُ دَمٌ يَنْفُضُهُ رَحِمُ بَالِغَةٍ لَا دَاءَ بِهَا وَلَا حَبْلَ وَلَمْ تَبْلُغْ سِنَّ الْإِيَاسِ وَأَقَلُّ الْحَيْضِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَأَوْسَطُهُ خَمْسَةٌ وَأَكْثَرُهُ عَشَرَةٌ۔

ترجمہ: فرج سے حیض ونفاس اور استحاضہ نکلتا ہے پس حیض وہ خون ہے جس کو ایسی بالغ عورت کا رحم پھینکے جس کو نہ کوئی بیماری ہو اور نہ حمل ہو اور نہ وہ ناامیدی کی عمر کو پہنچی ہو، حیض کی کم سے کم مدت تین دن ہے اور اس کا اوسط پانچ دن ہے اور زیادہ سے زیادہ دس دن ہے۔

وَالنِّفَاسُ هُوَ الدَّمُ الْخَارِجُ عَقْبَ الْوِلَادَةِ وَأَكْثَرُهُ أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا وَلَا حَدَّ لِأَقَلِّهِ۔ وَالْاِسْتِحَاضَةُ دَمٌ نَقَصَ عَنْ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ أَوْ زَادَ عَلٰى عَشَرَةٍ فِي الْحَيْضِ وَعَلٰى أَرْبَعِيْنَ فِي النِّفَاسِ۔

ترجمہ: اور نفاس وہ خون ہے جو بچہ کی پیدائش کے بعد نکلے، اور اس کی اکثر مدت چالیس دن ہے اور اس کے کم کی کوئی حد نہیں اور استحاضہ وہ خون ہے جو تین دن سے کم ہو یا دس دن سے زیادہ ہو حیض میں، اور نفاس میں چالیس دن سے زیادہ ہو۔

سوال: حیض، نفاس اور استحاضہ کا فرج سے نکلنے سے کیا مراد ہے؟

جواب: ان تینوں کا فرج سے نکلنے سے مراد ان تینوں قسم کے خون کا فرج سے گزرنا ہے اس لئے کہ حیض و نفاس کا خون رحم (بچہ دانی) سے نکلتا ہے اور فرج سے گزر کر باہر نکلتا ہے، جبکہ استحاضہ کا خون رگ سے نکل کر فرج سے گزرتا ہوا باہر نکلتا ہے۔

سوال: حیض کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ حیض کو نفاس اور استحاضہ پر کیوں مقدم کیا گیا ہے؟

جواب: حاض یحیض حیضا کے لغوی معنی جاری ہونے اور بہنے کے ہیں، جیسے کہا جاتا ہے حاض الوادی-وادی بہنے لگی اور اصطلاح میں حیض وہ خون ہے جو ایسی عورت کے رحم (بچہ دانی) سے نکلے جو کہ بالغہ ہو تندرست ہو اور سن ایاس کو نہ پہنچی ہو اور نہ حاملہ ہو۔

اور حیض کو نفاس اور استحاضہ پر مقدم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ حیض بہت سارے احکام سے تعلق رکھنے کی بنا پر غوامض الابواب اور اعظم المہمات میں سے ہے جیسے طلاق، عتاق، استبراء، عدت، نسب، حل وطی، نماز، روزہ، قراءتِ قرآن، مس قرآن، اعتکاف، دخول مسجد، طوافِ حج اور بلوغ وغیرہ، بخلاف نفاس اور استحاضہ کے۔

سوال: حیض کی تعریف میں رحم اور بالغہ کے ثبوت اور داء اور حبل اور سن ایاس کی نفی کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟ نیز سن ایاس کی تعریف اور اس کی مدت بیان کریں۔

جواب: رحم: رحم کی قید لگائی لہذا جو خون رحم سے نہ نکلا مثلاً نکسیر پھوٹی یا زخم ہو گیا یا رگ کٹی اور وہاں سے خون نکلا تو اس کو حیض نہیں کہیں گے۔

بالغہ: بالغہ کی قید لگائی پس وہ خون جو بلوغت سے پہلے آئے وہ بھی حیض نہیں ہے۔

لا داء بھا: کی قید لگائی لہذا وہ خون جو کسی مرض کے سبب سے رحم نکال دے وہ بھی حیض نہیں۔

لا حبل: کی قید لگائی اس لئے کہ حاملہ عورت کو حیض نہیں آسکتا کیوں کہ حمل رہ جانے کے بعد رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔

لم تبلغ سن ایاس: کی قید لگائی کہ حیض سن ایاس تک ہی آتا ہے اس کے بعد نہیں آتا، اور سن ایاس وہ زمانہ ہے جس میں حیض آنا بند ہو جاتا ہے، اور اکثر مشائخ نے سن ایاس کی حد ساٹھ سال کی عمر متعین کی ہے اور بعض نے ۵۵ سال بتائی ہے اور اسی پر فتوی ہے، جبکہ بعض نے ۵۰ سال بھی بتائی ہے۔

سوال: حیض کی اقل مدت، اوسط مدت اور اکثر مدت کتنی ہے؟

جواب: حیض کی کم سے کم مدت تین دن، تین راتیں یعنی ۷۲ گھنٹے ہیں، اگر اس سے کم ہوا تو حیض نہیں بلکہ استحاضہ ہے اور درمیانی مدت پانچ دن اور پانچ راتیں ہیں جبکہ حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت دس دن اور دس راتیں ہیں۔

سوال: نفاس کی تعریف اور اس کی اقل اور اکثر مدت کتنی ہے؟ اور مدت کا شمار کب سے ہوگا؟

جواب: نفاس وہ خون ہے جو بچے کے جننے کے بعد نکلتا ہے، نفاس میں کمی کی جانب کوئی مدت مقرر نہیں، نصف سے زیادہ بچہ نکلنے کے بعد ایک آن بھی خون آیا تو وہ نفاس ہے اور زیادہ سے زیادہ اس کا زمانہ چالیس دن اور راتیں ہیں اور نفاس کی مدت کا شمار اس وقت سے ہوگا کہ آدھے سے زیادہ بچہ نکل آیا۔

سوال: استحاضہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ کیا استحاضہ حیض و نفاس کے ساتھ پایا جاتا ہے؟

جواب: استحاضہ وہ خون ہے جو رگ سے نکل کر فرج کے راستے سے گزرتا ہوا باہر نکلے، اور یہ بیماری کی وجہ سے نکلتا ہے اور استحاضہ حیض و نفاس کے ساتھ پایا جاتا ہے مثلاً جو خون حیض کی کم سے کم مدت تین دن و رات سے کم ہو وہ استحاضہ ہے اسی طرح جو خون حیض کی اکثر مدت یعنی دس دن سے زائد ہو وہ بھی استحاضہ ہے۔ اسی طرح جو خون نفاس کی اکثر مدت (چالیس دن) سے زائد ہو وہ بھی استحاضہ ہے۔

مُدَّۃُ الطُّھرِ

وَأَقَلُّ الطُّهرِ الْفَاصِلِ بَيْنَ الحَيْضَتَيْنِ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا وَلَا حَدَّ لِأَكْثَرِهِ إِلَّا لِمَنْ بَلَغَتْ مُسْتَحَاضَةً۔

مَا يَحْرُمُ بِالْحَيْضِ وَالنِّفَاسِ

وَيَحْرُمُ بِالْحَيْضِ وَالنِّفَاسِ ثَمَانِيَةُ أَشْيَاءَ اَلصَّلَاةُ وَالصَّوْمُ وَقِرَاءَةُ آيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ وَمَسُّهَا إِلَّا بِغِلَافٍ وَدُخُولُ مَسْجِدٍ وَالطَّوَافُ وَالْجِمَاعُ وَالْاِسْتِمْتَاعُ بِمَا تَحْتَ السُّرَّةِ إِلٰى تَحْتَ الرُّكْبَةِ۔

ترجمہ: اور پاک رہنے کی کم سے کم مدت جو دو حیضوں کے درمیان فاصل ہو پندرہ دن ہیں اور اس کے اکثر کی کوئی حد نہیں مگر اس عورت کے لئے جو مستحاضہ ہو کر بالغ ہوئی ہو اور حیض و نفاس سے آٹھ چیزیں حرام ہو جاتی ہیں (۱) نماز (۲) روزہ (۳) قرآن کی کسی بھی آیت کا پڑھنا (۴) اور اس کو چھونا مگر جزدان کے ساتھ (۵) مسجد میں داخل ہونا (۶) طواف کرنا (۷) جماع کرنا (۸) اور فائدہ اٹھانا اس سے جو ناف کے نیچے سے گھٹنے کے نیچے تک ہو۔

بِمَ يَتِمُّ الطُّهرُ

وَإِذَا انْقَطَعَ الدَّمُ لِأَكْثَرِ الْحَيْضِ وَالنِّفَاسِ حَلَّ الْوَطْءُ بِلَا غُسْلٍ وَلَا يَحِلُّ إِنْ انْقَطَعَ لِدُوْنِهِ لِتَمَامِ عَادَتِهَا إِلَّا أَنْ تَغْتَسِلَ أَوْ تَتَيَمَّمَ وَتُصَلِّيْ أَوْ تَصِيْرَ الصَّلَاةُ دَيْنًا فِيْ ذِمَّتِهَا وَذٰلِكَ بِأَنْ تَجِدَ بَعْدَ الْاِنْقِطَاعِ مِنَ الْوَقْتِ الَّذِيْ انْقَطَعَ الدَّمُ فِيْهِ زَمَنًا يَسَعُ الْغُسْلَ وَالتَّحْرِيْمَةَ فَمَا فَوْقَهُمَا وَلَمْ تَغْتَسِلْ وَلَمْ تَتَيَمَّمْ حَتّٰى خَرَجَ الْوَقْتُ۔

ترجمہ: اور جب خون حیض و نفاس کی اکثر مدت پر بند ہو تو بغیر غسل کئے وطی کرنا حلال ہے، اور حلال نہیں ہے اگر اس سے کم پر بند ہو اس کی عادت کے پورا ہونے کی وجہ سے مگر یہ کہ غسل کرلے یا تیمم کرلے اور نماز پڑھ لے یا نماز اس کے ذمہ قرض ہو جائے، اور یہ اس طور سے کہ عورت خون بند ہونے کے بعد اس وقت سے جس وقت میں خون بند ہوا تھا اتنا وقت پائے کہ غسل اور تحریمہ یا ان دونوں سے زائد کی گنجائش ہو اور اس نے غسل اور تیمم نہیں کیا یہاں تک کہ وقت نکل گیا۔

سوال: طہر کسے کہتے ہیں؟ نیز دو حیض کے درمیان طہر کی اقل و اکثر مدت کتنی ہوتی ہے؟

جواب: طہر دو خونوں کے درمیان پاکی کے زمانے کو کہتے ہیں۔

اور دو حیضوں کے درمیان طہر کی کم سے کم مدت پندرہ دن ہے اور اس کو طہر فاصل کہتے ہیں یعنی دو حیضوں کو جدا کرنے والا، اور طہر کی اکثر مدت کوئی مقرر نہیں ہے جب تک خون نہ آئے پاک ہے نماز روزہ ادا کرتی رہے چاہے پوری عمر نہ آئے، لیکن اگر کوئی عورت ایسی حالت میں بالغہ ہوئی کہ اس کا خون بند ہی نہیں ہوتا تو یہ عورت استحاضہ کے ساتھ بالغہ ہوئی، پس اس عورت کے لئے ہر مہینے کے دس دن حیض کے مانے جائیں گے اور باقی بیس یا انیس دن طہر کے ہوں گے گویا اس کے لئے طہر کی مدت مقرر ہو گئی۔

سوال: حیض و نفاس سے کتنی اور کون کون سی چیزیں حرام ہو جاتی ہیں؟

جواب: حیض اور نفاس کی حالت میں آٹھ چیزیں حرام ہو جاتی ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) نماز: حیض و نفاس والی عورت سے نماز ساقط ہو جاتی ہے اور اس کی قضا بھی نہیں ہے۔

(۲) روزہ: حیض و نفاس والی عورت کو روزہ رکھنا حرام ہے مگر رمضان کے روزوں کی قضا لازم ہے، اگر روزے کی حالت میں حیض و نفاس آیا تو روزہ جاتا رہا اس کی قضا کرے۔

(۳) تلاوتِ قرآن: حیض و نفاس والی عورت کے لئے تلاوت کی نیت و ارادے سے قرآن پڑھنا حرام ہے خواہ ایک آیت ہو یا اس کم، ہاں! ذکر و دعا، حمد و ثناء کے ارادے سے پڑھ سکتی ہے۔

(۴) قرآن چھونا: حیض و نفاس والی عورت کو بغیر غلاف کے قرآن پاک کا چھونا حرام ہے، ہاں! غلاف کے ساتھ چھونا جائز ہے۔

(۵) حیض و نفاس والی عورت کو مسجد میں داخل ہونا حرام ہے خواہ بیٹھنے کے لئے ہو یا گزرنے کے لئے ہو۔

(۶) حیض و نفاس والی عورت کو خانۂ کعبہ کا طواف کرنا حرام ہے۔

(۷) حیض و نفاس میں شوہر کے لئے جماع حرام ہے۔

(۸) حیض و نفاس کی حالت میں ناف سے لیکر گھٹنے کے نیچے تک کے حصہ سے نفع اٹھانا حرام ہے یعنی مرد کا اپنے کسی عضو سے حائضہ و نفساء کے بدن کے مذکورہ حصے کو چھونا اور اس سے لذت حاصل کرنا حرام ہے جبکہ کپڑا وغیرہ حائل نہ ہو۔

سوال: حیض و نفاس کے بند ہونے کے بعد وطی کرنے سے متعلق احکام بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: اگر حیض کا جون اکثر مدت یعنی دس روز گزرنے پر اور نفاس کا چالیس روز گزرنے پر بند ہوا تو اس کے ساتھ وطی کرنا اس کے نہانے سے پہلے حلال ہے، لیکن غسل کے بعد وطی کرنا مستحب ہے اور اگر حیض کا خون دس دن سے کم میں عادت کے مطابق بند ہوا مثلاً سات دن کی عادت تھی اور سات دن میں خون بند ہو گیا تو ایسی صورت میں اس عورت کے ساتھ وطی کرنا حلال نہیں ہے جب تک تین چیزوں میں سے کوئی ایک نہ پائی جائے (۱) وہ عورت غسل کر لے (۲) یا اس کو کوئی عذر ہو جس کی وجہ سے اس کے لئے تیمم کرنا مباح ہو تو وہ تیمم کر کے نماز پڑھ لے اگرچہ نفل ہو، اور نماز کا پڑھنا صرف تیمم کے ساتھ شرط ہے غسل کے ساتھ نہیں (۳) یا اس کے ذمہ ایک وقت کی نماز قضا ہو جائے۔

سوال: "وذلک بان تجد بعد الإنقطاع من الوقت" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے نماز کے قضاء ہونے کی صورت بیان کرنا چاہتے ہیں، مثلاً ایک عورت کو صبح صادق کے بعد عادت کے مطابق دس دن سے کم پر خون بند ہو گیا تو اب اس کے ساتھ بلا غسل وطی کرنا حلال نہیں ہے لیکن اس نے غسل نہیں کیا اور تیمم جائز کرنے والے عذر کی حالت میں نہ تیمم کیا حالانکہ اتنا وقت موجود ہے کہ وہ غسل کر کے کپڑے پہن کر تکبیر تحریمہ یعنی ایک بار اللہ اکبر کہہ سکتی ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ وقت باقی ہے یہاں تک کہ نماز کا وقت نکل گیا اور اس کی نماز قضاء ہو گئی تو اس عورت سے بغیر غسل بھی وطی جائز ہو جائے گی۔

قَضَاءُ الْفَرَائِضِ

وَتَقْضِيْ الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ الصَّوْمَ دُوْنَ الصَّلَاةِ وَيَحْرُمُ بِالْجَنَابَةِ خَمْسَةُ أَشْيَاءَ اَلصَّلَاةُ وَقِرَاءَةُ آيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ وَمَسُّهَا إِلَّا بِغِلَافٍ وَدُخُوْلُ مَسْجِدٍ وَالطَّوَافُ۔

ترجمہ: اور حیض ونفاس والی عورت روزے کی قضا کرے گی نہ کہ نماز کی، اور جنابت کی وجہ سے پانچ چیزیں حرام ہو جاتی ہیں (۱) نماز (۲) قرآن کی کسی آیت کا پڑھنا (۳) اور قرآن کو چھونا مگر غلاف سے (۴) اور مسجد میں داخل ہونا (۵) اور طواف کرنا۔

مَا يَحْرُمُ عَلىٰ الْمُحْدَثِ

وَيَحْرُمُ عَلىٰ الْمُحْدَثِ ثَلَاثَةُ أَشْيَاءَ اَلصَّلَاةُ وَالطَّوَافُ وَمَسُّ الْمُصْحَفِ إِلَّا بِغِلَافٍ۔

حُكْمُ الْاِسْتِحَاضَةِ وَمَا يُشَابِهُهَا

وَدَمُ الْاِسْتِحَاضَةِ كَرُعَافٍ دَائِمٍ لَا يَمْنَعُ صَلَاةً وَلَا صَوْمًا وَلَا وَطْأً وَتَتَوَضَّأُ الْمُسْتَحَاضَةُ وَمَنْ بِهٖ عُذْرٌ كَسَلَسِ بَوْلٍ وَاِسْتِطْلَاقِ بَطْنٍ لِوَقْتِ كُلِّ فَرْضٍ وَيُصَلُّوْنَ بِهٖ مَا شَاءُوْا مِنَ الْفَرَائِضِ وَالنَّوَافِلِ۔

ترجمہ: اور محدث (بے وضو) پر تین چیزیں حرام ہو جاتی ہیں (۱) نماز (۲) طواف کرنا (۳) اور قرآن کو چھونا مگر غلاف سے۔ اور استحاضہ کا خون دائمی نکسیر کی طرح ہے نماز روزے اور وطی کو نہیں روکتا ہے، مستحاضہ وضو کرے گی، اور وہ شخص جس کو کوئی عذر ہو جیسے پیشاب ٹپکنا اور پیٹ کا چلنا ہر فرض کے وقت کے لئے اور اس وضو سے فرائض ونوافل میں سے جو چاہیں پڑھیں۔

سوال: حیض و نفاس والی عورت کے لئے نماز اور روزہ کی قضاء کرنے یا نہ کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: حیض ونفاس کی حالت میں جو نمازیں چھوٹی ہیں ان کی قضا نہیں ہے، اور رمضان کے جو روزے چھوٹے ہیں ان کی قضا لازم ہے۔

سوال: جب جنبی کے لئے حالت جنابت میں روزہ رکھنا صحیح ہے تو حائضہ کے لئے بھی حالت حیض میں روزہ رکھنا صحیح ہونا چاہئے تھا، ایسا کیوں نہیں؟

جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ روزہ نام ہے کھانے، پینے اور جماع سے رکنے کا، جنابت کی حالت میں ان تینوں سے رکنا پایا جاتا ہے جبکہ حیض کی حالت میں جماع سے رکنا روزہ کی وجہ سے نہیں ہوتا بلکہ حیض کی وجہ سے ہوتا ہے، لہذا حالتِ حیض میں روزے اپنے تینوں اجزا کے ساتھ تام نہیں ہو گا اس لئے روزہ رکھنا جائز نہیں ہے۔

سوال: جنابت کی حالت میی کتنی اور کون کون سی چیزیں حرام ہو جاتی ہیں؟

جواب: حالت جنابت میں پانچ چیزیں حرام ہو جاتی ہیں: (۱) نماز پڑھنا، کہ بغیر غسل کے نماز پڑھنا حرام ہے۔ (۲) قرآن پاک کی کسی آیت کو خواہ پوری ہو یا اس سے کم ہو تلاوت کے ارادے سے پڑھنا حرام ہے۔ (۳) قرآن پاک کی کسی آیت کو چھونا، خواہ دیوار پر لکھی ہو یا کسی تختی پر لکھی ہو، نیز اس لکھی ہوئی جگہ کو بھی چھونا حرام ہے، ہاں! غلاف کے ذریعے چھونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (۴) مسجد میں داخل ہونا، خواہ ٹھہرنے کے لئے ہو یا گزرنے کے لئے ہو۔ (۵) خانۂ کعبہ کا طواف کرنا۔

سوال: محدث یعنی بے وضو شخص پر کتنی اور کون کون سی چیزیں حرام ہیں؟

جواب: محدث یعنی بے وضو شخص پر صرف تین چیزیں حرام ہیں: (۱) نماز پڑھنا: کہ بے وضو کے نماز پڑھنا حرام ہے۔ (۲) خانۂ کعبہ کا طواف کرنا۔ (۳) قرآن پاک کو چھونا، ہاں! اگر غلاف کے ذریعے چھوئے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال: کیا مستحاضہ عورت کو نماز و روزہ اور وطی منع ہے؟

جواب: استحاضہ کا خون رگ کا خون ہے یہ رحم سے نہیں آتا، اور رحم سے نہ آنے کی علامت یہ ہے کہ رحم سے جو خون آتا ہے اس میں بو ہوتی ہے اور رگ کے خون میں بو نہیں ہوتی ہے، پس استحاضہ کا خون ہمیشہ جاری رہنے والی نکسیر کی طرح ہے، اور جس طرح دائمی نکسیر نماز و روزہ اور وطی سے مانع نہیں ہے پس اسی طرح استحاضہ کا خون بھی ان تینوں کے لئے مانع نہیں ہے، پس مستحاضہ عورت نماز پڑھے گی اور روزہ بھی رکھے گی اور اس کے ساتھ جماع کرنا بھی حلال ہے۔

سوال: مستحاضہ عورت اور معذور کو وضو کے متعلق کیا حکم ہے؟ نیز معذور کسے کہتے ہیں؟

جواب: مستحاضہ عورت معذور کے حکم میں ہے، اور معذور وہ ہے جس کو ایسا عذر لاحق ہو جس کا روکنا اس کے قابو سے باہر ہو اور اس کا وہ عذر ایک نماز کے پورے وقت کو گھیر لے یعنی اتنا وقت نہ ملے کہ اس وقت کی فرض نماز طہارت کے ساتھ پڑھ سکے، پس مستحاضہ اور معذور شخص جس کو ہر وقت پیشاب کا قطرہ آتے رہنے کی بیماری ہو یا دست جاری ہوں، ان کے لئے یہ حکم ہے کہ وہ ہر فرض نماز کے وقت کے لئے وضو کریں اور اس وضو سے اس وقت کے اندر جتنی چاہیں نمازیں پڑھیں، خواہ فرض ہوں یا نفل، کوئی حد معین نہیں ہے۔

وَيَبْطُلُ وُضُوْءُ الْمَعْذُوْرِيْنَ بِخُرُوْجِ الْوَقْتِ فَقَطْ۔ وَلَا يَصِيْرُ مَعْذُوْرًا حَتّٰى يَسْتَوْعِبَهُ الْعُذْرُ وَقْتًا كَامِلًا لَيْسَ فِيْهِ اِنْقِطَاعٌ بِقَدْرِ الْوُضُوْءِ وَالصَّلَاةِ وَهٰذَا شَرْطُ ثُبُوْتِهٖ وَشَرْطُ دَوَامِهٖ وُجُوْدُهٗ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ بَعْدَ ذٰلِكَ وَلَوْ مَرَّةً وَشَرْطُ اِنْقِطَاعِهٖ وَخُرُوْجِ صَاحِبِهٖ عَنْ كَوْنِهٖ مَعْذُوْرًا خُلُوُّ وَقْتٍ كَامِلٍ عَنْهُ۔

ترجمہ: معذوروں کا وضو صرف وقت نکلنے سے باطل ہو جائے گا۔ اور معذور نہیں بنتا یہاں تک کہ اس کو عذر پورے وقت تک گھیر لے کہ اس پورے وقت میں وضو اور نماز کے بقدر عذر بند نہ ہو، اور یہ عذر کے ثابت ہونے کی شرط ہے۔ اور عذر کے باقی رہنے کی شرط عذر کا ثابت ہونے کے بعد ہر نماز کے وقت میں پایا جانا ہے اگرچہ ایک ہی بار ہو۔ اور عذر کے ختم ہونے اور صاحب عذر کے معذور ہونے سے نکلنے کی شرط عذر سے پورے وقت کا خالی ہو جانا ہے۔

سوال: معذورین کا وضو کب ٹوٹتا ہے؟

جواب: جب فرض نماز کا وقت نکل جائے گا تو ان کا وضو ٹوٹ جائے گا، اب اگر کوئی دوسری فرض نماز پڑھنا چاہیں تو اس کے لئے وضو کرنا ضروری ہوگا، چنانچہ اگر فجر کے وقت وضو کیا تو آفتاب کے نکلنے کے بعد اس وضو سے کوئی نماز نہیں پڑھ سکتا بلکہ نیا وضو کرنا ضروری ہوگا عند الطرفین اور امام زفر کے نزدیک معذورین کا وضو وقت کے داخل ہونے سے ٹوٹتا ہے جبکہ امام ابو یوسف کے نزدیک دونوں سے ٹوٹتا ہے نیز معذورین کا وضو عذر والے حدث کے سوا دوسرا حدث پیش آجانے سے بھی ٹوٹ جاتا ہے۔ مفتی بہ قول طرفین یعنی امامِ اعظم و امامِ محمد کا ہے اور اسی قول کو مصنف نے بیان کیا ہے۔

سوال: عذر ثابت ہونے کے لئے کیا شرط ہے یعنی معذور کب بنتا ھے؟

جواب: آدمی معذور اس وقت بنتا ہے جبکہ وہ عذر ایک فرض نماز کے پورے وقت کو گھیر لے یا تو حقیقتاً اس طور پر کہ ہر نماز کا پورا وقت اسی عذر میں گزر جائے یا حکماً اس طور پر کہ اس کو اتنی فرصت اور وقفہ نہ ملے کہ وضو کر کے فرض نماز پڑھ لے بلکہ وضو اور نماز کے درمیان وہ عذر پیش آتا ہی ہو پس یہ حالت عذر ثابت ہونے کے لئے شرط ہے۔

سوال: عذر کے باقی رہنے کی کیا شرط ہے یعنی آدمی معذور کب تک رہے گا؟

جواب: آدمی معذور اس وقت تک رہے گا جب تک کسی نماز کا وقت اس پر ایسا نہ گزرے جس میں وہ عذر موجود نہ ہو چنانچہ جب ایک مرتبہ معذور ہو گیا تو جب دوسری نماز کا وقت آئے گا تو اس میں ہر وقت عذر کا پایا جانا شرط نہیں ہے بلکہ پورے وقت میں ایک بار بھی عذر پایا گیا تو وہ معذور ہی رہے گا۔ پس یہ عذر کے باقی رہنے کی شرط ہے۔

سوال: عذر سے نکلنے کی شرط کیا ہے یعنی آدمی معذور کب نہیں رہے گا؟

جواب: اگر نماز کا پورا وقت ایسا گزر جائے جس میں وہ عذر نہ آئے تو اب کہا جائے گا کہ اس کا عذر ختم ہو گیا اور یہ معذور نہ رہا۔

بَابُ الْاَنْجَاسِ وَالطَّهَارَةِ عَنْهَا

یہ نجاستوں اور ان سے پاکی حاصل کرنے کا باب ہے

اَقسامُ النَّجاسَةِ

تَنْقَسِمُ النَّجَاسَةُ اِلٰی قِسْمَیْنِ غَلِیْظَةٌ وَخَفِیْفَةٌ فَالْغَلِیْظَةُ کَالْخَمْرِ وَالدَّمِ الْمَسْفُوْحِ وَلَحْمِ الْمَیْتَةِ وَإِهَابِهَا وَبَوْلِ مَا لَا یُؤْکَلُ لَحْمُهُ وَنَجْوِ الْکَلْبِ وَرَجِیْعِ السِّبَاعِ وَلُعَابِهَا وَخُرْءِ الدَّجَاجِ وَالْبَطِّ وَالْإِوَزِّ وَمَا یَنْقُضُ الْوُضُوْءُ بِخُرُوْجِهٖ مِنْ بَدَنِ الْإِنْسَانِ وَأَمَّا الْخَفِیْفَةُ فَکَبَوْلِ الْفَرَسِ وَکَذَا بَوْلُ مَا یُؤْکَلُ لَحْمُهُ وَخُرْءُ طَیْرٍ لَا یُؤْکَلُ۔

ترجمہ: نجاست دو قسموں کی جانب منقسم ہوتی ہے، غلیظہ اور خفیفہ۔ پس غلیظہ جیسے شراب اور بہنے والا خون اور مردار کا گوشت اور اس کی کھال اور ان جانوروں کا پیشاب جو کھائے نہیں جاتے، اور کتے اور درندوں کا پاخانہ اور ان کا لعاب اور مرغی اور بطخ اور مرغابی کی بیٹ اور جن چیزوں کے انسان کے بدن سے نکلنے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اور بہرحال خفیفہ پس جیسے گھوڑے کا پیشاب اور ایسے ہی ان جانوروں کا پیشاب جن کا گوشت کھایا جاتا ہے اور ان پرندوں کی بیٹ جو نہیں کھائے جاتے۔

نوٹ: ماسبق میں مصنف نے نجاست حکمیہ (حیض و نفاس و حدث) اور اس سے پاکی حاصل کرنے کے احکام کو بیان کیا اب یہاں سے نجاست حقیقیہ اور اس سے پاکی حاصل کرنے کا طریقہ بیان کر رہے ہیں۔

سوال: نجاست کی لغوی تحقیق بیان کردیں۔

جواب: انجاس یہ نَجِس کی جمع ہے اور نجس اصل کے اعتبار سے مصدر ہے جو سمع و کرم سے آتا ہے، جس کا معنی گندہ ہونا، ناپاک ہونا ہے، پھر اس کا استعمال اسم میں بھی ہونے لگا اور اب اس کے معنی عین نجاست کے ہوتے ہیں۔

سوال: نجاست کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ مع تعریف بیان کریں۔

جواب: نجاست کی دو قسمیں ہیں: (۱) نجاستِ حقیقیہ: وہ نجاست ہے جو نظر آئے۔ (۲) نجاستِ حکمیہ: وہ نجاست ہے جو نظر نہ آئے۔

سوال: نجاست حکمیہ کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

جواب: نجاست حکمیہ کو حدث بھی کہتے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں:

(۱) حدث اصغر یعنی بے وضو ہونا اور اس سے پاکی حاصل کرنے کو طہارت صغری کہتے ہیں۔

(۲) حدث اکبر یعنی بے غسل ہونا اور اس سے پاکی حاصل کرنے کو طہارت کبری کہتے ہیں۔ جن کا بیان ماقبل میں ہو چکا ہے۔

سوال: نجاست حقیقیہ کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ مع تعریف بیان کریں۔

جواب: نجاست حقیقیہ کی بھی دو قسمیں ہیں (۱) نجاست غلیظہ (۲) نجاست خفیفہ۔

نجاست غلیظہ وہ نجاست ہے جس کا حکم سخت ہے، اور نجاست خفیفہ وہ نجاست ہے جس کا حکم ہلکا ہے۔ اور دوسری تعریف یہ ہے کہ جس شے کے ناپاک ہونے پر دلائل میں کوئی تعارض نہ ہو تو وہ غلیظہ ہے اور جس کے ناپاک ہونے پر دلائل میں تعارض ہو تو اسے خفیفہ کہتے ہیں۔

سوال: نجاست غلیظہ کون کون سی چیزیں ہیں؟

جواب: نجاست غلیظہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) شراب: خمر انگور کے کچے پانی کو کہتے ہیں جبکہ جوش مارے اور تیز ہو کر جھاگ پھینکنے لگے۔ (۲) بہنے والا خون۔ یعنی کسی بھی جاندار کا بہنے والا خون غلیظہ ہے یہاں پر مسفوح کی قید لگائی گئی ہے جس کا معنی بہا ہوا ہے، پس اگر خون بہنے والا نہ ہو تو ناپاک نہیں ہے۔ (۳) ایسے مردار کا گوشت جس کے اندر بہنے والا خون ہو نجاست غلیظہ ہے، اور جس کے اندر بہنے والا خون نہ ہو جیسے مچھلی، ٹڈی تو ان کا گوشت نجاست غلیظہ نہیں ہے۔ (۴) مردار کی کھال جس کو دباغت نہ دی گئی ہو وہ بھی نجاست غلیظہ ہے۔ (۵) اور جن جانوروں کا گوشت نہیں کھایا جاتا جیسے کتا، بلی وغیرہ کا پیشاب نجاست غلیظہ ہے۔ (۶) کتے کا پاخانہ۔ (۷) درندوں کا پاخانہ۔ (۸) اور ان کا لعاب۔ (۹) اور مرغی، بطخ، مرغابی کی بیٹ یہ سب نجاست غلیظہ ہیں۔ (۱۰) اور انسان کے بدن سے نکلنے والی وہ چیزیں جن سے وضو ٹوٹ جاتا ہے جیسے مذی ودی پیشاب، پاخانہ، بہنے والا خون، منہ بھر قے وغیرہ لیکن ریح اس سے مستثنیٰ ہے اور اسی طرح نماز میں نیند اور قہقہہ اگرچہ نواقض وضو میں سے ہیں مگر ان کو غلیظہ نہیں کہیں گے کہ یہ معنوی چیزیں ہیں، جبکہ نجاست غلیظہ حقیقی شے ہوتی ہے۔

سوال: نجاستِ غلیظہ کی مثالوں میں منی کا ذکر نہیں آیا حالانکہ وہ بھی نجاستِ غلیظہ ہے؟

جواب: یہاں پر منی کا ذکر نہیں ہوا، حالانکہ وہ بھی نجاستِ غلیظہ ہے، اس کے نہ ذکر کرنے کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ منی بھی وضو کو توڑنے والی چیزوں میں آگئی، کیونکہ جب منی سے غسل ٹوٹے گا تو وضو تو بدرجۂ اولیٰ ٹوٹ جائے گا۔

سوال: نجاست خفیفہ کون کون سی چیزیں ہیں؟

جواب: نجاست خفیفہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) گھوڑے کا پیشاب: اس کو الگ سے بیان کیا گیا، حالانکہ یہ بول مالا یوکل لحمہ میں داخل تھا جو کہ آگے آرہا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ گھوڑے کے گوشت کے بارے میں اختلاف ہے امام اعظم مکروہ تنزیہی کے قائل ہیں کہ یہ آلۂ جہاد ہے، پس گھوڑے کے گوشت کو نہ کھانے کی وجہ

سے وہم ہو سکتا تھا کہ اس کے پیشاب کا بھی وہی حکم ہو جو بول مالا یوکل لحمہ کا ہے، یعنی غلیظہ، پس اس وہم کو دور کرنے کے لئے الگ سے بیان کیا کہ اس کا گوشت اگرچہ نہیں کھایا جاتا مگر اس کا پیشاب خفیفہ ہے کیونکہ اس کے گوشت کے کھانے یا نہ کھانے کے بارے میں اختلاف ہے۔

(۲) ان جانوروں کا پیشاب جن کا گوشت کھایا جاتا ہے جیسے بھینس، گائے، اونٹ، بکری وغیرہ یہاں پر بول کی قید لگائی گئی کیونکہ گھوڑے، گدھے، خچر کی لید اور گائے کا گوبر اور بھیڑ بکری کی مینگنی امام اعظم کے نزدیک نجاست غلیظہ ہیں جبکہ صاحبین کے نزدیک خفیفہ ہیں (۳) اور جن پرندوں کا گوشت حرام ہے خواہ وہ شکاری ہوں یا نہ ہوں جیسے کوا، چیل، شکرا، باز، ان کی بیٹ نجاست خفیفہ ہے۔

مَا يُعْفٰى عَنْهُ مِنَ الْاَنْجَاسِ

وَعُفِيَ قَدْرُ الدِّرْهَمِ مِنَ الْمُغَلَّظَةِ وَمَا دُوْنَ رُبُعِ الثَّوْبِ أَوِ الْبَدَنِ مِنَ الْخَفِيْفَةِ وَعُفِيَ رَشَاشُ بَوْلٍ كَرُؤُوْسِ الْإِبَرِ وَلَوْ اِبْتَلَّ فِرَاشٌ أَوْ تُرَابٌ نَجِسَانِ مِنْ عَرَقِ نَائِمٍ أَوْ بَلَلِ قَدَمٍ وَظَهَرَ أَثَرُ النَّجَاسَةِ فِيْ الْبَدَنِ وَالْقَدَمِ تَنَجَّسَا وَإِلَّا فَلَا كَمَا لَا يَنْجُسُ ثَوْبٌ جَافٌّ طَاهِرٌ لُفَّ فِيْ ثَوْبٍ نَجِسٍ رَطْبٍ لَا يَنْعَصِرُ الرَّطْبُ لَوْ عُصِرَ وَلَا يَنْجُسُ ثَوْبٌ رَطْبٌ بِنَشْرِهٖ عَلٰى أَرْضٍ نَجِسَةٍ يَابِسَةٍ فَتَنَدَّتْ مِنْهُ وَلَا بِرِيْحٍ هَبَّتْ عَلٰى نَجَاسَةٍ فَأَصَابَتِ الثَّوْبَ إِلَّا أَنْ يَظْهَرَ أَثَرُهَا فِيْهِ۔

ترجمہ: اور نجاست غلیظہ میں سے ایک درہم کی مقدار معاف کیا گیا ہے، اور جو چوتھائی کپڑے یا بدن سے کم ہو (معاف کیا گیا ہے خفیفہ میں سے) اور پیشاب کے چھینٹے، سوئی کے ناکے کے جیسے معاف کیا گیا ہے، اور اگر تر ہو جائے ناپاک بستر یا ناپاک مٹی سونے والے کے پسینے سے یا پیر کی تری سے اور ناپاکی کا اثر بدن یا پیر میں ظاہر ہو تو وہ دونوں ناپاک ہو جائیں گے ورنہ تو نہیں، جیسے کہ ناپاک ہو جاتا ہے وہ سوکھا پاک کپڑا جو لپیٹ دیا گیا ہو ایسے ناپاک گیلے کپڑے میں کہ نہ نچڑے تری اگر اس کو نچوڑا جائے۔ اور گیلا کپڑا ناپاک نہیں ہوتا ہے خشک ناپاک زمین پر پھیلانے سے کہ زمین اس سے تر ہو جائے اور نہ اس ہوا سے (ناپاک ہوتا ہے) جو کسی نجاست پر چلی ہو پھر وہ کپڑے پر پہنچی مگر یہ کہ کپڑے میں ناپاکی کا اثر ظاہر ہو جائے۔

سوال: نجاست غلیظہ کی کتنی مقدار معاف ہے؟

جواب: مصنف فرماتے ہیں کہ نجاست غلیظہ بدن یا کپڑے پر لگ جائے تو ایک درہم کی مقدار معاف ہے، اور معاف سے مراد یہ ہے کہ اس کو زائل کرنا فرض نہیں ہے، اگر اس کو زائل کئے بغیر نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی مگر مکروہ تحریمی ہو گی یعنی نماز کو لوٹانا واجب ہو گا۔

سوال: درہم سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس کی دو صورتیں ہیں:

(۱) اگر نجاست گاڑھی ہو جیسے پاخانہ، لید، گوبر وغیرہ تو درہم سے مراد اس کا وزن ہے اور درہم کا وزن شریعت میں اس جگہ ساڑھے چار ماشے ہے۔

(۲) اور اگر نجاست پتلی ہو جیسے آدمی کا پیشاب اور شراب وغیرہ تو درہم سے مراد اس کی لمبائی چوڑائی ہے اور شریعت نے اس کی مقدار ہتھیلی کی گہرائی کے برابر بتائی ہے یعنی ہتھیلی خوب پھیلا کر ہموار رکھیں اور اس پر آہستہ سے اتنا پانی ڈالیں کہ اس سے زیادہ پانی نہ رک سکے اب پانی کا جتنا پھیلاؤ ہے اتنا بڑا درہم سمجھا جائے۔ (فتاوی ہندیہ-ج ۱-ص-۴۵)

سوال: نجاست خفیفہ کی کتنی مقدار معاف ہے؟

جواب: اگر کپڑے یا بدن پر نجاست خفیفہ لگ جائے اور وہ چوتھائی کپڑے یا چوتھائی بدن سے کم ہو تو معاف ہے یعنی اس کے ساتھ نماز جائز ہے اور اگر چوتھائی کپڑے یا بدن کی مقدار یا اس سے زائد لگی ہو تو نماز جائز نہیں ہو گی۔

سوال: چوتھائی کپڑے یا بدن کا حساب کیسے لگائیں گے؟

جواب: چوتھائی کپڑے یا چوتھائی بدن کے حساب میں فقہاء کا اختلاف ہے پس بعض فقہاء کے نزدیک پورے کپڑے اور پورے بدن کا چوتھائی مراد ہے جبکہ بعض فقہاء کے نزدیک جس حصے پر نجاست لگی ہے اس طرف کے کپڑے یا بدن کا چوتھائی مراد ہے اور اسی قول پر فتوی ہے۔

سوال: پیشاب کی باریک چھینٹیں اگر کپڑے یا بدن پر پڑ جائیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: پیشاب کی چھینٹیں اگر اڑ کر بدن یا کپڑے پر گریں تو اگر وہ سوئی کے سر کے برابر ہوں کہ بغیر غور کئے نظر نہ آئیں تو وہ معاف ہیں اگرچہ پورے کپڑے پر پڑ جائیں۔

سوال: اگر کوئی ناپاک بستر یا مٹی پر سویا جو خشک تھے مگر اس کے پسینے یا قدم کی تری سے گیلے ہوگئے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کوئی شخص ایسے بچھونے یا ایسی مٹی پر سویا جس پر نجاست مثلاً پیشاب لگ کر خشک ہو گیا تھا پھر اس کو پسینہ آیا اور بچھونا یا مٹی تر ہو گئی یا وہ بچھونے یا مٹی میں چلا اور اس کے قدم کی تری سے بچھونا یا مٹی تر ہو گئی، پس اگر بدن یا پاؤں میں نجاست کا اثر یعنی رنگ یا بو ظاہر ہو جائے تو بدن اور پاؤں ناپاک ہو جائیں گے، اور اگر نجاست کا اثر ظاہر نہ ہو تو وہ ناپاک نہیں ہوں گے۔

سوال: سوکھا پاک کپڑا گیلے ناپاک کپڑے میں لپیٹا گیا تو کیا وہ ناپاک ہو جائے گا؟

جواب: اگر پاک خشک کپڑے کو ایسے ناپاک کپڑے کے ساتھ لپیٹ دیا گیا جو پانی سے تر تھا اور اس کی وجہ سے پاک کپڑا بھی تر ہو گیا اب اس کے بعد اگر پاک کپڑے کو نچوڑا جائے تو وہ نہ نچڑے یعنی اس میں کچھ قطرے نہ ٹپکیں تو پاک کپڑا ناپاک نہیں ہو گا۔ بشرطیکہ پاک کپڑے میں نجاست کا اثر بدبو وغیرہ ظاہر نہ ہو۔

مصنف نے بستر والے مسئلے کو اس مسئلے کے ساتھ تشبیہ دی ہے کہ جب تک نجاست کا اثر بدن یا پاؤں میں ظاہر نہ ہو تو بدن اور پاؤں پاک رہیں گے اور اگر نجاست کا اثر ظاہر ہو گیا تو ناپاک ہو جائیں گے۔

سوال: خشک ناپاک زمین پر پاک گیلا کپڑا پھیلانے سے کیا ناپاک ہو جائے گا؟

جواب: مصنف سوال نمبر ۲۶۴ والے مسئلے کو ایک اور مسئلے سے تشبیہ دیتے ہیں کہ اگر زمین پیشاب وغیرہ سے ناپاک ہو گئی پھر دھوپ وغیرہ سے سوکھ گئی، اور اس پر کسی نے گیلا پاک کپڑا اچھا دیا تو اگر اس گیلے کپڑے پر نجاست کا کوئی اثر ظاہر نہیں ہوا ہے تو وہ کپڑا ناپاک نہیں ہو گا۔ اور اگر اثر ظاہر ہو گیا تو ناپاک ہو جائے گا۔

سوال: نجاست پر ہوا چل کر کپڑے پر لگ گئی تو کیا کپڑا ناپاک ہو جائے گا؟

جواب: مصنف نے سوال نمبر ۲۶۴ والے مسئلے کو ایک اور مسئلے سے تشبیہ دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ گوبر یا نجس مٹی پڑی ہوئی تھی اور ہوا اس ناپاکی پر سے گزر کر پاک کپڑے تک پہنچی تو اس سے کپڑا ناپاک نہ ہو گا بشرطیکہ کہ اس کپڑے پر نجاست کا کوئی اثر ظاہر نہ ہو، پس اگر کوئی اثر ظاہر ہو جائے تو ناپاک ہو جائے گا ورنہ تو نہیں۔

بِمَ تَطَهَّرَ النَّجَاسَةُ

وَيَطْهُرُ مُتَنَجِّسٌ بِنَجَاسَةٍ مَرْئِيَّةٍ بِزَوَالِ عَيْنِهَا وَلَوْ بِمَرَّةٍ عَلَى الصَّحِيحِ وَلَا يَضُرُّ بَقَاءُ أَثَرٍ شَقَّ زَوَالُهُ وَغَيْرِ الْمَرْئِيَّةِ بِغَسْلِهَا ثَلَاثًا وَالْعَصْرِ كُلَّ مَرَّةٍ وَتَطْهُرُ النَّجَاسَةُ عَنِ الثَّوْبِ وَالْبَدَنِ بِالْمَاءِ وَبِكُلِّ مَائِعٍ مُزِيْلٍ كَالْخَلِّ وَمَاءِ الْوَرْدِ وَيَطْهَرُ الْخُفُّ وَنَحْوُهُ بِالدَّلْكِ مِنْ نَجَاسَةٍ لَهَا جِرْمٌ وَلَوْ كَانَتْ رَطْبَةً۔

ترجمہ: نجاست مرئیہ سے ناپاک ہونے والی چیز اس کے عین کے زائل ہونے سے پاک ہو جاتی ہے، اگرچہ ایک مرتبہ دھونے سے ہی ہو صحیح قول کے مطابق، اور ایسے اثر کا باقی رہنا ضرر نہیں دیتا ہے جس کا زائل ہونا دشوار ہو اور غیر مرئیہ تین بار دھونے اور ہر بار نچوڑنے سے (پاک ہوتی ہے)۔ اور کپڑے اور بدن سے نجاست پانی کے ذریعہ پاک ہو جاتی ہے اور ہر ایسی بہنے والی چیز کے ذریعہ جو زائل کرنے والی ہو جیسے سرکہ اور گلاب کا پانی، اور موزہ اور اس جیسی چیزیں رگڑنے سے پاک ہو جاتی ہیں، اس نجاست سے جس کا جسم ہو اگرچہ وہ تر ہو۔

وَيَطْهُرُ السَّيْفُ وَنَحْوُهُ بِالْمَسْحِ وَإِذَا ذَهَبَ أَثَرُ النَّجَاسَةِ عَنِ الْأَرْضِ وَجَفَّتْ جَازَتِ الصَّلَاةُ عَلَيْهَا دُوْنَ التَّيَمُّمِ مِنْهَا وَيَطْهُرُ مَا بِهَا مِنْ شَجَرٍ وَكَلَأٍ قَائِمٍ بِجَفَافِهِ وَتَطْهُرُ نَجَاسَةٌ اِسْتَحَالَتْ عَيْنُهَا كَأَنْ صَارَتْ مِلْحًا أَوِ احْتَرَقَتْ بِالنَّارِ وَيَطْهُرُ الْمَنِيُّ الْجَافُّ بِفَرْكِهِ عَنِ الثَّوْبِ وَالْبَدَنِ وَيَطْهُرُ الرَّطْبُ بِغَسْلِهِ ۔

ترجمہ: اور تلوار اور اس جیسی چیز پوچھ دینے سے پاک ہو جاتی ہے اور جب ناپاکی کا اثر زمین سے جاتا رہے اور زمین خشک ہو جائے تو اس پر نماز جائز ہو جائے گی نہ کہ اس سے تیمم کرنا، اور پاک ہو جاتی ہیں وہ چیزیں جو زمین سے لگی ہوئی ہوں یعنی درخت اور کھڑی گھاس اس کے خشک ہو جانے سے، اور پاک ہو جاتی ہے وہ نجاست جس کی ذات بدل گئی ہو جیسے نمک بن گئی یا آگ سے جل گئی، اور خشک منی کپڑے اور بدن سے کھرچ دینے سے پاک ہو جاتی ہے اور تر منی دھونے سے پاک ہوتی ہے۔

سوال: نجاست مرئیہ اور غیر مرئیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: نجاست مرئیہ وہ نجاست ہے جو سوکھنے کے بعد دکھائی دے جیسے خون، پاخانہ۔ نجاست غیر مرئیہ وہ نجاست ہے جو سوکھنے کے بعد دکھائی نہ دے جیسے پیشاب، شراب۔

سوال: نجاست مرئیہ بدن یا کپڑے پر لگی تو کیسے پاک ہوگی؟

جواب: اگر بدن یا کپڑے پر نجاست مرئیہ لگی تو اس کے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نجاست کے اوپر پانی وغیرہ ڈال کر اس کے وجود کو دور کر دیا جائے، خواہ نجاست مرئیہ کا وجود ایک بار دھونے سے دور ہو جائے یا اس سے زائد سے، اس کے پاک کرنے میں کوئی تعداد متعین نہیں ہے، ہاں اگر تین بار سے بھی دور نہ ہو تو مزید اسے دھوئے یہاں تک کہ نجاست کا وجود ختم ہو جائے۔ اور اگر ایک بار سے دور ہو گئی تو دوسری اور تیسری بار دھونا ضروری نہیں ہے اور یہی صحیح مذہب ہے جبکہ غیر صحیح قول بھی ہے جیسے کہ ابو جعفر فرماتے ہیں نجاست کے وجود کو دور کرنے کے بعد دوبار اور دھونا ضروری ہے اور علامہ فخر الاسلام فرماتے ہیں کہ نجاست کے وجود کو دور کرنے کے بعد تین بار دھونا ضروری ہے۔

سوال: نجاست کے عین کو دور کرنے کے بعد اس کا اثر باقی رہ جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: نجاست کے عین کو دور کر دیا لیکن اس کا اثر یعنی رنگ و بو اس جگہ باقی رہ گیا تو اگر وہ اثر بغیر مشقت (یعنی بغیر صابن وغیرہ) کے دور نہ ہو تو اس اثر کو دور کرنا ضروری نہیں ہے اور اگر بغیر مشقت کے دور ہو جاتا ہو تو اس کو دور کرنا ضروری ہے۔

سوال: نجاست غیر مرئیہ بدن یا کپڑے پر لگی تو کیسے پاک ہوگی؟

جواب: اگر بدن یا کپڑے پر نجاست غیر مرئیہ لگی تو اس کو پاک کرنے کے لئے تین بار دھونا اور ہر بار نچوڑنا ضروری ہے۔ اور اصل میں اعتبار غلبۂ ظن کا ہے یعنی اس کو اس قدر دھویا جائے کہ دھونے والے کو غالب گمان ہو کہ یہ پاک ہو گیا، لیکن فقہائے کرام نے غالب گمان کا اندازہ

تین مرتبہ دھونے کے ساتھ لگایا ہے۔ کیونکہ اس تعداد سے غالب گمان حاصل ہو جاتا ہے، پس آسانی کے لئے تین کے عدد کو غالب گمان کے قائم مقام کر دیا گیا کہ اگر تین بار دھولیا تو وہ پاک ہو جائے گا۔

سوال: بدن اور کپڑے پر لگی ہوئی نجاست حقیقیہ کو کن کن چیزوں سے پاک کیا جاسکتا ہے؟

جواب: اگر بدن یا کپڑے پر نجاست حقیقیہ لگ جائے تو یہ پانی سے اور ہر ایسی پتلی بہنے والی چیز سے (جو ناپاکی کو زائل کر دے جیسے سرکہ اور گلاب کا پانی) پاک کی جاسکتی ہے، اور اگر بہنے والی چیز ایسی ہو جو ناپاکی دور نہ کر سکے مثلاً دودھ، تیل وغیرہ (کہ ان میں چکناہٹ ہوتی ہے) تو اس سے بدن یا کپڑا پاک نہیں ہو گا۔ متن میں نجاست کو مطلق بیان کیا گیا تا کہ مرئیہ اور غیر مرئیہ دونوں کو شامل ہو جائے۔ نیز ماء کو مطلق بیان کیا گیا تا کہ مائے مطلق اور مائے مستعمل دونوں کو شامل ہو جائے۔

سوال: موزے اور جوتے کو دھونے کے علاوہ کیسے پاک کر سکتے ہیں؟

جواب: موزے یا جوتے میں دلدار نجاست لگی جیسے پاخانہ، گوبر، منی تو اگرچہ وہ نجاست تر ہو کھرچنے اور رگڑنے سے پاک ہو جائیں گے اور اگر مثل پیشاب کے کوئی پتلی نجاست لگی ہو اور اس پر مٹی یا راکھ یا ریتا وغیرہ ڈال کر رگڑ ڈالے جب بھی پاک ہو جائیں گے اور اگر ایسا نہ کیا یہاں تک کہ وہ نجاست سوکھ گئی تو اب بے دھوئے پاک نہ ہوں گے۔

سوال: تلوار وغیرہ کو کیسے پاک کیا جائے گا؟

جواب: لوہے کی چیزیں جیسے چھری، چاقو، تلوار وغیرہ (جس میں نہ زنگ ہو نہ نقش و نگار) نجس ہو جائیں تو صرف اچھی طرح پوچھ ڈالنے سے پاک ہو جائیں گی اور اس صورت میں نجاست کے دلدار یا پتلی ہونے میں کچھ فرق نہیں ہے۔

سوال: ناپاک زمین کیسے پاک ہو گی؟

جواب: ناپاک زمین اگر خشک ہو جائے اور نجاست کا اثر یعنی رنگ و بو جاتا رہے پاک ہو گئی خواہ وہ ہوا سے سوکھی ہو یا دھوپ یا آگ سے، مگر اس زمین سے تیمم کرنا جائز نہیں ہے، ہاں! نماز اس پر پڑھ سکتے ہیں۔

سوال: کیا گھاس، دیوار، درخت وغیرہ بھی خشک ہونے سے پاک ہو جائیں گے؟

جواب: درخت اور گھاس اور دیوار اور ایسی اینٹ جو زمین میں جڑی ہو یہ سب خشک ہو جانے سے پاک ہو گئے، اور اگر اینٹ جڑی ہوئی نہ ہو تو خشک ہونے سے پاک نہ ہو گی بلکہ دھونا ضروری ہے اور ایسے ہی درخت اور گھاس سوکھنے سے پیشتر کاٹ لئے گئے تو طہارت کے لئے دھونا ضروری ہے، اسی طرح اگر پتھر ایسا ہو جو زمین سے جدا نہ ہو سکے تو خشک ہونے سے پاک ہے ورنہ دھونے کی ضرورت ہے۔

سوال: اگر نجاست کی ذات بدل گئی تو کیا وہ پاک ہو جائے گی؟

جواب: اگر کسی نجاست کی ذات بدل گئی تو وہ پاک ہو جاتی ہے مثلاً شراب سرکہ بن جائے تو پاک ہے۔ پاخانہ مٹی بن جائے تو پاک ہے۔ کیونکہ اب ذات بدل گئی، اسی طرح کسی نجاست کو جلا کر راکھ کر دیا گیا تو وہ راکھ پاک ہے، یوں ہی کُتّا نمک کی کان میں گر کر نمک ہو گیا تو وہ نمک پاک ہے۔

سوال: خشک منی اور تر منی کپڑے یا بدن میں لگی تو کیسے پاک کریں گے؟

جواب: منی اگر کپڑے یا بدن میں لگ گئی اور خشک ہو گئی تو اس کو کھرچ کر یا مل کر صاف کر دیا تو بدن اور کپڑا پاک ہو جائے گا اور اگر منی تر ہو یا ساتھ پیشاب بھی لگ گیا تو دھونے سے پاک ہو گی ملنا اور کھرچنا کافی نہیں۔ (فیضان فرض علوم ص ۱۱۶)

بندے کی توبہ پر شیطان کی بدحواسی

رسولِ خدا، حبیب کبریا، احمد مجتبیٰ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ پاک ہے کہ "جب بندہ چالیس برس کی عمر کو پہنچ جائے اور اس کی بھلائی اس کے شر پر غالب نہ آئے تو شیطان اس کی پیشانی چوم کر کہتا ہے کہ "میں اس چہرے پہ قربان جو کبھی فلاح نہیں پائے گا۔" پھر اگر اللہ عزوجل اس بندے پر احسان فرمائے اور وہ شخص اللہ عزوجل کی بارگاہ میں توبہ کر لے اور اللہ عزوجل اسے گمراہی سے بچا لے اور جہالت کی تاریکیوں سے نکال دے۔" تو شیطان ملعون کہتا ہے: "ہائے افسوس! اس نے میری آنکھیں ٹھنڈی کرنے کے لئے ساری عمر گمراہی میں گزاری پھر اللہ عزوجل نے اس کی توبہ کی وجہ سے اسے جہالت کے اندھیروں سے نکال دیا۔" (بحر الدموع ص ۱۲۷)

حافظِ قرآن کیسا ہو؟

حضرت سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "کہ حافظ قرآن کو چاہے کہ وہ اپنی رات کی وجہ سے پہچانا جائے جبکہ لوگ سو رہے ہوں اور دن کی وجہ سے پہچانا جائے جبکہ لوگ کھا پی رہے ہوں اور غمزدہ ہو جبکہ لوگ خوش ہوں اور وہ رو رہا ہو جبکہ لوگ ہنس رہے ہوں اور خاموش ہو جبکہ لوگ باہم اُلجھ رہے ہوں اور وہ خشوع میں ہو جبکہ لوگ مغرور ہوں، حافظ قرآن میں یہ خوبیاں بھی ہونی چاہیں کہ وہ بد اخلاق نہ ہو، غافل نہ ہو، شور نہ کرے، نہ سخت مزاج ہو اور نہ دھتکارنے والا ہو۔"

فَصْلٌ فِيْ طَهَارَةِ جِلْدِ الْمَيْتَةِ وَنَحْوِهَا

یہ مردار کی کھال اور اس کے جیسے کی پاکی کی فصل ہے

يَطْهُرُ جِلْدُ الْمَيْتَةِ بِالدِّبَاغَةِ الْحَقِيْقِيَّةِ كَالْقَرْظِ وَبِالْحِكْمِيَّةِ كَالتَّتْرِيْبِ وَالتَّشْمِيْسِ إِلَّا جِلْدَ الْخِنْزِيْرِ وَالْآدَمِيِّ وَ تُطَهِّرُ الذَّكَاةُ الشَّرْعِيَّةُ جِلْدَ غَيْرِ الْمَأْكُوْلِ دُوْنَ لَحْمِهٖ عَلٰى أَصَحِّ مَا يُفْتٰى بِهٖ وَكُلُّ شَيْءٍ لَا يَسْرِيْ فِيْهِ الدَّمُ لَا يَنْجُسُ بِالْمَوْتِ كَالشَّعْرِ وَالرِّيْشِ الْمَجْزُوْزِ وَالْقَرْنِ وَالْحَافِرِ وَالْعَظْمِ مَا لَمْ يَكُنْ بِهٖ دَسَمٌ وَالْعَصَبُ نَجِسٌ فِيْ الصَّحِيْحِ وَنَافِجَةُ الْمِسْكِ طَاهِرَةٌ كَالْمِسْكِ وَأَكْلُهٗ حَلَالٌ وَالزَّبَادُ طَاهِرٌ تَصِحُّ صَلَاةُ مُتَطَيِّبٍ بِهٖ۔

ترجمہ: مردار کی کھال دباغت حقیقیہ سے پاک ہوجاتی ہے جیسے قرظ کے پتے، اور دباغت حکمیہ سے پاک ہوجاتی ہے جیسے مٹی مل دینا اور دھوپ میں سکھادینا، مگر خنزیر اور آدمی کی کھال، اور غیر ماکول کی کھال کو شرعی ذبح پاک کردیتا ہے نہ کہ اس کے گوشت کو صحیح قول کے مطابق جس پر فتوی دیا جاتا ہے، اور ہر وہ چیز جس میں خون سرایت نہیں کرتا وہ موت سے ناپاک نہیں ہوتی جیسے بال اور کٹا ہوا پر، اور سینگ اور کھر اور ہڈی جب کہ اس پر چکناہٹ نہ ہو، اور پٹھا ناپاک ہے صحیح قول کے مطابق، اور مشک کا نافہ مشک کی طرح پاک ہے اور اس کا کھانا حلال ہے، اور زباد پاک ہے اس کی خوشبو لگانے والے کی نماز صحیح ہے۔

سوال: مردار کی کھال کیسے پاک ہوتی ہے؟

جواب: آدمی اور خنزیر کے سوا ہر جاندار مردار کی کھال دباغت یعنی گندی رطوبت دور کرنے سے پاک ہو جاتی ہے۔ دباغت کی دو قسمیں ہیں (۱) حقیقی۔ جو دوائی یا کیکر کے مشابہ قرظ نامی درخت کے پتوں سے کی جاتی ہے (۲) حکمی: جو مٹی لگا کر یا دھوپ میں سکھا کر کی جاتی ہے۔ پس دونوں قسموں کی دباغت سے چمڑا پاک ہو جائے گا۔ پھر اس پر نماز پڑھنا، اس کے بنے ہوئے ڈول سے وضوو غسل کرنا جائز ہے۔ اور مردار خواہ ہاتھی کتا یا جنگلی درندے ہوں یا جن کا گوشت کھایا جاتا ہے وہ ہوں۔ یہاں پر خنزیر کو مستثنی رکھا کیونکہ وہ نجس العین ہے کہ اس کی کھال دباغت سے پاک نہیں ہوگی اور آدمی کو مستثنی رکھا اس کی کرامت کی وجہ سے کہ اس کے کسی جزء کا استعمال کرامت کی بناء پر جائز نہیں ہے۔

سوال: غیر ماکول اللحم کی کھال کیسے پاک ہوگی؟ اور کیا اس کا گوشت بھی پاک ہوجائے گا؟

جواب: غیر ماکول اللحم یعنی حرام جانوروں کی کھال سوائے خنزیر کے شرعی طور پر ان کو ذبح کر دینے سے پاک ہو جاتی ہے، یہاں شرعی ذبح کی قید لگائی ہے یعنی ذبح کے صحیح ہونے کے لئے شریعت نے جو شرائط بتائی ہیں ان کی رعایت کر کے ذبح کیا گیا ہو مثلاً ذبح کرنے والا اس کا اہل ہو چنانچہ مجوسی کا ذبح کرنا اس کو پاک نہیں کرے گا، نیز بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کیا گیا ہو وغیرہ۔ اور صحیح قول کے مطابق صرف کھال پاک ہو گی نہ کہ ان کا گوشت۔

سوال: جانور کے بدن کی ہر وہ چیز جس میں خون سرایت نہیں کرتا کیا وہ موت سے ناپاک ہو جاتے ہیں؟

جواب: خنزیر کے سوا سارے جانوروں کے بدن کی ہر وہ چیز جس میں خون سرایت نہیں کرتا وہ موت سے ناپاک نہیں ہوتیں۔ بشرطیکہ ان پر چربی نہ ہو۔ جیسے بال، کٹا ہوا پر، سینگ، کھر اور ہڈی وغیرہ اور اس کی علت یہ ہے کہ نجاست خون کے رکنے کی وجہ سے ہوتی ہے اور ان میں خون نہیں ہوتا۔ ہاں اگر ان میں چکناہٹ یا چربی وغیرہ لگی ہو تو ناپاک ہو جائیں گے کہ مردار کی چربی نجس ہے۔

سوال: پٹھے اور مشک کے نافہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: العصب: گوشت کے اندر اعضائے جسم کے جوڑوں کو باندھنے والی پٹی کو کہتے ہیں۔

صحیح قول کے مطابق یہ ناپاک ہے کیونکہ اس میں جان ہوتی ہے جبکہ ایک غیر صحیح قول کے مطابق پاک ہے کہ وہ ہڈی ہے۔

نافہ۔ مشک کی تھیلی جو ایک خاص قسم کے ہرن کے پیٹ میں ہوتی ہے اور خوشبودار ہوتی ہے، بالاتفاق پاک ہے اور اس کا کھانا بھی حلال ہے۔

سوال: زباد کیا ہے اور یہ پاک ہے یا ناپاک؟

جواب: الزباد: یہ ایک قسم کا مادہ ہے جو ہرن کی دم کے نیچے پاخانے کے مقام پر جمع ہوتا رہتا ہے، نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔ یہ پاک ہے اور اگر کسی نے زباد خوشبو لگائی ہو تو اس کی نماز صحیح ہے کیونکہ وہ پاک ہے۔

تاریخِ اختتام: 23 رمضان، 1441 ہجری بمطابق 17، مئی 2020ء۔

شبِ اتوار، رات، 12:05 AM

(بحمد اللہ تعالیٰ "کتاب الطہارۃ" 18 دن میں مکمل ہوئی)

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

شَارِقُ الْفَلَاحِ

شرح

نورالایضاح

کِتَابُ الصَّلاۃِ

تاریخِ آغاز: 23 رمضان، 1441 ہجری بمطابق 17، مئی 2020ء۔

شبِ اتوار، رات، 12:19 AM

مصنف

شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

شارح

مولانا محمد شفیق خان عطاری المدنی فتحپوری

كِتَابُ الصَّلَاةِ

نماز کا بیان

شُرُوْطُ وُجُوْبِهَا

يُشْتَرَطُ لِفَرْضِيَّتِهَا ثَلَاثَةُ أَشْيَاءَ اَلْإِسْلَامُ وَالْبُلُوْغُ وَالْعَقْلُ وَتُؤْمَرُ بِهَا الْأَوْلَادُ لِسَبْعِ سِنِيْنَ وَتُضْرَبُ عَلَيْهَا لِعَشْرٍ بِيَدٍ لَا بِخَشْبَةٍ

ترجمہ: نماز کے فرض ہونے کے لئے تین چیزیں شرط قرار دی گئی ہیں: (۱) مسلمان ہونا، (۲) بالغ ہونا، (۳) عاقل ہونا۔ اور بچوں کو سات سال کی عمر میں نماز کا حکم دیا جائے گا، اور دس سال کی عمر میں نماز چھوڑنے پر ہاتھ سے مارا جائے گا لکڑی سے نہیں۔

سَبَبُهَا وَمَتٰى تَجِبُ

وَأَسْبَابُهَا أَوْقَاتُهَا وَتَجِبُ بِأَوَّلِ الْوَقْتِ وُجُوْبًا مُوَسَّعًا

ترجمہ: نماز (فرض ہونے) کے اسباب اس کے اوقات ہیں اور نماز واجب ہو جاتی ہے وقت کے شروع حصے میں ہی ایسا وجوب جس کو گنجائش دی گئی ہے۔

اَوْقَاتُ الصَّلَاةِ

وَالْأَوْقَاتُ خَمْسَةٌ وَقْتُ الصُّبْحِ مِنْ طُلُوْعِ الْفَجْرِ الصَّادِقِ اِلٰى قُبَيْلِ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَوَقْتُ الظُّهْرِ مِنْ زَوَالِ الشَّمْسِ اِلٰى أَنْ يَصِيْرَ ظَلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَيْهِ أَوْ مِثْلَهٗ سِوٰى ظِلِّ الْاِسْتِوَاءِ وَاخْتَارَ الثَّانِيَ الطَّحَاوِيُّ وَهُوَ قَوْلُ الصَّاحِبَيْنِ۔

ترجمہ: اور نماز کے اوقات پانچ ہیں: (۱) صبح کا وقت: فجر صادق کے طلوع ہونے سے سورج کے نکلنے سے کچھ پہلے تک۔ (۲) ظہر کا وقت: سورج کے ڈھلنے سے سایہ اصلی کے سوا ہر چیز کا سایہ اس کے دو مثل یا ایک مثل ہونے تک اور دوسرے قول کو امام طحاوی نے اختیار کیا ہے اور یہی صاحبین کا قول ہے۔

وَوَقْتُ الْعَصْرِ مِنْ اِبْتِدَاءِ الزِّيَادَةِ عَلَى الْمِثْلِ أَوِ الْمِثْلَيْنِ اِلٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ وَالْمَغْرِبِ مِنْهُ اِلٰى غُرُوْبِ الشَّفَقِ الْاَحْمَرِ عَلَى الْمُفْتٰى بِهٖ وَالْعِشَاءِ وَالْوِتْرِ مِنْهُ اِلَى الصُّبْحِ وَلَا يُقَدَّمُ الْوِتْرُ عَلَى الْعِشَاءِ لِلتَّرْتِيْبِ اللَّازِمِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ وَقْتَهُمَا لَمْ يَجِبَا عَلَيْهِ۔

ترجمہ: (۳) عصر کا وقت: ایک مثل یا دو مثل پر زیادتی کی ابتداء سے سورج کے غروب ہونے تک۔ (۴) مغرب کا وقت: غروبِ آفتاب سے شفقِ احمر کے غروب تک مفتی بہ قول کے مطابق۔ (۵) عشاء اور وتر کا وقت: شفقِ احمر کے غروب سے صبحِ صادق تک، وتر کو عشاء پر مقدم نہیں کیا جائے گا اس ترتیب کی وجہ سے جو لازم ہے۔ اور جو شخص ان کا وقت نہ پائے اس پر یہ دونوں واجب نہیں ہے۔

سوال: نماز کے متعلق کچھ تمہیدی کلمات بیان کر دیں۔

جواب: مصنف کتاب الطہارۃ کے بیان سے فارغ ہو کر (جو نماز تک پہنچنے کے لئے ذریعہ و وسیلہ ہے) اصل مقصود نماز کو بیان فرمارہے ہیں، نماز بدنی عبادتوں میں سے سب سے افضل اور عمدہ عبادت ہے اس کو چھوڑنا حرام اور شدید ترین کبیرہ گناہ ہے، اور یہ عبادت دائمی اور قدیمی ہے یعنی کسی رسول کی شریعت میں منسوخ نہیں ہوئی اور شریعت محمدیہ کو جو نماز اللہ کی طرف سے دی گئی ہے اس میں بہت سی باتیں خاص طور سے عطا کی گئی ہیں جو اس سے پہلے شریعتوں میں نہیں تھیں مثلاً اذان، اقامت، تکبیر تحریمہ، آمین وغیرہ، نماز کی فرضیت معراج کی رات میں ہوئی اور اصل میں سوائے مغرب کے دو دو رکعتیں فرض ہوئیں پھر سفر میں اس کو برقرار رکھا گیا اور حضر میں سوائے فجر کے زیادتی کر دی گئی، نماز کے فرض کرنے کی حکمت منعم کا شکر ادا کرنا ہے اور نماز کے فرض ہونے کا سبب اصل اللہ پاک کا خطابِ ازلی ہے، اور نماز کے اوقات، اس کے اسبابِ ظاہری اور نماز کے فرائض و شرائط و صفات کا بیان ان شاء اللہ آگے آرہا ہے۔

مزید اگر پانچوں نمازوں کی حکمتیں معلوم کرنا ہو تو ہماری کتاب بنام **"پانچ نمازوں کی حکمت"** کا مطالعہ کیجئے۔

سوال: صلوٰۃ کا لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہے؟ نیز نماز کتنی قسم کی ہوتی ہے؟

جواب: صَلوٰۃ صَلْیٌ سے بنا ہے بمعنی گوشت بھوننا، آگ پر پکانا، رب فرماتا ہے: "سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ"۔ نیز آگ سے لکڑی سیدھی کرنے کو تصلیہ کہا جاتا ہے، چونکہ نماز اپنے نمازی کے نفس کو مجاہدہ و مشقت کی آگ پر جلاتی ہے، نیز اسے سیدھا کرتی ہے اس لئے اسے صلوٰۃ کہتے ہیں۔ اب صلوٰۃ کے معنی دعا، رحمت، انزالِ رحمت، استغفار، سرین ہلانا ہیں۔ چونکہ یہ سب چیزیں نماز میں ہوتی ہیں اس لئے نماز کو صلوٰۃ کہتے ہیں۔ اسلام میں سب اعمال سے پہلے نماز فرض ہوئی، یعنی نبوت کے گیارہویں سال ہجرت سے دو سال کچھ ماہ پہلے، نیز ساری عبادتیں اللہ تعالیٰ نے

فرش پر بھیجیں مگر نماز اپنے محبوب کو عرش پر بلا کر دی، اس لئے کلمہ شہادت کے بعد سب سے بڑی عبادت نماز ہے۔ جو نماز سیدھی کر کے پڑھے تو نماز اسے بھی سیدھا کر دیتی ہے۔

اور نمازیں چار قسم کی ہیں: فرض، واجب، سنت مؤکدہ، نفل۔

سوال: نماز کس پر فرض ہے؟

جواب: ہر مسلمان مکلّف یعنی عاقِل بالغ پر نماز فرض عین ہے، اس کی فرضیت کا منکر کافر ہے۔ اور جو قصداً چھوڑے اگرچہ ایک ہی وقت کی ہو، وہ فاسِق ہے اور جو نماز نہ پڑھتا ہو قید کیا جائے یہاں تک کہ توبہ کرے اور نماز پڑھنے لگے بلکہ ائمہٗ ثلٰثہ امامِ مالک و شافعی و احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک سلطانِ اسلام کو اس کے قتل کا حکم ہے۔ ("الدر المختار" معه "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص٦.)

اس وضاحت سے پتہ چلا کہ نماز فرض اسی پر ہو گی جس میں تین شرطیں پائی جائیں: (۱) مسلمان ہونا۔ (۲) بالغ ہونا۔ (۳) عاقل ہونا۔

سوال: کتنے سال کے بچوں کو نماز کا حکم دیں گے؟ نیز ترکِ نماز پر سزا دینے کی عمر کیا ہے؟

جواب: جب لڑکا یا لڑکی سات سال کے ہو جائیں یعنی آٹھواں سال لگ جائے تو ان کے ولی پر واجب ہے کہ ان کو نماز کا حکم کریں اور ان کو نماز پڑھنا سکھائیں اور جب دس سال کے ہو جائیں تو اب اگر نماز چھوڑ دیں تو مار کر پڑھائیں اور مارنے میں حدود کا لحاظ رکھیں ایک یہ کہ ہاتھ سے ماریں لکڑی سے نہ ماریں اس لئے کہ یہ تنبیہ ہے سزا نہیں اور لکڑی سزا دینے کے لئے استعمال ہوتی ہے، دوسرے یہ ہے کہ تین ضرب سے زائد نہ ہو اور ضرب بھی متوسط ہو۔ ("جامع الترمذي"، أبواب الصلاة، باب ماجاء متى يؤمر الصبي بالصلاة، الحديث: ٤٠٧، ج١، ص٤١٦.)

سوال: نماز فرض ہونے کے اسباب کیا ہیں؟ نیز کیا اوّلِ وقت میں نماز ادا کرنا ضروری ہے؟

جواب: فرضیت نماز کا سبب حقیقی امرِ الٰہی ہے اور سبب ظاہری وقت ہے کہ اوّل وقت سے آخر وقت تک جب ادا کرے ادا ہو جائے گی اور فرض ذمہ سے ساقط ہو جائے گا اور اگر ادا نہ کی یہاں تک کہ وقت کا ایک خفیف جز باقی ہے تو یہی جز اخیر سبب ہے، تو اگر کوئی مجنون یا بے ہوش ہوش میں آیا یا حیض و نفاس والی پاک ہوئی یا صبی (بچہ) بالغ ہوا یا کافر مسلمان ہوا اور وقت صرف اتنا ہے کہ اللہ اکبر کہہ لے تو ان سب پر اس وقت کی نماز فرض ہو گئی اور جنون و بے ہوشی پانچ وقت سے زائد کو مستغرق نہ ہوں تو اگرچہ تکبیر تحریمہ کا بھی وقت نہ ملے نماز فرض ہے، قضا پڑھے۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص١٥، ١٣.)

اولِ وقت میں ادا کرنا ضروری نہیں آخری وقت تک ادائیگی کی گنجائش ہے۔

سوال: نماز کے اوقات کتنے ہیں؟

جواب: نماز کے پانچ اوقات ہیں۔

سوال: نمازِ فجر کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب: وقت فجر: طلوع صبح صادق سے آفتاب کی پہلی کرن چمکنے تک ہے۔

سوال: صبحِ صادق اور صبحِ کاذب کسے کہتے ہیں؟

جواب: فائدہ: صبح صادق ایک روشنی ہے کہ پورب کی جانب جہاں سے آج آفتاب طلوع ہونے والا ہے اس کے اوپر آسمان کے کنارے میں دکھائی دیتی ہے اور بڑھتی جاتی ہے، یہاں تک کہ تمام آسمان پر پھیل جاتی اور زمین پر اجالا ہو جاتا ہے اور اس سے قبل بیچ آسمان میں ایک دراز سپیدی ظاہر ہوتی ہے، جس کے نیچے سارا اُفق سیاہ ہوتا ہے، صبح صادق اس کے نیچے سے پھوٹ کر جنوباً شمالاً دونوں پہلوؤں پر پھیل کر اوپر بڑھتی ہے، یہ دراز سپیدی اس میں غائب ہو جاتی ہے، اس کو صبح کاذب کہتے ہیں، اس سے فجر کا وقت نہیں ہوتا یہ جو بعض نے لکھا کہ صبح کاذب کی سپیدی جا کر بعد کو تاریکی ہو جاتی ہے، محض غلط ہے، صحیح وہ ہے جو ہم نے بیان کیا۔

مختار یہ ہے کہ نماز فجر میں صبح صادق کی سپیدی چمک کر ذرا پھیلنی شروع ہو اس کا اعتبار کیا جائے اور عشا اور سحری کھانے میں اس کے ابتدائے طلوع کا اعتبار ہو۔("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الأول، ج۱، ص۵۱.

فائدہ: صبح صادق چمکنے سے طلوع آفتاب تک ان بلاد (ہند کے شہر) میں کم از کم ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹا پینتیس منٹ، نہ اس سے کم ہو گا نہ اس سے زیادہ، اکیس مارچ کو ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ ہوتا ہے، پھر بڑھتا رہتا ہے، یہاں تک کہ ۲۲ جون کو پورا ایک گھنٹا ۳۵ منٹ ہو جاتا ہے پھر گھٹنا شروع ہوتا ہے، یہاں تک کہ ۲۲ ستمبر کو ایک گھنٹا ۱۸ منٹ ہو جاتا ہے، پھر بڑھتا ہے، یہاں تک کہ ۲۲ دسمبر کو ایک گھنٹا ۲۴ منٹ ہوتا ہے، پھر کم ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ ۲۱ مارچ کو وہی ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ ہو جاتا ہے، جو شخص وقت صحیح نہ جانتا ہو اسے چاہیے کہ گرمیوں میں ایک گھنٹا ۴۰ منٹ باقی رہنے پر سحری چھوڑ دے خصوصاً جون جولائی میں اور جاڑوں میں ڈیڑھ گھنٹا رہنے پر خصوصاً دسمبر جنوری میں اور مارچ و ستمبر کے اواخر میں جب دن رات برابر ہوتا ہے، تو سحری ایک گھنٹا چوبیس منٹ پر چھوڑے اور سحری چھوڑنے کا جو وقت بیان کیا گیا اس کے آٹھ دس منٹ بعد اَذان کہی جائے تاکہ سحری اور اَذان دونوں طرف احتیاط رہے، بعض ناواقف آفتاب نکلنے سے دو، پونے دو گھنٹے پہلے اَذان کہہ دیتے ہیں پھر اسی وقت سنت بلکہ فرض بھی بعض دفعہ پڑھ لیتے ہیں، اس طرح نہ یہ اَذان ہوئی اور نہ نماز، بعضوں نے رات کا ساتواں حصہ وقتِ فجر سمجھ رکھا ہے یہ ہرگز صحیح نہیں ماہِ جون وجولائی میں جب کہ دن بڑا ہوتا ہے اور رات تقریباً دس گھنٹے کی ہوتی ہے، ان دنوں تو البتہ وقت صبح رات کا ساتواں حصہ یا اس سے چند منٹ پہلے ہو جاتا ہے، مگر دسمبر جنوری میں جب کہ رات چودہ گھنٹے کی ہوتی ہے، اس وقت فجر کا وقت نواں حصہ بلکہ اس سے بھی کم ہو جاتا ہے۔ ابتدائے وقت فجر کی شناخت دشوار ہے، خصوصاً جب کہ گرد و غبار ہو یا چاندنی رات ہو لہٰذا ہمیشہ طلوع آفتاب کا خیال رکھے کہ آج جس وقت طلوع ہوا دوسرے دن اسی حساب سے وقت متذکرۂ بالا کے اندر اندر اَذان و نماز فجر ادا کی جائے۔

سوال: نمازِ ظہر و جمعہ کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب: وقت ظہر و جمعہ: آفتاب ڈھلنے سے اس وقت تک ہے، کہ ہر چیز کا سایہ علاوہ سایہ اصلی کے دو مثل یا ایک مثل ہو جائے۔

سوال: سایہ اصلی کسے کہتے ہیں؟

جواب: ہر دن کا سایہ اصلی وہ سایہ ہے، کہ اس دن آفتاب کے خط نصف النہار پر پہنچنے کے وقت ہوتا ہے اور وہ موسم اور بلاد کے مختلف ہونے سے مختلف ہوتا ہے، دن جتنا گھٹتا ہے، سایہ بڑھتا جاتا ہے اور دن جتنا بڑھتا ہے، سایہ کم ہوتا جاتا ہے، یعنی جاڑوں میں زیادہ ہوتا ہے اور گرمیوں میں کم اور ان شہروں میں جو خطِ استواء کے قرب میں واقع ہیں، کم ہوتا ہے، بلکہ بعض جگہ بعض موسم میں بالکل ہوتا ہی نہیں جب آفتاب بالکل سمت راس (سر کے اوپر) پر ہوتا ہے، چنانچہ موسم سرما ماہِ دسمبر میں ہمارے ملک کے عرض البلد پر جو ۲۸ درجہ کے قریب پر واقع ہے، ساڑھے آٹھ قدم سے زائد سایہ اصلی ہو جاتا ہے اور مکۂ معظمہ میں جو ۲۱ درجہ پر واقع ہے، ان دنوں میں سات قدم سے کچھ ہی زائد ہوتا ہے، اس سے زائد پھر نہیں ہوتا، اسی طرح موسم گرما میں مکۂ معظمہ میں ۲۷ مئی سے ۳۰ مئی تک دوپہر کے وقت بالکل سایہ نہیں ہوتا، اس کے بعد پھر وہ سایہ الٹا ظاہر ہوتا ہے، یعنی سایہ جو شمال کو پڑتا تھا، اب مکۂ معظمہ میں جنوب کو ہوتا ہے اور ۲۲ جون تک پاؤ قدم تک بڑھ کر پھر گھٹتا ہے، یہاں تک کہ پندرہ جولائی سے اٹھارہ جولائی تک پھر معدوم ہو جاتا ہے، اس کے بعد پھر شمال کی طرف ظاہر ہوتا ہے اور ہمارے ملک میں نہ کبھی جنوب میں پڑتا ہے، نہ کبھی معدوم ہوتا ہے بلکہ سب سے کم سایہ ۲۲ جون کو نصف قدم باقی رہتا ہے۔ (از افاداتِ رضویہ)

فائدہ: آفتاب ڈھلنے کی پہچان یہ ہے کہ برابر زمین میں ہموار لکڑی اس طرح سیدھی نصب کریں کہ مشرق یا مغرب کو اصلاً جھکی نہ ہو، آفتاب جتنا بلند ہوتا جائے گا، اس لکڑی کا سایہ کم ہوتا جائے گا، جب کم ہونا موقوف ہو جائے، تو اس وقت سورج خط نصف النہار پر پہنچا اور اس وقت کا سایہ سایۂ اصلی ہے، اس کے بعد بڑھنا شروع ہوگا اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ سورج خط نصف النہار سے متجاوز ہوا، اب ظہر کا وقت ہوا یہ ایک تخمینہ ہے اس لئے کہ سایہ کا کم و بیش ہونا خصوصاً موسم گرما میں جلد متمیز نہیں ہوتا، اس سے بہتر طریقہ خط نصف النہار کا ہے کہ ہموار زمین میں نہایت صحیح کمپاس سے سوئی کی سیدھ پر خط نصف النہار کھینچ دیں اور ان ملکوں میں اس خط کے جنوبی کنارے پر کوئی مخروطی شکل کی نہایت باریک نوک دار لکڑی خوب سیدھی نصب کریں کہ شرق یا غرب کو اصلاً نہ جھکی ہو، اور وہ خط نصف النہار اس کے قاعدے کے عین وسط میں ہو۔ جب اس کی نوک کا سایہ اس خط پر منطبق ہو ٹھیک دوپہر ہو گیا، جب بال برابر پورب کو جھکے دوپہر ڈھل گیا، ظہر کا وقت آ گیا۔

سوال: ظہر کے آخری وقت کے بارے میں اختلاف ائمہ تحریر کریں؟

جواب: ظہر کے آخری وقت کے بارے میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہے چنانچہ:

(۱) ایک روایت یہ ہے کہ جب سایۂ اصلی کے علاوہ ہر چیز کا سایہ اس کے ایک مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم اور عصر کا وقت شروع ہو گیا اس قول کو امام طحاوی نے اختیار کیا ہے اور یہی صاحبین کا بھی مذہب ہے اور امام شافعی بھی اسی کے قائل ہیں۔

(۲) دوسری روایت یہ ہے کہ جب سایۂ اصلی کے علاوہ ہر چیز کا سایہ اس کے دو مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم اور عصر کا وقت شروع ہو گیا اور یہ امام اعظم کا مذہب ہے، اور اسی پر اب احناف کا عمل ہے۔

سوال: نمازِ عصر کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب: وقت عصر: ظہر کا وقت ختم ہونے کے بعد سے شروع ہوتا ہے خواہ ظہر کا وقت دو مثل پر ختم ہو جو کہ امام اعظم کا مذہب ہے خواہ ایک مثل پر ختم ہو جو کہ صاحبین کا مذہب ہے۔ اور عصر کا آخری وقت آفتاب کے ڈوبنے سے پہلے تک ہے۔ پس سورج کے غروب ہوتے ہی ختم ہو جاتا ہے۔

فائدہ: ان بلاد (ہند کے شہروں) میں وقت عصر کم از کم ایک گھنٹا ۳۵ منٹ اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ٦ منٹ ہے، اس کی تفصیل یہ ہے، ۲۴ اکتوبر تحویل عقرب (ایک بُرج کا نام ہے) سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۳٦ منٹ پھر یکم نومبر سے ۱۸ فروری یعنی پونے چار مہینے تک تقریباً ایک گھنٹا ۳۵ منٹ سال میں یہ سب سے چھوٹا وقت عصر ہے، ان بلاد میں عصر کا وقت کبھی اس سے کم نہیں ہوتا، پھر ۱۹ فروری تحویل حوت سے ختم ماہ تک ایک گھنٹا ۳٦ منٹ، پھر مارچ کے ہفتۂ اوّل میں ایک گھنٹا ۳۷ منٹ، ہفتۂ دوم میں ایک گھنٹا ۳۸ منٹ، ہفتۂ سوم میں ایک گھنٹا ۴۰ منٹ، پھر ۲۱ مارچ تحویل حمل سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۴۱ منٹ، پھر اپریل کے ہفتۂ اوّل میں ایک گھنٹا ۴۳ منٹ، دوسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۵ منٹ، تیسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۸ منٹ، پھر ۲۰ و ۲۱ اپریل تحویل ثور سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۵۰ منٹ، پھر مئی کے ہفتۂ اول میں ایک گھنٹا ۵۳ منٹ، ہفتۂ دوم میں ایک گھنٹا ۵۵ منٹ، ہفتۂ سوم میں ایک گھنٹا ۵۸ منٹ، پھر ۲۲ و ۲۳ مئی تحویل جوزا سے آخر ماہ تک دو گھنٹے ایک منٹ، پھر جون کے پہلے ہفتہ میں دو گھنٹے ۳ منٹ، ہفتۂ دوم میں دو گھنٹے ۴ منٹ، ہفتۂ سوم میں دو گھنٹے ۵ منٹ، پھر ۲۲ جون تحویل سرطان سے آخر ماہ تک دو گھنٹے ٦ منٹ، پھر ہفتۂ اوّل جولائی میں دو گھنٹے ۵ منٹ، دوسرے ہفتہ میں دو گھنٹے ۴ منٹ، تیسرے ہفتہ میں دو گھنٹے دو منٹ، پھر ۲۳ جولائی تحویل اسد کو دو گھنٹے ایک منٹ اس کے بعد سے آخر ماہ تک دو گھنٹے، پھر اگست کے پہلے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۵۸ منٹ، دوسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۵۵ منٹ، تیسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۵۱ منٹ، پھر ۲۳ و ۲۴ اگست تحویل سنبلہ کو ایک گھنٹا ۵۰ منٹ، پھر اس کے بعد سے آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۴۸ منٹ، پھر ہفتۂ اول ستمبر میں ایک گھنٹا ۴٦ منٹ، دوسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۴ منٹ، تیسرے ہفتہ میں ایک گھنٹا ۴۲ منٹ، پھر ۲۳، ۲۴ ستمبر تحویل میزان میں ایک گھنٹا ۴۱ منٹ، پھر اس کے بعد آخر ماہ تک ایک گھنٹا ۴۰ منٹ، پھر ہفتۂ اوّل اکتوبر میں ایک گھنٹا ۳۹ منٹ، ہفتۂ دوم میں ایک گھنٹا ۳۸ منٹ، ہفتۂ سوم میں ۲۳ اکتوبر تک ایک گھنٹا ۳۷ منٹ، غروب آفتاب سے پیشتر وقت عصر شروع ہوتا ہے۔ (از افاداتِ رضویہ)

سوال: برج کیا ہیں؟ اور یہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

جواب: بارہ بُرج جو سات سیارہ ستاروں کی منزلیں ہیں۔ بُرج یہ ہیں: (۱) حمل (۲) ثور (۳) جوزا (۴) سرطان (۵) اسد (٦) سنبلہ (۷) میزان (۸) عقرب (۹) قوس (۱۰) جدی (۱۱) دلو (۱۲) حوت۔ ("معالم التنزیل"، ج۳، ص۳۱۸، ملخّصاً)

سوال: نمازِ مغرب کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب: وقت مغرب: غروب آفتاب سے غروب شفق تک ہے۔

اور یہ وقت ان (ہند کے) شہروں میں کم سے کم ایک گھنٹا اٹھارہ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹا ۳۵ منٹ ہوتا ہے۔

(الفتاوی الرضویة"، کتاب الصلاة، باب الأوقات، ج۵، ص۱۵۳.)

اور شفق کی تعیین میں علما کا اختلاف ہے صاحبین کے نزدیک شفق سے مراد شفق احمر ہے اور امام اعظم کے نزدیک شفق ابیض ہے، مصنف نے صاحبین کے قول کو مفتی بہ کہا ہے لیکن بحر الرائق میں امام اعظم کے قول کو راجح کہا ہے اور اب امام اعظم کے قول پر ہی فتوی ہے یعنی مغرب کا وقت شفق ابیض کے غروب ہوتے ہی ختم ہو جائے گا۔ جیسا کہ ہدایہ میں ہے:

شفق ہمارے مذہب میں اس سپیدی کا نام ہے، جو جانب مغرب میں سُرخی ڈوبنے کے بعد جنوباً شمالاً صبح صادق کی طرح پھیلی ہوئی رہتی ہے۔

("الهداية"، كتاب الصلاة، باب المواقيت، ج۱، ص۴۰.)

فائدہ: ہر روز کے صبح اور مغرب دونوں کے وقت برابر ہوتے ہیں۔

سوال: عشا اور وتر کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب: وقت عشا و وتر: صاحبین کے نزدیک شفقِ احمر اور امامِ اعظم کے نزدیک شفقِ ابیض کے غروب ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے اور طلوع صبح صادق سے پہلے تک رہتا ہے۔ (الفتاوى الرضوية"، كتاب الصلاة، باب الأوقات، ج۵، ص۱۵۳.)

سوال: کیا وتر کو عشا پر مقدم کر سکتے ہیں؟

جواب: اگرچہ عشا و وتر کا وقت ایک ہے، مگر باہم ان میں ترتیب فرض ہے، کہ عشا سے پہلے وتر کی نماز پڑھ لی تو ہو گی ہی نہیں، البتہ بھول کر اگر وتر پہلے پڑھ لئے یا بعد کو معلوم ہوا کہ عشا کی نماز بے وضو پڑھی تھی اور وتر وضو کے ساتھ تو وتر ہو گئے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الأول، ج۱، ص۵۱.)

سوال: جو شخص عشا و وتر کا وقت نہ پائے تو کیا کرے؟

جواب: جن شہروں میں عشا کا وقت ہی نہ آئے کہ شفق ڈوبتے ہی یا ڈوبنے سے پہلے فجر طلوع کر آئے (جیسے بلغار و لندن کہ ان جگہوں میں ہر سال چالیس راتیں ایسی ہوتی ہیں کہ عشا کا وقت آتا ہی نہیں اور بعض دنوں میں سیکنڈوں اور منٹوں کے لیے ہوتا ہے) تو وہاں والوں پر عشا و وتر واجب ہو گی یا نہیں اس مسئلے میں علماء کا اختلاف ہے، پس بعض کا قول ہے کہ ان پر یہ نماز فرض نہیں کیونکہ وقت ہی نہیں آیا جو کہ نماز کے فرض ہونے کا سبب ہے اور مصنف نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔

جبکہ دوسرا قول یہ ہے کہ ان پر دونوں نماز فرض ہیں اور ان کو چاہیے کہ "ان دنوں کی قضا پڑھیں۔ اور اب اسی قول پر فتویٰ ہے۔"

("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الصلاة، مطلب فی فاقد وقت العشاء كأهل بلغار، ج۲، ص۲۴.)

نوٹ: نمازوں کے اوقات نکالنے کا طریقہ اور عرضِ بلد و طولِ بلد وغیرہ کی معلومات حاصل کرنے کے لئے راقم الحروف کی علمِ توقیت پر مشتمل کتاب بنام ”تسلیم التوقیت“ کا مطالعہ کریں۔ یا ہمارا {SHAFEEK you tobe channel. FATEHPURI} پر visit کر کے record video ملاحظہ فرمائیں۔

اَلْجَمْعُ بَيْنَ فَرْضَيْنِ فِيْ وَقْتٍ

وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ فَرْضَيْنِ فِيْ وَقْتٍ بِعُذْرٍ إِلَّا فِيْ عَرَفَةَ لِلْحَاجِّ بِشَرْطِ الْإِمَامِ الْأَعْظَمِ وَالْإِحْرَامِ فَيُجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ جَمْعَ تَقْدِيْمٍ وَيُجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِمُزْدَلِفَةَ وَلَمْ يَجُزِ الْمَغْرِبُ فِيْ طَرِيْقِ مُزْدَلِفَةَ

ترجمہ: دو فرضوں کو ایک وقت میں کسی عذر کے سبب جمع نہ کرے مگر عرفات میں حاجی کے لئے امام اعظم اور احرام کی شرط کے ساتھ، اور ظہر و عصر کو جمع تقدیم کے طور پر جمع کرے گا، اور مزدلفہ میں مغرب وعشاء کو جمع کرے گا اور مغرب مزدلفہ کے راستے میں جائز نہیں ہے۔

اَلْمُسْتَحَبُّ مِنْ اَوْقَاتِ الصَّلَاةِ

وَيُسْتَحَبُّ الْإِسْفَارُ بِالْفَجْرِ لِلرِّجَالِ وَالْإِبْرَادُ بِالظُّهْرِ فِيْ الصَّيْفِ وَتَعْجِيْلُهُ فِيْ الشِّتَاءِ إِلَّا فِيْ يَوْمِ غَيْمٍ فَيُؤَخَّرُ فِيْهِ وَتَأْخِيْرُ الْعَصْرِ مَا لَمْ تَتَغَيَّرِ الشَّمْسُ وَتَعْجِيْلُهُ فِيْ يَوْمِ الْغَيْمِ وَتَعْجِيْلُ الْمَغْرِبِ إِلَّا فِيْ يَوْمِ غَيْمٍ فَتُؤَخَّرُ فِيْهِ وَتَأْخِيْرُ الْعِشَاءِ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ وَتَعْجِيْلُهُ فِيْ الْغَيْمِ وَ تَأْخِيْرُ الْوِتْرِ اِلٰى آخِرِ اللَّيْلِ لِمَنْ يَثِقُ بِالْاِنْتِبَاهِ۔

ترجمہ: مردوں لے لئے فجر کی نماز میں اسفار (اجالا) کرنا مستحب قرار دیا گیا ہے اور گرمی میں ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھنا اور سردی میں جلدی پڑھنا مگر ابر کے دن میں، پس ابر کے دن میں ظہر کو مؤخر کرے، اور عصر کو مؤخر کرنا جب تک کہ سورج میں تبدیلی نہ ہو، اور ابر کے دن میں عصر کو جلدی پڑھنا، اور مغرب میں جلدی کرنا مگر ابر کے دن میں، پس ابر کے دن میں مغرب کو مؤخر کرے، اور عشاء کو مؤخر کرنا تہائی رات تک، اور ابر کے دن میں جلدی کرنا، اور وتر کو آخری رات تک مؤخر کرنا اس شخص کے لئے جس کو جاگنے کا بھروسہ ہو۔

سوال: کیا دو فرضوں کو ایک وقت میں جمع کر سکتے ہیں؟ نیز جمع حقیقی و جمع صوری کی تعریف بمع حکم بیان کریں؟

جواب: سفر وغیرہ کسی عذر کی وجہ سے دو نمازوں کا ایک وقت میں جمع کرنا حرام ہے، لہذا بلا عذر اس کی اجازت کا سوال ہی نہیں ہوتا، خواہ یوں ہو کہ دوسری کو پہلی کے وقت میں پڑھے یا یوں کہ پہلی کو اس قدر مؤخر کرے کہ اس کا وقت جاتا رہے اور دوسری کے وقت میں پڑھے، مگر اس دوسری صورت میں پہلی نماز ذمہ سے ساقط ہو گئی کہ بصورت قضا پڑھ لی اگرچہ نماز کے قضا کرنے کا گناہِ کبیرہ سر پر ہوا اور پہلی صورت میں تو دوسری نماز ہو گی ہی نہیں، کہ ابھی اس کا وقت شروع ہی نہیں ہوا، لہذا فرض ذمہ پر باقی ہے۔ اور اسی کو جمع حقیقی کہتے ہیں جو کہ حرام ہے۔

ہاں اگر عذر سفر و مرض وغیرہ سے صورۃً جمع کرے کہ پہلی کو اس کے آخر وقت میں اور دوسری کو اس کے اوّل وقت میں پڑھے کہ حقیقتاً دونوں اپنے اپنے وقت میں واقع ہوں تو کوئی حرج نہیں۔ اور اسی کو جمع صوری کہتے ہیں اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.)

سوال: کیا کوئی ایسی بھی جگہ ہے جہاں جمع حقیقی جائز ہو؟ یعنی ایک وقت میں دو فرض نمازیں ادا کرنا۔

جواب: جی ہاں! ایسے دو مقام ہیں: (۱) میدانِ عرفات میں حاجی کے لئے، جب کہ اس نے حج کا احرام باندھا ہو (نہ کہ عمرے کا) اور سلطان یا نائبِ سلطان کی اقتداء کر رہا ہو، تو اس کے لئے ظہر و عصر کو ایک اذان اور دو اقامت کے ساتھ ظہر کے وقت میں پڑھنا جائز ہے اور اس کو جمع تقدیم بھی کہتے ہیں۔

(۲) مزدلفہ میں مغرب و عشا کو عشا کے وقت میں ایک اذان اور ایک اقامت سے پڑھنا جائز ہے۔ پس اگر کوئی مزدلفہ کے راستے میں یا عرفات ہی میں مغرب کے وقت میں مغرب کی نماز پڑھے گا تو اس کی نماز صحیح نہیں ہو گی۔ اور مزدلفہ میں سلطان یا نائبِ سلطان کی شرط نہیں ہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.)

سوال: نمازِ فجر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟

جواب: فجر میں تاخیر مستحب ہے، یعنی اسفار میں (جب خوب اُجالا ہو یعنی زمین روشن ہو جائے) شروع کرے مگر ایسا وقت ہونا مستحب ہے، کہ چالیس سے ساٹھ آیت تک ترتیل کے ساتھ پڑھ سکے پھر سلام پھیرنے کے بعد اتنا وقت باقی رہے، کہ اگر نماز میں فساد ظاہر ہو تو طہارت کرکے ترتیل کے ساتھ چالیس سے ساٹھ آیت تک دوبارہ پڑھ سکے اور اتنی تاخیر مکروہ ہے کہ طلوع آفتاب کا شک ہو جائے۔ یہ حکم سردی و گرمی دونوں کا ہے۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب في طلوع الشمس من مغربها، ج۲، ص۳۰.)

حاجیوں کے لیے مزدلفہ میں نہایت اوّل وقت میں فجر پڑھنا مستحب ہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.)

عورتوں کے لیے ہمیشہ فجر کی نماز غلس (یعنی اوّل وقت) میں مستحب ہے اور باقی نمازوں میں بہتر یہ ہے، کہ مردوں کی جماعت کا انتظار کریں، جب جماعت ہو چکے تو پڑھیں۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج۲، ص۳۰.)

سوال: نمازِ ظہر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟

جواب: جاڑوں کی ظہر میں جلدی مستحب ہے، گرمی کے دنوں میں تاخیر مستحب ہے یعنی اتنا ٹھنڈا کرے کہ گرمی کی شدت کم ہو جائے، اور یہ حکم سب کے لئے ہے خواہ تنہا پڑھے یا جماعت کے ساتھ، ہاں گرمیوں میں ظہر کی جماعت اوّل وقت میں ہوتی ہو تو مستحب وقت کے لئے جماعت کا ترک جائز نہیں، موسم ربیع، جاڑوں کے حکم میں ہے اور خریف، گرمیوں کے حکم میں۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.)

اور بادلوں کے دنوں میں دیر کر کے ادا کرنا مستحب ہے خواہ سردی ہو یا گرمی، تاکہ وقت سے پہلے ادا کرنے کا شبہ نہ رہے۔

یہ مسئلہ اس دور کا ہے جب کہ گھڑی اور وقتوں کے نقشے نہ تھے لیکن اب تو گھڑی کے ذریعے ٹھیک وقت معلوم ہو سکتا ہے اس لئے ہر نماز گھڑی کے مطابق مقررہ وقت میں پڑھی جائے۔ جمعہ کا وقت مستحب وہی ہے، جو ظہر کے لیے ہے۔ ("البحر الرائق"، كتاب الصلاة، ج۱، ص۴۲۹.)

سوال: نمازِ عصر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟

جواب: عصر کی نماز میں ہمیشہ (خواہ سردی ہو یا گرمی) تاخیر مستحب ہے، مگر نہ اتنی تاخیر کہ سورج متغیر ہو جائے کہ اتنی تاخیر کرنا مکروہِ تحریمی ہے، اور سورج کے متغیر ہونے سے مراد سورج میں زردی آ جانا ہے، کہ اس پر بے تکلّف بے غبار و بخار نگاہ قائم ہونے لگے، دھوپ کی زردی کا اعتبار نہیں۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۲.)

اور بادلوں کے دنوں میں جلدی ادا کرنا مستحب ہے تاکہ مکروہ وقت میں ادا کرنے کا شبہ نہ رہے۔

سوال: نمازِ مغرب ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟

جواب: بادلوں کے دن کے سوا مغرب میں ہمیشہ تعجیل (جلدی) مستحب ہے یعنی اذان و اقامت کے درمیان تین آیات کی مقدار یا خفیف سی بیٹھک کے سوا فصل نہ کرے، اور دو رکعت سے زائد کی تاخیر مکروہِ تنزیہی اور اگر بغیر عذر سفر و مرض وغیرہ اتنی تاخیر کی کہ ستارے گُتھ گئے، تو مکروہِ تحریمی۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، ج۲، ص۳۳.)

اور بادلوں کے دنوں میں ذرا دیر کر کے پڑھنا مستحب ہے تاکہ وقت سے پہلے پڑھنے کا شبہ نہ رہے۔

سوال: نمازِ عشا ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟

جواب: عشا کی نماز ہر موسم میں اوّل تہائی رات تک تاخیر مستحب ہے اور آدھی رات تک تاخیر مباح یعنی جب کہ آدھی رات ہونے سے پہلے فرض پڑھ چکے، اور اتنی تاخیر کہ رات ڈھل گئی مکروہ تحریمی ہے، کہ باعثِ تقلیل جماعت ہے۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، ج۲، ص۳۲، و "البحر الرائق"، كتاب الصلاة، ج۱، ص۴۳۰.)

اور بادلوں کے دنوں میں جلدی ادا کرنا مستحب ہے تاکہ وقتِ مکروہ میں ادا کرنے کا شبہ نہ رہے۔

نماز عشا سے پہلے سونا اور بعد نماز عشا دنیا کی باتیں کرنا، قصے کہانی کہنا سننا مکروہ ہے، ضروری باتیں اور تلاوت قرآن مجید اور ذکر اور دینی مسائل اور صالحین کے قصے اور مہمان سے بات چیت کرنے میں حرج نہیں، یوہیں طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک ذکرِ الٰہی کے سوا ہر بات مکروہ ہے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، ج۲، ص۵۵.)

سوال: نمازِ وتر ادا کرنے کا مستحب وقت کون سا ہے؟

جواب: جو شخص جاگنے پر اعتماد رکھتا ہو اس کو آخر رات میں وتر پڑھنا مستحب ہے، ورنہ سونے سے قبل پڑھ لے، پھر اگر پچھلے کو آنکھ کھلی تو تہجد پڑھے وتر کا اعادہ جائز نہیں۔ ("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الصلاة، مطلب في طلوع الشمس من مغربها، ج۲، ص۳۴)

فَصْلٌ فِي الْأَوْقَاتِ الْمَكْرُوهَةِ

یہ فصل مکروہ وقتوں کے بیان میں ہے

ثَلَاثَةُ أَوْقَاتٍ لَا يَصِحُّ فِيهَا شَيْءٌ مِنَ الْفَرَائِضِ وَالْوَاجِبَاتِ الَّتِي لَزِمَتْ فِي الذِّمَّةِ قَبْلَ دُخُولِهَا عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ إِلٰى أَنْ تَرْتَفِعَ وَعِنْدَ اِسْتِوَائِهَا إِلٰى اَنْ تَزُوْلَ وَعِنْدَ اِصْفِرَارِهَا إِلٰى اَنْ تَغْرُبَ وَيَصِحُّ أَدَاءُ مَا وَجَبَ فِيهَا مَعَ الْكَرَاهَةِ كَجَنَازَةٍ حَضَرَتْ وَسَجْدَةِ آيَةٍ تُلِيَتْ كَمَا صَحَّ عَصْرُ الْيَوْمِ عِنْدَ الْغُرُوْبِ مَعَ الْكَرَاهَةِ۔

ترجمہ: تین وقت وہ ہیں کہ ان میں کوئی فرض واجب (نماز) صحیح نہیں ہے جو ان اوقات کے آنے سے پہلے ذمہ میں لازم ہو گئے ہوں (۱) طلوع آفتاب کے وقت یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے۔ (۲) اور سورج کے سیدھا ہونے کے وقت یہاں تک کہ وہ ڈھل جائے۔ (۳) اور سورج کے پیلا ہونے کے وقت یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے۔ اور صحیح ہے اس نماز کا ادا کرنا جو واجب ہوئی ہو ان وقتوں میں کراہت کے ساتھ جیسے جنازہ جو حاضر ہوا اور سجدے کی آیت جو تلاوت کی گئی (ان تین وقتوں میں) جیسا کہ صحیح ہے اسی دن کی عصر غروب کے وقت کراہت کے ساتھ۔

سوال: مکروہ وقت کتنے اور کون سے ہیں؟

جواب: مکروہ وقت تین ہیں:

(۱) آفتاب کا کنارہ ظاہر ہونے سے اس وقت تک ہے کہ اس پر نگاہ خیرہ ہونے لگے جس کی مقدار کنارہ چمکنے سے ۲۰ منٹ تک ہے۔

(۲) جب سورج میں سرخی آجائے اور اس پر نگاہ ٹھہرنے لگے اس وقت سے سورج کے ڈوبنے تک مکروہ وقت ہے، یہ وقت بھی ۲۰ منٹ ہے۔

(۳) سورج کے بالکل سیدھا کھڑا ہونے سے (اور اس کی علامت یہ ہے کہ سایہ گھٹنا بند ہو جائے) سورج کے مغرب کی طرف ڈھلنے تک مکروہ وقت ہے۔ جس کو یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ نصف النہار شرعی سے نصف النہار حقیقی یعنی آفتاب ڈھلکنے تک ہے جس کو ضحوۂ کبریٰ کہتے ہیں۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۳۷.)

سوال: ان تینوں اوقات مکروہہ میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: طلوع و غروب و نصف النہار ان تینوں وقتوں میں کوئی نماز جائز نہیں نہ فرض نہ واجب نہ نفل نہ ادا نہ قضا، یوہیں سجدۂ تلاوت و سجدۂ سہو بھی ناجائز ہے، البتہ اس روز اگر عصر کی نماز نہیں پڑھی تو اگرچہ آفتاب ڈوبتا ہو پڑھ لے، مگر اتنی تاخیر کرنا حرام ہے۔ حدیث میں اس کو منافق کی نماز فرمایا۔ ("الفتاوی الرضوية"، كتاب الصلاة، باب الأوقات، ج۵، ص۱۲۲.)

سوال: جو چیزیں ان تین اوقاتِ مکروہہ میں لازم ہوئیں ان کو ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جو چیزیں ان تین اوقاتِ مکروہہ میں لازم ہوئی ہوں ان وقتوں میں ان کو ادا کرنا صحیح ہے مگر مکروہ ہے، جیسے کہ مکروہ وقت میں جنازہ آیا اور اسی مکروہ وقت میں پڑھ لی تو ہو جائے گی مگر مکروہ ہوگی۔ یا مکروہ وقت میں سجدہ کی آیت تلاوت کر کے سجدہ ادا کیا تو جائز ہے مگر مکروہ ہے۔ اور ایسے ہی اگر کسی نے اس دن کی نمازِ عصر نہیں پڑھی تو اگرچہ آفتاب ڈوبتا ہو پڑھ لے، مگر اتنی تاخیر کرنا حرام ہے۔

جبکہ بہارِ شریعت میں اس مسئلے کو اس طرح بیان کیا گیا ہے جو کہ مفتی بہ قول ہے: جنازہ اگر اوقاتِ ممنوعہ میں لایا گیا، تو اسی وقت پڑھیں کوئی کراہت نہیں، کراہت اس صورت میں ہے کہ پیشتر سے تیار موجود ہے اور تاخیر کی یہاں تک کہ وقتِ کراہت آ گیا۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب: يشترط العلم بدخول الوقت، ج۲، ص۴۳.)

ان اوقات میں آیت سجدہ پڑھی تو بہتر یہ ہے کہ سجدہ میں تاخیر کرے، یہاں تک کہ وقتِ کراہت جاتا رہے اور اگر وقت مکروہ ہی میں کر لیا تو بھی جائز ہے اور اگر وقتِ غیر مکروہ میں پڑھی تھی تو وقتِ مکروہ میں سجدہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۲.)

ان اوقات میں تلاوتِ قرآن مجید بہتر نہیں، بہتر یہ ہے کہ ذکر و درود شریف میں مشغول رہے۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، ج۲، ص۴۴.)

وَالْأَوْقَاتُ الثَّلَاثَةُ يُكْرَهُ فِيهَا النَّافِلَةُ كَرَاهَةَ تَحْرِيمٍ وَلَوْ كَانَ لَهَا سَبَبٌ كَالْمَنْذُورِ وَرَكْعَتَيِ الطَّوَافِ

ترجمہ: اور ان تین وقتوں میں نفل نماز بھی مکروہ تحریمی ہے اگرچہ اس نفل کے لئے کوئی سبب ہو جیسے منت مانی ہوئی نماز اور طواف کی دو رکعتیں۔

مَتٰى يُكْرَهُ التَّنَفُّلُ

وَيُكْرَهُ التَّنَفُّلُ بَعْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ بِأَكْثَرَ مِنْ سُنَّتِهِ وَبَعْدَ صَلَاتِهِ وَبَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَقَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ وَعِنْدَ خُرُوْجِ الْخَطِيْبِ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنَ الصَّلَاةِ وَعِنْدَ الْإِقَامَةِ إِلَّا سُنَّةَ الْفَجْرِ وَقَبْلَ الْعِيْدِ وَلَوْ فِيْ الْمَنْزِلِ وَبَعْدَهٗ فِيْ الْمَسْجِدِ وَبَيْنَ الْجُمُعَيْنِ فِيْ عَرَفَةَ وَمُزْدَلِفَةَ وَعِنْدَ ضِيْقِ وَقْتِ الْمَكْتُوْبَةِ وَمُدَافَعَةِ الْأَخْبَثَيْنِ وَحُضُوْرِ طَعَامٍ تَتُوْقُهٗ نَفْسُهٗ وَمَا يُشْغِلُ الْبَالَ وَيُخِلُّ بِالْخُشُوْعِ۔

ترجمہ: اور مکروہ ہے نفل پڑھنا صبح صادق کے طلوع ہونے کے بعد فجر کی سنتوں سے زیادہ، اور فجر کی نماز کے بعد، اور عصر کی نماز کی بعد، اور مغرب کی نماز سے پہلے، اور خطیب کے نکلنے کے وقت یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو جائے، اور اقامت کے وقت مگر فجر کی سنت، اور عید کی نماز سے پہلے اگرچہ گھر ہی میں ہو، اور عید کی نماز کے بعد مسجد میں، اور دو جمعوں کے درمیان عرفہ اور مزدلفہ میں، اور فرض نماز کے وقت کے تنگ ہونے کے وقت، اور بول و براز کی حاجت کے وقت، اور کھانا حاضر ہونے کے وقت جس کا نفس مشتاق ہو، اور (ہر اس چیز کے قریب) جو دل کو مشغول کر دے اور خشوع میں خلل ڈالے۔

سوال: کیا ان تینوں اوقاتِ مکروہہ میں نفل نماز ادا کرنا بھی مکروہ ہے؟

جواب: ان تینوں وقتوں میں نفل نماز خواہ سنتِ مؤکدہ ہو یا غیر مؤکدہ پڑھنا مکروہِ تحریمی ہے، اگر شروع کی تو وہ نماز واجب ہو گئی، مگر اس وقت پڑھنا جائز نہیں، لہٰذا واجب ہے کہ توڑ دے اور وقت کامل میں قضا کرے، اور اگر پوری کر لی تو گنہگار ہوا اور اب قضا واجب نہیں۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص٤٣.)

اور اگر اس نفل نماز کے واجب ہونے کا کوئی سبب ہو مثلاً منّت مانی ہوئی نماز، لہٰذا ان اوقات میں اس نذر کا پورا کرنا جائز نہیں، بلکہ وقت کامل میں اپنی منت پوری کرے۔("الدر المختار"، كتاب الصلاة، ج٢، ص٤٣.)

یوں ہی طواف کی دو رکعتیں جو طواف کرنے کے سبب لازم ہوتی ہے مکروہ وقت میں ادا کرنا مکروہِ تحریمی ہے۔

سوال: وہ کتنے اور کون سے اوقات ہیں جن میں نوافل پڑھنا منع ہے؟

جواب: تین اوقات مکروہہ کے علاوہ بارہ (١٢) وقتوں میں نوافل پڑھنا منع ہے اور ان کے بعض یعنی ٦ و ١٢ میں فرائض و واجبات و نمازِ جنازہ و سجدۂ تلاوت کی بھی ممانعت ہے۔

(١) طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک کہ اس درمیان میں سوا دو رکعت سنت فجر کے کوئی نفل نماز جائز نہیں۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج١، ص٥٢.)

اگر کوئی شخص طلوع فجر سے پہلے نماز نفل پڑھ رہا تھا، ایک رکعت پڑھ چکا تھا کہ فجر طلوع کر آئی تو دوسری بھی پڑھ کر پوری کر لے اور یہ دونوں رکعتیں سنت فجر کے قائم مقام نہیں ہو سکتیں، اور اگر چار رکعت کی نیت کی تھی اور ایک رکعت کے بعد طلوع فجر ہوا اور چاروں رکعتیں پوری کر لیں تو پچھلی دو رکعتیں سنت فجر کے قائم مقام ہو جائیں گی۔("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج١، ص٥٢.)

(٢) نمازِ فجر کے بعد سے طلوع آفتاب تک اگرچہ وقت وسیع باقی ہو اگرچہ سنت فجر فرض سے پہلے نہ پڑھی تھی اور اب پڑھنا چاہتا ہو، جائز نہیں۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج١، ص٥٣.)

فرض سے پیشتر سنت فجر شروع کر کے فاسد کر دی تھی اور اب فرض کے بعد اس کی قضا پڑھنا چاہتا ہے، یہ بھی جائز نہیں۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج١، ص٥٣.)

(۳) نمازِ عصر سے آفتاب زرد ہونے تک نفل منع ہے، نفل نماز شروع کر کے توڑ دی تھی اس کی قضا بھی اس وقت میں منع ہے اور پڑھ لی تو ناکافی ہے، قضا اس کے ذمہ سے ساقط نہ ہوئی۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۳.)

(۴) غروب آفتاب سے فرض مغرب تک۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۴۶.)

مگر امام ابن الہمام نے دو رکعت خفیف کا استثنا فرمایا۔ ("فتح القدير"، كتاب الصلاة، باب النوافل، ج۱، ص۳۸۹.)

(۵) جس وقت امام اپنی جگہ سے خطبۂ جمعہ کے لئے کھڑا ہوا اس وقت سے فرض جمعہ ختم ہونے تک نماز نفل مکروہ ہے، یہاں تک کہ جمعہ کی سنتیں بھی۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۴۷.)

یوں ہی عین خطبہ کے وقت اگرچہ پہلا ہو یا دوسرا اور جمعہ کا ہو یا خطبۂ عیدین یا کسوف و استسقا و حج و نکاح کا ہو، ہر نماز حتیٰ کہ قضا بھی ناجائز ہے، مگر صاحب ترتیب کے لئے خطبۂ جمعہ کے وقت قضا کی اجازت ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۴۸.)

(۶) جب فرض نماز کی تکبیر ہو جائے تو نفل و سنّت نماز پڑھنا مکروہِ تحریمی ہے البتہ فجر کی سنّت کو اقامت کے بعد بھی پڑھنا جائز ہے جبکہ جماعت کے فوت ہونے کا خوف نہ ہو۔

(۷) نماز عیدین سے پیشتر نفل مکروہ ہے، خواہ گھر میں پڑھے یا عید گاہ و مسجد میں۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۵۰.)

نماز عیدین کے بعد نفل مکروہ ہے، جب کہ عید گاہ یا مسجد میں پڑھے، گھر میں پڑھنا مکروہ نہیں۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۵۰.)

(۸) عرفات میں جو ظہر و عصر ملا کر پڑھتے ہیں، ان کے درمیان میں اور بعد میں بھی نفل و سنت مکروہ ہے۔

("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۵۰.)

مزدلفہ میں جو مغرب و عشا جمع کئے جاتے ہیں، فقط ان کے درمیان میں نفل و سنت پڑھنا مکروہ ہے، بعد میں مکروہ نہیں۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۳.)

(۹) فرض کا وقت تنگ ہو تو ہر نماز یہاں تک کہ سنت فجر و ظہر مکروہ ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۵۰.)

(۱۰) پاخانے یا پیشاب یا ریاح کا غلبہ ہو مگر جب وقت جاتا ہو تو پڑھ لے پھر پھیرے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت، الفصل الثالث، ج۱، ص۵۳.)

(۱۱) یوہیں کھانا سامنے آگیا اور اس کی خواہش ہو، غرض کوئی ایسا امر درپیش ہو جس سے دل بٹے خشوع میں فرق آئے ان وقتوں میں بھی نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، ج۲، ص۵۱.)

(۱۲) جس بات سے دل بٹے اور دفع کر سکتا ہو اسے بے دفع کئے ہر نماز مکروہ ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ الْأَذَانِ

یہ اذان کا باب ہے

حُكْمُ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ

سُنَّ الْأَذَانُ وَالْإِقَامَةُ سُنَّةً مُؤَكَّدَةً لِلْفَرَائِضِ وَلَوْ مُنْفَرِدًا أَدَاءً أَوْ قَضَاءً سَفَرًا أَوْ حَضَرًا لِلرِّجَالِ وَكُرِهَا لِلنِّسَاءِ

ترجمہ: اذان اور اقامت سنت مؤکدہ کے طور پر فرض نمازوں کے لئے سنت قرار دی گئی ہیں اگرچہ وہ منفرد ہو ادا ہو یا قضا سفر میں ہو یا حضر میں مردوں کے لئے، اور یہ دونوں عورتوں کے لئے مکروہ قرار دی گئی ہیں۔

كَيْفِيَّتُهُ

وَيُكَبِّرُ فِيْ أَوَّلِهِ أَرْبَعًا وَيُثَنِّيْ تَكْبِيْرَ آخِرِهِ كَبَاقِيْ أَلْفَاظِهِ وَلَا تَرْجِيْعَ فِيْ الشَّهَادَتَيْنِ وَالْإِقَامَةُ مِثْلُهُ وَيَزِيْدُ بَعْدَ فَلَاحِ الْفَجْرِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ مَرَّتَيْنِ وَبَعْدَ فَلَاحِ الْإِقَامَةِ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ مَرَّتَيْنِ وَيَتَمَهَّلُ فِي الْأَذَانِ وَيُسْرِعُ فِي الْإِقَامَةِ وَلَا يُجْزِئُ بِالْفَارِسِيَّةِ وَإِنْ عُلِمَ أَنَّهُ أَذَانٌ فِي الْأَظْهَرِ۔

ترجمہ: اور اذان کے شروع میں چار بار تکبیر کہے اور اذان کے آخر میں دو بار تکبیر کہے اذان کے باقی الفاظ کی طرح، اور شہادتین میں ترجیع نہیں ہے، اور اقامت اذان کی طرح ہے، اور فجر کی فلاح کے بعد دو بار الصلاۃ خیر من النوم زیادہ کرے، اور اقامت کی فلاح کے بعد دو بار قد قامت الصلاۃ زیادہ کرے، اور اذان ٹھہر ٹھہر کر کہے، اور اقامت میں جلدی کرے، اور فارسی میں اذان کافی نہیں ہے اگرچہ معلوم ہو جائے کہ یہ اذان ہی ہے ظاہر الروایت کے مطابق۔

سوال: اذان کی مشروعیت کا مختصر واقعہ بیان کر دیں۔

جواب: روایت ہے حضرت عبد اللہ ابن زید سے، فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناقوس بنانے کا حکم دینا چاہا تاکہ جماعت نماز کے واسطے لوگوں کے لئے بجایا جائے تو مجھے خواب میں ایک شخص دکھائی دیا جو اپنے ہاتھ میں ناقوس اٹھائے ہوئے تھا میں نے کہا رب کے بندے کیا تو ناقوس بیچتا ہے وہ بولا اس کا تم کیا کرو گے میں نے کہا اس سے نماز کے لئے بلایا کریں گے، وہ بولا کیا تمہیں اس سے اچھی چیز نہ بتا دوں، میں

نے کہاہاں فرماتے ہیں وہ بولا کہو اللہ اکبر آخر تک اور اس طرح تکبیر، جب صبح ہوئی میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا جو کچھ دیکھا تھا حضور سے عرض کیا فرمایا بفضلہ تعالیٰ یہ خواب سچی ہے تم بلال کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ جو کچھ خواب میں دیکھا ہے انہیں بتاتے جاؤ وہ اذان دیں کیونکہ وہ تم سے بلند آواز ہیں، میں حضرت بلال کے ساتھ کھڑا ہو گیا میں انہیں بتانے لگا وہ اذان دینے لگے، فرماتے ہیں یہ اذان حضرت عمر نے اپنے گھر میں سنی تو چادر گھسیٹتے ہوئے نکلے عرض کرنے لگے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی قسم جس نے تمہیں حق دے کر بھیجا ہے میں نے بھی ایسا ہی خواب دیکھا ہے جیسا کہ انہوں نے دیکھا، حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا شکر ہے۔

سوال: اذان کی لغوی تحقیق بیان کریں نیز اصطلاحِ شرع میں اذان سے کیا مراد ہے؟

جواب: اذان کے لغوی معنی اعلان و اطلاعِ عام ہے۔ رب فرماتا ہے: "وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ " اور فرماتا ہے: "فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ"۔ شریعت میں خاص الفاظ سے نماز کی اطلاع کا نام اذان ہے۔ سب سے پہلی اذان جبریل امین نے معراج کی رات بیت المقدس میں دی جب حضور نے سارے نبیوں کو نماز پڑھائی، مگر مسلمانوں میں ہجرت کے بعد ۱ھ میں شروع ہوئی، خیال رہے کہ اذان نماز پنجگانہ اور جمعہ کے سوا کسی نماز کے لئے سنت نہیں۔ نماز کے علاوہ ۹ جگہ اذان کہنا مستحب ہے: بچے کے کان میں، آگ لگتے وقت، جنگ میں، جنات کے غلبہ کے وقت، غمزدہ اور غصے والے کے کان میں، مسافر جب راستہ بھول جائے، مرگی والے کے پاس، میت کو دفن کرنے کے بعد قبر پر۔ (درمختار، وشامی) مرقات میں ہے کہ حضرت علی مرتضٰے فرماتے ہیں ایک دن مجھے حضور نے غمگین پایا فرمایا علی! اپنے کان میں کسی سے اذان کہلوالو، اذانِ نماز اسلامی شعار میں سے ہے اگر کوئی قوم اذان چھوڑدے تو ان پر جہاد کیا جاسکتا ہے۔ خیال رہے کہ امام اعظم کے نزدیک اذان و تکبیر یکساں ہیں، تکبیر میں صرف "قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ" زیادہ ہے۔

سوال: اذان و اقامت کن نمازوں کے لئے دی جائے گی؟ نیز ان کا حکم کیا ہے؟ اور ان کا حکم کس کے لئے ہے؟

جواب: فرض پنجگانہ کہ انھیں میں جمعہ بھی ہے، جب جماعت مستحبہ کے ساتھ مسجد میں وقت پر ادا کئے جائیں تو ان کے لئے مردوں کو اَذان و اقامت سنت مؤکدہ ہے اور اس کا حکم مثل واجب ہے کہ اگر اذن نہ کہی تو وہاں کے سب لوگ گنہگار ہوں گے، یہاں تک کہ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر کسی شہر کے سب لوگ اَذان ترک کر دیں، تو میں ان سے قِتال کروں گا اور اگر ایک شخص چھوڑ دے تو اسے ماروں گا اور قید کروں گا۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الأول، ج۱، ص۵۳.)

فرائض کے سوا باقی نمازوں مثلاً وتر، جنازہ، عیدین، نذر، سنن، رواتب، تراویح، استسقا، چاشت، کسوف، خسوف، نوافل میں اَذان نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الأول، ج۱، ص۵۳.)

اذان و اقامت کا حکم صرف مردوں کے لئے ہے، خواتین اپنی نماز ادا پڑھتی ہوں یا قضا اس میں ان کے لئے اذان واِقامت کہنا مکروہ ہے۔ (دُرِّمُختار ج۲ ص۷۲)

اور تنہا فرض پڑھنے والا بھی اذان واقامت کہے گا، اور نماز چاہے ادا ہو یا قضا، مسافر ہو یا مقیم سب کے لئے سنت ہے۔

سوال: اذان دینے کا طریقہ بیان کریں

جواب: اذان دینے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے قبلہ رو ہو کر چار بار اللہ اکبر کہے، پھر دو بار اشھد ان لا الہ الا اللہ کہے، پھر دو بار اشھد ان محمد رسول اللہ کہے، پھر دو بار حی علی الصلوۃ اور دو بار حی علی الفلاح کہے، پھر ایک بار لا الہ الا اللہ کہے، پھر اس کے بعد دو بار اللہ اکبر کہے، اور صبح کی اذان میں فلاح کے بعد دو بار الصلوۃ خیر من النوم کہے۔

سوال: ترجیع کسے کہتے ہیں؟ اور کیا شہادتین میں ترجیع کی جائے گی؟

جواب: ترجیع یہ ہے کہ پہلے آہستہ آواز سے اشھد ان لا الہ الا اللہ دو بار اور اشھد ان محمد الرسول اللہ دو بار کہے پھر اس کے بعد دونوں کلموں کو دو دو بار بلند آواز سے کہے۔ عند الاحناف شہادتین میں ترجیع نہیں کی جائے گی جب کہ عند الشوافع کی جائے گی۔

سوال: اقامت کس طرح کہی جائے گی؟

جواب: اقامت اذان ہی کے مثل کہی جائے گی بس فرق یہ ہے کہ اقامت میں حی علی الفلاح کے بعد دو بار قد قامتِ الصلوۃ کا اضافہ کریں گے۔

سوال: کیا فجر کی اذان میں کوئی زیادتی کی جائے گی؟

جواب: جی ہاں! صبح کی اَذان میں فلاح کے بعد اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہنا مستحب ہے۔

("مختصر القدوري"، كتاب الصلاة، باب الأذان، ص١٥٨.)

سوال: کیا اذان واقامت کہنے میں کچھ فرق ہے؟

جواب: جی ہاں! اذان ٹھہر ٹھہر کر کہی جائے گی اور اقامت جلدی جلدی کہی جائے گی، اور ٹھہر ٹھہر کر کہنے کا مطلب یہ ہے کہ دونوں کلموں کے درمیان میں جلدی نہ کرے بلکہ کچھ دیر ٹھہرے اور اس کی مقدار یہ ہے کہ اذان کا جواب دینے والا جواب دے لے، اور اقامت میں جلدی کرنے کا مطلب یہ ہے کہ دو کلموں کے درمیان فصل نہ کرے بلکہ ایک سانس میں دو کلمہ کہے۔

سوال: کیا فارسی زبان میں اذان دے سکتے ہیں؟

جواب: اذان واقامت کا عربی زبان میں خاص انہیں الفاظ سے ہونا جو نبی کریم ﷺ سے منقول ہیں ضروری ہے پس اگر کسی نے اور زبان مثلاً فارسی میں یا عربی زبان میں مذکورہ الفاظ کے علاوہ کسی اور الفاظ سے اذان واقامت کہی تو صحیح نہیں ہوگی اگرچہ لوگ اس کو سن کر اذان سمجھ لیں اور اذان کا مقصد اس سے حاصل ہو جائے لہٰذا ایسی دی ہوئی اذان کا مسنونہ طریقہ پر لوٹانا ضروری ہے ظاہری روایت کے مطابق۔

مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُؤَذِّنِ وَفِي الْأَذَانِ

وَيُسْتَحَبُّ أَنْ يَكُونَ الْمُؤَذِّنُ صَالِحًا عَالِمًا بِالسُّنَّةِ وَأَوْقَاتِ الصَّلَاةِ وَعَلٰى وُضُوْءٍ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ رَاكِبًا وَأَنْ يَجْعَلَ إِصْبَعَيْهِ فِيْ أُذُنَيْهِ وَأَنْ يُحَوِّلَ وَجْهَهٗ يَمِيْنًا بِالصَّلَاةِ وَيَسَارًا بِالْفَلَاحِ وَيَسْتَدِيْرُ فِيْ صَوْمَعَتِهٖ۔

ترجمہ: اور مستحب قرار دیا گیا ہے کہ مؤذن نیک ہو، اذان کی سنت اور نماز کے اوقات کو جاننے والا ہو اور وضو پر (باوضو) قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے ہو مگر یہ کہ سوار ہو، اور اپنے دونوں کانوں میں اپنی دونوں انگلیوں کو رکھنا (مستحب ہے)، اور حی علی الصلاۃ میں اپنے چہرے کو داہنی طرف پھیرنا اور حی علی الفلاح میں بائیں طرف پھیرنا (مستحب ہے)، اور اپنے منارہ میں گھوم جائے۔

وَيَفْصِلُ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ بِقَدْرِ مَا يَحْضُرُ الْمُلَازِمُوْنَ لِلصَّلَاةِ مَعَ مُرَاعَاةِ الْوَقْتِ الْمُسْتَحَبِّ وَفِي الْمَغْرِبِ بِسَكْتَةٍ قَدْرَ قِرَاءَةِ ثَلَاثِ آيَاتٍ قِصَارٍ أَوْ ثَلَاثِ خُطُوَاتٍ وَيُثَوِّبُ كَقَوْلِهٖ بَعْدَ الْأَذَانِ اَلصَّلَاةُ اَلصَّلَاةُ يَا مُصَلِّيْنَ۔

ترجمہ: اور اذان واقامت کے درمیان فصل کرے اتنی مقدار کے ذریعہ کہ وہ لوگ جو نماز کے پابند ہیں آجائیں وقت مستحب کی رعایت کے ساتھ، اور مغرب میں تین چھوٹی آیتوں کے پڑھنے یا تین قدموں کے چلنے کی مقدار سکتہ کے ساتھ، اور تثویب کرے اذان کے بعد اپنے قول الصلاۃ الصلاۃ یا مصلین کے جیسے۔

سوال: مؤذن کو کیسا ہونا چاہئے؟ نیز مؤذن کے تعلق سے کچھ مستحبات بیان کر دیں۔

جواب: مؤذن صالح ہو اور صالح سے مراد یہ ہے کہ وہ حقوق اللہ اور حقوق العباد کو ادا کرنے والا ہو کیونکہ وہ دین میں امین ہے، اور اذان واقامت کے مسنون طریقہ اور ضروری مسائل کو جانتا ہو اور نماز کے وقتوں کو پہچانتا ہو تاکہ عبادات اپنے صحیح وقت پر ادا ہو سکیں، ان صفات سے متعلق ہونا مؤذن کے لئے مستحب ہے۔

اور ایک مستحب یہ ہے کہ اذان باوضو دی جائے لیکن بے وضو اذان دی گئی تو بلا کراہت جائز ہے لیکن اس کی عادت کر لینا بری بات ہے، نیز مؤذن قبلہ رو ہو کر کھڑا ہو کہ یہ بھی مستحب ہے البتہ سفر کی حالت میں جبکہ سوار ہو تو استقبالِ قبلہ ضروری نہیں ہے۔

اذان دیتے وقت مؤذن کے لئے مستحب یہ ہے کہ اپنی دونوں شہادت کی انگلیاں اپنے دونوں کانوں پر داخل کر لے تاکہ آواز بلند ہو اور بہرا اور دور کا آدمی جو اس کی آواز نہیں سن سکتا وہ اس کے اس فعل کو دیکھ کر جان لے کہ اذان ہو رہی ہے، اقامت میں ایسا نہیں کیا جائے گا کیونکہ اس میں آواز کو بلند کرنا نہیں ہے۔

اور اذان میں حی علی الصلاۃ کہتے وقت اپنے چہرے کو دائیں طرف گھمائے اور حی علی الفلاح کے وقت بائیں طرف گھمائے، اس حالت میں چہرہ اس طرح گھمائے کہ سینہ اور قدم قبلہ سے نہ پھریں بلکہ اسی طرح اپنی جگہ قائم رہے خواہ اکیلا صرف اپنے لئے اذان دے یا سب کے لئے دے، اور خواہ اذان نماز کے لئے ہو یا کسی اور مقصد کے لئے ہو، اور اگر اذان دینے کی جگہ صومعہ (کشادہ منارہ) ہو اور دونوں قدموں کو اپنی جگہ پر جمائے رکھنے کے ساتھ صرف چہرے کو گھمانے سے اعلام حاصل نہ ہوتا ہو تو حی علی الصلاۃ کے وقت دائیں طرف والی کھڑکی کے پاس جائے اور کھڑکی سے سر باہر نکال کر حی علی الصلاۃ دو بار بلند آواز سے کہے اور حی علی الفلاح کے وقت بائیں کھڑکی کے پاس جاکر سر باہر نکالے اور دو بار بلند آواز سے حی علی الفلاح کہے پھر اپنی جگہ آکر بقیہ کلمات ادا کرے، اور اگر اپنی جگہ پر قدموں کو جمائے رکھ کر صرف دائیں بائیں منہ پھیرنے سے اعلام (اعلان کرنا) حاصل ہو جائے تو اپنی جگہ سے قدم نہ ہٹائے۔

سوال: اذان واقامت کے درمیان کتنا فصل کرنا چاہئیے؟

جواب: اَذان واِقامت کے درمیان وقفہ کرنا سنت ہے۔ اَذان کہتے ہی اِقامت کہہ دینا مکروہ ہے، مگر مغرب میں وقفہ تین چھوٹی آیتوں یا ایک بڑی کے برابر ہو، باقی نمازوں میں اَذان واِقامت کے درمیان اتنی دیر تک ٹھہرے کہ جو لوگ پابند جماعت ہیں طہارت وغیرہ سے فارغ ہو کر آجائیں، مگر اتنا انتظار نہ کیا جائے کہ وقت کراہت آجائے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اذان سے جو مقصود ہے یعنی لوگوں کو دخولِ وقت اور جماعت کی خبر دینا تاکہ وہ نماز کی تیاری کر سکیں وقفہ نہ کرنے سے فوت ہو جاتا ہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الثاني، ج١، ص٥٧.)

جن نمازوں سے پیشتر سنت یا نفل نماز ادا کی جاتی ہیں، ان میں اَولیٰ یہ ہے کہ مؤذن بعد اَذان، سنن ونوافل پڑھے، ورنہ بیٹھا رہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الثاني، ج١، ص٥٧.)

سوال: تثویب کسے کہتے ہیں؟ اور نماز کے لئے تثویب کس زبان میں کہی جائے؟

جواب: تثویب کے لغوی معنی رجوع کرنے کے ہیں اور شریعت کی اصطلاح میں اعلام بعد الاعلام یعنی ایک اعلان کے بعد دوبارہ اعلان کرنے کو کہتے ہیں، اذان واقامت کے درمیان نماز کے اعلان کا نام تثویب ہے، تثویب کے لئے نہ الفاظ مخصوص ہیں اور نہ زبان کا عربی ہونا ضروری ہے بلکہ مقامی زبان میں جس سے لوگ سمجھ جائیں کہ جماعت تیار ہے جائز ہے چنانچہ الصلاۃ الصلاۃ کہہ دیا یا قامت قامت کہا یا نماز تیار ہے یا جماعت تیار ہے تب بھی درست ہے جہاں جیسا عرف، اور تثویب سوائے مغرب کے تمام نمازوں میں جائز ہے۔

علمائے متاخرین نے تثویب مستحسن رکھی ہے، یعنی اَذان کے بعد نماز کے لئے دوبارہ اعلان کرنا اور اس کے لئے شرع نے کوئی خاص الفاظ مقرر نہیں کئے بلکہ جو وہاں کا عرف ہو مثلاً اَلصَّلٰوۃُ اَلصَّلٰوۃُ یا قَامَتْ قَامَتْ یا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الأذان، ج٢، ص٦٩. وغيره)

مغرب کی اَذان کے بعد تثویب نہیں ہوتی۔ اور دوبار کہہ لیں تو حرج نہیں۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الأذان، ج٢، ص٧٠.)

مَا يُكْرَهُ فِيْهِمَا

وَيُكْرَهُ التَّلْحِيْنُ وَإِقَامَةُ الْمُحْدِثِ وَأَذَانُهُ وَأَذَانُ الْجُنُبِ وَصَبِيٍّ لَا يَعْقِلُ وَمَجْنُوْنٍ وَسَكْرَانٍ وَامْرَأَةٍ وَفَاسِقٍ وَقَاعِدٍ وَالْكَلَامُ فِيْ خِلَالِ الْأَذَانِ وَفِي الْإِقَامَةِ وَيُسْتَحَبُّ إِعَادَتُهُ دُوْنَ الْإِقَامَةِ وَيُكْرَهَانِ لِظُهْرِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فِي الْمِصْرِ۔

ترجمہ: اور تلحین مکروہ قرار دی گئی ہے اور بے وضو کی اقامت اور اس کی اذان (مکروہ ہے) اور جنبی اور اس بچہ کی اذان جو سمجھ نہ رکھتا ہو اور پاگل اور نشہ والا شخص اور عورت اور فاسق اور بیٹھے ہوئے شخص کی اذان (مکروہ ہے) اور اذان واقامت کے درمیان کلام کرنا (مکروہ ہے) اور مستحب ہے اذان کا لوٹانا نہ کہ اقامت کا، اور شہر میں جمعہ کے دن ظہر کے لئے اذان واقامت مکروہ ہے۔

اَلأَذَانُ لِلْفَوَائِتِ

وَيُؤَذِّنُ لِلْفَائِتَةِ وَيُقِيْمُ وَكَذَا لِأُوْلَى الْفَوَائِتِ وَكُرِهَ تَرْكُ الْإِقَامَةِ دُوْنَ الْأَذَانِ فِي الْبَوَاقِيْ إِنْ اِتَّحَدَ مَجْلِسُ الْقَضَاءِ۔

ترجمہ: اور فوت شدہ نماز کے لئے اذان دے اور اقامت کہے اور ایسے ہی فوت شدہ نمازوں میں سے پہلی کے لئے (اذان و اقامت) کہے، اور اقامت کا چھوڑنا مکروہ ہے نہ کہ اذان کا باقی قضا نمازوں میں اگر قضا کی مجلس ایک ہو۔

مَا يُقَالُ عِنْدَ سَمَاعِ الْمُؤَذِّنِ

وَإِذَا سَمِعَ الْمَسْنُوْنَ مِنْهُ أَمْسَكَ وَقَالَ مِثْلَهُ وَحَوْقَلَ فِي الْحَيْعَلَتَيْنِ وَقَالَ صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ أَوْ مَا شَاءَ اللهُ عِنْدَ قَوْلِ الْمُؤَذِّنِ اَلصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ ثُمَّ دَعَا بِالْوَسِيْلَةِ فَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا الَّذِيْ وَعَدْتَّهُ۔

ترجمہ: اور جب مسنون اذان سنے تو رک جائے اور کہے اسی کے مثل، اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہے حی علی الصلاۃ، حی علی الفلاح میں، اور صدقت و بررت یا ما شاء اللہ کہے مؤذن کے الصلاۃ خیر من النوم کہنے کے وقت، پھر وسیلہ کی دعا مانگے پس کہے: اے اللہ! اس دعوت تامہ اور صلوۃ قائمہ کے مالک تو ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود میں کھڑا کر جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔

سوال: تلحین کیا ہے اور اذان میں تلحین کرنا کیسا ہے؟

جواب: تلحین کے معنی ہے گانا یعنی ایسی آواز سے اذان دینا جس سے کلمات میں تغیر آجائے یعنی حروف کی ادائیگی حرکات وسکنات ومد وغیرہ میں کمی بیشی واقع ہو جائے جس طریقے سے گانے والے آواز میں حسن پیدا کرنے کے لئے حروف میں کمی زیادتی اور کچھ پشت آواز سے اور کچھ بلند آواز سے کلمات کو کہتے ہیں۔ پس اذان میں تلحین والا طریقہ اختیار کرنا مکروہ ہے البتہ ایسی خوش آوازی سے اذان کہنا جس میں تغیر کلمات نہ ہو بہت ہی اچھا اور حسن ہے۔

سوال: محدث یعنی بے وضو شخص کو اذان واقامت کہنا کیسا ہے؟

جواب: محدث یعنی بے وضو شخص کی اذان کے بارے میں دو روایتیں ہیں (۱) محدث کی اذان مکروہ نہیں ہے، اور یہی روایت صحیح ہے، (۲) مکروہ ہے، اور بے وضو کی اقامت مکروہ ہے۔

سوال: جنبی، نا سمجھ بچہ، پاگل، نشے والا، عورت، فاسق اور بیٹھ کر دینے والے کی اذان کا کیا حکم ہے؟

جواب: خنثیٰ و فاسِق اگرچہ عالم ہی ہو اور نشہ والے اور پاگل اور نا سمجھ بچّے اور جنب کی اَذان مکروہ ہے، ان سب کی اَذان کا اعادہ کیا جائے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب الأذان، ج۲، ص۷۵.)

عورتوں کو اَذان واِقامت کہنا مکروہ تحریمی ہے، کہیں گی گناہ گار ہوں گی اور اعادہ کی جائے۔

("الفتاوى الهندية"، کتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الأول، ج۱، ص۵۴.)

بیٹھ کر اَذان کہنا مکروہ ہے، اگر کہی اعادہ کرے، مگر مسافر اگر سواری پر اَذان کہہ لے، تو مکروہ نہیں اور اِقامت مسافر بھی اتر کر کہے، اگر نہ اترا اور سواری ہی پر کہہ لی، تو ہو جائے گی۔ ("الفتاوى الهندية"، کتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الأول، ج۱، ص۵۴.)

سوال: جنبی اور محدث کی اقامت کا کیا حکم ہے؟

جواب: جنب و محدث کی اِقامت مکروہ ہے، مگر اعادہ نہ کی جائے گی۔ بخلاف اَذان کے، کہ جنب اَذان کہے تو دوبارہ کہی جائے، اس لئے کہ اَذان کی تکرار مشروع ہے (شریعت میں اس کی مثال تو موجود ہے جیسے جمعہ میں دو بار اذان ہوتی ہے) اور اِقامت دوبار نہیں (شریعت میں اقامت دوبار کہنا کسی بھی مقام پر نہیں)۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب الأذان، ج۲، ص۷۵.)

سوال: دورانِ اذان واقامت بات چیت کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اَثنائے اَذان میں بات چیت کرنا منع ہے، اگر کلام کیا اگرچہ سلام کا جواب دیا، تو پھر سے اَذان کہے۔ لیکن مصنف نے مستحب لکھا ہے۔ ("صغیری شرح منية المصلي"، سنن الصلاة، فصل في السنن، ص۱۹۶.)

اور دوبارہ اذان دینے کی علت یہ ہے کہ اذان کی تکرار جمعہ میں مشروع ہے (جمعہ میں دو اذان کہی جاتی ہے) لہٰذا بات چیت کرنے کی وجہ سے اذان کو دہرانا پڑے گا۔ اور اگر دورانِ اقامت بات چیت کی تو اقامت پھر سے نہیں کہی جائے گی کیونکہ اس کی تکرار کہیں سے ثابت نہیں ہے۔

سوال: جمعہ کے دن شہر میں نمازِ ظہر ادا کرنے کے لئے اذان دینا کیسا ہے؟

جواب: جمعہ کے دن شہر میں ظہر کی نماز کے لئے اَذان دینا ناجائز ہے۔ اگرچہ ظہر پڑھنے والے معذور ہوں، جن پر جمعہ فرض نہ ہو۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الأذان، مطلب في أذان الجوق، ج۲، ص۷۳.)

اور جہاں جمعہ واجب نہیں وہاں ظہر کے لئے اذان واقامت بلا کراہت جائز ہے۔

سوال: کیا قضا نمازوں کے لئے بھی اذان واقامت کہی جائے گی؟

جواب: اگر کسی کی نماز قضا ہو جائے تو اس کے لئے اذان واقامت دونوں کہے خواہ اکیلا پڑھے یا جماعت سے پڑھے، اور اگر کسی شخص کی کئی نماز فوت ہو گئیں اور ان کو ایک ہی مجلس میں قضا کرے تو پہلی نماز کے لئے اذان واقامت کہے اور باقی نمازوں میں اختیار ہے چاہے ہر نماز کے لئے اذان واقامت کہے یا صرف اقامت پر اکتفا کرے اور اختیار اذان کو ترک کرنے یا نہ کرنے کے لئے ہے جبکہ اقامت ہر نماز کے لئے کہی جائے گی کہ اقامت کا ترک مکروہ ہے نہ کہ اذان کا۔

سوال: اذان واقامت کا جواب دینے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: جب اَذان ہو، تو اتنی دیر کے لئے سلام وکلام اور جواب سلام، تمام اشغال موقوف کر دے یہاں تک کہ قرآن مجید کی تلاوت میں اَذان کی آواز آئے، تو تلاوت موقوف کر دے اور اَذان کو غور سے سُنے اور جواب دے۔ یوہیں اِقامت میں۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۷.)

جو اَذان کے وقت باتوں میں مشغول رہے، اس پر معاذ اللہ خاتمہ برا ہونے کا خوف ہے۔ (فتاویٰ رضویہ)

جب اَذان سُنے، تو جواب دینے کا حکم ہے، یعنی مؤذن جو کلمہ کہے، اس کے بعد سُننے والا بھی وہی کلمہ کہے، مگر جب مؤذن اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللہِ کہے، تو سُننے والا درود شریف پڑھے اور مستحب ہے کہ انگوٹھوں کو بوسہ دے کر آنکھوں سے لگالے اور کہے قُرَّةُ عَيْنِىْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللہِ اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِىْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب في كراهة تكرار الجماعة في المسجد، ج۲، ص۸۴.)

اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللہِ کہے اور بہتر یہ ہے کہ دونوں کہے، بلکہ اتنا لفظ اور ملالے مَا شَاءَ اللہُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۷.)

اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کے جواب میں صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ کہے۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب في كراهة تكرار الجماعة في المسجد، ج۲، ص۸۳.)

اِقامت کا جواب مستحب ہے، اس کا جواب بھی اسی طرح ہے۔ فرق اتنا ہے کہ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ کے جواب میں اَقَامَهَا اللہُ وَاَدَامَهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ کہے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۷.)

یا اَقَامَهَا اللہُ وَاَدَامَهَا وَجَعَلْنَا مِنْ صَالِحِىْ اَهْلِهَا اَحْيَاءً وَاَمْوَاتًا کہے۔

جب اَذان ختم ہو جائے، تو مؤذن اور سامعین درود شریف پڑھیں اس کے بعد یہ دُعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَاجْعَلْنَا فِیْ شَفَاعَتِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ ("غنية المتملي"، سنن الصلاة، ص۳۸۰.)

مسئلہ: راستہ چل رہا تھا کہ اَذان کی آواز آئی تو اتنی دیر کھڑا ہو جائے سُنے اور جواب دے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الثاني، ج۱، ص۵۷)

مسئلہ: اگر چند اَذانیں سُنے، تو اس پر پہلی ہی کا جواب ہے اور بہتر یہ کہ سب کا جواب دے۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب في كراهة تكرار الجماعة في المسجد، ج۲، ص۸۲.)

مسئلہ: اگر بوقتِ اَذان جواب نہ دیا، تو اگر زیادہ دیر نہ ہوئی ہو، اب دے لے۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الأذان، ج۲، ص۸۳.)

مسئلہ: خطبہ کی اَذان کا جواب زبان سے دینا، مقتدیوں کو جائز نہیں۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الأذان، ج۲، ص۸۷.)

بہترین شوہر وہ ہے!

(۱) جو اپنی بیوی کے ساتھ نرمی 'خوش خلقی اور حسن سلوک کے ساتھ پیش آئے!

(۲) جو اپنی بیوی کے حقوق کو ادا کرنے میں کسی قسم کی غفلت اور کوتاہی نہ کرے!

(۳) جو اپنی بیوی کا اس طرح ہو کر رہے کہ کسی اجنبی عورت پر نگاہ نہ ڈالے۔

(۴) جو اپنی بیوی کو اپنے عیش و آرام میں برابر کا شریک سمجھے۔

(۵) جو اپنی بیوی پر کبھی ظلم اور کسی قسم کی بے جا زیادتی نہ کرے۔

(۶) جو اپنی بیوی کے تند مزاجی اور بد اخلاقی پر صبر کرے۔

(۷) جو اپنی بیوی کی خوبیوں پر نظر رکھے اور معمولی غلطیوں کو نظر انداز کرے۔

(۸) جو اپنی بیوی کی مصیبتوں، بیماریوں اور رنج و غم میں دل جوئی، تیمارداری اور وفاداری کا ثبوت دے۔

(۹) جو اپنی بیوی کو پردہ میں رکھ کر عزت و آبرو کی حفاظت کرے۔

(۱۰) جو اپنی بیوی کو دینداری کی تاکید کرتا رہے اور شریعت کی راہ پر چلائے۔

(۱۱) جو اپنی بیوی اور اہل و عیال کو کما کما کر رزق حلال کھلائے۔

(۱۲) جو اپنی بیوی کے میکاوالوں اور اسکی سہیلیوں کے ساتھ بھی اچھا سلوک کرے۔

(۱۳) جو اپنی بیوی کو ذلت و رسوائی سے بچائے رکھے۔

(۱۴) جو اپنی بیوی کے اخراجات میں بخیلی اور کنجوسی نہ کرے۔

(۱۵) جو اپنی بیوی پر اس طرح کنٹرول رکھے کہ وہ کسی برائی کی طرف رخ بھی نہ کر سکے۔ (جنتی زیور ص ۸۴۔۸۵)

بَابُ شُرُوْطِ الصَّلَاةِ وَأَرْكَانِهَا

یہ نماز کی شرائط اور فرائض کا باب ہے

مَا لَا بُدَّ مِنْهُ لِصِحَّةِ الصَّلَاةِ

لَابُدَّ لِصِحَّةِ الصَّلَاةِ مِنْ سَبْعَةٍ وَعِشْرِيْنَ شَيْئًا اَلطَّهَارَةُ مِنَ الْحَدَثِ وَطَهَارَةُ الْجَسَدِ وَالثَّوْبِ وَالْمَكَانِ مِنْ نَجَسٍ غَيْرِ مَعْفُوٍّ عَنْهُ حَتّٰى مَوْضِعَ الْقَدَمَيْنِ وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَالْجَبْهَةِ عَلَى الْأَصَحِّ وَسَتْرُ الْعَوْرَةِ وَلَا يَضُرُّ نَظَرُهَا مِنْ جَيْبِهٖ وَأَسْفَلِ ذَيْلِهٖ وَاسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ فَلِلْمَكِّيِّ الْمُشَاهِدِ فَرْضُهٗ إِصَابَةُ عَيْنِهَا وَلِغَيْرِ الْمُشَاهِدِ جِهَتُهَا وَلَوْ بِمَكَّةَ عَلَى الصَّحِيْحِ۔

ترجمہ: نماز کے صحیح ہونے کے لئے ستائیس چیزیں ضروری ہیں: (۱) حدث سے پاک ہونا اور بدن اور کپڑے اور جگہ کا پاک ہونا اس نجاست سے جس کی معافی نہیں دی گئی یہاں تک کہ دونوں قدم، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے اور پیشانی کی جگہ کا (پاک ہونا) صحیح قول کے مطابق۔ (۲) اور عورت کا چھپانا، اور اپنے گریبان اور دامن کے نیچے سے ستر کو دیکھ لینا نقصان نہیں دیتا ہے۔ (۳) اور قبلہ کی طرف منہ کرنا، پس مکہ والے کے لئے جو دیکھ رہا ہے اس کا فرض عین کعبہ کا رخ کرنا ہے اور نہ دیکھنے والے کے لئے کعبہ کی جہت کا اگرچہ مکہ میں ہو صحیح قول کے مطابق۔

وَالْوَقْتُ وَاعْتِقَادُ دُخُوْلِهٖ وَالنِّيَّةُ وَالتَّحْرِيْمَةُ بِلَا فَاصِلٍ وَالْإِتْيَانُ بِالتَّحْرِيْمَةِ قَائِمًا قَبْلَ انْحِنَائِهٖ لِلرُّكُوْعِ وَعَدَمُ تَأْخِيْرِ النِّيَّةِ عَنِ التَّحْرِيْمَةِ وَالنُّطْقُ بِالتَّحْرِيْمَةِ بِحَيْثُ يُسْمِعُ نَفْسَهٗ عَلَى الْأَصَحِّ وَنِيَّةُ الْمُتَابَعَةِ لِلْمُقْتَدِيْ۔

ترجمہ: (۴) اور وقت ہونا۔ (۵) اور وقت کے داخل ہونے کا اعتقاد ہونا۔ (۶) اور نیت کرنا۔ (۷) تحریمہ کہنا بلا کسی فصل کے۔ (۸) اور تحریمہ کو کھڑے کھڑے ادا کرنا رکوع کے لئے جھکنے سے پہلے۔ (۹) اور نیت کو تحریمہ سے مؤخر نہ کرنا۔ (۱۰) اور تحریمہ کا کہنا اس طور سے کہ وہ خود سن لے اصح قول پر اور (۱۱) مقتدی کا امام کی متابعت کی نیت کرنا۔

سوال: شرط اور رکن کسے کہتے ہیں؟

جواب: شرط کا لغوی معنی علامت ہے اور اصطلاحی معنی وہ خارجی چیز جس پر کسی چیز کا پایا جانا موقوف ہو مثلا طہارت، ستر عورت، وغیرہ کہ نماز کا صحیح ہونا ان پر موقوف ہے اور یہ چیزیں نماز کی حقیقت وماہیت سے خارج ہیں۔

رکن کا معنی ستون ہے اور اصطلاحی معنی شے کے وہ اجزاء جن سے شے کی حقیقت وماہیت مرکب ہوتی ہے مثلا قیام، قراءت، رکوع وغیرہ یہ وہ اجزاء ہیں جن سے نماز کی حقیقت مرکب ہوتی ہے لہذا جو فرائض، نماز کے اندر ہیں ان کو ارکان نماز کہتے ہیں اگر اس میں سے ایک رکن بھی نہیں پایا گیا تو نماز نہیں ہو گی۔

سوال: شرط اور فرض میں کیا فرق ہے؟

جواب: کسی شے کی شرط اور فرض دونوں اس کے لئے ضروری ہوتے ہیں فرق یہ ہے کہ شرط شے سے باہر ہوتی ہے اور فرض اندر۔

سوال: نماز کے صحیح ہونے کے لئے کتنی چیزیں ضروری ہیں؟

جواب: مصنف کے بیان کے مطابق نماز کے صحیح ہونے کے لئے ۲۷ چیزوں کا پایا جانا ضروری ہے ورنہ نماز صحیح نہیں ہو گی۔

سوال: دیگر کتابوں میں تو چھ شرائط اور سات فرائض بیان ہوتے ہیں مصنف نے ۲۷ کا ذکر کیونکر کیا؟

جواب: دیگر فقہاء نے اپنی اپنی کتاب میں جو نماز کے باہر کی چھ شرطیں اور نماز کے اندر کے سات فرائض بیان کئے ہیں وہ صرف ذہن سے قریب کرنے کے لئے اور تعلیم کی آسانی کے لئے ہے ورنہ مصنف نے جو ۲۷ چیزیں بیان کی ہیں وہ سب کی سب مصلی کے لئے ضروری ہیں بلکہ نماز کی صحت ان ۲۷ چیزوں میں ہی منحصر نہیں ہے اس سے زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔

سوال: نماز میں طہارت کے شرط ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب: نماز کی پہلی شرط طہارت ہے طہارت سے مراد مصلّی کے بدن کا حدث اکبر واصغر اور نجاست حقیقیہ قدر مانع سے پاک ہونا، نیز اس کے کپڑے اور اس جگہ کا جس پر نماز پڑھے، نجاست حقیقیہ قدر مانع سے پاک ہونا۔ ("شرح الوقایۃ"، کتاب الصلوۃ، باب شروط الصلوۃ، ج۱، ص۱۵٦.)

حدث اکبر سے مراد موجبات غسل ہیں اور حدث اصغر سے مراد نواقض وضو ہیں۔

سوال: شرطِ نماز کس قدر نجاست سے پاک ہونا ہے؟ یعنی غیر معفو عنہ کی مقدار کیا ہے؟

جواب: شرطِ نماز اس قدر نجاست سے پاک ہونا ہے کہ بغیر پاک کئے نماز ہو گی ہی نہیں، مثلاً نجاست غلیظہ درہم سے زائد اور خفیفہ کپڑے یا بدن کے اس حصہ کی چوتھائی کے برابر یا اس سے زیادہ جس میں لگی ہو، اس کا نام قدر مانع یا غیر معفو عنہ ہے، اور اگر اس سے کم ہے تو اس کا زائل کرنا کبھی واجب اور کبھی سنت ہے یہ امور بھی باب الانجاس میں ذکر کئے گئے ہیں لہذا وہیں سے ملاحظہ فرمالیں۔ (بہار شریعت جلد ۱ ص ۴۷٦)

سوال: نماز کی جگہ کا پاک ہونا ضروری ہے اس سے کون سی جگہ مراد ہے؟

جواب: جس جگہ نماز پڑھے، اس کے طاہر ہونے سے مراد موضع سجود و قدم کا پاک ہونا ہے، جس چیز پر نماز پڑھتا ہو، اس کے سب حصہ کا پاک ہونا، شرط صحت نماز نہیں۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۹۲.) یعنی ہاتھ، پاؤں، پیشانی اور ناک رکھنے کی جگہ۔

مصلّی کے ایک پاؤں کے نیچے قدر درہم سے زیادہ نجاست ہو، نماز نہ ہو گی۔ یوہیں اگر دونوں پاؤں کے نیچے تھوڑی نجاست ہے کہ جمع کرنے سے ایک درہم ہو جائے گی اور اگر ایک قدم کی جگہ پاک تھی اور دوسرا قدم جہاں رکھے گا، ناپاک ہے، اس نے اس پاؤں کو اٹھا کر نماز پڑھی ہو گئی، ہاں بے ضرورت ایک پاؤں پر کھڑے ہو کر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۹۲.)

پیشانی پاک جگہ میں ہے اور ناک نجس جگہ میں، تو نماز ہو جائے گی کہ ناک درہم سے کم جگہ پر لگتی ہے اور بلا ضرورت یہ بھی مکروہ۔
("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۹۲.)

سوال: عورت کا معنی کیا ہے؟ نیز سَترِ عورت سے مراد کیا ہے؟

جواب: لفظِ عورت کا معنی مرد و عورت کے جسم کا وہ حصہ ہے جس کو چھپانا فرض ہے اور اس کو ظاہر کرنا شرعاً حرام ہے۔ اور یہی سَترِ عورت سے مراد ہے۔

سوال: مرد اور آزاد عورت کا سترِ عورت کیا ہے؟

جواب: مرد کے لئے ناف کے نیچے سے گھٹنوں کے نیچے تک عورت ہے، یعنی اس کا چھپانا فرض ہے۔ ناف اس میں داخل نہیں اور گھٹنے داخل ہیں۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، مطلب في ستر العورۃ، ج۲، ص۹۳.)

آزاد عورتوں اور خنثیٰ مشکل کے لئے سارا بدن عورت ہے، سوا منہ کی ٹکلی اور ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں کے، سر کے لٹکتے ہوئے بال اور گردن اور کلائیاں بھی عورت ہیں، ان کا چھپانا بھی فرض ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ ج۲، ص۹۵.)

سوال: خنثیٰ مشکل کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس میں مرد و عورت دونوں کی علامتیں پائی جائیں اور یہ ثابت نہ ہو کہ مرد ہے یا عورت۔ (بہار شریعت حصہ ۷، نکاح کا بیان)

سوال: باندی کا سَترِ عورت کیا ہے؟

جواب: باندی کے لئے سارا پیٹ اور پیٹھ اور دونوں پہلو اور ناف سے گھٹنوں کے نیچے تک عورت ہے، خنثیٰ مشکل رقیق (غلام) ہو، تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۹۴.)

سوال: آزاد عورت کے بدن میں کتنے عضو ہوتے ہیں؟

جواب: آزاد عورتوں کے لئے پانچ عضو کے علاوہ (جن کا بیان گزرا) سارا بدن عورت ہے اور وہ تیس اعضاء پر مشتمل ہیں کہ ان میں جس کی چوتھائی کھل جائے، نماز کا وہی حکم ہے، جو اوپر بیان ہوا۔ (۱) سر یعنی پیشانی کے اوپر سے شروع گردن تک اور ایک کان سے دوسرے کان تک، یعنی عادۃً جتنی جگہ پر بال جمتے ہیں۔ (۲) بال جو لٹکتے ہوں۔ (۳،۴) دونوں کان۔ (۵) گردن اس میں گلا بھی داخل ہے۔ (۶،۷) دونوں شانے۔

(۸،۹) دونوں بازو، ان میں کہنیاں بھی داخل ہیں۔ (۱۱،۱۰) دونوں کلائیاں یعنی کہنی کے بعد سے گٹوں کے نیچے تک۔ (۱۲) سینہ یعنی گلے کے جوڑ سے دونوں پستان کی حد زیریں تک۔ (۱۴،۱۳) دونوں ہاتھوں کی پشت۔ (۱۶،۱۵) دونوں پستانیں، جب کہ اچھی طرح اٹھ چکی ہوں، اگر بالکل نہ اٹھی ہوں یا خفیف اُبھری ہوں کہ سینہ سے جدا عضو کی ہیأت نہ پیدا ہوئی ہو، تو سینہ کی تابع ہیں، جدا عضو نہیں اور پہلی صورت میں بھی، ان کے درمیان کی جگہ سینہ ہی میں داخل ہے، جدا عضو نہیں۔ (۱۷) پیٹ یعنی سینہ کی حد مذکور سے ناف کے کنارۂ زیریں تک، یعنی ناف کا بھی پیٹ میں شمار ہے۔ (۱۸) پیٹھ یعنی پیچھے کی جانب سینہ کے مقابل سے کمر تک۔ (۱۹) دونوں شانوں کے بیچ میں جو جگہ ہے، بغل کے نیچے سینہ کی حد زیریں تک، دونوں کروٹوں میں جو جگہ ہے، اس کا اگلا حصہ سینہ میں اور پچھلا شانوں یا پیٹھ میں شامل ہے اور اس کے بعد سے دونوں کروٹوں میں کمر تک جو جگہ ہے، اس کا اگلا حصہ پیٹ میں اور پچھلا پیٹھ میں داخل ہے۔ (۲۱،۲۰) دونوں سرین۔ (۲۲) فرج۔ (۲۳) دبر۔ (۲۵،۲۴) دونوں رانیں، گھٹنے بھی انھیں میں شامل ہیں۔ (۲۶) ناف کے نیچے پیڑو اور اس کے متصل جو جگہ ہے اور ان کے مقابل پشت کی جانب سب مل کر ایک عورت ہے۔ (۲۸،۲۷) دونوں پنڈلیاں ٹخنوں سمیت۔ (۳۰،۲۹) دونوں تلوے اور بعض علماء نے پشتِ دست اور تلوؤں کو عورت میں داخل نہیں کیا۔

("الفتاوی الرضویة"، ج۶، ص۳۹-۴۰.)

سوال: "ولا یضر نظرها من جیبه واسفل ذیله" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ نماز میں اپنا ستر دوسرے شخصوں سے چھپانا فرض ہے، اور اپنے آپ سے چھپانا فرض نہیں ہے، اور دوسروں سے ستر چھپانے کا مطلب یہ ہے کہ اپنے چاروں طرف سے ستر کو ڈھانکنا ضروری ہے نہ کہ نیچے کی طرف سے چنانچہ اگر کسی کو سجدہ میں اس کا ستر نظر نہ آتا ہو لیکن اگر کوئی شخص اس کے نیچے سے دیکھے تو ستر نظر آ جائے تو نماز فاسد نہیں ہوگی اگرچہ اس طرح دوسرے کا دیکھنا حرام ہے، اور اپنے آپ سے چھپانا فرض نہیں ہے لہٰذا اگر کوئی جبہ پہن کر بغیر پاجامہ کے نماز پڑھے اور جبہ ایسا ہو کہ اگر اپنے گریبان میں دیکھے تو ستر نظر آ جائے تو اس سے بھی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

سوال: استقبال قبلہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: استقبال قبلہ نماز کی شرطوں میں سے تیسری شرط ہے قبلہ کا لغوی معنی جہت، سمت اور رخ ہے، اور استقبال کے معنی ہے رخ کرنا ہے، اور اصطلاح میں قبلہ وہ خاص جہت اور سمت ہے جس کی طرف نماز پڑھی جاتی ہے جو ساتویں زمین سے عرش تک ہے۔ پس قبلہ بنائے کعبہ کا نام نہیں بلکہ وہ فضا ہے، لہٰذا استقبال قبلہ سے مراد نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا ہے۔

سوال: مکی اور غیر مکی کے تعلق سے عین قبلہ اور جہت قبلہ کی تشریح کر دیں۔

جواب: جو شخص مکہ مکرمہ میں ہو اور اس کو کعبہ شریف نظر آتا ہو یعنی اس کے اور کعبہ کے درمیان کوئی دیوار یا پہاڑ وغیرہ حائل نہ ہو تو اس کو خاص کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا لازم ہے اور جو شخص مکہ سے باہر ہو یا مکہ میں ہی ہو لیکن کعبہ نہ دیکھتا ہو تو اس کا قبلہ کعبہ کی جہت

ہے اور جہتِ کعبہ کے یہ معنی ہیں کہ منہ کی سطح کا کوئی جز کعبہ کی سمت میں واقع ہو تو اگر قبلہ سے کچھ انحراف ہے مگر منہ کا کوئی جز کعبہ کے مواجہہ (سیدھ) میں ہے نماز ہو جائے گی اس کی مقدار ۴۵ درجہ رکھی گئی ہے تو اگر ۴۵ درجے سے زائد انحراف ہے استقبال نہ پایا گیا نماز نہ ہوئی۔

سوال: وقت کی تشریح کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ "اعتقاد دخولہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب: نماز کی شرطوں میں سے چوتھی شرط وقت کا ہونا ہے، پس اگر وقت آنے سے پہلے ہی نماز پڑھ لی تو نماز نہیں ہوگی اور "اعتقاد دخولہ" سے مراد وقت کے داخل ہونے کا یقین ہونا ہے کہ نماز کا وقت ہو گیا اب اگر یقین کے بغیر شک وتردد کی حالت میں نماز پڑھ لی تو اگرچہ حقیقت میں وقت ہو گیا ہو مگر چونکہ اس کو یقین نہیں تھا اس لئے نماز نہیں ہوگی۔

سوال: نیت سے کیا مراد ہے؟

جواب: نماز کی شرطوں میں سے پانچویں شرط نیت ہے، نیت دل کے پکے ارادہ کو کہتے ہیں، محض جاننا نیت نہیں، جب تک ارادہ نہ ہو۔

("تنویر الأبصار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۱۱.)

نیت میں زبان کا اعتبار نہیں، یعنی اگر دل میں مثلاً ظہر کا قصد کیا اور زبان سے لفظ عصر نکلا، ظہر کی نماز ہوگئی۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، بحث النیۃ، ج۲، ص۱۱۲.)

ہاں دل میں نیت ہوتے ہوئے زبان سے کہہ لینا مستحب ہے اور اس میں کچھ عربی کی تخصیص نہیں، فارسی وغیرہ میں بھی ہو سکتی ہے اور تلفظ میں ماضی کا صیغہ ہو، مثلاً نَوَیتُ یعنی نیت کی میں نے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۱۳.)

سوال: نیت کا ادنی اور اعلی درجہ کیا ہے؟

جواب: نیت کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ اگر اس وقت کوئی پوچھے، کون سی نماز پڑھتا ہے؟ تو فوراً بلا تأمل بتا دے، اگر حالت ایسی ہے کہ سوچ کر بتائے گا، تو نماز نہ ہوگی۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۱۳) اور اعلی درجہ یہ ہے کہ ساری نماز میں نیت مستحضر ہو۔

سوال: تکبیرِ تحریمہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: نماز کی شرطوں میں سے چھٹی شرط تکبیر تحریمہ ہے نماز شروع کرنے کے لئے نیت کے بعد جو تکبیر یعنی اللہ اکبر کہی جاتی ہے اسے تکبیر تحریمہ کہتے ہیں اس سے نماز شروع ہو جاتی ہے اور جو باتیں نماز کے منافی ہیں وہ حرام ہو جاتی ہیں۔

سوال: نیت اور تحریمہ کا بلا فصل ہونا ضروری ہے اس سے کیا مراد ہے؟

جواب: نیت اور تکبیرِ تحریمہ کے درمیان کوئی امر اجنبی، مثلاً کھانا، پینا، کلام وغیرہ وہ امور جو نماز سے غیر متعلق ہیں، فاصل نہ ہوں نماز ہو جائے گی، اگرچہ تحریمہ کے وقت نیت حاضر نہ ہو۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۱۴.)

وضو سے پیشتر نیت کی، تو وضو کرنا فاصل اجنبی نہیں، نماز ہو جائے گی۔ یوہیں وضو کے بعد نیت کی اس کے بعد نماز کے لئے چلنا پایا گیا، نماز ہو جائے گی اور یہ چلنا فاصل اجنبی نہیں۔ ("غنیۃ المتملي"، الشرط السادس النیۃ، ص۲۵۵.) ہاں نیت کرنے کے بعد کھایا یا پیا یا کسی سے کلام کیا پھر تکبیر تحریمہ کہی تو نماز نہ ہوگی کہ یہ امور فاصلِ اجنبی ہیں۔

سوال: کیا تکبیرِ تحریمہ کھڑے ہو کر کہنا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! جن نمازوں میں قیام فرض ہے، ان میں تکبیر تحریمہ کے لئے قیام فرض ہے، تو اگر بیٹھ کر اللہ اکبر کہا پھر کھڑا ہو گیا، یا حدِّ رکوع میں کہا تو نماز شروع ہی نہ ہوئی۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج١، ص٦٨.) اور جن نمازوں میں قیام فرض نہیں ہے ان میں بیٹھ کر کہنے سے نماز ہو جائے گی جیسے نفل نماز وغیرہ۔

سوال: اگر کسی نے تکبیرِ تحریمہ کے بعد نیت کی تو کیا نماز ہو جائے گی؟

جواب: اگر کسی نے تکبیرِ تحریمہ کے بعد نیت کی تو اس کا اعتبار نہیں، یہاں تک کہ اگر تکبیر تحریمہ میں اللہ کہنے کے بعد اکبر سے پہلے نیت کی، نماز نہ ہو گی۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في حضور القلب والخشوع، ج٢، ص١١٦.)

سوال: تکبیرِ تحریمہ کتنی آواز میں کہنا شرط ہے؟

جواب: تکبیر تحریمہ کے صحیح ہونے کے لئے شرط ہے کہ تکبیر تحریمہ اتنی آواز سے کہے کہ خود سن لے، بشرطیکہ بہرا نہ ہو اور شور غل نہ ہو پس صرف دل سے کہنا یا اس طرح کہنا کہ خود بھی نہ سن سکے تو کافی نہ ہو گا اور نماز شروع نہ ہو گی اور یہ مسئلہ صحیح مذہب کے مطابق ہے جبکہ امام کرخی کے نزدیک تصحیح حروف کافی ہے اگرچہ وہ خود نہ سن سکے اور یہ قاعدہ ہر اس جگہ ہے جہاں شریعت نے پڑھنا یا کہنا مقرر کیا ہے جیسے طلاق دینا، غلام آزاد کرنا، قسم کھانا وغیرہ کہ ان میں اتنی آواز ہو کہ خود سن لے۔

سوال: کیا مقتدی کے لئے امام کی متابعت کی نیت کرنا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! مقتدی کو اقتداء کی نیت بھی ضروری ہے یعنی دل میں یہ خیال و ارادہ ہو کہ میں امام کے پیچھے نماز پڑھتا ہوں۔ اور امام کو نیت اِمامت مقتدی کی نماز صحیح ہونے کے لئے ضروری نہیں، یہاں تک کہ اگر امام نے یہ قصد کر لیا کہ میں فلاں کا امام نہیں ہوں اور اس نے اس کی اقتداء کی نماز ہو گئی، مگر امام نے اِمامت کی نیت نہ کی تو ثواب جماعت نہ پائے گا اور ثواب جماعت حاصل ہونے کے لئے مقتدی کی شرکت سے پیشتر نیت کر لینا ضروری نہیں، بلکہ وقت شرکت بھی نیت کر سکتا ہے۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج٢، ص١٢١.)

وَتَعْيِيْنُ الْفَرْضِ وَتَعْيِيْنُ الْوَاجِبِ وَلَا يُشْتَرَطُ التَّعْيِيْنُ فِي النَّفْلِ وَالْقِيَامُ فِيْ غَيْرِ النَّفْلِ وَالْقِرَاءَةُ وَلَوْ آيَةً فِيْ رَكَعَتَيِ الْفَرْضِ وَ كُلِّ النَّفْلِ وَالْوِتْرِ وَلَمْ يَتَعَيَّنْ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ لِصِحَّةِ الصَّلَاةِ وَلَا يَقْرَأُ الْمُؤْتَمُّ بَلْ يَسْتَمِعُ وَيُنْصِتُ وَإِنْ قَرَأَ كُرِهَ تَحْرِيْمًا۔

ترجمہ: اور (١٢) فرض کا متعین کرنا اور واجب کا متعین کرنا اور نفل میں متعین کرنا شرط نہیں ہے۔ اور (١٣) نفل کے علاوہ میں قیام کرنا۔ اور (١٤) قراءت کرنا اگرچہ ایک ہی آیت ہو، فرض کی دو رکعتوں میں اور نفل اور وتر کی ہر رکعت میں، اور نماز کے صحیح

ہونے کے لئے قرآن میں سے کوئی چیز متعین نہیں ہے اور مقتدی قراءت نہیں کرے گا بلکہ غور سے سنے گا اور خاموش رہے گا اور اگر قراءت کرے گا تو مکروہ تحریمی ہو گا۔

وَالرُّكُوْعُ وَالسُّجُوْدُ عَلٰى مَا يَجِدُ حَجْمَهٗ وَتَسْتَقِرُّ عَلَيْهِ جَبْهَتُهٗ وَلَوْ عَلٰى كَفِّهٖ أَوْ طَرَفِ ثَوْبِهٖ إِنْ طَهُرَ مَحَلُّ وَضْعِهٖ وَسَجَدَ وُجُوْبًا بِمَا صَلُبَ مِنْ أَنْفِهٖ وَبِجَبْهَتِهٖ وَلَا يَصِحُّ الْاِقْتِصَارُ عَلَى الْأَنْفِ إِلَّا مِنْ عُذْرٍ بِالْجَبْهَةِ۔

ترجمہ: اور (۱۴) رکوع کرنا۔ اور (۱۵) سجدہ کرنا ایسی چیز پر کہ اس کی جسامت پالے اور اس پر اس کی پیشانی ٹھہر جائے اگرچہ اپنی ہتھیلی پر یا اپنے کپڑے کے کنارے پر، اگر اس کے رکھنے کی جگہ پاک ہو اور سجدہ کرے بطور وجوب ناک کے اس حصے کے ذریعہ جو سخت ہے اور اپنی پیشانی کے ذریعہ اور صرف ناک پر اقتصار کرنا صحیح نہیں ہے مگر پیشانی میں کسی عذر کی وجہ سے۔

سوال: کیا فرض نماز میں مطلق نماز کی نیت کافی ہے؟

جواب: فرض نماز میں نیت فرض بھی ضروری ہے، مطلق نماز یا نفل وغیرہ کی نیت کافی نہیں، فرض میں یہ بھی ضروری ہے کہ اس خاص نماز مثلاً ظہر یا عصر کی نیت کرے یا مثلاً آج کے ظہر یا فرضِ وقت کی نیت وقت میں کرے، مگر جمعہ میں فرض وقت کی نیت کافی نہیں، خصوصیت کے ساتھ جمعہ کی نیت ضروری ہے۔ ("تنوير الأبصار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج۲، ص۱۱۷، ۱۲۳.)

سوال: واجب نماز میں کس کی نیت کرے؟

جواب: واجب نماز میں واجب کی نیت کرے اور اسے معین بھی کرے مثلاً نمازِ عید الفطر، عید الاضحی، نذر، وتر، نمازِ طواف وغیرہ۔

سوال: کیا وتر کی نیت میں واجب کہنا ضروری ہے؟

جواب: نمازِ وتر میں فقط وتر کی نیت کافی ہے اگرچہ اس کے ساتھ واجب نہ کہا ہو، کہ وتر کی نماز واجب ہی ہے، ہاں واجب کہنا اولی ہے، البتہ اگر نیت عدمِ وجوب کی ہے تو پھر لفظِ وتر کہنا کافی نہیں۔

سوال: کیا سنت اور نفل میں مطلق نماز کی نیت کافی ہے یا خاص سنت یا نفل کی نیت کرنی ہوگی؟

جواب: اصح یہ ہے کہ نفل و سنت و تراویح میں مطلق نماز کی نیت کافی ہے، مگر احتیاط یہ ہے کہ تراویح میں تراویح یا سنت وقت یا قیام اللیل کی نیت کرے اور باقی سنتوں میں سنت یا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی متابعت (پیروی) کی نیت کرے، اس لئے کہ بعض مشائخ ان میں مطلق نیت کو ناکافی قرار دیتے ہیں۔ ("منية المصلي"، الشرط السادس النية، ص۲۲۵.)

نفل نماز کے لئے مطلق نماز کی نیت کافی ہے، اگرچہ نفل نیت میں نہ ہو۔

("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في حضور القلب والخشوع، ج۲، ص۱۱۶.)

سوال: کیا نیت میں تعدادِ رکعات کی ضرورت ہے؟

جواب: نیت میں تعداد رکعات کی ضرورت نہیں البتہ افضل ہے، تو اگر تعداد رکعات میں خطا واقع ہوئی مثلاً تین رکعتیں ظہر یا چار رکعتیں مغرب کی نیت کی، تو نماز ہو جائے گی۔ ("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في حضور القلب والخشوع، ج۲، ص۱۲۰.)

سوال: قیام سے کیا مراد ہے؟ نیز قیام کی حد کیا ہے؟

جواب: نماز میں کھڑے ہونے کو قیام کہتے ہیں۔ کمی کی جانب قیام کی حد یہ ہے کہ ہاتھ پھیلائے تو گھٹنوں تک نہ پہنچیں اور پورا قیام یہ ہے کہ سیدھا کھڑا ہو۔ ("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، ج۲، ص۱۶۳.)

سوال: کتنی دیر تک قیام کرنا فرض، واجب اور سنت ہے؟

جواب: قیام اتنی دیر تک ہے جتنی دیر قراءت ہے، یعنی بقدرِ قراءت فرض، قیام فرض اور بقدرِ واجب، واجب اور بقدرِ سنت، سنت۔

("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ج۲، ۱۶۳.)

یہ حکم پہلی رکعت کے سوا اور رکعتوں کا ہے، رکعت اُولیٰ میں قیام فرض میں مقدار تکبیر تحریمہ بھی شامل ہوگی اور قیام مسنون میں مقدار ثناو تعوذ و تسمیہ بھی۔

سوال: قیام اور قراءت تو فرائض نماز میں سے ہیں واجب اور سنّت کیسے ہو گئے؟

جواب: قیام و قراءت کا واجب و سنت ہونا بایں معنی ہے کہ اس کے ترک پر ترک واجب و سنت کا حکم دیا جائے گا ورنہ بجالانے میں جتنی دیر تک قیام کیا اور جو کچھ قراءت کی سب فرض ہی ہے، فرض کا ثواب ملے گا۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، ج۲، ص۱۶۳.)

سوال: کن نمازوں میں قیام فرض ہے؟

جواب: فرض و وتر و عیدین و سنت فجر میں قیام فرض ہے کہ بلا عذر صحیح بیٹھ کر یہ نمازیں پڑھے گا، نہ ہوں گی۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، ج۲، ص۱۶۳.)

سوال: قراءت سے کیا مراد ہے؟

جواب: قراءت اس کا نام ہے کہ تمام حروف مخارج سے ادا کئے جائیں، کہ ہر حرف غیر سے صحیح طور پر ممتاز ہو جائے اور آہستہ پڑھنے میں بھی اتنا ہونا ضروری ہے کہ خود سنے، اگر حروف کی تصحیح تو کی مگر اس قدر آہستہ پڑھا کہ خود نہ سنا اور کوئی مانع مثلاً شور و غل یا ثقل سماعت (اونچا سننے کا مرض) بھی نہیں، تو نماز نہ ہوئی ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج۱، ص۶۹.)

یوہیں جس جگہ کچھ پڑھنا یا کہنا مقرر کیا گیا ہے، اس سے یہی مقصد ہے کہ کم سے کم اتنا ہو کہ خود سن سکے، مثلاً طلاق دینے، آزاد کرنے، جانور ذبح کرنے میں۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج۱، ص۶۹.)

سوال: نماز میں کتنی قراءت کرنا فرض ہے؟

جواب: مطلقاً ایک آیت پڑھنا فرض کی دو رکعتوں میں اور وتر و نوافل کی ہر رکعت میں امام و منفرد پر فرض ہے۔

("مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، واركانها، ص۵۱.)

فرض کی کسی رکعت میں قراءت نہ کی یا فقط ایک میں کی، نماز فاسد ہو گئی۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج۱، ص۶۹.)

سوال: ایک آیت جو فرض ہے اس کی کم از کم مقدار کتنی ہے؟

جواب: چھوٹی آیت جس میں دو یا دو سے زائد کلمات ہوں پڑھ لینے سے فرض ادا ہو جائے گا اور اگر ایک ہی حرف کی آیت ہو جیسے ص، ن، ق، کہ بعض قراءتوں میں ان کو آیت مانا ہے، تو اس کے پڑھنے سے فرض ادا نہ ہو گا، اگرچہ اس کی تکرار کرے۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، فصل في القراءة، مطلب: تحقيق مهم فيما لو تذكر في ركوعه انه لم يقراء... إلخ، ج۲، ص۳۱۳.)

رہی ایک کلمہ کی آیت جیسے مُدْهَآمَّتَانِ، اس میں اختلاف ہے اور بچنے میں احتیاط۔

سورتوں کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک پوری آیت ہے، مگر صرف اس کے پڑھنے سے فرض ادا نہ ہو گا۔

("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل، ج۲، ص۲۳۶.)

قراءت شاذہ سے فرض ادا نہ ہو گا، یوہیں بجائے قراءت آیت کی ہجے کی، نماز نہ ہو گی۔

("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل، ج۲، ص۲۲۶.)

سوال: سورتوں کو معین کر لینا کہ اس نماز میں ہمیشہ وہی سورت پڑھا کرے، تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: سورتوں کا معین کر لینا کہ اس نماز میں ہمیشہ وہی سورت پڑھا کرے، مکروہ ہے، مگر جو سورتیں احادیث میں وارد ہیں ان کو کبھی کبھی پڑھ لینا مستحب ہے، مگر مداومت نہ کرے کہ کوئی واجب نہ گمان کر لے۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل في القراءة، و مطلب: السنة تكون سنة عين... إلخ، ج۲، ص۳۲۵)

ہاں! سورۂ فاتحہ کو ہر رکعت میں معین کرنا واجب ہے۔

سوال: مقتدی کو امام کے پیچھے قراءت کرنا کیسا ہے؟

جواب: مقتدی کو کسی نماز میں قراءت جائز نہیں، نہ فاتحہ، نہ آیت، نہ آہستہ کی نماز میں، نہ جہری نماز میں۔ امام کی قراءت مقتدی کے لئے بھی کافی ہے۔ اگر کرے گا تو مکروہِ تحریمی کا مرتکب ہو گا۔ ("مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح"، كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، واركانها، ص۵۱.)

سوال: رکوع کی تعریف کیا ہے؟

جواب: اتنا جھکنا کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنے کو پہنچ جائیں، یہ رکوع کا ادنیٰ درجہ ہے۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ج۲، ص۱۶۵.)

اور پورا یہ کہ پیٹھ سیدھی بچھاوے۔

سوال: سجدہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: پیشانی کا زمین پر جمنا سجدہ کی حقیقت ہے اور پاؤں کی ایک انگلی کا پیٹ لگنا شرط۔ تو اگر کسی نے اس طرح سجدہ کیا کہ دونوں پاؤں زمین سے اٹھے رہے، نماز نہ ہوئی بلکہ اگر صرف انگلی کی نوک زمین سے لگی، جب بھی نہ ہوئی اس مسئلہ سے بہت لوگ غافل ہیں۔

("الفتاوی الرضویة"، ج۷، ص۳۶۳۔۳۷۶.)

رخسار یا ٹھوڑی زمین پر لگانے سے سجدہ نہ ہو گا خواہ عذر کے سبب ہو یا بلا عذر، اگر عذر ہو تو اشارہ کا حکم ہے۔

("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج۱، ص۷۰.)

سوال: کسی نرم چیز پر سجدہ کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: کسی نرم چیز مثلاً گھاس، روئی، قالین وغیرہا پر سجدہ کیا تو اگر پیشانی جم گئی یعنی اتنی دبائی کہ اب دبانے سے نہ دبے تو جائز ہے، ورنہ نہیں۔ ("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج۱، ص۷۰.)

بعض جگہ جاڑوں میں مسجد میں پیال (چاول کا بُھس) بچھاتے ہیں، ان لوگوں کو سجدہ کرنے میں اس کا لحاظ بہت ضروری ہے کہ اگر پیشانی خوب نہ دبی، تو نماز ہی نہ ہوئی اور ناک ہڈی تک نہ دبی تو مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوئی، کمانی دار گدّے پر سجدہ میں پیشانی خوب نہیں دبتی لہٰذا نماز نہ ہوگی، ریل کے بعض درجوں میں بعض گاڑیوں میں اسی قسم کے گدّے ہوتے ہیں اس گدّے سے اتر کر نماز پڑھنی چاہیے۔

(بہار شریعت جلد۱ ص۵۱۴)

سوال: ہتھیلی یا آستین یا عمامہ کے پیچ پر سجدہ کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ہتھیلی یا آستین یا عمامہ کے پیچ یا کسی اور کپڑے پر جسے پہنے ہوئے ہے سجدہ کیا اور نیچے کی جگہ ناپاک ہے تو سجدہ نہ ہوا، ہاں ان سب صورتوں میں جب کہ پھر پاک جگہ پر سجدہ کر لیا، تو ہو گیا۔ ("منیة المصلي"، مسائل الفریضة الخامسة ای السجود، ص۲۶۳.)

عمامہ کے پیچ پر سجدہ کیا اگر ماتھا خوب جم گیا، سجدہ ہو گیا اور ماتھا نہ جما بلکہ فقط چھو گیا کہ دبانے سے دبے گا یا سر کا کوئی حصہ لگا، تو نہ ہوا۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل، ج۲، ص۲۵۲.)

سوال: "وسجد وجوبا بما صلب من انفه وجبهته" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ سجدہ میں پیشانی اور ناک کا اس قدر لگانا جہاں تک وہ سخت ہے یعنی سخت ہڈی تک واجب ہے مراقی الفلاح میں ہے کہ ناک کی سخت ہڈی کا لگانا سجدے کے صحیح ہونے کے لئے شرط نہیں ہے بلکہ سجدے کے کامل ہونے کی شرط ہے البتہ پیشانی کا سجدے میں لگانا نماز کی صحت کے لئے شرط ہے اور بلا عذر سجدے میں صرف ناک پر اکتفا کیا تو اصح قول کے مطابق سجدہ صحیح نہیں ہو گا، ہاں اگر پیشانی پر زخم وغیرہ کوئی عذر ہو تو صرف ناک پر اکتفا کرنا درست ہو گا۔

وَعَدَمُ ارْتِفَاعِ مَحَلِّ السُّجُوْدِ عَنْ مَوْضِعِ الْقَدَمَيْنِ بِأَكْثَرَ مِنْ نِصْفِ ذِرَاعٍ وَإِنْ زَادَ عَلٰى نِصْفِ ذِرَاعٍ لَمْ يَجُزِ السُّجُوْدُ إِلَّا لِزَحْمَةٍ سَجَدَ فِيْهَا عَلٰى ظَهْرِ مُصَلٍّ صَلَاتَهٗ وَوَضْعُ الْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ فِي الصَّحِيْحِ وَوَضْعُ شَيْءٍ مِنْ أَصَابِعِ الرِّجْلَيْنِ حَالَةَ السُّجُوْدِ عَلَى الْأَرْضِ وَلَا يَكْفِيْ وَضْعُ ظَاهِرِ الْقَدَمِ۔

ترجمہ: اور (١٦) سجدے کی جگہ کا اونچانہ ہونا دونوں قدموں کی جگہ سے آدھے گز سے زیادہ، اور اگر آدھے گز سے زیادہ ہو تو سجدہ جائز نہ ہو گا مگر بھیڑ کی وجہ سے کہ بھیڑ میں اسی کی نماز پڑھنے والے کی پشت پر سجدہ کرے۔ اور (١٧) دونوں ہاتھ اور (١٨) دونوں گھٹنوں کا رکھنا صحیح قول کے مطابق۔ اور (١٩) دونوں پیروں کی انگلیوں میں سے کچھ کا سجدے کی حالت میں زمین پر رکھنا اور پاؤں کی پشت کا رکھنا کافی نہیں ہو گا۔

سوال: اگر سجدہ والی جگہ قدموں کی بنسبت اونچی ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: ایسی جگہ سجدہ کیا کہ قدم کی بہ نسبت بارہ انگل سے زیادہ اونچی ہے، سجدہ نہ ہوا، ورنہ ہو گیا۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، فصل، ج۲، ص۲۵۷)

البتہ اگر عذر ہو مثلاً اژدہام کی وجہ سے دوسرے کی پیٹھ پر سجدہ کیا اور وہ اس نماز میں اس کا شریک ہے، تو جائز ہے ورنہ ناجائز، خواہ وہ نماز ہی میں نہ ہو یا نماز میں تو ہے مگر اس کا شریک نہ ہو، یعنی دونوں اپنی اپنی پڑھتے ہوں۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الرابع في صفۃ الصلاۃ، الفصل الأول، ج۱، ص۷۰، وغیرہ.)

سوال: سجدے کی کیفیت بیان کریں۔

جواب: سجدے میں دونوں ہاتھ اور دونوں گھٹنوں کا رکھنا سنت ہے اس لئے عبارت میں وضع الیدین و الرکبتین سے مراد ایک ہاتھ اور ایک گھٹنے کا رکھنا ہے کیوں کہ سجدے کی حقیقت یہ ہے کہ کم از کم پیشانی ایک ہاتھ ایک گھٹنا اور ایک پاؤں کی کچھ انگلیاں زمین پر رکھے اور سجدے کی حالت میں پاؤں کی ایک انگلی کا پیٹ زمین پر رکھنا فرض ہے نیز قدم کا اندرونی حصہ یعنی پیٹ لگائے نہ کہ قدم کا بیرونی حصہ یعنی پشت کا لگانا کافی نہیں ہو گا۔

وَتَقْدِيْمُ الرُّكُوْعِ عَلَى السُّجُوْدِ وَالرَّفْعُ مِنَ السُّجُوْدِ إِلٰى قُرْبِ الْقُعُوْدِ عَلَى الْأَصَحِّ وَالْعَوْدُ إِلَى السُّجُوْدِ وَالْقُعُوْدُ الْأَخِيْرُ قَدْرَ التَّشَهُّدِ وَتَأْخِيْرُهٗ عَنِ الْأَرْكَانِ وَأَدَاؤُهَا مُسْتَيْقِظًا وَمَعْرِفَةُ كَيْفِيَّةِ الصَّلَاةِ وَمَا فِيْهَا مِنَ الْخِصَالِ الْمَفْرُوْضَةِ عَلٰى وَجْهٍ يُمَيِّزُهَا مِنَ الْخِصَالِ الْمَسْنُوْنَةِ أَوِاعْتِقَادُ أَنَّهَا فَرْضٌ حَتّٰى لَا يَتَنَفَّلَ بِمَفْرُوْضٍ۔

ترجمہ: اور(۲۰) رکوع کو سجدے پر مقدم کرنا۔ اور(۲۱) سجدے سے بیٹھنے کے قریب اٹھنا اصح قول کے مطابق۔ اور(۲۲) دوسرے سجدے کی طرف لوٹنا۔ اور(۲۳) تشہد کی مقدار قعدہ آخرہ کرنا۔ اور(۲۴) قعدۂ اخیرہ کو تمام ارکان سے مؤخر کرنا۔ اور(۲۵) ارکان کو بیداری کی حالت میں ادا کرنا اور(۲۶) نماز کی کیفیت کو جاننا اور(۲۷) نماز میں جو چیزیں فرض ہیں ان کا جاننا اس طرح کہ ان کو مسنون چیزوں سے الگ کر سکے یا اس بات کا اعتقاد رکھنا کہ وہ فرض ہیں یہاں تک کہ فرض چیزوں کو نفل کی نیت سے ادا نہ کرے۔

أَرْكَانُ الصَّلَاةِ

وَالأَرْكَانُ مِنَ الْمَذْكُوْرَاتِ أَرْبَعَةٌ اَلْقِيَامُ وَالْقِرَاءَةُ وَالرُّكُوْعُ وَالسُّجُوْدُ وَقِيْلَ الْقُعُوْدُ الْأَخِيْرُ مِقْدَارَ التَّشَهُّدِ

ترجمہ: اور ذکر کی ہوئی چیزوں میں سے ارکان (فرض) چار ہیں (۱) قیام (۲) قراءت (۳) رکوع (۴) سجود، اور کہا گیا ہے کہ تشہد کی مقدار قعدۂ اخیرہ (بھی رکن ہے)۔

شَرَائِطُ الصَّلَاةِ

وَبَاقِيْهَا شَرَائِطُ بَعْضُهَا شَرْطٌ لِصِحَّةِ الشُّرُوْعِ فِي الصَّلَاةِ وَهُوَ مَا كَانَ خَارِجَهَا وَغَيْرُهٗ شَرْطٌ لِدَوَامِ صِحَّتِهَا۔

ترجمہ: اور باقی چیزیں شرائط ہیں ان میں سے بعض نماز کے شروع کو صحیح کرنے کے لئے شرط ہیں اور یہ وہ ہیں جو نماز کے باہر ہیں، اور اس کے علاوہ نماز کی صحت کو باقی رکھنے کے لئے شرط ہیں۔

سوال: کیا فرائض کے مابین ترتیب ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! قیام ور کوع و سجود و قعدۂ اخیرہ میں ترتیب فرض ہے، اگر قیام سے پہلے رکوع کر لیا پھر قیام کیا تو وہ رکوع جاتا رہا، اگر بعد قیام پھر رکوع کرے گا نماز ہو جائے گی ورنہ نہیں۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صفة الصلاۃ، بحث الخروج بصنعه، ج۲، ص۱۷۲.)

سوال: کیا دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں اصح قول کے مطابق پہلے سجدے کے بعد دوسرے سجدے میں جانے سے پہلے اتنا اٹھنا ضروری ہے جس کو بیٹھا ہوا کہا جا سکے اور اس فعل کو جلسہ کہتے ہیں اور یہ ایک تسبیح کے بقدر واجب ہے۔

اور مصنف کا علی الاصح کے ذریعے اس قول کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے جس میں کہا گیا ہے کہ صرف پیشانی کو زمین سے اٹھالینا کافی ہے پھر اس کے بعد دوسرا سجدہ کرے لیکن یہ غیر صحیح قول ہے۔

سوال: ہر رکعت میں کتنی بار سجدہ فرض ہے؟

جواب: ہر رکعت میں دو بار سجدہ فرض ہے۔ اور دونوں سجدوں کے درمیان ایک بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار جلسہ (سیدھا بیٹھنا) کرنا واجب ہے۔

سوال: قعدۂ اخیرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: نماز کی رکعتیں پوری کرنے کے بعد اتنی دیر تک بیٹھنا کہ پوری التحیات یعنی رسولہ تک پڑھ لی جائے، اسے قعدۂ اخیرہ کہتے ہیں اور یہ فرض ہے۔ البتہ تشہد کا پڑھنا فرض نہیں بلکہ واجب ہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول، ج۱، ص۷۰.)

سوال: کیا قعدۂ اخیرہ کو تمام ارکان کے آخر میں کرنا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! قعدۂ اخیرہ کو تمام ارکان کے آخر میں واقع ہونا چاہیے چنانچہ اگر کسی نماز کا سجدہ رہ گیا اور اس کو قعدۂ اخیرہ کے بعد یاد آیا تو اس سجدے کو ادا کرے اور قعدۂ اخیرہ کا اعادہ کرے اور سجدہ سہو بھی کرے اور اگر سجدے کے بعد قعدۂ اخیرہ کا اعادہ نہیں کرے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

سوال: کیا نماز کے تمام ارکان کو بیداری کی حالت میں ادا کرنا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! قیام، قراءت، رکوع، سجود میں اوّل سے آخر تک سوتا ہی رہا، تو بعد بیداری ان کا اعادہ فرض ہے، ورنہ نماز نہ ہوگی اور سجدۂ سہو بھی کرے، لوگ اس میں غافل ہیں خصوصاً تراویح میں، خصوصاً گرمیوں میں۔

("منية المصلي"، الفريضة السادسة و تحقيق التراويح، ص۲٦۷.)

ہاں نماز میں سونے سے نہ نماز ٹوٹے گی اور نہ وضو، بشرطیکہ بطریقِ مسنون سویا ہو۔

پوری رکعت سوتے میں پڑھ لی، تو نماز فاسد ہوگئی۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ج۲، ص۱۸۱.)

سوال: "و معرفة كيفية الصلاة" سے "حتى لا يتنفل بمعروض" تک کی عبارت سے کیا کہنا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ نماز کی کیفیت کو جاننا فرض ہے یعنی جو نمازیں فرض ہیں ان کو فرض جاننا اور نفل نمازوں کو نفل جاننا مثلاً صبح کی چار رکعتوں کے متعلق جاننا کہ اس میں دو رکعت سنت ہیں اور دو رکعت فرض ہیں یہ الگ الگ تفصیل نماز کے متعلق معلوم ہوں کیوں کہ اگر یہ تفصیل معلوم نہیں ہوگی تو ہو سکتا ہے کہ فرض میں نفل کی نیت کر لے اور فرض نماز نفل کی نیت سے صحیح نہیں ہوگی اور اگر یہ تفصیل معلوم نہ ہو تو کم از کم یہ اعتقاد رکھنا فرض ہے کہ ہر نماز کو فرض ہی جانے تواب کوئی فرض نفل کی نیت سے ادا کرنا لازم نہیں آئے گا، ہاں نفل کو

فرض کی نیت سے ادا کرنا لازم آئے گا لیکن اس میں کوئی حرج نہیں کہ فرض کی نیت سے نفل ادا ہو جاتا ہے مگر نفل کی نیت سے فرض ادا نہیں ہوتا ہے۔

سوال: "والارکان من المذکورات اربعة" سے "لدوام صحتھا" تک کی عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جو ۲۷ چیزیں بیان ہوئی ہیں ان میں سے ارکان صرف چار ہیں، اور بعض نے قعدۂ اخیرہ کو بھی ارکان میں شمار کیا ہے، اس طرح ارکان کی تعداد پانچ ہو جائے گی، ان کے علاوہ باقی تمام شرائط ہیں، کچھ شرطیں ایسی ہیں کہ ان کے بغیر نماز کو شروع کرنا ہی صحیح نہیں ہے اور وہ نماز سے باہر ہیں جیسے طہارت، ستر عورت، استقبال قبلہ وغیرہ، اور کچھ شرطیں ایسی ہیں کہ نماز کی صحت ان سے باقی رہے گی جیسے رکوع کا قراءت کے بعد ہونا، رکوع کا سجدہ سے پہلے ہونا، ارکان نماز کو بیداری میں ادا کرنا وغیرہ یہ ایسی چیزیں ہیں جو نماز کی صحت کو باقی رکھنے کے لئے شرط ہیں۔

ہماری کیا ذمہ داری ہے؟

ہم الحمدللہ عزوجل مسلمان ہیں لیکن جب ہم کسی مسلمان کو دیکھتے ہیں تو وہ کچھ نہ کچھ ذمہ داری پر فائز دکھائی دیتا ہے۔ بچہ ہو، جوان ہو، یا بوڑھا ہو، مرد ہو یا عورت ہو، شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ، ہر ایک کی کسی نہ کسی انداز اور پہلو سے کوئی نہ کوئی ذمہ داری ہے چاہے وہ اخلاقی اعتبار سے ہو، یا معاشرتی اعتبار سے ہو، یا تجارتی اعتبار سے ہو۔ پھر آگے بڑھیں تو دائرہ اور بڑھتا چلا جاتا ہے اور وہ یوں کہ وہ ذمہ داری کبھی خاندانی سطح پر ہوتی ہے، کبھی محلہ سطح پر، تو کبھی شہر سطح پر، اور کبھی صوبے سطح پر، اسی طرح آگے تک، مگر کیا کبھی ہم نے یہ سوچا ہے کہ یہ ساری ذمہ داریاں کس کے لئے دنیا کے لئے یا آخرت کے لئے؟

میں جائز اور ناجائز کی بات نہیں کر رہا آج صرف اس پر کلام کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ذمہ داریاں کس کے لئے؟ اگر جواب آخرت ہو تو مرحبا۔ اور اگر جواب دنیا ہو تو آخرت کی کیا ذمہ داری ہم نے پوری کی؟

پھر آگے بڑھیں تو کیا ان ذمہ داریوں میں سے کوئی ذمہ داری اللہ کے لئے بھی ہے؟ رسول کے لئے بھی ہے؟ اپنے دین اور قرآن کے لئے بھی ہے؟ اگر جواب نہ ہے تو بھائی ان کے لئے کب کریں گے؟

جس رب نے زندگی دی اس کے لئے کوئی ذمہ داری نہیں؟

جس رسول نے انسانیت سکھائی اس کے لئے کوئی ذمہ داری نہیں؟

جس دین نے ہماری ہر موڑ پر رہنمائی کی اس کے لئے کوئی ذمہ داری نہیں؟

جس قرآن نے زندگی کا نور دیا اس کے لئے کوئی ذمہ داری نہیں؟

آخر کب تک؟ کیا مرنے کے بعد ان کی ذمہ داریاں پوری کریں گے؟ نہیں جو کرنا ہے ابھی اور یہیں کرنا ہے کہ یہ دنیا دار العمل ہے مرنے کے بعد تو دار الجزا شروع ہو جائے گا۔

فَصْلٌ فِيْ مُتَعَلِّقَاتِ الشُّرُوْطِ وَفُرُوْعِهَا

یہ فصل شرائط نماز سے تعلق رکھنے والی چیزوں اور اس کی فروعات کے بیان میں ہے

طَهَارَةُ الْمَكَانِ

تَجُوْزُ الصَّلَاةُ عَلٰى لِبْدٍ وَجْهُهُ الْأَعْلٰى طَاهِرٌ وَالْأَسْفَلُ نَجِسٌ وَعَلٰى ثَوْبٍ طَاهِرٍ وَبِطَانَتُهُ نَجِسَةٌ إِذَا كَانَ غَيْرَ مُضَرَّبٍ وَعَلٰى طَرَفٍ طَاهِرٍ وَإِنْ تَحَرَّكَ الطَّرَفُ النَّجِسُ بِحَرَكَتِهٖ عَلَى الصَّحِيْحِ۔

ترجمہ: اور نماز جائز ہے ایسی اونی فرش پر جس کے اوپر کا حصہ پاک ہو نیچے کا حصہ ناپاک، اور ایسے کپڑے پر جو پاک ہو پر اس کا استر ناپاک ہو جب کہ وہ سلا ہوا نہ ہو اور پاک کنارے پر اگرچہ ناپاک کنارہ حرکت کرے نمازی کے حرکت کرنے سے صحیح قول کے مطابق۔

طَهَارَةُ الثَّوْبِ

وَلَوْ تَنَجَّسَ أَحَدُ طَرَفَيْ عِمَامَتِهٖ فَأَلْقَاهُ وَأَبْقَى الطَّاهِرَ عَلٰى رَأْسِهٖ وَلَمْ يَتَحَرَّكِ النَّجِسُ بِحَرَكَتِهٖ جَازَتْ صَلَاتُهٗ وَإِنْ تَحَرَّكَ لَا تَجُوْزُ وَفَاقِدُ مَا يُزِيْلُ بِهِ النَّجَاسَةَ يُصَلِّيْ مَعَهَا وَلَا إِعَادَةَ عَلَيْهِ۔

ترجمہ: اور اگر نمازی کے عمامہ کا ایک کنارہ ناپاک ہو گیا تو اس کو نیچے ڈال دیا اور پاک کنارے کو اپنے سر پر رکھا اور ناپاک کنارہ اس کے حرکت سے نہیں ہلتا تو اس کی نماز صحیح ہو گی اور اگر حرکت کرے تو صحیح نہیں ہو گی، اور ایسی چیز کا نہ پانے والا جس سے ناپاکی کو زائل کر سکے تو اس ناپاکی کے ساتھ نماز پڑھ لے اور اس پر (نماز کو) لوٹانا واجب نہیں ہے۔

سوال: لبد کسے کہتے ہیں اور اس کا ایک طرف پاک اور دوسرا طرف ناپاک ہو تو کیا اس پر نماز پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: لبد وہ کپڑا ہے جو اون کو جمع کر کے بناتے ہیں اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جو موٹی ہو جس کو بیچ میں سے چیر کر دو حصے کر سکتے ہوں مثلا موٹا فرش، موٹا پتھر، لکڑی کے تختے وغیرہ پس اگر یہ ایک رخ سے نجس ہو گئے ہوں تو لوٹ کر دوسرے رخ پر نماز پڑھ سکتے ہیں اور اگر دونوں رخ نجس ہو گئے ہوں تو پھر نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔

سوال: کپڑے کے ایک طرف نجاست لگی ہو تو کیا دوسری طرف الٹ کر اس کے اوپر نماز پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: کسی کپڑے میں نجاست لگی اور وہ نجاست اسی طرف رہ گئی دوسری جانب اس نے اثر نہیں کیا تو اس کو لوٹ کر دوسری طرف جدھر نجاست نہیں لگی ہے نماز نہیں پڑھ سکتے اگرچہ کتنا ہی موٹا ہو مگر جب کہ وہ نجاست موضع سجود سے الگ ہو۔

سوال: مذکورہ صورت میں اگر کپڑا دو تہہ والا ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: جو کپڑا دو تہہ کا ہو اگر اس کی ایک تہہ نجس ہو جائے تو اگر دونوں ملا کر سی لئے گئے ہوں تو دوسری تہہ پر نماز جائز نہیں ہے اور اگر سلے ہوئے نہ ہوں تو اس پاک تہہ پر نماز پڑھنا جائز ہے اور اسی صورت کو مصنف نے متن میں بیان کیا ہے۔

سوال: فرش چٹائی یا دری کا ایک کونہ ناپاک ہو تو کیا پاک کونے میں نماز پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: فرش، چٹائی یا دری جس کے ایک طرف نجاست تھی اور یہ فرش، چٹائی یا دری کے جس حصے پر نماز پڑھتا ہے وہ حصہ پاک ہے تو اس کی نماز صحیح ہو جائے گی خواہ ایک طرف کے ہلانے سے دوسری طرف ہلتا ہو یا نہ ہلتا ہو صحیح قول کے مطابق کیونکہ وہ ناپاک نہیں ہے۔

سوال: اگر عمامہ کا ناپاک سرا فرش پر ڈال دے اور باقی پاک حصہ سر پر باندھ لے تو کیا نماز ہو جائے گی؟

جواب: اگر عمامہ کا ناپاک سرا فرش پر ڈال دے اور باقی پاک حصہ کو سر پر باندھ لے تو اس کی نماز ہو جائے گی بشرطیکہ رکوع یا سجدے میں جاتے ہوئے ناپاک کنارہ نمازی کی حرکت سے حرکت نہ کرتا ہو اور اگر ناپاک کنارہ نمازی کی حرکت سے حرکت کرتا ہو تو نماز صحیح نہیں ہو گی کیونکہ اب وہ حکماً نجاست کو اٹھانے والا ہے۔

سوال: اگر کسی کے پاس ناپاک کپڑا کے سوا کوئی پاک کپڑا نہ ہو، اور نہ ہی پاک کرنے کا کوئی ذریعہ ہو تو وہ کیسے نماز پڑھے گا؟

جواب: اگر کسی شخص کے پاس ناپاک کپڑے کے علاوہ دوسرا کپڑا نہ ہو، اور ایسی چیز بھی موجود نہیں جس سے نجاست کو زائل کر سکے تو اسی ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز پڑھ لے پھر اگر اس کے بعد اس کو پاک کرنے والی چیز مل جائے تو اس پر نماز کا اعادہ کرنا بھی نہیں ہے۔

جبکہ بہار شریعت جلد ۱ ص ۴۸۵ میں ہے: اگر اس کے پاس کپڑا ایسا ہے کہ پورا نجس ہے، تو نماز میں اسے نہ پہنے اور اگر ایک چوتھائی پاک ہے، تو واجب ہے کہ اسے پہن کر پڑھے، برہنہ جائز نہیں، یہ سب اس وقت ہے کہ ایسی چیز نہیں کہ کپڑا پاک کر سکے یا اس کی نجاست قدر مانع سے کم کر سکے، ورنہ واجب ہو گا کہ پاک کرے یا تقلیل نجاست کرے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۰۷) اور اب یہی مفتی بہ قول ہے۔

سَتْرُ الْعَوْرَةِ

وَلَا عَلىٰ فَاقِدٍ مَا يَسْتُرُ عَوْرَتَهُ وَلَوْ حَرِيْراً أَوْ حَشِيْشًا أَوْ طِيْنًا فَإِنْ وَجَدَهُ وَلَوْ بِالْإِبَاحَةِ وَرُبْعُهُ طَاهِرٌ لَا تَصِحُّ صَلَاتُهُ عَارِيًا وَخُيِّرَ إِنْ طَهُرَ أَقَلُّ مِنْ رُبْعِهِ وَصَلَاتُهُ فِيْ ثَوْبٍ نَجِسِ الْكُلِّ أَحَبُّ مِنْ صَلَاتِهِ عُرْيَانًا وَلَوْ وَجَدَ مَا يَسْتُرُ بَعْضَ الْعَوْرَةِ وَجَبَ اِسْتِعْمَالُهُ وَيَسْتُرُ الْقُبُلَ وَالدُّبُرَ فَإِنْ لَمْ يَسْتُرْ إِلَّا أَحَدَهُمَا قِيْلَ يَسْتُرُ الدُّبُرَ وَقِيْلَ الْقُبُلَ۔

ترجمہ: اور (نماز کا اعادہ واجب) نہیں ہے کسی ایسی چیز کے نہ پانے والے پر جو اپنے ستر کو چھپا سکے اگرچہ ریشم یا گھاس یا مٹی ہی کیوں نہ ہو، پس اگر (ساتر) اس کو پالے اگرچہ اباحت کے طور پر ہو اور اس کا چوتھائی پاک ہو تو ننگے اس کی نماز صحیح نہیں ہوگی اور اختیار دیا گیا ہے اگر پاک ہو چوتھائی سے کم، اور اس کا پورے ناپاک کپڑے میں نماز پڑھنا پسندیدہ ہے ننگے نماز پڑھنے سے، اور اگر پائے ایسی چیز جو ستر کے بعض حصے کو چھپا لے تو اس کا استعمال واجب ہے اور قبل اور دبر کو چھپائے گا، پس اگر نہ چھپا سکے مگر ان دونوں میں سے ایک کو تو کہا گیا ہے کہ دبر کو چھپائے اور کہا گیا ہے کہ قبل کو چھپائے۔

صَلَاةُ الْعَارِيْ

وَنُدِبَ صَلَاةُ الْعَارِيْ جَالِسًا بِالْإِيْمَاءِ مَادًّا رِجْلَيْهِ نَحْوَ الْقِبْلَةِ فَإِنْ صَلّٰى قَائِمًا بِالْإِيْمَاءِ أَوْ بِالرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ صَحَّ

ترجمہ: اور ننگے کا بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھنا مستحب قرار دیا گیا ہے، اس حال میں کہ اپنے دونوں پاؤں قبلہ کی طرف پھیلائے ہوئے ہو پس اگر کھڑے ہو کر اشارے سے نماز پڑھی یا رکوع اور سجدے سے پڑھی تو بھی صحیح ہے۔

سوال: اگر کسی کے پاس ستر چھپانے کے لئے کوئی کپڑا نہ ہو تو کیا کرے؟ اور کیسے نماز پڑھے؟

جواب: اگر کسی مرد کے پاس ستر کے لئے جائز کپڑا نہ ہو یہاں تک کہ گھاس یا گیلی مٹی بھی نہ ملے اسی طرح ریشمی کپڑا (جو مردوں کے لئے حرام ہے) نہ ہو، تو ایسی حالت میں ننگے نماز پڑھے ہو جائے گی۔

جس نے ایسی مجبوری میں برہنہ نماز پڑھی، تو بعد نماز کپڑا ملنے پر اعادہ نہیں، نماز ہو گئی۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۱۰)

ہاں! اگر ستر کا کپڑا یا اس کے پاک کرنے کی چیز نہ ملنا، بندوں کی جانب سے ہو، تو نماز پڑھے، پھر اعادہ کرے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص۱۱۰)

اور ریشمی کپڑا ہے تو فرض ہے کہ اسی سے ستر کرے اور اسی میں نماز پڑھے، البتہ اور کپڑا ہوتے ہوئے، مرد کو ریشمی کپڑا پہننا حرام ہے، اور اس میں نماز مکروہ تحریمی۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في النظر إلی وجه الأمرد، ج۲، ص۱۰۳.)

اگر اس کے پاس کپڑا ایسا ہے کہ پورا نجس ہے، تو نماز میں اسے نہ پہنے اور اگر ایک چوتھائی پاک ہے، تو واجب ہے کہ اسے پہن کر پڑھے، برہنہ جائز نہیں، یہ سب اس وقت ہے کہ ایسی چیز نہیں کہ کپڑا پاک کر سکے یا اس کی نجاست قدر مانع سے کم کر سکے، ورنہ واجب ہو گا کہ پاک کرے یا تقلیل نجاست کرے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج۲، ص۱۰۷.)

سوال: اگر چوتھائی سے کم کپڑا ملا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر ایسا کپڑا ملا جو چوتھائی سے کم پاک ہے تو اس کو اختیار ہے کہ اسی کپڑے کو پہن کر پڑھے یا ننگے نماز پڑھے، لیکن افضل پہن کر ہے۔

سوال: اگر ناپاک کپڑوں کے سوا کوئی کپڑا نہ ہو تو کیسے نماز پڑھے؟

جواب: اگر کپڑا پورا ناپاک ہو یا چوتھائی سے کم پاک ہو تو اس کو ختیار ہے جیسے کی سوال نمبر ۹۹ کے جواب میں گزرا، لیکن افضل یہ ہے کہ اس ناپاک کپڑے کو پہن کر نماز ادا کرے کیونکہ ننگے ہو کر نماز پڑھنے کے مقابلہ میں نجس کپڑوں میں نماز پڑھنا افضل ہے۔ یہ مصنف کا مذہب ہے، جبکہ بہار شریعت میں مفتی بہ قول یہ ہے جو جلد ۱ ص ۴۸۵ میں بحوالہ الدر المختار ہے:

اگر اس کے پاس کپڑا ایسا ہے کہ پورا نجس ہے، تو نماز میں اسے نہ پہنے اور اگر ایک چوتھائی پاک ہے، تو واجب ہے کہ اسے پہن کر پڑھے، برہنہ جائز نہیں، یہ سب اس وقت ہے کہ ایسی چیز نہیں کہ کپڑا پاک کر سکے یا اس کی نجاست قدر مانع سے کم کر سکے، ورنہ واجب ہو گا کہ پاک کرے یا تقلیل نجاست کرے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج۲، ص۱۰۷.)

سوال: کپڑا ہے مگر اتنا تھوڑا کہ پورا ستر نہ ہو سکے گا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر پورے ستر کے لئے کپڑا نہیں اور اتنا ہے کہ بعض اعضاء کا ستر ہو جائے گا تو اس سے ستر واجب ہے اور اس کپڑے سے عورت غلیظہ یعنی قبل و دبر کو چھپائے اور اتنا ہو کہ ایک ہی کو چھپا سکتا ہے، تو ایک ہی کو چھپائے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج۲، ص۱۰۸.)

اب اس میں دو قول ہیں کہ کس کو چھپائے:

(۱) پہلا قول یہ ہے کہ: دبر کو چھپائے کہ اس کا کھلنا زیادہ فحش ہے کہ حالتِ رکوع و سجود میں ظاہر ہوتا ہے۔

(۲) دوسرا قول یہ ہے کہ: قبل کو چھپائے کہ اس سے قبلہ کا استقبال ہوتا ہے۔

اور دوسرا قول ذرا ضعیف سا معلوم ہوتا ہے کیونکہ قبل کو رانوں اور ہاتھوں سے بھی چھپایا جا سکتا ہے جبکہ دبر کو ان دونوں سے نہیں چھپایا جا سکتا ہے۔

سوال: نماز کے علاوہ ناپاک کپڑا پہننا کیسا ہے؟

جواب: غیر نماز میں نجس کپڑا پہنا تو حرج نہیں، اگرچہ پاک کپڑا موجود ہو اور جو دوسرا نہیں، تو اُسی کو پہننا واجب ہے۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، مطلب في النظر إلی وجه الأمرد، ج۲، ص۱۰۷، ۹۳.)

یہ اس وقت ہے کہ اس کی نجاست خشک ہو، چھوٹ کر بدن کو نہ لگے، ورنہ پاک کپڑا ہوتے ہوئے ایسا کپڑا پہننا مطلقاً منع ہے کہ بلاوجہ بدن ناپاک کرنا ہے۔

سوال: ننگا شخص کیسے نماز پڑھے گا؟

جواب: کسی کے پاس بالکل کپڑا نہیں، تو بیٹھ کر نماز پڑھے۔ دن ہو یا رات، گھر میں ہو یا میدان میں، خواہ ویسے بیٹھے جیسے نماز میں بیٹھتے ہیں، یعنی مرد مردوں کی طرح اور عورت عورتوں کی طرح یا پاؤں پھیلا کر اور عورت غلیظہ پر ہاتھ رکھ کر اور یہ بہتر ہے اور رکوع و سجود کی جگہ اشارہ کرے اور یہ اشارہ کرکے پڑھنا رکوع و سجود کے ساتھ پڑھنے سے اس کے لئے افضل ہے اور بیٹھ کر پڑھنا، کھڑے ہو کر پڑھنے سے افضل، خواہ قیام میں رکوع و سجود کے لئے اشارہ کرے یا رکوع و سجود کرے۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب في النظر إلی وجه الأمرد، ج۲، ص۱۰۵.)

چند شخص برہنہ ہیں، تو تنہا تنہا، دُور دُور، نمازیں پڑھیں اور اگر جماعت کی، تو امام بیچ میں کھڑا ہو۔

("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الثالث، في شروط الصلاۃ، الفصل الأول، ج۱، ص۵۹.)

اَلْعَوْرَةُ

وَعَوْرَةُ الرَّجُلِ مَا بَيْنَ السُّرَّةِ وَمُنْتَهَى الرُّكْبَةِ وَتَزِيْدُ عَلَيْهِ الْأَمَةُ الْبَطْنَ وَالظَّهْرَ وَجَمِيْعُ بَدَنِ الْحُرَّةِ عَوْرَةٌ إِلَّا وَجْهَهَا وَكَفَّيْهَا وَقَدَمَيْهَا۔

ترجمہ: اور مرد کا ستر عورت وہ ہے جو ناف اور گھٹنے کے آخری حصے کے درمیان ہے، اور باندی اس پر پیٹ اور پیٹھ کو زیادہ کرے اور آزاد عورت کا پورا بدن ستر عورت ہے مگر اس کا چہرہ اور اس کی دونوں ہتھیلی اور دونوں قدم۔

كَشْفُهَا

وَكَشْفُ رُبُعِ عُضْوٍ مِنْ أَعْضَاءِ الْعَوْرَةِ يَمْنَعُ صِحَّةَ الصَّلَاةِ وَلَوْ تَفَرَّقَ الْاِنْكِشَافُ عَلٰى أَعْضَاءٍ مِّنَ الْعَوْرَةِ وَكَانَ جُمْلَةُ مَا تَفَرَّقَ يَبْلُغُ رُبُعَ أَصْغَرِ الْأَعْضَاءِ الْمُنْكَشِفَةِ مَنَعَ وَإِلَّا فَلَا ۔

ترجمہ: اور ستر عورت کے اعضاء میں سے چوتھائی کا کھل جانا نماز کے صحیح ہونے کو روک دیتا ہے، اور اگر ستر عورت کے اعضاء پر انکشاف متفرق ہو گیا اور وہ تمام حصہ جو متفرق طور پر کھلا ہوا ہے کھلنے والے اعضاء میں سے سب سے چھوٹے عضو کے چوتھائی کو پہنچ جائے تو نماز منع ہو گی ورنہ تو نہیں۔

اِسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ

وَمَنْ عَجَزَ عَنْ اِسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ لِمَرَضٍ أَوْ عَجَزَ عَنِ النُّزُوْلِ عَنْ دَابَّتِهٖ أَوْ خَافَ عَدُوًّا فَقِبْلَتُهٗ جِهَةُ قُدْرَتِهٖ وَأَمْنِهٖ۔

ترجمہ: اور جو شخص قبلہ کی طرف رخ کرنے سے عاجز ہو کسی بیماری کی وجہ سے یا اپنی سواری سے اترنے سے عاجز ہو یا کسی دشمن کا خوف ہو تو اس کا قبلہ اس کی قدرت اور اس کے امن کی جہت ہے۔

سوال: مرد کا سترِ عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟

جواب: مرد کے لئے ناف کے نیچے سے گھٹنوں کے نیچے تک عورت ہے، یعنی اس کا چھپانا فرض ہے۔ ناف اس میں داخل نہیں اور گھٹنے داخل ہیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في ستر العورة، ج۲، ص۹۳.)

سوال: مرد کے سترِ عورت میں کتنے اعضاء ہوتے ہیں؟

جواب: مرد میں اعضائے عورت نو ہیں۔ آٹھ علامہ ابراہیم حلبی و علامہ شامی و علامہ طحطاوی وغیر ہم نے گنے۔ (۱) ذکر مع اپنے سب اجزا، حشفہ و قصبہ و قلفہ کے، (۲) انثیین یہ دونوں مل کر ایک عضو ہیں، ان میں فقط ایک کی چوتھائی کھلنا مفسد نماز نہیں، (۳) دبر یعنی پاخانہ کا مقام، (۴، ۵) ہر ایک سرین جدا عورت ہے، (۶، ۷) ہر ران جدا عورت ہے۔ گھٹنا بھی اس میں داخل ہے، الگ عضو نہیں، تو اگر پورا گھٹنا بلکہ دونوں کھل جائیں نماز ہو جائے گی کہ دونوں مل کر بھی ایک ران کی چوتھائی کو نہیں پہنچتے، (۸) ناف کے نیچے سے عضو تناسل کی جڑ تک اور اس کے سیدھ میں پشت اور دونوں کروٹوں کی جانب، سب مل کر ایک عورت ہے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة مطلب في النظر إلى وجه الأمرد، ج۲، ص۱۰۱.)

اعلیٰ حضرت مجدد مائۃ حاضرہ نے یہ تحقیق فرمائی کہ (۹) دبر و انثیین کے درمیان کی جگہ بھی، ایک مستقل عورت ہے۔

("الفتاوی الرضویة"، ج۶، ص۳۹.)

سوال: آزاد عورت کا سترِ عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟

جواب: آزاد عورتوں اور خنثیٰ مشکل (۳) کے لئے سارا بدن عورت ہے، سوا منہ کی ٹکلی اور ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں کے، سر کے لٹکتے ہوئے بال اور گردن اور کلائیاں بھی عورت ہیں، ان کا چھپانا بھی فرض ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة ج۲، ص۹۵.)

سوال: آزاد عورت کے سترِ عورت میں کتنے اعضا ہوتے ہیں؟

جواب: آزاد عورتوں کے لئے باستثناء پانچ عضو کے، جن کا بیان گزرا، سارا بدن عورت ہے اور وہ تیس اعضا پر مشتمل ہے کہ ان میں جس کی چوتھائی کھل جائے، نماز کا وہی حکم ہے، جو اوپر بیان ہوا۔ (۱) سر یعنی پیشانی کے اوپر سے شروع گردن تک اور ایک کان سے دوسرے کان تک، یعنی عادۃً جتنی جگہ پر بال جمتے ہیں۔ (۲) بال جو لٹکتے ہوں۔ (۳،۴) دونوں کان۔ (۵) گردن اس میں گلا بھی داخل ہے۔ (۶،۷) دونوں شانے۔ (۸،۹) دونوں بازو ان میں کہنیاں بھی داخل ہیں۔ (۱۰،۱۱) دونوں کلائیاں یعنی کہنی کے بعد سے گٹوں کے نیچے تک۔ (۱۲) سینہ یعنی گلے کے جوڑ سے دونوں پستان کی حد زیریں تک۔ (۱۳،۱۴) دونوں ہاتھوں کی پشت۔ (۱۵،۱۶) دونوں پستانیں، جب کہ اچھی طرح اٹھ چکی ہوں، اگر بالکل نہ اٹھی ہوں یا خفیف اُبھری ہوں کہ سینہ سے جدا عضو کی ہیأت نہ پیدا ہوئی ہو، تو سینہ کے تابع ہیں، جدا عضو نہیں اور پہلی صورت میں بھی، ان کے درمیان کی جگہ سینہ ہی میں داخل ہے، جدا عضو نہیں۔ (۱۷) پیٹ یعنی سینہ کی حد مذکور سے ناف کے کنارۂ زیریں تک، یعنی ناف کا بھی پیٹ میں شمار ہے۔ (۱۸) پیٹھ یعنی پیچھے کی جانب سینہ کے مقابل سے کمر تک۔ (۱۹) دونوں شانوں کے بیچ میں جو جگہ ہے، بغل کے نیچے سینہ کی حد زیریں تک، دونوں کروٹوں میں جو جگہ ہے، اس کا اگلا حصہ سینہ میں اور پچھلا شانوں یا پیٹھ میں شامل ہے اور اس کے بعد سے دونوں کروٹوں میں کمر تک جو جگہ ہے، اس کا اگلا حصہ پیٹ میں اور پچھلا پیٹھ میں داخل ہے۔ (۲۰،۲۱) دونوں سرین۔ (۲۲) فرج۔ (۲۳) دبر۔ (۲۴،۲۵) دونوں رانیں، گھٹنے بھی انھیں میں شامل ہیں۔ (۲۶) ناف کے نیچے پیڑو اور اس کے متصل جو جگہ ہے اور ان کے مقابل پشت کی جانب سب مل کر ایک عورت ہے۔ (۲۷،۲۸) دونوں پنڈلیاں ٹخنوں سمیت۔ (۲۹،۳۰) دونوں تلوے اور بعض علماء نے پشتِ دست اور تلوؤں کو عورت میں داخل نہیں کیا۔

("الفتاوی الرضویة"، ج۶، ص۳۹۔۴۰.)

سوال: باندی کا سترِ عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟

جواب: باندی کے لئے سارا پیٹ اور پیٹھ اور دونوں پہلو اور ناف سے گھٹنوں کے نیچے تک عورت ہے، خنثیٰ مشکل رقیق (غلام) ہو، تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ج۲، ص۹۴.)

سوال: جن اعضاء کا ستر فرض ہے اگر نماز کے دوران ان میں سے کوئی عضو کھل جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: جن اعضاء کا ستر فرض ہے، ان میں کوئی عضو چوتھائی سے کم کھل گیا، نماز ہو گئی اور اگر چوتھائی عضو کھل گیا اور فوراً چھپا لیا، جب بھی ہو گئی اور اگر بقدر ایک رکن یعنی تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے کھلا رہا یا بالقصد کھولا، اگرچہ فوراً چھپا لیا، نماز جاتی رہی۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاة، الباب الثالث في شروط الصلاة، الفصل الأول، ج۱ ص۵۸.)

یہ مسئلہ درمیانِ نماز کا ہے اور اگر نماز شروع کرتے وقت عضو کی چوتھائی کھلی ہے، یعنی اسی حالت پر اللہ اکبر کہہ لیا، تو نماز منعقد ہی نہ ہوئی۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في النظر إلی وجه الأمرد، ج۲، ص۱۰۰.)

سوال: اگر اعضائے ستر میں مختلف اعضاء کھلے ہیں مگر سب چوتھائی سے کم ہیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر چند اعضاء میں کچھ کچھ کھلا رہا کہ ہر ایک اس عضو کی چوتھائی سے کم ہے، مگر مجموعہ ان کا اُن کھلے ہوئے اعضاء میں جو سب سے چھوٹا ہے، اس کی چوتھائی کے برابر ہے، نماز نہ ہوئی، مثلاً عورت کے کان کانواں حصہ اور پنڈلی کانواں حصہ کھلا رہا تو مجموعہ دونوں کا کان کی چوتھائی کی قدر ضرور ہے، نماز جاتی رہی۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ مطلب في النظر إلی وجه الأمرد، ج۲، ص۱۰۲)

یعنی متفرق کھلے ہوئے اعضاء کو جمع کریں گے، اور اگر چوتھائی کے برابر نہ ہوں تو نماز ہو جائے گی۔

سوال: جو شخص استقبالِ قبلہ سے عاجز ہو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: جو شخص استقبال قبلہ سے عاجز ہو، مثلاً مریض ہے کہ اس میں اتنی قوت نہیں کہ ادھر رُخ بدلے اور وہاں کوئی ایسا نہیں جو متوجہ کردے یا اس کے پاس اپنا یا امانت کا مال ہے جس کے چوری ہو جانے کا صحیح اندیشہ ہو یا کشتی کے تختہ پر بہتا جارہا ہے اور صحیح اندیشہ ہے کہ استقبال کرے تو ڈوب جائے گا یا شریر جانور پر سوار ہے کہ اترنے نہیں دیتا یا اتر تو جائے گا مگر بے مددگار سوار نہ ہونے دے گا یا یہ بوڑھا ہے کہ پھر خود سوار نہ ہو سکے گا اور ایسا کوئی نہیں جو سوار کرادے، تو ان سب صورتوں میں جس رُخ نماز پڑھ سکے، پڑھ لے اور اعادہ بھی نہیں، ہاں سواری کے روکنے پر قادر ہو تو روک کر پڑھے اور ممکن ہو تو قبلہ کو منہ کرے، ورنہ جیسے بھی ہو سکے اور اگر روکنے میں قافلہ نگاہ سے مخفی ہو جائے گا تو سواری ٹھہرانا بھی ضروری نہیں، یوہیں روانی میں پڑھے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: کرامات الأولیاء ثابتة، ج۲، ص۱۴۲.)

وَمَنِ اشْتَبَهَتْ عَلَيْهِ الْقِبْلَةُ وَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ مُخْبِرٌ وَلَا مِحْرَابٌ تَحَرّٰى وَلَا إِعَادَةَ عَلَيْهِ لَوْ أَخْطَأَ وَإِنْ عَلِمَ بِخَطَئِهِ فِيْ صَلَاتِهِ اِسْتَدَارَ وَبَنٰى وَإِنْ شَرَعَ بِلَا تَحَرٍّ فَعَلِمَ بَعْدَ فَرَاغِهِ أَنَّهُ أَصَابَ صَحَّتْ وَإِنْ عَلِمَ بِإِصَابَتِهِ فِيْهَا فَسَدَتْ كَمَا لَوْ لَمْ يَعْلَمْ إِصَابَتَهُ أَصْلًا وَلَوْ تَحَرّٰى قَوْمٌ جِهَاتٍ وَجَهِلُوْا حَالَ إِمَامِهِمْ تُجْزِيْهِمْ۔

ترجمہ: جس شخص پر قبلہ مشتبہ ہو جائے اور اس کے پاس کوئی خبر دینے والا نہ ہو اور نہ محراب ہو تو وہ غور (تحری) کرے گا، اور اس پر اعادہ نہیں ہے اگر وہ غلطی کر جائے، اور اگر اپنی غلطی کو نماز میں جان لے تو گھوم جائے اور بناء کرلے اور اگر بغیر تحری کے نماز شروع کرلی پھر نماز سے فراغت کے بعد معلوم ہوا کہ اس نے ٹھیک کیا تو نماز صحیح ہو گی اور اگر اپنے ٹھیک ہونے کو نماز میں ہی جان لیا تو نماز فاسد ہو گئی جیسا کہ اگر وہ اپنے ٹھیک ہونے کو بلکل ہی نہ جانتا، اور اگر تحری کی کسی قوم نے مختلف جہتوں کی اور انہوں نے اپنے امام کی حالت کو نہیں جانا تو ان کے لئے کافی ہو گا۔

سوال: اگر کوئی شخص ایسی جگہ ہو جہاں اس کو کسی طرح بھی قبلہ کی شناخت نہ ہو تو کیا کرے؟

جواب: اگر کسی شخص کو کسی جگہ قبلہ کی شناخت نہ ہو، نہ کوئی ایسا مسلمان ہے جو بتادے، نہ وہاں مسجدیں محرابیں ہیں، نہ چاند، سورج، ستارے نکلے ہوں یا ہوں مگر اس کو اتنا علم نہیں کہ ان سے معلوم کرسکے، تو ایسے کے لئے حکم ہے کہ تحری کرے (سوچے جدھر قبلہ ہونا دل پر جمے ادھر ہی منہ کرے)، اس کے حق میں وہی قبلہ ہے۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلة، ج۲، ص۱۴۳.)

سوال: تحری کرکے نماز پڑھی بعد میں معلوم ہوا کہ قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھی تو کیا حکم ہے؟

جواب: تحری کرکے نماز پڑھی، بعد کو معلوم ہوا کہ قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھی، ہوگئی، اعادہ کی حاجت نہیں۔

("تنویر الأبصار"، کتاب الصلاۃ، ج۲، ص۱۴۳.)

سوال: تحری کرکے نماز پڑھ رہا تھا اور دورانِ نماز پتہ چلا کہ قبلہ دوسری طرف ہے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر تحری کرکے نماز پڑھ رہا تھا اور اثنائے نماز میں اگرچہ سجدۂ سہو میں رائے بدل گئی یا غلطی معلوم ہوئی تو فرض ہے کہ فوراً گھوم جائے اور پہلے جو پڑھ چکا ہے، اس میں خرابی نہ آئے گی۔ اسی طرح اگر چاروں رکعتیں چار جہات میں پڑھیں، جائز ہے، اور اگر فوراً نہ پھرا یہاں تک کہ ایک رکن یعنی تین بار سبحان اللہ کہنے کا وقفہ ہوا، نماز نہ ہوئی۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلة، ج۲، ص۱۴۳.)

سوال: ایسے شخص نے اگر بغیر تحری کئے نماز پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟

جواب: ایسا شخص اگر بے تحری کسی طرف منہ کرکے نماز پڑھے، نماز نہ ہوئی، اگرچہ واقع میں قبلہ ہی کی طرف منہ کیا ہو، ہاں اگر قبلہ کی طرف منہ ہونا، بعد نماز یقین کے ساتھ معلوم ہوا، ہوگئی اور اگر بعد نماز اس کا جہت قبلہ ہونا گمان ہو، یقین نہ ہو یا اثنائے نماز میں اسی کا قبلہ ہونا معلوم ہوا، اگرچہ یقین کے ساتھ تو نماز نہ ہوئی۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، مطلب: مسائل التحری في القبلة، ج۲، ص۱۴۷.)

سوال: وہ قوم جو اپنے امام کی حالت کو نہ جانتی ہو تو ان کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: اندھیری رات ہے، چند شخصوں نے جماعت سے تحری کرکے مختلف جہتوں میں نماز پڑھی، مگر اثنائے نماز میں یہ معلوم نہ ہوا کہ اس کی جہت امام کی جہت کے خلاف ہے، نہ مقتدی امام سے آگے ہے، نماز ہوگئی اور اگر بعد نماز معلوم ہوا کہ امام کے خلاف اس کی جہت تھی، کچھ حرج نہیں اور اگر امام کے آگے ہونا معلوم ہوا نماز میں یا بعد کو، تو نماز نہ ہوئی۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، مطلب: اذا ذکر في مسألة ثلاثة اقوال... إلخ، ج۲، ص۱۴۷)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْبِ
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِيۡ بَيَانِ وَاجِبَاتِ الصَّلَاةِ

یہ فصل نماز کے واجبات کے بیان میں ہے

وَهُوَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَيْئًا قِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ وَضَمُّ سُوْرَةٍ أَوْ ثَلَاثِ آيَاتٍ فِيْ رَكْعَتَيْنِ غَيْرِ مُتَعَيَّنَتَيْنِ مِنَ الْفَرْضِ وَفِيْ جَمِيْعِ رَكَعَاتِ الْوِتْرِ وَالنَّفْلِ وتَعْيِيْنُ الْقِرَاءَةِ فِي الْأُوْلَيَيْنِ وَتَقْدِيْمُ الْفَاتِحَةِ عَلَى سُوْرَةٍ وَضَمُّ الْأَنْفِ لِلْجَبْهَةِ فِي السُّجُوْدِ وَالْإِتْيَانُ بِالسَّجْدَةِ الثَّانِيَةِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ قَبْلَ الْاِنْتِقَالِ لِغَيْرِهَا وَالْاِطْمِئْنَانُ فِي الْأَرْكَانِ وَالْقُعُوْدُ الْأَوَّلُ وَقِرَاءَةُ التَّشَهُّدِ فِيْهِ فِي الصَّحِيْحِ وَقِرَاءَتُهٗ فِي الْجُلُوْسِ الْأَخِيْرِ۔

ترجمہ: اور وہ اٹھارہ چیزیں ہیں (۱) سورہ فاتحہ کا پڑھنا۔ (۲) اور کسی سورت کا یا تین آیت کا ملانا فرض کی دو غیر معین رکعتوں میں، اور وتر و نفل کی تمام رکعتوں میں۔ (۳) اور پہلی دو رکعتوں میں قراءت کو متعین کرنا۔ (۴) اور فاتحہ کو سورت پر مقدم کرنا۔ (۵) اور سجدے میں پیشانی کے ساتھ ناک کو ملانا۔ (۶) اور ہر رکعت میں دوسرے سجدے کو ادا کرنا سجدے کے علاوہ کی طرف منتقل ہونے سے پہلے۔ (۷) اور ارکان میں اطمنان کرنا۔ (۸) اور پہلا قاعدہ کرنا۔ (۹) اور پہلے قعدے میں تشہد کو پڑھنا صحیح قول کے مطابق۔ (۱۰) اور تشہد کو آخری قعدے میں پڑھنا۔

سوال: واجب سے کیا مراد ہے؟

جواب: واجب کا لغوی معنی لزوم کے ہیں اور یہاں واجب سے مراد وہ چیزیں ہے جس کو عمداً ترک کرنے سے گناہ اور دوبارہ پڑھنا لازم، جبکہ سہواً ترک کرنے سے سجدۂ سہو لازم آتا ہے اور نماز فاسد نہیں ہوتی ہے۔

سوال: نماز میں کتنے واجبات ہیں؟

جواب: مصنف نے نماز کے ۱۸ واجبات بیان کئے ہیں لیکن یہ صرف ۱۸ میں ہی منحصر نہیں ہیں بلکہ اس سے زائد بھی ہو سکتے ہیں جیسے کہ امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ نے نماز کے احکام میں تقریباً ۳۰ واجبات درج فرمائے ہیں۔

سوال: نماز کے واجبات بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: (۱) سورۂ فاتحہ کا پڑھنا فرض: سورۂ فاتحہ کا پڑھنا فرض کی پہلی دو رکعتوں میں اور نفل و وتر کی ہر رکعت میں واجب ہے۔ الحمد پڑھنا یعنی اس کی ساتوں آیتیں کہ ہر ایک آیت مستقل واجب ہے، ان میں ایک آیت بلکہ ایک لفظ کا ترک بھی ترک واجب ہے۔

(۲) سورت ملانا: فرض نمازوں کی کوئی سی دو رکعتوں میں اور وتر و سنت و نفل کی تمام رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد کوئی چھوٹی سورت یا اس کے قائم مقام تین چھوٹی آیتیں یا ایک بڑی آیت جو چھوٹی تین آیتوں کے برابر ہو، پڑھنا واجب ہے۔

سوال: "ورکعتیں متعینتین" سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس عبارت سے یہ مراد ہے کہ فرض کی صرف دو رکعتوں میں سورت ملانا واجب ہے دو سے زیادہ رکعتوں میں واجب نہیں غیر متعینہ طور پر چاہے پہلی اور دوسری میں ملائے یا آخری دو رکعت میں یا پہلی اور تیسری میں یا دوسری اور چوتھی میں۔

(۳) تین یا چار رکعت والی فرض نماز میں فرض قراءت کو ادا کرنے کے لئے پہلی دو رکعتوں کو متعین کرنا واجب ہے خلاصہ یہ ہے کہ فرض کی پہلی دو رکعتوں میں قراءت کرنا واجب ہے اگر دوسری اور تیسری یا تیسری اور چوتھی میں قراءت کی جائے اور پہلی دو رکعتوں میں نہ کی جائے تو واجب ادا نہ ہو گا یہ ۳ نمبر والا واجب ۲ نمبر والے واجب سے جدا ہے کہ وہاں کسی دو میں قراءت واجب تھی اور یہاں پہلی دو رکعتوں میں واجب ہے۔

(۴) الحمد کا سورت سے پہلے ہونا۔ یہ ترتیب واجب ہے۔

(۵) سجدے میں پیشانی کا لگانا فرض ہے اور ناک کا جو حصہ سخت ہے اس کو زمین سے لگانا واجب ہے۔

(۶) ایک سجدہ کے بعد دوسرا سجدہ ہونا کہ دونوں کے درمیان کوئی رکن فاصل نہ ہو واجب ہے۔

(۷) رکوع اور سجدہ کو اس طرح اطمنان سے ادا کرنا کہ ایک بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار اعضاء میں سکون ہو جائے، اور بدن کا ہر جوڑ ایک فعل سے دوسرے فعل کی طرف منتقل ہونے کے بعد اپنی جگہ ٹھہر جائے یہ بھی واجب ہے نیز قومہ جلسہ میں بھی اطمنان واجب ہے اور اس کو تعدیل ارکان کہتے ہیں۔

(۸) تین یا چار رکعت والی نماز میں دو رکعت کے بعد قعدہ کرنا یعنی بیٹھنا واجب ہے اور اس کو قعدۂ اولی کہتے ہیں اگرچہ نفل نماز ہو۔

(۹)۔(۱۰) دونوں قعدوں (قعدۂ اولی اور اخیرہ) میں تشہد مکمل پڑھنا، اگر ایک لفظ بھی چھوٹا تو واجب ترک ہو جائے گا اور سجدہ سہو واجب ہو گا۔

سوال: قعدۂ اولی میں تشہد پڑھنے میں فی الصحیح کی قید کیوں لگائی گئی ہے؟

جواب: قعدۂ اولی میں فی الصحیح کی قید اس لئے لگائی گئی ہے کہ غیر صحیح قول کے مطابق قعدۂ اولی میں تشہد پڑھنا سنت ہے البتہ قعدۂ اخیرہ کے تشہد پڑھنے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، سب کے نزدیک واجب ہے بر خلاف قعدۂ اولی کے کہ اس میں اختلاف ہے۔

وَالْقِيَامُ إِلَى الثَّالِثَةِ مِنْ غَيْرِ تَرَاخٍ بَعْدَ التَّشَهُّدِ وَلَفْظُ السَّلَامِ دُوْنَ عَلَيْكُمْ وَقُنُوْتُ الْوِتْرِ وَتَكْبِيْرَاتُ الْعِيْدَيْنِ وَتَعْيِيْنُ التَّكْبِيْرِ لِافْتِتَاحِ كُلِّ صَلَاةٍ لَا الْعِيْدَيْنِ خَاصَّةً وَتَكْبِيْرَةُ الرُّكُوْعِ فِيْ ثَانِيَةِ الْعِيْدَيْنِ وَجَهْرُ الْإِمَامِ بِقِرَاءَةِ الْفَجْرِ وَأُوْلَيَيِ الْعِشَائَيْنِ وَلَوْ قَضَاءً وَالْجُمُعَةِ وَالْعِيْدَيْنِ وَالتَّرَاوِيْحِ وَالْوِتْرِ فِيْ رَمَضَانَ۔

ترجمہ: (۱۱) تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہونا بغیر کسی تاخیر کے تشہد کے بعد۔ (۱۲) اور لفظ السلام نہ کہ علیکم۔ (۱۳) اور وتر کی قنوت۔ (۱۴) اور دونوں عیدوں کی تکبیریں۔ (۱۵) اور ہر نماز کو شروع کرنے کے لئے تکبیر کو متعین کرنا نہ کے عیدین کے لئے خاص طور سے۔ (۱۶) اور عیدین کی دوسری رکعت میں رکوع کی تکبیر۔ (۱۷) اور امام کا جہر کرنا فجر کی قراءت میں اور مغرب کی اور عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں اگرچہ وہ قضا ہی ہوں اور جمعہ عیدین، تراویح اور رمضان کے وتر میں۔

وَالْإِسْرَارُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَفِيْمَا بَعْدَ أُوْلَيَيِ الْعِشَائَيْنِ وَنَفْلِ النَّهَارِ وَالْمُنْفَرِدُ مُخَيَّرٌ فِيْمَا يَجْهَرُ كَمُتَنَفِّلٍ بِاللَّيْلِ وَلَوْ تَرَكَ السُّوْرَةَ فِيْ أُوْلَيَيِ الْعِشَاءِ قَرَأَهَا فِي الْأُخْرَيَيْنِ مَعَ الْفَاتِحَةِ جَهْرًا وَلَوْ تَرَكَ الْفَاتِحَةَ لَا يُكَرِّرُهَا فِي الْأُخْرَيَيْنِ۔

ترجمہ: (۱۸) اور آہستہ پڑھنا ظہر اور عصر میں اور مغرب و عشاء کی پہلی دو رکعتوں کے بعد والی رکعتوں میں اور دن کی نفل میں، اور منفرد کو اختیار دیا گیا ہے ان نمازوں میں جن میں جہر کیا جاتا ہے رات میں نفل پڑھنے والے کی طرح، اور اگر عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں سورت چھوڑ دی تو آخری دو میں فاتحہ کے ساتھ جہر سے پڑھ لے اور اگر فاتحہ چھوڑ دی تو آخری دو میں مکرر نہ کرے۔

سوال: بقیہ واجبات بیان کر دیں۔

جواب: (۱۱) قعدۂ اولی میں تشہد پڑھنے کے فوراً بعد تیسری رکعت کے لئے کھڑے ہو جانا واجب ہے۔

(۱۲) السلام کے لفظ کے ساتھ نماز سے نکلنا واجب ہے اور لفظ علیکم واجب نہیں ہے۔

سوال: لفظ السلام ایک بار واجب ہے یا دو بار؟

جواب: اس بارے میں اختلاف ہے بعض کا قول ہے کہ دو بار واجب ہے اور یہی صحیح ہے جبکہ دوسرا قول یہ ہے کہ پہلی بار واجب اور دوسری بار سنت ہے۔

(۱۳) نماز وتر کی تیسری رکعت میں قراءت کے بعد دعائے قنوت پڑھنا واجب ہے، قنوت مطلق دعا کو کہتے ہیں نہ کہ مخصوص دعا، اسی لئے اگر مشہور دعائے قنوت کی جگہ کوئی اور دعا پڑھے تو نماز ہو جاتی ہے البتہ سنت کے خلاف ہو گی کہ مخصوص دعائے قنوت کا پڑھنا سنت ہے، اسی طرح قنوت کے لئے تکبیر کہنا بھی واجب ہے جس کو مصنف نے ذکر نہیں کیا ہے۔

(۱۴) عیدین کی نماز میں چھ زائد تکبیریں کہنا واجب ہے جو کہ ہر رکعت میں تین تین بار کہی جاتی ہے۔

(۱۵) ہر نماز کو شروع کرنے کے لئے جو تکبیر تحریمہ کہی جاتی ہے اس تکبیر تحریمہ میں لفظ اللہ اکبر کو متعین کرنا یعنی اسی سے نماز کو شروع کرنا واجب ہے۔

سوال: مصنف نے "لا العیدین خاصة" والی عبارت کو کس لئے بیان کیا ہے؟

جواب: بعض لوگوں کا قول ہے کہ عیدین میں اللہ اکبر کے لفظ سے نماز شروع کرنا واجب ہے اور عیدین کے علاوہ دوسری نمازوں میں اللہ اکبر سے شروع کرنا سنت ہے پس انہوں نے اللہ اکبر کو عیدین کے ساتھ خاص کیا ہے لہٰذا مصنف فرماتے ہیں کہ اللہ اکبر سے نماز کو شروع کرنا صرف عیدین کے ساتھ خاص نہیں بلکہ ہر نماز کے لئے ہے۔

(۱۶) نماز عیدین کے دوسری رکعت کے رکوع کی تکبیر واجب ہے۔

(۱۷) امام کو جہری نمازوں میں جہر یعنی بلند آواز سے قراءت کرنا واجب ہے۔

سوال: جہری نماز کون سی ہیں؟ اور جہر کے کیا معنی ہیں؟

جواب: فجر و مغرب و عشا کی پہلی دو میں اور جمعہ و عیدین و تراویح اور وتر رمضان کی سب میں امام پر جہر واجب ہے اور مغرب کی تیسری اور عشا کی تیسری چوتھی یا ظہر و عصر کی تمام رکعتوں میں آہستہ پڑھنا واجب ہے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، فصل في القراءة، ج۲، ص۳۰۵،)

جہر کے یہ معنٰی ہیں کہ دوسرے لوگ یعنی وہ جو صفِ اوّل میں ہیں سُن سکیں، یہ ادنٰی درجہ ہے اور اعلی کے لئے کوئی حد مقرر نہیں اور آہستہ یہ کہ خود سُن سکے۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، مطلب في الكلام على الجهر و المخافتة، ج۲، ص۳۰۸.)

سوال: اگر جہری نماز قضا ہو جائے تو قضا کرنے کے وقت جہر کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: اگر جہری نماز قضا ہو جائے اور جہری کی قضا جماعت سے کریں اگرچہ دن میں ہو تو امام پر جہر واجب ہے اور سرّی کی قضا میں آہستہ پڑھنا واجب ہے، اگرچہ رات میں ادا کرے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الثاني، ج۱، ص۷۲.) اور اگر تنہا پڑھے تو آہستہ پڑھنا واجب ہے۔

(۱۸) ظہر و عصر کی سب رکعتوں میں اور مغرب کی تیسری عشاء کی تیسری اور چوتھی اور دن کی نفلوں میں آہستہ قراءت کرنا واجب ہے اور آہستہ کی حد یہ ہے کہ خود سن سکے۔

سوال: جہری نمازوں میں منفرد جہر کرے یا سر؟

جواب: جہری نمازوں میں منفرد کو اختیار ہے اور افضل جہر ہے جب کہ ادا پڑھے اور جب قضا ہے تو آہستہ پڑھنا واجب ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، فصل في القراءۃ، ج۲، ص۳۰۶.)

سوال: رات اور دن کے نوافل میں جہری قراءت کریں گے یا سری؟

جواب: دن کے نوافل میں آہستہ پڑھنا واجب ہے خواہ جماعت سے پڑھے یا تنہا، اور رات کے نوافل اگر تنہا پڑھے تو اختیار ہے چاہے جہر کرے یا سر، اور اگر جماعت سے رات کے نفل پڑھے، تو جہر واجب ہے۔("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، فصل في القراءۃ، ج۲، ص۳۰۶.)

سوال: اگر کسی شخص نے فرض کی پہلی دو رکعتوں میں سورت ملانا بھول جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: چار رکعتی فرض کی پہلی دونوں رکعتوں میں سورت بھول گیا تو پچھلی رکعتوں میں پڑھنا واجب ہے اور ایک میں بھول گیا ہے، تو تیسری یا چوتھی میں پڑھے اور مغرب کی پہلی دونوں میں بھول گیا تو تیسری میں پڑھے اور ایک رکعت کی قراءتِ سورت جاتی رہی اور ان سب صورتوں میں فاتحہ کے ساتھ پڑھے، جہری نماز ہو تو فاتحہ و سورت جہراً پڑھے، ورنہ آہستہ اور سب صورتوں میں سجدۂ سہو کرے اور قصداً چھوڑی تو اعادہ کرے۔("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، فصل في القراءۃ، و مطلب في الكلام على الجهر و المخافتة، ج۲، ص۳۱۰.)

سوال: اگر کسی شخص نے فرض کی پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ ملانا بھول جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: فرض کی پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ بھول گیا تو پچھلی رکعتوں میں اس کی قضا نہیں یعنی آخری دو رکعتوں میں دو مرتبہ نہ پڑھے بلکہ ایک ہی بار پڑھے اور ترکِ واجب کی وجہ سے سجدۂ سہو کرے۔

اور رکوع سے پیشتر یاد آیا تو فاتحہ پڑھ کر پھر سورت پڑھے، یوہیں اگر رکوع میں یاد آیا تو قیام کی طرف عود کرے اور فاتحہ و سورت پڑھے پھر رکوع کرے، اگر دوبارہ رکوع نہ کرے گا، نماز نہ ہوگی۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، فصل في القراءۃ، مطلب: تحقيق مهم فيما لو تذكر... إلخ، ج۲، ص۳۱۱.)

زندگی کی تین قسمیں ہیں

زندگی کی تین قسمیں ہیں: (۱) دنیا میں زندگی۔ (۲) دنیوی زندگی۔ (۳) دنیا کی زندگی۔ دنیا میں زندگی ہر مؤمن کو حاصل ہے کہ یہ دنیا میں رہتا ہے دنیا اس میں نہیں رہتی۔ اور دنیا کی زندگی غافل کی ہے کہ دنیا اس کے دل میں اتر جائے۔ اور دنیوی زندگی کفار کی ہے کہ دنیا اس کی زندگی بن جاتی ہے۔ جیسے سمندر میں موتی بھی ہے مچھلی بھی اور پانی کی موج و بلبلے بھی، مگر موتی سمندر میں عارضی طور پر ہے پھر وہاں سے نکل کر شاہی تاج میں پہنچتا ہے۔

مچھلی میں پانی سرایت کر گیا کہ پانی سے نکلتے ہی مر جاتی ہے۔ بلبلے کی زندگی عین پانی ہے۔ پس مؤمن دنیا میں موتی کی طرح رہتا ہے۔ غافل مچھلی کی طرح رہتا ہے۔ اور کافر بلبلے کی طرح رہتا ہے۔(تفسیر نعیمی ج۲ ص۳۱۸۔۳۱۹)

فَصْلٌ فِيْ سُنَنِهَا

یہ فصل نماز کی سنتوں کے بیان میں ہے

وَهِيَ اِحْدٰى وَخَمْسُوْنَ رَفْعُ الْيَدَيْنِ لِلتَّحْرِيْمَةِ حِذَاءَ الْأُذُنَيْنِ لِلرَّجِلِ وَالْأَمَةِ وَحِذَاءَ الْمَنْكِبَيْنِ لِلْحُرَّةِ وَنَشْرُ الْأَصَابِعِ وَمُقَارَنَتُهُ إِحْرَامِ الْمُقْتَدِيْ لِإِحْرَامِ إِمَامِهٖ وَوَضْعُ الرَّجُلِ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى تَحْتَ سُرَّتِهٖ۔

ترجمہ: اور وہ ۵۱ ہیں: (۱) دونوں ہاتھوں کو اٹھانا تحریمہ کے لئے دونوں کانوں کے مقابل مرد اور باندی کے لئے، اور دونوں کندھوں کے مقابل آزاد عورت کے لئے۔ (۲) اور انگلیوں کو کھلا رکھنا۔ (۳) مقتدی کی تکبیرِ تحریمہ کا امام کی تکبیر تحریمہ کے ساتھ ملا ہوا ہونا۔ (۴) اور مرد کا اپنا داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھنا۔

وَصِفَةُ الْوَضْعِ أَنْ يَجْعَلَ بَاطِنَ كَفِّ الْيُمْنٰى عَلٰى ظَاهِرِ كَفِّ الْيُسْرٰى مُحَلِّقًا بِالْخِنْصَرِ وَالْإِبْهَامِ عَلَى الرُّسْغِ وَوَضْعُ الْمَرْأَةِ يَدَيْهَا عَلٰى صَدْرِهَا مِنْ غَيْرِ تَحْلِيْقٍ وَالثَّنَاءُ وَالتَّعَوُّذُ لِلْقِرَاءَةِ وَالتَّسْمِيَةُ أَوَّلَ كُلِّ رَكْعَةٍ وَالتَّأْمِيْنُ وَالتَّحْمِيْدُ وَالْإِسْرَارُ بِهَا۔

ترجمہ: اور رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ داہنی ہتھیلی کو بائیں ہتھیلی کی پشت پر رکھنا اس طرح کہ چھنگلی اور انگوٹھے سے گٹے پر حلقہ بنانے والا ہو۔ (۵) اور عورت کا اپنے ہاتھ کو اپنے سینہ پر بغیر حلقہ بنائے ہوئے رکھنا۔ (۶) اور ثناء پڑھنا۔ (۷) اور قراءت کے لئے تعوذ پڑھنا۔ (۸) اور ہر رکعت کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا۔ (۹) اور آمین کہنا۔ (۱۰) اور ربنا ولک الحمد کہنا۔ (۱۱) اور ان کو (ثناء، تعوذ، تسمیہ، آمین، و تحمید) آہستہ کہنا۔

سوال: سنت سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: سنت سے مراد یہ ہے کہ جس کو حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ہمیشگی کے ساتھ کیا ہو اور بغیر عذر کے کبھی نہ چھوڑا ہو۔ نماز میں اگر کوئی سنت بھولے سے چھوڑ دے تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہوتا اور نہ ہی نماز میں فساد واقع ہوتا ہے، البتہ اگر جان بوجھ کر ترک کیا تو برا کیا اور وہ ملامت کا مستحق ہے۔

سوال: نماز کی کتنی سنتیں ہیں؟

جواب: مصنف نے نماز کی ۵۱ سنتیں ذکر فرمائی ہیں مگر یہ عدد حصر کے لئے نہیں ہے بلکہ اس سے زیادہ بھی ہیں جیسے کہ امیر اہل سنت نے نماز کے احکام میں ۹۲ سنتیں بیان فرمائی ہیں۔

سوال: نماز کی سنتیں بالتفصیل بیان کردیں۔

جواب: (۱) تکبیر تحریمہ کے لئے مرد اور باندی کا دونوں ہاتھوں کو اس طرح اٹھانا کہ دونوں انگوٹھے دونوں کانوں کی لو کے مقابل ہوجائیں اور انگلیوں کے سرے کانوں کے مقابل ہوجائیں اور آزاد عورت اس طرح ہاتھ اٹھائے گی کہ اس کے دونوں ہاتھ دونوں کندھوں کے مقابل ہوجائیں یہ سنت ہے۔

(۲) ہاتھ اٹھاتے وقت دونوں ہاتھوں کی انگلیاں اپنے حال پر رکھنا کہ نہ بہت ملی ہوئی ہوں اور نہ بہت کھلی ہوئی ہوں۔

(۳) مقتدی کی تکبیر تحریمہ کا امام کے ساتھ ہونا یعنی امام کے ساتھ اللہ کہنا شروع کرے اور امام کے اکبر کہنے کے بعد مقتدی اپنا اکبر ختم کرے اگر مقتدی نے امام سے پہلے اکبر ختم کردیا تو نماز شروع ہی نہیں ہوگی۔

(۴) مرد دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھے اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلی سے حلقہ بناکر بائیں ہاتھ کا گٹا پکڑے۔

(۵) اور عورت اپنے سینے پر ہاتھ باندھے اس طرح کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھے اور مرد کی طرح حلقہ نہ بنائے۔

(۶) ثنا پڑھنا، خواں تنہا پڑھتا ہو یا امام کے پیچھے، اور امام کی قراءت شروع ہونے کی بعد مقتدی نہ پڑھے۔

(۷) پہلی رکعت میں قراءت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھنا سنت ہے اور یہ اس کے لئے ہے جو قراءت کرے، پس مقتدی نہ پڑھے کہ اس پر قراءت نہیں۔

(۸) ہر رکعت کے شروع میں فاتحہ سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا سنت ہے۔

(۹) جب امام فاتحہ کے ختم پر ولا الضالین کہے تو امام و مقتدی کو آمین کہنا سنت ہے اور اسی طرح منفرد کو۔

(۱۰) مقتدی اور منفرد کو بالاتفاق ربنا ولك الحمد کہنا سنت ہے، اور عند الامام الاعظم امام نہ کہے اور عند الصاحبین امام کو بھی تحمید کہنا سنت ہے۔

(۱۱) ثنا، تعوذ، تسمیہ، آمین اور تحمید کو امام و منفرد سب کے لئے آہستہ کہنا سنت ہے۔ لہذا بلند آواز سے نہ کہے کہ خلاف سنت ہے۔ خصوصاً آمین۔

وَالِاعْتِدَالُ عِنْدَ التَّحْرِيْمَةِ مِنْ غَيْرِ طَأْطَأَةِ الرَّأْسِ وَجَهْرُ الْإِمَامِ بِالتَّكْبِيْرِ وَالتَّسْمِيْعِ وَتَفْرِيْجُ الْقَدَمَيْنِ فِي الْقِيَامِ قَدْرَ أَرْبَعِ أَصَابِعَ وَأَنْ تَكُوْنَ السُّوْرَةُ الْمَضْمُوْمَةُ لِلْفَاتِحَةِ مِنْ طِوَالِ الْمُفَصَّلِ فِي الْفَجْرِ وَالظُّهَرِ

وَمِنْ أَوْسَاطِهٖ فِي الْعَصْرِ وَالْعِشَاءِ وَمِنْ قِصَارِهٖ فِي الْمَغْرِبِ لَوْ كَانَ مُقِيْمًا وَيَقْرَأُ أَيَّ سُوْرَةٍ شَاءَ لَوْ كَانَ مُسَافِراً۔

ترجمہ: (۱۲) اور تحریمہ کے وقت سیدھا کھڑا رہنا سر جھکائے بغیر۔ (۱۳) اور امام کا تکبیر و تسمیع زور سے کہنا۔ (۱۴) اور قیام میں دونوں پاؤں کو کشادہ رکھنا چار انگل کے بقدر۔ (۱۵) اور فاتحہ کے ساتھ ملائی ہوئی سورت کا طوال مفصل میں سے ہونا فجر اور ظہر میں اور عصر و عشاء میں اوساط مفصل میں سے، اور مغرب میں قصار مفصل میں سے، اگر وہ مقیم ہو، اور اگر مسافر ہو تو جو سورت چاہے پڑھے۔

وَإِطَالَةُ الْأُوْلٰى فِي الْفَجْرِ فَقَطْ وَتَكْبِيْرَةُ الرُّكُوْعِ وَتَسْبِيْحُهٗ ثَلَاثًا وَأَخْذُ رُكْبَتَيْهِ بِيَدَيْهِ وَتَفْرِيْجُ أَصَابِعِهٖ وَالْمَرْأَةُ لَا تُفَرِّجُهَا وَنَصْبُ سَاقَيْهِ وَبَسْطُ ظَهْرِهٖ وَتَسْوِيَةُ رَأْسِهٖ بِعَجُزِهٖ وَالرَّفْعُ مِنَ الرُّكُوْعِ وَالْقِيَامُ بَعْدَهٗ مُطْمَئِنًّا۔

ترجمہ: (۱۶) اور صرف فجر میں پہلی رکعت کو لمبا کرنا۔ (۱۷) اور رکوع کی تکبیر کہنا۔ (۱۸) اور رکوع کی تسبیح تین بار کہنا۔ (۱۹) اور دونوں گھٹنوں کو دونوں ہاتھوں سے پکڑنا اور انگلیوں کو کھلا رکھنا اور عورت انگلیوں کو کھلا نہ رکھے۔ (۲۰) اور اپنی دونوں پنڈلیوں کو کھڑا رکھنا۔ (۲۱) اور اپنی پیٹھ کو پھیلانا (بچھانا)۔ (۲۲) اور اپنے سر کو اپنے سرین کے برابر رکھنا۔ (۲۳) اور رکوع سے اٹھنا۔ (۲۴) اور رکوع کے بعد اطمینان سے کھڑا ہونا۔

سوال: **بقیہ سنتیں بیان کریں۔**

جواب: (۱۲) تکبیر تحریمہ کہتے وقت سر کو جھکائے بغیر اعتدال کے ساتھ کھڑا رہنا سنت ہے۔

(۱۳) امام کا تکبیر تحریمہ اور دیگر تکبیرات انتقالات اور اسی طرح رکوع سے اٹھتے وقت سمع اللہ لمن حمدہ زور سے کہنا سنت ہے تاکہ مقتدیوں کو امام کے انتقال کا پتہ چل سکے۔

(۱۴) نماز میں قیام کی حالت میں دونوں قدموں کے درمیان چار انگل کا فاصلہ رکھنا سنت ہے۔

(۱۵) حالت اقامت میں سنت یہ ہے کہ فجر اور ظہر کی دونوں رکعتوں میں طوال مفصل پڑھے خواہ امام ہو یا منفرد اور عصر و عشاء میں اوساط مفصل میں سے پڑھنا سنت ہے اور مغرب میں قصار مفصل میں سے پڑھنا سنت ہے۔ اور حالت سفر میں مسنون یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کے ساتھ جو سورت چاہے پڑھے۔

(۱۶) صرف فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں بہ نسبت دوسری رکعت کے لمبی قراءت کرنا سنت ہے۔

(۱۷) رکوع میں جاتے وقت اللہ اکبر کہنا سنت ہے۔

(۱۸) اور رکوع میں کم سے کم تین بار سبحان اللہ ربی العظیم کہنا سنت ہے اور اس سے کم کہنا مکروہ تنزیہی۔

(۱۹) رکوع میں دونوں ہاتھوں سے دونوں گھٹنوں کو پکڑنا سنت ہے اور گھٹنوں پر ہاتھ رکھتے وقت انگلیوں کے درمیان کشادگی رکھنا، اور عورتیں انگلیوں کو ملائے رکھیں۔

(۲۰) اور پنڈلیوں کو سیدھا کھڑا رکھنا اس طور پر کہ گھٹنوں میں خم نہ آئے سنت ہے۔

(۲۱) اور مردوں کو رکوع کی حالت میں اچھی طرح جھک جانا کہ سر پیٹھ (۲۲) اور سرین سب ایک سیدھ میں ہو جائیں اور عورتوں کو رکوع میں بس اس قدر جھکنا کہ ان کے ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں، اور پیٹھ سیدھی نہ کریں اور ہاتھ کی انگلیاں ملی ہوئی رکھیں، اور زور نہ دیں اور گھٹنوں میں خم رکھیں۔

(۲۳) رکوع سے اٹھنا۔

(۲۴) اور رکوع کے بعد اطمینان سے کھڑا ہونا سنت ہے، حالانکہ اس کو قومہ کہتے ہیں اور یہ واجب ہے لیکن مشہور قول کے مطابق سنت ہے اس لئے مصنف اسی کو لیا ہے۔

جبکہ مفتی بہ قول کے مطابق قومہ واجباتِ نماز میں سے ہے۔

سوال: مفصل کن صورتوں کو کہتے ہیں؟ اور اس کے کتنے حصے ہیں؟

جواب: سورۂ حجرات سے آخر (یعنی سورۂ ناس) تک قرآن مجید کی سورتوں کو مفصل کہتے ہیں، اور اس کے تین حصے ہیں (۱) سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک طوال مفصل اور سورۂ بروج سے لم یکن تک اوساط مفصل اور لم یکن سے ناس تک قصار مفصل۔

وَوَضْعُ رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ يَدَيْهِ ثُمَّ وَجْهَهُ لِلسُّجُوْدِ وَعَكْسُهُ لِلنُّهُوْضِ وَتَكْبِيْرُ السُّجُوْدِ وَتَكْبِيْرُ الرَّفْعِ مِنْهُ وَكَوْنُ السُّجُوْدِ بَيْنَ كَفَّيْهِ وَتَسْبِيْحُهُ ثَلَاثًا وَمُجَافَاةُ الرَّجُلِ بَطْنَهُ عَنْ فَخِذَيْهِ وَمِرْفَقَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ وَذِرَاعَيْهِ عَنِ الْأَرْضِ۔

ترجمہ: (۲۵) اور سجدے کے لئے دونوں گھٹنوں کو پھر دونوں ہاتھوں کو پھر اپنے چہرے کو رکھنا۔ (۲۶) اور اٹھنے کے لئے اس کا الٹا کرنا۔ (۲۷) اور سجدے کی تکبیر۔ (۲۸) اور اس سے اٹھنے کی تکبیر۔ (۲۹) اور سجدے کا دونوں ہتھیلیوں کے درمیان ہونا۔

(۳۰) اور اس (سجدے) کی تسبیح تین مرتبہ۔ (۳۱) اور مرد کا جدا رکھنا اپنے پیٹ کو اپنی رانوں سے اور کہنیوں کو اپنے پہلوؤں سے اور اپنی کلائیوں کو زمین سے۔

وَانْخِفَاضُ الْمَرْأَةِ وَلَزْقُهَا بَطْنَهَا بِفَخِذَيْهَا وَالْقَوْمَةُ وَالْجَلْسَةُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ وَوَضْعُ الْيَدَيْنِ عَلَى الْفَخِذَيْنِ فِيمَا بَيْنِ السَّجْدَتَيْنِ كَحَالَةِ التَّشَهُّدِ وَافْتِرَاشُ رِجْلِهِ الْيُسْرٰى وَنَصْبُ الْيُمْنٰى وَتَوَرُّكُ الْمَرْأَةِ وَالْإِشَارَةُ فِي الصَّحِيحِ بِالْمُسَبِّحَةِ عِنْدَ الشَّهَادَةِ يَرْفَعُهَا عِنْدَ النَّفْيِ وَيَضَعُهَا عِنْدَ الْإِثْبَاتِ۔

ترجمہ: (۳۲) اور عورت کا پست ہونا۔ (۳۳) اور اپنے پیٹ کو اپنی رانوں سے ملانا۔ (۳۴) اور قومہ۔ (۳۵) اور دو سجدوں کے درمیان جلسہ۔ (۳۶) اور دونوں ہاتھوں کو رکھنا دونوں رانوں پر دونوں سجدوں کے درمیان تشہد کی حالت کے جیسے۔ (۳۷) اور اپنے بائیں پاؤں کو بچھانا۔ (۳۸) اور دائیں کو کھڑا رکھنا۔ (۳۹) اور عورت کا تورّک کرنا۔ (۴۰) اور اشارہ کرنا صحیح قول کے مطابق مسبحہ سے شہادت کے وقت، نفی کے وقت اس کو اٹھائے اور اثبات کے وقت اس کو رکھ دے۔

سوال: بقیہ سنتیں بیان کریں۔

جواب: (۲۵) سجدے میں جاتے وقت پہلے گھٹنوں کو پھر دونوں ہاتھوں کو پھر ناک کو اور پھر پیشانی کو زمین پر رکھنا سنت ہے۔

(۲۶) اور سجدے سے اٹھتے وقت اس کا الٹا کرنا سنت ہے یعنی پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ اور پھر گھٹنے اٹھانا۔

(۲۷) سجدے میں جاتے وقت اللہ اکبر کہنا سنت ہے۔

(۲۸) اور اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے سے اٹھنا سنت ہے۔

(۲۹) سجدے کی حالت میں چہرہ دونوں ہتھیلیوں کے درمیان رکھنا سنت ہے۔

(۳۰) سجدے میں کم سے کم تین بار سبحن ربی الاعلیٰ کہنا سنت ہے۔

(۳۱) سجدے کی حالت میں مرد پیٹ کو رانوں سے اور کہنیوں کو پہلوؤں سے اور کلائیوں کو زمین سے جدا رکھے کہ سنت ہے۔

(۳۲) عورت کا سجدے میں مردوں کے خلاف کرنا یعنی سجدہ سمٹ کر کرنا سنت ہے۔

(۳۳) اور عورت سجدے میں اپنے پیٹ کو رانوں سے ملائے رکھے کہ یہ سنت ہے۔

(۳۴) مصنف نے غیر صحیح قول کے مطابق بیان کیا کہ رکوع سے اٹھ کر سیدھا کھڑا ہونا سنت ہے جبکہ صحیح قول کے مطابق یہ واجب ہے اور اس کو قومہ کہتے ہیں۔

(۳۵) دونوں سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا جس کو جلسہ کہتے ہیں سنت ہے جبکہ صحیح قول کے مطابق واجب ہے۔

(۳۶) جلسے میں دائیں ہاتھ کو دائیں ران پر رکھنا سنت ہے۔ اور جلسے میں بائیں ہاتھ کو بائیں ران پر رکھنا سنت ہے۔ جس طرح تشہد پڑھنے کی حالت میں رکھتے ہیں۔

(۳۷) جلسے اور قعدہ میں اپنے بائیں پاؤں کو بچھانا سنت ہے۔

(۳۸) اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھنا سنت ہے۔

(۳۹) جلسے اور قعدے میں عورت کا بائیں سرین پر بیٹھ کر اپنے دونوں پاؤں کو داہنی طرف نکال دینا۔

(۴۰) تشہد کے آخر میں شہادت کے وقت اشارہ کرنا سنت ہے اس طرح کہ لا کہتے وقت شہادت والی انگلی اٹھائے اور الا اللہ کے وقت اس کو رکھ دے۔

سوال: شہادت کی انگلی کو مسبحہ کیوں کہتے ہیں؟

جواب: شہادت کی انگلی کو مسبحہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس کے ذریعے توحید کا اشارہ کیا جاتا ہے اور توحید تسبیح ہے یعنی شرکاء سے پاکی کا اظہار ہے۔

وَقِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ فِيمَا بَعْدَ الْأُوْلَيَيْنِ وَالصَّلَاةُ عَلىٰ سَيِّدِنَا النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجُلُوْسِ الْأَخِيْرِ وَالدُّعَاءُ بِمَا يُشْبِهُ أَلْفَاظَ الْقُرْآنِ وَالسُّنَّةِ لَا كَلَامَ النَّاسِ وَالْاِلْتِفَاتُ يَمِيْنًا ثُمَّ يَسَارًا بِالتَّسْلِيْمَتَيْنِ وَنِيَّةُ الْإِمَامِ الرِّجَالَ وَالْحَفَظَةَ وَصَالِحَ الْجِنِّ بِالتَّسْلِمَتَيْنِ فِي الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: (۴۱) اور سورۂ فاتحہ کا پڑھنا پہلی دو رکعتوں کے بعد والی رکعتوں میں۔ (۴۲) اور نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پر درود بھیجنا آخری قعدہ میں۔ (۴۳) اور دعا کرنا ایسے الفاظ سے جو قرآن وحدیث کے الفاظ کے مشابہ ہو، نہ کہ لوگوں کے کلام کے۔ (۴۴) اور داہنی جانب متوجہ ہونا پھر بائیں جانب دونوں سلام کے ساتھ۔ (۴۵) اور امام کا نیت کرنا مردوں کی اور نگران فرشتوں کی اور نیک جنات کی دونوں سلاموں میں اصح قول کے مطابق۔

وَنِيَّةُ الْمَأْمُوْمِ إِمَامَهُ فِيْ جِهَتِهٖ وَإِنْ حَاذَاهُ نَوَاهُ فِي التَّسْلِيْمَتَيْنِ مَعَ الْقَوْمِ وَالْحَفَظَةِ وَصَالِحِ الْجِنِّ وَنِيَّةُ الْمُنْفَرِدِ الْمَلَائِكَةَ فَقَطْ وَخَفْضُ الثَّانِيَةِ عَنِ الْأُوْلٰى وَمُقَارَنَتُهُ لِسَلَامِ الْإِمَامِ وَالْبِدَاءَةُ بِالْيَمِيْنِ وَانْتِظَارُ الْمَسْبُوْقِ فَرَاغَ الْإِمَامِ۔

ترجمہ: (۴۶) اور مقتدی کا نیت کرنا اپنے امام کی جہت میں اور اگر امام کے مقابل ہو تو دونوں سلاموں میں امام کی نیت کرے، قوم اور نگران فرشتوں اور صالح جنات کے ساتھ۔ (۴۷) اور منفرد کا صرف فرشتوں کی نیت کرنا۔ (۴۸) اور دوسرے سلام کا آہستہ آواز میں کہنا پہلے سلام کے مقابلہ میں۔ (۴۹) اور مقتدی کا اپنے سلام کو امام کے سلام کے ساتھ ملانا۔ (۵۰) اور دائیں جانب سے شروع کرنا۔ (۵۱) اور مسبوق کو امام کے فارغ ہونے کا انتظار کرنا۔

سوال: **بقیہ سنتیں بیان کریں۔**

جواب: (۴۱) فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کا پڑھنا سنت ہے۔

(۴۲) قعدۂ اخیرہ میں درود بھیجنا سنت ہے اور درود ابراہیمی پڑھنا افضل ہے۔

(۴۳) قعدۂ اخیرہ میں درود کے بعد دعا مانگنا سنت ہے لیکن انہیں الفاظ سے جو قرآن و حدیث میں وارد ہوئے ہوں جن کو دعائے ماثورہ کہتے ہیں۔

(۴۴) سلام پھیرتے وقت منہ کو دائیں اور بائیں طرف پھیرنا سنت ہے۔

(۴۵) امام داہنی طرف کے سلام میں دائیں طرف کے مقتدیوں کی نیت کرے اور نگران فرشتوں اور صالح جنات کی نیت کرے اور بائیں طرف کے سلام میں بائیں طرف کے مقتدیوں، نگران فرشتوں اور صالح جنات کی نیت کرے۔

(۴۶) سلام پھیرتے وقت مقتدی کے لئے سنت یہ ہے کہ امام کی نیت کرے اگر امام دائیں جانب ہے تو دائیں جانب کے سلام میں اور اگر امام بائیں جانب ہے تو بائیں جانب کے سلام میں اور اگر مقتدی امام کے عین پیچھے ہو تو دونوں طرف کے سلام میں امام کی نیت کرے۔

(۴۷) اور منفرد نمازی کو صرف دائیں بائیں سلام پھیرتے وقت فرشتوں کی نیت کرنا سنت ہے۔

(۴۸) امام دوسرا سلام پہلے سلام کی بہ نسبت آہستہ آواز میں کہے کہ سنت ہے۔

(۴۹) مقتدی کا امام کے سلام پھیرنے کے ساتھ اپنے سلام کو ملانا سنت ہے۔ نماز کے احکام میں یہ لکھا ہے کہ مقتدی کے تمام انتقالات یعنی رکوع و سجود وغیرہ امام کے ساتھ ہونا سنت ہے۔ (نماز کے احکام ص ۶۰)

(۵۰) سلام پھیرنا دائیں جانب سے (یعنی پہلا سلام) سنت ہے۔

(۵۱) مسبوق کے لئے سنت یہ ہے کہ جب امام دونوں طرف سلام پھیر دے اس وقت وہ کھڑا ہو۔

سوال: **حفظہ کن فرشتوں کو کہتے ہیں؟**

جواب: حفظہ حافظ کی جمع ہے جس کا معنی ہے محافظ چونکہ فرشتے انسان کے اچھے برے عمل کو محفوظ کر لیتے ہیں اس لئے ان کو حفظہ کہتے ہیں اور ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہ وہ فرشتے ہیں جو انسان کی جنات سے اور ہلاک کر دینے والی اور ایذا دینے والی چیزوں سے حفاظت کرتے ہیں۔

فَصۡلٌ مِنۡ آدَابِ الصَّلَاةِ

یہ فصل نماز کے آداب کے بیان میں ہے

مِنۡ آدَابِهَا إِخۡرَاجُ الرَّجُلِ كَفَّيۡهِ مِنۡ كُمَّيۡهِ عِنۡدَ التَّكۡبِيرِ وَنَظۡرُ الۡمُصَلِّي إِلٰى مَوۡضِعِ سُجُوۡدِهٖ قَائِمًا وَإِلٰى ظَاهِرِ الۡقَدَمِ رَاكِعًا وَإِلٰى أَرۡنَبَةِ أَنۡفِهٖ سَاجِدًا وَإِلٰى حِجۡرِهٖ جَالِسًا وَإِلَى الۡمَنۡكِبَيۡنِ مُسَلِّمًا وَدَفۡعُ السُّعَالِ مَا اسۡتَطَاعَ وَكَظۡمُ فَمِهٖ عِنۡدَ التَّثَاؤُبِ وَالۡقِيَامُ حِيۡنَ قِيۡلَ حَيَّ عَلَى الۡفَلَاحِ وَشُرُوۡعُ الۡإِمَامِ مُذۡ قِيۡلَ قَدۡ قَامَتِ الصَّلَاةُ۔

ترجمہ: نماز کے آداب میں سے ہے مرد کا تکبیر تحریمہ کے وقت اپنی ہتھیلی کو اپنی آستینوں سے نکالنا, اور نماز پڑھنے والے کا دیکھنا سجدے کی جگہ کی طرف قیام کی حالت میں، اور قدم کی پشت کی جانب رکوع کی حالت میں، اور ناک کی نوک کی طرف سجدہ کی حالت میں، اور اپنے گود کی طرف بیٹھنے کی حالت میں، اور دونوں کندھوں کی طرف سلام پھیرنے کی حالت میں۔ اور جہاں تک ہو سکے کھانسی کو دفع کرنا، اور اپنے منہ کو بند رکھنا جماہی کے وقت۔ اور کھڑا ہونا جس وقت حی علی الفلاح کہا جائے۔ اور امام کا نماز کو شروع کر دینا جس وقت قد قامت الصلوۃ کہا جائے۔

سوال: آداب کسے کہتے ہیں؟

جواب: آداب ادب کی جمع ہے اور ادب وہ ہے جس کو نبی کریم ﷺ نے کبھی کبھار کیا ہو اور اس پر مواظبت نہ فرمائی ہو جیسے رکوع و سجود میں تین مرتبہ سے زیادہ تسبیحات کا پڑھنا اور مسنون مقدار سے زائد قراءت کرنا اور یہ سنت کی تکمیل کے لئے مشروع ہوا ہے۔

سوال: نماز کے آداب یعنی مستحبات بیان کریں۔

جواب: نماز کے آداب (مستحبات) درج ذیل ہیں:

(۱) مرد تکبیر تحریمہ کے وقت اپنے ہاتھوں کو چادر یا آستین وغیرہ سے نکال کر اٹھائے البتہ اگر کسی عذر مثلا سردی وغیرہ کی وجہ سے نہ نکالے تو کوئی حرج نہیں، اور عورتیں کسی حالت میں بھی چادر وغیرہ سے ہاتھ نہ نکالیں تاکہ ان کی کلائیاں نہ کھلنے پائیں۔

(۲) قیام کی حالت میں سجدے کی جگہ (۳) رکوع کی حالت میں دونوں قدموں کی پشت پر (۴) سجدے کی حالت میں ناک کی طرف (۵) قعدے میں گود کی طرف (٦) پہلے سلام میں سیدھے کندھے کی طرف (۷) دوسرے سلام میں الٹے کندھے کی طرف نظر رکھنا۔

(۸) جس کو کھانسی آئے اس کے لئے مستحب ہے کہ جب تک ممکن ہو نہ کھانسے۔

(۹) جماہی آئے تو منہ بند رکھے اور نہ رکے تو ہونٹ دانت کے نیچے دبائے اور اگر اس طرح بھی نہ رکے تو قیام میں سیدھے ہاتھ کی پشت سے اور غیر قیام میں الٹے ہاتھ کی پشت سے منہ ڈھانپ لے، جماہی روکنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ دل میں خیال کرے کہ سرکار مدینہ ﷺ اور دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کو جماہی کبھی نہیں آئی تھی ان شاء اللہ فوراً رک جائے گی۔ (نماز کے احکام ص ۲۳۷)

(۱۰) امام اور مقتدیوں کا نماز کے لئے اس وقت کھڑا ہونا مستحب ہے جبکہ مکبر حی علی الفلاح کہے۔

نوٹ: دیوبندیوں نے نور الایضاح کی شرح میں اسی مقام پر یہ مسئلہ بیان کر کے اپنے فتاوی کا حوالہ دے کر لکھا ہے کہ یہ اس وقت ہے جب امام محراب کے قریب ہو، مزید لکھا کہ حی علی الفلاح کے وقت کھڑے ہونے کے ادب کو صفوں کی درستی کا لحاظ کرتے ہوئے ترک کرنا اولیٰ کہا جائے گا کہ احادیث میں اس کی تاکید آئی ہے۔ اس لئے ابتدائے اقامت سے کھڑے ہونے والا عمل حدیث کی رو سے افضل و اعلیٰ ہے۔

دیوبندیوں کا رد: ہم کوئی ایسی راہ نہ نکالیں، تاکہ دونوں پر عمل ہو جائے اور وہ یہ کہ حی علی الفلاح پر کھڑے ہو کر تکبیر کے اختتام تک صفیں درست کرلی جائیں۔ اور ہم اہلسنت کا یہی عمل ہے اور رہے گا ان شاء اللہ عزوجل۔

(۱۱) امام کا نماز شروع کرنا اس وقت مستحب ہے جبکہ مکبر قد قامت الصلوۃ کہے، یہ طرفین کا مذہب ہے جبکہ امام ابو یوسف کا قول یہ ہے کہ اقامت سے فراغت کے بعد شروع کرے۔

اصلاح کیسے کی جائے؟

ایک شخص فیضانِ مدینہ میں ایک سال تک نماز پڑھتا رہا، اس شخص کی نماز میں غلطی تھی لیکن کسی نے تنبیہ نہ کی، پھر وہ شخص کسی دوسری مسجد میں نماز پڑھنے گیا، وہاں کسی نے اس کی غلطی پر اس کو تنبیہ کیا، اس نے کہا میں ایک سال سے فیضانِ مدینہ میں نماز پڑھ رہا ہوں لیکن وہاں کسی نے مجھے نہیں بتایا کہ تمہاری نماز میں یہ یہ غلطی ہیں، اس بتانے والے شخص نے کہا جناب یہ دنیا ہے دیکھ کر چلنا چاہئے۔ دعوی تو سب کرتے ہیں کہ ہم دین کے داعی ہیں مگر کام کچھ نہیں کرتے۔

ایک دوسرا شخص فیضانِ مدینہ میں نماز پڑھنے آنے لگا کئی روز کے بعد کسی مبلغ نے اس کی غلطی پر تنبیہ کرتے ہوئے اس کی اصلاح کی، تو وہ نمازی بپھر گیا اور کہنے لگا تم کیسے لوگ ہو کہ سب کی خامیاں نکالتے رہتے ہو، یہ کہہ کر اس نے فیضانِ مدینہ آنا چھوڑ دیا۔ اور لوگوں کو فیضانِ مدینہ کے متعلق منفی باتیں بتا بتا کر ورغلانے لگا۔

اب آپ بتایئے ہم کیا کریں؟ اگر اصلاح کرتے ہیں تو برائی، اور اگر اصلاح نہیں کرتے تو برائی۔

اگر آپ یہ کہیں کہ اس میں تو کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے جو سیکھنا چاہتا ہے اسے آپ لوگ سکھائیں اور جو نہیں سیکھنا چاہتا اسے نہ سکھائیں۔ تو اس پر میں آپ سے کہوں گا کہ ہمیں علمِ غیب تو ہے نہیں کہ کون سیکھنا چاہتا ہے اور کون نہیں؟ کون اصلاح کرنے پر ناراض ہو گا اور کون اصلاح نہ کرنے پر ناراض ہو گا؟ میری ناقص عقل میں یہ بات آتی ہے کہ ہم یہ بات اپنے ذہن میں بٹھالیں کہ جو بات اپنے کام کی ہو وہ لے لیں۔

فَصْلٌ فِيْ كَيْفِيَّةِ تَرْكِيْبِ الْأَفْعَالِ الصَّلَاةِ

یہ فصل نماز کے افعال کی ترکیب کی کیفیت کے بیان میں ہے

إِذَا أَرَادَ الرَّجُلُ الدُّخُولَ فِي الصَّلَاةِ أَخْرَجَ كَفَّيْهِ مِنْ كُمَّيْهِ ثُمَّ رَفَعَهُمَا حِذَاءَ أُذُنَيْهِ ثُمَّ كَبَّرَ بِلَا مَدٍّ نَاوِيًا وَيَصِحُّ الشُّرُوْعُ بِكُلِّ ذِكْرٍ خَالِصٍ لِلّٰهِ تَعَالٰى كَسُبْحَانَ اللهِ وَبِالْفَارِسِيَّةِ إِنْ عَجَزَ عَنِ الْعَرَبِيَّةِ۔

ترجمہ: جب مرد نماز میں داخل ہونے کا ارادہ کرے تو اپنی ہتھیلیوں کو آستینوں سے نکالے، پھر ان کو اپنے دونوں کانوں کے مقابل میں اٹھائے، پھر نیت کرتے ہوئے بغیر مد کے تکبیر یعنی اللہ اکبر کہے۔ اور صحیح ہوتا ہے نماز کو شروع کرنا ہر ایسے ذکر سے جو خالص اللہ کے لئے ہو جیسے سبحان اللہ، اور فارسی زبان میں اگر عربی سے عاجز ہو۔

وَإِنْ قَدَرَ لَا يَصِحُّ شُرُوْعُهُ بِالْفَارِسِيَّةِ وَلَا قِرَاءَتُهُ بِهَا فِي الْأَصَحِّ ثُمَّ وَضَعَ يَمِيْنَهُ عَلٰى يَسَارِهِ تَحْتَ سُرَّتِهِ عَقِبَ التَّحْرِيْمَةِ بِلَا مُهْلَةٍ مُسْتَفْتِحًا وَهُوَ أَنْ يَقُوْلَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ وَيَسْتَفْتِحُ كُلُّ مُصَلٍّ۔

ترجمہ: اور اگر عربی پر قادر ہو تو فارسی سے شروع کرنا صحیح نہ ہو گا، اور نہ فارسی میں قراءت کرنا اصح قول کے مطابق، پھر اپنے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھے، تحریمہ کے بعد بغیر مہلت کے شروع کرتے ہوئے یعنی ثناء پڑھے اور وہ یہ کہنا ہے: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ اور ہر نماز پڑھنے والا ثناء پڑھے۔

سوال: نماز شروع کرنے کا طریقہ بیان کریں۔

جواب: باوُضو قِبلہ رُو اِس طرح کھڑے ہوں کہ دونوں پاؤں کے پنجوں میں چار اُنگل کا فاصِلہ رہے اور دونوں ہاتھ کانوں تک لے جایئے کہ اَنگوٹھے کان کی لَو سے چھو جائیں اور اُنگلیاں نہ ملی ہوئی ہوں نہ خوب کھلی بلکہ اپنی حالت پر (NORMAL) رکھیں اور ہتھیلیاں قبلہ کی طرف ہوں نظر سجدہ کی جگہ ہو۔ اب جو نماز پڑھنا ہے اُس کی نِیّت یعنی دل میں اس کا پکّا اِرادہ کیجئے ساتھ ہی زَبان سے بھی کہہ لیجئے کہ زِیادہ اچھا ہے (مثلاً نِیّت کی میں نے آج کی ظُہر کی چار رَکعت فرض نَماز کی، اگر باجماعت پڑھ رہے ہیں تو یہ بھی کہہ لیں پیچھے اس اِمام کے) اب تکبیرِ تحریمہ یعنی ”اللہُ اکبر“ کہتے ہوئے ہاتھ نیچے لایئے اور ناف کے نیچے اس طرح باندھئے کہ سیدھی ہتھیلی کی گدّی اُلٹی ہتھیلی کے سِرے پر اور بیچ کی تین اُنگلیاں اُلٹی کلائی کی پیٹھ پر اور انگوٹھا اور چھنگلیا (یعنی چھوٹی انگلی) کلائی کے اَغل بغل ہوں۔ اب اس طرح ثنا پڑھئے: سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ

اِلٰہَ غَیْرُكَ۔

سوال: ”ثم کبر بلا مد“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اللہ اکبر کو کسر کے ساتھ ادا کرنا ہے مد کے ساتھ نہیں مثلاً لفظ اَللّٰہُ کو آللّٰہُ یا اَکْبَرُ کو اٰکْبَرُ یا اَکْبَارُ کہا، نماز نہ ہوگی بلکہ اگر اُن کے معانی فاسدہ سمجھ کر قصداً کہے، تو کافر ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، فصل، ج۲، ص۲۱۸.)

سوال: اگر تحریمہ میں اللہ اکبر کی جگہ اور الفاظ کہے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اللہ اکبر کی جگہ کوئی اور لفظ جو خالص تعظیم الٰہی کے الفاظ ہوں۔ مثلاً اَللّٰہُ اَجَلُّ یا اَللّٰہُ اَعْظَمُ یا اَللّٰہُ کَبِیْرٌ یا اَللّٰہُ الْاَکْبَرُ یا اَللّٰہُ الْکَبِیْرُ یا اَلرَّحْمٰنُ اَکْبَرُ یا اَللّٰہُ اِلٰہٌ یا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یا سُبْحَانَ اللّٰہُ یا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ یا لَا اِلٰہَ غَیْرُہٗ یا تَبَارَكَ اللّٰہُ وغیرہا الفاظ تعظیمی کہے، تو ان سے بھی ابتدا ہو جائے گی مگر یہ تبدیل مکروہ تحریمی ہے۔

اور اگر دُعا یا طلب حاجت کے لفظ ہوں۔ مثلاً اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ، اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ، اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ وغیرہا الفاظ دُعا کہے تو نماز منعقد نہ ہوئی۔ یوہیں اگر صرف اکبر یا اجلّ کہا اس کے ساتھ لفظ اَللّٰہُ نہ ملایا جب بھی نہ ہوئی۔

یوہیں اگر اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ یا اَعُوْذُ بِاللّٰہِ یا اِنَّا لِلّٰہِ یا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ یا مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ یا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کہا، تو منعقد نہ ہوئی اور اگر صرف اَللّٰہُ کہا یا یَا اَللّٰہُ یا اَللّٰھُمَّ کہا ہو جائے گی۔ ("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الرابع في صفة الصلاۃ، الفصل الأول، ج۱، ص۶۸.)

سوال: کیا فارسی زبان کے لفظ سے نماز شروع کر سکتے ہیں اور کیا قراءت بھی فارسی سے کی جا سکتی ہے؟

جواب: فارسی زبان میں نماز شروع کرنا مثلاً خدا بزرگ است کہنا جائز ہے، جبکہ وہ عربی الفاظ پر قادر نہ ہو اور اگر وہ عربی پر قادر ہے یعنی اللہ اکبر کہہ سکتا ہو تو فارسی میں شروع کرنا صحیح نہیں ہو گا، فارسی میں قراءت کے بارے میں اختلاف ہے پس اگر عربی پر قادر ہو تو بالاتفاق غیر عربی میں قراءت کرنا صحیح نہیں ہو گا اور اگر عاجز ہو تو غیر عربی میں جائز ہے۔

ثُمَّ يَتَعَوَّذُ سِرّاً لِلقِرَاءَةِ فَيَأْتِيْ بِهِ الْمَسْبُوْقُ لَا الْمُقْتَدِيْ وَيُؤَخِّرُ عَنْ تَكْبِيْرَاتِ الْعِيْدَيْنِ ثُمَّ يُسَمِّى سِرًّا وَيُسَمِّي فِيْ كُلِّ رَكعَةٍ قَبْلَ الْفَاتِحَةِ فَقَطْ ثُمَّ قَرَأَ الْفَاتِحَةَ وَأَمَّنَ الْإِمَامُ وَالْمَأْمُوْمُ سِرًّا ثُمَّ قَرَأَ سُوْرَةً أَوْ ثَلَاثَ آيَاتٍ ثُمَّ كَبَّرَ رَاكِعًا مُطْمَئِنًّا مُسَوِّيًا رَأْسَهُ بِعَجُزِهِ آخِذًا رُكْبَتَيْهِ بِيَدَيْهِ مُفَرِّجًا أَصَابِعَهُ وَسَبَّحَ فِيْهِ ثَلَاثًا وَذٰلِكَ أَدْنَاهُ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَاطْمَأَنَّ قَائِلًا سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ لَوْ إِمَامًا أَوْ مُنْفَرِدًا وَالْمُقْتَدِيْ يَكْتَفِيْ بِالتَّحْمِيْدِ۔

ترجمه: پھر أعوذ باللہ من الشیطان الرجیم آہستہ سے قراءت کے لئے پڑھے، پس اس کو مسبوق پڑھے گا نہ کہ مقتدی اور مؤخر کرے گا تعوذ کو عیدین کی تکبیرات سے، پھر آہستہ سے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے، اور ہر رکعت میں صرف سورۂ فاتحہ سے پہلے پڑھے، اور سورۂ فاتحہ پڑھے، اور امام اور مقتدی آہستہ سے آمین کہیں، پھر کوئی سورت یا تین آیتیں پڑھے، پھر رکوع میں جاتے ہوئے تکبیر کہے اس حال میں کہ اطمینان کرنے والا ہو، اپنے سر کو سرین کے برابر کئے ہوئے ہو، اپنے گھٹنوں کو اپنے ہاتھوں سے اپنی انگلیوں کو کشادہ کرکے پکڑے ہوئے ہو، اور اس میں تین بار تسبیح پڑھے، اور یہ تسبیح کی ادنی مقدار ہے پھر اپنے سر کو اٹھائے اطمینان سے سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لك الحمد کہتا ہوا کھڑا ہو اگر امام یا منفرد ہو، اور مقتدی ربنا لك الحمد پر اکتفا کرے۔

سوال: نماز میں تعوذ پڑھنے سے قومہ کرنے تک کا طریقہ بیان کردیں۔

جواب پھر تعوُّذ پڑھیے: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم پھر تَسْمِیَہ پڑھیے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پھر مکمَّل سورۂ فاتحہ پڑھیے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿١﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿٢﴾ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ﴿٣﴾ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ﴿٤﴾ اِهْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ﴿٥﴾ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ﴿٧﴾

سورۂ فاتحہ ختم کرکے آہستہ سے "اٰمین" کہیے۔ پھر تین آیات یا ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیتوں کے برابر ہو یا کوئی سُورت مثلاً سورۂ اخلاص پڑھیے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ﴿١﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ﴿٣﴾ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾

اب "اَللّٰہُ اَکْبَر" کہتے ہوئے رُکوع میں جائیے اور گھٹنوں کو اس طرح ہاتھ سے پکڑیئے کہ ہتھیلیاں گھٹنوں پر اور اُنگلیاں اچھی طرح پھیلی ہوئی ہوں۔ پیٹھ بچھی ہوئی اور سر پیٹھ کی سِیدھ میں ہو اُونچا نیچا نہ ہو اور نظر قدموں پر ہو۔ کم از کم تین بار رُکوع کی تسبیح یعنی "سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْعَظِیْم" (یعنی پاک ہے میرا عظمت والا پروردگار) کہیے۔ پھر تسمیع (تَس۔ مِیع) یعنی سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ (یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اُس کی سُن لی جس نے اُس کی تعریف کی) کہتے ہوئے بالکل سیدھے کھڑے ہو جائیے، اِس کھڑے ہونے کو "قومہ" کہتے ہیں۔ اگر آپ منفرد ہیں یعنی اکیلے نماز پڑھ رہے ہیں تو اِس کے بعد کہیے: اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْد۔

ثُمَّ كَبَّرَ خَارًّا لِلسُّجُوْدِ ثُمَّ وَضَعَ رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ يَدَيْهِ ثُمَّ وَجْهَهٗ بَيْنَ كَفَّيْهِ وَسَجَدَ بِأَنْفِهٖ وَجَبْهَتِهٖ مُطْمَئِنًّا مُسَبِّحًا ثَلَاثًا وَذٰلِكَ أَدْنَاهُ وَجَافٰى بَطْنَهٗ عَنْ فَخِذَيْهِ وَعَضُدَيْهِ عَنْ إِبْطَيْهِ فِيْ غَيْرِ زَحْمَةٍ مُوَجِّهًا أَصَابِعَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ نَحْوَ الْقِبْلَةِ وَالْمَرْأَةُ تَخْفِضُ وَتَلْزَقُ بَطْنَهَا بِفَخِذَيْهَا۔

ترجمہ: پھر سجدے کے لئے جھکتا ہوا اللہ اکبر کہے پھر اپنے گھٹنوں کو رکھے پھر اپنے ہاتھوں کو پھر اپنے چہرے کو دونوں ہتھیلیوں کے درمیان اور سجدہ کرے اپنے ناک اور پیشانی کے ذریعہ اطمینان سے تین بار تسبیح پڑھتے ہوئے اور یہ تسبیح کا ادنی درجہ ہے، اور اپنے پیٹ کو اپنی رانوں سے جدا رکھے اور اپنے بازوں کو اپنی بغلوں سے بھیڑ نہ ہونے کی صورت میں، اور ہاتھوں اور پیروں کی انگلیاں کو قبلہ کی طرف پھیرتے ہوئے، اور عورت پست ہو جائے اور اپنے پیٹ کو اپنی رانوں سے ملالے۔

وَجَلَسَ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلٰى فَخِذَيْهِ مُطْمَئِنًّا ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مُطْمَئِنًّا وَسَبَّحَ فِيْهِ ثَلَاثًا وَجَافٰى بَطْنَهٗ عَنْ فَخِذَيْهِ وَأَبْدٰى عَضُدَيْهِ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهٗ مُكَبِّرًا لِلنُّهُوْضِ بِلَا اِعْتِمَادٍ عَلَى الْأَرْضِ بِيَدَيْهِ وَبِلَا قُعُوْدٍ۔

ترجمہ: اور دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھے اس حال میں کہ اپنے ہاتھوں کو رانوں پر رکھے ہوئے ہو، پھر تکبیر کہے اور اطمینان سے سجدہ کرے اور اس میں تین بار تسبیح پڑھے، اور اپنے پیٹ کو اپنی رانوں سے جدا رکھے اور اپنے دونوں بازوؤں کو ظاہر کرے، پھر اپنے سر کو تکبیر کہتے ہوئے اٹھائے اٹھنے کے لئے زمین پر اپنے ہاتھوں کو ٹیکے بغیر اور بیٹھے بغیر۔

سوال: قومہ کے بعد سے پہلی رکعت مکمل ہونے تک کا طریقہ بیان کریں۔

جواب: پھر ”اللہ اکبر“ کہتے ہوئے اِس طرح سجدے میں جایئے کہ پہلے گھٹنے زمین پر رکھئے پھر ہاتھ پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ میں اِس طرح سر رکھئے کہ پہلے ناک پھر پیشانی اور یہ خاص خیال رکھئے کہ ناک کی نوک نہیں بلکہ ہڈّی لگے اور پیشانی زمین پر جم جائے، نظر ناک پر رہے، بازوؤں کو کروٹوں سے، پیٹ کو رانوں سے اور رانوں کو پِنڈلیوں سے جُدا رکھئے۔ (ہاں اگر صَف میں ہوں تو بازو کروٹوں سے لگائے رکھئے) اور دونوں پاؤں کی دسوں اُنگلیوں کا رُخ اِس طرح قبلہ کی طرف رہے کہ دسوں اُنگلیوں کے پیٹ (یعنی اُنگلیوں کے تلووں کے اُبھرے ہوئے حصّے) زمین پر لگے رہیں۔ ہتھیلیاں بچھی رہیں اور اُنگلیاں ”قبلہ رُو“ رہیں مگر کلائیاں زمین سے لگی ہوئی مت رکھئے۔ اور اب کم از کم تین بار سجدے کی تسبیح یعنی ”سُبْحٰنَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى“ (پاک ہے میرا پروردگار سب سے بلند) پڑھئے۔ پھر سر اس طرح اٹھایئے کہ پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ اٹھیں۔ پھر سیدھا قدم کھڑا کر کے اُس کی اُنگلیاں قِبلہ رُخ کر دیجئے اور اُلٹا قدم بچھا کر اس پر خوب سیدھے بیٹھ جایئے اور ہتھیلیاں بچھا کر رانوں پر گھٹنوں کے پاس رکھئے کہ

دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں قِبلہ کی جانب اور اُنگلیوں کے سِرے گھٹنوں کے پاس ہوں۔ دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو جَلسہ کہتے ہیں۔ پھر کم از کم ایک بار سُبْحٰنَ اللہ کہنے کی مقدار ٹھہریئے (اِس وقفہ میں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی "یعنی اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میری مغفرت فرما" کہہ لینا مُستحَب ہے) پھر "اَللّٰہُ اَکْبَر" کہتے ہوئے پہلے سَجدے ہی کی طرح دوسرا سجدہ کیجئے۔ اب اسی طرح پہلے سر اُٹھایئے پھر ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھ کر پنجوں کے بل کھڑے ہو جایئے۔ اُٹھتے وقت بغیر مجبوری زمین پر ہاتھ سے ٹیک مت لگایئے۔ یہ آپ کی ایک رَکعت پوری ہوئی۔

وَالرَّکْعَةُ الثَّانِيَةُ كَالْأُوْلٰى إِلَّا أَنَّهٗ لَا يُثْنِي وَلَا يَتَعَوَّذُ۔

ترجمہ: اور دوسری رکعت پہلی رکعت کی طرح ہے مگر یہ کہ نہ ثناء پڑھے نہ تعوذ۔

مَتٰى يَسُنُّ رَفْعُ الْيَدَيْنِ

وَلَا يُسَنُّ رَفْعُ الْيَدَيْنِ إِلَّا عِنْدَ اِفْتِتَاحِ كُلِّ صَلَاةٍ وَعِنْدَ تَكْبِيْرِ الْقُنُوْتِ فِي الْوِتْرِ وَتَكْبِيْرَاتِ الزَّوَائِدِ فِي الْعِيْدَيْنِ وَحِيْنَ يَرَى الْكَعْبَةَ وَحِيْنَ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ الْأَسْوَدَ وَحِيْنَ يَقُوْمُ عَلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَعِنْدَ الْوُقُوْفِ بِعَرْفَةَ وَمُزْدَلِفَةَ وَبَعْدَ رَمْيِ الْجَمْرَةِ الْأُوْلٰى وَالْوُسْطٰى۔

ترجمہ: اور دونوں ہاتھوں کو اٹھانا مسنون نہیں ہے مگر ہر نماز کو شروع کرتے وقت اور وتر میں قنوت کی تکبیر کے وقت اور عیدین میں تکبیرات زوائد کے وقت اور کعبہ کو دیکھنے کے وقت اور حجرۂ اسود کو بوسہ دینے کے وقت اور صفا و مروہ پر کھڑے ہونے کے وقت اور عرفات و مزدلفہ میں ٹھہرنے کے وقت اور جمرۂ اولی اور جمرۂ وسطی کی رمی کے بعد۔

وَعِنْدَ التَّسْبِيْحِ عَقِبَ الصَّلَوَاتِ وَإِذَا فَرَغَ الرَّجُلُ مِنْ سَجْدَتَيِ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ اِفْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَجَلَسَ عَلَيْهَا وَنَصَبَ يُمْنَاهُ وَوَجَّهَ أَصَابِعَهَا نَحْوَ الْقِبْلَةِ وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى فَخِذَيْهِ وَبَسَطَ أَصَابِعَهُ وَالْمَرْأَةُ تَتَوَرَّكُ۔

ترجمہ: اور نمازوں کے بعد تسبیح سے فراغت کے وقت (دعا مانگنے کے لئے) اور جب مرد دوسری رکعت کے دونوں سجدوں سے فارغ ہو جائے تو بچھائے اپنے بائیں پیر کو اور اس پر بیٹھ جائے اور اپنے داہنے پاؤں کو کھڑا کرے اور اس کی انگلیوں کو قبلہ کی طرف متوجہ کرے اور دونوں ہاتھوں کو دونوں رانوں پر رکھے اور اپنی انگلیوں کو بچھائے اور عورت تورک کرے گی۔

سوال: دوسری رکعت سے قعدۂ آخیرہ میں تشہد پڑھنے سے پہلے تک کا طریقہ بیان کریں۔

جواب: اب دوسری رکعت میں "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" پڑھ کر الحمد اور سورت پڑھئے اور پہلے کی طرح رُکوع اور سجدے کیجئے، دوسرے سجدے سے سر اُٹھانے کے بعد سیدھا قدم کھڑا کر کے اُلٹا قدم بچھا کر بیٹھ جایئے دو ۲ رَکعت کے دوسرے سَجدے کے بعد بیٹھنا قَعدَہ کہلاتا ہے۔

سوال: ہاتھوں کو کن کن جگہوں میں اٹھانا سنت ہے اور کس جگہ پر نہیں؟

جواب: ہاتھوں کو ان گیارہ جگہوں کے علاوہ اور کسی جگہ پر اٹھانا مسنون نہیں ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) جس وقت نماز شروع کرنے کے لئے تکبیر تحریمہ کہی جائے خواہ کوئی سی بھی نماز ہو۔ (۲) وتر میں دعائے قنوت پڑھنے کے لئے۔ (۳) عیدین کی نماز میں زائد تکبیرات کے وقت۔ (۴) جس وقت کعبہ شریف پر نظر پڑے۔ لیکن یہاں پر دعا مانگنے کے لئے ہے نہ کہ اور کسی عرض سے۔ (۵) جس وقت حجرِ اسود کو بوسہ دے، اس طرح کہ ہتھیلیوں کے باطن سے حجرِ اسود کا استقبال کرے جس کو استلام کہتے ہیں۔ (۶) جس وقت صفا و مروہ کی سعی کے لئے صفا پر کھڑا ہو تو کعبہ کی طرف منہ کر کے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے۔ (۷) عرفات۔ (۸) مزدلفہ میں وقوف کے وقت دعا مانگنے کے لئے۔ (۹) جمرۂ اولی۔ (۱۰) جمرۂ وسطی کی رمی کے وقت۔ (۱۱) نمازوں سے فارغ ہو کر دعا مانگنے کے لئے۔

اور رکوع میں جاتے وقت رکوع سے سر اٹھاتے وقت اور دوسری رکعت کے شروع میں ہاتھ اٹھانا سنت نہیں ہے۔

وَقَرَأَ تَشَهُّدَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَأَشَارَ بِالْمُسَبِّحَةِ فِي الشَّهَادَةِ يَرْفَعُهَا عِنْدَ النَّفْيِ وَيَضَعُهَا عِنْدَ الْإِثْبَاتِ وَلَا يَزِيْدُ عَلَى التَّشَهُّدِ فِي الْقُعُوْدِ الْأَوَّلِ۔

ترجمہ: اور ابن مسعود والا تشہد پڑھے اور مسبحہ سے شہادت میں اشارہ کرے کہ نفی کے وقت اس کو اٹھائے اور اثبات کے وقت اس کو رکھ دے اور پہلے قعدہ میں تشہد پر زیادہ نہ کرے۔

وَهُوَ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

ترجمہ: اور ابن مسعود کا تشہد یہ ہے:

وَقَرَأَ الْفَاتِحَةَ فَقَطْ فِيْمَا بَعْدَ الْأُوْلَيَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ وَقَرَأَ التَّشَهُّدَ ثُمَّ صَلّٰى عَلٰى سَيِّدِنَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ دَعَا بِمَا يُشْبِهُ الْقُرْآنَ وَالسُّنَّةَ ثُمَّ سَلَّمَ يَمِيْنًا وَيَسَارًا فَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ نَاوِيًا مَنْ مَعَهٗ كَمَا تَقَدَّمَ۔

ترجمہ: اور سورہ فاتحہ پہلی دو رکعتوں کے بعد والی رکعتوں میں پڑھے پھر آخری رکعت پڑھنے کے بعد بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے پھر نبی ﷺ پر درود پڑھے پھر دعاء مانگے ایسے کلمات سے جو قرآن و سنت کے مشابہ ہوں پھر سلام پھیرے دائیں اور بائیں، پس السلام علیکم و رحمتہ اللہ کہے نیت کرتے ہوئے ان لوگوں کی جو اس کے ساتھ ہیں جیسے کہ پہلے گزرا۔

سوال: تشہد پڑھنے سے لے کر سلام پھیرنے تک کا طریقہ بیان کریں۔

جواب: اب قَعدہ میں تشہد (تَ۔شَہ۔ہُد) پڑھئے:

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَ الصَّلَوَاتُ وَ الطَّیِّبٰتُطاَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ ط

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ۔

جب تشہد میں لفظ "لا" کے قریب پہنچیں تو سیدھے ہاتھ کی بیچ کی اُنگلی اور اَنگوٹھے کا حَلقہ بنالیجئے اور چھنگلیا (یعنی چھوٹی اُنگلی) اور بِنْصَر یعنی اس کے برابر والی اُنگلی کو ہتھیلی سے ملا دیجئے اور (اَشْھَدُ اَنْ کے فوراً بعد) لفظِ "لا" کہتے ہی کلمے کی اُنگلی اٹھایئے مگر اس کو اِدھر اُدھر مت ہلایئے اور لفظ "اِلَّا" پر گرادیجئے اور فوراً سب اُنگلیاں سیدھی کر لیجئے۔ اب اگر دو سے زِیادہ رکعتیں پڑھنی ہیں تو "اَللّٰہُ اَکْبَر" کہتے ہوئے کھڑے ہو جایئے۔ اگر فرض نماز پڑھ رہے ہیں تو تیسری اور چوتھی رکعت کے قیام میں "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" اور "اَلْحَمْد" شریف پڑھئے! سورت ملانے کی ضرورت نہیں۔ باقی اَفعال اِسی طرح بجالایئے اور اگر سُنَّت و نَفْل ہوں تو "سورۂ فاتحہ" کے بعد سُورت بھی مِلایئے (ہاں اگر اِمام کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں تو کسی بھی رَکعت کے قِیام میں قراءت نہ کیجئے خاموش کھڑے رہیے) پھر چار رَکعتیں پوری کر کے قعدۂ اخیرہ میں تَشَہُّد کے بعد دُرُودِ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام پڑھئے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ پھر کوئی سی دُعائے ماثورہ پڑھئے، مَثَلاً یہ دُعا پڑھ لیجئے: اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ پھر نماز ختم کرنے کے لئے پہلے دائیں کندھے کی طرف منہ کر کے "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ" کہئے اور اسی طرح بائیں طرف، اب نماز ختم ہوئی۔

سوال: عورتوں کی نماز میں مردوں کی بنسبت کیا فرق ہے؟

جواب: مذکورہ نماز کا طریقہ امام یا تنہا مرد کا ہے۔ اسلامی بہنیں تکبیرِ تحریمہ کے وقت ہاتھ کندھوں تک اُٹھائیں اور چادَر سے باہر نہ نکالیں۔ (الھدایۃ معہ فتح القدیر ، ۱/۲۴۶.) قیام میں اُلٹی ہتھیلی دونوں چھاتیوں یعنی پستانوں پر رکھ کر اس کے اُوپر سیدھی ہتھیلی رکھیں۔ رُکوع میں تھوڑا جھکیں یعنی اتنا کہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ دیں زور نہ دیں اور گھٹنوں کو نہ پکڑیں اور اُنگلیاں ملی ہوئی اور پاؤں جھکے ہوئے رکھیں مردوں کی طرح خوب سیدھے نہ کریں۔ سجدہ سِمٹ کر کریں یعنی بازو کروٹوں سے پیٹ ران سے اور ران پنڈلیوں سے اور پنڈلیاں زمین سے ملا دیں، سجدے اور قعدے

دونوں میں پاؤں سیدھی طرف نکال دیں۔ قعدے میں اُلٹی سرین پر بیٹھیں اور سیدھا ہاتھ سیدھی ران کے بیچ میں اور اُلٹا ہاتھ اُلٹی ران کے بیچ میں رکھیں۔ باقی سب طریقہ اُسی طرح ہے۔ (ردالمحتار، ۲۵۹/۲، الفتاوی الهندیة، ۷۴/۱،)

باپ سے ایسا سلوک؟

ایک شخص کی طبیعت خراب ہوئی سر میں درد ہوا بخار نے بھی اثر دکھایا ہوا ہے سارا بدن تکلیف میں مبتلاء ہے مسکرانے، ہنسنے اور بولنے کو جی نہیں چاہتا جیسے تیسے کر کے یہ آفس سے گھر آتا ہے سامنے باپ سے ملاقات ہوئی باپ نے مسکرا کر کہا بیٹا آگئے، بیٹے نے منہ بناتے، ناک چڑھاتے اور بیماری کا اظہار کرتے بلکہ جتنی تکلیف تھی اس سے زیادہ تکلیف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہاں آگیا۔ آگے بڑھ کر جوں ہی دروازہ پار کرتا ہے اس کا بچہ دوڑتا ہوا آیا اور کھڑے ہو کر مسکرانے لگا، بچے کو دیکھ کر یہ بھی مسکرانے لگا۔ کیوں بھائی ابھی تو آپ بیمار ہیں درد میں مبتلاء ہیں مسکرانے کا جی نہیں چاہ رہا تھا، آپ کے چہرے میں غم کے آثار ہیں، پھر کیا ہوا کہ آپ بچے کو مسکراتا دیکھ کر مسکرانے لگے؟

اس نے کہا: بھائی تکلیف مجھے ہے میں اپنے بچے کو غم میں مبتلاء کیوں کروں؟ خوشیاں میری چھنی ہیں میں اپنے بچے کی خوشی کیوں چھینوں؟

میرے بھائی جو آپ کہہ رہے ہیں اس پر ذرا سا آپ غور کیجئے اور اپنے بچپن کو یاد کیجئے، کہ جب آپ بچے تھے، جو حال آج آپ کا ہے وہی حال آپ کے والد کا تھا، جس طرح آپ لاکھ تکلیف ہونے کے باوجود اپنے بچے کو دیکھ کر مسکرائے ہیں اسی طرح آپ کو دیکھ کر آپ کے والد نے بھی لاکھ تکلیف ہونے کے باوجود مسکرائے تھے۔ یاد کیجئے اپنے اس بچپن کو اور اس بچپن میں کئے جانے والے برتاؤ کو، جو آج آپ اپنی اولاد کے ساتھ کر رہے ہیں وہی سب کچھ آپ کے باپ نے آپ کے ساتھ کیا ہے۔ لیکن ہم ان تمام احسانات کو بھولا کر یہ کہتے سنائی دیتے ہیں کہ میرے ماں باپ نے میرے لئے کچھ نہیں کیا۔ اور طرح طرح کے الزامات لگاتے ہیں۔ ایسا ہی ایک واقعہ زمانہ رُسالت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم میں ہوا تھا۔

کہ ایک شخص بارگاہِ رسالت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم میری والدہ بد اخلاق ہے۔ فرمایا جب تو دودھ پیتا تھا تو وہ اس وقت بد اخلاق نہ تھی۔ عرض کی یا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم بہت بد اخلاق ہے۔ فرمایا جب تو بستر میں پیشاب کر دیتا تھا تو وہ اس وقت بد اخلاق نہ تھی۔ اگر وہ بد اخلاق ہوتی تو دودھ نہ پلاتی، تجھے سوکھے بستر میں نہ لٹاتی۔

پیارے اسلامی بھائیو! ذرا غور کیجئے کام کرتے کرتے ہمارا جی چاہتا ہے کہ چلو ایک دن کی چھٹی کر لیتے ہیں، اور آپ یقیناً چھٹی کر لیتے ہیں، اچھا مجھے بتاؤ کہ کیا کوئی والد یا والدہ نے بھی کبھی اپنے بچے کی خدمت کے دوران چھٹی کی ہے کہ چلو بہت دن ہو گئے بچے کی خدمت کرتے کرتے اب ایک دن کی چھٹی کرتے ہیں، نہیں ایسا کبھی نہیں ہوا۔

وہ شخص جس کی شادی نہیں ہوئی وہ کہے کہ میرے والدین نے میرے ساتھ کچھ نہیں کیا تو بات کچھ حد تک سمجھ میں آتی ہے مگر وہ شخص جس کی شادی ہو چکی اور اس کے خود بچے ہیں ان کے منہ سے یہ بات زیب نہیں دیتی کہ میرے والدین نے میرے ساتھ کیا کیا ہے؟ آپ خود دیکھ لیں کہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ کیا کر رہے ہیں؟ بس جو آپ اپنی اولاد کے لئے کر رہے ہیں وہی سب کچھ آپ کے ساتھ آپ کے والد نے بھی کیا ہے۔

بَابُ الْإِمَامَةِ

یہ امامت کا باب ہے

حُكْمُهَا

هِيَ أَفْضَلُ مِنَ الْأَذَانِ وَالصَّلَاةُ بِالْجَمَاعَةِ سُنَّةٌ لِلرِّجَالِ الْاَحْرَارِ بِلَا عُذْرٍ۔

ترجمہ: امامت اذان سے افضل ہے اور نماز جماعت کے ساتھ سنت ہے آزاد مردوں کے لئے جن کو کوئی عذر نہ ہو۔

شُرُوْطُ صِحَّتِهَا

وَشُرُوْطُ صِحَّةِ الْإِمَامَةِ لِلرِّجَالِ الْأَصِحَّاءِ سِتَّةُ أَشْيَاءَ اَلْإِسْلَامُ وَالْبُلُوْغُ وَالْعَقْلُ وَالذُّكُوْرَةُ وَالْقِرَاءَةُ وَالسَّلَامَةُ مِنَ الْأَعْذَارِ كَالرُّعَافِ وَالْفَأْفَأَةِ وَالتَّمْتَمَةِ وَاللَّثَغِ وَفَقْدِ شَرْطٍ كَطَهَارَةٍ وَسَتْرِ عَوْرَةٍ۔

ترجمہ: اور تندرست مردوں کے لئے امامت کے صحیح ہونے کی چھ شرطیں ہیں: (۱) مسلمان ہونا۔ ()۲ بالغ ہونا۔ ()۳ عاقل ہونا۔ ()۴ مذکر ہونا (۵) قراءت۔ (۶) اعذار سے سالم ہونا جیسے نکسیر اور فافاۃ (گفتگو میں فاء زیادہ نکلے) اور تمتمہ (گفتگو میں تاء زیادہ نکلے) اور لثغ (سین کی جگہ ث اور ر کی جگہ غین نکلے) اور کسی شرط کا نہ پایا جانا جیسے طہارت اور ستر عورت۔

سوال: نماز کی امامت کا مطلب کیا ہے؟

جواب: نماز کی امامت کا مطلب یہ ہے کہ دوسرے کی نماز کا اس کی نماز کے ساتھ وابستہ ہونا۔ یعنی مقتدی کی نماز امام کی نماز کے ساتھ مل جاتی ہے اسی کا نام امامت ہے۔

سوال: امامت کرنا اذان دینے سے افضل کیوں ہے؟

جواب: اس کی وجہ یہ ہے کہ امامت میں زیادہ ثواب ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین سے اس پر ہمیشگی ثابت ہے۔

سوال: جماعت سے نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: عاقِل، بالغ، آزاد، قادر پر جماعت واجب ہے، بلا عذر ایک بار بھی چھوڑنے والا گنہگار اور مستحق سزا ہے اور کئی بار ترک کرے، تو فاسق مردود الشہادۃ اور اس کو سخت سزا دی جائے گی، اگر پروسیوں نے سکوت کیا تو وہ بھی گنہگار ہوئے۔

(غنية المتملي"، فصل في الإمامة و فيها مباحث، ص۵۰۸.)

مصنف نے جماعت سے نماز پڑھنے کو سنت قرار دیا ہے حالانکہ واجب ہے، اس کا ایک جواب یہ ہو سکتا ہے کہ اس کا ثبوت سنت سے ہے، جیسے عید کی نماز کو بعض ائمہ سنت کہتے ہیں حالانکہ وہ واجب ہے۔

سوال: امام کے لئے کتنی شرطیں ہیں؟

جواب: مرد غیر معذور کے امام کے لئے چھ شرطیں ہیں: (۱) امام کا مسلمان ہونا: لہذا کافر و مشرک اور وہ بد مذہب جس کی بد مذہبی حد کفر کو پہنچ گئی ہو، جیسے رافضی اگرچہ صرف صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت یا صحبت سے انکار کرتا ہو، یا شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شانِ اقدس میں تبرّا کہتا ہو۔ قدری، جہمی، مشبہ اور وہ جو قرآن کو مخلوق بتاتا ہے اور وہ جو شفاعت یا دیدار الٰہی یا عذابِ قبر یا کراماً کاتبین کا انکار کرتا ہے، ان کے پیچھے نماز نہیں ہو سکتی۔ ("غنية المتملي"، الأولى بالإمامة، ص۵۱۴.) اس سے سخت تر حکم وہابیۂ زمانہ کا ہے کہ اللہ عزوجل و نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین کرتے یا توہین کرنے والوں کو اپنا پیشوا یا کم از کم مسلمان ہی جانتے ہیں۔

مسئلہ: جس بد مذہب کی بد مذہبی حد کفر کو نہ پہنچی ہو، جیسے تفضیلیہ اس کے پیچھے نماز، مکروہ تحریمی ہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الخامس، الفصل الثالث، ج۱، ص۸۴.)

(۲) امام کا بالغ ہونا: لہذا نابالغ لڑکے کے پیچھے بالغ مرد کی نماز نہیں ہوگی خواہ تراویح و نوافل ہی کیوں نہ ہو۔

(۳) امام کا عاقل ہونا: لہذا مجنون وغیرہ کے پیچھے نماز نہیں ہوگی۔

(۴) امام کا مرد ہونا: لہذا عورت کا امام بننا جبکہ مقتدی مرد ہو درست نہیں خواہ کوئی بھی نماز ہو۔ اور اگر عورتیں ہی مقتدی ہوں تو عورت کو امام بننا درست تو ہے مگر مکروہِ تحریمی ہے۔

(۵) قراءت: یعنی اتنی مقدار میں قرآن کا یاد ہونا جس سے نماز جائز ہو جائے، اور وہ کم سے کم ایک آیت ہے۔

(۶) امام کا معذور نہ ہونا: یعنی کوئی ایسا مرض لاحق نہ ہو جس سے اس کا شمار معذورین میں ہو، جیسے نکسیر (ناک سے خون) کا جاری رہنا، یا فافاۃ (گفتگو میں فاء زیادہ نکلے) یعنی کوئی کلمہ ادا کرتے وقت مشقت کی وجہ سے پہلے فاء کی سی آواز نکال کر پھر اصل کلمہ نکالتا ہو۔ یا تمتمہ (گفتگو میں تاء زیادہ نکلے) اور لثغ: یعنی جو بعض حروف کی ادائیگی میں قادر نہ ہو مثلاً سین کی جگہ ث اور ر کی جگہ غین ادا کرتا ہو۔

اسی طرح جس امام کے اندر نماز کی شرطوں میں سے کوئی شرط نہ پائی جاتی ہو، اس کے پیچھے ایسے شخص کی نماز نہیں ہوگی جس میں نماز کی سب شرطیں موجود ہوں مثلاً طہارت والے کی نماز غیر طاہر کے پیچھے یا کپڑا پہننے والے کی نماز ننگے کے پیچھے درست نہ ہوگی۔

سوال: عورتوں کے امام کے لئے کیا مرد ہونا شرط ہے؟

جواب: عورتوں کے امام کے لئے مرد ہونا شرط نہیں، عورت بھی امام ہو سکتی ہے، اگرچہ مکروہ ہے۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: شروط الإمامة الكبرى، ج۲، ص۳۴۷، ۳۶۵.)

سوال: نابالغوں کے امام کے لئے کیا شرط ہے؟

جواب: نابالغوں کے امام کے لئے بالغ ہونا شرط نہیں، بلکہ نابالغ بھی نابالغوں کی اِمامت کر سکتا ہے، اگر سمجھ والا ہو۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، مطلب: شروط الإمامۃ الکبری، ج۲، ص۳۳۷.)

شُرُوْطُ صِحَّةِ الْاِقْتِدَاءِ

وَشُرُوْطُ صِحَّةِ الْإِقْتِدَاءِ أَرْبَعَةَ عَشَرَ شَيْئًا نِيَّةُ الْمُقْتَدِي الْمُتَابَعَةَ مُقَارِنَةً لِتَحْرِيْمَتِهٖ وَنِيَّةُ الرَّجُلِ الْإِمَامَةَ شَرْطٌ لِصِحَّةِ اقْتِدَاءِ النِّسَاءِ بِهٖ وَتَقَدُّمُ الْإِمَامِ بِعَقِبِهٖ عَنِ الْمَأْمُوْمِ وَأَنْ لَّا يَكُوْنَ أَدْنٰى حَالًا مِنَ الْمَأْمُوْمِ وَأَنْ لَا يَكُوْنَ الْإِمَامُ مُصَلِّيًا فَرْضًا غَيْرَ فَرْضِهٖ وَأَنْ لَا يَكُوْنَ الْإِمَامُ مُقِيْمًا لِمُسَافِرٍ بَعْدَ الْوَقْتِ فِيْ رُبَاعِيَّةٍ وَلَا مَسْبُوْقًا۔

ترجمہ: اور اقتدا کے صحیح ہونے کہ چودہ شرطیں ہیں: (۱) مقتدی کا اقتدا کی نیت کرنا اس حال میں کہ اقتدا کی نیت تحریمہ کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔ (۲) اور مرد کا عورت کی امامت کی نیت کرنا عورتوں کی اقتدا کے صحیح ہونے کے لئے شرط ہے۔ (۳) امام کا آگے ہونا مقتدی کی ایڑی سے۔ (۴) اور امام کی حالت کا مقتدی کی حالت سے کمتر نہ ہونا۔ (۵) اور امام کسی ایسے فرض کو نہ پڑھ رہا ہو جو مقتدی کے فرض کے علاوہ ہو۔ (۶) چار رکعت والی نماز میں وقت کے بعد (قضا میں) مسافر کے لئے امام کا مقیم نہ ہونا اور نہ امام مسبوق ہو۔

وَأَنْ لَا يَفْصِلَ بَيْنَ الْإِمَامِ وَالْمَأْمُوْمِ صَفٌّ مِنَ النِّسَاءِ وَأَنْ لَا يَفْصِلَ نَهْرٌ يَمُرُّ فِيْهِ الزَّوْرَقُ وَلَا طَرِيْقٌ تَمُرُّ فِيْهِ الْعَجَلَةُ وَلَا حَائِطٌ يَشْتَبِهُ مَعَهُ الْعِلْمُ بِانْتِقَالَاتِ الْإِمَامِ فَإِنْ لَمْ يَشْتَبِهْ لِسِمَاعٍ أَوْ رُؤْيَةٍ صَحَّ الْاِقْتِدَاءُ فِي الصَّحِيْحِ وَأَنْ لَا يَكُوْنَ الْإِمَامُ رَاكِبًا وَالْمُقْتَدِيْ رَاجِلًا أَوْ رَاكِبًا غَيْرَ دَابَّةِ إِمَامِهٖ وَأَنْ لَا يَكُوْنَ فِيْ سَفِيْنَةٍ وَالْإِمَامُ فِيْ أُخْرٰى غَيْرِ مُقْتَرِنَةٍ بِهَا وَأَنْ لَا يَعْلَمَ الْمُقْتَدِيْ مِنْ حَالِ إِمَامِهٖ مُفْسِدًا فِيْ زَعْمِ الْمَأْمُوْمِ كَخُرُوْجِ دَمٍ اَوْ قَيْءٍ لَمْ يُعِدْ بَعْدَهٗ وُضُوْءَهٗ۔

ترجمہ: (۷) اور امام اور مقتدی کے درمیان عورتوں کی صف کا فاصل نہ ہونا۔ (۸) اور ایسی نہر کا فاصل نہ ہونا جس میں چھوٹی کشتی گزر سکے۔ (۹) اور نہ کوئی ایسا راستہ ہو جس میں گاڑی گزر سکے۔ (۱۰) اور نہ کوئی دیوار ہو جس کے ساتھ امام کے انتقالات کا علم مشتبہ ہو جائے پس اگر سننے یا دیکھنے کی وجہ سے اشتباہ نہ ہو تو صحیح قول کے مطابق اقتدا صحیح ہو جائے گی۔ (۱۱) اور امام کا سوار اور مقتدی کا پیدل نہ ہونا۔ (۱۲) یا مقتدی سوار ہو اپنے امام کی سواری کے علاوہ پر۔ (۱۳) اور مقتدی کا ایک کشتی میں اور امام کا دوسری

کشتی میں سوار نہ ہونا جو مقتدی کی کشتی کے ساتھ ملی ہوئی نہ ہو۔ (۱۴) اور مقتدی کا اپنے امام کے حال میں سے کوئی ایسی چیز کا نہ جاننا جو مقتدی کے گمان میں مفسد ہو جیسے خون یا قے کا خارج ہونا کہ اس کے بعد امام نے اپنا وضو نہ لوٹایا ہو۔

سوال: اقتدا صحیح ہونے کی کتنی شرائط ہیں؟

جواب: اقتدا کے صحیح ہونے کی مصنف نے ۱۴ شرائط ذکر کی ہیں، حالانکہ بہار شریعت میں تیرہ شرطیں مذکور ہیں۔

سوال: اقتدا کی پہلی شرط متابعت کی نیت اور اس کا تحریمہ سے ملے ہوئے ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے مراد یہ ہے کہ مقتدی کو امام کی متابعت یعنی امام کے پیچھے نماز پڑھنے کی نیت کرنا (مثلاً پیچھے اس امام کے) کہنا تحریمہ کے ساتھ ہو یا تحریمہ سے اس طرح پہلے ہو کہ دونوں کے بیچ میں نیت توڑنے والی کوئی چیز نہ پائی گئی ہو جسے فعلِ اجنبی کہتے ہیں ورنہ پھر سے نیت کرنی پڑے گی، جیسے کھانا، پینا، کلام کرنا وغیرہ۔ ہاں نماز کے لئے جانا، وضو بنانا وغیرہ فعلِ اجنبی نہیں۔

سوال: اگر جماعت میں عورتیں شریک ہوں تو کیا امام کو عورتوں کی امامت کی نیت کرنا ضروری ہے؟

جواب: اگر امام مرد ہو اور اس کے پیچھے عورتیں بھی نماز میں شریک ہوں تو مرد امام کے لئے ضروری ہے کہ عورتوں کی امامت کی نیت کرے اور اگر امام نے عورتوں کی امامت کی نیت نہ کی تو عورتوں کی اقتدا درست نہیں ہو گی اور یہ اقتدا کی دوسری شرط ہے، ہاں مرد امام کو مردوں کی امامت اور عورت امام کو عورتوں کی امامت کی نیت کرنا شرط نہیں ہے مگر بغیر نیت کے امام کو امامت کا ثواب نہیں ملے گا لہذا نیّت کر لینا افضل ہے۔

سوال: اقتدا کی تیسری شرط امام کا مقتدی سے آگے ہونا ہے اس کی وضاحت کریں۔

جواب: اقتدا کی تیسری شرط کی وضاحت یہ ہے کہ مقتدی کا قدم امام کے قدم سے آگے نہ ہو اور اس آگے ہونے میں گٹے کا اعتبار ہے یعنی مقتدی کا گٹا امام کے گٹے سے آگے نہ ہو لہذا اگر مقتدی کا گٹا امام کے گٹے سے پیچھے ہو لیکن مقتدی کا پنجہ امام کے پنجے سے آگے ہو تو اقتدا صحیح ہو جائے گی کیوں کہ اعتبار گٹوں کا ہے نہ کہ پنجوں کا۔

سوال: امام کی حالت مقتدی کی حالت سے کمتر نہ ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے یہ مراد ہے کی امام کی نماز مقتدی کی نماز سے کم درجہ نہ ہو جیسے امام کی نفل اور مقتدی کی فرض بلکہ دونوں کی نماز ایک ہو مثلا دونوں آج کی ظہر کے فرض پڑھ رہے ہوں یا امام کی نماز اعلی ہو اور مقتدی کی نماز ادنی ہو جیسے امام کی فرض اور مقتدی کی نفل ہے تو نماز ہو جائے گی، اس کو دوسرے الفاظ میں یوں بیان کیا گیا ہے کہ امام کی نماز نماز مقتدی کو متضمن ہو، پس فرض اپنے ضمن میں فرض سنت نفل کو تو لئے ہوئے ہے مگر نفل و سنت، فرض کو اپنے ضمن میں لئے ہوئے نہیں ہوتے اور یہ اقتدا کی چوتھی شرط ہے۔

یا حالت سے مراد یہ ہے کہ امام کی حالت مقتدی کی حالت سے کمتر نہ ہو یعنی امام معذور ہو اور مقتدی غیرِ معذور ہو تو اقتدا درست نہیں ہو گی، بلکہ غیر معذور مقتدی کے امام کا غیر معذور ہونا ضروری ہے۔

سوال: اقتدا کی پانچویں شرط کی وضاحت کریں۔

جواب: اقتدا کی پانچوی شرط چوتھی شرط کے ضمن میں بیان ہو چکی ہے یعنی امام مقتدی دونوں کی نماز ایک ہو مثلاً دونوں آج کی ظہر کے فرض پڑھ رہے ہوں لہٰذا اگر فرض مختلف ہوئے کہ امام کی ظہر اور مقتدی کی عصر ہے یا امام کی آج کی ظہر اور مقتدی کی گزشتہ کل کی ظہر ہے تو نماز نہ ہو گی۔

سوال: اقتدا کی چھٹی شرط کی وضاحت تام کریں۔

جواب: اس کی وضاحت یہ ہے کہ چار رکعت والی نماز مثلاً ظہر، عصر، اور عشاء میں وقت گزر جانے کے بعد یعنی نماز کے قضا ہونے کے بعد مسافر مقتدی کا امام مقیم شخص نہیں بن سکتا کیوں کہ مسافر کو قصر کی وجہ سے دو رکعت قضا پڑھنی واجب ہے اور مقیم کو چار رکعت پڑھنی واجب ہے، ہاں! وقت کے اندر جائز ہے کہ مسافر مقتدی مقیم امام کے پیچھے پڑھ سکتا ہے اور اپنے امام کی متابعت میں مسافر اب پوری رکعت یعنی ۴ پڑھے گا۔ یوں ہی اقتدا کے درست ہونے کی ایک شرط یہ بھی ہے کہ مسافر مقتدی کا امام مسبوق نہ ہو کیونکہ مسبوق جب اپنی باقی ماندہ نماز پڑھ رہا ہو تو اس کے پیچھے اقتدا درست نہیں ہے کیونکہ وہ خود دوسرے کا مقتدی تھا بعد میں منفرد ہوا۔

سوال: امام اور مقتدی کے درمیان عورتوں کی پوری صف حائل ہو گی تو کیا حکم ہے؟

جواب: اقتدا کی ساتویں شرط یہ ہے کہ امام اور مقتدی کے درمیان عورتوں کی پوری صف حائل نہ ہو لہٰذا اگر عورتوں کی پوری صف امام کے پیچھے ہو تو ان عورتوں کے پیچھے مردوں کی جتنی بھی صفیں ہوں گی، سب کی نماز فاسد ہو جائے گی کیونکہ عورتوں کی صف بڑی دیوار کی منزل میں ہے اور پوری صف سے مراد تین سے زیادہ عورتیں ہیں پس اگر تین عورتیں ہوں تو ان کے پیچھے والی صفوں میں سے ہر صف کے ان تین آدمیوں کی نماز جو ان عورتوں کے سیدھ میں پیچھے ہوں گے اخیر صفوں تک فاسد ہو جائے گی، اور بقیہ لوگوں کی نماز صحیح ہو گی اور اگر دو عورتیں ہوں تو ان کے پیچھے والی صرف پہلی صف کے ان دو مردوں کی نماز فاسد ہو گی جو ان کے عین پیچھے ہیں اور اگر ایک ہو تو پیچھے والی صرف پہلی صف کے ایک ہی مرد کی نماز فاسد ہو گی جو اس کے عین پیچھے ہے اور یہ مسئلہ اس وقت ہے جب کہ عورت کی صف میں کوئی مرد نہ ہو اور اگر عورت مردوں کی صف میں کھڑی ہو تو اس کا حکم اگلے سوال میں آ رہا ہے۔

سوال: اگر مردوں کی صف میں ایک یا دو یا تین عورتیں کھڑی ہو جائیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: ایک عورت مرد کے برابر کھڑی ہو تو تین مردوں کی نماز جاتی رہے گی، دو دہنے بائیں اور ایک پیچھے والے کی۔ اور دو عورتیں ہوں تو چار مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی، دو دہنے بائیں دو پیچھے اور تین عورتیں ہوں تو دو دہنے بائیں اور پیچھے کی ہر صف سے تین تین شخص کی اور اگر عورتوں کی پوری صف ہو تو پیچھے جتنی صفیں ہیں، ان سب کی نماز نہ ہو گی۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، مطلب في الکلام علی الصف الأوّل، ج۲، ص۳۸۰.)

سوال: عورت اگر مرد کے محاذی ہو تو مرد کی نماز جاتی رہے گی۔ اس کے لئے کیا شرطیں ہیں؟

جواب: عورت اگر مرد کے محاذی ہو تو مرد کی نماز جاتی رہے گی اس کے لیے چند شرطیں ہیں:

(۱) عورت مشتہات ہو یعنی اس قابل ہو کہ اس سے جماع ہو سکے، اگرچہ نابالغہ ہو اور مشتہات میں سن کا اعتبار نہیں نو برس کی ہو یا اس سے کچھ کم کی، جب کہ اُس کا جُثہ اس قابل ہو اور اگر اس قابل نہیں، تو نماز فاسد نہ ہوگی اگرچہ نماز پڑھنا جانتی ہو۔ بڑھیا بھی اس مسئلہ میں مشتہات ہے، وہ عورت اگر اس کی زوجہ ہو یا محارم میں ہو، جب بھی نماز فاسد ہو جائے گی، (۲) کوئی چیز اُنگلی برابر موٹی اور ایک ہاتھ اونچی حائل نہ ہو، نہ دونوں کے درمیان اتنی جگہ خالی ہو کہ ایک مرد کھڑا ہو سکے، نہ عورت اتنی بلندی پر ہو کہ مرد کا کوئی عضو اس کے کسی عضو سے محاذی نہ ہو، (۳) رکوع سجود والی نماز میں یہ محاذات واقع ہو، اگر نماز جنازہ میں محاذات ہوئی تو نماز فاسد نہ ہوگی، (۴) وہ نماز دونوں میں تحریمۃً مشترک ہو یعنی عورت نے اس کی اقتدا کی ہو یا دونوں نے کسی امام کی، اگرچہ شروع سے شرکت نہ ہو، تو اگر دونوں اپنی اپنی پڑھتے ہوں تو فاسد نہ ہوگی، مکروہ ہوگی، (۵) ادا میں مشترک ہو کہ اس میں مرد اس کا امام ہو یا ان دونوں کا کوئی دوسرا امام ہو جس کے پیچھے ادا کر رہے ہیں، حقیقۃً یا حکماً مثلاً دونوں لاحق ہوں کہ بعد فراغ امام اگرچہ امام کے پیچھے نہیں مگر حکماً امام کے پیچھے ہی ہیں اور مسبوق امام کے پیچھے، نہ حقیقۃً ہے نہ حکماً بلکہ وہ منفرد ہے، (۶) دونوں ایک ہی جہت کو متوجہ ہوں اگر جہت بدل جائے، جیسے تاریک شب میں کہ پتہ نہ چلتا ہو ایک طرف امام کا منہ ہے اور دوسری طرف مقتدی کا یا کعبہ معظمہ میں پڑھی اور جہت بدلی ہو تو نماز ہو جائے گی، (۷) عورت عاقلہ ہو، مجنونہ کی محاذات میں نماز فاسد نہ ہوگی، (۸) امام نے اِمامت زناں (عورتوں کی امامت) کی نیّت کر لی ہو، اگرچہ شروع کرتے وقت عورتیں شریک نہ ہوں اور اگر اِمامت زناں کی نیت نہ ہو تو عورت ہی کی فاسد ہوگی مرد کی نہیں، (۹) اتنی دیر تک محاذات رہے کہ ایک کامل رکن ادا ہو جائے یعنی بقدر تین تسبیح کے، (۱۰) دونوں نماز پڑھنا جانتے ہوں، (۱۱) مرد عاقِل بالغ ہو۔

("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس في الإمامۃ، الفصل الخامس، ج۱، ص۸۹.)

سوال: اقتدا کی آٹھویں شرط بیان کریں۔

جواب: اقتدا کی آٹھویں شرط یہ ہے کہ امام اور مقتدی کے درمیان کوئی ایسی نہر حائل نہ ہو جس میں چھوٹی کشتیاں چل سکیں، پس اگر ایسی صورت ہے تو اقتدا درست نہیں ہوگی کیونکہ اتصالِ صفوف نہ پایا جائے گا اور اگر نہر اتنی چھوٹی ہو کہ اس میں چھوٹی کشتیاں نہ گزر سکیں تو اقتدا درست ہے۔

سوال: اقتدا کی نویں شرط بیان کریں۔

جواب: اقتدا کی نویں شرط یہ ہے کہ امام و مقتدی کے درمیان ایسا کشادہ راستہ نہ ہو جس میں سے بیل گاڑی گزر جائے اور اس کی مقدار مفتی بہ قول کے مطابق دو صف کے برابر ہے پس اگر کشادہ راستہ ہو تو اقتدا صحیح نہیں ہوگی کہ یہ اتصال صفوف سے مانع ہے۔

سوال: اگر امام و مقتدی کے درمیان ایسی دیوار ہو جس کے سبب امام کے انتقالات کا علم نہ ہو سکے تو کا کیا حکم ہے؟

جواب: اقتدا کی دسویں شرط یہ ہے کہ امام و مقتدی کے درمیان ایسی دیوار حائل نہ ہو جس کے سبب امام کی نقل و حرکت مثلا رکوع قومہ جلسہ سجدہ وغیرہ مقتدی پر مشتبہ ہو جائے یعنی معلوم نہ ہو سکے پس اگر امام کے انتقالات کا علم مقتدی کو نہ ہو سکے تو اقتدا درست نہیں ہے خواہ کسی چیز کے حائل ہونے کی وجہ سے ہو یا کسی اور وجہ سے ہاں اگر مکبر کی تکبیر وغیرہ سے انتقالات کا علم ہو جائے تو اقتدا درست ہے کہ اب امام کا حال مشتبہ نہ رہا۔

سوال: امام سوار ہو اور مقتدی پیدل تو کیا اقتدا ہو جائے گی؟

جواب: اقتدا کی ایک شرط امام و مقتدی کا ایک مکان میں ہونا ہے، لہذا اگر امام سوار ہو اور مقتدی پیدل یا امام پیدل اور مقتدی سوار تو اقتدا درست نہیں کہ دونوں کا مکان ایک نہ رہا۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: الواجب كفاية هل يسقط... إلخ، ج٢، ص٣٩٥.)

اور مصنف نے اس کو اقتدا کی گیارہویں شرط شمار کی ہے۔

سوال: اگر امام و مقتدی دونوں سوار ہوں مگر دونوں کی سواری الگ الگ ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام و مقتدی دونوں دو سواریوں پر ہیں تو اقتدا نہ ہوئی کہ دونوں کے مکان مختلف ہیں۔ اور اگر دونوں ایک سواری پر سوار ہوں، تو پیچھے والا اگلے کی اقتدا کر سکتا ہے کہ مکان ایک ہے۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: الواجب كفاية هل يسقط... إلخ، ج٢، ص٣٩٥.)

اور مصنف نے اس کو اقتدا کی بارہویں شرط شمار کی ہے۔

سوال: اگر امام و مقتدی دونوں الگ الگ کشتی میں سوار ہوں تو کیا حکم ہے؟

جواب: دو کشتیاں باہم بندھی ہوں ایک پر امام ہے، دوسری پر مقتدی تو اقتدا صحیح ہے کہ اتصال کی بنا پر مکانِ واحد کے حکم میں ہے، اور جدا ہوں تو نہیں۔ اور اگر کشتی کنارے پر رُکی ہوئی ہے اور امام کشتی پر ہے اور مقتدی خشکی میں تو اگر درمیان میں راستہ ہو یا بڑی نہر کے برابر فاصلہ ہو تو اقتدا صحیح نہیں، ورنہ ہے۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المريض، مطلب في الصلاة في السفينة، ج٢، ص٦٩١.) اور مصنف نے اس کو اقتدا کی تیرہویں شرط شمار کی ہے۔

سوال: اقتدا کی ۱۴ ویں شرط کی وضاحت کریں۔

جواب: اقتدا کی ۱۴ ویں شرط یہ ہے کہ مقتدی امام کے بارے میں کسی ایسی چیز کا علم نہ رکھتا ہو جو مقتدی کے مذہب کے مطابق اس کی نماز کو فاسد کر دیتی ہو، اور اس کی وضاحت یہ ہے کہ امام کی نماز مقتدی کے مذہب کے مطابق صحیح ہو مثلا امام شافعی المذہب ہو تو اس کے پیچھے حنفی مقتدی کی نماز تب درست ہو گی جبکہ مقتدی کے علم میں امام کے اندر کوئی ایسی چیز نہ پائی جائے جس سے حنفی مذہب کے مطابق نماز فاسد ہو جاتی ہو مثلا حنفی مقتدی نے شافعی المذہب امام کے بدن سے خون نکلتے دیکھا اور اس امام نے اس کے بعد بغیر وضو کئے نماز پڑھانی شروع کر دی تو اب حنفی

مقتدی کی نماز اس کے پیچھے نہیں ہو گی کیونکہ شافعی المذہب امام حنفی مقتدی کے مذہب کے اعتبار سے بے وضو ہو گیا اور بے وضو شخص کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔ عند الاحناف بدن کے کسی حصے سے خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے جبکہ عند الشوافع نہیں ٹوٹتا۔

امام کی نماز خود اس کے گمان میں صحیح ہے اور مقتدی کے گمان میں صحیح نہ ہو تو جب بھی اقتدا صحیح نہ ہوئی، مثلاً شافعی المذہب امام کے بدن سے خون نکل کر بہہ گیا جس سے حنفیہ کے نزدیک وضو ٹوٹتا ہے اور بغیر وضو کئے اِمامت کی، حنفی اس کی اقتدا نہیں کر سکتا، اگر کرے گا نماز باطل ہو گی اور اگر امام کی نماز خود اس کے طور پر صحیح نہ ہو مگر مقتدی کے طور پر صحیح ہو تو اس کی اقتدا صحیح ہے، جب کہ امام کو اپنی نماز کا فساد معلوم نہ ہو مثلاً شافعی امام نے عورت یا عضو تناسل چھونے کے بعد بغیر وضو کئے بھول کر اِمامت کی، حنفی اس کی اقتدا کر سکتا ہے، اگرچہ اس کو معلوم ہو کہ اس سے ایسا واقعہ ہوا تھا اور اس نے وضو نہ کیا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: شروط الإمامة الکبرٰی، ج۲، ص۳۳۹.)

شافعی یا دوسرے مقلد کی اقتدا اس وقت کر سکتے ہیں، جب وہ مسائل طہارت و نماز میں ہمارے فرائض مذہب کی رعایت کرتا ہو یا معلوم ہو کہ اس نماز میں رعایت کی ہے یعنی اس کی طہارت ایسی نہ ہو کہ حنفیہ کے طور پر غیر طاہر کہا جائے، نہ نماز اس قسم کی ہو کہ ہم اُسے فاسد کہیں پھر بھی حنفی کو حنفی کی اقتدا افضل ہے اور اگر معلوم نہ ہو کہ ہمارے مذہب کی رعایت کرتا ہے یا نہیں، نہ یہ کہ اس نماز میں رعایت کی ہے یا نہیں تو جائز ہے، مگر مکروہ، اور اگر معلوم ہو کہ اس نماز میں رعایت نہیں کی ہے، تو باطل محض ہے۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث، ج۱، ص۸۴.)

مُتَفَرِّقَاتٌ فِي الْاِقْتِدَاءِ

وَصَحَّ اِقْتِدَاءُ مُتَوَضِّيءٍ بِمُتَيَمِّمٍ وَغَاسِلٍ بِمَاسِحٍ وَقَائِمٍ بِقَاعِدٍ وَبِأَحْدَبَ وَمُوْمٍ بِمِثْلِهِ وَمُتَنَفِّلٍ بِمُفْتَرِضٍ وَإِنْ ظَهَرَ بُطْلَانُ صَلَاةِ إِمَامِهِ أَعَادَ وَيَلْزَمُ الْإِمَامَ إِعْلَامُ الْقَوْمِ بِإِعَادَةِ صَلَاتِهِمْ بِالْقَدْرِ الْمُمْكِنِ فِي الْمُخْتَارِ۔

ترجمہ: اور وضو کرنے والے کی اقتدا تیمم کرنے والے کے پیچھے صحیح ہے اور پیروں کو دھونے والے کی اقتدا مسح کرنے والے کے پیچھے اور کھڑے ہونے والے کی اقتدا بیٹھے ہوئے کے پیچھے اور کبڑے کے پیچھے اور اشارہ کرنے والے کی اقتدا اسی جیسے کے پیچھے اور نفل پڑھنے والے کی اقتدا فرض پڑھنے والے کے پیچھے صحیح ہے، اور اگر اپنے امام کی نماز کا باطل ہونا ظاہر ہو جائے تو اعادہ کرے، اور امام پر لازم ہے کہ جس قدر ممکن ہو قوم کو نماز کے لوٹانے کا اعلان کرے مختار مذہب میں۔

سوال: کیا وضو کرنے والا تیمم کرنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! وضو کرنے والا تیمم کرنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے، کیونکہ تیمم اور وضو پاکی کے حکم میں برابر ہیں۔

سوال: کیا مسح کرنے والے کے پیچھے پاؤں دھونے والے کی نماز ہو جائے گی؟

جواب: مسح کرنے والے کے پیچھے خواہ موزے پر مسح کرتا ہو یا جبیرہ وغیرہ پر، دھونے والے کی اقتدا درست ہے، کیونکہ مسح کرنا اور دھونا ایک درجے کی طہارت ہے۔

سوال: کیا کھڑے ہونے والے کی اقتدا بیٹھنے والے اور کبڑے کے پیچھے درست ہے؟

جواب: جو رکوع و سجود سے عاجز ہے یعنی وہ کہ کھڑے یا بیٹھے رکوع و سجود کی جگہ اشارہ کرتا ہو، اس کے پیچھے اس کی نماز نہ ہو گی جو رکوع و سجود پر قادر ہے اور اگر بیٹھ کر رکوع و سجود کر سکتا ہو یا کبڑا ہو تو اس کے پیچھے کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی ہو جائے گی۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: الواجب كفاية...إلخ، ج٢، ص٣٩١.)

کھڑا ہو کر نماز پڑھنے والا بیٹھنے والے اور کوزہ پشت (کبڑا) کی اقتدا کر سکتا ہے، اگرچہ اس کا کُب حدِ رکوع کو پہنچا ہو، جس کے پاؤں میں ایسا لنگ ہے کہ پورا پاؤں زمین پر نہیں جمتا اوروں کی اِمامت کر سکتا ہے، مگر دوسرا شخص اَولیٰ ہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث، ج١، ص٨٥)

سوال: اشارے سے نماز پڑھنے والا کن لوگوں کا امام بن سکتا ہے؟

جواب: اشارے سے پڑھنے والا اپنے مثل کی اقتدا کر سکتا ہے، مگر جب کہ امام لیٹ کر اشارہ سے پڑھتا ہو اور مقتدی کھڑے یا بیٹھے تو نہیں۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، ج٢، ص٤٠٨.)

سوال: کیا نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کی اقتدا کر سکتا ہے، اگرچہ مفترض پچھلی رکعتوں میں قراءت نہ کرے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث، ج١، ص٨٥)

سوال: مذکورہ تمام مسائل کا قاعدۂ کلیہ کیا ہے؟

جواب: ان تمام مسائل میں قاعدۂ کلیہ یہ ہے کہ اگر مقتدی امام سے حالت میں کم یا برابر ہو گا تو اقتدا درست ہو جائے گی اور اگر مقتدی امام کی حالت سے زیادہ ہو تو اقتدا درست نہیں ہو گی۔

سوال: اگر امام کی نماز کسی وجہ سے فاسد ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام کی نماز کسی وجہ سے فاسد ہو جائے تو سب مقتدیوں کی نماز فاسد ہو جائے گی خواہ یہ فساد نماز میں معلوم ہو یا نماز ختم ہونے کے بعد۔ لہذا اس نماز کا اعادہ کیا جائے گا۔ اور اگر اس فساد کا علم مقتدیوں کو نہ ہو پائے تو امام پر لازم ہے کہ اپنے مقتدیوں کو حتی المقدور اس کی اطلاع کر دے تاکہ وہ اپنی اپنی نمازوں کو لوٹا لیں، خواہ بذریعہ قاصد یا بذریعہ تحریر، جبکہ مقتدی چلے گئے ہوں۔ یہ مسئلہ مختار مذہب کے مطابق ہے جبکہ غیر مختار مذہب کے مطابق اگر مقتدی غیر معین ہوں تو امام پر اطلاع دینا ضروری نہیں ہے۔

فَصۡلٌ يَسۡقُطُ حُضُوۡرُ الۡجَمَاعَةِ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جن سے جماعت میں حاضر ہونا ساقط ہو جاتا ہے

يَسۡقُطُ حُضُوۡرُ الۡجَمَاعَةِ بِوَاحِدٍ مِنۡ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَيْئًا مَطَرٌ وَبَرۡدٌ وَخَوۡفٌ وَظُلۡمَةٌ وَحَبۡسٌ وَعَمًى وَفَلَجٌ وَقَطۡعُ يَدٍ وَرِجۡلٍ وَسَقَامٌ وَإِقۡعَادٌ وَوَحَلٌ وَزَمَانَةٌ وَشَيۡخُوۡخَةٌ وَتَكۡرَارُ فِقۡهٍ بِجَمَاعَةٍ تَفُوۡتُهُ وَحُضُوۡرُ طَعَامٍ تَتُوۡقُهُ نَفۡسُهُ وَإِرَادَةُ سَفَرٍ وَقِيَامُهُ بِمَرِيۡضٍ وَشِدَّةُ رِيۡحٍ لَيۡلًا لَا نَهَارًا وَإِذَا انۡقَطَعَ عَنِ الۡجَمَاعَةِ لِعُذۡرٍ مِنۡ أَعۡذَارِهَا الۡمُبِيۡحَةِ لِلتَّخَلُّفِ يَحۡصُلُ لَهٗ ثَوَابُهَا۔

ترجمہ: جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے اٹھارہ چیزوں میں سے کسی ایک چیز کے پائے جانے کی وجہ سے (۱) بارش (۲) سخت سردی (۳) خوف (۴) تاریکی (۵) روک (۶) اندھا ہونا (۷) فالج ہونا (۸) ہاتھ اور پیر کا کٹا ہونا (۹) بیماری (۱۰) پیروں کا بے حس ہونا (۱۱) کیچڑ (۱۲) دائمی مرض (۱۳) بڑھاپا (۱۴) جماعت کے ساتھ فقہ کی تکرار جو اس سے فوت ہو جائے گی (۱۵) کھانے کا حاضر ہونا جس کو دل چاہ رہا ہو (۱۶) سفر کا ارادہ (۱۷) اس کا ٹھہرنا کسی بیمار کے پاس (۱۸) ہوا کا تیز ہونا رات کے وقت نہ کہ دن میں، اور جب جماعت سے رک جائے جماعت کے اعذار میں سے کسی عذر کی وجہ سے جو مباح کر دینے والا ہے پیچھے رہنے کو تو اس کو جماعت کا ثواب حاصل ہو جائے گا۔

سوال: کس نماز کی جماعت شرط، سنّتِ کفایہ، مستحب اور مکروہ ہے؟

جواب: جمعہ و عیدین میں جماعت شرط ہے اور تراویح میں سُنت کفایہ کہ محلہ کے سب لوگوں نے ترک کی تو سب نے بُرا کیا اور کچھ لوگوں نے قائم کرلی تو باقیوں کے سر سے جماعت ساقط ہو گئی اور رمضان کے وتر میں مستحب ہے، نوافل اور علاوہ رمضان کے وتر میں اگر تداعی کے طور پر ہو تو مکروہ ہے۔ تداعی کے یہ معنی ہیں کہ تین سے زیادہ مقتدی ہوں۔ سورج گہن میں جماعت سنت ہے اور چاند گہن میں تداعی کے ساتھ مکروہ۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثامن عشر في الصلاة الكسوف، ج۱، ص۱۵۲.)

سوال: جماعت میں حاضری کس کس صورت میں معاف ہے؟ بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: مندرجہ ذیل اٹھارہ چیزوں میں سے اگر کوئی چیز پائی گئی تو جماعت میں حاضری معاف ہے:

(۱) زور کی بارش ہو رہی ہو تو جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے۔

(۲) سخت سردی کی وجہ سے کہ باہر نکلنے اور مسجد تک جانے میں کسی بیماری کے پیدا ہونے یا بڑھ جانے کا خوف ہو تو جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے۔

(۳) مسجد میں جانے سے کسی دشمن یا ظالم کے مل جانے کا خوف ہو تو جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے۔

(۴) بہت زیادہ اندھیرا ہو کہ مسجد کی طرف راستہ نہ سوجھتا ہو تو جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے۔

(۵) تنگ دست، مدیون کو قرض خواہ نے پکڑ رکھا ہو تو جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے اسی کو حبس یعنی روکنا کہتے ہیں۔

(۶) اندھا ہونا اگرچہ اس کو کوئی ہاتھ پکڑ کر لے جانے والا ہو تو بھی اس پر جماعت کی حاضری ساقط ہے۔

(۷) فالج زدہ پر جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے، فالج ایک بیماری ہے جو بدن کی ایک جانب طول میں لاحق ہوتی ہے جس سے اس حصۂ بدن کا احساس ختم ہو جاتا ہے اور حرکت کرنا بند کر دیتا ہے۔

(۸) جس کا ایک ہاتھ اور ایک پاؤں کٹا ہوا ہو تو اس پر جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے البتہ صرف ایک ہاتھ کا کٹا ہوا ہونا عذر نہیں ہے ہاں ایک پاؤں کا کٹا ہونا عذر ہے۔

(۹) کوئی ایسی بیماری ہو جس کی وجہ سے چل پھر نہ سکتا ہو اور مسجد تک جانے میں تکلیف ہو تو ایسے شخص پر جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے۔

(۱۰) جس شخص کے دونوں پاؤں یا صرف ایک پاؤں شل یعنی بے حس ہو یا دونوں ہاتھ شل ہوں تو ایسے شخص پر جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے، اقعاد کے معنی بے حس پاؤں یا بے حس ہاتھ والا ہونا ہے۔

(۱۱) مسجد کے راستے میں بہت کیچڑ ہو تو جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے۔

(۱۲) جو شخص مدت سے بیمار ہونے کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہو کہ جس کی وجہ سے چلنا مشکل ہو تو اس شخص پر جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے، زمانۃ کے معنی دائمی مریض ہونے کے ہیں۔

(۱۳) شیخوخت سے مراد بہت بڑھاپا ہونا کہ چلنے پھرنے سے عاجز ہو اور اس کو مسجد تک جانے میں مشقت ہو تو ایسے شخص پر جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے۔

(۱۴) فقہ کی تکرار ہو رہی ہو یعنی علم فقہ کے سیکھنے سکھانے میں مشغول ہے یا علما کے درمیان کسی مسئلے میں تکرار ہو رہی ہے اب وہ جماعت میں شریک ہوتا ہے تو وہ رفقاء جو اس کے ساتھ تکرار میں شریک ہیں اس سے جدا ہو جائیں گے تو ایسی صورت میں جماعت کی حاضری ساقط ہوتی ہے ۔ ہاں نحو و لغت کی تکرار عذر نہیں ہے۔

(۱۵) جب کھانا حاضر ہو اور بھوک لگی ہو اور نفس اس کی طرف راغب ہو کہ نماز میں دل نہ لگنے کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت، جماعت کی حاضری کے ساقط ہونے کا سبب ہے۔

(۱۶) اگر کوئی شخص سفر کا ارادہ رکھتا ہو اور اس کو خوف ہو کہ جماعت سے نماز پڑھنے میں دیر ہو جائے گی اور قافلہ نکل جائے گا یا سواری چھوٹ جائے گی تو یہ صورت بھی جماعت کی حاضری کے ساقط ہونے کا سبب ہے۔

(۱۷) اگر کوئی شخص کسی مریض کی تیمارداری کرتا ہو اور اس کو یہ خوف ہو کہ اگر وہ جماعت سے نماز پڑھتا ہے تو مریض کو تکلیف یا وحشت ہو گی تو یہ صورت جماعت کی حاضری کے ساقط ہونے کی وجہ ہے۔

(۱۸) اگر رات کے وقت آندھی اور تیز ہوا چلتی ہو تو جماعت کی حاضری ساقط ہو جاتی ہے، البتہ دن کے وقت میں آندھی اور تیز ہوا کا چلنا ترک جماعت کے لئے عذر نہیں ہے۔

سوال: اگر کوئی شخص ان مذکورہ اعذار میں سے کسی عذر کی وجہ سے جماعت میں شامل نہ ہوسکا تو کیا اس کو جماعت کا ثواب ملے گا؟

جواب: اگر اس کی یہ نیت تھی کہ اگر یہ عذر نہ ہوتا تو وہ ضرور جماعت میں شامل ہوتا تو اس کو جماعت کا ثواب مل جائے گا۔

روضۂ پاک سے بِشارت

امیرُالْمُؤمِنِین حضرتِ مولائے کائنات، **علیُّ الْمُرتَضٰی** شیرِ خدا کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں کہ تاجدارِ مدینہ، قَرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے مزارِ فائضُ الانوار میں جلوہ گری کے تین روز بعد ایک بَدُّو حاضِر ہُوا اور اُس نے اپنے آپ کو قبرِ مُنَوَّر پر گرادیا اور اُس کی خاکِ پاک اپنے سَر پر ڈالی اور یوں عرض گزار ہُوا: یَا رَسُولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! جو کچھ آپ نے اللّٰہ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی سے سنا ہے وہ ہم نے آپ سے سنا ہے۔ (اور وہ یہ ہے:) وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا(۶۴) (پ۵، النساء: ۶۴)

ترجَمۂ کنزالایمان: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب! تمہارے حُضور حاضِر ہوں اور پھر اللّٰہ سے مُعافی چاہیں اور رسول ان کی شَفاعت فرمائے تو ضَرور اللّٰہ کو بَہُت توبہ قَبول کرنے والا مِہربان پائیں۔

یَا رَسُولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! میں نے اپنے اُوپر ظُلم کیا ہے (یعنی گناہ کئے ہیں) اور آپ کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضِر ہُوا ہوں تاکہ آپ میرے واسطے اِستِغفار فرمائیں۔ قبرِ اَنور سے آواز آئی: "قَدْ غُفِرَ لَكَ" یعنی تحقیق تیرے گناہ بخش دیئے گئے ہیں۔ (وفاء الوفا ج۲ ص۱۳۶۱)

فَصۡلٌ فِيۡ بَيَانِ الۡأَحَقِّ بِالۡإِمَامَةِ

یہ فصل امامت کرنے کے زیادہ حقدار ہونے کے بیان میں ہے

إِذَا لَمۡ يَكُنۡ بَيۡنَ الۡحَاضِرِيۡنَ صَاحِبُ مَنۡزِلٍ وَلَا وَظِيۡفَةٍ وَلَا ذُوۡ سُلۡطَانٍ فَالۡأَعۡلَمُ أَحَقُّ بِالۡإِمَامَةِ ثُمَّ الۡأَقۡرَأُ ثُمَّ الۡأَوۡرَعُ ثُمَّ الۡأَسَنُّ ثُمَّ الۡأَحۡسَنُ خُلُقًا ثُمَّ الۡأَحۡسَنُ وَجۡهًا ثُمَّ الۡأَشۡرَفُ نَسَبًا ثُمَّ الۡأَحۡسَنُ صَوۡتًا ثُمَّ الۡأَنۡظَفُ ثَوۡبًا فَإِنِ اسۡتَوَوۡا يُقۡرَعُ أَوِ الۡخِيَارُ إِلَى الۡقَوۡمِ فَإِنِ اخۡتَلَفُوۡا فَالۡعِبۡرَةُ بِمَا اِخۡتَارَهُ الۡأَكۡثَرُ وَإِنۡ قَدَّمُوۡا غَيۡرَ الۡأَوۡلٰى فَقَدۡ أَسَاءُوۡا۔

ترجمہ: جب حاضرین میں صاحب خانہ اور صاحب وظیفہ اور صاحب اقتدار نہ ہو تو سب سے زیادہ جاننے والا امامت کا سب سے زیادہ حقدار ہو گا۔ پھر سب سے زیادہ قاری پھر سب سے زیادہ پرہیز گار، پھر سب سے زیادہ عمر والا، پھر وہ جو اخلاق کے اعتبار سے زیادہ اچھا ہو، پھر وہ جو خوبصورت ہو، پھر وہ جو نسب کے اعتبار سے سب سے زیادہ شریف ہو، پھر وہ جو اچھی آواز والا ہو، پھر وہ جس کے کپڑے زیادہ صاف ہوں، پس اگر سب کے سب برابر ہوں تو قرعہ ڈال لیا جائے یا قوم کو اختیار ہو گا، پس اگر لوگ اختلاف کریں تو اعتبار اس کا ہو گا جس کو اکثر لوگوں نے پسند کیا ہو، اور اگر لوگوں نے غیر مستحق کو آگے کر دیا تو انہوں نے برا کیا۔

مَنۡ تُكۡرَهُ إِمَامَتُهُمۡ

وَكُرِهَ إِمَامَةُ الۡعَبۡدِ وَالۡأَعۡمٰى وَالۡأَعۡرَابِيِّ وَوَلَدِ الزِّنَا وَالۡجَاهِلِ وَالۡفَاسِقِ وَالۡمُبۡتَدِعِ وَتَطۡوِيۡلُ الصَّلَاةِ وَجَمَاعَةُ الۡعُرَاةِ وَالنِّسَاءِ فَإِنۡ فَعَلۡنَ يَقِفُ الۡإِمَامُ وَسَطَهُنَّ كَالۡعُرَاةِ۔

ترجمہ: اور غلام، اندھے، اعرابی، جاہل، ولد الزنا، فاسق اور بدعتی کی امامت مکروہ قرار دی گئی ہے، اور نماز کو لمبا کرنا اور ننگوں اور عورتوں کی جماعت (کو بھی مکروہ قرار دیا گیا ہے) پس اگر عورتیں جماعت کریں تو امام ان کے بیچ میں کھڑی ہو گی ننگوں کی جماعت کی طرح۔

تَرۡتِيۡبُ الصُّفُوۡفِ

وَيَقِفُ الْوَاحِدُ عَنْ يَمِيْنِ الْإِمَامِ وَالْأَكْثَرُ خَلْفَهُ وَيَصُفُّ الرِّجَالُ ثُمَّ الصِّبْيَانُ ثُمَّ الْخَنَاثٰى ثُمَّ النِّسَاءُ۔

ترجمہ: اور ایک مقتدی امام کے داہنی جانب کھڑا ہو اور ایک سے زیادہ امام کے پیچھے کھڑے ہوں اور مرد صف باندھیں پھر بچے پھر خنثی پھر عورتیں۔

سوال: امامت کا زیادہ حقدار کون ہے؟

جواب: جب حاضرین میں صاحبِ خانہ اور صاحبِ وظیفہ یعنی معین امام اور صاحبِ اقتدار یعنی خلیفہ وغیرہ میں سے کوئی ہو تو یہی لوگ امامت کے حقدار ہیں اگرچہ حاضرین میں کوئی ان سے زیادہ علم اور زیادہ تجوید والا ہو جبکہ وہ لوگ جامع شرائط امام ہوں ورنہ وہ لوگ امامت کے اہل نہیں بہتر ہونا در کنار۔

(۱) ہاں! جب ان میں سے کوئی نہ ہو تو سب سے زیادہ مستحق اِمامت وہ شخص ہے جو نماز و طہارت کے احکام کو سب سے زیادہ جانتا ہو، اگرچہ باقی علوم میں پوری مہارت نہ رکھتا ہو، بشرطیکہ اتنا قرآن یاد ہو کہ بطور مسنون پڑھے اور صحیح پڑھتا ہو یعنی حروف مخارج سے ادا کرتا ہو اور مذہب کی کچھ خرابی نہ رکھتا ہو اور فواحش (بے حیائی کے کاموں) سے بچتا ہو۔

(۲) اس کے بعد وہ شخص جو تجوید (قراءت) کا زیادہ علم رکھتا ہو اور اس کے موافق ادا کرتا ہو۔

(۳) اگر کئی شخص ان باتوں میں برابر ہوں، تو وہ جو زیادہ ورع رکھتا ہو یعنی حرام تو حرام شبہات سے بھی بچتا ہو۔

(۴) اس میں بھی برابر ہوں، تو زیادہ عمر والا یعنی جس کو زیادہ زمانہ اسلام میں گزرا۔

(۵) اس میں بھی برابر ہوں، تو جس کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں۔

(۶) اس میں بھی برابر ہوں، تو زیادہ وجاہت والا یعنی تہجد گزار کہ تہجد کی کثرت سے آدمی کا چہرہ زیادہ خوبصورت ہو جاتا ہے۔

(۷) پھر زیادہ خوبصورت، پھر زیادہ حسب والا۔

(۸) پھر وہ کہ باعتبار نسب کے زیادہ شریف ہو۔

(۹) پھر اچھی آواز والا۔

(۱۰) پھر زیادہ مالدار۔

(۱۱) پھر زیادہ عزت والا۔

(۱۲) پھر وہ جس کے کپڑے زیادہ ستھرے ہوں۔

غرض چند شخص برابر کے ہوں، تو ان میں جو شرعی ترجیح رکھتا ہو زیادہ حق دار ہے اور اگر ترجیح نہ ہو تو قرعہ ڈالا جائے، جس کے نام کا قرعہ نکلے وہ اِمامت کرے یا ان میں سے جماعت جس کو منتخب کرے وہ امام ہو اور جماعت میں اختلاف ہو تو جس طرف زیادہ لوگ ہوں وہ امام ہو اور اگر جماعت نے غیر اولیٰ کو امام بنایا، تو بُرا کیا، مگر گنہگار نہ ہوئے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ج۲، ص۳۵۰ ۔ ۳۵۴، وغیرہ.)

سوال: کن لوگوں کی امامت مکروہِ تحریمی ہے؟

جواب: بدمذہب کہ جس کی بدمذہبی حد کفر کو نہ پہنچی ہو اور فاسق معلن جیسے شرابی، جواری، زناکار، سود خور، چغل خور، وغیرہم جو کبیرہ گناہ بالاعلان کرتے ہیں، ان کو امام بنانا گناہ اور ان کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، مطلب: البدعۃ خمسۃ اقسام، ج۲، ص۳۵۶۔۳۶۰)

سوال: فاسق کی اقتدا کس نماز میں کرسکتے ہیں؟

جواب: فاسق کی اقتدا نہ کی جائے مگر صرف جمعہ میں کہ اس میں مجبوری ہے، باقی نمازوں میں دوسری مسجد کو چلا جائے اور جمعہ اگر شہر میں چند جگہ ہوتا ہو تو اس میں بھی اقتدا نہ کی جائے، دوسری مسجد میں جاکر پڑھیں۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، مطلب في تکرار الجماعۃ في المسجد، ج۲، ص۳۵۵.)

سوال: کن لوگوں کی امامت مکروہِ تنزیہی ہے؟

جواب: : غلام، دہقانی (جاہل)، اندھے، ولد الزنا، امرد، کوڑھی، فالج کی بیماری والے، برص والے کی جس کا برص ظاہر ہو، سفیہ (یعنی بے وقوف کہ تصرّفات مثلاً بیع وشرا (خرید و فروخت) میں دھوکے کھاتا ہو) کی اِمامت مکروہ تنزیہی ہے اور کراہت اس وقت ہے کہ اس جماعت میں اور کوئی ان سے بہتر نہ ہو اور اگر یہی مستحق اِمامت ہیں تو کراہت نہیں اور اندھے کی اِمامت میں تو بہت خفیف کراہت ہے۔

("غنیۃ المتملي شرح منیۃ المصلي"، ص۵۱۴.)

مسئلہ: جس کو کم سوجھتا ہے، وہ بھی اندھے کے حکم میں ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ج۲، ص۳۵۵.)

سوال: عبد، اعمی، اعرابی، جاھل اور ولد الزنا کی امامت مکروہ کیوں ہے؟

جواب: (۱) غلام کو امامت کے لئے آگے بڑھانا مکروہ تنزیہی ہے اگرچہ وہ آزاد کردیا گیا ہو کیونکہ آقا کی خدمت میں مشغولی کی وجہ سے بے علم رہ جاتے ہیں لیکن اگر غلام عالم ہو متقی ہو تو مکروہ نہیں ہے۔

(۲) نابینا کو امامت کے لئے آگے بڑھانا مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ وہ اندھا ہونے کی وجہ سے نجاست سے نہیں بچ سکتا اور قبلہ کی سمت پر خود قادر نہیں ہوسکتا اور اگر وہ عالم ہو اور اس سے افضل اور کوئی موجود نہ ہو تو کوئی کراہت نہیں ہے۔

(۳) اعرابی (گنوار گاؤں کے رہنے والے) کو امامت کے لئے آگے بڑھانا مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ اس میں جہالت کا غلبہ ہوتا ہے اور یہاں پر اعرابی جاہل اور شہری جاہل دونوں حکم میں برابر ہیں اور اگر یہ عالم ہوں تو کوئی کراہت نہیں ہے۔

(۴) جاہل ولد الزنا (حرامی) کو امامت کے لئے آگے بڑھانا مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ اس کا باپ نہ ہونے کی وجہ سے اس کی تربیت نہیں ہو پائی جس کی وجہ سے اس پر جہالت کا غلبہ ہو گا نیز اس کو آگے کرنے سے لوگ نفرت کریں گے جو کہ تقلیل جماعت کا باعث ہے اور جو تقلیل جماعت کا باعث ہو وہ مکروہ ہے اور اگر یہ عالم ہو تو مکروہ نہیں ہے۔ اور اگر مذکورہ افراد قوم میں زیادہ علم و فضل والے ہوں تو ان کو امام بنانا اولی ہے۔

سوال: نماز کو لمبا کرنا کیسا ہے؟

جواب: امام کا لوگوں کو لمبی نماز پڑھانا مکروہِ تنزیہی ہے یعنی مقدارِ مسنون سے زائد لمبا کرنا۔ بہار شریعت جلد ا ص ۵۶۸ پر ہے: امام کو چاہیے کہ جماعت کی رعایت کرے اور قدر مسنون سے زیادہ طویل قراءت نہ کرے کہ یہ مکروہ ہے۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث، ج۱، ص۸۷)

سوال: ننگوں اور عورتوں کی جماعت کا کیا حکم ہے؟

جواب: ننگوں کو جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا مکروہِ تحریمی ہے اور اسی طرح اگر صرف عورتیں جماعت کریں تو یہ بھی ناجائز ہے۔ اس لئے کہ صرف عورتوں کی جماعت ناجائز و مکروہ تحریمی ہے۔ جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری جلد اول مصری ص: ۸۰ میں ہے: ''يُكْرَهُ إِمَامَةُ الْمَرْأَةِ لِلنِّسَاءِ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا مِنَ الْفَرَائِضِ وَالنَّوَافِلِ إِلَّا فِي صَلَاةِ الْجَنَازَةِ هٰكَذَا فِي النِّهَايَةِ''۔

(''الفتاوی الهندية''، کتاب الصلاة، الباب الخامس، الفصل الثالث فی بیان من يصلح إماما لغيره، ج۱، ص۸۵.)

پس اگر کراہت کے باوجود ننگے اور عورتوں نے جماعت کی تو ان کا امام ان کے بیچ میں کھڑا ہو گا نہ کہ مردوں کی طرح آگے۔

سوال: کن لوگوں کے پیچھے نماز نہیں ہوتی؟

جواب: وہ بد مذہب جس کی بد مذہبی حد کفر کو پہنچ گئی ہو، جیسے رافضی اگرچہ صرف صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت یا صحبت سے انکار کرتا ہو، یا شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شانِ اقدس میں تبرّا کہتا ہو۔ قدری، جہمی، مشبہ اور وہ جو قرآن کو مخلوق بتاتا ہے اور وہ جو شفاعت یا دیدار الٰہی یا عذابِ قبر یا کراماً کاتبین کا انکار کرتا ہے، ان کے پیچھے نماز نہیں ہو سکتی۔ ("غنية المتملي"، الأولى بالإمامة، ص۵۱۴.) اس سے سخت تر حکم وہابیہ زمانہ کا ہے کہ اللہ عزوجل و نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین کرتے یا توہین کرنے والوں کو اپنا پیشوا یا کم از کم مسلمان ہی جانتے ہیں۔ یا جس کی قراءت اتنی غلط ہو جس سے معنی فاسد ہو جائیں۔

سوال: امام کے پیچھے ایک، دو، یا دو سے زیادہ مقتدی ہوں تو کہاں کھڑے ہوں؟

جواب: اکیلا مقتدی مرد اگرچہ لڑکا ہو امام کے برابر دہنی جانب کھڑا ہو، بائیں طرف یا پیچھے کھڑا ہونا مکروہ ہے، دو مقتدی ہوں تو پیچھے کھڑے ہوں، برابر کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے، دو سے زائد کا امام کے برابر کھڑا ہونا مکروہ تحریمی۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب الإمامة، ج۲، ص۳۷۰.)

امام کی برابر کھڑے ہونے کے یہ معنی ہیں کہ مقتدی کا قدم امام سے آگے نہ ہو یعنی اس کے پاؤں کا گٹا اُس کے گٹے سے آگے نہ ہو، سر کے آگے پیچھے ہونے کا کچھ اعتبار نہیں، تو اگر امام کے برابر کھڑا ہوا اور چونکہ مقتدی امام سے دراز قد ہے لہٰذا سجدے میں مقتدی کا سر امام سے آگے ہوتا

ہے، مگر پاؤں کا گِٹا گٹے سے آگے نہ ہو تو حرج نہیں۔ یوہیں اگر مقتدی کے پاؤں بڑے ہوں کہ اُنگلیاں امام سے آگے ہیں جب بھی حرج نہیں، جب کہ گِٹا آگے نہ ہو۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: إذا صلى الشافعي... إلخ، ج۲، ص۳٦۸.)

سوال: ایک شخص امام کے برابر کھڑا تھا پھر ایک اور آیا تو اب کیا کریں گے؟

جواب: ایک شخص امام کے برابر کھڑا تھا پھر ایک اور آیا تو امام آگے بڑھ جائے اور وہ آنے والا اس مقتدی کے برابر کھڑا ہو جائے یا وہ مقتدی پیچھے ہٹ آئے خود یا آنے والے نے اس کو کھینچا، خواہ تکبیر کے بعد یا پہلے یہ سب صورتیں جائز ہیں، جو ہو سکے کرے اور سب ممکن ہیں تو اختیار ہے، مگر مقتدی جبکہ ایک ہو تو اس کا پیچھے ہٹنا افضل ہے اور دو ہوں تو امام کا آگے بڑھنا، اگر مقتدی کے کہنے سے امام آگے بڑھا یا مقتدی پیچھے ہٹا اس نیت سے کہ یہ کہتا ہے اس کی مانوں، تو نماز فاسد ہو جائے گی اور حکم شرع بجالانے کے لئے ہو تو کچھ حرج نہیں۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: هل الاساءة... إلخ، ج۲، ص۳۷۰.)

سوال: صفوں کی ترتیب کیا ہونی چاہئے؟

جواب: مرد اور بچے اور خنثیٰ (ہجڑے) اور عورتیں جمع ہوں تو صفوں کی ترتیب یہ ہے کہ پہلے مردوں کی صف ہو پھر بچوں کی پھر خنثیٰ کی پھر عورتوں کی اور بچہ تنہا ہو تو مردوں کی صف میں داخل ہو جائے۔ ("الدرالمختار"، كتاب الصلاة، باب الإمامة، ج۲، ص۳۷۷.)

مَکّۃُ المکرَّمہ کے دس حُرُوف کی نسبت سے مکّے کے دس نام

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! مَکّۃُ المکرَّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیماً کے بہُت سے نام کتابوں میں درج ہیں ان میں سے ۱۰ یہ ہیں: (۱) اَلْبَلَد (۲) اَلْبَلَدُ الْاَمین (۳) اَلْبَلَدہ (۴) اَلْقَرْیَہ (۵) اَلْقَادِسِیَّہ (٦) اَلْبَیْتُ الْعَتِیق (۷) مَعَاد (۸) **بَکّہ** (۹) اَلرَّأس (۱۰) اُمُّ الْقُرٰی۔ (العقد الثمین فی تاریخ البلد الامین ج۱ ص۲۰۴)

رَمَضانِ مَکّۃُ المکرَّمہ: حُضُورِ اکرم، نورِ مجسَّم، شَہَنْشاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ معظَّم ہے: "رَمَضَانُ بِمَکَّۃَ اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ رَمَضَانَ بِغَیْرِ مَکَّۃَ یعنی مکّے میں رَمَضان گزارنا غیرِ مکہ میں ہزار رَمَضان گزارنے سے افضل ہے۔" (جمع الجوامع ج۴ ص۳۷۲ حدیث ۱۲۵۸۹)

حضرتِ علّامہ عبدُ الرَّؤف مَناوِی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی اِس حدیثِ پاک کے تحت لکھتے ہیں: **مَکّۃُ المکرَّمہ** زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیماً میں رہ کر رَمَضانُ المبارَک کے مہینے کے روزے رکھنا غیرِ مکّہ کے ہزار رَمَضانُ المبارَک کے روزوں سے اَفضل ہے کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اِس **مکّے** کو اپنے گھر کے لئے منتخب فرمایا، اپنے بندوں کے لئے اِس میں **حج** کے مقامات بنائے، اس کو اَمن والا **حَرَم** بنایا اور اس کو بہُت سی خُصُوصیّات سے نوازا۔ (فیض القدیر ج۴ ص۵۱ تحت الحدیث ۴۴۷۸)

فَصْلٌ فِيْمَا يَفْعَلُهُ الْمُقْتَدِيْ بَعْدَ فَرَاغِ إِمَامِهٖ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جن کو مقتدی اپنے امام کے فارغ ہونے کے بعد کرے گا

لَوْ سَلَّمَ الْإِمَامُ قَبْلَ فَرَاغِ الْمُتقَدِيْ مِنَ التَّشَهُّدِ يُتِمُّهُ وَلَوْ رَفَعَ الْإِمَامُ رَأْسَهُ قَبْلَ تَسْبِيْحِ الْمُقْتَدِيْ ثَلَاثًا فِي الرُّكُوْعِ أَوِ السُّجُوْدِ يُتَابِعُهٗ وَلَوْ زَادَ الْإِمَامُ سَجْدَةً أَوْ قَامَ بَعْدَ الْقُعُوْدِ الْأَخِيْرِ سَاهِيًا لَا يَتْبَعُهُ الْمُؤْتَمُّ وَإِنْ قَيَّدَهَا سَلَّمَ وَحْدَهٗ وَإِنْ قَامَ الْإِمَامُ قَبْلَ الْقُعُوْدِ الْأَخِيْرِ سَاهِيًا اِنْتَظَرَهُ الْمَأْمُوْمُ فَإِنْ سَلَّمَ الْمُقْتَدِيْ قَبْلَ أَنْ يُقَيِّدَ إِمَامُهُ الزَّائِدَةَ بِسَجْدَةٍ فَسَدَ فَرْضُهٗ وَكُرِهَ سَلَامُ الْمُقْتَدِيْ بَعْدَ تَشَهُّدِ الْإِمَامِ قَبْلَ سَلَامِهٖ۔

ترجمہ: اگر امام مقتدی کے تشہد سے فارغ ہونے سے پہلے سلام پھیر دے تو مقتدی تشہد کو پورا کرے گا اور اگر امام رکوع یا سجدے میں مقتدی کے تین مرتبہ تسبیح پڑھنے سے پہلے اپنے سر کو اٹھالے تو مقتدی اپنے امام کی متابعت کرے گا اور گر ایک سجدہ زیادہ کیا یا قعدۂ اخیرہ کے بعد بھول کر کھڑا ہو جائے تو مقتدی امام کی اتباع نہیں کرے گا۔ اور اگر امام اس قعدۂ اخیرہ کے بعد کی رکعت کو (سجدے کے ساتھ) مقید کر دیا تو مقتدی تنہا سلام پھیر دے۔ اور اگر امام قعدۂ اخیرہ سے پہلے بھول کر کھڑا ہو گیا تو مقتدی اس کا انتظار کرے گا پس اگر اس سے پہلے کہ امام زائد رکعت کو سجدے کے ساتھ مقید کرے مقتدی سلام پھیر دے تو اس کا فرض فاسد ہو جائے گا۔ اور مکروہ قرار دیا گیا ہے مقتدی کا سلام پھیر لینا امام کے تشہد پڑھنے کے بعد امام کے سلام سے پہلے۔

سوال: اگر امام نے مقتدی کے تشہد پڑھنے سے فارغ ہونے سے پہلے سلام پھیر دے تو کیا مقتدی امام کی متابعت کرے گا یا نہیں؟

جواب: قعدۂ اخیرہ میں ابھی مقتدی کا تشہد پورا نہیں ہوا کہ امام نے سلام پھیر دیا تو ایسی صورت میں مقتدی امام کی متابعت نہ کرے بلکہ مقتدی اپنی تشہد پوری کر کے سلام پھیرے کیونکہ تشہد پڑھنا واجب ہے اور امام کی متابعت بھی واجب ہے۔ اور دونوں کو جمع کرنا بھی ممکن ہے اور اگر مقتدی نے تشہد پوری نہ پڑھی بلکہ امام کے ساتھ سلام پھیر دیا تو نماز مکروہ تحریمی ہو گی۔

سوال: اور اگر امام نے رکوع و سجود میں مقتدی کے تین بار تسبیح پڑھنے سے پہلے اپنا سر اٹھا لیا تو مقتدی کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام نے رکوع یا سجدے سے سر اٹھالیا اور مقتدی نے ابھی تین مرتبہ تسبیح پوری نہیں کی تو اس صورت میں مقتدی امام کی متابعت کرے گا یعنی تسبیح کو ترک کر کے امام کا ساتھ دے، کیونکہ امام کی متابعت واجب ہے اور تین بار تسبیح پڑھنا سنت ہے اور ترک سنت تاخیر واجب سے اولیٰ ہے۔

سوال: اگر امام دو سے زیادہ سجدہ کرے یا قعدۂ اخیرہ کے بعد بھول کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو مقتدی کو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام دو سجدے کرنے کے بعد تیسرے سجدے کے لئے چلا جائے تو مقتدی امام کی اتباع نہ کرے۔ اسی طرح اگر امام قعدۂ اخیرہ کے بعد بھول کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے مثلاً چار رکعت والی نماز میں چوتھی رکعت میں تشہد پڑھنے کے بعد پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو اس صورت میں بھی مقتدی امام کی متابعت نہ کرے یعنی کھڑا نہ ہو بلکہ انتظار کرے، اگر امام پانچویں رکعت کے سجدے سے پہلے لوٹ آئے تو مقتدی اس کے ساتھ ہو جائے اور امام کے ساتھ سلام پھیرے سجدہ سہو کے ساتھ، اور اگر امام نے پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو مقتدی تنہا ہی سلام پھیرے مقتدی کی نماز ہو جائے گی۔ اب امام کا انتظار نہ کرے۔

سوال: اور اگر قعدۂ اخیرہ کئے بغیر بھول کر امام اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اور اگر امام چار رکعت والی نماز میں قعدۂ اخیرہ کئے بغیر بھول کر پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو اس صورت میں بھی مقتدی امام کی متابعت نہ کرے بلکہ قعدہ میں ہی انتظار کرے اگر پانچویں رکعت کے سجدے سے پہلے امام لوٹ آئے تو مقتدی اس کی متابعت کرے اور اگر مقتدی نے امام کے پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے سے پہلے سلام پھیر دیا تو مقتدی کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ یا امام نے پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو امام و مقتدی دونوں کی نماز فاسد ہو گئی۔

سوال: اگر مقتدی نے امام کے تشہد پڑھ لینے کے بعد امام کے سلام پھیرنے سے پہلے سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: امام نے تشہد پڑھ لی لیکن امام نے ابھی سلام نہیں پھیرا کہ مقتدی نے امام سے پہلے سلام پھیر دیا تو یہ مکروہ تحریمی ہے نماز واجب الاعادہ ہو گی کہ امام کی متابعت جو کہ واجب ہے ترک ہو گئی۔

”مدینۃُ المنوَّرہ“ کے بارہ حُروف کی نسبت سے مدینے کے ۱۲ نام

علمائے کرام رحمھم اللہ السلام نے مدینۃ المنورہ کے کم و بیش ۱۰۰ نام لکھے ہیں اور دنیا کے کسی بھی شہر کے اِتنے نام نہیں۔ حُصُولِ بَرَکت کیلئے یہاں صِرف ۱۲ مبارَک نام پیش کئے جاتے ہیں: (۱) مدینہ (۲) مدینۃُ الرَّسُول (۳) طَیِّبہ (۴) دَارُ الاَبرار (۵) طابہ (۶) مبارَکہ (۷) ناجِیہ (۸) عاصِمہ (۹) شافِیَہ (۱۰) حَسَنہ (۱۱) جَزیرۃُ العرب (۱۲) سیِّدَۃُ البُلدان۔

فَصْلٌ فِيْ صِفَةِ الْأَذْكَارِ

یہ فصل اذکار کی صفت کے بیان میں ہے

اَلْقِيَامُ اِلَى السُّنَّةِ مُتَّصِلًا بِالْفَرْضِ مَسْنُوْنٌ وَعَنْ شَمْسِ الْأَئِمَّةِ الْحَلْوَانِيْ لَا بَأْسَ بِقِرَاءَةِ الْأَوْرَادِ بَيْنَ الْفَرِيْضَةِ وَالسُّنَّةِ وَيُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ بَعْدَ سَلَامِهٖ أَنْ يَتَحَوَّلَ اِلٰى يَسَارِهٖ لِتَطَوُّعٍ بَعْدَ الْفَرْضِ وَأَنْ يَسْتَقْبِلَ بَعْدَهُ النَّاسَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ اللهَ وَيَقْرَءُوْنَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ وَالْمُعَوَّذَاتِ۔

ترجمہ: فرض نماز کے بعد متصلاً سنت کی جانب (سنت کے لئے) کھڑا ہو جانا مسنون ہے اور شمس الائمہ حلوانی سے منقول ہے کہ فرض اور سنت کے درمیان اوراد پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور امام کے لئے اپنے سلام پھیرنے کے بعد مستحب ہے فرض کے بعد نفل پڑھنے کے لئے بائیں طرف گھوم جانا اور نفل کے بعد لوگوں کا استقبال کرنا۔ اور اللہ سے استغفار (بخشش چاہیں) تین بار کریں۔ اور آیۃ الکرسی اور معوذات پڑھیں۔

وَيُسَبِّحُوْنَ اللهَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ وَيَحْمَدُوْنَهٗ كَذٰلِكَ وَيُكَبِّرُوْنَهٗ كَذٰلِكَ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ثُمَّ يَدْعُوْنَ لِأَنْفُسِهِمْ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ رَافِعِيْ أَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَمْسَحُوْنَ بِهَا وُجُوْهَهُمْ فِيْ آخِرِهٖ۔

ترجمہ: اور ۳۳ بار سبحن اللہ کہیں اور اتنی ہی بار الحمد للہ کہیں اور اتنی ہی بار اللہ اکبر کہیں۔ پھر لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریك لہ لہ الملك ولہ الحمد وھو علی کل شئی قدیر کہیں۔ اور پھر اپنے لئے اور مسلمانوں کے لئے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگیں۔ پھر دعا کے آخر میں ہاتھوں کو اپنے چہرے پر پھیر لیں۔

سوال: فرض نماز پڑھنے کے بعد کیا کریں؟

جواب: فرض نماز کے بعد امام بلا کسی تاخیر کے فوراً سنتوں کو ادا کرنے کے لئے کھڑا ہو جائے کہ یہ مسنون ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ فرض نماز کے بعد طویل دعا و اوراد و وظائف میں مشغول نہ ہو بلکہ مستحب ہے کہ فرض و سنت کے درمیان مختصر سا فصل کرے جیسے کہ رسول اللہ

ﷺ جب سلام پھیرتے تھے تو "اللهم انت والسلام ومنك السلام واليك يعود السلام تباركت يا ذوالجلال والاكرام" کہنے کی مقدار ٹھہرتے تھے پھر سنت ادا کرنے کھڑے ہوتے تھے۔

جبکہ شمس الائمہ حلوانی کہتے ہیں کہ فرض و سنت کے درمیان اوراد و ظائف کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے مگر اولیٰ یہ ہے کہ اوراد و ظائف کو سنتوں کے بعد پڑھے۔

سوال: امام فرض کے بعد کس جانب کو گھومے؟

جواب: فرض نماز کے بعد سنتیں پڑھنے کے لئے امام بائیں طرف کو ہٹ جائے اور جن نمازوں کے بعد سنت نہیں ہیں جیسے فجر و عصر تو ان کے بعد، اور جن نماز کے بعد سنت ہیں تو سنت و نفل کے بعد امام لوگوں کی طرف اپنا رخ کرے جبکہ سامنے کوئی نماز نہ پڑھتا ہو ورنہ دائیں جانب یا بائیں جانب گھوم جائے اور مندرجہ ذیل وظائف امام مقتدی دونوں پڑھیں کہ مستحب ہے۔

۳بار استغفر اللہ۔۔ ابار آیۃ الکرسی۔۔ ابار سورۂ فلق۔۔ ابار سورۂ ناس۔۔ ۳۳بار سبحٰن اللہ۔۔ ۳۳بار الحمد للہ۔۔ ۳۳بار اللہ اکبر۔۔ ابار لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيئ قدير۔ پھر دعا مانگیں اور دعا کے وقت ہاتھ سینے تک اٹھائیں اور اپنے اور سب مسلمانوں کے لئے دعا کریں، پھر دعا کے بعد اپنے ہاتھوں کو اپنے چہروں پر پھیر لیں۔

دَرِندہ بھی تابِع ہوگیا

حضرتِ سیِّدُنا سُفیان ثَوری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ القَوِی اور حضرت سیِّدُنا شَیْبان راعِی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ دونوں **حج** کے ارادے سے نکلے تو ان کے سامنے ایک **دَرِندہ** آگیا۔ حضرتِ سیِّدُنا سُفیان ثَوری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ القَوِی نے حضرتِ سیِّدُنا شَیْبان راعِی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ سے فرمایا: "کیا آپ اِس دَرِندے کو نہیں دیکھ رہے؟" تو انہوں نے فرمایا: "ڈریئے مت۔" پھر حضرت سیِّدُنا شَیْبان راعِی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ نے اُس کا کان پکڑ کر دبایا تو وہ دُم ہِلانے لگا، آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ نے اُس کی دُم پکڑ لی، اس پر حضرت سیِّدُنا سُفیان ثَوری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ القَوِی نے فرمایا: کیا یہ "شُہرت" نہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: "اگر مجھے شُہرت کا خوف نہ ہوتا تو میں اپنا زادِ راہ اِس کی پیٹھ پر لاد کر مکّۂ مکرّمہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً لے جاتا۔" (الروض الفائق ص ۱۰۳) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔

بَابُ مَا يُفْسِدُ الصَّلَاةَ

یہ باب ان چیزوں کے بیان میں ہے جو نماز کو فاسد کر دیتی ہیں

وَهُوَ ثَمَانِيَةٌ وَسِتُّوْنَ شَيْئًا اَلْكَلِمَةُ وَلَوْ سَهْوًا أَوْ خَطأً وَالدُّعَاءُ بِمَا يُشْبِهُ كَلَامَنَا وَالسَّلَامُ بِنِيَّةِ التَّحِيَّةِ وَلَوْ سَاهِيًا وَرَدُّ السَّلَامِ بِلِسَانِهٖ أَوْ بِالْمُصَافَحَةِ وَالْعَمَلُ الْكَثِيْرُ وَتَحْوِيْلُ الصَّدْرِ عَنِ الْقِبْلَةِ وَأَكْلُ شَيْءٍ مِنْ خَارِجِ فَمِهٖ وَلَوْ قَلَّ۔

ترجمہ: اور وہ ۶۸ چیزیں ہیں۔ (۱) بات کرنا اگرچہ بھول کر یا غلطی سے ہو۔ (۲) اور دعا کرنا ایسی چیز کی جو ہمارے کلام کے مشابہ ہو۔ (۳) اور تحیت (تعظیم) کی نیت سے سلام کرنا اگرچہ بھول کر ہو۔ (۴) اور سلام کا جواب دینا اپنی زبان سے یا مصافحہ سے۔ (۵) اور عمل کثیر کرنا۔ (۶) اور قبلے سے سینے کا پھر جانا۔ (۷) اپنے منہ کے باہر سے کسی چیز کا کھانا اگرچہ وہ کم ہو۔

وَأَكْلُ مَا بَيْنَ أَسْنَانِهٖ وَهُوَ قَدْرُ الْحِمَّصَةِ وَشُرْبُهٗ وَالتَّنَحْنُحُ بِلَا عُذْرٍ وَالتَّأْفِيْفُ وَالْأَنِيْنُ وَالتَّأَوُّهُ وَارْتِفَاعُ بُكَائِهٖ مِنْ وَجَعٍ أَوْ مُصِيْبَةٍ لَا مِنْ ذِكْرِ جَنَّةٍ أَوْ نَارٍ وَتَشْمِيْتُ عَاطِسٍ بِيَرْحَمُكَ اللهُ۔

ترجمہ: (۸) اور ایسی چیز کا کھانا جو اس کے دانتوں کے درمیان ہو اور وہ چنے کے برابر ہو۔ (۹) اور پینا۔ (۱۰) اور بغیر عذر کے کھنکھارنا۔ (۱۱) اور اف اف کرنا۔ (۱۲) اور آہ آہ کرنا۔ (۱۳) اور اوہ اوہ کرنا۔ (۱۴) اور درد یا مصیبت کی وجہ سے رونے کی آواز کا بلند ہو جانا نہ کہ جنت یا دوزخ کے ذکر سے۔ (۱۵) اور یرحمك الله کے ذریعہ چھینکنے والے کو جواب دینا۔

سوال: نماز کو توڑنے والی کتنی چیزیں ہیں؟

جواب: مصنف کے بیان کے مطابق نماز کو توڑنے والی ۶۸ چیزیں ہیں۔

سوال: مفسدات نماز میں سے ۱۵ بیان کریں۔

جواب:: (۱) نماز کے اندر کلام کرنا عمداً ہو یا خطاً یا سھواً ہو خواہ مفید یا غیر مفید۔

(۲) نماز میں ایسی دعا مانگنا جو بندوں کے کلام کے مشابہ ہو یعنی جس کا بندوں سے مانگنا محال نہ ہو جیسے اللهم البسنی ثوب کذا۔ اللهم اطعمنی کذا وغیرہ۔

(۳) کسی شخص کو سلام کرنے کے ارادے سے السلام علیکم کہنا یا صرف السلام کہنا خواہ عمداً ہو یا سھواً۔

(۴) نماز میں کسی کے سلام کا زبان سے جواب دینا خواہ عمداً ہو یا سھواً۔ اسی طرح سلام کا جواب دینے کی نیت سے مصافحہ کرنا۔

(۵) عمل کثیر نماز کو فاسد کر دیتا ہے جبکہ نہ نماز کے اعمال سے ہو نہ ہی اصلاح نماز کے لئے کیا گیا ہو۔

(٦) بلا عذر سینے کو سمت قبلہ سے ۴۵ درجہ یا اس سے زیادہ پھیرنا مفسد نماز ہے اور اگر عذر سے ہو تو مفسد نہیں مثلاً حدث یعنی وضو ٹوٹ جانے کا گمان ہوا اور منہ پھیرا ہی تھا کہ گمان کی غلطی ظاہر ہوئی تو اگر مسجد سے خارج نہ ہوا ہو تو نماز فاسد نہ ہو گی۔

(۷) نماز شروع کرنے کے بعد منہ کے باہر سے معمولی سا بھی کھانا مثلاً تل بغیر چبائے نگل لیا تو نماز فساد ہو گئی۔

(۸) نماز شروع کرنے سے پہلے ہی کوئی چیز دانتوں میں موجود تھی اسے نگل لیا تو اگر وہ چنے کے برابر یا اس سے زیادہ تھی تو نماز فاسد ہو گئی اور اگر چنے سے کم تھی تو مکروہ ہے۔

(۹) نماز شروع کرنے کے بعد منہ کے باہر سے پیا مثلاً قطرہ منہ میں گرا اور نگل لیا تو نماز فاسد ہو گئی۔

(۱۰) بغیر عذر کے کھنکھارنا کہ کھنکھارنے میں جب دو حروف ظاہر ہوں جیسے اخ تو مفسد نماز ہے۔ ہاں اگر عذر یا صحیح مقصد ہو مثلاً طبیعت کا تقاضا ہو یا آواز صاف کرنے کے لئے ہو یا امام کو لقمہ دینا مقصود ہو یا کوئی آگے سے گزر رہا ہو اس کو متوجہ کرنا ہو ان وجوہات کی بنا پر کھنکھارنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

(۱۱)(۱۲)(۱۳)(۱۴) آہ، اوہ، اف تف یہ الفاظ درد یا مصیبت کی وجہ سے نکلے یا آواز سے رویا اور حرف پیدا ہوئے، ان سب صورتوں میں نماز جاتی رہی، اور اگر رونے میں صرف آنسو نکلے آواز و حروف نہیں نکلے تو حرج نہیں، نیز جنت و دوزخ کی یاد میں اگر یہ الفاظ کہے تو نماز فاسد نہ ہوئی۔ اسی طرح امام کا پڑھنا پسند آیا اس پر رونے لگا اور ارے، نعم، ہاں زبان سے نکلا کوئی حرج نہیں، کہ یہ خشوع کے باعث ہے، اور اگر خوش گلوئی کے سبب کہا تو نماز جاتی رہی۔

(۱۵) کسی کے چھینک کا جواب دینا یعنی یرحمك الله کے ذریعہ۔ اور اگر نماز میں خود کو چھینک آئے تو خاموش رہے اگر الحمد للہ کہہ لیا تب بھی حرج نہیں، اور اگر اس وقت حمد نہ کی تو نماز سے فارغ ہو کر کہے۔

سوال: عمل کثیر اور عمل قلیل کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس کام کے کرنے والے کو دور سے دیکھنے سے ایسا لگے کہ یہ نماز میں نہیں ہے بلکہ اگر گمان بھی غالب ہو کہ نماز میں نہیں تب بھی عمل کثیر ہے اور اگر دور سے دیکھنے والے کو شک وشبہ ہے کہ نماز میں ہے یا نہیں تو عمل قلیل ہے اور عمل قلیل سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

وَجَوَابُ مُسْتَفْهِمٍ عَنْ نِدٍّ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَخَبَرٍ سُوْءٍ بِالْاِسْتِرْجَاعِ وَسَارٍّ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَعَجَبٍ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ أَوْ سُبْحَانَ اللهِ وَكُلُّ شَيْءٍ قُصِدَ بِهِ الْجَوَابُ كَيَا يَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ وَرُؤْيَةُ مُتَيَمِّمٍ مَاءً وَتَمَامُ مُدَّةِ مَاسِحِ الْخُفِّ وَنَزْعُهُ وَتَعَلُّمُ الْأُمِّيِّ آيَةً۔

ترجمہ: (١٦) اور اللہ کے شریک کے متعلق پوچھنے والے کا جواب لا الہ الا اللہ سے دینا۔ اور بری خبر کا جواب انا للہ وانا الیہ راجعون سے دینا۔ اور اچھی خبر کا جواب الحمدللہ سے دینا۔ اور عجیب خبر کا جواب لا الہ الا اللہ یا سبحن اللہ سے دینا۔ (١٧) اور ہر ایسی چیز جس سے جواب کا قصد کیا گیا ہو جیسے یا یحییٰ خذ الکتاب۔ (١٨) اور تیمم کرنے والے کا پانی کو دیکھ لینا۔ (١٩) اور موزے پر مسح کرنے والے کی مدت کا ختم ہو جانا۔ (٢٠) اور موزے کا نکل جانا۔ (٢١) اور امی کا کسی آیت کو سیکھ لینا۔

وَوِجْدَانُ الْعَارِيْ سَاتِرًا وَقُدْرَةُ الْمُوْمِيْ عَلَى الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ وَتَذَكُّرُ فَائِتَةٍ لِذِيْ تَرْتِيْبٍ وَاسْتِخْلَافُ مَنْ لَا يَصْلُحُ إِمَامًا وَطُلُوْعُ الشَّمْسِ فِي الْفَجْرِ وَزَوَالُهَا فِي الْعِيْدَيْنِ وَدُخُوْلُ وَقْتِ الْعَصْرِ فِي الْجُمُعَةِ وَسُقُوْطُ الْجَبِيْرَةِ عَنْ بُرْءٍ وَزَوَالُ عُذْرِ الْمَعْذُوْرِ۔

ترجمہ: (٢٢) اور ننگے کا کسی ستر چھپانے والی چیز کو پالینا۔ (٢٣) اور اشارے سے نماز پڑھنے والے کا رکوع و سجود پر قادر ہو جانا۔ (٢٤) اور صاحب ترتیب کو فوت شدہ نماز کا یاد آ جانا۔ (٢٥) اور اس شخص کو خلیفہ بنانا جو امام بننے کے قابل نہ ہو۔ (٢٦) اور نماز فجر میں سورج کا نکل آنا۔ (٢٧) اور عیدین میں سورج کا ڈھل جانا۔ (٢٨) اور جمعہ میں عصر کے وقت کا داخل ہو جانا۔ (٢٩) اور اچھا ہونے کی وجہ سے جبیرہ کا گر جانا۔ (٣٠) اور معذور کے عذر کا ختم ہو جانا۔

سوال: مفسدات نماز میں سے ١٥ بیان کریں۔

جواب: (١٦) کسی نے پوچھا کہ کیا خدا کا کوئی شریک ہے تو اس کے جواب میں نمازی نے لا الہ الا اللہ کہہ دیا تو نماز فساد ہو جائے گی۔ اگر نماز میں کوئی بری خبر سنی مثلاً موت کی اور نمازی نے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اگر نماز میں کوئی خوشی کی خبر سنی مثلاً بیٹے کی ولادت کی اور نمازی نے الحمدللہ کہا نماز فاسد ہو جائے گی۔ اگر نماز میں کوئی تعجب کی خبر سنی اور اس کے جواب میں نمازی نے لا الہ الا اللہ یا سبحن اللہ کہا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

(١٧) نماز میں ہر ایسی بات جس سے جواب مقصود ہو اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے مثلاً یحییٰ نامی شخص نے نمازی سے کتاب مانگی اس پر نمازی نے جواب دیا یا یحییٰ خذ الکتاب تو نماز فساد ہو گئی۔

(١٨) اگر تیمم کرکے نماز پڑھنے والے کو حالتِ نماز میں پانی مل جائے جسے وہ استعمال کر سکتا ہو تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔

(١٩) اگر کوئی شخص موزے پر مسح کرکے نماز پڑھ رہا تھا اور دوران نماز مسح کی مدت پوری ہو گئی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

(٢٠) اسی طرح اگر نماز کے درمیان میں موزہ اتر گیا تو بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۱) اگر امی نماز میں کوئی آیت سیکھ جائے خواہ سن کر یا بھولی ہوئی آیت یاد آگئی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۲) جو شخص کسی عذر کی وجہ سے ننگے نماز پڑھ رہا تھا اور دوران نماز ستر چھپانے کے لئے کپڑا مل جائے تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۳) اگر کوئی شخص کسی عذر کی وجہ سے اشارہ سے نماز پڑھ رہا تھا اور دوران نماز رکوع و سجود کرنے پر قادر ہو گیا تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۴) اگر کوئی شخص صاحب ترتیب ہو اور اس کو دوران نماز قضا نماز یاد آگئی تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۵) اگر امام کو حدث لاحق ہو جائے اور اس نے ایسے شخص کو خلیفہ بنادیا جو امامت کے لائق نہ ہو مثلاً امی یا معذور کو تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۶) اگر کسی شخص نے نماز فجر ایسے وقت میں شروع کی کہ آفتاب نکلنے کے قریب تھا اور دوران نماز آفتاب نکل آیا تو اس کی نماز فاسد ہو گئی۔

(۲۷) عیدین کی نماز ایسے وقت میں شروع کی کہ ابھی وقت تھا لیکن دوران نماز آفتاب ڈھل گیا تو نماز فاسد ہو گئی۔

(۲۸) جمعہ کی نماز ایسے وقت میں شروع کی کہ دوران نماز عصر کا وقت آگیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۹) اگر کسی نے زخم پر جبیرہ (پٹی) باندھی تھی اور اس پر مسح کر کے نماز شروع کی اور دوران نماز زخم کے اچھا ہونے کی وجہ سے وہ جبیرہ گر گئی تو نماز فساد ہو گئی، اور اگر ابھی زخم اچھا نہیں ہوا تو فاسد نہ ہوئی۔

(۳۰) اگر کوئی شخص معذور ہو اور دوران نماز اس کا عذر جاتا رہا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

وَالْحَدَثُ عَمْدًا أَوْ بِصُنْعِ غَيْرِهٖ وَالْإِغْمَاءُ وَالْجُنُوْنُ وَالْجَنَابَةُ بِنَظَرٍ أَوْ اِحْتِلَامٍ وَمُحَاذَاةُ الْمُشْتَهَاةِ فِيْ صَلَاةٍ مُطْلَقَةٍ مُشْتَرِكَةٍ تَحْرِيْمَةً فِيْ مَكَانٍ مُتَّحِدٍ بِلَا حَائِلٍ وَنَوٰى إِمَامَتَهَا وَظُهُوْرُ عَوْرَةٍ مَنْ سَبَقَهُ الْحَدَثُ وَلَوْ اضْطَرَّ اِلَيْهِ كَكَشْفِ الْمَرْأَةِ ذِرَاعَهَا لِلْوُضُوْءِ وَقِرَاءَتُهٗ ذَاهِبًا أَوْ عَائِدًا لِلْوُضُوْءِ وَمَكْثُهٗ قَدْرَ أَدَاءِ رُكْنٍ بَعْدَ سَبْقِ الْحَدَثِ مُسْتَيْقِظًا وَمُجَاوَزَتُهٗ مَاءً قَرِيْبًا لِغَيْرِهٖ وَخُرُوْجُهٗ مِنَ الْمَسْجِدِ بِظَنِّ الْحَدَثِ۔

ترجمہ: (۳۱) اور جان بوجھ کر حدث کرنا یا کسی دوسرے کے فعل سے (۳۲) اور بے ہوش ہو جانا۔ (۳۳) اور پاگل ہو جانا۔ (۳۴) اور دیکھنے یا احتلام کی وجہ سے جنبی ہو جانا۔ (۳۵) اور قابل شہوت عورت کا مطلق نماز میں برابر میں آجانا جو تحریمہ کے اعتبار سے مشترک ہو ایک ہی جگہ میں بلا کسی آڑ کے اور امام نے اس عورت کی نیت بھی کی ہو۔ (۳۶) اور اس شخص کے ستر کا ظاہر ہو جانا جس کو حدث پیش آیا ہو اگر چہ وہ اس کی طرف مجبور ہو جیسے وضو کے لئے عورت کا اپنی کلائیوں کو کھولنا۔ (۳۷) اور اس کا قراءت

کرنا وضو کے لئے جانے یا لوٹنے کی حالت میں۔ (۳۸) اور اس کا ٹھہر جانا ایک رکن کی ادائیگی کے بقدر حدث لاحق ہونے کے بعد بیداری کی حالت میں۔ (۳۹) اور اس کا قریب پانی سے آگے بڑھ جانا اس کے علاوہ کی طرف۔ (۴۰) اور اس کا نکل جانا مسجد سے حدث کے گمان سے۔

سوال: مفسدات نماز میں سے ۱۰ بیان کریں۔

جواب: **(۳۱)** اگر کوئی شخص نماز کے دوران جان بوجھ کر وضو توڑ ڈالے مثلا دوران نماز عمداً منہ بھر قے کی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اگر بلا اختیار ہوئی تو وضو ٹوٹا نماز نہ ٹوٹی، بناء کر سکتا ہے۔ اسی طرح کسی دوسرے کے فعل سے حدث ہوا مثلاً کسی نے پتھر مارا جس سے خون بہنے لگا تو نماز فاسد ہو گئی اور بنا بھی نہیں کر سکتا۔

(۳۲) اگر کوئی شخص دوران نماز بے ہوش ہو گیا تو نماز فاسد ہو گئی۔

(۳۳) اگر کوئی شخص دوران نماز پاگل ہو گیا تو نماز فاسد ہو گئی۔

(۳۴) نمازی کے سامنے سے خوبصورت عورت گزری اور اس کی اس پر نظر پڑی جس کی وجہ سے نمازی کو جنابت لاحق ہو گئی یا نماز میں اونگھ آگئی اور احتلام ہو گیا تو ان دونوں صورتوں میں نماز فاسد ہو گئی۔

(۳۶) اگر کسی شخص کو نماز میں حدث پیش آیا اور وضو کے لئے گیا اور وضو میں اس کا ستر کھل گیا خواہ خود کھولا یا خود بخود کھلا خواہ ضرورتاً ہو یا بلا ضرورت مثلا عورت نے وضو کے لئے اپنی کلائیوں کو کھولا تو نماز فاسد ہو گئی۔

(۳۷) اگر حدث پیش آنے کے بعد وضو کے لئے جاتے ہوئے یا آتے ہوئے قراءت کی تو نماز فاسد ہو گئی اور بناء جائز نہیں ہو گی، کیونکہ بناء کے لئے شرط ہے کہ کوئی رکن چلتے ہوئے ادا نہ کرے، اور قراءت ایک رکن ہے۔

(۳۸) اگر نماز میں حدث پیش آنے کے بعد بیداری کی حالت میں بلا عذر اس قدر ٹھہرا رہا کہ اس وقفے میں ایک رکن ادا کر لیتا تو نماز فاسد ہو جائے گی، اور اگر عذر کی وجہ سے یا سونے کی حالت میں ٹھہرا تو فاسد نہیں ہو گی۔

(۳۹) دورانِ نماز حدث پیش آنے کے بعد وضو کے لئے گیا تو قریب میں جو پانی تھا اس کو چھوڑ کر دور والے پانی کی طرف گیا اور دو صفوں سے زیادہ بڑھ گیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اگر دو صفوں سے زیادہ نہیں بڑھا تو فاسد نہ ہوئی۔

(۴۰) کسی کو نماز میں حدث کا گمان ہوا اور مسجد سے باہر نکل آیا پھر معلوم ہوا کہ گمان غلط تھا تو نماز فاسد ہو گئی اور اگر مسجد سے نہ نکلا تو فاسد نہ ہو گی۔

سوال: عورت اگر مرد کے محاذی ہو تو مرد کی نماز جاتی رہے گی۔ اس کے لئے کیا شرطیں ہیں؟

جواب: عورت اگر مرد کے محاذی ہو تو مرد کی نماز جاتی رہے گی اس کے لئے چند شرطیں ہیں:

(۱) عورت مشتہات ہو یعنی اس قابل ہو کہ اس سے جماع ہو سکے، اگرچہ نابالغہ ہو اور مشتہات میں سن کا اعتبار نہیں نو برس کی ہو یا اس سے کچھ کم کی، جب کہ اُس کا جُثہ اس قابل ہو اور اگر اس قابل نہیں، تو نماز فاسد نہ ہو گی اگرچہ نماز پڑھنا جانتی ہو۔ بڑھیا بھی اس مسئلہ میں مشتہات ہے، وہ عورت اگر اس کی زوجہ ہو یا محارم میں ہو، جب بھی نماز فاسد ہو جائے گی، (۲) کوئی چیز اُنگلی برابر موٹی اور ایک ہاتھ اونچی حائل نہ ہو، نہ دونوں کے درمیان اتنی جگہ خالی ہو کہ ایک مرد کھڑا ہو سکے، نہ عورت اتنی بلندی پر ہو کہ مرد کا کوئی عضو اس کے کسی عضو سے محاذی نہ ہو، (۳) رکوع سجود والی نماز میں یہ محاذات واقع ہو، اگر نماز جنازہ میں محاذات ہوئی تو نماز فاسد نہ ہو گی، (۴) وہ نماز دونوں میں تحریمۃً مشترک ہو یعنی عورت نے اس کی اقتدا کی ہو یا دونوں نے کسی امام کی، اگرچہ شروع سے شرکت نہ ہو، تو اگر دونوں اپنی اپنی پڑھتے ہوں تو فاسد نہ ہو گی، مکروہ ہو گی، (۵) ادا میں مشترک ہو کہ اس میں مرد اس کا امام ہو یا ان دونوں کا کوئی دوسرا امام ہو جس کے پیچھے ادا کر رہے ہیں، حقیقۃً یا حکماً مثلاً دونوں لاحق ہوں کہ بعد فراغ امام اگرچہ امام کے پیچھے نہیں مگر حکماً امام کے پیچھے ہی ہیں اور مسبوق امام کے پیچھے، نہ حقیقۃً ہے نہ حکماً بلکہ وہ منفرد ہے، (۶) دونوں ایک ہی جہت کو متوجہ ہوں اگر جہت بدل جائے، جیسے تاریک شب میں کہ پتہ نہ چلتا ہو ایک طرف امام کا منہ ہے اور دوسری طرف مقتدی کا یا کعبہ معظمہ میں پڑھی اور جہت بدلی ہو تو نماز ہو جائے گی، (۷) عورت عاقلہ ہو، مجنونہ کی محاذات میں نماز فاسد نہ ہو گی، (۸) امام نے اِمامت زناں (عورتوں کی امامت) کی نیّت کر لی ہو، اگرچہ شروع کرتے وقت عورتیں شریک نہ ہوں اور اگر اِمامت زناں کی نیت نہ ہو تو عورت ہی کی فاسد ہو گی مرد کی نہیں، (۹) اتنی دیر تک محاذات رہے کہ ایک کامل رکن ادا ہو جائے یعنی بقدر تین تسبیح کے، (۱۰) دونوں نماز پڑھنا جانتے ہوں، (۱۱) مرد عاقِل بالغ ہو۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الخامس، ج۱، ص۸۹)

وَمُجَاوَزَتُهُ الصُّفُوْفَ فِيْ غَيْرِهٖ بِظَنِّهٖ وَانْصِرَافُهٗ ظَانًّا أَنَّهٗ غَيْرُ مُتَوَضِّىءٍ أَوْ أَنَّ مُدَّةَ مَسْحِهٖ اِنْقَضَتْ أَوْ أَنَّ عَلَيْهِ فَائِتَةً أَوْ نَجَاسَةً وَإِنْ لَمْ يَخْرُجْ مِنَ الْمَسْجِدِ ۔ وَفَتْحُهٗ عَلٰى غَيْرِ إِمَامِهٖ وَالتَّكْبِيْرُ بِنِيَّةِ الْاِنْتِقَالِ لِصَلَاةٍ أُخْرٰى غَيْرَ صَلَاتِهٖ إِذَا حَصَلَتْ هٰذِهِ الْمَذْكُوْرَاتُ قَبْلَ الْجُلُوْسِ الْأَخِيْرِ مِقْدَارَ التَّشَهُّدِ۔

ترجمہ: (۴۱) اور مسجد کے علاوہ میں اس کا صفوں سے گزر جانا حدث کے گمان سے۔ (۴۲) اور اس کا پھر جانا اس گمان سے کہ وہ وضو سے نہیں ہے یا یہ کہ اس کے مسح کی مدت پوری ہو گئی یا یہ کہ اس پر کوئی فوت شدہ نماز ہے یا اس پر کوئی ناپاکی ہے اگرچہ وہ مسجد سے نہ نکلا ہو۔ (۴۳) اور اپنے امام کے علاوہ کو اس کا لقمہ دینا۔ (۴۴) اور تکبیر کہنا اپنی نماز کے علاوہ دوسری نماز کی طرف منتقل ہونے کی نیت سے، جبکہ حاصل ہوئی ہوں یہ مذکورہ چیزیں آخری قعدہ میں تشہد کی مقدار بیٹھنے سے پہلے۔

وَيُفْسِدُهَا أَيْضًا مَدُّ الْهَمْزَةِ فِي التَّكْبِيْرِ وَقِرَاءَةُ مَا لَا يَحْفَظُهُ مِنْ مُصْحَفٍ وَأَدَاءُ رُكْنٍ أَوْ إِمْكَانُهُ مَعَ كَشْفِ الْعَوْرَةِ أَوْ مَعَ نَجَاسَةٍ مَانِعَةٍ وَمُسَابَقَةُ الْمُقْتَدِيْ بِرُكْنٍ لَمْ يُشَارِكْهُ فِيْهِ إِمَامُهُ وَمُتَابَعَةُ الْإِمَامِ فِيْ سُجُوْدِ السَّهْوِ لِلْمَسْبُوْقِ وَعَدَمُ إِعَادَةِ الْجُلُوْسِ الْأَخِيْرِ بَعْدَ أَدَاءِ سَجْدَةٍ صُلْبِيَّةٍ تَذَكَّرَهَا بَعْدَ الْجُلُوْسِ۔

ترجمہ: (۴۵) اور تکبیر میں ہمزہ کو کھینچنا بھی نماز کو فاسد کر دیتا ہے۔ (۴۶) اور قرآن میں سے اس حصہ کا پڑھنا جو اس کو یاد نہ ہو۔ (۴۷) اور ایک رکن کا ادا کرنا یا اس کا امکان ہونا کشف عورت یا نجاست مانعہ کے ساتھ۔ (۴۸) کسی رکن کو مقتدی کا پہلے کر لینا جس میں اس کا امام اس کے ساتھ شریک نہ ہوا۔ (۴۹) اور مسبوق کا سجدۂ سہو میں امام کی متابعت کرنا۔ (۵۰) اور قعدۂ اخیرہ کا اعادہ نہ کرنا سجدہ صلبیہ کے ادا کرنے کے بعد جس کو قعدہ کے بعد یاد کیا۔

سوال: مفسدات نماز میں سے ۱۰ بیان کریں۔

جواب: (۴۱) اگر مسجد کے علاوہ میدان وغیرہ میں نماز پڑھتا ہو اور حدث کے گمان سے نماز سے پھر گیا اور آخری صف سے باہر ہو گیا پھر معلوم ہوا کہ اس کو حدث نہیں ہوا تو اس کی نماز فاسد ہو گئی۔

مسئلہ: مسجد ہو تو مسجد سے اور مسجد نہ ہو تو آخری صف سے باہر ہو جانا بغیر عذر متحقق کے مفسد نماز ہے۔

(۴۲) اگر کسی شخص کو نماز میں گمان ہوا کہ اس نے بغیر وضو نماز شروع کر دی ہے، یا کسی نے موزوں پر مسح کر کے نماز شروع کی تھی اور اس کو دوران نماز یہ گمان ہوا کہ مسح کی مدت پوری ہو گئی یا نماز میں صاحب ترتیب کو یہ گمان ہوا کہ اس کی کوئی قضا نماز باقی ہے، یا اپنے کپڑے میں داغ دیکھا اور اس کو نجاست سمجھ لیا اور نماز سے نکل گیا تو ان تمام صورتوں میں نکلتے ہی نماز فاسد ہو جائے گی خواہ وہ مسجد سے نکلا ہو یا نہ نکلا ہو۔ کیونکہ یہ نکلنا نماز کو چھوڑنے کے لئے ہے۔

(۴۳) اگر نمازی نے اپنے امام کے علاوہ کسی دوسرے کو لقمہ دیا تو دینے اور لینے والے کی نماز فاسد ہو گئی۔

(۴۴) اگر ایک نماز سے دوسری نماز کی طرف اللہ اکبر کہہ کر منتقل ہو گیا تو پہلی نماز فاسد ہو گئی۔ مثلاً ظہر کے فرض پڑھتا تھا اور دوران نماز نئی تکبیر کہہ کر عصر کے فرض یا اور کوئی دوسری نماز شروع کر دی تو ظہر کے فرض فاسد ہو گئے۔

سوال: ”اذا حصلت هذه المذكورات قبل الجلوس الخير مقدار التشهد“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ مفسدات نماز کی جتنی صورتیں بیان ہوئی ہیں ان سے اسی وقت نماز فاسد ہو گی جبکہ قعدۂ اخیرہ میں بقدر تشہد نہ بیٹھا ہو اور اگر قعدۂ اخیرہ میں بقدر تشہد بیٹھنے کے بعد مفسدات نماز میں سے کوئی صورت پیش آئی تو اس کی نماز ہو گئی مگر سلام کے چھوٹ جانے سے ترک واجب ہوا، اس لئے مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوئی۔

(۴۵) تکبیرات انتقالات میں اللہ اکبر کے الف کو دراز کیا یعنی آللہ یا اکبر کہا یا ب کے بعد الف بڑھایا یعنی اکبار کہا تو نماز فاسد ہو گئی، اور اگر تکبیر تحریمہ میں ایسا ہوا تو نماز شروع ہی نہ ہوئی۔ اکثر مکبر یہ غلطیاں زیادہ کرتے ہیں اور یوں اپنی اور دوسروں کی نمازیں غارت کرتے ہیں لہٰذا جو ان احکام کو اچھی طرح نہ جانتا ہو اسے مکبر نہیں بننا چاہیے۔

(۴۶) مصحف شریف سے یا کسی کاغذ سے یا محراب وغیرہ میں لکھا ہوا دیکھ کر قرآن پڑھنا مفسد نماز ہے، ہاں اگر یاد پر پڑھ رہا ہے اور مصحف یا محراب وغیرہ پر صرف نظر ہے تو حرج نہیں، اور اگر کسی کاغذ وغیرہ پر آیات لکھی ہیں اسے دیکھا اور سمجھا مگر پڑھا نہیں تو اس میں بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

(۴۷) اگر نمازی کا ستر عورت بقدر چوتھائی عضو کے کھل گیا اور اس نے اسی حالت میں کوئی رکن ادا کر لیا یا رکن تو ادا نہیں کیا لیکن اس حالت میں اتنا عرصہ گزر گیا کہ کم سے کم اس میں ایک رکن ادا ہو سکتا ہے جس کی مقدار تین بار سبحن اللہ کہنے کے برابر ہے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

اسی طرح اگر نماز میں کہیں سے ایسی ناپاکی لگ گئی جو مانع صلوۃ ہے اور اس کے ساتھ ایک رکن ادا کر لیا یا تین بار سبحن اللہ کہنے کی مقدار گزر گئی تو نماز فاسد ہو گئی۔

(۴۸) مقتدی کا اپنے امام سے پہلے کسی رکن کو ادا کر لینا مفسد نماز ہے۔ جیسے مقتدی نے امام سے پہلے رکوع کر لیا اور امام کے رکوع میں جانے سے پہلے مقتدی نے اپنا سر اٹھا لیا کہ اس طرح امام شریک نہ ہو سکا۔

(۴۹) اگر مسبوق نے سجدۂ سہو میں اپنے امام کی پیروی اس وقت کی جبکہ وہ امام سے الگ ہو چکا تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ مثلاً جب امام نے سلام پھیر دیا اور مسبوق اپنی باقی ماندہ نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہوا اور سجدہ بھی کر لیا اب امام کو یاد آیا کہ سجدۂ سہو باقی ہے چنانچہ امام نے سجدۂ سہو کیا اور مسبوق نے بھی امام کے ساتھ سجدۂ سہو کیا تو اس صورت میں مسبوق کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۵۰) ایک آدمی نے قعدۂ اخیرہ کر لیا پھر اس کو یاد آیا کہ میرا نماز کا ایک سجدہ باقی ہے چنانچہ اس نے وہ سجدہ کر لیا اور پھر قعدہ کا اعادہ نہیں کیا بلکہ سجدہ کر کے فوراً سلام پھیر دیا تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

سوال: سجدۂ صلبیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: سجدہ صلبیہ وہ سجدہ ہے جو نماز کا رکن ہو یعنی ہر رکعت کے دو سجدے۔

وَعَدَمُ إِعَادَةِ رُكْنٍ أَدَّاهُ نَائِمًا وَقَهْقَهَةُ إِمَامِ الْمَسْبُوْقِ وَحَدَثُهُ الْعَمْدُ بَعْدَ الْجُلُوْسِ الْأَخِيْرِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَأْسِ رَكْعَتَيْنِ فِيْ غَيْرِ الثُّنَائِيَّةِ ظَانًّا أَنَّهٗ مُسَافِرٌ أَوْ أَنَّهَا الْجُمُعَةُ أَوْ أَنَّهَا التَّرَاوِيْحُ وَهِيَ الْعِشَاءُ أَوْ كَانَ قَرِيْبَ عَهْدٍ بِالْإِسْلَامِ فَظَنَّ الْفَرْضَ رَكْعَتَيْنِ۔

ترجمہ:(۵۱)اور اس رکن کا اعادہ نہ کرنا جس کو سونے کی حالت میں ادا کیا ہو۔ (۵۲)اور مسبوق کے امام کا قہقہہ لگانا یا امام کا قصداً حدث کر لینا آخیری قعدہ کے بعد۔ (۵۳)دو رکعت والی نماز کے علاوہ میں دو رکعت کے سر پر سلام پھیرنا گمان کرتے ہوئے کہ وہ مسافر ہے۔ (۵۴)یا یہ کہ وہ نماز جمعہ ہے۔ (۵۵)یا یہ کہ وہ تراویح ہے حالانکہ وہ عشا کی نماز تھی۔ (۵۶)یا وہ قریب زمانہ میں مسلمان ہوا تھا پس اس نے فرض کو دو رکعت گمان کر لیا۔

سوال: مفسدات نماز میں سے 6 بیان کریں۔

جواب:(۵۱)جب کسی رکن کو نیند کی حالت میں ادا کیا اور جاگنے پر اس کو دوبارہ نہ کیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ کیونکہ نماز کے ارکان کو بیداری میں ادا کرنا شرط ہے۔

(۵۲)اگر قعدۂ اخیرہ کے بعد امام آواز سے ہنس پڑا یا امام نے قصداً حدث کر لیا تو امام کی نماز تو ہو جائے گی کیونکہ اس کے تمام ارکان ادا ہو گئے ایک سلام باقی رہ گیا تھا اور لفظ سلام سے نماز ختم کرنا واجب ہے لہٰذا اس کے ترک سے نماز مکروہ تحریمی ہوئی مگر مسبوق کی نماز کے ارکان ابھی باقی ہیں اس لئے اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۵۳)ایک شخص نے عشاء کی نماز شروع کی اور دو رکعت کے بعد اپنے آپ کو مسافر سمجھ کر سلام پھیر دیا۔ (۵۴) یا ظہر کی نماز میں دو رکعت کے بعد جمعہ کے گمان سے سلام پھیر دیا۔ (۵۵)یا عشا کی نماز میں دو رکعت کے بعد تراویح سمجھ کر سلام پھیر دیا۔ (۵۶)یا کوئی قریب زمانہ میں مسلمان ہوا اور ظہر کی نماز میں دو رکعت کے بعد سلام پھیر دیا اس گمان سے کہ ظہر کی نماز دو رکعت ہے، تو ان سب صورتوں میں نماز فاسد ہو جائے گی۔ کیونکہ اس نے دو رکعت پر نماز قطع کرنے کا قصد کیا۔

نوٹ:مصنف نے مفسدات نماز ۶۸ بیان کی ہیں لیکن ہمارے شمار کے اعتبار سے ۵۶ بنتی ہیں کیونکہ ہم نے اصول کو لیا ہے جبکہ مصنف نے ایک مفسد کے ضمن میں کئی کئی بیان کئے ہیں مثلاً مفسد نمبر (۱۶) اور اللہ کے شریک کے متعلق پوچھنے والے کا جواب لا الہ الا اللہ سے دینا۔ اور بری خبر کا جواب انا للہ وانا الیہ راجعون سے دینا۔ اور اچھی خبر کا جواب الحمد للہ سے دینا۔ اور عجیب خبر کا جواب لا الہ الا اللہ یا سبحن اللہ سے دینا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِیۡمَا لَا یُفۡسِدُ الصَّلَاۃَ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جو نماز کو فاسد نہیں کرتیں

لَوۡ نَظَرَ الۡمُصَلِّي إِلیٰ مَکۡتُوۡبٍ وَفَهِمَهُ أَوۡ أَکَلَ مَا بَیۡنَ أَسۡنَانِهٖ وَکَانَ دُوۡنَ الۡحِمَّصَةِ بِلَا عَمَلٍ کَثِیۡرٍ أَوۡ مَرَّ مَارٌّ فِيۡ مَوۡضِعِ سُجُوۡدِهٖ لَا تَفۡسُدُ وَإِنۡ أَثِمَ الۡمَارُّ وَلَا تَفۡسُدُ بِنَظَرِهٖ إِلیٰ فَرۡجِ الۡمُطَلَّقَةِ بِشَهۡوَةٍ فِي الۡمُخۡتَارِ وَإِنۡ ثَبَتَ بِهِ الرَّجۡعَةُ۔

ترجمہ: اگر مصلی نے کسی لکھی ہوئی چیز کی طرف دیکھا اور اس کو سمجھا یا اس چیز کو کھایا جو اس کے دانتوں کے درمیان ہے اور وہ چنے سے کم ہو بغیر عمل کثیر کے، یا نمازی کے موضع سجود سے کوئی گزنے والا گزرا تو نماز فاسد نہیں ہوگی اگرچہ گزرنے والا گنہگار ہوگا۔ اور نماز فاسد نہیں ہوتی نمازی کے دیکھنے سے مطلقہ کی فرض کی طرف شہوت کے ساتھ مختار مذہب کے مطابق، اگرچہ اس (دیکھنے) سے رجعت ثابت ہو جائے گی۔

سوال: کن چیزوں سے نماز نہیں ٹوٹتی ہے؟

جواب: (۱) اگر نماز میں کسی لکھی ہوئی چیز پر نظر پڑ گئی اور اس کو دل ہی دل میں سمجھ لیا لیکن زبان سے نہیں بولا تو نماز فاسد نہ ہوئی خواہ وہ مکتوب قرآن ہو یا غیر قرآن مگر مکروہ ہے اور اگر دنیوی مضمون ہو تو زیادہ کراہت ہے لہذا نماز میں اپنے قریب کتابیں یا تحریر والے شاپنگ بیگ موبائل فون وغیرہ اس طرح رکھے کہ ان کی لکھائی پر نظر نہ پڑے۔

(۲) اگر نمازی کے دانتوں میں کچھ کھانا لگا رہ گیا تھا اور نماز کی حالت میں اس کو نگل گیا اور وہ چنے سے کم تھی تو مکروہ ہے مگر نماز فاسد نہ ہوئی۔ بشرطیکہ عمل قلیل کے ذریعہ کھایا ہو، اور اگر عمل کثیر ہوا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۳) اگر کوئی شخص یا جانور نمازی کے سامنے سے گزرا یعنی موضع سجود سے اگر میدان وغیرہ میں ہو اور مسجد میں ہو تو دیوار قبلہ تک تو نماز فاسد نہ ہوئی اگرچہ گزرنے والا گنہگار ہوگا۔

(۴) جس عورت کو اس کے شوہر نے طلاق رجعی دے چکا ہو اس شوہر نے اگر دوران نماز شہوت سے اس مطلقہ بیوی کی فرج کو دیکھا تو نماز فاسد نہیں ہوگی البتہ اس دیکھنے سے رجعت ثابت ہو جائے گی۔ اور یہی مسئلہ اجنبی عورت کے فرج کو دیکھنے کا بھی ہے۔ ہاں اگر اس دیکھنے سے انزال ہوا یا دوران نماز عورت کا بوسہ لیا یا اس کو چھوا تو نماز فاسد ہو جائے گی کیونکہ یہ جماع کے معنی میں ہیں اور جماع عمل کثیر ہے۔

فَصْلٌ فِيْ مَكْرُوْهَاتِ الصَّلاَةِ

یہ فصل نماز کے مکروہات کے بیان میں ہے

يُكْرَهُ لِلْمُصَلِّي سَبْعَةٌ وَسَبْعُوْنَ شَيْئًا تَرْكُ وَاجِبٍ أَوْ سُنَّةٍ عَمْدًا كَعَبَثِهِ بِثَوْبِهِ وَبَدَنِهِ وَقَلْبُ الْحَصَا إِلَّا لِلسُّجُوْدِ مَرَّةً وَفَرْقَعَةُ الْأَصَابِعِ وَتَشْبِيْكُهَا وَالتَّخَصُّرُ وَالْاِلْتِفَاتُ بِعُنُقِهِ وَالْاِقْعَاءُ وَافْتِرَاشُ ذِرَاعَيْهِ وَتَشْمِيْرُ كُمَّيْهِ عَنْهُمَا۔

ترجمہ: نمازی کے لئے ۷۷ چیزیں مکروہ قرار دی گئی ہیں۔ (۱) کسی واجب یا (۲) کسی سنت کو قصدا چھوڑ دینا۔ جیسے (۳) نمازی کا اپنے کپڑے اور بدن سے کھیلنا۔ (۴) اور کنکریوں کو الٹ پلٹ کرنا مگر سجدے کے لئے ایک مرتبہ۔ (۵) اور انگلیوں کو چٹخانا۔ (۶) اور انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈالنا۔ (۷) اور کوکھ پر ہاتھ رکھنا۔ (۸) اور اپنی گردن سے متوجہ ہونا۔ (۹) اور کتے کی طرح بیٹھنا۔ (۱۰) اور اپنی دونوں کلائیوں کو بچھا دینا۔ (۱۱) اور دونوں کلائیوں سے اپنی آستینوں کو چڑھا لینا۔

وَصَلَاتُهُ فِي السَّرَاوِيْلِ مَعَ قُدْرَتِهِ عَلٰى لُبْسِ الْقَمِيْصِ وَرَدُّ السَّلَامِ بِالْإِشَارَةِ وَالتَّرَبُّعُ بِلَا عُذْرٍ وَعَقْصُ شَعْرِهِ وَالْاِعْتِجَارُ وَهُوَ شَدُّ الرَّأْسِ بِالْمِنْدِيْلِ وَتَرْكُ وَسْطِهَا مَكْشُوْفًا وَكَفُّ ثَوْبِهِ وَسَدْلُهُ وَالْاِنْدِرَاجُ فِيْهِ بِحَيْثُ لَا يُخْرِجُ يَدَيْهِ۔

ترجمہ: (۱۲) اور قمیص کے پہننے پر اس کی قدرت کے باوجود پاجامے میں نماز پڑھنا۔ (۱۳) اور اشارے سے سلام کا جواب دینا۔ (۱۴) اور بلا عذر چار زانو بیٹھنا۔ (۱۵) اور اپنے بالوں کو باندھنا۔ (۱۶) اور اعتجار اور وہ رومال سے سر کو باندھنا اور بیچ کے حصے کو کھلا چھوڑ دینا ہے۔ (۱۷) اور اپنے کپڑے کو سمیٹنا۔ (۱۸) اور کپڑے کو لٹکانا۔ (۱۹) اور کپڑے میں لپٹ جانا اس طور سے کہ اپنے ہاتھوں کو نہ نکال سکے۔

سوال: نماز کے مکروہات کتنے ہیں؟ اور یہاں مکروہات سے کون سا مکروہ مراد ہے؟

جواب: مصنف نے یہاں پر ۷۷ نماز کے مکروہات شمار کئے ہیں، لیکن یہ عدد حصر کے لئے نہیں ہیں بلکہ اس سے زائد بھی ہو سکتے ہیں۔ اور یہاں مکروہات سے مراد تحریمی اور تنزیہی دونوں ہیں کہ مصنف نے دونوں کو ایک ساتھ ذکر کیا ہے۔ پس بعض مکروہات تحریمہ ہیں اور بعض تنزیہہ ہیں۔

سوال: مکروہات نماز کو مفصل بیان کریں۔

جواب: (۱) نماز کے کسی واجب کو ترک کرنا مکروہ تحریمی ہے جیسے تعدیل ارکان کو ترک کر دینا، امام سے سبقت لے جانا وغیرہ۔

(۲) نماز کی کسی سنت کو ترک کرنا مکروہ تنزیہی ہے جیسے تکبیر تحریمہ کے لئے ہاتھ نہ اٹھانا، رکوع و سجود کے لئے تکبیرات انتقالات نہ کہنا وغیرہ۔

(۳) لباس یا بدن کے ساتھ کھیلنا مکروہ تحریمی ہے۔ کہ یہ خشوع کے منافی ہے اور خشوع نماز کی روح ہے۔

(۴) دوران نماز کنکریاں ہٹانا مکروہ تحریمی ہے ہاں اگر سنت کے مطابق سجدہ ادا نہ ہو سکتا ہو تو ایک بار ہٹانے کی اجازت ہے اور اگر بغیر ہٹائے واجب ادا نہ ہوتا ہو تو ہٹانا واجب ہے چاہے ایک بار سے زیادہ کی حاجت پڑے۔

(۵) نماز میں انگلیاں چٹخانا مکروہ تحریمی ہے اور خارج نماز میں بغیر حاجت کے مکروہ تنزیہی ہے اور خارج نماز میں کسی حاجت کے سبب مثلاً انگلیوں کو آرام دینے کے لئے ہے تو مباح۔

(۶) تشبیک یعنی ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا مکروہ تحریمی ہے۔

(۷) نماز میں کوکھ یعنی کمر پر ہاتھ رکھنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور نماز کے علاوہ بھی بلا عذر نہیں رکھنا چاہیے کہ یہ یہودیوں کا فعل ہے۔

(۸) ادھر ادھر منہ پھیر کر دیکھنا مکروہ تحریمی ہے خواہ پورا منہ پھیرا یا تھوڑا جبکہ سینہ قبلے سے منحرف نہ ہوا ہو۔

(۹) اقعاء یعنی نماز کے جلسے میں کتے کی طرح بیٹھنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور اقعاء یہ ہے کہ دونوں سرین زمین پر رکھے اور دونوں رانوں کو کھڑا کر کے پیٹ سے اور دونوں گھٹنے سینے سے لگا لے اور دونوں ہاتھ زمین پر رکھ دے، پس یہ بیٹھنا کتے کے جیسے ہے۔

(۱۰) سجدے کے وقت مردوں کو زمین پر کلائیوں کو بچھانا مکروہ ہے۔

(۱۱) دونوں آستینوں میں سے اگر ایک آستین بھی آدھی کلائی سے زیادہ چڑھی ہوئی ہو تو مکروہ تحریمی ہے۔ خواہ پہلے سے چڑھی ہو یا نماز میں چڑھائی ہو۔

(۱۲) دوسرا کپڑا ہونے کے باوجود صرف پاجامہ یا تہبند میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔

(۱۳) نماز میں ہاتھ یا سر کے اشارے سے سلام کا جواب دینا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۱۴) نماز میں بلا عذر چار زانو بیٹھنا (چوکڑی مار کر) مکروہ تنزیہی ہے۔

(۱۵) بالوں کو سر یا گدی پر جمع کر کے کسی ڈوری وغیرہ سے باندھ لینا اور پھر اسی حالت میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ جس کو جوڑا باندھنا کہتے ہیں اور اگر حالت نماز میں باندھا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ یہ حکم مردوں کے لئے ہے۔

(۱۶) اعتجار یعنی پگڑی اس طرح باندھنا کہ بیچ سر پر نہ ہو مکروہِ تحریمی ہے۔

(۱۷) کپڑا سمیٹنا جیسا کہ آج کل بعض لوگ سجدے میں جاتے وقت پاجامہ وغیرہ آگے یا پیچھے سے اٹھا لیتے ہیں مکروہ تحریمی ہے، اگر کپڑا بدن سے چپک جائے تو ایک ہاتھ سے چھڑانے میں حرج نہیں ہے۔

(۱۸) سدل یعنی کپڑا لٹکانا مثلاً سر یا کندھے پر اس طرح سے چادر یا رومال وغیرہ ڈالنا کہ دونوں کنارے لٹکتے ہوں مکروہ تحریمی ہے، ہاں اگر ایک کنارہ دوسرے کندھے پر ڈال دیا اور دوسرا لٹک رہا ہے تو حرج نہیں۔ آج کل بعض لوگ ایک کندھے پر اس طرح رومال رکھتے ہیں کہ اس کا ایک سرا پیٹ پر لٹک رہا ہوتا ہے اور دوسرا پیٹھ پر یہ بھی حالت نماز میں مکروہ تحریمی ہے۔

(۱۹) چادر یا کسی اور کپڑے میں اس طرح لپٹ جانا کہ کوئی جانب ایسی نہ رہے جس سے ہاتھ باہر نکل سکیں ایسی حالت میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔

وَجَعْلُ الثَّوْبِ تَحْتَ إِبْطِهِ الْأَيْمَنِ وَطَرْحُ جَانِبَيْهِ عَلٰى عَاتِقِهِ الْأَيْسَرِ وَالْقِرَاءَةُ فِيْ غَيْرِ حَالَةِ الْقِيَامِ وَإِطَالَةُ الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى فِي التَّطَوُّعِ وَتَطْوِيْلُ الثَّانِيَةِ عَلَى الْأُوْلٰى فِيْ جَمِيْعِ الصَّلَوَاتِ وَتَكْرَارُ السُّوْرَةِ فِيْ رَكْعَةٍ وَاحِدَةٍ مِنَ الْفَرْضِ۔

ترجمہ: (۲۰) اور کپڑے کو اپنی داہنی بغل کے نیچے سے لینا اور اس کے دونوں کناروں کو اپنے بائیں کندھے پر ڈال لینا۔ (۲۱) اور قیام کی حالت کے علاوہ میں قراءت کرنا۔ (۲۲) اور نفل میں پہلی رکعت کو لمبا کرنا۔ (۲۳) اور تمام نمازوں میں پہلی رکعت پر دوسری رکعت کو لمبا کرنا۔ (۲۴) اور فرض کی ایک رکعت میں سورت کی تکرار کرنا۔

وَقِرَاءَةُ سُوْرَةٍ فَوْقَ الَّتِيْ قَرَأَهَا وَفَصْلُهٗ بِسُوْرَةٍ بَيْنَ سُوْرَتَيْنِ قَرَأَهُمَا فِيْ رَكْعَتَيْنِ وَشَمُّ طِيْبٍ وَتَرْوِيْحُهٗ بِثَوْبِهٖ أَوْ مِرْوَحَةٍ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ وَتَحْوِيْلُ أَصَابِعِ يَدَيْهِ أَوْ رِجْلَيْهِ عَنِ الْقِبْلَةِ فِي السُّجُوْدِ وَغَيْرِهٖ وَ تَرْكُ وَضْعِ الْيَدَيْنِ عَلَى الرُّكْبَتَيْنِ فِي الرُّكُوْعِ۔

ترجمہ: (۲۵) اور جو سورت پڑھ چکا ہے اس کے اوپر کی سورت کو پڑھنا۔ (۲۶) اور نمازی کا ایک سورت کے ذریعہ فصل کرنا ان دو سورتوں کے درمیان جن کو دو رکعتوں میں پڑھا ہے۔ (۲۷) اور خوشبو کو سونگھنا۔ (۲۸) اور نمازی کا اپنے کپڑے یا پنکھے سے ایک

باریادوبار ہوا کرنا۔ (۲۹) سجدہ وغیرہ میں اپنے ہاتھوں یا پیروں کی انگلیوں کو قبلے سے پھیر لینا۔ (۳۰) اور رکوع میں دونوں گھٹنوں پر ہاتھوں کے رکھنے کو ترک کر دینا۔

وَالتَّثَاؤُبُ وَتَغْمِيْضُ عَيْنَيْهِ وَرَفْعُهُمَا لِلسَّمَاءِ وَالتَّمَطِّيْ وَالْعَمَلُ الْقَلِيْلُ وَأَخْذُ قَمْلَةٍ وَقَتْلُهَا وَتَغْطِيَةُ أَنْفِهِ وَفَمِهِ وَوَضْعُ شَيْءٍ فِيْ فَمِهِ يَمْنَعُ الْقِرَاءَةَ الْمَسْنُوْنَةَ وَالسُّجُوْدُ عَلٰى كَوْرِ عِمَامَتِهِ وَعَلٰى صُوْرَةٍ وَالْاِقْتِصَارُ عَلَى الْجَبْهَةِ بِلَا عُذْرٍ بِالْأَنْفِ۔

ترجمہ: (۳۱) اور جماہی لینا۔ (۳۲) اور اپنی دونوں آنکھوں کو بند کر لینا۔ (۳۳) اور ان دونوں کو آسمان کی طرف اٹھانا۔ (۳۴) اور انگڑائی لینا۔ (۳۵) اور عمل قلیل کرنا۔ (۳۶) اور جوں پکڑنا (۳۷) اور اس کو مار ڈالنا (۳۸) اور اپنے ناک اور منہ کو چھپا لینا۔ (۳۹) اور اپنے منہ میں کسی ایسی چیز کا رکھنا جو مسنون قراءت سے روکے۔ (۴۰) اور اپنے عمامہ کے پیچ پر سجدہ کرنا۔ (۴۱) اور تصویر پر سجدہ کرنا۔ (۴۲) ناک میں کسی عذر کے بغیر پیشانی پر اکتفا کرنا۔

سوال: مکروہات نماز کو بالتعیین مفصل بیان کریں۔

جواب: (۲۰) کپڑے کو اس طرح پہننا کہ اس کو داہنی بغل کے نیچے سے لے اس کے دونوں کنارے بائیں کندھے پر ڈال لے، اس کو اضطباع کہتے ہیں جو احرام کی حالت میں طواف حج وعمرہ کے لئے کرتے ہیں نماز میں اس طرح کرنا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۲۱) قیام کے علاوہ کسی اور موقع پر قرآن مجید پڑھنا مکروہ تحریمی ہے یوں ہی رکوع میں پہنچ کر قراءت ختم کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

(۲۲) نفل کی پہلی رکعت میں بہ نسبت دوسری رکعت کے لمبی قراءت کرنا مکروہ ہے بلکہ دونوں رکعتوں میں برابر قراءت کرے۔

(۲۳) تمام نمازوں میں خواہ فرض ہو یا نفل دوسری رکعت کو پہلی رکعت پر بقدر تین آیت کے یا اس سے زیادہ طویل کرنا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۲۴) ایک سورت کا ایک رکعت میں بار بار پڑھنا فرضوں میں مکروہ ہے اور نفل میں حرج نہیں۔

(۲۵) الٹا قرآن پڑھنا مثلاً پہلی رکعت میں تبت پڑھی اور دوسری میں اذاجاء مکروہ تحریمی ہے۔

(۲۶) اگر دو رکعتوں میں دو سورتیں پڑھیں لیکن ان دونوں کے درمیان ایک سورت کا فصل ہو گیا تو مکروہ تنزیہی ہے۔

(۲۷) نماز میں قصداً خوشبو سونگھنا مکروہ ہے جیسے کہ سجدے کی جگہ خوشبو لگائی اور سجدے میں بالقصد اس کو سونگھا تو مکروہ ہے۔

(۲۸) نماز میں اپنے آپ کو کپڑے یا پنکھے سے ہوا کرنے سے نماز مکروہ تنزیہی ہو جاتی ہے جبکہ ایک یا دو مرتبہ ہو اور عمل قلیل سے ہو، ورنہ تو عمل کثیر ہو جانے کی وجہ سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۲۹) سجدہ اور غیر سجدہ میں ہاتھوں یا پیروں کی انگلیوں کو قبلہ سے پھیر لینا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۳۰) رکوع میں گھٹنوں پر ہاتھ نہ رکھنا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۳۱) قصداً جماہی لینا مکروہ تحریمی ہے اگر خود بخود آئے تو حرج نہیں مگر روکنا مستحب ہے۔

(۳۲) نماز میں آنکھیں بند رکھنا مکروہ تنزیہی ہے، ہاں اگر خشوع آتا ہو تو آنکھیں بند رکھنا افضل ہے۔

(۳۳) نماز میں نگاہ آسمان کی طرف اٹھانا مکروہ تحریمی ہے۔

(۳۴) نماز میں انگڑائی لینا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۳۵) ہر وہ عمل قلیل جو نمازی کے لئے مفید ہو جائز ہے اور جو مفید نہ ہو وہ مکروہ تنزیہی ہے۔

(۳۶) نماز میں جوں پکڑنا مکروہ ہے۔

(۳۷) نماز میں جوں یا مچھر کو مار ڈالنا مکروہ تنزیہی ہے، اگر ایذا دیتے ہوں تو پکڑ کر مار ڈالنے میں کوئی حرج نہیں جبکہ عمل کثیر سے نہ ہو۔

(۳۸) نماز میں کپڑے وغیرہ سے ناک اور منہ چھپانا مکروہ تحریمی ہے۔

(۳۹) منہ میں کوئی چیز لئے ہوئے نماز پڑھنا و پڑھانا مکروہ تنزیہی ہے جبکہ قراءت سے مانع نہ ہو۔ اور اگر مانع قراءت ہو مثلاً آواز ہی نہ نکلے یا اس قسم کے الفاظ نکلیں کہ قرآن کے نہ ہوں تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۴۰) عمامہ کے پیچ پر جو کہ پیشانی پر واقع ہو بلا عذر سجدہ کرنا مکروہ تنزیہی ہے اور اگر کوئی عذر ہو مثلاً گرمی یا سردی سے بچاؤ کے لئے تو مکروہ ہے۔

(۴۱) تصویر محل سجود میں ہو اور اس پر سجدہ کرے تو مکروہ تحریمی ہے۔

(۴۲) ناک میں کسی عذر کے بغیر صرف پیشانی پر سجدہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ کہ سجدے میں ناک کی سخت ہڈی کو لگانا واجب ہے۔

وَالصَّلَاةُ فِي الطَّرِيْقِ وَالْحَمَّامِ وَفِي الْمَخْرَجِ وَفِي الْمَقْبَرَةِ وَاَرْضِ الْغَيْرِ بِلَا رِضَاهُ وَقَرِيْبًا مِنْ نَجَاسَةٍ وَمُدَافِعاً لِأَحَدِ الْأَخْبَثَيْنِ أَوِ الرِّيْحِ وَمَعَ نَجَاسَةٍ غَيْرِ مَانِعَةٍ إِلَّا إِذَا خَافَ فَوْتَ الْوَقْتِ أَوِ الْجَمَاعَةِ وَإِلَّا نُدِبَ قَطْعُهُمَا۔

ترجمہ: (۴۳) اور راستے میں نماز پڑھنا، (۴۴) اور حمام میں، (۴۵) اور پاخانے کی جگہ میں، (۴۶) اور قبرستان میں، (۴۷) اور دوسرے کی زمین میں بغیر اس کی رضامندی کے، (۴۸) اور کسی ناپاکی کے قریب، (۴۹) اور پیشاب (۵۰) پاخانہ یا (۵۱) ریح کے دباؤ کے وقت، (۵۲) اور ایسی ناپاکی کے ساتھ جو مانع نہ ہو مگر جبکہ وقت یا جماعت کے فوت ہونے کا خوف ہو ورنہ ان سے فراغت حاصل کرنا مستحب ہے۔

وَالصَّلَاةُ فِيْ ثِيَابِ الْبِذْلَةِ وَمَكْشُوْفَ الرَّأْسِ لَا لِلتَّذَلُّلِ وَالتَّضَرُّعِ وَبِحَضْرَةِ طَعَامٍ يَمِيْلُ إِلَيْهِ وَمَا يُشْغِلُ الْبَالَ وَيُخِلُّ بِالْخُشُوْعِ وَعَدُّ الآيِ وَالتَّسْبِيْحُ بِالْيَدِ وَقِيَامُ الْإِمَامِ فِي الْمِحْرَابِ أَوْ عَلٰى مَكَانٍ أَوِ الْأَرْضِ وَحْدَهٗ وَالْقِيَامُ خَلْفَ صَفٍّ فِيْهِ فُرْجَةٌ۔

ترجمہ: (۵۳) اور معمولی کپڑوں میں نماز پڑھنا۔ (۵۴) اور سر کھول کر نماز پڑھنا نہ کہ تذلّل اور عاجزی کے لئے (۵۵) اور اس کھانے کی موجودگی میں جس کی طرف میلان ہو۔ (۵۶) اور جو دل کو مشغول کر دے اور خشوع میں خلل ڈالے۔ (۵۱) اور آیتوں اور تسبیح کو ہاتھ سے شمار کرنا۔ (۵۸) اور امام کا محراب میں کھڑا ہونا۔ (۵۹) یا اونچی جگہ پر (۶۰) یا زمین میں تنہا۔ (۶۱) اور کھڑا ہونا ایسی صف کے پیچھے جس میں کشادگی ہو۔

سوال: مکروہات نماز کو بالتعیین مفصل بیان کریں۔

جواب: (۴۳) عام راستے میں نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے کہ اس سے حقوق عامہ میں کمی ہو گی اور لوگوں کے گزرنے سے مانع ہے۔

(۴۴) غسل خانہ میں نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۴۵) استنجاء خانے کی چھت پر نماز پڑھنا مکروہِ تنزیہی ہے۔

(۴۶) قبرستان میں نماز پڑھنا یعنی قبر کے سامنے مکروہ تحریمی ہے، جبکہ قبر اور نمازی کے بیچ میں کوئی چیز حائل نہ ہو۔

(۴۷) دوسرے کی زمین میں بغیر اجازت کے نماز پڑھنا مکروہ ہے اور اگر مغصوبہ زمین ہو یعنی ایسی زمین جس پر ناجائز قبضہ کیا ہو یا پرایا کھیت جس میں زراعت موجود ہو اور جتے ہوئے کھیت میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔

(۴۸) نجاست کے قریب اور کوڑا ڈالنے کی جگہ نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۴۹) پیشاب (۵۰) پاخانہ (۵۱) یا ریح کی شدت کے وقت نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ اگر نماز شروع کرنے سے پہلے ہی شدت ہو تو وقت میں وسعت ہونے کی صورت میں نماز شروع کرنا ہی گناہ ہے۔ ہاں اگر ایسا ہے کہ فراغت اور وضو کے بعد نماز کا وقت ختم ہو جائے گا تو نماز پڑھ لے اور اگر دوران نماز یہ حالت پیدا ہوئی تو اگر وقت میں گنجائش ہو تو نماز توڑ دینا واجب ہے اگر اسی طرح پڑھ لی تو گنہگار ہو گا۔

(۵۲) ایسی ناپاکی کے ساتھ نماز پڑھنا جو قدر مانع سے کم ہو یعنی غلیظہ درہم سے کم ہو اور خفیفہ چوتھائی سے کم ہو مکروہ ہے۔

(۵۳) دوسرے کپڑے میسر ہونے کے باوجود کام کاج کے لباس میں نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۵۴) سستی سے ننگے سر نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے، نماز میں ٹوپی یا عمامہ گر پڑا تو اٹھالینا افضل ہے جبکہ عمل کثیر کی حاجت نہ پڑے ورنہ نماز فاسد ہو جائے گی، اور بار بار اٹھانا پڑے تو چھوڑ دیں، اور نہ اٹھانے سے خشوع و خضوع مقصود ہو تو نہ اٹھانا افضل ہے اور اگر کوئی ننگے سر نماز پڑھ رہا ہو یا اس کی ٹوپی گر پڑی ہو تو اس کو دوسرا شخص ٹوپی نہ پہنائے اور اگر عاجزی و خشوع ظاہر کرنے کے لئے ننگے سر نماز پڑھے تو مکروہ نہیں ہے۔

(۵۵) جب بہت بھوک لگی ہو اور کھانا تیار ہو ایسی حالت میں بغیر کھانا کھائے نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

(۵۶) ایسی چیز کے سامنے نماز پڑھنا جس سے دھیان بٹے مثلاً زینت اور لہو و لعب وغیرہ کے سامان کے پاس مکروہ تنزیہی ہے۔

(۵۷) نماز میں انگلیوں پر آیتوں اور سورتوں اور تسبیحات کا گنّا مکروہ تنزیہی ہے۔

(۵۸) امام کو تنہا محراب میں کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے اور اگر باہر کھڑا ہوا سجدہ محراب میں کیا یا وہ تنہا نہ ہو بلکہ اس کے ساتھ کچھ مقتدی بھی محراب کے اندر ہوں تو حرج نہیں یوں ہی اگر مقتدیوں پر مسجد تنگ ہو تو بھی محراب میں کھڑا ہونا مکروہ نہیں ہے۔

(۵۹) امام کا تنہا بلند جگہ کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے، بلندی کی مقدار یہ ہے کہ دیکھنے میں اس کی اونچائی ظاہر و ممتاز ہو، پھر یہ بلندی اگر قلیل ہو تو کراہت تنزیہہ ورنہ ظاہر تحریم، اور اس کی مقدار ۱۲ انگل ہے۔

(۶۰) امام نیچے ہو اور مقتدی بلند جگہ پر، یہ بھی مکروہ تنزیہی و خلاف سنت ہے۔

(۶۱) اگلی صف میں جگہ خالی ہونے کے باوجود پیچھے کھڑا ہونا مکروہ ہے۔

وَلُبْسُ ثَوْبٍ فِيْهِ تَصَاوِيْرُ وَأَنْ يَكُوْنَ فَوْقَ رَأْسِهِ أَوْ خَلْفَهُ أَوْ بَيْنَ يَدَيْهِ أَوْ بِحِذَائِهِ صُوْرَةٌ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ صَغِيْرَةً أَوْ مَقْطُوْعَةَ الرَّأْسِ أَوْلِغَيْرِ ذِيْ رُوْحٍ وَأَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ تَنُّوْرٌ أَوْ كَانُوْنٌ فِيْهِ جَمْرٌ أَوْ قَوْمٌ نِيَامٌ وَمَسْحُ الْجَبْهَةِ مِنْ تُرَابٍ لَا يَضُرُّهُ فِيْ خِلَالِ الصَّلَاةِ وَتَعْيِيْنُ سُوْرَةٍ لَا يَقْرَأُ غَيْرَهَا إِلَّا لِيُسْرٍ عَلَيْهِ أَوْ تَبَرُّكًا بِقِرَاءَةِ سَيِّدِنَا النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرْكُ اِتِّخَاذِ سُتْرَةٍ فِيْ مَحَلٍّ يُظَنُّ الْمُرُوْرُ فِيْهِ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّيْ۔

ترجمہ: (۶۲) اور ایسے کپڑے پہننا جس میں تصاویر ہوں، (۶۳) اور اس کے سر کے اوپر (۶۴) یا پیچھے (۶۵) یا سامنے (۶۶) یا برابر میں تصویر کا ہونا مگر یہ کہ چھوٹی یا سر کٹی ہوئی یا بے جان چیز کی ہو۔ (۶۷) اور اس کے سامنے تنور ہونا (۶۸) یا ایسی بھٹی ہو جس میں چنگاریاں ہوں۔ (۶۹) یا اس کے سامنے کچھ لوگ سوئے ہوں۔ (۷۰) اور پیشانی سے مٹی کو صاف کرنا جو اس کو دوران نماز نقصان نہیں پہنچا رہی ہے۔ (۷۱) اور کسی سورت کو متعین کرلینا کہ اس کے علاوہ کو نہ پڑھے، مگر اپنے آپ پر آسانی کے لئے یا نبی

ﷺ کی قراءت سے تبرک حاصل کرنے کے لئے (۷۲)اور سترہ بنانے کو چھوڑ دینا ایسی جگہ میں جہاں مصلی کے آگے سے لوگوں کے گزرنے کا گمان ہوتا ہو۔

سوال: مکروہات نماز کو بالتعیین مفصل بیان کریں۔

جواب: (۶۲) جاندار کی تصویر والا لباس پہن کر نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ نماز کے علاوہ بھی ایسا کپڑا پہننا جائز نہیں ہے۔

(۶۳)(۶۴)(۶۵)(۶۶) یوں ہی نمازی کے سر پر یعنی چھت میں ہو یا معلق ہو یا محل سجود میں ہو کہ اس پر سجدہ واقع ہو یا آگے ہو تو نماز مکروہ تحریمی ہو گی۔ آگے ہونے میں کراہت اس وقت ہے کہ تصویر معلق ہو یا نصب ہو یا دیوار وغیرہ میں منقوش ہو، اگر فرش میں ہے اور اس پر سجدہ نہیں تو کراہت نہیں۔

اگر تصویر غیر جاندار کی ہے جیسے پہاڑ دریا وغیرہ کی تو اس میں کچھ حرج نہیں۔ چھوٹی تصویر ہو یعنی اتنی کہ اس کو زمین پر رکھ کر کھڑے ہو کر دیکھیں تو اعضاء کی تفصیل نہ دکھائی دے یا پاؤں کے نیچے یا بیٹھنے کی جگہ ہو تو ان سب صورتوں میں نماز مکروہ نہیں۔ تصویر سر کٹی ہوئی یا جس کا چہرہ مٹا دیا ہو مثلاً کاغذ یا کپڑے یا دیوار پر ہو تو اس پر روشنائی پھیر دی ہو یا اس کے سر یا چہرے کو کھرچ ڈالا ہو یا دھو ڈالا ہو کراہت نہیں۔ اعلیٰ حضرت کی تحقیق کے مطابق تصویر کے دائیں بائیں اور پیچھے ہونے میں نماز مکروہ تنزیہی ہے۔

(۶۷) نمازی کے آگے تنور ہونا مکروہِ تنزیہی ہے کہ مجوسیوں کی عبادت کے مشابہ ہے۔

(۶۸) نمازی کے آگے ایسی بھٹی ہو جس میں جلتی چنگاریاں ہوں تو باعث کراہت تنزیہی ہے شمع یا چراغ میں کراہت نہیں۔

(۶۹) ایسی جگہ نماز پڑھنا جہاں لوگ سو رہے ہوں مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ بسا اوقات سونے والے سے ایسی چیز کا صدور ہو جاتا ہے جس سے نمازی کو ہنسی آ جاتی ہے اس لئے اس سے بچنا بہتر ہے۔

(۷۰) نماز میں پیشانی سے خاک یا گھاس چھڑانا مکروہ تنزیہی ہے کہ یہ عبث ہے ہاں اگر ضرر دے یا ان کی وجہ سے نماز میں دھیان بٹے تو چھڑانے میں حرج نہیں، یوں ہی نماز سے فارغ ہونے کے بعد بھی حرج نہیں۔

(۷۱) فاتحہ کے علاوہ دیگر سورتوں کو متعین کر لینا کہ اس نماز میں ہمیشہ وہی سورت پڑھا کرے مکروہ ہے، مگر یہ کہ اسے یاد ہی چند سورتیں ہیں یا جو سورتیں احادیث میں وارد ہیں ان کو کبھی کبھی برکت کے لئے پڑھ لینا مستحب ہے مگر مداومت نہ کرے کہ کوئی واجب نہ گمان کر لے۔

(۷۲) جب امام یا منفرد کسی ایسی جگہ نماز پڑھے جہاں سے لوگوں کے گزرنے کا اندیشہ ہو تو بغیر سترہ قائم کئے نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

فَصْلٌ فِيْ اِتِّخَاذِ السُّتْرَةِ

یہ فصل سترہ بنانے کے بیان میں ہے

إِذَا ظَنَّ مُرُوْرَهٗ يُسْتَحَبُّ لَهٗ أَنْ يَغْرِزَ سُتْرَةً تَكُوْنُ طُوْلَ ذِرَاعٍ فَصَاعِدًا فِيْ غِلَظِ الْإِصْبَعِ وَالسُّنَّةُ أَنْ يَقْرُبَ مِنْهَا وَيَجْعَلَهَا عَلٰى أَحَدِ حَاجِبَيْهِ وَلَا يَصْمِدُ إِلَيْهَا صَمَدًا وَإِنْ لَمْ يَجِدْ مَا يَنْصِبُهٗ فَلْيَخُطَّ خَطًّا طُوْلًا وَقَالُوْا بِالْعَرْضِ مِثْلَ الْهِلَالِ ۔

ترجمہ: جب نمازی کو کسی کے گزرنے کا گمان ہو تو نمازی کے لئے مستحب ہے ایسا سترہ گاڑنا جو ایک گز یا اس سے زیادہ لمبا ہو، انگلی کی موٹائی میں اور سترہ سے قریب ہونا سنت ہے، اور سترے کو اپنی دونوں بھؤں میں سے ایک کے مقابل رکھے، اس کی طرف سیدھا رخ نہ کرے، اور اگر وہ نمازی کوئی ایسی چیز نہ پائے جس کو وہ کھڑا کر سکے تو چاہیئے کہ ایک خط لمبائی میں کھینچے اور بعضوں نے کہا ہے کہ چوڑائی میں چاند کی طرح۔

دَفْعُ الْمَارِّ أَمَامَهٗ

وَالْمُسْتَحَبُّ تَرْكُ دَفْعِ الْمَارِّ وَرُخِّصَ دَفْعُهٗ بِالْإِشَارَةِ أَوْ بِالتَّسْبِيْحِ وَكُرِهَ الْجَمْعُ بَيْنَهُمَا وَيَدْفَعُهٗ بِرَفْعِ الصَّوْتِ بِالْقِرَاءَةِ وَتَدْفَعُهٗ بِالْإِشَارَةِ أَوِ التَّصْفِيْقِ بِظَهْرِ أَصَابِعِ الْيُمْنٰى عَلٰى صَفْحَةِ كَفِّ الْيُسْرٰى وَلَا تَرْفَعُ صَوْتَهَا لِأَنَّهٗ فِتْنَةٌ وَلَا يُقَاتِلُ الْمَارَّ وَمَا وَرَدَ مُؤَوَّلٌ بِأَنَّهٗ كَانَ وَالْعَمَلُ مُبَاحٌ وَقَدْ نُسِخَ۔

ترجمہ: اور گزرنے والے کو نہ روکنا مستحب ہے، اور اس کو اشارے سے یا تسبیح سے روکنے کی رخصت دی گئی ہے، اور دونوں کو جمع کرنا مکروہ ہے، اور نمازی اس کو قراءت کی آواز بلند کر کے روک سکتا ہے، اور عورت اس کو اشارے سے روکے گی، یا تصفیق سے یعنی دائیں ہاتھ کی انگلیوں کی پشت کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کے کنارے پر تالی بجا کر، اور عورت اپنی آواز کو بلند نہ کرے اس لئے کہ وہ فتنہ ہے، اور گزرنے والے سے قتال نہ کرے، اور جو اس کے بارے میں وارد ہوا ہے اس میں تاویل یہ کی گئی ہے کہ یہ حکم تب تھا جب عمل مباح تھا اور اب منسوخ ہو گیا ہے۔

سوال: سترہ کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں۔

جواب: سترہ کے لغوی معنی پردہ اور آڑ کے ہیں اور اصطلاحِ شرع میں سترہ سے مراد ہر وہ چیز ہے جس کو نمازی آڑ کرنے کے لئے اپنے سامنے کھڑا کرے۔

سوال: نمازی کو اپنے آگے سترہ رکھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: امام و منفرد جب صحرا میں یا کسی ایسی جگہ نماز پڑھیں، جہاں سے لوگوں کے گزرنے کا اندیشہ ہو تو مستحب ہے کہ سُترہ گاڑیں۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، ج۲، ص۴۸۴)

مسجد الحرام شریف میں نماز پڑھتا ہو تو اُس کے آگے طواف کرتے ہوئے لوگ گزر سکتے ہیں۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، مطلب إذا قرأ قولہٗ... إلخ، ج۲، ص۴۸۲.)

سوال: سترہ کی مقدار کیا ہے؟

جواب: سُترہ بقدر ایک ہاتھ کے اونچا اور انگلی برابر موٹا ہو اور زیادہ سے زیادہ تین ہاتھ اونچا ہو۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، ج۲، ص۴۸۴.)

سوال: سترہ کہاں ہونا چاہئے؟

جواب: سُترہ نزدیک ہونا چاہیے، سُترہ بالکل ناک کی سیدھ پر نہ ہو بلکہ داہنے یا بائیں بھوں کی سیدھ پر ہو اور دہنے کی سیدھ پر ہونا افضل ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، ج۲، ص۴۸۴)

سوال: اگر سترہ کے لئے کوئی چیز نہ ملے تو کیا کرے؟

جواب: کوئی چیز تو ہے مگر نصب کرنا ناممکن ہو تو وہ چیز لمبی لمبی رکھ دے اور اگر کوئی ایسی چیز بھی نہیں کہ رکھ سکے تو خط کھینچ دے مگر اس کی کیفیت میں اختلاف ہے بعض نے کہا طول میں ہو اور بعض نے کہا عرض میں محراب کی مثل۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السابع فیما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، الفصل الأول، ج۱، ص۱۰۴.)

سوال: کیا نمازی گزرنے والے کو روک سکتا ہے؟ اور کن طریقوں سے روک سکتا ہے؟

جواب: نمازی کے سامنے سُترہ نہیں اور کوئی شخص گزرنا چاہتا ہے یا سُترہ ہے مگر وہ شخص مصلّی اور سُترہ کے درمیان سے گزرنا چاہتا ہے تو نمازی کو رخصت ہے کہ اسے گزرنے سے روکے، خواہ سبحان اللہ کہے یا جہر کے ساتھ قراءت کرے یا ہاتھ، یا سر، یا آنکھ کے اشارے سے منع کرے اس سے زیادہ کی اجازت نہیں، مثلاً کپڑا پکڑ کر جھٹکنا یا مارنا، بلکہ اگر عملِ کثیر ہو گیا، تو نماز ہی جاتی رہی۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، مطلب إذا قرأ قولہٗ... إلخ، ج۲، ص۴۸۵.)

سوال: کیا اشارہ اور تسبیح دونوں کو جمع کر سکتے ہیں؟

جواب: تسبیح و اشارہ دونوں کو بلا ضرورت جمع کرنا مکروہ ہے، کہ جب ایک سے کام چل جارہا ہے تو دونوں کو جمع کرنے کی کوئی حاجت نہیں ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، ج۲، ص۴۸۶.)

سوال: کیا قراءت کی آواز بلند کر کے گزرنے والے کو روک سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! روک سکتا ہے۔

سوال: عورت گزرنے والے کو کس طرح روکے؟

جواب: اگر کوئی شخص عورت کے سامنے سے گزرے تو تصفیق سے منع کرے، یعنی دہنے ہاتھ کی انگلیاں بائیں کی پشت پر مارے کہ تصفیق عورتوں کے لئے ہے، اور اگر مرد نے تصفیق کی اور عورت نے تسبیح، تو بھی فاسد نہ ہوئی مگر خلافِ سُنّت ہوا۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، ج۲، ص۴۸۶.)

سوال: اگر گزرنے والا اشارہ کرنے، تسبیح کرنے یا قراءت کی آواز بلند کرنے سے بھی نہ رکے تو کیا اس سے جھگڑا کرسکتے ہیں؟

جواب: اگر گزرنے والا مذکورہ بالا طریقوں سے نہ رکے تو اس کو چھوڑ دے، اس سے جھگڑا اور لڑائی نہ کرے۔

سوال: "وما ورد به مؤول بانه کان والعمل مباح وقد نسخ" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے ایک سوال کا جواب دینا مقصود ہے؟ اور وہ سوال یہ ہے کہ آپ نے ما قبل میں کہا کہ گزرنے والے سے لڑائی نہ کرے جبکہ حدیث میں آیا کہ "فلیقاتله فاغا هو شیطان" کہ اس سے لڑائی کرو کہ وہ شیطان ہے۔

تو مصنف نے اس سوال کا جواب "وما ورد به مؤول بانه کان والعمل مباح و تو نسخ" سے دیا یعنی یہ حدیث جو وارد ہوئی ہے اس کا حکم ابتدائے اسلام میں تھا جبکہ نماز کے اندر کام کرنا مباح تھا یعنی عمل کثیر ممنوع نہیں تھا پھر اس کے بعد یہ حکم منسوخ ہو گیا کہ اب نماز میں کوئی کام اور عمل کثیر منع ہے کہ یہ مفسد نماز ہیں۔

قراٰن کریم کی تعظیم کرنے والے بندر کی حکایت

دعوتِ اسلامی کے اِشاعَتی اِدارے مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ ۵۶۱ صَفْحات پر مشتمل کتاب، **"ملفوظاتِ اعلٰی حضرت"** ۴۷۷تا۴۷۸ پر **میرے آقا اعلٰی** حضرت، امامِ اہلسنّت، مجدِّدِ دین وملّت، مولانا شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کا ارشاد ہے: ایک مرتبہ ننّھے میاں (یعنی سرکار اعلی حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کے سب سے چھوٹے بھائی علّامہ محمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن) اپنی چھت پر **قرآنِ عظیم** پڑھ رہے تھے، سامنے دیوار پر ایک **بندر** بیٹھا تھا، یہ کسی کام کو اٹھ کر گئے، بندر دوڑتا ہوا سامنے دیوار پر گزرا اور اُس پار جانا چاہتا تھا جیسے ہی قرآنِ عظیم کے مُحاذات پر (یعنی سامنے) آیا، قرآنِ عظیم کو سجدہ کیا اور اپنی راہ چلا گیا۔

چاند شَق ہو پیڑ بولیں جانور سجدہ کریں
بارَکَ اللہ مرجَعِ عالَم یہی سرکار ہے

(حدائق بخشش شریف)

فَصْلُ فِيْمَا لَا يُكْرَهُ لِلْمُصَلِّيْ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جو نمازی کے لئے مکروہ قرار نہیں دی گئیں

لَا يُكْرَهُ لَهُ شَدُّ الْوَسَطِ وَلَا تَقَلُّدٌ بِسَيْفٍ وَنَحْوِهٖ إِذَا لَمْ يَشْتَغِلْ بِحَرَكَتِهٖ وَلَا عَدَمُ إِدْخَالِ يَدَيْهِ فِيْ فَرْجِيِّهٖ وَشِقِّهٖ عَلَى الْمُخْتَارِ وَلَا التَّوَجُّهُ لِمُصْحَفٍ أَوْ سَيْفٍ مُعَلَّقٍ أَوْ ظَهْرِ قَاعِدٍ يَتَحَدَّثُ أَوْ شَمْعٍ أَوْ سِرَاجٍ عَلَى الصَّحِيْحِ وَالسُّجُوْدُ عَلٰى بِسَاطٍ فِيْهِ تَصَاوِيْرُ لَمْ يَسْجُدْ عَلَيْهَا وَقَتْلُ حَيَّةٍ وَعَقْرَبٍ خَافَ أَذَاهُمَا وَلَوْ بِضَرَبَاتٍ وَانْحِرَافٍ عَنِ الْقِبْلَةِ فِي الْأَظْهَرِ۔

ترجمہ: نمازی کے لئے کمر کا باندھنا اور تلوار اور اس جیسی چیز کا لٹکانا مکروہ نہیں ہے جبکہ اس کی حرکت سے اس کا دل مشغول نہ ہو، اور اپنے ہاتھوں کو فرجی اور اپنے شق میں داخل کرنا مکروہ نہیں ہے مختار قول پر اور قرآن پاک یا لٹکی ہوئی تلوار کی طرف منہ کرنا مکروہ نہیں ہے اور کسی بیٹھے ہوئے کی پشت کی طرف جو بات کر رہا ہو یا شمع یا چراغ کی طرف منہ کرنا مکروہ نہیں ہے صحیح مذہب پر، اور سجدہ کرنا ایسے فرش پر جس میں تصویریں ہوں کہ ان پر سجدہ نہ کر رہا ہو، اور سانپ اور بچھو کو مار ڈالنا کہ خوف کرے ان کے ایذا کا اگرچہ چند ضربوں اور قبلہ سے پھر جانے سے ہو ظاہر مذہب کے مطابق۔

سوال: کمر کو کسی چیز سے باندھ کر اور گلے میں تلوار لٹکا کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: کمر کو کسی چیز سے باندھ کر نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے اس لئے کہ یہ ستر کو چھپانے میں مددگار ہے، جبکہ اس کپڑے کے نیچے کوئی کپڑا نہ ہو، اور اگر اس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا ہے مثلاً کرتے کے اوپر کوٹ پہنا اور اس کو کمرے سے باندھا ہے تو بعض نے اس کو مکروہ کہا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ مکروہ نہیں ہے۔

اور گلے میں تلوار یا اس جیسی دیگر چیزیں جیسے کمان ترکش وغیرہ لٹکا کر نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے لیکن اگر ان کی حرکت سے نماز میں خلل ہوتا تو مکروہ ہے۔

سوال: "ولا عدم ادخال بدیہ فی فرجیہ وشقہ علی المختار" اس عبارت کی وضاحت کریں۔

جواب: فرجی لمبی آستینوں والے جبے کو کہتے ہیں۔ شق ایک لباس ہے جو آگے سے کھلا ہوتا ہے جیسے شیروانی۔

اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جبہ یا شیروانی وغیرہ جیسے لباس میں سے کسی کو پہنا ہو، اور اپنے ہاتھ آستینوں میں ڈالے ہوں تو مختار قول کے مطابق یہ مکروہ نہیں ہے۔

سوال: قرآن، لٹکی ہوئی تلوار، بیٹھے ہوئے شخص کی پیٹھ، شمع اور چراغ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: اگر نمازی کے سامنے قرآن ہو یا لٹکی ہوئی تلوار ہو تو کوئی کراہت نہیں، اسی طرح نمازی کے سامنے کوئی شخص بیٹھے باتیں کر رہا ہے تو اس کی پیٹھ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے، یوں ہی موم بتی یا چراغ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔ صحیح مذہب کے مطابق کہ یہ مجوسیوں کی عبادت کے مشابہ نہیں ہے۔

سوال: فرش یا مصلے میں تصویر بنی ہوئی ہے مگر سجدہ اس پر نہیں کرتا تو کیا حکم ہے؟

جواب: فرش یا مصلے میں تصویر بنی ہوئی ہے مگر سجدہ اس پر نہیں کرتا تو کراہت نہیں ہے۔

سوال: دوران نماز سانپ بچھو کو مارنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: سانپ بچھو کو مارنے سے نماز نہیں ٹوٹتی جبکہ نہ تین قدم چلنا پڑے نہ تین ضرب کی حاجت ہو ورنہ فاسد ہو جائے گی۔ سانپ بچھو کو مارنا اس وقت مباح ہے جبکہ سامنے سے گزرے اور ایذا دینے کا خوف ہو اگر تکلیف پہنچانے کا اندیشہ نہ ہو تو مارنا مکروہ ہے۔ اور متن کی عبارت میں کراہت نہ ہونے سے مراد یہ ہے کہ اس کو نماز توڑنے کا گناہ نہیں ہو گا۔

وَلَا بَأْسَ بِنَفْضِ ثَوْبِهٖ كَيْلَا يَلْتَصِقَ بِجَسَدِهٖ فِي الرُّكُوْعِ وَلَا بِمَسْحِ جَبْهَتِهٖ مِنَ التُّرَابِ أَوِ الْحَشِيْشِ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الصَّلَاةِ وَلَا قَبْلَ الْفَرَاغِ إِذَا ضَرَّهٗ أَوْشَغَلَهٗ عَنِ الصَّلَاةِ وَلَا بِالنَّظْرِ بِمُوْقِ عَيْنَيْهِ مِنْ غَيْرِ تَحْوِيْلِ الْوَجْهِ وَلَا بَأْسَ بِالصَّلَاةِ عَلَى الْفُرُشِ وَالْبُسُطِ وَاللُّبُوْدِ وَالْأَفْضَلُ الصَّلَاةُ عَلَى الْأَرْضِ أَوْ عَلٰى مَا تُنْبِتُهٗ وَلَا بَأْسَ بِتَكْرَارِ السُّوْرَةِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ النَّفْلِ۔

ترجمہ: اور اپنے کپڑے کو جھٹک دینے میں کوئی حرج نہیں ہے، تاکہ اس کے بدن سے رکوع میں نہ چمٹے، اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد مٹی یا تنکے سے اپنی پیشانی کو صاف کر دینے میں کوئی حرج نہیں ہے اور نہ فارغ ہونے سے پہلے جبکہ وہ اس کو تکلیف دے یا نماز سے اس کے دل کو مشغول کرے اور بغیر چہرہ گھمائے اپنی آنکھوں کے گوشے سے دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور فرش اور بچھونے اور قالین پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور زمین پر یا اس چیز پر جس کو زمین نے اگایا ہے نماز پڑھنا افضل ہے، اور نفل کی دو رکعتوں میں سورت کو مکرر پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال: دوران نماز اگر کپڑا چمٹ جائے تو کیا اس کو جھٹک سکتے ہیں؟

جواب: دوران نماز اگر کپڑا بدن سے چمٹ جائے تو ایک ہاتھ سے چھڑانے اور جھٹکنے میں کوئی حرج نہیں ہے تاکہ اس کے بدن سے رکوع سجود میں نہ چمٹے ہاں کپڑا سمیٹنے جیسا کہ آج کل بعض لوگ سجدے میں جاتے وقت پاجامہ وغیرہ آگے سے یا پیچھے سے اٹھا لیتے ہیں مکروہ تحریمی ہے۔

سوال: نماز سے فارغ ہونے کے بعد یا دورانِ نماز پیشانی سے مٹی وغیرہ صاف کرنا کیسا ہے؟

جواب: پیشانی سے خاک یا گھاس چھڑانا مکروہ ہے، جب کہ ان کی وجہ سے نماز میں تشویش نہ ہو اور تکبّر مقصود ہو تو کراہت تحریمی ہے اور اگر تکلیف دہ ہوں یا خیال بٹتا ہو تو حرج نہیں اور نماز کے بعد چھڑانے میں تو مطلقاً مضایقہ نہیں بلکہ چاہیے، تاکہ ریا نہ آنے پائے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة، الفصل الثاني، ج۱، ص۱۰۵.)

سوال: نماز کی حالت میں اِدھر اُدھر دیکھنا کیسا ہے؟

جواب: اِدھر اُدھر منہ پھیر کر دیکھنا مکروہ تحریمی ہے، کل چہرہ پھر گیا ہو یا بعض اور اگر منہ نہ پھیرے، صرف کنکھیوں سے اِدھر اُدھر بلا حاجت دیکھے، تو کراہت تنزیہی ہے اور نادراً کسی غرض صحیح سے ہو تو اصلاً حرج نہیں، نگاہ آسمان کی طرف اٹھانا بھی مکروہ تحریمی ہے۔

(بہار شریعت جلد ۱ ص ۶۲۶)

سوال: فرش، بچھونے اور قالین پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: فرش بچھونے اور قالین پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ پیشانی اچھی طرح جم جائے مگر زمین پر اور اس پر جس کو زمین نے اگایا ہے نماز پڑھنا افضل ہے کہ اس میں تواضع زیادہ ہے۔

سوال: نفل کی دو رکعتوں میں ایک سورت کی تکرار کرنا کیسا ہے؟

جواب: نوافل کی دونوں رکعتوں میں ایک ہی سورت کو مکرر پڑھنا یا ایک رکعت میں اسی سورت کو بار بار پڑھنا، بلا کراہت جائز ہے۔

("غنية المتملي"، فيما يكره من القران فى العسلاة وما لا يكره... إلخ، ص۴۹۴. موضحاً.)

اور نوافل کے علاوہ میں دونوں رکعتوں میں ایک ہی سورت کی تکرار مکروہ تنزیہی ہے، جب کہ کوئی مجبوری نہ ہو اور مجبوری ہو تو بالکل کراہت نہیں، مثلاً پہلی رکعت میں پوری قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھی، تو اب دوسری میں بھی یہی پڑھے یا دوسری میں بلا قصد وہی پہلی سورت شروع کر دی یا دوسری سورت یاد نہیں آتی، تو وہی پہلی پڑھے۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل في القراءة، و مطلب: السنة تكون سنة عين... إلخ، ج۲، ص۳۲۹.)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصْلٌ فِيمَا يُوجِبُ قَطْعَ الصَّلَاةِ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جو نماز کو توڑنا واجب کرتی ہیں

يَجِبُ قَطْعُ الصَّلَاةِ بِاسْتِغَاثَةِ مَلْهُوْفٍ بِالْمُصَلِّيْ لَا بِنِدَاءِ أَحَدِ أَبَوَيْهِ وَيَجُوْزُ قَطْعُهَا بِسَرِقَةِ مَا يُسَاوِيْ دِرْهَمًا وَلَوْ لِغَيْرِهٖ وَخَوْفِ ذِئْبٍ عَلٰى غَنَمٍ أَوْ خَوْفِ تَرَدِّيْ أَعْمٰى فِيْ بِئْرٍ وَنَحْوِهٖ وَإِذَا خَافَتِ الْقَابِلَةُ مَوْتَ الْوَلَدِ وَإِلَّا فَلَا بَأْسَ بِتَأْخِيْرِهَا الصَّلَاةَ وَتُقْبِلَ عَلَى الْوَلَدِ وَكَذَا الْمُسَافِرُ إِذَا خَافَ مِنَ اللُّصُوْصِ أَوْ قُطَّاعِ الطَّرِيْقِ جَازَ لَهٗ تَأْخِيْرُ الْوَقْتِيَّةِ۔

ترجمہ: مصیبت زدہ کے نمازی سے مدد طلب کرنے کی وجہ سے نماز کو توڑ دینا واجب ہے نہ کہ والدین میں سے کسی کے پکارنے سے اور نماز کو توڑنا جائز ہے ایسی چیز کے چوری ہونے کی وجہ سے جو ایک درہم کے برابر ہو اگرچہ دوسرے کی ہو اور بکریوں پر بھیڑئے کے خوف کی وجہ سے یا اندھے کے کوئیں اور کوئیں کے جیسے دیگر چیز میں گرنے کے خوف سے اور جب دایہ کو بچہ کے مر جانے کا خوف ہو (تو واجب ہے) ورنہ (نماز میں نہ ہو تو) نماز کو مؤخر کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور بچہ پر متوجہ رہے اور ایسے ہی مسافر جب کہ اس کو چوروں یا ڈاکوؤں کا خوف ہو تو اس کے لئے وقتی نماز کو مؤخر کرنا جائز ہے۔

جَزَاءُ تَارِكِ الصَّلَاةِ وَالصَّوْمِ

وَتَارِكُ الصَّلَاةِ عَمْدًا كَسْلًا يُضْرَبُ ضَرْبًا شَدِيْدًا حَتّٰى يَسِيْلَ مِنْهُ الدَّمُ وَيُحْبَسُ حَتّٰى يُصَلِّيَهَا وَكَذَا تَارِكُ صَوْمِ رَمَضَانَ وَلَا يُقْتَلُ إِلَّا إِذَا جَحَدَ أَوِ اسْتَخَفَّ بِأَحَدِهِمَا۔

ترجمہ: اور جان بوجھ کر سستی سے نماز چھوڑنے والے کو خوب مارا جائے گا یہاں تک کی اس کے بدن سے خون بہنے لگے اور قید کر دیا جائے گا یہاں تک کی نماز پڑھنے لگے اور ایسے ہی رمضان کے روزے چھوڑنے والے کو اور قتل نہیں کیا جائے گا مگر جب کہ انکار کرے یا ان دونوں میں سے کسی کو ہلکا جانے (توہین) کرے۔

سوال: نماز توڑنا کب واجب ہے؟

جواب: کوئی مصیبت زدہ فریاد کر رہا ہو، اسی نمازی کو پُکار رہا ہو یا مطلقاً کسی شخص کو پُکارتا ہو یا کوئی ڈوب رہا ہو یا آگ سے جل جائے گا یا اندھا راہ گیر کوئیں میں گرا چاہتا ہو، ان سب صورتوں میں توڑ دینا واجب ہے، جب کہ یہ اس کے بچانے پر قادر ہو۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ... إلخ، مطلب في بیان المستحب... إلخ، ج۲، ص۵۱۴.)

سوال: کیا ماں باپ کے بلانے پر بھی نماز توڑ سکتے ہیں؟

جواب: ماں باپ، دادا دادی وغیرہ اصول کے محض بلانے سے نماز قطع کرنا جائز نہیں، البتہ اگر ان کا پُکارنا بھی کسی بڑی مصیبت کے لئے ہو، جیسے اوپر مذکور ہوا تو توڑ دے، یہ حکم فرض کا ہے اور اگر نفل نماز ہے اور ان کو معلوم ہے کہ نماز پڑھتا ہے تو ان کے معمولی پُکارنے سے نماز نہ توڑے اور اس کا نماز پڑھنا انہیں معلوم نہ ہو اور پُکارا تو توڑ دے اور جواب دے، اگرچہ معمولی طور سے بلائیں۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ... إلخ، مطلب في بیان المستحب... إلخ، ج۲، ص۵۱۴.)

سوال: نماز توڑ دینا کب جائز ہے؟

جواب: سانپ وغیرہ کے مارنے کے لئے جب کہ ایذا کا اندیشہ صحیح ہو یا کوئی جانور بھاگ گیا اس کے پکڑنے کے لئے یا بکریوں پر بھیڑیے کے حملہ کرنے کے خوف سے نماز توڑ دینا جائز ہے۔ یوہیں اپنے یا پرائے ایک درہم کے نقصان کا خوف ہو، مثلاً دُودھ اُبل جائے گا یا گوشت ترکاری روٹی وغیرہ جل جانے کا خوف ہو یا ایک درہم کی کوئی چیز چور اُچکا لے بھاگا، ان صورتوں میں نماز توڑ دینے کی اجازت ہے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، مطلب في بیان المستحب... إلخ، ج۲، ص۵۱۳.)

سوال: حاجت کے وقت نماز توڑنے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: نماز توڑنا بغیر عُذر ہو تو حرام ہے اور ضرورتاً نماز توڑنے کے لئے بیٹھنے کی حاجت نہیں، کھڑے کھڑے ایک طرف سلام پھیر کر توڑ دے۔ (ہمارا اسلام، جماعت کا بیان، حصہ۴، ص۲۳۷)

سوال: ایک درہم کا وزن کتنا ہوتا ہے؟

جواب: ایک درہم ۳ گرام اور ۶۲ ملی گرام چاندی کا ہوتا ہے۔

سوال: دایہ کو بچے کی جان کا خوف ہو تو کیا نماز توڑ سکتی ہے؟

جواب: اگر دایہ کو بچے کی جان کا خوف غالب ہو تو اگر نماز میں ہو تو نماز توڑ دینا واجب ہے، اور اگر نماز میں نہ ہو تو نماز کو اس وقت سے مؤخر کر دینا واجب ہے۔

سوال: ”والا فلا باس بتاخیرھا الصلوۃ وتقبل علی الولد“ اس عبارت کی وضاحت کریں۔

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر دایہ کو خوف تو ہو لیکن غالب گمان نہ ہو تو اگر نماز میں ہو تو توڑ دینا جائز ہے اور نماز میں نہ ہو تو نماز کو مؤخر کرنا جائز ہے، اور بچے کی دیکھ بھال کرے۔

سوال: تارک صوم وصلوۃ کی کیا سزا ہے؟

جواب: نماز کا چھوڑنا حرام اور شدید ترین کبیرہ گناہ ہے اسی لئے اگر کوئی شخص جان بوجھ کر سستی سے نماز چھوڑدے تو اس کی خوب پٹائی کی جائے گی یہاں تک کہ اس کے بدن سے خون بہنے لگے پھر اس کے بعد قید کر دیا جائے اور اسے وعظ و نصیحت کی جائے یہاں تک کہ وہ نماز پڑھنے لگے یا قید کی حالت میں مر جائے اور یہ دنیوی سزا ہے۔ مگر یہ حکم بادشاہِ اسلام کو ہے نہ کہ عام لوگوں کو۔

اسی طرح قصداً سستی سے رمضان کا روزہ چھوڑنے والے کو خوب مارا جائے گا اور قید کر دیا جائے گا یہاں تک کہ وہ توبہ کر کے روزہ رکھنے لگے۔ اور عند الامام اعظم تارک صوم وصلوۃ کو قتل نہیں کیا جائے گا۔ اس حال میں کہ وہ ان کی فرضیت کا اقرار کرنے والا ہو۔

سوال: کیا کوئی ایسی بھی صورت ہے کہ تارک صوم وصلوۃ کو قتل کر دینے کا حکم ہو؟

جواب: جی ہاں! اگر صوم وصلوۃ کی فرضیت کا انکار کرے یا ان میں سے کسی کی توہین کرے مثلاً رمضان میں دن کے وقت روزے کو حقیر و معمولی سمجھ کر اور اس کو دین کی ضروریات میں نہ جان کر کھلم کھلا کھائے پیئے تو اس کا حکم مرتد کی طرح ہے کہ اس کو قید کر کے اس کے شبہ کو دور کیا جائے گا پھر بھی اگر باز نہ آئے تو اس کو قتل کر دیا جائے گا۔

ہِرنی کی پکار بحضورِ شَہَنْشاہِ ابرار

اُمُّ الْمُؤمِنین حضرتِ سیِّدَتُنا اُمّ سلمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھَا سے روایت ہے کہ **سرکارِ** والا تَبار، بے کسوں کے مدد گار، شَفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک و مختار، حبیبِ پروردگار صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صَحراء میں تھے۔ اچانک کسی نے پکارا: یَا رَسُولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے مُتوَجِّہ ہو کر دیکھا مگر کوئی نظر نہ آیا۔ پھر دوسری طرف مُتوَجِّہ ہو کر دیکھا تو بندھی ہوئی ایک **ہرنی** نظر آئی اُس نے عَرض کی: اُدْنُ مِنِّیْ یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! یعنی یا رَسُولَ اللہ! میرے قریب تشریف لایئے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے قریب تشریف لا کر فرمایا: مَاحَاجَتُكِ؟ یعنی تیری کیا حاجت ہے؟ **ہرنی** بولی: اس پہاڑ میں میرے دو بچے ہیں، آپ مجھے کھول دیجئے، میں ان دونوں کو دودھ پلا کر آپ کی خدمت میں حاضِر ہو جاؤں گی۔ فرمایا: کیا تُو ایسا کرے گی؟ **ہرنی** نے عرض کی: اگر میں ایسا نہ کروں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھے **عِشار** کا عذاب دے۔ (عِشار ایسی حامِلہ اونٹنی کو کہتے ہیں جس کا دس ماہ گزر جانے کے بعد بھی بچّہ باہَر نہ آئے، اور اس بے چاری پر بوجھ لادا جائے جس کے سبب وہ تکلیف سے خوب بِلبِلائے، چیخے چلّائے) تو خاتَمُ الْمُرْسَلین، رَحمَۃٌ لِّلْعٰلمین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے اسے کھول دیا اور اس نے جا کر اپنے بچّوں کو دودھ پلایا اور اِس کے بعد وہ آگئی اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے اسے باندھ دیا۔ اتنے میں اعرابی بیدار ہو گیا اور اس نے دیکھ کر عَرض کی: یَا رَسُولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! آپ کو کوئی کام ہے؟ فرمایا: ہاں اِس **ہِرنی** کو چھوڑ دے۔ اُس نے اُسے چھوڑ دیا۔ وہ چوکڑیاں بھرتی ہوئی جا رہی تھی اور یہ کہہ رہی تھی: اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللہ وَاَنَّکَ رَسُوْلُ اللہ (میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک آپ اللہ کے رسول ہیں)۔ (**المعجم الکبیر** ج ۲۳ ص ۳۳۱ حدیث ۷۶۳، **الخصائص الکبری** ج ۲ ص ۱۰۱)

بَابُ الْوِتْرِ

یہ وتر کا باب ہے

حُكْمُهٗ وَكَيْفِيَّتُهٗ

اَلْوِتْرُ وَاجِبٌ وَهُوَ ثَلَاثُ رَكَعَاتٍ بِتَسْلِيْمَةٍ وَيَقْرَأُ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ مِنْهُ الْفَاتِحَةَ وَسُوْرَةً وَيَجْلِسُ عَلٰى رَأْسِ الْأُوْلَيَيْنِ مِنْهُ وَيَقْتَصِرُ عَلَى التَّشَهُّدِ وَلَا يَسْتَفْتِحُ عِنْدَ قِيَامِهٖ لِلثَّالِثَةِ وَإِذَا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ السُّوْرَةِ فِيْهَا رَفَعَ يَدَيْهِ حِذَاءَ أُذُنَيْهِ ثُمَّ كَبَّرَ وَقَنَتَ قَائِمًا قَبْلَ الرُّكُوْعِ فِيْ جَمِيْعِ السَّنَةِ وَلَا يَقْنُتُ فِيْ غَيْرِ الْوِتْرِ ۔

ترجمہ: وتر کی نماز واجب ہے اور وہ تین رکعتیں ہیں ایک سلام سے، اور وتر کی ہر رکعت میں فاتحہ اور کوئی سورت پڑھے، اور وتر کی پہلی دو رکعت کے آخر (سرے) پر بیٹھ جائے، اور تشہد پر اکتفا کرے، اور تیسری رکعت لے لئے کھڑے ہونے کے وقت ثنا نہ پڑھے، اور جب تیسری رکعت میں سورت کے پڑھنے سے فارغ ہو تو اپنے دونوں ہاتھوں کو کانوں کے مقابل اٹھائے، پھر تکبیر کہے، اور رکوع سے پہلے کھڑے کھڑے قنوت پڑھے پورے سال میں، اور وتر کے علاوہ میں قنوت نہ پڑھے۔

مَعْنَى الْقُنُوْتِ وَصِيْغَتُهٗ

وَالْقُنُوْتُ مَعْنَاهُ الدُّعَاءُ وَهُوَ أَنْ يَقُوْلَ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَهْدِيْكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ إِلَيْكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ نَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ نَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ إِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا النَّبِيِّ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: اور قنوت کے معنی دعا کے ہیں اور قنوت یہ کہنا ہے: اے اللہ! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے بخشش مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسا رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے۔ اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے اور خدمت کیلئے حاضر ہوتے ہیں اور تیری رحمت کے امّیدوار ہیں اور

تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔ اور اللہ ہمارے سردار نبی ﷺ اور آپ کی آل پر درود و سلام نازل فرمائے۔

سوال: وتر کا لغوی معنی بیان کریں اور اصطلاحِ شرع میں وتر سے کیا مراد ہے؟

جواب: وتر لغت میں طاق عدد کو کہتے ہیں، اور یہ جفت کی ضد ہے، اور شریعت کی اصطلاح میں وتر سے مراد وہ خاص نماز ہے جو عشاء کی نماز کے ساتھ پڑھی جاتی ہے، اور اس کی ایک سلام سے تین رکعتیں ہیں، اور اس کا وقت عشاء کے بعد سے طلوعِ فجر تک ہے۔

سوال: نمازِ وتر کا حکم کیا ہے؟

جواب: وتر واجب ہے اگر سہواً یا قصداً نہ پڑھا تو قضا واجب ہے، اور صاحبِ ترتیب کے لئے اگر یہ یاد ہے کہ نمازِ وتر نہیں پڑھی ہے اور وقت میں گنجائش بھی ہے تو فجر کی نماز فاسد ہے، خواہ فجر شروع کرنے سے پہلے یاد ہو یا درمیان میں یاد آجائے۔

("الدر المختار" معہ "رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۲۹۔۵۳۲،)

سوال: نمازِ وتر پڑھنے کا طریقہ بیان کریں؟

جواب: نمازِ وتر تین رکعت ہے اور اس میں قعدۂ اُولیٰ واجب ہے اور قعدۂ اُولیٰ میں صرف التحیات پڑھ کر کھڑا ہو جائے، نہ درود پڑھے نہ سلام پھیرے جیسے مغرب میں کرتے ہیں اُسی طرح کرے اور اگر قعدۂ اُولیٰ نہ کیا بلکہ بھول کر کھڑا ہو گیا تو لوٹنے کی اجازت نہیں بلکہ سجدۂ سہو کرے۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في منكر الوتر...إلخ، ج۲، ص۵۳۲،)

وتر کی تینوں رکعتوں میں مطلقاً قراءت فرض ہے اور ہر ایک میں بعد فاتحہ سورت ملانا واجب اور بہتر یہ ہے کہ پہلی میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى یا اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ دوسری میں قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ تیسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے۔ اور کبھی کبھی اور سورتیں بھی پڑھ لے، تیسری رکعت میں قراءت سے فارغ ہو کر رکوع سے پہلے کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہے جیسے تکبیر تحریمہ میں کرتے ہیں پھر ہاتھ باندھ لے اور دعائے قنوت پڑھے، دعائے قنوت کا پڑھنا واجب ہے اور اس میں کسی خاص دعا کا پڑھنا ضروری نہیں، بہتر وہ دعائیں ہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہیں اور ان کے علاوہ کوئی اور دعا پڑھے جب بھی حرج نہیں، سب میں زیادہ مشہور دُعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِىْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ ط اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّىْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط۔

پس دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھے نہ کہ رکوع کے بعد جیسے کی شوافع پڑھتے ہیں، اور نمازِ وتر میں دعائے قنوت سارا سال پڑھنا ہے نہ کہ صرف رمضان میں جیسے کہ شوافع پڑھتے ہیں۔

سوال: کیا غیرِ وتر میں دعائے قنوت پڑھ سکتے ہیں؟ نیز قنوت کا معنی کیا ہے؟

جواب: نمازِ وتر کے سوا اور کسی نماز میں قنوت نہ پڑھے۔ ہاں اگر حادثۂ عظیمہ واقع ہو تو عند الاحناف نمازِ فجر میں بھی پڑھ سکتا ہے اور ظاہر یہ ہے کہ رکوع کے قبل قنوتِ نازلہ پڑھے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۴۱، و"الفتاوی الرضویۃ"، ج۷، ص۴۹۰.)

اور قنوت کا معنی دعا ہے لہذا اگر کوئی مختصر دعا پڑھ لے تو واجب ادا ہو جائے گا، مگر متن میں مذکور دعائے قنوت پڑھنا مسنون ہے اور دعائے قنوت کے بعد درود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

وَالْمُؤْتَمُّ يَقْرَأُ الْقُنُوْتَ كَالْإِمَامِ وَإِذَا شَرَعَ الْإِمَامُ فِي الدُّعَاءِ بَعْدَ مَا تَقَدَّمَ قَالَ أَبُوْ يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللهُ يُتَابِعُوْنَهُ وَيَقْرَءُوْنَهُ مَعَهُ وَقَالَ مُحَمَّدٌ لَا يُتَابِعُوْنَهُ وَلٰكِنْ يُؤَمِّنُوْنَ وَالدُّعَاءُ هُوَ هٰذَا اَللّٰهُمَّ اِهْدِنَا بِفَضْلِكَ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنَا فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنَا فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا أَعْطَيْتَ وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ إِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: اور مقتدی امام کی طرح قنوت پڑھے گا اور جب امام (دوسری) دعا پڑھنا شروع کر دے اس قنوت کے بعد جو گزرا تو امام ابو یوسف نے فرمایا کہ مقتدی امام کی اتباع کریں گے اور امام کے ساتھ دعا کو پڑھیں گے اور امام محمد نے فرمایا کہ مقتدی امام کی اتباع نہیں کریں لیکن آمین کہیں اور دعا یہ ہے اللهم اهدنا بفضلك۔ اے اللہ اپنے فضل سے ہم کو ہدایت عطا فرما ان نیک بندوں کے ساتھ جن کو تو نے ہدایت عطا فرمائی اور ہم کو عافیت عطا فرما ان کے ساتھ جن کو تو نے عافیت عطا فرمائی اور ہمارا ولی ہو ان کے ساتھ جن کا تو ولی ہوا، اور جو چیزیں تو نے ہمیں عطا فرمائی ان میں تو ہمیں برکت عطا فرما اور ہم کو ان چیزوں سے بچا جن کا تو نے فیصلہ فرمالیا ہے بیشک تو ہی فیصلہ فرماتا ہے اور تجھ پر کوئی فیصلہ نہیں کیا جاتا جس کا تو ولی ہوا وہ ذلیل نہیں ہو سکتا اور جس کا تو مخالف ہو وہ عزت نہیں پا سکتا، اے ہمارے رب! تو بابرکت ہے اور بلند و بالا ہے، اور اللہ ہمارے سردار محمد مصطفی ﷺ اور ان کی آل واصحاب پر درود نازل فرمائے اور سلام۔

مُتَفَرِّقَاتٌ فِيْ اَحْكَامِ الْقُنُوْتِ

وَمَنْ لَمْ يُحْسِنِ الْقُنُوْتَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ أَوْ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ أَوْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ۔

ترجمہ: اور جو شخص دعائے قنوت اچھی طرح نہ پڑھ سکے وہ اللھم اغفرلی تین مرتبہ کہے یا رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ (۲۰۱) پڑھ لے یا یا رب یا رب یا رب تین مرتبہ کہے۔

سوال: کیا رمضان کے وتر میں مقتدی امام کی متابعت کرتے ہوئے قنوت پڑھے گا؟ نیز قنوت کے بعد اگر امام نے دوسری دعا پڑھی تو کیا اس میں بھی متابعت کرے گا؟

جواب: رمضان کے وتر جبکہ جماعت سے پڑھے جا رہے ہوں تو مقتدی اپنے امام کی متابعت کرے گا یعنی آہستہ قنوت پڑھے گا، اور اگر قنوت کے بعد امام نے متن میں مذکور دعا شروع کر دی تو عند ابی یوسف مقتدی امام کے ساتھ ساتھ آہستہ پڑھے، جبکہ عند محمد مقتدی نہ پڑھے بلکہ آمین کہتا رہے۔ اور قنوت کے بعد اس دعاء کو پڑھنا بہتر ہے کہ حدیث سے ثابت ہے۔

سوال: جس کو مخصوص دعائے قنوت یاد نہ ہو تو کون سی دعا پڑھے؟

جواب: جس کو مخصوص دعائے قنوت یاد نہ ہو تو وہ تین بار **اللھم اغفرلی** پڑھ لے یا **رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ** ایک بار کہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثامن في صلاة الوتر، ج۱، ص۱۱۱.) یا تین بار یا ربی، یا ربی، یا ربی پڑھ لے۔ لیکن دعائے قنوت کو جلدی یاد کرنے کی کوشش کرے تاکہ سنت کی فضیلت حاصل ہو۔

وَاِذَا اقْتَدٰى بِمَنْ يَقْنُتُ فِي الْفَجْرِ قَامَ مَعَهٗ فِيْ قُنُوْتِهٖ سَاكِتًا فِي الْأَظْهَرِ وَيُرْسِلُ يَدَيْهِ فِيْ جَنْبَيْهِ وَاِذَا نَسِيَ الْقُنُوْتَ فِي الْوِتْرِ وَتَذَكَّرَهٗ فِي الرُّكُوْعِ أَوِ الرَّفْعِ مِنْهُ لَا يَقْنُتُ وَلَوْ قَنَتَ بَعْدَ رَفْعِ رَأْسِهٖ مِنَ الرُّكُوْعِ لَا يُعِيْدُ الرُّكُوْعَ وَيَسْجُدُ لِلسَّهْوِ لِزَوَالِ الْقُنُوْتِ عَنْ مَحَلِّهِ الْأَصْلِيِّ وَلَوْ رَكَعَ الْإِمَامُ قَبْلَ فَرَاغِ الْمُقْتَدِيْ مِنْ قِرَاءَةِ الْقُنُوْتِ أَوْ قَبْلَ شُرُوْعِهٖ فِيْهِ وَخَافَ فَوْتَ الرُّكُوْعِ تَابَعَ إِمَامَهٗ ۔

ترجمہ: اور جب اقتدا کرے ایسے شخص کی جو فجر کی نماز میں قنوت پڑھتا ہو تو اس کے ساتھ قنوت میں خاموش کھڑا رہے ظاہر مذہب کے مطابق اور اپنے ہاتھوں کو اپنے پہلوؤں میں چھوڑ دے۔ اور جب نمازی نماز وتر میں قنوت پڑھنا بھول جائے اور رکوع میں قنوت یاد آئے یا رکوع سے اٹھنے کے وقت تو اب قنوت نہ پڑھے اور اگر رکوع سے اپنا سر اٹھانے کے بعد قنوت پڑھ لی تو رکوع کا اعادہ نہ کرے اور قنوت کے اپنی اصلی جگہ سے ہٹ جانے کی وجہ سے سجدہ سہو کرے گا اور اگر امام رکوع کرے مقتدی کے قنوت پڑھنے سے فارغ ہونے سے پہلے یا مقتدی کے قنوت شروع کرنے سے پہلے اور مقتدی کو رکوع کے فوت ہونے کا خوف ہو تو وہ اپنے امام کی اتباع کرے۔

وَلَوْ تَرَكَ الْإِمَامُ الْقُنُوْتَ يَأْتِيْ بِهِ الْمُؤْتَمُّ إِنْ أَمْكَنَهُ مُشَارَكَةُ الْإِمَامِ فِي الرُّكُوْعِ وَإِلَّا تَابَعَهُ وَلَوْ أَدْرَكَ الْإِمَامَ فِيْ رُكُوْعِ الثَّالِثَةِ مِنَ الْوِتْرِ كَانَ مُدْرِكًا لِلْقُنُوْتِ فَلَا يَأْتِيْ بِهِ فِيْمَا سُبِقَ بِهٖ وَيُوْتِرُ بِجَمَاعَةٍ فِيْ رَمَضَانَ فَقَطْ وَصَلَاتُهٗ مَعَ الْجَمَاعَةِ فِيْ رَمَضَانَ أَفْضَلُ مِنْ أَدَائِهٖ مُنْفَرِدًا آخِرَ اللَّيْلِ فِيْ اِخْتِيَارِ قَاضِيْ خَان قَالَ هُوَ الصَّحِيْحُ وَصَحَّحَ غَيْرُهٗ خِلَافَهٗ۔

ترجمہ: اور اگر امام قنوت چھوڑ دے تو مقتدی قنوت بجالائے (پڑھے) اگر اس کو رکوع میں امام کی مشارکت کا امکان ہو، ورنہ تو مقتدی امام کی اتباع کرے گا اور اگر مقتدی نے امام کو وتر کی تیسری رکعت کے رکوع میں پایا تو وہ قنوت کو پانے والا ہو گا پس قنوت کو بجا نہیں لائے گا (نہیں پڑھے گا) ان رکعتوں میں جن میں وہ مسبوق ہوا ہے، اور وتر جماعت کے ساتھ پڑھے صرف رمضان میں اور اس کا جماعت کے ساتھ پڑھنا رمضان میں اس کو آخر رات میں اکیلے ادا کرنے سے افضل ہے، قاضی خان کے اختیار کے مطابق انہوں نے کہا یہی صحیح ہے اور قاضی خان کے علاوہ دوسرے حضرات نے اس کے بر خلاف کو صحیح کہا ہے۔

سوال: اگر حنفی مقتدی شافعی المذہب امام کے پیچھے نمازِ فجر پڑھی تو قنوت کے وقت حنفی کیا کرے؟

جواب: اگر حنفی نے نمازِ فجر میں شافعی المذہب امام کی اقتدا کی چونکہ ان کے یہاں نمازِ فجر میں قنوت پڑھنا سنّت ہے تو جب امام اپنے مذہب کے موافق قنوت پڑھے تو حنفی مقتدی قنوت نہ پڑھے، بلکہ ہاتھ لٹکائے ہوئے (قومہ کی حالت میں) اتنی دیر چپ کھڑا رہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۳۸،)

یہ طرفین (امام اعظم وامام محمد) کا مذہب ہے، اور اسی پر فتوی ہے، جبکہ امام ابو یوسف کا قول یہ ہے کہ مقتدی امام کے ساتھ قنوت پڑھے گا۔ اور غیر مفتی بہ قول ہے۔

سوال: اگر نمازی دعائے قنوت پڑھنا بھول جائے تو کیا کرے؟

جواب: اگر دعائے قنوت پڑھنا بھول گیا اور رکوع میں چلا گیا تو نہ قیام کی طرف لوٹے نہ رکوع میں پڑھے اور اگر قیام کی طرف لوٹ آیا اور قنوت پڑھا اور رکوع نہ کیا، تو نماز فاسد نہ ہو گی، مگر گنہگار ہو گا اور اگر صرف الحمد پڑھ کر رکوع میں چلا گیا تھا تو لوٹے اور سورت و قنوت پڑھے پھر رکوع کرے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے۔ یو ہیں اگر الحمد بھول گیا اور سورت پڑھ لی تھی تو لوٹے اور فاتحہ و سورت و قنوت پڑھ کر پھر رکوع کرے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثامن في صلاۃ الوتر، ج۱، ص۱۱۱.)

سوال: مقتدی نے قنوت ابھی ختم نہ کی تھی کہ امام رکوع میں چلا گیا تو مقتدی کیا کرے؟

جواب: وتر کی قنوت میں مقتدی امام کی متابعت (پیروی) کرے، اگر مقتدی قنوت سے فارغ نہ ہوا تھا کہ امام رکوع میں چلا گیا تو مقتدی بھی امام کا ساتھ دے اور اگر امام نے بے قنوت پڑھے رکوع کر دیا اور مقتدی نے ابھی کچھ نہ پڑھا، تو مقتدی کو اگر رکوع فوت ہونے کا اندیشہ ہو جب تو رکوع کر دے، ورنہ قنوت پڑھ کر رکوع میں جائے اور اُس خاص دعا کی حاجت نہیں جو دعائے قنوت کے نام سے مشہور ہے، بلکہ مطلقاً کوئی دُعا جسے قنوت کہہ سکیں پڑھ لے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثامن في صلاۃ الوتر، ج۱، ص۱۱۱.) جیسے کہ سوال نمبر ۲۳۹ کے جواب کے تحت گزرا۔

سوال: اگر کوئی نمازی وتر کی تیسری رکعت کے رکوع میں شامل ہوا تو دعائے قنوت کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام کے ساتھ تیسری رکعت کے رکوع میں ملا ہے تو اسے وہ رکعت مل گئی لہذا بعد کو جو رکعتیں پڑھے گا اس میں قنوت نہ پڑھے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثامن في صلاۃ الوتر، ج۱، ص۱۱۱.) کہ وہ امام کے ساتھ قنوت کو پانے والا ہے۔

سوال: نمازِ وتر جماعت کے ساتھ کب پڑھی جائے گی؟

جواب: رمضان شریف کے علاوہ اور دنوں میں وتر جماعت سے نہ پڑھے اور اگر تداعی کے طور پر ہو تو مکروہ ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۶۰۴.)

اور قاضی خان کے نزدیک رمضان میں وتر کو آخر شب میں تنہا ادا کرنے سے جماعت کے ساتھ پڑھنا افضل ہے، جبکہ قاضی خان کے علاوہ دوسرے حضرات نے آخر شب میں تنہا پڑھنے کی افضلیت کو صحیح قرار دیا ہے۔

اُونٹ نے طوافِ کعبہ کیا اور پھر۔۔۔

۸۱۵ھ کا واقِعہ ہے، ایک اونٹ اپنے مالِک سے خود کو چُھڑا کر بھاگ کھڑا ہوا، یہاں تک کہ **مَکَّۂ** مکرَّمہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ **تَعظِیماً** پہنچا اور سیدھا مسجدُ الحرام میں داخِل ہو گیا، لوگ پکڑنے دوڑے مگر کسی کے ہاتھ میں نہ آیا، اُس نے کعبۂ مُشَرَّفَہ کے گرد سات چکّر لگائے پھر **حَجَرِ اَسوَد** پر اپنے ہونٹ رکھ دیئے، اِس کے بعد **میزابِ رَحمت** کے سامنے کھڑا ہو گیا، اُس کی آنکھوں سے ٹَپ ٹَپ آنسو گر رہے تھے، اِسی طرح روتے روتے وہ زمین پر آرہا اور اُس کا دَم نکل گیا۔ لوگوں نے اُسے بَصَد اِحتِرام اُٹھایا اور **صَفا و مَروہ** کے درمیان دفنا دیا۔ (کتاب الحج ص ۱۱۴ ملخصًا) (اُس دور میں آج کل کی طرح کا مُعاملہ نہ تھا وہاں تدفین ممکن تھی چُنانچِہ شاہ عبد العزیز مُحدِّث دِہلوی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی نے بُستانُ المُحدِّثین صفحہ ۲۹۸ پر لکھا ہے: مشہور محدِّث حضرت سیِّدُنا امام نَسائی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی صفا و مروہ کے درمیان مدفون ہیں) **اللہ عَزَّوَجَلَّ** کی اُن پر رَحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

تصدُّق ہو رہے ہیں لاکھوں بندے گرد پھر پھر کر
طوافِ خانۂ کعبہ عجب دلچسپ منظر ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

فَصلٌ فِيْ بَيَانِ النَّوَافِلِ

یہ فصل نوافل کے بیان میں ہے

السُّنَنِ الْمُؤَكَّدَةِ

سُنَّ سُنَّةً مُؤَكَّدَةً رَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الظُّهْرِ وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ وَبَعْدَ الْعِشَاءِ وَأَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَبْلَ الْجُمُعَةِ وَبَعْدَهَا بِتَسْلِيْمَةٍ ۔

ترجمہ: دو رکعت فجر سے پہلے اور دو رکعت ظہر، مغرب و عشاء کے بعد، اور چار رکعت ظہر اور جمعہ سے پہلے اور جمعہ کے بعد ایک سلام سے سنت مؤکدہ قرار دی گئی ہے۔

اَلْمَنْدُوْبَاتُ

وَنُدِبَ أَرْبَعٌ قَبْلَ الْعَصْرِ وَالْعِشَاءِ وَبَعْدَهٗ وَسِتٌّ بَعْدَ الْمَغْرِبِ ۔

ترجمہ: اور چار رکعت عصر و عشاء سے پہلے اور چار رکعت عشاء کے بعد اور چھ رکعت مغرب کے بعد مستحب قرار دی گئی ہے

أَحْكَامُ مُتَفَرِّقَةٍ

وَيَقْتَصِرُ فِي الْجُلُوْسِ الْأَوَّلِ مِنَ الرُّبَاعِيَّةِ الْمُؤَكَّدَةِ عَلَى التَّشَهُّدِ وَلَا يَأْتِيْ فِي الثَّالِثَةِ بِدُعَاءِ الْاِسْتِفْتَاحِ بِخِلَافِ الْمَنْدُوْبَةِ وَإِذَا صَلّٰى نَافِلَةً أَكْثَرَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ وَلَمْ يَجْلِسْ إِلَّا فِيْ آخِرِهَا صَحَّ اسْتِحْسَانًا لِأَنَّهَا صَارَتْ صَلَاةً وَاحِدَةً وَفِيْهَا الْفَرْضُ الْجُلُوْسُ آخِرَهَا ۔

ترجمہ: اور چار رکعت والی سنت مؤکدہ کے پہلے قعدہ میں تشہد پر اکتفا کرے اور تیسری رکعت میں دعائے افتتاح (ثنا) نہ بجا لائے (نہ پڑھے) بر خلاف چار رکعت والی مستحب نمازوں کے اور جب نفل نماز دو رکعت سے زیادہ پڑھے اور نہ بیٹھے مگر ان کے آخر میں تو صحیح ہے استحباباً، اس لئے کہ وہ ایک نماز ہو گئی اور ان میں (چار رکعت والی میں) وہی جلسہ فرض ہے جو آخر میں ہو۔

وَكُرِهَ الزِّيَادَةُ عَلٰى أَرْبَعٍ بِتَسْلِيمَةٍ فِي النَّهَارِ وَعَلٰى ثَمَانٍ لَيْلًا وَالْأَفْضَلُ فِيهِمَا رُبَاعٌ عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ وَعِنْدَهُمَا الْأَفْضَلُ فِي اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى وَبِهِ يُفْتٰى وَصَلَاةُ اللَّيْلِ أَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ النَّهَارِ وَطُولُ الْقِيَامِ أَحَبُّ مِنْ كَثْرَةِ السُّجُودِ۔

ترجمہ: اور دن میں ایک سلام سے چار رکعت پر اور رات میں آٹھ رکعت پر زیادتی کرنا مکروہ قرار دیا گیا ہے اور امام اعظم کے نزدیک ان دونوں (رات اور دن) میں چار چار رکعت افضل ہے، اور صاحبین کے نزدیک رات میں دو دو افضل ہیں اور اسی پر فتوی دیا جاتا ہے اور رات کی نماز دن کے نماز سے افضل ہے اور قیام کو لمبا کرنا سجدوں کی کثرت سے افضل ہے۔

سوال: نفل کا لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہے؟

جواب: نفل کا لغوی معنی زیادتی کے ہیں اور شریعت کی اصطلاح میں نفل اس عبادت کو کہتے ہیں جو فرض و واجب نہ ہو، اور کرنے سے ثواب اور نہ کرنے سے گناہ نہ ہو۔

سوال: کتبِ فقہ میں نفل و سنّت کو اکٹھا کیوں ذکر کیا جاتا ہے؟

جواب: نفل عام ہے کہ سنت پر بھی اس کا اطلاق آیا ہے اور اس کے غیر کو بھی نفل کہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ فقہائے کرام باب النوافل میں سنن کا بھی ذکر کرتے ہیں کہ نفل ان کو بھی شامل ہے۔ لہٰذا نفل کے جتنے احکام بیان ہوں گے وہ سنتوں کو بھی شامل ہوں گے، البتہ اگر سنتوں کے لئے کوئی خاص بات ہو گی تو اس مطلق حکم سے اس کو الگ کیا جائے گا، جہاں استثناء نہ ہو، اسی مطلق حکم نفل میں شامل سمجھیں گے۔ پس ہر سنّت نماز نفل ہے مگر ہر نفل نماز سنّت نہیں ہے۔

سوال: سنّت نماز کی کتنی قسمیں ہیں اور ان کا حکم کیا ہے؟

جواب: اس کی دو قسمیں ہیں کہ: (۱) بعض سنّتیں مؤکدہ ہیں کہ شریعت میں اس پر تاکید آئی۔ بلا عذر ایک بار بھی ترک کرے تو مستحق ملامت ہے اور ترک کی عادت کرے تو فاسق، مردود الشہادۃ (اس کی گواہی قابل قبول نہیں) اور مستحق نار ہے۔ اور بعض ائمہ نے فرمایا: کہ "وہ گمراہ ٹھہرایا جائے گا اور گنہگار ہے، اگرچہ اس کا گناہ واجب کے ترک سے کم ہے۔" تلویح میں ہے، کہ اس کا ترک قریب بحرام ہے۔ اس کا تارک اس بات کا مستحق ہے کہ معاذ اللہ! شفاعت سے محروم ہو جائے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو میری سنت کو ترک کرے گا، اسے میری شفاعت نہ ملے گی۔" سنت مؤکدہ کو سنن الہدی بھی کہتے ہیں۔

(۲) دوسری قسم غیر مؤکدہ ہے جس کو سنن الزوائد بھی کہتے ہیں۔ اس پر شریعت میں تاکید نہیں آئی، کبھی اس کو مستحب اور مندوب بھی کہتے ہیں۔

سوال: سنّتِ مؤکدہ کون کون سی نمازیں ہیں؟

جواب: سنت مؤکدہ یہ ہیں۔ (۱) دو رکعت نماز فجر سے پہلے۔ (۲) چار ظہر کے پہلے، (۳) دو بعد۔ (۴) دو مغرب کے بعد۔ (۵) دو عشا کے بعد اور (۶) چار جمعہ سے پہلے، (۷) چار جمعہ کے بعد یعنی جمعہ کے دن جمعہ پڑھنے والے پر چودہ رکعتیں ہیں اور علاوہ جمعہ کے باقی دنوں میں ہر روز بارہ رکعتیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۴۵.)

جو سنتیں چار رکعتی ہیں مثلاً جمعہ و ظہر کی تو چاروں ایک سلام سے پڑھی جائیں گی یعنی چاروں پڑھ کر چوتھی کے بعد سلام پھیریں، یہ نہیں کہ دو دو رکعت پر سلام پھیریں اور اگر کسی نے ایسا کیا تو سنتیں ادا نہ ہوئیں۔ یوہیں اگر چار رکعت کی منت مانی اور دو دو رکعت کرکے چار پڑھیں تو منت پوری نہ ہوئی، بلکہ ضرور ہے کہ ایک سلام کے ساتھ چاروں پڑھے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۴۵،)

سوال: سب سنّتِ مؤکدہ میں قوّت کے اعتبار سے کیا ترتیب ہے؟

جواب: سب سنتوں میں قوی تر سنت فجر ہے، یہاں تک کہ بعض اس کو واجب کہتے ہیں اور اس کی مشروعیت کا اگر کوئی انکار کرے تو اگر شبہہ یا براہ جہل ہو تو خوف کُفر ہے اور اگر دانستہ بلا شبہہ ہو تو اس کی تکفیر کی جائے گی و لہٰذا یہ سنتیں بلا عذر نہ بیٹھ کر ہو سکتی ہیں نہ سواری پر، نہ چلتی گاڑی پر، ان کا حکم ان باتوں میں بالکل مثل وتر ہے۔ اس کے بعد پھر مغرب کی سنتیں پھر ظہر کے بعد کی پھر عشا کے بعد کی پھر ظہر سے پہلے کی سنتیں، اور اصح یہ ہے کہ سنت فجر کے بعد ظہر کی پہلی سنتوں کا مرتبہ ہے کہ حدیث میں خاص ان کے بارے میں فرمایا: کہ "جو انہیں ترک کرے گا، اُسے میری شفاعت نہ پہنچے گی۔" ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في السنن والنوافل، ج۲، ص۵۴۸۔۵۵۰.)

سوال: مستحب (سنّتِ غیرِ مؤکدہ) نمازیں کون سی ہیں؟

جواب: (۱) چار رکعت عشا سے پہلے (۲) چار رکعت عصر کے پہلے (۳) عشا کے بعد چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھنا مستحب ہے اور یہ بھی اختیار ہے کہ عشا کے بعد دو ہی پڑھے مستحب ادا ہو جائے گا۔ یوہیں ظہر کے بعد چار رکعت پڑھنا مستحب ہے کہ حدیث میں فرمایا: "جس نے ظہر سے پہلے چار اور بعد میں چار پر محافظت کی، اللہ تعالیٰ اُس پر آگ حرام فرمادے گا۔" ("جامع الترمذي"، أبواب الصلاۃ، الحدیث:۴۲۷، ج۱، ص۴۳۵.)

(۴) بعد مغرب چھ رکعتیں مستحب ہیں ان کو صلاۃ الاوّابین کہتے ہیں، خواہ ایک سلام سے سب پڑھے یا دو سے یا تین سے اور تین سلام سے یعنی ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا افضل ہے۔ ("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في السنن والنوافل، ج۲، ص۵۴۷.)

سوال: چار رکعت والی سنّتِ مؤکدہ اور نفل نماز ادا کرنے میں کیا فرق ہے؟

جواب: جو سنت مؤکدہ چار رکعتی ہے اس کے قعدۂ اولیٰ میں صرف التحیات پڑھے اگر بھول کر درود شریف پڑھ لیا تو سجدۂ سہو کرے اور ان سنتوں میں جب تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہوا تو **سُبْحٰنَكَ** اور **اَعُوْذُ** بھی نہ پڑھے اور ان کے علاوہ اور چار رکعت والے نوافل کے قعدۂ اولیٰ میں بھی درود شریف پڑھے اور تیسری رکعت میں **سُبْحٰنَكَ** اور **اَعُوْذُ** بھی پڑھے، بشرطیکہ دو رکعت کے بعد قعدہ کیا ہو ورنہ پہلا **سُبْحٰنَكَ** اور **اَعُوْذُ** کافی ہے، منت کی نماز کے بھی قعدۂ اولیٰ میں درود پڑھے اور تیسری میں ثنا و تعوذ۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۵۲)

سوال: اگر کوئی شخص دو رکعت سے زیادہ نفل نماز پڑھے اور درمیانی قعدہ میں نہ بیٹھے تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر کسی شخص نے دو رکعت سے زیادہ مثلا چار رکعت نفل پڑھی اور درمیانی قعدہ میں نہیں بیٹھا بلکہ چار رکعت کے آخر میں قعدہ کیا تو سجدۂ سہو کے ساتھ اس کی نماز عند الشیخین استحساناً جائز ہے اگرچہ قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ اس کی نماز فاسد ہو جائے کیونکہ نفل نماز کی ہر دو رکعت علیحدہ نماز ہے لہذا اس کا ہر قعدہ فرض ہوا اور وہ یہاں پر ترک ہو گیا پس جب پہلی دو فاسد ہو گئی تو دوسری دو کا شروع ہونا بھی درست نہ ہوا اس لئے پوری نماز فاسد ہو گی اور یہی قول امام زفر و محمد کا ہے اور قیاس کا جواب یہ ہے کہ جب پہلا قعدہ چھوڑ کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہوا تو اس نے کل نماز کو نماز واحد بنا لیا اور یہ فرض کے مشابہ ہو گئی اور قعدۂ اولی فرض سے واجب ہو گیا لہذا واجب کے ترک کی وجہ سے قعدۂ اخیرہ میں سجدۂ سہو کر کے سلام پھیرے نماز ہو گئی۔ جیسے کہ بہارِ شریعت میں ہے۔

چار رکعت نفل پڑھے اور قعدۂ اولیٰ فوت ہو گیا بلکہ قصداً بھی ترک کر دیا تو نماز باطل نہ ہوئی اور بھول کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا تو عود نہ کرے اور سجدۂ سہو کر لے نماز کامل ادا ہو گی، اگر تین رکعتیں پڑھیں اور دوسری پر نہ بیٹھا تو نماز فاسد ہو گی اور اگر دو رکعت کی نیت باندھی تھی اور بغیر قعدہ کئے تیسری کے لئے کھڑا ہو گیا تو عود کرے ورنہ فاسد ہو جائے گی۔ ("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب التاسع في النوافل، ج۱، ص۱۱۳.)

سوال: اکٹھے کتنی رکعات نوافل بلا کراہت پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: دن کے نفل میں ایک سلام کے ساتھ چار رکعت سے زیادہ اور رات میں آٹھ رکعت سے زیادہ پڑھنا مکروہ ہے اور امامِ اعظم کے نزدیک افضل یہ ہے کہ دن ہو یا رات ہو چار چار رکعت پر سلام پھیرے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۵۰.)

اور صاحبین کے نزدیک دن میں چار چار اور رات میں دو دو رکعت کر کے پڑھنا افضل ہے۔ مصنف کے قول کے مطابق صاحبین کے قول پر فتوی ہے جبکہ اب امامِ اعظم کے قول پر فتوی ہے، اور ایسے ہی بہار شریعت میں لکھا ہے۔

سوال: رات کے نوافل افضل ہیں یا دن کے؟

جواب: رات کے نوافل دن کے نوافل سے افضل ہیں کہ صحیح مسلم شریف میں مرفوعاً ہے فرضوں کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے۔

(" صحیح مسلم "، کتاب الصیام، باب فضل صوم المحرم، الحدیث:۱۱۶۳، ص۵۹۱.)

اور طبرانی نے مرفوعاً روایت کی ہے کہ رات میں کچھ نماز ضروری ہے اگرچہ اتنی ہی دیر جتنی دیر میں بکری دُوہ لیتے ہیں اور عشا کے فرض کے بعد جو نماز پڑھی وہ صلاۃ اللیل ہے۔ ("المعجم الکبیر"، باب الألف، الحدیث:۷۸۷، ج۱، ص۲۷۱.)

سوال: طولِ قیام افضل ہے یا کثرتِ رکعات؟

جواب: نماز میں قیام طویل ہونا کثرتِ رکعات سے افضل ہے یعنی جب کہ کسی وقت معین تک نماز پڑھنا چاہے مثلاً دو رکعت میں چار رکعت کے برابر وقت صرف کر دینا چار رکعت پڑھنے سے افضل ہے۔ ("الدر المختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب الوتر و النوافل، مطلب: قولھم کل شفع من النفل الصلاة لیس

مطردا، ج۲، ص ۵۵۴.) کیونکہ: حضرتِ سیدنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ سرکارِ والاتَبار، ہم بے کسوں کے مدد گار، شفیعِ روزِ شُمار، دو عالَم کے مالک و مختار، حبیبِ پروردگار صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم سے پوچھا گیا کہ "کون سی نَماز سب سے افضل ہے؟" ارشاد فرمایا، "طویل قیام والی نَماز۔" (صحیح مسلم، کتاب صلوۃ المسافرین، قصرھا، باب افضل الصلوۃ طول القنوت، رقم ۷۵۶، ص ۳۸۰)

اور اس لئے بھی کہ طویل قیام سے قراءت زیادہ ہوتی ہے جبکہ کثرتِ سجود سے تسبیحات زیادہ ہوتی ہیں اور قراءت تسبیحات سے افضل ہے۔

اُونٹوں نے آقا کو سجدہ کیا

غیلان بن سلمہ ثَقفی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: ہم ایک سفر میں محبوبِ ربِّ اکبر، مکّے مدینے کے تاجور صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ تھے، ہم نے ایک عجیب بات دیکھی (اور وہ یہ کہ) ہم ایک منزِل میں اُترے، وہاں ایک شخص نے حاضِر ہو کر عَرض کی: **یانبیَّ اللہ**! میرا ایک باغ ہے کہ میری اور میرے عِیال کی وُہی وجہِ مَعاش (یعنی گزر بسر کا ذَرِیعہ) ہے اس میں میرے دو شُتر (یعنی دو اُونٹ) آبکَش (کنویں سے پانی کھینچنے والے) تھے، دونوں مَست ہو گئے نہ اپنے پاس آنے دیں نہ باغ میں قدم رکھنے دیں، کسی کی طاقت نہیں کہ قریب جائے۔ حُضُورِ انور صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مَع صَحابۂ کرام (عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان) اُٹھ کر اُس کے باغ کو گئے۔ فرمایا: کھول دے، عَرض کی، **یانبیَّ اللہ**! ان کا مُعامَلہ اس سے سخت تَر ہے، فرمایا: کھول، دروازے کو جُنبِش (یعنی حَرَکت) ہونی تھی کہ دونوں (اُونٹ) شور کرتے ہوا کی طرح جَھپٹے دروازہ کُھلا اور اُنہوں نے جب **حُضُورِ اقدس** صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو دیکھا فوراً **سجدے** میں گر پڑے! حُضُور صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اُن کے سر پکڑ کر مالِک کے سِپُرد کر دیئے اور فرمایا: ”اِن سے کام لے اور چارا بخوبی دے۔“ حاضِرین نے عَرض کی: **یانبیَّ اللہ**! چَوپائے حُضُور کو سجدہ کرتے ہیں تو حُضُور کے سبب ہم پر **اللہ کی نعمت** تو بہتر ہے، **اللہ** نے گمراہی سے ہم کو راہ دکھائی اور حُضُور کے ہاتھوں پر ہمیں دنیا و آخِرت کے مُہلِکوں (یعنی ہلاک کرنے والی چیزوں) سے نَجات دی کیا حُضُور ہم کو اجازت نہ دیں گے کہ ہم حُضُور کو ”سَجدہ“ کریں؟ **نبی** صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: سَجدہ میرے لئے نہیں، وہ تو اُسی زندہ کے لئے ہے جو کبھی نہ مرے گا، امّت میں کسی کو سجدے کا حکم دیتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا۔ (دلائل النبوۃ ص ۲۲۸)

فَصْلٌ فِيْ تَحِيَّةِ الْمَسْجِدِ وَصَلَاةِ الضُّحٰى وَإِحْيَاءِ اللَّيَالِيْ

یہ فصل تحیۃ المسجد اور چاشت اور راتوں کو زندہ کرنے کے بیان میں ہے

تَحِيَّةُ الْمَسْجِدِ

سُنَّ تَحِيَّةُ الْمَسْجِدِ بِرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْجُلُوْسِ وَأَدَاءُ الْفَرْضِ يَنُوْبُ عَنْهَا وَكُلُّ صَلَاةٍ أَدَّاهَا عِنْدَ الدُّخُوْلِ بِلَا نِيَّةِ التَّحِيَّةِ وَنُدِبَ رَكْعَتَانِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ قَبْلَ جَفَافِهٖ وَأَرْبَعٌ فَصَاعِدًا فِي الضُّحٰى وَنُدِبَ صَلَاةُ اللَّيْلِ وَصَلَاةُ الْاِسْتِخَارَةِ وَصَلَاةُ الْحَاجَةِ۔

ترجمہ: مسجد کا تحیت ادا کرنا دو رکعتوں سے بیٹھنے سے پہلے سنت قرار دیا گیا ہے، اور فرض نماز کو ادا کرنا تحیۃ المسجد کے قائم مقام ہو جاتا ہے اور ہر وہ نماز جس کو مسجد میں داخل ہونے کے وقت ادا کرے تحیۃ المسجد کی نیت کے بغیر اور وضو کے بعد وضو کے خشک ہونے سے پہلے دو رکعت پڑھنا مستحب قرار دیا گیا ہے، اور چار رکعت یا زیادہ چاشت کے وقت مستحب ہے، اور رات کی نماز اور استخارہ کی نماز اور حاجت کی نماز کو مستحب قرار دیا گیا ہے۔

إِحْيَاءُ اللَّيَالِيْ

وَنُدِبَ إِحْيَاءُ لَيَالِي الْعَشْرِ الْأَخِيْرِ مِنْ رَمَضَانَ وَإِحْيَاءُ لَيْلَتَيِ الْعِيْدَيْنِ وَلَيَالِيْ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ وَلَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَيُكْرَهُ الْاِجْتِمَاعُ عَلٰى إِحْيَاءِ لَيْلَةٍ مِنْ هٰذِهِ اللَّيَالِيْ فِي الْمَسَاجِدِ۔

ترجمہ: اور رمضان کی آخری عشرے کی راتوں کو زندہ کرنا اور دونوں عیدوں کی راتوں کو اور عشرہ ذی الحجہ کی راتوں کو اور نصف شعبان کی رات کو زندہ کرنا مستحب قرار دیا گیا ہے اور ان راتوں میں سے کسی رات کو زندہ کرنے کے لئے مسجدوں میں جمع ہونا مکروہ قرار دیا گیا ہے۔

سوال: نمازِ تحیّۃ المسجد کب ادا کی جاتی ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: تحیۃ المسجد جو شخص مسجد میں آئے اُسے دو رکعت نماز پڑھنا سنت ہے بلکہ بہتر یہ ہے کہ چار پڑھے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في تحیۃ المسجد، ج ۲، ص ۵۵۵.)

تحیَّۃ المسجد کا معنی ہے مسجد کی تعظیم بجالانا۔ بخاری و مسلم ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "جو شخص مسجد میں داخل ہو، بیٹھنے سے پہلے دو رکعت پڑھ لے۔" ("صحیح البخاري"، کتاب الصلاۃ، باب إذا دخل المسجد فلیرکع رکعتین، الحدیث: ۴۴۴، ج ۱، ص ۱۷۰.)

مسئلہ: ایسے وقت مسجد میں آیا جس میں نفل نماز مکروہ ہے مثلاً بعد طلوع فجر یا بعد نماز عصر وہ تحیۃ المسجد نہ پڑھے بلکہ تسبیح و تہلیل و درود شریف میں مشغول ہو حق مسجد ادا ہو جائے گا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في تحیۃ المسجد، ج ۲، ص ۵۵۵.)

مسئلہ: فرض یا سنت یا کوئی نماز مسجد میں پڑھ لی تحیۃ المسجد ادا ہو گئی اگرچہ تحیۃ المسجد کی نیت نہ کی ہو۔ اس نماز کا حکم اس کے لئے ہے جو بہ نیت نماز نہ گیا بلکہ درس و ذکر وغیرہ کے لئے گیا ہو۔ اگر فرض یا اقتدا کی نیت سے مسجد میں گیا تو یہی قائم مقام تحیۃ المسجد ہے بشرطیکہ داخل ہونے کے بعد ہی پڑھے اور اگر کچھ دیر کے بعد فرض پڑھے گا تو تحیۃ المسجد پڑھے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في تحیۃ المسجد، ج ۲، ص ۵۵۵.)

مسئلہ: بہتر یہ ہے کہ بیٹھنے سے پہلے تحیۃ المسجد پڑھ لے اور بغیر پڑھے بیٹھ گیا تو ساقط نہ ہوئی اب پڑھے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۲، ص ۵۵۷.)

مسئلہ: ہر روز ایک بار تحیۃ المسجد کافی ہے ہر بار ضرورت نہیں اور اگر کوئی شخص بے وضو مسجد میں گیا یا اور کوئی وجہ ہے کہ تحیۃ المسجد نہیں پڑھ سکتا تو چار بار **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ** کہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۲، ص ۵۵۷.)

سوال: نماز تحیّۃ الوضو کب ادا کی جاتی ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: تحیۃ الوضو کہ وضو کے بعد اعضا خشک ہونے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے۔

("تنویر الأبصار" و "الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۲، ص ۵۶۳.)

صحیح مسلم میں ہے، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص وضو کرے اور اچھا وضو کرے اور ظاہر و باطن کے ساتھ متوجہ ہو کر دو رکعت پڑھے، اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔" ("صحیح مسلم"، کتاب الطھارۃ، باب الذکر المستحب عقب الوضوء، الحدیث: ۲۳۴، ص ۱۴۴.)

مسئلہ: غسل کے بعد بھی دو رکعت نماز مستحب ہے۔ وضو کے بعد فرض وغیرہ پڑھے تو قائم مقام تحیۃ الوضو کے ہو جائیں گے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلوۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب: سنۃ الوضوء، ج ۲، ص ۵۶۳.)

سوال: صلاۃ الضحی کب ادا کی جاتی ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: ضحی کا معنی دن کا چڑھنا ہے، لہذا آفتاب بلند ہونے سے زوال یعنی نصف النہار شرعی کے وقت میں جو نماز ادا کی جاتی ہے اسے نمازِ ضحی یعنی چاشت کی نماز کہتے ہیں، اور یہ مستحب ہے، اور بہتر یہ ہے کہ چوتھائی دن چڑھے پڑھے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب التاسع في النوافل، ج ۱، ص ۱۱۲.)

کم از کم دو اور زیادہ سے زیادہ چاشت کی بارہ رکعتیں ہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب التاسع في النوافل، ج۱، ص۱۱۲.) اور افضل بارہ ہیں کہ حدیث میں ہے، جس نے چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھیں، "اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں سونے کا محل بنائے گا۔" ("جامع الترمذي"، أبواب الوتر، باب ماجاء في صلاۃ الضحیٰ، الحدیث: ۴۷۲، ج۲، ص۱۷.) نیز مسلم شریف میں ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: آدمی پر اس کے ہر جوڑ کے بدلے صدقہ ہے (اور کل تین سو ساٹھ جوڑ ہیں) ہر تسبیح صدقہ ہے اور ہر حمد صدقہ ہے اور **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہنا صدقہ ہے اور **اَللّٰهُ اَكْبَرُ** کہنا صدقہ ہے اور اچھی بات کا حکم کرنا صدقہ ہے اور بری بات سے منع کرنا صدقہ ہے اور ان سب کی طرف سے دو رکعتیں چاشت کی کفایت کرتی ہیں۔

("صحیح مسلم"، کتاب صلاۃ المسافرین، باب استحباب صلاۃ الضحیٰ... إلخ، الحدیث: ۷۲۰، ص۳۶۳.)

سوال: صلاۃ اللیل کس نماز کو کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: رات میں بعد نماز عشا جو نوافل پڑھے جائیں ان کو صلاۃ اللیل کہتے ہیں، اور اس کا پڑھنا مستحب ہے۔ اور رات کے نوافل دن کے نوافل سے افضل ہیں کہ صحیح مسلم شریف میں مرفوعاً ہے فرضوں کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے۔

("صحیح مسلم"، کتاب الصیام، باب فضل صوم المحرم، الحدیث: ۱۱۶۳، ص۵۹۱.)

اور طبرانی نے مرفوعاً روایت کی ہے کہ رات میں کچھ نماز ضروری ہے اگرچہ اتنی ہی دیر جتنی دیر میں بکری دُوہ لیتے ہیں اور فرض عشا کے بعد جو نماز پڑھی وہ صلاۃ اللیل ہے۔ ("المعجم الکبیر"، باب الألف، الحدیث: ۷۸۷، ج۱، ص۲۷۱.)

سوال: نمازِ استخارہ کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: استخارہ کرنے کے لئے جو نماز پڑھی جائے اسے نمازِ استخارہ کہتے ہیں، اور یہ مستحب ہے۔ پس جب کوئی کسی امر کا قصد کرے تو دو رکعت نفل پڑھے پھر کہے: **اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ اَوْ قَالَ عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ اَوْ قَالَ عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ رَضِّنِيْ بِهٖ.** اور اپنی حاجت کا ذکر کرے خواہ بجائے **هٰذَا الْاَمْرَ** کے حاجت کا نام لے یا اُس کے بعد۔ **اَوْ قَالَ عَاجِلِ اَمْرِيْ** میں اَوْ شک راوی ہے، فقہا فرماتے ہیں کہ جمع کرے یعنی یوں کہے: **وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ وَعَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ**

سوال: نمازِ حاجت کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: جو نماز قضائے حاجت کے لئے پڑھی جائے اسے نمازِ حاجت کہتے ہیں، اور یہ مستحب ہے۔ کہ ابو داود حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہتے ہیں: "جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کوئی اہم امر پیش آتا تو نماز پڑھتے۔

("سنن أبي داود"، کتاب التطوع، باب وقت قیام النبي صلی اللہ علیہ وسلم من اللیل، الحدیث: ۱۳۱۹، ج۲، ص۵۲.)

اس کے لئے دو رکعت یا چار پڑھے۔ حدیث میں ہے: "پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور تین بار آیۃ الکرسی پڑھے اور باقی تین رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور **قُلْ هُوَاللّٰهُ** اور **قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ** اور **قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ** ایک ایک بار پڑھے، تو یہ ایسی ہیں جیسے شبِ قدر میں چار رکعتیں پڑھیں۔ "مشائخ فرماتے ہیں: کہ ہم نے یہ نماز پڑھی اور ہماری حاجتیں پوری ہوئیں۔ ایک حدیث میں ہے جس کو ترمذی و ابن ماجہ نے عبد اللہ بن اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "جس کی کوئی حاجت اللہ (عزوجل) کی طرف ہو یا کسی بنی آدم کی طرف تو اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ عزوجل کی ثنا کرے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر یہ پڑھے: **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.**

("جامع الترمذي"، أبواب الوتر، باب ماجاء في صلاة الحاجة، الحديث: ٤٧٨، ج ٢، ص ٢١.)

ترمذی بافادۂ تحسین و تصحیح وابن ماجہ و طبرانی وغیرہم عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ ایک صاحب نابینا حاضر خدمت اقدس ہوئے اور عرض کی، اللہ (عزوجل) سے دُعا کیجئے کہ مجھے عافیت دے، ارشاد فرمایا: "اگر تو چاہے تو دُعا کروں اور چاہے صبر کر اور یہ تیرے لئے بہتر ہے۔" انھوں نے عرض کی، حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) دُعا کریں، انہیں حکم فرمایا: کہ وضو کرو اور اچھا وضو کرو اور دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دُعا پڑھو: **اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ وَاَتَوَسَّلُ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِيْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ.** عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: "خدا کی قسم! ہم اٹھنے بھی نہ پائے تھے، باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہ ہمارے پاس آئے، گویا کبھی اندھے تھے ہی نہیں۔"

("سنن ابن ماجه"، كتاب إقامة الصلوات والسنة فيها، باب ماجاء في صلاة الحاجة، الحديث: ١٣٨٥، ج ٢، ص ١٥٦. و"جامع الترمذي"، كتاب الدعوات، الحديث: ٣٥٨٩، ج ٥، ص ٣٣٦. و"المعجم الكبير"، الحديث: ٨٣١١، ج ٩، ص ٣٠. دون قوله (واتوسل).)

نیز قضائے حاجت کے لئے ایک مجرب نماز جو علما ہمیشہ پڑھتے آئے یہ ہے کہ امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزارِ مبارک پر جا کر دو رکعت نماز پڑھے اور امام کے وسیلہ سے اللہ عزوجل سے سوال کرے، امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: کہ میں ایسا کرتا ہوں تو بہت جلد میری حاجت پوری ہو جاتی ہے۔ ("الخيرات الحسان"، الفصل الخامس والثلاثون...إلخ، ص ٢٣٠. و"تاريخ بغداد"، باب ماذكر في مقابر بغداد المخصوصة بالعلماء والزهاد، ج ١، ص ١٣٥.)

سوال: راتوں کو زندہ کرنے سے کیا مراد ہے؟ نیز کن کن راتوں کو زندہ کرنا مستحب ہے؟

جواب: راتوں کو زندہ کرنے سے مراد ان میں اللہ عزوجل کی عبادت کرنا ہے یعنی چاہے نفل پڑھے یا تلاوتِ قرآن کرے یا ذکر و تسبیح و تہلیل کرے یا درود شریف پڑھے۔ عیدین اور پندرہویں شعبان کی راتوں اور رمضان کی آخری دس راتوں اور ذی الحجہ کی پہلی دس راتوں میں شب بیداری مستحب ہے اکثر حصہ میں جاگنا بھی شب بیداری ہے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، ج ٢، ص ٥٦٨.)

عیدین کی راتوں میں شب بیداری یہ ہے کہ عشا و صبح دونوں جماعت اولیٰ سے ہوں۔ کہ صحیح حدیث میں فرمایا: "جس نے عشا کی نماز جماعت سے پڑھی، اُس نے آدھی رات عبادت کی اور جس نے نماز فجر جماعت سے پڑھی، اس نے ساری رات عبادت کی۔"

(" صحیح مسلم "، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب فضل الصلاۃ العشاء... إلخ، الحدیث: ۶۵۶، ص ۳۲۹.)

اور ان راتوں میں اگر جاگے گا تو نماز عید و قربانی وغیرہ میں دقت ہو گی۔ لہٰذا اسی پر اکتفا کرے اور اگر ان کاموں میں فرق نہ آئے تو جاگنا بہت بہتر۔ ان راتوں میں تنہا نفل نماز پڑھنا اور تلاوت قرآن مجید اور حدیث پڑھنا اور سُننا اور درود شریف پڑھنا شب بیداری ہے نہ کہ خالی جاگنا۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في إحیاء لیالی العیدین... إلخ، ج ۲، ص ۵۶۹.)

سوال: کیا مسجد میں جمع ہو کر ان راتوں کو زندہ کر سکتے ہیں؟

جواب: مسجد میں جمع ہو کر ان راتوں کو زندہ کرنا مصنف نے مکروہ لکھا ہے اور یہی قول اکثر علماء حجاز، فقہائے اہل مدینہ کا ہے کہ ایسا کرنا نہ نبی ﷺ سے منقول ہے اور نہ صحابہ سے جبکہ علمائے شام نے شعبان کی پندرہویں رات کے متعلق اختلاف کیا ہے اور فرمایا ہے کہ مسجد میں جماعت کے ساتھ زندہ کرنا مستحب ہے اور تابعین کے ایک گروہ کا اس پر عمل رہا ہے اور اعلی حضرت فتوی رضویہ میں فرماتے ہیں کہ جماعت کے ساتھ نوافل پڑھنا بر سبیل تداعی مکروہ تنزیہی ہے اور تداعی کے معنی اعلان کے ساتھ بلانا ہے۔

غمِ مصطفٰے میں جان دینے والے دو بے زَبان

سلطانِ دو جہان صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وِصالِ ظاہری کے سبب اِنْس و جان کے ساتھ ساتھ بے زَبان حیوان بھی صدمے سے دوچار ہوئے (۱) ایک **دراز گوش** (یعنی گدھا) جس پر جنابِ محبوبِ باری صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اکثر سُواری فرمایا کرتے تھے، فَرطِ غم سے بے تاب ہو کر اُس نے ایک کُنوئیں میں چھلانگ لگا کر جان دے دی (۲) سَرْوَرِ انبیاء صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خاص **اُونٹنی** بھی دیدارِ مصطفٰے صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بِغیر بے قرار رہنے لگی، کھانا پینا چھوڑ دیا اور اِس طرح اُس نے بھی بھوک پیاس سے جان دے دی۔ (مدارِجُ النّبوت حصّہ ۲ ص ۴۴۴)

اُن کے در پر موت آ جائے تو جی جاؤں حسنؔ
ان کے در سے دُور رہ کر زندگی اچھّی نہیں

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

فَصْلٌ فِيْ صَلَاةِ النَّفْلِ جَالِسًا

یہ فصل بیٹھ کر نماز پڑھنے کے بیان میں ہے

يَجُوْزُ النَّفْلُ قَاعِدًا مَعَ الْقُدْرَةِ عَلَى الْقِيَامِ لٰكِنْ لَهٗ نِصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ إِلَّا مِنْ عُذْرٍ وَيَقْعُدُ كَالْمُتَشَهِّدِ فِي الْمُخْتَارِ وَجَازَ إِتْمَامُهٗ قَاعِدًا بَعْدَ اِفْتِتَاحِهٖ قَائِمًا بِلَا كَرَاهَةٍ عَلَى الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: نفل نماز بیٹھ کر قیام پر قدرت کے باوجود جائز ہے لیکن اس کے لئے کھڑے ہونے والے کے ثواب کا آدھا ہے مگر عذر سے، اور تشہد پڑھنے والے کی طرح بیٹھے مختار مذہب میں، اور اس کو کھڑے ہو کر شروع کرنے کے بعد اس کو بیٹھ کر پورا کرنا جائز ہے بغیر کراہت کے اصح قول کے مطابق۔

اَلتَّنَفُّلُ عَلَى الدَّابَّةِ

وَيَتَنَفَّلُ رَاكِبًا خَارِجَ الْمِصْرِ مُوْمِيًا اِلٰى أَيِّ جِهَةٍ تَوَجَّهَتْ دَابَّتُهٗ وَبَنٰى بِنُزُوْلِهٖ لَا بِرُكُوْبِهٖ وَلَوْ كَانَ بِالنَّوَافِلِ الرَّاتِبَةِ وَعَنْ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰى أَنَّهٗ يَنْزِلُ لِسُنَّةِ الْفَجْرِ لِأَنَّهَا آكَدُ مِنْ غَيْرِهَا وَجَازَ لِلْمُتَطَوِّعِ الْاِتِّكَاءُ عَلٰى شَيْءٍ إِنْ تَعِبَ بِلَا كَرَاهَةٍ وَإِنْ كَانَ بِغَيْرِ عُذْرٍ كُرِهَ فِي الْأَظْهَرِ لِإِسَاءَةِ الْأَدَبِ وَلَا يَمْنَعُ صِحَّةَ الصَّلَاةِ عَلَى الدَّابَّةِ نَجَاسَةٌ عَلَيْهَا وَلَوْ كَانَتْ فِي السَّرْجِ وَالرِّكَابَيْنِ عَلَى الْأَصَحِّ وَلَا تَصِحُّ صَلَاةُ الْمَاشِيْ بِالْإِجْمَاعِ۔

ترجمہ: اور نفل پڑھ سکتا ہے سوار ہو کر شہر کے باہر اشارے سے جس جہت کی طرف اس کی سواری چل رہی ہو، اور اس سے اتر کر بناء کر سکتا ہے نہ کہ سوار ہو کر اگرچہ وہ سنت مؤکدہ ہو اور امام اعظم سے منقول ہے کہ وہ فجر کی سنت کے لئے اترے گا اس لئے کہ وہ دیگر سنتوں سے زیادہ مؤکد ہے، اور جائز ہے نفل پڑھنے والے کے لئے کسی چیز پر ٹیک لگانا اگر وہ تھک گیا ہو بغیر کسی کراہت کے، اور اگر بغیر عذر کے ہو تو مکروہ ہے ظاہر مذہب کے مطابق بے ادبی کی وجہ سے، اور جانور پر نماز پڑھنے کے صحیح ہونے کو جانور پر

کسی نجاست کا ہونا مانع نہیں ہے اگر چہ وہ نجاست زین اور رکابوں میں ہو اصح قول کے مطابق، اور بالاجماع پیدل چلنے والے کی نماز صحیح نہیں ہے۔

سوال: کیا نفل نماز بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں؟ اگر ہاں! تو کس طرح؟

جواب: کھڑے ہو کر پڑھنے کی قدرت ہو جب بھی بیٹھ کر نفل پڑھ سکتے ہیں۔ ("تنویر الأبصار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۲، ص ۵۸۴.)

مگر کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے کہ حدیث میں فرمایا: "بیٹھ کر پڑھنے والے کی نماز کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نصف ہے۔"

(۔" صحیح مسلم"، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا، باب جواز النافلۃ قائما وقاعدا... إلخ، الحدیث: ۷۳۵، ص ۳۷۰.)

اور عذر کی وجہ سے بیٹھ کر پڑھے تو ثواب میں کمی نہ ہوگی۔ یہ جو آج کل عام رواج پڑ گیا ہے کہ نفل بیٹھ کر پڑھا کرتے ہیں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاید بیٹھ کر پڑھنے کو افضل سمجھتے ہیں، ایسا ہے تو ان کا خیال غلط ہے۔ وتر کے بعد جو دو رکعت نفل پڑھتے ہیں ان کا بھی یہی حکم ہے کہ کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے اور اس میں اُس حدیث سے دلیل لانا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وتر کے بعد بیٹھ کر نفل پڑھے۔ (" صحیح مسلم"، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا، باب صلاۃ اللیل... إلخ، الحدیث: ۱۲۶۔ (۷۳۸)، ص ۳۷۲.) صحیح نہیں کہ یہ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے مخصوصات میں سے ہے۔

چنانچہ صحیح مسلم شریف کی حدیث عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے، فرماتے ہیں: مجھے خبر پہنچی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: کہ بیٹھ کر پڑھنے والے کی نماز کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی نماز سے آدھی ہے۔ اس کے بعد میں حاضر خدمتِ اقدس ہوا تو حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو بیٹھ کر نماز پڑھتے ہوئے پایا، سرِ اقدس پر میں نے ہاتھ رکھا (کہ بیمار تو نہیں) ارشاد فرمایا: کیا ہے اے عبد اللہ؟ عرض کی، یا رسول اللہ (عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)! حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے تو ایسا فرمایا ہے اور حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بیٹھ کر نماز پڑھتے ہیں، فرمایا: "ہاں ولیکن میں تم جیسا نہیں۔" (" صحیح مسلم"، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا، باب جواز النافلۃ قائما وقاعدا... إلخ، الحدیث: ۷۳۵، ص ۳۷۰.)

امام ابراہیم حلبی وصاحب در مختار وصاحب ردالمحتار نے فرمایا: کہ یہ حکم حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے خصائص سے ہے اور اسی حدیث سے استناد کیا۔ ("الدر المختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مبحث المسائل ستۃ عشریۃ، ج ۲، ص ۵۸۵.)

اور نفل کی بیٹھک کی کیفیت میں اختلاف ہے لیکن مختار قول جس پر فتوی ہے وہ یہ ہے: نفل بیٹھ کر پڑھے تو اس طرح بیٹھے جیسے تشہد میں بیٹھا کرتے ہیں مگر قراءت کی حالت میں ناف کے نیچے ہاتھ باندھے رہے جیسے قیام میں باندھتے ہیں۔

("الدر المختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مبحث المسائل ستۃ عشریۃ، ج ۲، ص ۵۸۷.)

اور دوسرے اقوال یہ ہیں: شیخ الاسلام نے ذکر کیا ہے کہ سرین کے بل بیٹھ کر گھٹنے کھڑے کر کے ان کے گرد دونوں ہاتھ باندھ کر پڑھے کہ یہ قیام کے مشابہ ہے۔ اور امامِ اعظم سے منقول ہے کہ جس طرح چاہے بیٹھے کہ جب اصل قیام کا ترک کرنا جائز ہو گیا تو بیٹھنے کی کیفیت کو ترک کرنا بھی جائز ہو گا۔

سوال: اگر کسی نے نفل کھڑے ہو کر شروع کی تو کیا درمیان میں بیٹھ کر مکمل کر سکتاہے؟

جواب: اگر کسی نے نفل نماز کھڑے ہو کر شروع کی تھی پھر بیٹھ گیا یا بیٹھ کر شروع کی تھی پھر کھڑا ہو گیا تو اصح قول کے مطابق دونوں صورتیں جائز ہیں، خواہ ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھی ایک بیٹھ کر یا ایک ہی رکعت کے ایک حصہ کو کھڑے ہو کر پڑھا اور کچھ حصہ بیٹھ کر۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مبحث المسائل الستة عشرية، ج٢، ص٥٨٤.)

مگر دوسری صورت یعنی کھڑے ہو کر شروع کی پھر بیٹھ گیا اس میں اِختلاف ہے، لہٰذا بچنا اَولیٰ۔ (١) امامِ اعظم کا مذہب جائز کا ہے۔ جبکہ (٢) صاحبین اس کو جائز قرار نہیں دیتے ہیں۔

سوال: کیا نفل نماز سواری پر پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: بیرون شہر سواری پر بھی نفل پڑھ سکتا ہے اور اس صورت میں استقبالِ قبلہ شرط نہیں بلکہ سواری جس رُخ کو جارہی ہو ادھر ہی منہ ہو اور اگر اُدھر منہ نہ ہو تو نماز جائز نہیں اور شروع کرتے وقت بھی قبلہ کی طرف منہ ہونا شرط نہیں بلکہ سواری جدھر جارہی ہے اُس طرف ہو اور رکوع و سجود اشارہ سے کرے اور سجدہ کا اشارہ بہ نسبت رکوع کے پست ہو۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مطلب في الصلاة على الدابة، ج٢، ص٥٨٨.)

سواری پر نفل پڑھنے میں اگر ہانکنے کی ضرورت ہو اور عملِ قلیل سے ہانکا مثلاً ایک پاؤں سے ایڑ لگائی یا ہاتھ میں چابک ہے اُس سے ڈرایا تو حرج نہیں اور بلا ضرورت جائز نہیں۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مطلب في الصلاة على الدابة، ج٢، ص٥٨٩.)

سوال: اگر نفل سواری پر شروع کی اور درمیان نماز سواری سے نیچے اتر گیا تو کیا بناء کرسکتاہے؟

جواب: سواری پر نماز شروع کی پھر عملِ قلیل کے ساتھ اتر آیا تو اسی پر بناء کر سکتا ہے خواہ کھڑے ہو کر پڑھے یا بیٹھ کر مگر قبلہ کو منہ کرنا ضروری ہے، اور عملِ قلیل کی صورت یہ ہے کہ پاؤں ایک طرف کو لٹکا کر پھسل جائے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، ج٢، ص٥٨٩.)

سوال: کیا زمین پر شروع کی ہوئی نماز کی بناء سواری پر کرسکتاہے؟

جواب: زمین پر شروع کی تھی پھر سوار ہوا تو بناء نہیں کر سکتا نماز جاتی رہی، از سرے نو پڑھے۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، ج٢، ص٥٨٩.)

سوال: (لو كان بالنوافل الراتبة) سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ سواری پر نماز پڑھنے کے جو احکام ماقبل میں مذکور ہوئے وہ صرف نفل کے لئے ہی نہیں ہیں بلکہ وہ احکام سنّتِ مؤکدہ کے لئے بھی ہیں یہاں تک کہ سنّتِ فجر بھی شامل ہے یعنی سواری پر نفل و سنّتِ مؤکدہ و سنّتِ فجر پڑھنا جائز

ہے۔ لیکن امامِ اعظم رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ سنّتِ فجر کے لئے سواری سے اترے گا کیونکہ اس کی تاکید آئی ہے کہ یہ مثلِ واجب ہے، لہذا سنّتِ فجر بلا عذر سواری پر جائز نہیں ہے۔

سوال: کیا نفل پڑھنے والا کسی چیز پر ٹیک لگا سکتا ہے؟

جواب: کھڑے ہو کر نفل پڑھتا تھا اور تھک گیا تو عصا یا دیوار پر ٹیک لگا کر پڑھنے میں حرج نہیں۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب التاسع في النوافل، ج۱، ص۱۱۴.)

اور بغیر تھکے بھی اگر ایسا کرے تو کراہت تنزیہی ہے کہ ادب کے خلاف ہے مگر نماز ہو جائے گی۔

سوال: جس سواری پر نماز پڑھ رہا ہے اگر اس پر نجاست لگی ہوئی ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر سواری کے جانور پر نجاست لگی ہو خواہ زین پر ہو یا رقاب پر ہو تب بھی اس پر نماز ہو جائے گی اگرچہ وہ نجاست درہم سے زیادہ ہو، ضرورت کی بنا پر معاف ہے۔

سوال: چلتے چلتے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: چلتے چلتے نماز پڑھنا بالاجماع درست نہیں ہے خواہ نفل ہی کیوں نہ ہو۔

حرم شریف کے کبوتروں کی آستانۂ محبوب سے مَحبَّت

قطبِ مدینہ سیّدی و مُرشِدی حضرتِ علّامہ مولانا ضِیاء الدّین احمد مَدَنی علیہ رَحمَۃُ اللہ الغنی فرماتے ہیں: ایک مرتبہ انتِظامیہ نے مسجدِ نبوی شریف کے حَرَمِ اَنور کو صاف سُتھرا رکھنے کے لیے فیصلہ کیا کہ حرم شریف میں **کبوتروں** کے لیے دانہ نہ ڈالا جائے، اِس طرح کبوتر دانے کی تلاش کے لیے دوسری جگہوں میں منتقل ہو جائیں گے۔ اِس حُکم پر عمل کیا گیا اور کئی دن تک دانہ نہ ڈالا گیا **مگر کبوتروں کی گنبدِ خضراء سی مَحبَّت کا یہ عالَم تھا کہ بھوک سے مر رہے تھے مگر آستانۂ محبوب** صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم **چھوڑنے کے لیے تیّار نہیں تھے۔** اہلِ مدینہ نے اپنی آنکھوں سے یہ عشق و مَحبَّت بھرا منظر دیکھا، پھر دُنیا میں یہ بات شُہرت پکڑ گئی تو لوگوں نے حکومت کو تار دیئے اور اِصرار کیا، تب حکومت نے پھر حسبِ سابِق **کبوتروں** کو دانہ ڈالنا شُروع کیا۔ (انوارِ قطبِ مدینہ ص ۵۴ ملخصا) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔

فَصْلٌ فِي الصَّلَاةِ الْفَرْضِ وَالْوَاجِبِ عَلَى الدَّابَّةِ

یہ فصل فرض اور واجب نماز سواری پر پڑھنے کے بیان میں ہے

لَا يَصِحُّ عَلَى الدَّابَّةِ صَلَاةُ الْفَرَائِضِ وَ الْوَاجِبَاتِ كَالْوِتْرِ وَالْمَنْذُوْرِ وَمَا شَرَعَ فِيْهِ نَفْلًا فَأَفْسَدَهٗ وَلَا صَلَاةُ الْجَنَازَةِ وَسَجْدَةٌ تُلِيَتْ آيَتُهَا عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا لِضَرُوْرَةٍ كَخَوْفِ لِصٍّ عَلٰى نَفْسِهٖ أَوْ دَابَّتِهٖ أَوْ ثِيَابِهٖ لَوْ نَزَلَ وَخَوْفِ سَبُعٍ وَطِيْنِ الْمَكَانِ وَجُمُوْحِ الدَّابَّةِ وَعَدَمِ وِجْدَانِ مَنْ يُرْكِبُهٗ لِعِجْزِهٖ ۔

ترجمہ: سواری پر فرض اور واجب نمازیں صحیح نہیں ہوتی ہیں جیسے وتر اور منّت کی نماز اور وہ نفل جس کو شروع کیا پھر اس کو فاسد کر دیا اور نہ جنازے کی نماز اور نہ وہ سجدہ جس کی آیت زمین پر پڑھی گئی ہو مگر ضرورت کی وجہ سے جیسے اپنی جان یا سواری یا کپڑوں پر چور کا خوف ہو اگر وہ اترا اور درندے کا خوف ہو کیچڑ ہو اور جانور کی سرکشی اور اس شخص کا موجود نہ ہونا جو اس کو سوار کر سکے اس کے عاجز ہونے کی وجہ سے۔

اَلصَّلَاةُ فِي الْمَحْمَلِ

وَالصَّلَاةُ فِي الْمَحْمَلِ عَلَى الدَّابَّةِ كَالصَّلَاةِ عَلَيْهَا سَوَاءٌ كَانَتْ سَائِرَةً أَوْ وَاقِفَةً وَلَوْ جَعَلَ تَحْتَ الْمَحْمَلِ خَشَبَةً حَتّٰى بَقِيَ قَرَارُهٗ إِلَى الْأَرْضِ كَانَ بِمَنْزِلَةِ الْأَرْضِ فَتَصِحُّ الْفَرِيْضَةُ فِيْهِ قَائِمًا۔

ترجمہ: اور سواری کے کجاوے میں نماز پڑھنا سواری پر نماز پڑھنے کی طرح ہے خواہ سواری چل رہی ہو یا ٹھہری ہو اور اگر کجاوے کے نیچے لکڑی لگا دی یہاں تک کہ زمین کی جانب اس کا قرار ثابت ہو گیا (زمین پر ٹھہر گئی) تو وہ زمین کی منزل میں ہے، پس اس میں فرض نماز کھڑے ہو کر صحیح ہو گی۔

سوال: سواری پر فرض اور واجب نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: جانور اور چلتی گاڑی پر اور اس گاڑی پر جس کا جوا جانور پر ہو بلا عذر شرعی فرض و سنت فجر و تمام واجبات جیسے وتر و نذر اور نفل جس کو توڑ دیا ہو اور سجدۂ تلاوت جب کہ آیت سجدہ زمین پر تلاوت کی ہو ادا نہیں کر سکتا، زمین پر اترنا ضروری ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في القادر بقدرۃ غیرہ، ج۲، ص۵۹۴)

سوال: کیا کوئی ایسی صورت ہے کہ سواری پر فرض و واجب نمازیں پڑھنا جائز ہو؟

جواب: جی ہاں! اگر عذر کی وجہ سے ہو تو جائز ہے اور اعادہ کی بھی ضرورت نہیں ہے لیکن اُن سب میں شرط یہ ہے کہ اگر ممکن ہو تو سواری کو قبلہ رُو کھڑا کر کے ادا کرے ورنہ جیسے بھی ممکن ہو۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في القادر بقدرۃ غیرہ، ج۲، ص۵۹۴)

گاڑی اور سواری پر نماز پڑھنے کے لئے یہ عذر ہیں۔ (۱) مینہ برس رہا ہے، (۲) اس قدر کیچڑ ہے کہ اُتر کر پڑھے گا تو منہ دھنس جائے گا یا کیچڑ میں سن جائے گا یا جو کپڑا بچھایا جائے گا وہ بالکل لتھڑ جائے گا اور اس صورت میں سواری نہ ہو تو کھڑے کھڑے اشارے سے پڑھے (۳) ساتھی چلے جائیں گے، (۴) یا سواری کا جانور شریر ہے کہ سوار ہونے میں دشواری ہو گی مددگار کی ضرورت ہو گی اور مددگار موجود نہیں، (۵) یا وہ بوڑھا ہے کہ بغیر مددگار کے اُتر چڑھ نہ سکے گا اور مددگار موجود نہیں اور یہی حکم عورت کا ہے، (۶) یا مرض میں زیادتی ہو گی، (۷) جان (۸) یا مال، (۹) یا عورت کو آبرو کا اندیشہ ہو۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب في القادر بقدرۃ غیرہ، ج۲، ص۵۹۲.)

سوال: کیا کجاوے پر فرض وواجب نمازیں پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: کجاوے پر نماز پڑھنے کا وہی حکم ہے جو جانور پر نماز پڑھنے کا ہے یعنی فرض و واجب نمازیں اس پر بغیر عذر کے جائز نہیں ہیں۔ خواہ جانور چل رہا ہو یا رکا ہوا ہو۔ ہاں اگر ٹھہرا ہوا ہو اور اس کے نیچے لکڑیاں اس طرح لگا دیں جیسے پائے ہوتے ہیں جس سے کجاوہ زمین پر قائم ہو گیا تو جائز ہے کہ اب یہ زمین کے حکم میں ہو گیا۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۹۰)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصْلٌ فِي الصَّلَاةِ فِي السَّفِيْنَةِ

یہ فصل کشتی میں نماز پڑھنے کے بیان میں ہے

صَلَاةُ الْفَرْضِ فِيهَا وَهِيَ جَارِيَةٌ قَاعِدًا بِلَا عُذْرٍ صَحِيحَةٌ عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ بِالرُّكُوعِ والسُّجُودِ وَقَالَا لَا تَصِحُّ إِلَّا مِنْ عُذْرٍ وَهُوَ الْأَظْهَرُ وَالْعُذْرُ كَدَوَرَانِ الرَّأْسِ وَعَدمِ الْقُدْرَةِ عَلَى الْخُرُوجِ وَلَا تَجُوزُ فِيهَا بِالْإِيمَاءِ اِتِّفَاقًا وَالْمَرْبُوطَةُ فِي لُجَّةِ الْبَحْرِ وَتُحَرِّكُهَا الرِّيحُ شَدِيدًا كَالسَّائِرَةِ وَإِلَّا فَكَالْوَاقِفَةِ عَلَى الْأَصَحِّ وَإِنْ كَانَتْ مَرْبُوطَةً بِالشَّطِّ لَا تَجُوزُ صَلَاتُهُ قَاعِدًا بِالْإِجْمَاعِ فَإِنْ صَلّٰى قَائِمًا وَكَانَ شَيْءٌ مِنَ السَّفِيْنَةِ عَلٰى قَرَارِ الْأَرْضِ صَحَّتِ الصَّلَاةُ وَإِلَّا فَلَا تَصِحُّ عَلَى الْمُخْتَارِ إِلَّا إِذَا لَمْ يُمْكِنْهُ الْخُرُوجُ۔

ترجمہ: کشتی میں فرض نماز پڑھنا اس حال میں کہ وہ چل رہی ہو بلا عذر بھی بیٹھ کر صحیح ہے امام اعظم کے نزدیک رکوع اور سجود کے ساتھ، اور صاحبین نے فرمایا کہ صحیح نہیں ہے مگر عذر سے اور یہی ظاہر مذہب ہے، اور عذر جیسے سر کا چکرانا اور باہر نکلنے پر قادر نہ ہونا ہے اور کشتی میں اشارے سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے بالاتفاق، اور وہ کشتی جو سمندر کے بیچ میں باندھ دی گئی ہو اور ہوا اس کو سخت حرکت دے رہی ہو تو وہ چلنے والی کشتی کی طرح ہے ورنہ تو ٹھہری ہوئی کشتی کی طرح اصح قول کے مطابق، اور اگر کنارے پر باندھ دی گئی ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھنا بالاجماع جائز نہیں ہے پس اگر کھڑے ہو کر نماز پڑھی اور کشتی کا کچھ حصہ زمین پر جما ہوا ہے تو نماز صحیح ہوگی ورنہ تو صحیح نہیں ہوگی مختار قول کے مطابق، مگر جب اس کو باہر نکلنا ممکن نہ ہو۔

قِبْلَتُهٗ

وَيَتَوَجَّهُ الْمُصَلِّي فِيهَا اِلَى الْقِبْلَةِ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ وَكُلَّمَا اسْتَدَارَتْ عَنْهَا يَتَوَجَّهُ إِلَيْهَا فِي خِلَالِ الصَّلَاةِ حَتّٰى يُتِمَّهَا مُسْتَقْبِلًا۔

ترجمہ: اور نمازی کشتی میں قبلہ کی طرف منہ کرے گا نماز شروع کرنے کے وقت اور جب جب کشتی قبلہ سے گھوم جائے تو وہ بھی قبلہ کی طرف مڑتا رہے نماز کے بیچ میں یہاں تک کہ نماز کو پورا کرے اس حال میں کہ وہ قبلہ کا استعمال کرنے والا ہے۔

سوال: کشتی میں فرض وواجب نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: اگر کشتی چل رہی ہو تو امامِ اعظم کے نزدیک بغیر عذر کے بھی بیٹھ کر فرض و واجب نماز پڑھنا صحیح ہے البتہ بیٹھ کر پڑھنے کی صورت میں ضروری ہے کہ رکوع و سجود کے ساتھ پڑھے، اشارے سے درست نہیں ہوگی اور ان کی دلیل یہ ہے کہ غالب گمان ہے کہ نماز کھڑے ہو کر پڑھنے میں سر چکرائے اور غالب متحقق کی طرح ہے۔ اور صاحبین فرماتے ہیں کہ بلا عذر بیٹھ کر نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے اور مصنف فرماتے ہیں کہ صاحبین کا قول ظاہر المذہب ہے ہاں! اگر نمازی کو کوئی عذر ہو مثلا سر چکراتا ہو یا قدم نہ جمتے ہوں اور کشتی سے باہر نہ نکل سکتا ہو تو ایسی صورت میں بالاتفاق بیٹھ کر نماز پڑھنا درست ہے۔

اور بہار شریعت کی عبارت یوں ہے کہ: کشتی پر سوار ہے اور وہ چل رہی ہے، تو بیٹھ کر اس پر نماز پڑھ سکتا ہے۔ یعنی جب کہ چکر آنے کا گمان غالب ہو اور کنارے پر اُتر نہ سکتا ہو۔ (بہار شریعت جلد ا ص ۵۱۱)

سوال: اگر کشتی کو بیچ سمندر یا کنارے پر باندھ دی گئی ہو تو نماز پڑھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: وہ کشتی جس کو سمندر کے بیچ میں لنگر وغیرہ ڈال کر باندھ دیا گیا ہو لیکن ہوا کی وجہ سے بہت زیادہ ہلتی ہو تو اب اس کشتی کا حکم چلتی کشتی کی طرح ہے جس کا حکم سوال نمبر ۲۷۲ کے جواب میں مذکور ہوا۔ اور اگر بہت زیادہ نہ ہلتی ہو تو اس کا حکم ٹھہری ہوئی کشتی کا ہے اور اس کا حکم آگے آرہا ہے۔

اور اگر سمندر کے کنارے پر باندھ دی گئی ہو تو اب اس پر قیام پر قدرت ہوتے ہوئے بیٹھ کر نماز پڑھنا بالاجماع جائز نہیں ہے کیونکہ یہ زمین کے مثل ہے لہذا کھڑے ہو کر پڑھے، ہاں اگر کوئی عذر ہو تو بیٹھ کر جائز ہے۔

سوال: اگر کشتی کا کچھ حصہ زمین پر جما ہو تو اس پر نماز پڑھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: جب کشتی کنارے پر بندھی ہو اور اس کا کچھ حصہ زمین پر جما ہو تو کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ضروری ہے بیٹھ کر پڑھے گا تو نہیں ہوگی۔ اور اگر کشتی کا کچھ حصہ زمین سے لگا ہوا نہ ہو تو مختار قول کے مطابق اس پر کھڑے ہو کر بھی نماز پڑھنا درست نہیں ہے بلکہ نیچے اتر کر نماز پڑھنا ضروری ہے کہ وہ سواری کے حکم میں ہے، ہاں اگر کشتی سے باہر نکلنا ممکن نہ ہو تو پھر کھڑے ہو کر پڑھنا درست ہے۔ اور غیر مختار قول یہ ہے کہ صاحب ہدایہ ونہایہ نے کنارے پر بندھی ہوئی کشتی میں مطلق کھڑے ہو کر پڑھنے کو درست کہا ہے خواہ اس کا کچھ حصہ زمین پر جما ہو یا نہ ہو۔

سوال: کیا کشتی پر نماز پڑھنے والے کے لئے استقبال قبلہ ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! کشتی میں جب نماز شروع کرے تو اس کا منہ قبلہ کی طرف ہونا ضروری ہے خواہ فرض نماز ہو یا نفل، اور اگر درمیان نماز میں کشتی قبلہ سے گھوم جائے تو نمازی بھی اپنا منہ قبلہ کی طرف پھیر لے، یعنی کشتی جب جب گھومے تب تب یہ بھی گھومتا جائے یہاں تک کہ نماز قبلہ کی طرف پوری کر لے۔ اور اگر باوجود قدرت قبلہ کی طرف نہیں گھوما تو نماز صحیح نہیں ہوگی۔

فَصْلٌ فِي التَّرَاوِيحِ

یہ فصل تراویح کے بیان میں ہے

حُكْمُهَا

اَلتَّرَاوِيحُ سُنَّةٌ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَصَلَاتُهَا بِالْجَمَاعَةِ سُنَّةٌ كِفَايَةً وَ وَقْتُهَا بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ وَيَصِحُّ تَقْدِيمُ الْوِتْرِ عَلَى التَّرَاوِيحِ وَتَأْخِيرُهُ عَنْهَا وَيُسْتَحَبُّ تَأْخِيرُ التَّرَاوِيحِ اِلىٰ ثُلُثِ اللَّيْلِ أَوْ نِصْفِهِ وَلَا يُكْرَهُ تَأْخِيرُهَا اِلىٰ مَا بَعْدَهُ عَلَى الصَّحِيحِ۔

ترجمہ : تراویح مردوں اور عورتوں کے لئے سنت ہے اور تراویح کی نماز جماعت کے ساتھ سنت کفایہ ہے اور اس کا وقت عشاء کی نماز کے بعد ہے اور تراویح پر وتر کو مقدم کرنا اور وتر کو تراویح سے مؤخر کرنا دونوں صحیح ہے اور تہائی رات یا نصف رات تک تراویح کو مؤخر کرنا مستحب ہے اور نصف رات کے بعد تک تراویح کو مؤخر کرنا مکروہ نہیں ہے صحیح قول کے مطابق۔

عَدَدُهَا وَاَدَاؤُهَا

وَهِيَ عِشْرُوْنَ رَكْعَةً بِعَشْرِ تَسْلِيْمَاتٍ وَيُسْتَحَبُّ الْجُلُوْسُ بَعْدَ كُلِّ أَرْبَعٍ بِقَدْرِهَا وَكَذَا بَيْنَ التَّرْوِيْحَةِ الْخَامِسَةِ وَالْوِتْرِ وَسُنَّ خَتْمُ الْقُرْآنِ فِيْهَا مَرَّةً فِي الشَّهْرِ عَلَى الصَّحِيْحِ وَإِنْ مَلَّ بِهِ الْقَوْمُ قَرَأَ بِقَدْرِ مَا لَا يُؤَدِّي اِلىٰ تَنْفِيْرِهِمْ فِي الْمُخْتَارِ وَلَا يَتْرُكُ الصَّلَاةَ عَلىٰ سَيِّدِنَا النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ كُلِّ تَشَهُّدٍ مِنْهَا وَلَوْ مَلَّ الْقَوْمُ عَلَى الْمُخْتَارِ وَلَا يَتْرُكُ الثَّنَاءَ وَتَسْبِيْحَ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ وَلَا يَأْتِيْ بِالدُّعَاءِ إِنْ مَلَّ الْقَوْمُ وَلَا تُقْضَى التَّرَاوِيْحُ بِفَوَاتِهَا مُنْفَرِدًا وَلَا بِجَمَاعَةٍ۔

ترجمہ : اور تراویح کی بیس رکعتیں ہیں دس سلاموں کے ساتھ اور ہر چار رکعت کے بعد اسی کے بقدر بیٹھنا مستحب ہے، اور ایسے ہی پانچویں ترویحہ اور وتر کے درمیان، اور تراویح کے اندر ایک مہینہ میں ایک قرآن کا ختم کرنا سنت قرار دیا گیا ہے صحیح قول کے مطابق- اور اگر قوم اس سے اکتائے تو اتنی مقدار پڑھے جو ان کو نفرت کی حد تک نہ پہنچائے مختار قول کے مطابق- اور تراویح کے

ہر تشہد میں نبی ﷺ پر درود پڑھنا ترک نہ کرے اگرچہ قوم اکتائے مختار قول کے مطابق۔ اور نہ ترک کرے ثنا، رکوع، سجود کی تسبیح۔ اور دعا نہ پڑھے اگر قوم اکتائے اور تراویح کے فوت ہونے کی وجہ سے تراویح کی قضا نہیں کی جائے گی نہ اکیلے اور نہ جماعت کے ساتھ۔

سوال: تراویح کا معنی بیان کریں۔

جواب: تراویح ترویحہ کی جمع ہے جس کے معنی آرام کرنا ہے چونکہ تراویح کی نماز میں ہر چار رکعت کے بعد بیٹھ کر آرام کرنا مشروع ہے اس لئے اس نماز کو تراویح کہتے ہیں۔

سوال: تراویح کا حکم کس کو اور کیا ہے؟

جواب: تراویح مرد و عورت سب کے لئے بالاجماع سنت مؤکدہ ہے اس کا ترک جائز نہیں۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۹۶، وغیرہ.)

اس پر خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مداومت فرمائی اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: کہ "میری سنت اور سنت خلفائے راشدین کو اپنے اوپر لازم سمجھو۔" ("جامع الترمذي"، أبواب العلم، باب ماجاء في الأخذ بالسنۃ... إلخ، الحدیث: ۲۶۸۵، ج۴، ص۳۰۸.) اور خود حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے بھی تراویح پڑھی اور اسے بہت پسند فرمایا۔

صحیح مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، ارشاد فرماتے ہیں: "جو رمضان میں قیام کرے ایمان کی وجہ سے اور ثواب طلب کرنے کے لئے، اس کے اگلے سب گناہ بخش دئے جائیں گے یعنی صغائر۔ (" صحیح مسلم "، کتاب صلاۃ المسافرین، باب الترغیب في قیام رمضان وھو التراویح، الحدیث: ۷۵۹، ص۳۸۲.)

پھر اس اندیشہ سے کہ امت پر فرض نہ ہو جائے ترک فرمائی پھر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ رمضان میں ایک رات مسجد کو تشریف لے گئے اور لوگوں کو متفرق طور پر نماز پڑھتے پایا، کہ کوئی تنہا پڑھ رہا ہے، اور کسی کے ساتھ کچھ لوگ پڑھ رہے ہیں، فرمایا: میں مناسب جانتا ہوں کہ ان سب کو ایک امام کے ساتھ جمع کر دوں تو بہتر ہو، سب کو ایک امام ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ اکٹھا کر دیا پھر دوسرے دن تشریف لے گئے ملاحظہ فرمایا کہ لوگ اپنے امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں فرمایا نِعْمَتِ الْبِدْعَۃُ ھٰذِہٖ یہ اچھی بدعت ہے۔

(" صحیح البخاري"، کتاب صلاۃ التراویح، باب فضل من قام رمضان، الحدیث: ۲۰۱۰، ج۱، ص۶۵۸.)

سوال: تراویح کی نماز جماعت سے پڑھنا کیا ہے؟

جواب: تراویح میں جماعت سنتِ کفایہ ہے کہ اگر مسجد کے سب لوگ چھوڑ دیں گے تو سب گنہگار ہوں گے اور اگر کسی ایک نے گھر میں تنہا پڑھ لی تو گنہگار نہیں مگر جو شخص مقتدا ہو کہ اس کے ہونے سے جماعت بڑی ہوتی ہے اور چھوڑ دے گا تو لوگ کم ہو جائیں گے اسے بلا عذر جماعت چھوڑنے کی اجازت نہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب التاسع في النوافل، فصل في التراویح، ج۱، ص۱۱۶.)

تراویح مسجد میں باجماعت پڑھنا افضل ہے اگر گھر میں جماعت سے پڑھی تو جماعت کے ترک کا گناہ نہ ہوا مگر وہ ثواب نہ ملے گا جو مسجد میں پڑھنے کا تھا۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب التاسع في النوافل، فصل في التراويح، ج۱، ص۱۱۶.)

سوال: تراویح کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب: اس کا وقت فرض عشا کے بعد سے طلوع فجر تک ہے وتر سے پہلے بھی ہو سکتی ہے اور بعد بھی تو اگر کچھ رکعتیں اس کی باقی رہ گئیں کہ امام وتر کو کھڑا ہو گیا تو امام کے ساتھ وتر پڑھ لے پھر باقی ادا کرلے جب کہ عشا کے فرض جماعت سے پڑھے ہوں اور یہ افضل ہے، اور اگر تراویح پوری کر کے وتر تنہا پڑھے تو بھی جائز ہے، اور اگر بعد میں معلوم ہوا کہ نماز عشا بغیر طہارت پڑھی تھی اور تراویح و وتر طہارت کے ساتھ تو عشا و تراویح پھر پڑھے وتر ہو گئی۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب التاسع في النوافل، فصل في التراويح، ج۱، ص۱۱۵.)

مستحب یہ ہے کہ تہائی رات تک تاخیر کریں اور آدھی رات کے بعد پڑھیں تو بھی کراہت نہیں۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، ج۲، ص۵۹۸.)

سوال: تراویح کی کتنی رکعتیں ہیں؟

جواب: جمہور کا مذہب یہ ہے کہ تراویح کی بیس رکعتیں ہیں۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مبحث صلاة التراويح، ج۲، ص۵۹۹.)

اور یہی احادیث سے ثابت، بیہقی نے بسند صحیح سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ لوگ فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں بیس رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ ("معرفة السنن والآثار" للبيهقي، كتاب الصلاة، باب قيام رمضان، رقم ۱۳۶۵، ج۲، ص۳۰۵.)

اور عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے عہد میں بھی یوہیں تھا۔ ("فتح باب العناية شرح النقاية"، كتاب الصلاة، فصل في صلاة التراويح، ج۱، ص۳۴۲.)

اور موطا میں یزید بن رومان سے روایت ہے، کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں لوگ رمضان میں تیئس ۲۳ رکعتیں پڑھتے۔ ("الموطا" لإمام مالک، كتاب الصلاة في رمضان، باب ماجاء في قيام رمضان، رقم ۲۵۷، ج۱، ص۱۲۰.) بیہقی نے کہا اس میں تین رکعتیں وتر کی ہیں۔ ("السنن الكبرى"، كتاب الصلاة، باب ماروى في عدد ركعات القيام في شهر رمضان، الحديث: ۴۶۱۸، ج۲، ص۶۹۹.) اور مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو حکم فرمایا: کہ رمضان میں لوگوں کو بیس ۲۰ رکعتیں پڑھائے۔ ("السنن الكبرى"، كتاب الصلاة، باب ماروى في عدد ركعات القيام في شهر رمضان، الحديث: ۴۶۲۱، ج۲، ص۶۹۹.) نیز اس کے بیس رکعت ہونے میں یہ حکمت ہے کہ فرائض وواجبات کی اس سے تکمیل ہوتی ہے اور کل فرائض وواجب کی ہر روز بیس ۲۰ رکعتیں ہیں، لہٰذا مناسب کہ یہ بھی بیس ہوں کہ مکمل و مکمل برابر ہوں۔

تراویح کی بیس ۲۰ رکعتیں دس سلام سے پڑھے یعنی ہر دو رکعت پر سلام پھیرے اور اگر کسی نے بیسوں پڑھ کر آخر میں سلام پھیرا تو اگر ہر دو رکعت پر قعدہ کرتا رہا تو ہو جائے گی مگر کراہت کے ساتھ اور اگر قعدہ نہ کیا تھا تو دو رکعت کے قائم مقام ہوئیں۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مبحث صلاة التراويح، ج۲، ص۵۹۹.)

احتیاط یہ ہے کہ جب دو دو رکعت پر سلام پھیرے تو ہر دو رکعت پر الگ الگ نیت کرے اور اگر ایک ساتھ بیسوں رکعت کی نیت کر لی تو بھی جائز ہے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مبحث صلاۃ التراویح، ج ۲، ص ۵۹۷.)

سوال: ترویحہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: ہر چار رکعت پر اتنی دیر تک بیٹھنا مستحب ہے جتنی دیر میں چار رکعتیں پڑھیں، اور اسے ترویحہ کہتے ہیں۔ اور ایسے ہی پانچویں ترویحہ اور وتر کے درمیان اگر بیٹھنا لوگوں پر گراں ہو تو نہ بیٹھے۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاۃ، الباب التاسع في النوافل، فصل في التراويح، ج ۱، ص ۱۱۵، وغیرہ.)

اس بیٹھنے میں اسے اختیار ہے کہ چپ بیٹھا رہے یا کلمہ پڑھے یا تلاوت کرے یا درود شریف پڑھے یا چار رکعتیں تنہا نفل پڑھے جماعت سے مکروہ ہے یا یہ تسبیح پڑھے: سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ۔ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِی لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَّبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ نَسْتَغْفِرُ اللهَ نَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ۔ ("غنية المتملي"، تراویح، ص ۴۰۴)

سوال: تراویح میں قرآن ختم کرنے کا کیا حکم ہے؟ نیز کیا سستی کی وجہ اسے ترک کیا جاسکتا ہے؟

جواب: تراویح میں ایک بار قرآن مجید ختم کرنا سنت مؤکدہ ہے اور دو مرتبہ فضیلت اور تین مرتبہ افضل۔ لوگوں کی سستی کی وجہ سے ختم کو ترک نہ کرے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج ۲، ص ۶۰۱. و"الفتاوی الرضوية"، ج ۷، ص ۴۵۸.)

جبکہ مصنف نے فرمایا ہے کہ اگر قوم ختمِ قرآن سے اکتائے تو اسی قدر قرآن پڑھا جائے جو ان کو اکتاہٹ کی حد تک نہ لے جائے۔ جس کو ہمارے یہاں سوریٰ تراویح کہتے ہیں یعنی قرآن کی آخری دس سورتوں کے ذریعے تراویح ادا کرنا۔ جیسے کہ بہارِ شریعت جلد ۱ ص ۶۹۴ میں ہے: اگر کسی وجہ سے ختم نہ ہو تو سورتوں کی تراویح پڑھیں اور اس کے لئے بعضوں نے یہ طریقہ رکھا ہے کہ **الم ترکیف** سے آخر تک دو بار پڑھنے میں بیس رکعتیں ہو جائیں گی۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاۃ، الباب التاسع في النوافل، فصل في التراويح، ج ۱، ص ۱۱۸.)

سوال: کیا قوم کے اکتانے پر درودِ ابراہیمی، ثنا اور رکوع و سجود کی تسبیحات ترک کر سکتے ہیں؟

جواب: تراویح کی ہر دوسری رکعت کے قعدہ میں تشہد کے بعد درودِ ابراہیمی کو ترک نہ کرے اگرچہ قوم اکتاہٹ محسوس کرے کہ عند الاحناف سنّتِ مؤکدہ اور عند الشوافع فرض ہے۔ اور ایسے ہی ثنا اور رکوع و سجود کی تسبیحات کو بھی ترک نہ کرے کہ یہ بھی سنّتِ مؤکدہ ہیں ہاں درودِ ابراہیمی کے بعد دعائے ماثورہ پڑھنا امام ترک کر سکتا ہے اگر قوم کو دشوار معلوم ہوتا ہو۔ جبکہ بہارِ شریعت جلد ۱ ص ۶۹۰ میں یوں ہے: امام و مقتدی ہر دو رکعت پر ثنا پڑھیں اور بعد تشہد دُعا بھی، ہاں اگر مقتدیوں پر گرانی ہو تو تشہد کے بعد **اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ** پر اکتفا کرے۔

سوال: اگر تراویح فوت ہو جائے تو کیا بعد مین اس کی قضا کرنی ہوگی؟

جواب: اگر تراویح فوت ہو جائے تو اس کی قضا نہیں اور اگر قضا تنہا پڑھ لی تو تراویح نہیں بلکہ نفل مستحب ہیں، جیسے مغرب و عشا کی سنتیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مبحث صلاۃ التراویح، ج ۲، ص ۵۹۸.)

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ و علی الک و اصحابک یا حبیب اللہ ﷺ

مرنے والے کو موت کے وقت پیش آنے والے دردناک و عبرت ناک معاملات پر مشتمل واقعات کا مجموعہ بنام

موت کے وقت

آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرما سکیں گے

- ☆…موت کے وقت
- ☆…نزع کے عالم
- ☆…وفات کا وقت
- ☆…انتقال کے وقت
- ☆…مرض الموت
- ☆…موت کا وقت
- ☆…وصال کا وقت
- ☆…وفات کے وقت
- ☆…وقتِ وصال
- ☆…آخری وقت
- ☆…نزع کا عالم
- ☆…وصال کے وقت
- ☆…انتقال کا وقت
- ☆…شہادت کے وقت
- ☆…حالتِ نزع

مصنف

مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری

ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ

یہ باب کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کا ہے

صَحَّ فَرْضٌ وَنَفْلٌ فِيهَا وَكَذَا فَوْقَهَا وَإِنْ لَمْ يَتَّخِذْ سُتْرَةً لٰكِنَّهُ مَكْرُوهٌ لِإِسَاءَةِ الْأَدَبِ بِاسْتِعْلَائِهِ عَلَيْهَا وَمَنْ جَعَلَ ظَهْرَهُ إِلٰى غَيْرِ وَجْهِ إِمَامِهِ فِيهَا أَوْ فَوْقَهَا صَحَّ وَإِنْ جَعَلَ ظَهْرَهُ إِلٰى وَجْهِ إِمَامِهِ لَا يَصِحُّ وَصَحَّ الْإِقْتِدَاءُ خَارِجَهَا بِإِمَامٍ فِيهَا وَالْبَابُ مَفْتُوحٌ وَإِنْ تَحَلَّقُوا حَوْلَهَا وَالْإِمَامُ خَارِجَهَا صَحَّ إِلَّا لِمَنْ كَانَ أَقْرَبَ إِلَيْهَا فِي جِهَةِ إِمَامِهِ۔

ترجمہ: کعبہ میں فرض اور نفل نماز پڑھنا صحیح ہے اور ایسے ہی اس کے اوپر اگرچہ سترہ قائم نہ کیا ہو (بنایا نہ ہو) لیکن یہ مکروہ ہے کعبہ کے اوپر چڑھنے کی بے ادبی کی وجہ سے اور جس شخص نے کعبے میں یا کعبے کے اوپر اپنی پشت اپنے امام کے چہرے کے علاوہ کی طرف کی تو صحیح ہے اور اگر اپنی پشت اپنے امام کے چہرے کی طرف کی تو صحیح نہیں ہوگی اور صحیح ہے اقتدا کرنا کعبہ سے باہر اس امام کی جو کعبے کے اندر ہو اس حال میں کہ دروازہ کھلا ہوا ہو اور اگر لوگ کعبہ کے اردگرد حلقہ بنالیں اور امام بھی کعبہ کے باہر ہو تو اقتدا صحیح ہے مگر اس شخص کی جو کعبہ کی طرف زیادہ قریب ہو اپنے امام کی جہت میں۔

سوال: کیا کعبہ کے اندر نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: کعبۂ معظمہ کے اندر ہر نماز جائز ہے، فرض ہو یا نفل تنہا پڑھے یا با جماعت۔ ("الجوہرة النيرة"، كتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ص ١٤٥.)

سوال: کیا کعبہ کی چھت پر نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: کعبۂ معظمہ کی چھت پر نماز پڑھی جب بھی یہی صورتیں ہیں، یعنی جائز ہے اگرچہ اپنے آگے سترہ نہ بنائے مگر اُس کی چھت پر نماز پڑھنا مکروہ ہے کیونکہ اوپر چڑھنا اس کی تعظیم کے خلاف ہے۔ ("تنوير الأبصار"، كتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ج ٣، ص ١٩٨.)

سوال: اگر کعبہ کے اندر یا اس کی چھت پر جماعت سے نماز پڑھیں تو کھڑے ہونے کی کیفیت کیا ہوگی؟ اور کس صورت میں اقتدا درست نہیں ہوگی؟

جواب: اگر کعبہ کے اندر یا اس کے اوپر جماعت سے نماز پڑھیں اور امام کے آس پاس اس طرح کھڑے ہوں کہ امام کا رُخ اور طرف ہو اور مقتدی کا اور طرف تو نماز ہو جائے گی مگر جب کہ مقتدی کی پشت امام کے سامنے ہو تو مقتدی کی نماز نہ ہوگی کہ وہ امام سے مقدم ہو گیا اور اگر

مقتدی کا منہ امام کے منہ کے سامنے ہو تو ہو جائے گی، مگر کوئی چیز اگر درمیان میں حائل نہ ہو تو مکروہ ہے اور اگر مقتدی کا منہ امام کی کروٹ کی طرف ہو تو بلا کراہت جائز۔ ("الجوہرة النيرة"، کتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ص ۱۴۵.)

سوال: امام کعبہ کے اندر ہو اور مقتدی کعبہ کے باہر تو کیا اقتدا درست ہے؟

جواب: امام کعبہ کے اندر ہے اور مقتدی باہر تو اقتدا صحیح ہے، خواہ امام تنہا اندر ہو یا اس کے ساتھ بعض مقتدی بھی ہوں، مگر دروازہ کھلا ہونا چاہیے کہ امام کے رکوع و سجود کا حال معلوم ہوتا رہے اور اگر دروازہ بند ہے مگر امام کی آواز آتی ہے جب بھی حرج نہیں مگر جس صورت میں امام تنہا اندر ہو کراہت ہے کہ امام تنہا بلندی پر ہو گا اور یہ مکروہ ہے۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ج۳، ص ۲۰۰.) اور کعبہ کے دروازے کے کھلے ہونے کی قید اتفاقی ہے، پس مقصد یہ ہے کہ امام کے انتقالات کی خبر اگر مقتدیوں کو ہو رہی ہو تو اقتدا درست ورنہ نہیں۔

سوال: اگر امام و مقتدی کعبہ کے باہر ہوں اور مقتدی کعبہ کے گرد حلقہ بنائے ہوں تو کیا نماز ہو جائے گی؟

جواب: مسجد الحرام شریف میں کعبۂ معظمہ کے گرد جماعت کی اور مقتدی کعبۂ معظمہ کے چاروں طرف ہوں جب بھی جائز ہے اگرچہ مقتدی بہ نسبت امام کے کعبہ سے قریب تر ہو، بشرطیکہ یہ مقتدی جو بہ نسبت امام کے قریب تر ہے ادھر نہ ہو جس طرف امام ہو بلکہ دوسری طرف ہو اور اگر اسی طرف ہے جس طرف امام ہے اور بہ نسبت امام کے قریب تر ہے تو اُس کی نماز نہ ہوئی کیونکہ وہ امام سے آگے بڑھنے والا کہلائے گا۔

("تنویر الأبصار" و"رد المحتار" کتاب الصلاة، باب الصلاة في الكعبة، ج۳، ص ۱۹۹،)

کعبۂ مُشرَّفہ کا طواف کرنے والی جنّ عورَتیں

مشہور صَحابی حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ بن زُبیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ ایک رات چند عورَتوں کو طوافِ کعبہ کرتا دیکھ کر میں وَرطۂ حیرت میں ڈوب گیا! (کیونکہ وہ عام عورَتوں کی طرح نہیں تھیں) جب وہ فارِغ ہوئیں تو باہَر نکل گئیں۔ میں اُن کے تَعاقُب میں روانہ ہوا، وہ چلتی رہیں یہاں تک کہ وہ ایک ویران جنگل میں داخِل ہو گئیں، وہاں کچھ مُعمر (مُ۔ عَمْ۔ مَر۔ یعنی بڑی عمر کے) افراد بیٹھے تھے، اُنہوں نے مجھ سے پوچھا: ''اے ابنِ زُبیر! آپ یہاں کیسے آ گئے؟ ''میں نے جواب دینے کے بجائے اُن سے سُوال کر دیا: ''آپ لوگ کون ہیں؟ ''اُنہوں نے کہا: ''**ہم جِنّات ہیں۔** ''میں نے اپنے تَعاقُب اور اِس کا سبب بیان کیا، اُنہوں نے کہا: ''یہ ہماری عورَتیں (یعنی جنّیاں) ہیں۔ اے ابنِ زُبیر! آپ کھانے میں کیا پسند فرمائیں گے؟ ''میں نے کہا: ''**تازہ پکّی کھجوریں۔**'' حالانکہ اُس وَقت مکّۂ مکرَّمہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعۡظِیۡماً میں تازہ کھجور کا کہیں نام و نشان نہ تھا۔ لیکن وہ میرے پاس پکّی تازہ کھجوریں لے آئے۔ جب میں کھا چکا تو کہا: ''جو بچ گئی ہیں اُنہیں ساتھ لے جائیے۔'' حضرت سیِّدُنا عبدُاللہ ابنِ زُبیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ میں نے وہ بچی ہوئی کھجوریں اُٹھائیں اور گھر واپَس آ گیا۔ (لقط المرجان فی احکام الجان ص ۲۴۷) **اللہ عَزَّوَجَلَّ** کی اُن پر رَحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمِیۡن بِجاہِ النَّبِیِّ الۡاَمِیۡن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ صَلَاةِ الْمُسَافِرِ

یہ مسافر کی نماز کا باب ہے

اَلسَّفَرُ الشَّرْعِيُ

أَقَلُّ سَفَرٍ تَتَغَيَّرُ بِهِ الْأَحْكَامُ مَسِيْرَةُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ أَقْصَرِ أَيَّامِ السَّنَةِ بِسَيْرٍ وَسْطٍ مَعَ الْإِسْتِرَاحَاتِ وَالْوَسْطُ سَيْرُ الْإِبِلِ وَمَشْيُ الْأَقْدَامِ فِي الْبَرِّ وَفِي الْجَبَلِ بِمَا يُنَاسِبُهُ وَفِي الْبَحْرِ اِعْتِدَالُ الرِّيْحِ۔

ترجمہ: کم سے کم سفر جس سے احکام بدل جاتے ہیں وہ سال کے سب سے چھوٹے دنوں میں سے تین دن کی مسافت (فاصلہ) ہے درمیانی رفتار سے آرام لینے کے ساتھ اور درمیانی چال اونٹ کی چال اور قدموں کی چال ہے خشکی میں اور پہاڑ میں اس چیز کی چال ہے جو اس کے مناسب ہو اور سمندر میں ہوا کے اعتدال کے ساتھ۔

قَصْرُ الصَّلَاةِ

فَيَقْصُرُ الْفَرْضَ الرُّبَاعِيَّ مَنْ نَوَى السَّفَرَ وَلَوْ كَانَ عَاصِيًا بِسَفَرِهِ إِذَا جَاوَزَ بُيُوْتَ مَقَامِهِ وَجَاوَزَ أَيْضًا مَا اِتَّصَلَ بِهِ مِنْ فِنَائِهِ وَإِنِ انْفَصَلَ اَلْفِنَاءُ بِمَزْرَعَةٍ أَوْ قَدْرِ غَلْوَةٍ لَا يُشْتَرَطُ مُجَاوَزَتُهُ ، وَالْفِنَاءُ اَلْمَكَانُ الْمُعَدُّ لِمَصَالِحِ الْبَلَدِ كَرَكْضِ الدَّوَابِّ وَدَفْنِ الْمَوْتٰى۔۔

ترجمہ: پس قصر کرے گا چار رکعت والی فرض نماز میں وہ شخص جس نے سفر کی نیت کی ہو اگرچہ وہ اپنے سفر میں گنہگار ہو- جبکہ اپنے مقام کے گھروں سے گزر جائے اور اس سے گزر جائے جو اس مقام سے متصل ہے یعنی اس کی فنا ہے اور اگر فنا ایک کھیت یا ایک غلوہ کی مقدار جدا ہو تو اس سے تجاوز کرنے کی شرط نہیں لگائی جائے گی اور فنا وہ جگہ ہے جو شہر کی ضرورتوں کے لئے تیار کی گئی ہو جیسے گھوڑوں کو دوڑانے اور مردوں کو دفن کرنے کی جگہ۔

سوال: سفر کا لغوی و شرعی معنی بیان کریں۔

جواب: سفر کا لغوی معنی مسافت طے کرنا ہے جبکہ اصطلاح شرع میں سفر وہ ہے جس سے احکام بدل جاتے ہیں مثلاً نماز کا قصر کرنا، رمضان میں افطاری کی اجازت، جمعہ، عیدین و قربانی کے وجوب کا ساقط ہونا وغیرہ۔

سوال: شرعاً مسافر کسے کہتے ہیں؟ نیز مسافتِ سفر کی کتنی مقدار ہے؟

جواب: شرعاً مسافر وہ شخص ہے جو تین دن کی راہ تک جانے کے ارادہ سے بستی سے باہر ہوا۔ ("الفتاوی الرضویۃ"، ج۸، ص۲۴۳.) دن سے مراد سال کا سب میں چھوٹا دن اور تین دن کی راہ سے یہ مراد نہیں کہ صبح سے شام تک چلے کہ کھانے پینے، نماز اور دیگر ضروریات کے لئے ٹھہرنا تو ضروری ہی ہے، بلکہ مراد دن کا اکثر حصہ ہے مثلاً شروع صبح صادق سے دوپہر ڈھلنے تک چلا پھر ٹھہر گیا پھر دوسرے اور تیسرے دن یوہیں کیا تو اتنی دور تک کی راہ کو مسافت سفر کہیں گے دوپہر کے بعد تک چلنے میں بھی برابر چلنا مراد نہیں بلکہ عادۃً جتنا آرام لینا چاہے اس قدر اس درمیان میں ٹھہرتا بھی جائے اور چلنے سے مراد معتدل چال ہے کہ نہ تیز ہو نہ سُست، خشکی میں آدمی اور اونٹ کی درمیانی چال کا اعتبار ہے اور پہاڑی راستہ میں اسی حساب سے جو اس کے لئے مناسب ہو اور دریا میں کشتی کی چال اس وقت کی کہ ہوا نہ بالکل رُکی ہو نہ تیز۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس عشر في صلاۃ المسافر، ج۱، ص۱۳۸.) سال کا چھوٹا دن اس جگہ کا معتبر ہے جہاں دن رات معتدل ہوں یعنی چھوٹے دن کے اکثر حصہ میں منزل طے کر سکتے ہوں لہٰذا جن شہروں میں بہت چھوٹا دن ہوتا ہے جیسے بلغار کہ وہاں بہت چھوٹا دن ہوتا ہے، لہٰذا وہاں کے دن کا اعتبار نہیں۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، ج۲، ص۷۲۵.)

کوس کا اعتبار نہیں کہ کوس کہیں چھوٹے ہوتے ہیں کہیں بڑے بلکہ اعتبار تین منزلوں کا ہے اور فقہانے خشکی میں میل کے حساب سے اس کی مقدار ساڑھے ستاون میل اور کلو میٹر کے حساب سے ۹۲ کلو میٹر بتائی ہے۔ ("فتاویٰ رضویہ" (جدید)، ج۸، ص۲۷۰)

تین دن کی راہ کو تیز سواری پر دو دن یا کم میں طے کرے تو مسافر ہی ہے اور تین دن سے کم کے راستہ کو زیادہ دنوں میں طے کیا تو مسافر نہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس عشر في صلاۃ المسافر، ج۱، ص۱۳۹.)

تین دن کی راہ کو کسی ولی نے اپنی کرامت سے بہت تھوڑے زمانہ میں طے کیا تو ظاہر یہی ہے کہ مسافر کے احکام اس کے لئے ثابت ہوں مگر امام ابن ہمام نے اس کا مسافر ہونا مستبعد فرمایا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، ج۲، ص۷۲۶)

سوال: مسافر پر نماز کے بارے میں کیا احکام ہیں؟

جواب: مسافر پر واجب ہے کہ نماز میں قصر کرے یعنی چار رکعت والے فرض کو دو پڑھے اس کے حق میں دو ہی رکعتیں پوری نماز ہے اور قصداً چار پڑھیں اور دو پر قعدہ کیا تو فرض ادا ہو گئے اور پچھلی دو رکعتیں نفل ہوئیں مگر گنہگار و مستحق نار ہوا کہ واجب ترک کیا لہٰذا توبہ کرے اور دو رکعت پر قعدہ نہ کیا تو فرض ادا نہ ہوئے اور وہ نماز نفل ہو گئی ہاں اگر تیسری رکعت کا سجدہ کرنے سے پیشتر اقامت کی نیت کر لی تو فرض باطل نہ ہوں گے مگر قیام و رکوع کا اعادہ کرنا ہوگا اور اگر تیسری کے سجدہ میں نیت کی تو اب فرض جاتے رہے، یوہیں اگر پہلی دونوں یا ایک میں قراءت نہ کی نماز فاسد ہو گئی۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس عشر في صلاۃ المسافر، ج۱، ص۱۳۹.)

سُنّتوں میں قصر نہیں بلکہ پوری پڑھی جائیں گی البتہ خوف اور رواروی (خوف و گھبراہٹ) کی حالت میں معاف ہیں اور امن کی حالت میں پڑھی جائیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس عشر في صلاۃ المسافر، ج۱، ص۱۳۹.)

سوال: اگر مسافر کا سفر معصیت کے لئے ہو تو کیا تب بھی قصر واجب ہے؟

جواب: یہ رخصت جو مسافر کے لئے ہے، مطلق ہے اس کا سفر جائز کام کے لئے ہو یا ناجائز کے لئے بہر حال مسافر کے احکام اس کے لئے ثابت ہوں گے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ج۱، ص۱۳۹)

سوال: جس نے مسافتِ سفر پر جانے کا ارادہ کیا، تو کیا وہ نیت کرنے سے ہی مسافر ہو جائے گا؟

جواب: محض نیت سفر سے مسافر نہ ہو گا بلکہ مسافر کا حکم اس وقت سے ہے کہ بستی کی آبادی سے باہر ہو جائے شہر میں ہے تو شہر سے، گاؤں میں ہے تو گاؤں سے اور شہر والے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ شہر کے آس پاس جو آبادی شہر سے متصل ہے اس سے بھی باہر ہو جائے۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ج۲، ص۷۲۲.)

فنائے شہر سے جو گاؤں متصل ہے شہر والے کے لئے اس گاؤں سے باہر ہو جانا ضروری نہیں۔ یو ہیں شہر کے متصل باغ ہوں اگرچہ ان کے نگہبان اور کام کرنے والے ان میں رہتے ہوں ان باغوں سے نکل جانا ضروری نہیں۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ج۲، ص۷۲۲.)

آبادی سے باہر ہونے سے مراد یہ ہے کہ جدھر جارہا ہے اس طرف آبادی ختم ہو جائے اگرچہ اس کی محاذات میں دوسری طرف ختم نہ ہوئی ہو۔ ("غنية المتملي"، فصل في صلاة المسافر، ص۵۳۶.)

کوئی محلہ پہلے شہر سے ملا ہوا تھا مگر اب جدا ہو گیا تو اس سے باہر ہونا بھی ضروری ہے اور جو محلہ ویران ہو گیا خواہ شہر سے پہلے متصل تھا یا اب بھی متصل ہے اس سے باہر ہونا شرط نہیں۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ج۲، ص۷۲۳.)

سوال: فنائے شہر کسے کہتے ہیں؟

جواب: فنائے شہر یعنی شہر سے باہر جو جگہ شہر کے کاموں کے لئے ہو مثلاً قبرستان، گھوڑ دوڑ کا میدان، کوڑا پھینکنے کی جگہ اگر یہ شہر سے متصل ہوں تو اس سے باہر ہو جانا ضروری ہے۔ اور اگر شہر و فنا کے درمیان فاصلہ ہو تو ضروری نہیں۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ج۲، ص۷۲۲)

سوال: غلوہ کسے کہتے ہیں نیز (وإن انفصل الفناء بمزرعة أو قدر غلوة لا يشترط مجاوزته) سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: غلوہ تین سے چار سو قدم کے فاصلہ کو کہتے ہیں۔ مصنف اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر شہر اور فنا کے درمیان ایک کھیت ہو یا تین سو سے چار سو قدم کا فاصلہ ہو تو اب فنا سے باہر ہو جانا ضروری نہیں ہے اور اگر اس سے کم فاصلہ ہو تو وہ شہر سے متصل ہونے کے حکم میں ہے اس سے باہر ہو جانا شرط ہو گا۔

شُرُوْطُ السَّفَرِ

وَيُشْتَرَطُ لِصِحَّةِ نِيَّةِ السَّفَرِ ثَلَاثَةُ أَشْيَاءَ اَلْإِسْتِقْلَالُ بِالْحُكْمِ وَالْبُلُوْغُ وَعَدَمُ نُقْصَانِ مُدَّةِ السَّفَرِ عَنْ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فَلَا يَقْصُرُ مَنْ لَمْ يُجَاوِزْ عُمْرَانَ مَقَامِهٖ أَوْ جَاوَزَ وَكَانَ صَبِيًا أَوْ تَابِعًا لَمْ يَنْوِ مَتْبُوْعُهُ السَّفَرَ

كَالْمَرْأَةِ مَعَ زَوْجِهَا وَالْعَبْدِ مَعَ مَوْلَاهُ وَالْجُنْدِيِّ مَعَ أَمِيرِهِ أَوْ نَاوِيًا دُونَ الثَّلَاثَةِ وَتُعْتَبَرُ نِيَّةُ الْإِقَامَةِ وَالسَّفَرِ مِنَ الْأَصْلِ دُونَ التَّبَعِ إِنْ عَلِمَ نِيَّةَ الْمَتْبُوعِ فِي الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: اور سفر کی نیت کے صحیح ہونے کے لئے تین چیزوں کی شرط لگائی جاتی ہے: (۱) حکم میں مستقل ہونا۔ (۲) بالغ ہونا۔ (۳) سفر کی مدت کا تین دن سے کم نہ ہونا- پس وہ شخص قصر نہیں کرے گا جو اپنے مقام کی آبادی سے آگے نہ بڑھا ہو یا آگے بڑھ گیا ہو اور وہ بچہ ہو یا تابع ہو کہ اس کے متبوع نے سفر کی نیت نہ کی ہو جیسے عورت اپنے شوہر کے ساتھ اور غلام اپنے آقا کے ساتھ اور فوجی اپنے امیر کے ساتھ یا تین دن سے کم کی نیت کرنے والا ہو، اور اقامت اور سفر کی نیت اصل کی معتبر ہے نہ کہ تابع کی اگر متبوع کی نیت معلوم ہو جائے اصح قول کے مطابق۔

حُكْمُ الْقَصْرِ

وَالْقَصْرُ عَزِيمَةٌ عِنْدَنَا فَإِذَا أَتَمَّ الرُّبَاعِيَّةَ وَقَعَدَ الْقُعُودَ الْأَوَّلَ صَحَّتْ صَلَاتُهُ مَعَ الْكَرَاهَةِ وَإِلَّا فَلَا تَصِحُّ إِلَّا إِذَا نَوَى الْإِقَامَةَ لَمَّا قَامَ لِلثَّالِثَةِ۔

ترجمہ: اور قصر ہمارے نزدیک عزیمت (اصل) حکم ہے پس جب چار رکعت والی نماز کو پوری پڑھی اور پہلے قعدہ میں بیٹھا تو اس کی نماز کراہت کے ساتھ صحیح ہو گئی ورنہ تو نہیں مگر جب کہ نیتِ اقامت کی نیت کر لے جب تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو۔

سوال: سفر کی نیت کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: سفر کی نیت کے صحیح ہونے کی تین شرطیں ہیں۔

(۱) اپنا ارادہ مستقل رکھتا ہو یعنی کسی کا تابع نہ ہو۔ (۲) بالغ ہو لہذا نابالغ لڑکے کی نیت کا کوئی اعتبار نہیں۔ (۳) کم سے کم تین دن یعنی 92 کلو میٹر کے سفر کا ارادہ ہو لہذا اس سے کم کی نیت ہوئی تو مسافر نہیں ہو گا۔

سوال: ان تینوں شرطوں کے معدوم ہونے کی مثالیں وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔

جواب: مذکورہ شرائط کی تفریعات بیان کرتے ہوئے مصنف فرماتے ہیں کہ: وہ شخص جو اپنے شہر کی آبادی سے باہر نہیں نکلا، یا نکلا تو مگر وہ بچہ ہے، یا تابع ہے کہ اس کے متبوع نے سفر کی نیت نہیں کی تو یہ لوگ مسافر نہیں ہیں لہذا قصر بھی نہیں کریں گے کہ پہلی اور دوسری شرط مفقود ہے۔

یا کوئی شخص سفر کے ارادے سے آبادی سے باہر تو نکل گیا لیکن اس کا ارادہ تین دن کے سفر سے کم کا ہے تو یہ بھی مسافر نہیں ہے اور قصر نہیں کرے گا کہ تیسری شرط مفقود ہے۔

سوال: تابع کسے کہتے ہیں؟

جواب: تابع وہ ہے جو دوسرے کے ماتحت ہو مثلاً عورت جس کا مہر معجل شوہر کے ذمّہ باقی نہ ہو کہ شوہر کے تابع ہے اس کی اپنی نیت بیکار ہے، اور غلام غیر مکاتب کہ اپنے مالک کا تابع ہے، اور لشکری جس کو بیت المال یا بادشاہ کی طرف سے خوراک ملتی ہے کہ یہ اپنے سردار کا تابع ہے اور نوکر کہ یہ اپنے آقا کا تابع ہے اور قیدی کہ یہ قید کرنے والے کا تابع ہے، اور مکرَہ اپنے مکرِہ کا اور اجیر اپنے مستاجر کا اور شاگرد جس کو استاذ کے یہاں سے کھانا ملتا ہے کہ یہ اپنے استاذ کا تابع ہے اور نیک بیٹا اپنے باپ کا تابع ہے، ان سب کی اپنی نیت بے کار ہے بلکہ جن کے تابع ہیں ان کی نیتوں کا اعتبار ہے، ان کی نیت اقامت کی ہے تو تابع بھی مقیم ہیں ان کی نیت اقامت کی نہیں تو یہ بھی مسافر ہیں۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ج۱، ص۱۴۱.)

سوال: تابع پھر کیا کرے؟

جواب: تابع کو چاہئے کہ متبوع سے سوال کرے وہ جو کہے اس کے بموجب عمل کرے اور اگر اس نے کچھ نہ بتایا تو دیکھے کہ مقیم ہے یا مسافر اگر مقیم ہے تو اپنے کو مقیم سمجھے اور مسافر ہے تو مسافر اور یہ بھی نہ معلوم ہو، تو تین دن کی راہ طے کرنے کے بعد قصر کرے اس سے پہلے پوری پڑھے۔ اور اگر سوال نہ کرے تو وہی حکم ہے کہ سوال کیا اور کچھ جواب نہ ملا۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، مطلب في الوطن الأصلي... إلخ، ج۲، ص۷۴۳.)

سوال: تابع کب تابع نہیں رہتا؟

جواب: عورت کا مہر معجل باقی ہے تو اسے اختیار ہے کہ اپنے نفس کو روک لے لہٰذا اس وقت تابع نہیں۔ یوہیں مکاتب غلام کو بغیر مالک کی اجازت کے سفر کا اختیار ہے لہٰذا تابع نہیں اور جو سپاہی بادشاہ یا بیت المال سے خوراک نہیں لیتا وہ تابع نہیں اور اجیر جو ماہانہ یا برسی پر نوکر نہیں بلکہ روزانہ اس کا مقرر ہے وہ دن بھر کام کرنے کے بعد اجارہ فسخ کر سکتا ہے لہٰذا تابع نہیں اور جس مسلمان کو دشمن نے قید کیا اگر معلوم ہے کہ تین دن کی راہ کو لے جائے گا تو قصر کرے اور معلوم نہ ہو تو اس سے دریافت کرے، جو بتائے اس کے موافق عمل کرے اور نہ بتایا تو اگر معلوم ہے کہ وہ دشمن مقیم ہے تو پوری پڑھے اور مسافر ہے تو قصر کرے اور یہ بھی معلوم نہ ہو سکے تو جب تک تین دن کی راہ طے نہ کر لے، پوری پڑھے اور جس پر تاوان لازم آیا وہ سفر میں تھا اور پکڑا گیا اگر نادار ہے تو قصر کرے اور مالدار ہے اور پندرہ دن کے اندر دینے کا ارادہ ہے یا کچھ ارادہ نہیں جب بھی قصر کرے اور یہ ارادہ ہے کہ نہیں دے گا تو پوری پڑھے۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، مطلب في الوطن الأصلي... إلخ، ج۲، ص۷۴۲، وغيره.)

جو سپاہی سردار کا تابع تھا اور لشکر کو شکست ہوئی اور سب متفرق ہو گئے تو اب تابع نہیں بلکہ اقامت و سفر میں خود اس کی اپنی نیت کا لحاظ ہے۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، مطلب في الوطن الأصلي... إلخ، ج۲، ص۷۴۴.)

سوال: اقامت وسفر کی نیت تابع کی معتبر ہے یا متبوع کی؟

جواب: اقامت وسفر کی نیت اصل (متبوع) کی معتبر ہے نہ کہ تابع کی اور تابع کا مسافر یا مقیم ہونا متبوع کی نیت پر موقوف ہے پس تابع کو جب متبوع کی نیت اقامت یا نیت سفر کا علم ہو جائے تو وہ اپنے متبوع کے ساتھ مقیم یا مسافر ہو گا اور اگر متبوع کی نیت تابع کو معلوم نہ ہو تو تابع پر واجب ہے کہ دریافت کرے اور اسی کے مطابق عمل کرے۔

سوال: مسافر کو قصر کرنی تھی مگر پوری پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟

جواب: مسافر پر واجب ہے کہ نماز میں قصر کرے یعنی چار رکعت والے فرض کو دو پڑھے اس کے حق میں دو ہی رکعتیں پوری نماز ہے اور قصداً چار پڑھیں اور دو پر قعدہ کیا تو فرض ادا ہو گئے اور پچھلی دو رکعتیں نفل ہوئیں مگر گنہگار و مستحق نار ہوا کہ واجب ترک کیا لہٰذا توبہ کرے اور دو رکعت پر قعدہ نہ کیا تو فرض ادا نہ ہوئے اور وہ نماز نفل ہو گئی ہاں اگر تیسری رکعت کا سجدہ کرنے سے پیشتر اقامت کی نیت کر لی تو فرض باطل نہ ہوں گے مگر قیام و رکوع کا اعادہ کرنا ہو گا اور اگر تیسری کے سجدہ میں نیت کی تو اب فرض جاتے رہے، یوہیں اگر پہلی دونوں یا ایک میں قراءت نہ کی نماز فاسد ہو گئی۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس عشر في صلاۃ المسافر، ج۱، ص۱۳۹.)

مدة القصر ونية الإقامة

وَلَا يَزَالُ يَقْصُرُ حَتّٰى يَدْخُلَ مِصْرَهٗ أَوْ يَنْوِيَ إِقَامَتَهٗ نِصْفَ شَهْرٍ بِبَلَدٍ أَوْ قَرْيَةٍ وَقَصَرَ إِنْ نَوٰى أَقَلَّ مِنْهُ أَوْ لَمْ يَنْوِ وَبَقِيَ سِنِيْنَ وَلَا تَصِحُّ نِيَّةُ الْإِقَامَةِ بِبَلْدَتَيْنِ لَمْ يُعَيِّنِ الْمَبِيْتَ بِإِحْدَاهُمَا وَلَا فِيْ مَفَازَةٍ لِغَيْرِ أَهْلِ الْأَخْبِيَةِ وَلَا لِعَسْكَرِنَا بِدَارِ الْحَرْبِ وَلَا بِدَارِنَا فِيْ مُحَاصَرَةِ أَهْلِ الْبَغْيِ۔

ترجمہ: اور قصر کرتا رہے گا یہاں تک کہ اپنے شہر میں داخل ہو جائے یا نصف ماہ کسی شہر یا گاؤں میں ٹھہرنے کی نیت کر لے، اور قصر کرے گا اگر نصف ماہ سے کم کی نیت کی یا کچھ نیت ہی نہ کی اور کئی سال رہ گیا، اور دو شہروں میں اقامت کی نیت کرنا صحیح نہیں ہے کہ ان دونوں میں سے ایک میں رات گزارنے کی تعیین نہ کی ہو، اور نہ جنگل میں خیموں والوں کے علاوہ کے لئے اور نہ ہمارے لشکر دار حرب میں اور نہ ہمارے دار میں باغیوں کا محاصرہ کرنے میں۔

اِقْتِدَاءُ الْمُسَافِرِ بِمُقِيْمٍ وَعَكْسُهٗ

وَإِنِ اقْتَدٰى مُسَافِرٌ بِمُقِيْمٍ فِي الْوَقْتِ صَحَّ وَأَتَمَّهَا أَرْبَعًا وَبَعْدَهٗ لَا يَصِحُّ وَبِعَكْسِهٖ صَحَّ فِيْهِمَا۔

ترجمہ: اور اگر مسافر وقت کے اندر کسی مقیم کی اقتدا کرے تو اقتدا صحیح ہو جائے گی اور اس نمار کی چار رکعت پوری کرے اور وقت کے بعد اقتدا صحیح نہیں ہو گی اور اس کے برعکس دونوں صورتوں میں صحیح ہو جائے گی۔

سوال: مسافر کب تک مسافر رہتا ہے؟

جواب: مسافر اس وقت تک مسافر ہے جب تک اپنی بستی میں پہنچ نہ جائے یا آبادی میں پورے پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہ کرلے، یہ اس وقت ہے جب تین دن کی راہ چل چکا ہو اور اگر تین منزل پہنچنے سے پیشتر واپسی کا ارادہ کرلیا تو مسافر نہ رہا اگرچہ جنگل میں ہو۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، ج۲، ص۷۲۸.)

سوال: مسافر نے کسی جگہ ۱۵ دن ٹھہرنے کی نیت نہ کی بلکہ یہ ذہن ہے کہ کام دو چار دن میں ہو جائے گا تو چلا جائے گا مگر کام نہ ہوا یہاں تک کہ ۱۵ سے زیادہ دن گزر گئے تو کیا حکم ہے؟

جواب: مسافر کسی کام کے لئے یا ساتھیوں کے انتظار میں دو چار روز یا تیرہ چودہ دن کی نیت سے ٹھہرا، یا یہ ارادہ ہے کہ کام ہو جائے گا تو چلا جائے گا اور دونوں صورتوں میں اگر آجکل آجکل کرتے برسیں گزر جائیں تو مسافر ہی ہے، نماز قصر پڑھے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس عشر في صلاۃ المسافر، ج۱، ص۱۳۹، وغیرہ.)

سوال: مسافر نے دو جگہ ۱۵ دن ٹھہرنے کی نیت کی تو کیا مقیم ہو جائے گا؟

جواب: اگر مسافر نے دو جدا جدا بستیوں میں ۱۵ دن ٹھہرنے کی نیت کی، اس طرح کہ دن میں ایک بستی میں رہوں گا اور رات میں دوسری بستی میں یعنی رات گزارنے کی تعیین کر دی مثلاً رات مکے میں گزارے گا اور دن منیٰ میں تو اقامت کی نیت درست ہے، پس جہاں رات کو رہنے کا قصد ہے وہاں کے حساب سے ۱۵ دن کی نیت سے مقیم ہو جائے گا اور دونوں جگہ نمازیں پوری پڑھے گا۔

اور اگر جدا جدا مقامات میں ۱۵ دن ٹھہرنے کی نیت اس طرح کی کہ کسی ایک جگہ مستقل ۱۵ دن قیام نہیں رہے گا بلکہ دونوں جگہ رات گزارے گا یعنی رات گزارنے کی تعیین نہ کی یا ایک جگہ ۱۰ رات اور دوسری جگہ ۵ رات ٹھہرنے کی نیت ہے تو اس صورت میں بھی مقیم نہیں ہو گا بلکہ مسافر ہی رہے گا اور قصر کرے گا۔

اس مسئلہ میں اعتبار رات گزارنے کا ہے اگر مستقل ۱۵ راتیں ایک ہی جگہ گزارنے کا ارادہ ہے تو مقیم ورنہ مسافر رہے گا۔

اور اگر دو بستیاں جدا جدا نہیں بلکہ ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہیں تو پھر ۱۵ دن کی نیت سے مقیم ہو جائے گا۔ بہار شریعت میں اس مسئلے کو اس طرح بیان کیا گیا ہے:

یہ نیت کی کہ ان دو بستیوں میں پندرہ روز ٹھہرے گا ایک جگہ دن میں رہے گا اور دوسری جگہ رات میں تو اگر پہلے وہاں گیا جہاں دن میں ٹھہرنے کا ارادہ ہے تو مقیم نہ ہوا اور اگر پہلے وہاں گیا جہاں رات میں رہنے کا قصد ہے تو مقیم ہو گیا، پھر یہاں سے دوسری بستی میں گیا جب بھی مقیم ہے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الخامس عشر في صلاۃ المسافر، ج۱، ص۱۴۰.)

یہ نیت ایک ہی جگہ ٹھہرنے کی ہو اگر دو موضعوں میں پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ ہو، مثلاً ایک میں دس دن دوسرے میں پانچ دن کا تو مقیم نہ ہو گا۔

سوال: کن کن لوگوں کی اقامت کی نیت درست نہیں ہے اگرچہ ۱۵ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت ہو؟

جواب: صاحبِ کتاب نے چار قسم کے لوگوں کی نیت کو درست قرار نہیں دیا: (۱) پہلا وہ شخص جو سوال نمبر ۳۰۳ کے جواب میں گزرا یعنی جس نے رات گزارنے کی تعیین نہ کی ہو۔

(۲) دوسرا جنگل میں اقامت کی نیت کرنا درست نہیں ہے کہ جنگل مکان کی صلاحیت نہیں رکھتا لہذا مسلمانوں کا لشکر کسی جنگل میں پڑاؤ ڈال دے اور ڈیرہ خیمہ نصب کر کے پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کر لے تو مقیم نہ ہوا اور جو لوگ جنگل میں خیموں میں رہتے ہیں وہ اگر جنگل میں خیمہ ڈال کر پندرہ دن کی نیت سے ٹھہریں تو مقیم ہو جائیں گے، بشرطیکہ وہاں پانی اور گھاس وغیرہ دستیاب ہوں کہ ان کے لئے جنگل ویسا ہی ہے جیسے ہمارے لئے شہر اور گاؤں۔ ("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ج۱، ص۱۳۹.)

(۳) مسلمانوں کا لشکر دار الحرب کو گیا یا دار الحرب میں کسی قلعہ کا محاصرہ کیا تو مسافر ہی ہے اگرچہ پندرہ دن کی نیت کر لی ہو اگرچہ ظاہر غلبہ ہو کیونکہ ان کے قرار و فرار میں تردد ہے اور حالتِ تردد میں احکام جاری نہیں ہوتے۔

(۴) یوہیں اگر لشکرِ اسلامی دار الاسلام میں باغیوں کا محاصرہ کیا ہو تو مقیم نہیں کہ یہاں پر بھی قرار و فرار میں تردد ہے اور حالتِ تردد میں احکام جاری نہیں ہوتے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ج۲، ص۷۳۱.)

لہذا یہ صورتیں سوال نمبر ۳۰۲ والی ہو گئیں کہ کام ہو جائے گا تو چلا جاؤں گا۔ پس ان چاروں صورتوں میں قصر کا حکم ہے۔

سوال: کیا مسافر مقیم کی اقتدا کر سکتا ہے؟

جواب: وقت ختم ہونے کے بعد مسافر مقیم کی اقتدا نہیں کر سکتا وقت میں کر سکتا ہے اور اس صورت میں مسافر کے فرض بھی چار ہو گئے یہ حکم چار رکعتی نماز کا ہے اور جن نمازوں میں قصر نہیں ان میں وقت و بعد وقت دونوں صورتوں میں اقتدا کر سکتا ہے وقت میں اقتدا کی تھی نماز پوری کرنے سے پہلے وقت ختم ہو گیا جب بھی اقتدا صحیح ہے۔ ("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ج۲، ص۷۳۶.)

سوال: "وبعکسه صح فیہما" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے پہلے بیان کئے ہوئے دو مسئلوں کے الٹ کا حکم بیان کرنا چاہتے ہیں اور ما قبل کے دو مسئلے یہ ہیں:

(۱) مسافر مقیم کی اقتدا کر سکتا ہے۔ الٹ: مقیم مسافر کی اقتدا کر سکتا ہے۔

(۲) مسافر مقیم کی اقتدا وقت میں کر سکتا ہے اور چار رکعتی نماز میں وقت گذرنے کے بعد نہیں کر سکتا۔ الٹ: ادا و قضا دونوں میں مقیم مسافر کی اقتدا کر سکتا ہے اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی باقی دو رکعتیں پڑھ لے اور ان رکعتوں میں قراءت بالکل نہ کرے بلکہ بقدر فاتحہ چپ کھڑا رہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ج۲، ص۷۳۵، وغیرہ.)

وَنُدِبَ لِلْإِمَامِ أَنْ يَقُوْلَ أَتِمُّوْا صَلَاتَكُمْ فَإِنِّيْ مُسَافِرٌ وَيَنْبَغِيْ أَنْ يَقُوْلَ ذٰلِكَ قَبْلَ شُرُوْعِهٖ فِي الصَّلَاةِ وَلَا يَقْرَأُ الْمُقِيْمُ فِيْمَا يُتِمُّهٗ بَعْدَ فَرَاغِ إِمَامِهِ الْمُسَافِرِ فِي الْأَصَحِّ ۔

ترجمہ: اور امام کے لئے (آپ اپنی نماز پوری کریں) کہنا مستحب قرار دیا گیا ہے، اور نماز شروع کرنے سے پہلے ان الفاظ کو کہنا مناسب ہے اور مقیم مقتدی قراءت نہیں کرے گا ان رکعتوں میں جس کو اپنے مسافر امام کے فارغ ہونے کے بعد پورا کرے گا اصح قول کے مطابق۔

قَضَاءُ الْفَوَائِتِ

وَفَائِتَةُ السَّفَرِ وَالْحَضَرِ تُقْضٰى رَكْعَتَيْنِ وَأَرْبَعًا وَالْمُعْتَبَرُ فِيْهِ آخِرُ الْوَقْتِ۔

ترجمہ: اور سفر و حضر کی فوت شدہ نماز قضا کی جائے گی دو رکعت اور چار رکعت اور اس میں آخری وقت کا اعتبار کیا گیا ہے۔

اَلْوَطَنُ وَاَقْسَامُهٗ وَبُطْلَانُهٗ

وَيَبْطُلُ الْوَطَنُ الْأَصْلِيُّ بِمِثْلِهٖ فَقَطْ وَيَبْطُلُ وَطَنُ الْإِقَامَةِ بِمِثْلِهٖ وَ بِالسَّفَرِ وَبِالْأَصْلِيِّ وَالْوَطَنُ الْأَصْلِيُّ هُوَ الَّذِيْ وُلِدَ فِيْهِ أَوْ تَزَوَّجَ أَوْ لَمْ يَتَزَوَّجْ وَقَصَدَ التَّعَيُّشَ لَا الْاِرْتِحَالَ عَنْهُ وَوَطَنُ الْإِقَامَةِ مَوْضِعٌ نَوَى الْإِقَامَةَ فِيْهِ نِصْفَ شَهْرٍ فَمَا فَوْقَهٗ وَلَمْ يَعْتَبِرِ الْمُحَقِّقُوْنَ وَطَنَ السُّكْنٰى وَهُوَ مَا يَنْوِي الْإِقَامَةَ فِيْهِ دُوْنَ نِصْفِ شَهْرٍ۔

ترجمہ: اور وطن اصلی صرف اپنے مثل سے باطل ہو جاتا ہے، اور وطن اقامت اپنے مثل سے اور سفر سے اور وطنِ اصلی سے باطل ہو جاتا ہے، اور وطنِ اصلی وہ ہے جس میں وہ پیدہ ہوا ہو، یا شادی کی ہو یا شادی تو نہیں کی لیکن زندگی بسر کرنے کا ارادہ کر لیا ہو کہ اس سے کوچ نہیں کرے گا۔ اور وطن اقامت وہ جگہ ہے جس میں نصف ماہ کی اقامت کی نیت کی ہو یا اس سے زیادہ کی اور محققین نے وطن سُکنیٰ کا اعتبار نہیں کیا اور وطن سکنی وہ جگہ ہے جس میں نصف ماہ سے کم کی اقامت کی نیت کرے۔

سوال: مسافر امام کے لئے چار رکعتی نماز میں کون سا اعلان کرنا مستحب ہے؟

جواب: یہ پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ حکم صحت اقتدا کے لئے شرط ہے کہ امام کا مقیم یا مسافر ہونا معلوم ہو خواہ نماز شروع کرتے وقت معلوم ہوا ہو یا بعد میں، لہٰذا امام کو چاہیے کہ شروع کرتے وقت اپنا مسافر ہونا ظاہر کر دے اور شروع میں نہ کہا تو بعد نماز کہہ دے کہ اپنی نمازیں پوری کر لو میں مسافر ہوں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، ج۲، ص۷۳۵۔۷۳۶.)

اور شروع میں کہہ دیا ہے جب بھی بعد میں کہہ دے کہ جو لوگ اس وقت موجود نہ تھے انہیں بھی معلوم ہو جائے۔

سوال: مقیم مقتدی اپنی بقیہ نماز مسافر امام کے سلام پھیرنے کے بعد کیسے ادا کرے گا؟

جواب: اصح قول کے مطابق مقیم مقتدی مسافر امام کے سلام پھیرنے کے بعد دو رکعتیں پوری کرنے کے لئے کھڑا ہو جائے گا اور بغیر قراءت کے ادا کرے گا۔

سوال: سفر کی فوت شدہ نمازوں کی قضا حالتِ اقامت میں اور حالتِ اقامت کی فوت شدہ نمازوں کی قضا حالتِ سفر میں کرے تو کیسے کرے گا؟

جواب: سفر کی حالت میں اگر رباعی نماز فوت ہو گئی اور حالتِ اقامت میں اس کی قضا کرنا چاہتا ہے تو دو رکعت قضا کرے گا یعنی قصر، اور اقامت کے زمانے میں رباعی نماز فوت ہو گئی اور حالتِ سفر میں اس کی قضا کرنا چاہتا ہے تو چار رکعت قضا کرے گا۔

اور اس میں آخری وقت کا اعتبار ہے یعنی اگر وقت میں نماز نہیں پڑھ سکا تو اب اگر نماز کے آخری حصہ میں مسافر تھا تو دو رکعت قضا کرے گا اور اگر مقیم ہو گیا تھا تو چار رکعت قضا کرے گا۔ البتہ قضا پڑھنے کے وقت کوئی عذر ہے تو اس کا اعتبار کیا جائے گا، مثلاً جس وقت فوت ہوئی تھی اس وقت کھڑا ہو کر پڑھ سکتا تھا اور اب قیام نہیں کر سکتا تو بیٹھ کر پڑھے۔

سوال: وطن کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟ مع تعریف بیان کریں۔

جواب: وطن کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) وطن اصلی۔ (۲) وطن اقامت۔

وطن اصلی: وہ جگہ ہے جہاں اس کی پیدائش ہے یا اس کے گھر کے لوگ وہاں رہتے ہیں یا وہاں سکونت کر لی اور یہ ارادہ ہے کہ یہاں سے نہ جائے گا۔ ایک جگہ آدمی کا وطنِ اصلی ہے، اب اس نے دوسری جگہ وطن اصلی بنایا اگر پہلی جگہ بال بچے موجود ہوں تو دونوں اصلی ہیں ورنہ پہلا اصلی نہ رہا، خواہ ان دونوں جگہوں کے درمیان مسافت سفر ہو یا نہ ہو۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، مطلب في الوطن الأصلي ووطن الاقامۃ، ج۲، ص۷۳۹.)

وطن اقامت: وہ جگہ ہے کہ مسافر نے پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا وہاں ارادہ کیا ہو۔

سوال: وطنِ اصلی کب باطل ہوتا ہے؟

جواب: وطنِ اصلی صرف وطنِ اصلی سے ہی باطل ہوتا ہے خواہ ان کے درمیان مسافتِ سفر ہو یا نہ ہو مثلاً کسی شخص کا وطنِ اصلی مکہ شریف تھا پھر وہاں سے کوچ کر کے اپنا گھر مدینہ شریف میں بنا لیا اور وہیں رہنے لگا تو اب مدینہ شریف وطنِ اصلی ہو گیا اور پہلا وطنِ اصلی باطل ہو گیا۔

سوال: وطنِ اقامت کب باطل ہوتا ہے؟

جواب: وطن اقامت کو تین چیزیں باطل کر دیتی ہیں: (۱) وطنِ اقامت دوسرے وطن اقامت کو باطل کر دیتا ہے یعنی ایک جگہ پندرہ دن کے ارادہ سے ٹھہرا پھر دوسری جگہ اتنے ہی دن کے ارادہ سے ٹھہرا تو پہلی جگہ اب وطن نہ رہی، دونوں کے درمیان مسافت سفر ہو یا نہ ہو۔ (۲) یوہیں وطن اقامت وطن اصلی۔ (۳) اور سفر سے باطل ہو جاتا ہے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، مطلب في الوطن الأصلي ووطن الا قامۃ، ج۲، ص۷۳۹.)

سوال: کیا عورت بغیر محرم کے سفر کر سکتی ہے؟

جواب: عورت کو بغیر محرم کے تین دن یا زیادہ کی راہ جانا ناجائز ہے بلکہ ایک دن کی راہ جانا بھی۔ نابالغ بچہ یا مَعتُوہ کے ساتھ بھی سفر نہیں کر سکتی، ہمراہی میں بالغ محرم یا شوہر کا ہونا ضروری ہے۔ ("الفتاوی الرضویۃ"، ج۱۰، ص۶۵۷.) محرم کے لئے ضروری ہے کہ سخت فاسق بے باک غیر مامون نہ ہو۔

سوال: وطنِ سکنی کسے کہتے ہیں؟ نیز کیا وطنِ سکنی کا اعتبار ہے؟

جواب: وطنِ سکنی وہ جگہ ہے جہاں مسافر نے ۱۵ دن سے کم قیام کا ارادہ کیا ہو، اور محققین نے اس کا اعتبار نہیں کیا ہے بلکہ وطن کی صرف دو ہی قسم کرتے ہیں وطن اصلی اور وطن اقامت۔

چمکیلا سانپ

حضرتِ سیِّدُنا عَطابن اَبِی رَباح رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں کہ حضرتِ سیِّدُنا عبدُ اللہ بن عَمْرو رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا مسجدِ حرام میں موجود تھے کہ ایک سفید اور سیاہ رنگ کا **چمکیلا سانپ** آیا، اس نے بیتُ اللہ شریف کا طواف کیا پھر وہ "مقامِ ابراہیم" کے پاس آیا اور گویا نماز ادا کر رہا تھا تو حضرتِ سیِّدُنا عبدُاللہ بن عَمْرو رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اُس کے پاس آکر کھڑے ہوگئے اور فرمایا: "**اے سانپ!** شاید تم نے عُمرے کے ارکان پورے کر لئے ہیں اور اب میں تمہارے بارے میں یہاں کے ناسمجھ لوگوں سے ڈرتا ہوں (یعنی کہیں وہ تمہیں اصلی سانپ سمجھ کر مار نہ ڈالیں لہٰذا تم یہاں سے جلدی چلے جاؤ)۔" چُنانچِہ وہ گھوما اور آسمان کی طرف اُڑ گیا۔ (ایضاً ص۱۰۱) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کردے حج کا شرف عطا یاربّ   سبز گنبد بھی دے دِکھا یاربّ
یہ تری ہی تو ہے عنایت کہ   مجھ کو مکّے بُلا لیا یاربّ

بَابُ صَلَاةِ الْمَرِيْضِ

یہ مریض کی نماز کا باب ہے

كَيْفَ يُصَلِّي الْمَرِيْضُ

إِذَا تَعَذَّرَ عَلَى الْمَرِيْضِ كُلُّ الْقِيَامِ أَوْ تَعَسَّرَ بِوُجُوْدِ أَلَمٍ شَدِيْدٍ أَوْ خَافَ زِيَادَةَ الْمَرَضِ أَوْ بُطْأَهُ بِهِ صَلّٰى قَاعِدًا بِرُكُوْعٍ وَسُجُوْدٍ وَيَقْعُدُ كَيْفَ شَاءَ فِي الْأَصَحِّ وَإِلَّا قَامَ بِقَدْرِ مَا يُمْكِنُهُ وَإِنْ تَعَذَّرَ الرُّكُوْعُ وَالسُّجُوْدُ صَلّٰى قَاعِدًا بِالْإِيْمَاءِ وَجَعَلَ إِيْمَاءَهُ لِلسُّجُوْدِ أَخْفَضَ مِنْ إِيْمَائِهِ لِلرُّكُوْعِ فَإِنْ لَمْ يَخْفِضْهُ عَنْهُ لَا تَصِحُّ وَلَا يُرْفَعُ لِوَجْهِهِ شَيْءٌ يَسْجُدُ عَلَيْهِ فَإِنْ فَعَلَ وَخَفَضَ رَأْسَهُ صَحَّ وَإِلَّا لَا ۔

ترجمہ: جب مریض پر پورا قیام مشکل ہو جائے یا سخت تکلیف کے موجود ہونے کی وجہ سے قیام دشوار ہو جائے یا اس کو بیماری کے زیادہ ہونے کا خوف ہو یا مرض کے تا دیر رہنے کا، تو بیٹھ کر رکوع و سجود کے ساتھ نماز پڑھے، اور بیٹھے جیسے چاہے اصح قول کے مطابق ورنہ کھڑا ہو بقدر امکان، اور اگر رکوع و سجود دشوار ہو جائے تو بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھے اور سجدے کے اشارے کو رکوع کے اشارے کی بہ نسبت پست کرے، پس اگر سجدے کے اشارے کو رکوع کے اشارے سے پست نہ کیا تو نماز صحیح نہیں ہو گی، اور کوئی چیز اپنے چہرے کی جانب نہ اٹھائے جس پر وہ سجدہ کرے پس اگر ایسا کیا اور اپنے سر کو جھکایا تو صحیح ہے ورنہ نہیں۔

وَإِنْ تَعَسَّرَ الْقُعُوْدُ أَوْمَأَ مُسْتَلْقِيًا أَوْ عَلٰى جَنْبِهِ وَالْأَوَّلُ أَوْلٰى وَيَجْعَلُ تَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةً لِيَصِيْرَ وَجْهُهُ إِلَى الْقِبْلَةِ لَا السَّمَاءِ وَيَنْبَغِيْ نَصْبُ رُكْبَتَيْهِ إِنْ قَدَرَ حَتّٰى لَا يَمُدَّهُمَا إِلَى الْقِبْلَةِ ۔

ترجمہ: اور اگر بیٹھنا مشکل ہو جائے تو چت لیٹ کر اشارہ کرے یا اپنی کروٹ پر اور پہلی صورت بہتر ہے، اور اپنے سر کے نیچے تکیہ رکھے تا کہ اس کا چہرہ قبلہ کی طرف ہو جائے نہ کہ آسمان کی طرف، اور مناسب ہے اپنے گھٹنوں کو کھڑا کر لینا اگر قدرت ہو، تا کہ ان کو قبلہ کی طرف نہ پھیلائے۔

سوال: کون شخص فرض یا واجب نماز زمین پر بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے؟ نیز بیٹھنے کی کیفیت کیسی ہو؟

جواب: جو شخص بوجہ بیماری کے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے پر قادر نہیں کہ کھڑے ہو کر پڑھنے سے ضرر لاحق ہو گا یا مرض بڑھ جائے گا یا دیر میں اچھا ہو گا یا چکّر آتا ہے یا کھڑے ہو کر پڑھنے سے قطرہ آئے گا یا بہت شدید درد نا قابل برداشت پیدا ہو جائے گا تو ان سب صورتوں میں بیٹھ کر رکوع و سجود کے ساتھ نماز پڑھے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج ۲، ص ٦٨١.)

اصح قول کے مطابق بیٹھ کر پڑھنے میں کسی خاص طور پر بیٹھنا ضروری نہیں بلکہ مریض پر جس طرح آسانی ہو اس طرح بیٹھے۔ ہاں دوزانو بیٹھنا آسان ہو یا دوسری طرح بیٹھنے کے برابر ہو تو دوزانو بہتر ہے ورنہ جو آسان ہو اختیار کرے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الرابع عشر في صلاۃ المریض، ج ۱، ص ۱۳٦، وغیرہ.)

اگر عصا یا خادم یا دیوار پر ٹیک لگا کر کھڑا ہو سکتا ہے، تو فرض ہے کہ کھڑا ہو کر پڑھے۔ ("غنیۃ المتملي"، فرائض الصلاۃ، الثاني، ص ۲٦۱۔۲٦۷.)

اور اگر کچھ دیر بھی کھڑا ہو سکتا ہے، اگرچہ اتنا ہی کہ کھڑا ہو کر اللہ اکبر کہہ لے، تو فرض ہے کہ کھڑا ہو کر اتنا کہہ لے پھر بیٹھ جائے۔

("غنیۃ المتملي"، فرائض الصلاۃ، الثاني، ص ۲٦۱۔۲٦۷.)

سوال: قیام کب ساقط ہوتا ہے؟

جواب: کھڑے ہونے سے محض کچھ تکلیف ہونا عذر نہیں، بلکہ قیام اس وقت ساقط ہو گا کہ کھڑا نہ ہو سکے یا سجدہ نہ کر سکے یا کھڑے ہونے یا سجدہ کرنے میں زخم بہتا ہے یا کھڑے ہونے میں قطرہ آتا ہے یا چوتھائی ستر کھلتا ہے یا قراءت سے مجبور محض ہو جاتا ہے۔ یوہیں کھڑا ہو تو سکتا ہے مگر اس سے مرض میں زیادتی ہوتی ہے یا دیر میں اچھا ہو گا یا نا قابلِ برداشت تکلیف ہو گی، تو بیٹھ کر پڑھے۔

("غنیۃ المتملي"، فرائض الصلاۃ، الثاني، ص ۲٦۱۔۲٦۷.)

ضروری تنبیہ: آج کل عموماً یہ بات دیکھی جاتی ہے کہ جہاں ذرا بخار آیا یا خفیف سی تکلیف ہوئی بیٹھ کر نماز شروع کر دی، حالانکہ وہی لوگ اسی حالت میں دس دس پندرہ پندرہ منٹ بلکہ زیادہ کھڑے ہو کر اِدھر اُدھر کی باتیں کر لیا کرتے ہیں، ان کو چاہیے کہ ان مسائل سے متنبہ ہوں اور جتنی نمازیں باوجود قدرت قیام بیٹھ کر پڑھی ہوں ان کا اعادہ فرض ہے۔ یوہیں اگر ویسے کھڑا نہ ہو سکتا تھا مگر عصا یا دیوار یا آدمی کے سہارے کھڑا ہونا ممکن تھا تو وہ نمازیں بھی نہ ہوئیں، ان کا پھیرنا فرض۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔

سوال: اگر بیٹھ کر رکوع سجود کرنا دشوار ہو تو کیسے نماز پڑھے؟

جواب: کھڑا ہو سکتا ہے مگر رکوع و سجود نہیں کر سکتا یا صرف سجدہ نہیں کر سکتا مثلاً حلق وغیرہ میں پھوڑا ہے کہ سجدہ کرنے سے بہے گا تو بھی بیٹھ کر اشارہ سے پڑھ سکتا ہے بلکہ یہی بہتر ہے اور اس صورت میں یہ بھی کر سکتا ہے کہ کھڑے ہو کر پڑھے اور رکوع کے لئے اشارہ کرے یا رکوع پر قادر ہو تو رکوع کرے پھر بیٹھ کر سجدہ کے لئے اشارہ کرے۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج ۲، ص ٦٨٤.)

اشارہ کی صورت میں سجدہ کا اشارہ رکوع سے پست ہونا ضروری ہے مگر یہ ضروری نہیں کہ سر کو بالکل زمین سے قریب کر دے، سجدہ کے لئے تکیہ وغیرہ کوئی چیز پیشانی کے قریب اٹھا کر اس پر سجدہ کرنا مکروہِ تحریمی ہے، خواہ خود اسی نے وہ چیز اٹھائی ہو یا دوسرے نے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج ۲، ص ٦٨٥. وغیرہ)

اگر کوئی چیز اٹھا کر اس پر سجدہ کیا اور سجدہ میں بہ نسبت رکوع کے زیادہ سر جھکایا، جب بھی سجدہ ہو گیا مگر گنہگار ہوا اور سجدہ کے لئے زیادہ سر نہ جھکایا تو ہوا ہی نہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الرابع عشر في صلاۃ المریض، ج۱، ص۱۳۶.)

سوال: اگر مریض بیٹھ کر نماز پڑھنے پر بھی قادر نہیں تو کیا کرے؟

جواب: اگر مریض بیٹھنے پر بھی قادر نہیں تو لیٹ کر اشارہ سے پڑھے، خواہ داہنی یا بائیں کروٹ پر لیٹ کر قبلہ کو منہ کرے خواہ چت لیٹ کر قبلہ کو پاؤں کرے مگر پاؤں نہ پھیلائے، کہ قبلہ کو پاؤں پھیلانا مکروہ ہے بلکہ گھٹنے کھڑے رکھے اور سر کے نیچے تکیہ وغیرہ رکھ کر اونچا کر لے کہ منہ قبلہ کو ہو جائے اور یہ صورت یعنی چت لیٹ کر پڑھنا افضل ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج۲، ص۶۸۶. وغیرہ)

وَإِنْ تَعَذَّرَ الْإِيْمَاءُ أُخِّرَتْ عَنْهُ مَا دَامَ يَفْهَمُ الْخِطَابَ قَالَ فِي الْهِدَايَةِ هُوَ الصَّحِيْحُ وَجَزَمَ صَاحِبُ الْهِدَايَةِ فِي التَّجْنِيْسِ وَالْمَزِيْدِ بِسُقُوْطِ الْقَضَاءِ إِذَا دَامَ عَجْزُهٗ عَنِ الْإِيْمَاءِ أَكْثَرَ مِنْ خَمْسِ صَلَوَاتٍ وَإِنْ كَانَ يَفْهَمُ الْخِطَابَ وَصَحَّحَهٗ قَاضِيْ خَانَ وَمِثْلُهٗ فِي الْمُحِيْطِ وَاخْتَارَهٗ شَيْخُ الْإِسْلَامِ وَفَخْرُ الْإِسْلَامِ وَقَالَ فِي الظَّهِيْرِيَّةِ هُوَ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ وَعَلَيْهِ الْفَتْوٰى وَفِي الْخُلَاصَةِ هُوَ الْمُخْتَارُ وَصَحَّحَهٗ فِي الْيَنَابِيْعِ وَالْبَدَائِعِ وَجَزَمَ بِهِ الْوَلْوَالِجِيُّ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ۔

ترجمہ: اور اگر اشارہ کرنا دشوار ہو جائے تو اس سے نماز مؤخر ہو جائے گی جب تک کہ وہ بات کو سمجھتا ہے، اور ہدایہ میں کہا ہے کہ یہی قول صحیح ہے اور صاحب ہدایہ نے اپنی کتاب التجنیس والمزید میں پختگی کے ساتھ کہا ہے، قضا کے ساقط ہونے کو جب اس کا اشارے سے عاجز ہونا پانچ نمازوں سے زیادہ ہوا اگرچہ وہ بات کو سمجھتا ہو اور اس کو قاضی خان نے صحیح بتایا ہے اور اسی جیسا محیط میں ہے اور اس کو اختیار کیا ہے شیخ الاسلام اور فخر الاسلام نے، اور ظہیریہ میں کہا ہے کہ یہی ظاہر روایت ہے اور اسی پر فتوی ہے اور خلاصہ میں ہے کہ یہی مختار ہے اور صحیح کہا ہے اس کو الینابیع والبدائع میں، اور اسی پر لوالجی نے جزم کیا ہے

مُتَفَرِّقَاتُ

وَلَمْ يُوْمِ بِعَيْنِهٖ وَقَلْبِهٖ وَحَاجِبِهٖ وَإِنْ قَدَرَ عَلَى الْقِيَامِ وَعَجَزَ عَنِ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ صَلّٰى قَاعِدًا بِالْإِيْمَاءِ وَإِنْ عَرَضَ لَهٗ مَرَضٌ يُتِمُّهَا بِمَا قَدَرَ وَلَوْ بِالْإِيْمَاءِ فِي الْمَشْهُوْرِ وَلَوْ صَلّٰى قَاعِدًا يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ فَصَحَّ بَنٰى وَلَوْ كَانَ مُوْمِيًا لَا وَمَنْ جُنَّ أَوْ أُغْمِيَ عَلَيْهِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ قَضٰى وَلَوْ أَكْثَرَ لَا۔

ترجمہ: اور اپنی آنکھ اور دل اور بھوؤں سے اشارہ نہ کرے، اور اگر قیام پر قادر ہو اور رکوع سجود سے عاجز ہو تو بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھے اور اگر اس کو کوئی مرض پیش آجائے تو نماز کو پورا کرے جس طرح پر وہ قادر ہو، اگرچہ اشارے سے ہی ہو مشہور قول کے مطابق اور اگر بیٹھ کر رکوع و سجود کرتے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا پھر وہ تندرست ہو گیا تو بناء کرے گا اور اگر اشارے سے پڑھ رہا تھا تو بناء نہیں کر سکتا اور جو شخص مجنون ہو گیا یا اس پر بے ہوشی طاری ہو گئی پانچ نمازوں تک تو وہ قضا کرے گا اور اگر اس سے زیادہ رہا تو قضا نہیں۔

سوال: اگر مریض کے لئے اشارہ کرنا دشوار ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر سر سے اشارہ بھی نہ کر سکے تو نماز ساقط ہے، اس کی ضرورت نہیں کہ آنکھ یا بھوؤں یا دل کے اشارہ سے پڑھے، پھر اگر چھ وقت اسی حالت میں گزر گئے تو ان کی قضا بھی ساقط، فدیہ کی بھی حاجت نہیں ورنہ بعد صحت ان نمازوں کی قضا لازم ہے اگرچہ اتنی ہی صحت ہو کہ سر کے اشارہ سے پڑھ سکے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج ۲، ص ۶۸۷، وغیرہ.)

سوال: اگر قیام پر قادر ہو مگر رکوع وسجود سے عاجز ہو تو کیسے پڑھے گا؟

جواب: کھڑا ہو سکتا ہے مگر رکوع و سجود نہیں کر سکتا یا صرف سجدہ نہیں کر سکتا مثلاً حلق وغیرہ میں پھوڑا ہے کہ سجدہ کرنے سے بہے گا تو بیٹھ کر اشارہ سے پڑھے گا۔

سوال: تندرست شخص نماز پڑھ رہا تھا، اثنائے نماز میں مرض پیدا ہو گیا تو اب کیسے نماز کو مکمل کرے؟

جواب: تندرست شخص نماز پڑھ رہا تھا، اثنائے نماز میں ایسا مرض پیدا ہو گیا کہ ارکان کی ادا پر قدرت نہ رہی تو جس طرح ممکن ہو بیٹھ کر لیٹ کر نماز پوری کر لے، سرے سے پڑھنے کی حاجت نہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الرابع عشر في صلاۃ المریض، ج ۱، ص ۱۳۷.)

سوال: "وجزم صاحب الهداية في التجنيس" سے "وجزم به الولوالجي رحمهم الله" تک کی عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ: صاحبِ ہدایہ نے اپنی کتاب التجنیس والمزید (جو کہ ہدایہ کے بعد تصنیف فرمائی) میں لکھا ہے کہ اگر مرض اس قدر بڑھ گیا کہ سر سے اشارہ کرنے کی قدرت بھی نہ رہی تو خواہ عقل سلامت ہو، یا نہ ہو، اگر یہ مرض پانچ نمازوں سے زیادہ رہا تو اس پر ان نمازوں کی قضا لازم نہیں ہے، اور اگر کم رہا ہو تو قضا لازم ہے۔

اور اس قول کو قاضی خان نے صحیح بتایا، یہی قول "محیط" نامی کتاب میں بھی موجود ہے، اور شیخ الاسلام اور فخر الاسلام نے اس کو اختیار کیا ہے، اور "ظہیریہ" نامی کتاب میں کہا گیا کہ یہی قول ظاہر روایت ہے اور اسی پر فتوی ہے، اور "خلاصہ" نامی کتاب میں ہے کہ یہی قول مختار ہے، اور اسی قول کو "ینابیع" اور "بدائع" نامی کتاب میں صحیح کہا گیا ہے، اور لوالجی نے اسی قول پر جزم کیا ہے۔

سوال: بیٹھ کر رکوع و سجود سے نماز پڑھ رہا تھا، اثنائے نماز تندرست ہو گیا تو اب کیا حکم ہے؟

جواب: بیٹھ کر رکوع و سجود سے نماز پڑھ رہا تھا، اثنائے نماز میں قیام پر قادر ہو گیا تو جو باقی ہے کھڑا ہو کر پڑھے اور اشارہ سے پڑھتا تھا اور نماز ہی میں رکوع و سجود پر قادر ہو گیا تو نئے سرے سے پڑھے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج۲، ص۶۸۹.)

سوال: قضا نماز کب معاف ہو جاتی ہیں؟

جواب: جنون یا بے ہوشی اگر پورے چھ وقت کو گھیر لے تو ان نمازوں کی قضا بھی نہیں، اگرچہ بے ہوش آدمی یا درندے کے خوف سے ہو اور اس سے کم ہو تو قضا واجب ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج۲، ص۶۹۲.)

اگر کسی کسی وقت ہوش ہو جاتا ہے تو اس کا وقت مقرر ہے یا نہیں، اگر وقت مقرر ہے اور اس سے پہلے پورے چھ وقت نہ گزرے تو قضا واجب اور وقت مقرر نہ ہو بلکہ دفعۃً ہوش ہو جاتا ہے پھر وہی حالت پیدا ہو جاتی ہے تو اس اِفاقہ کا اعتبار نہیں یعنی سب بے ہوشیاں متصل سمجھی جائیں گی۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج۲، ص۶۹۲.)

مسئلہ: شراب یا بنگ پی اگرچہ دوا کی غرض سے اور عقل جاتی رہی تو قضا واجب ہے اگرچہ بے عقلی کتنے ہی زیادہ زمانہ تک ہو۔ یوہیں اگر دوسرے نے مجبور کر کے شراب پلا دی جب بھی قضا مطلقاً واجب ہے۔ ("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الرابع عشر في صلاۃ المریض، ج۱، ص۱۳۷.)

مسئلہ: سوتا رہا جس کی وجہ سے نماز جاتی رہی تو قضا فرض ہے اگرچہ نیند پورے چھ وقت کو گھیر لے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المریض، ج۲، ص۶۹۲.)

سانپ نُما جنّ نے حَجَرِ اَسوَد چُوما

حضرتِ سیِّدُنا ابو زُبیر رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں: حضرتِ سیِّدُنا عبدُ اللہ بن صَفوان عَلَیْہِ رَحمَۃُ المَنّان بیتُ اللہ شریف کے قریب بیٹھے تھے کہ "عراقی دروازے" سے اچانک ایک **سانپ** داخِل ہوا اور خانۂ کعبہ کا طواف کیا پھر **حَجَرِ اَسود** کے پاس آیا اور اُسے چُوما۔ حضرتِ سیِّدُنا عبدُ اللہ بن صَفوان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ المَنّان نے اُس سے فرمایا: "**اے جِنّ!** اب آپ نے اپنا **عمرہ** ادا کر لیا ہے، ہمارے بچّے خوفزدہ ہیں لٰہذا آپ واپَس چلے جایئے۔" چُنانچِہ وہ جس طرف سے آیا تھا اُسی طرف سے واپَس چلا گیا۔ (ایضاً ص۱۰۰) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔

فَصْلٌ فِيْ إِسْقَاطِ الصَّلَاةِ وَالصَّوْمِ

یہ فصل نماز اور روزے کو ساقط کرنے کے بیان میں ہے

اِذَا مَاتَ الْمَرِيْضُ وَلَمْ يَقْدِرْ عَلَى الصَّلَاةِ بِالْإِيْمَاءِ لَا يَلْزَمُهُ الْإِيْصَاءُ بِهَا وَإِنْ قَلَّتْ وَكَذَا الصَّوْمُ إِنْ أَفْطَرَ فِيْهِ الْمُسَافِرُ وَالْمَرِيْضُ وَمَاتَا قَبْلَ الْإِقَامَةِ وَالصِّحَّةِ۔

ترجمہ: جب بیمار مرنے لگے اور اشارے سے نماز پڑھنے پر قادر نہ ہو تو ان نمازوں کی وصیت کرنا اس کو لازم نہیں ہے اگرچہ وہ کم ہوں اور ایسے ہی روزہ ہے کہ اگر رمضان میں مسافر اور مریض افطار کرے اور مقیم ہونے اور تندرست ہونے سے پہلے مر گئے۔

مَتٰی يُوْصِيْ

وَعَلَيْهِ الْوَصِيَّةُ بِمَا قَدَرَ عَلَيْهِ وَبَقِيَ بِذِمَّتِهٖ۔

ترجمہ: اور اس پر وصیت کرنا لازم ہے اس مقدار کی جس پر وہ قادر ہو گیا تھا اور باقی رہ گیا اس کے ذمہ۔

كَيْفِيَّةُ الْإِسْقَاطِ

فَيُخْرِجُ عَنْهُ وَلِيُّهٗ مِنْ ثُلُثِ مَا تَرَكَ لِصَوْمِ كُلِّ يَوْمٍ وَلِصَلَاةِ كُلِّ وَقْتٍ حَتَّى الْوِتْرِ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ أَوْ قِيْمَتَهٖ وَإِنْ لَمْ يُوْصِ وَتَبَرَّعَ عَنْهُ وَلِيُّهٗ جَازَ وَلَا يَصِحُّ أَنْ يَصُوْمَ وَلَا أَنْ يُصَلِّيَ عَنْهُ۔

ترجمہ: پس اس کی جانب سے اس کا ولی اس مال کے تہائی میں سے جو اس نے چھوڑا ہے نکالے گا ہر دن کے روزے کے بدلہ اور وقت کی نماز یہاں تک کہ وتر کے بدلے نصف صاع گندم میں سے یا اس کی قیمت، اور اگر اس نے وصیت نہ کی اور اس کے ولی نے اپنی طرف سے ادا کر دیا تو جائز ہے اور یہ صحیح نہیں ہے کہ ولی میت کی طرف سے روزہ رکھے اور نہ یہ صحیح ہے کہ میت کی جانب سے نماز پڑھے۔

سوال: کیا مرض الموت میں قضا ہونے والی نماز اور روزے کے فدیہ کی وصیت کرنا لازم ہے؟

جواب: جب کوئی مرض الموت میں ہو اور اشارے سے بھی نماز پڑھنے پر قادر نہیں تو ان نمازوں کے فدیہ کی (جو حالتِ عجز میں قضا ہوئیں) وصیت کرنا لازم نہیں کیونکہ اس کے لئے حالتِ عجز والی نمازیں معاف ہیں لہٰذا فدیہ کی ضرورت نہیں رہی، اسی طرح مریض یا مسافر رمضان

میں روزے نہیں رکھ رہا تھا اور مسافر مقیم ہونے سے پہلے اور مریض تندرست ہونے سے پہلے مر گیا تو ان پر روزے لازم نہیں ہوئے یعنی معاف ہیں ، اس لئے ان روزوں کے فدیے کی وصیت کرنا بھی ان پر لازم نہیں رہا۔

سوال: اپنے قضا نماز و روزے کے فدیے کی وصیت کرنا کن لوگوں پر لازم ہے؟

جواب: اگر کسی کے نماز و روزے عذر کی وجہ سے چھوٹ گئے مثلاً مریض یا مسافر نے روزے نہیں رکھے اور پھر مریض تندرست ہو گیا اور مسافر مقیم ہو گیا اور ان دونوں نے اتنا زمانہ پایا کہ اگر اس میں قضا کرنا چاہتے تو کر سکتے تھے لیکن پھر بھی قضا نہیں کی، تو اب ان کے لئے فدیے کی وصیت کرنا واجب ہے، اور یہی حکم اس کے لئے بھی ہے جو بغیر کسی عذر کے محض سستی کی وجہ سے نماز و روزے ادا نہیں کئے۔

سوال: فدیہ کون نکالے گا؟ اور کتنے مال سے نکالا جائے گا؟

جواب: فدیہ میت کا ولی نکالے گا۔ اور میت نے جو مال چھوڑا ہے اس کے ایک تہائی میں سے نکالا جائے گا۔

سوال: نماز و روزہ کا فدیہ کیا ہے؟

جواب: ہر فرض و وتر اور ہر روزے کے بدلے نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جَو یا اس کی قیمت تصدق کریں یعنی ایک صدقہ فطر۔ پس ایک دن کی چھ نمازوں کا فدیہ چھ صدقہ فطر ہوئے۔

بعض ناواقف یوں فدیہ دیتے ہیں کہ نمازوں کے فدیہ کی قیمت لگا کر سب کے بدلے میں قرآن مجید دیتے ہیں اس طرح کل فدیہ ادا نہیں ہوتا یہ محض بے اصل بات ہے بلکہ صرف اتنا ہی ادا ہو گا جس قیمت کا مصحف شریف ہے۔

سوال: میت نے فدیہ کی وصیت نہیں کی تو کیا اس کا ولی اس کی جانب سے ادا کر سکتا ہے؟

جواب: میت نے فدیہ کے متعلق کوئی وصیت نہیں کی تو اس کے ورثہ پر کوئی چیز واجب نہیں، لیکن اگر ورثہ اپنی طرف سے بطورِ احسان ادا کریں تو جائز ہے اور ایسا کرنا بھی چاہئے کہ اس میں میت کا فائدہ ہے۔

سوال: کیا ورثہ میت کی طرف سے نماز و روزے کی قضا کر سکتے ہیں؟

جواب: ورثہ کے لئے یہ درست نہیں کہ وہ میت کی طرف سے نماز و روزے کی قضا کریں اور نہ اس طرح کرنے سے میت کے ذمہ سے قرض اترتا ہے کیونکہ نماز و روزہ بدنی عبادت ہیں جن میں نیابت جاری نہیں ہوتی۔ نیز میت نے ولی کو اپنے بدلے نماز پڑھنے کی وصیّت کی اور ولی نے پڑھ بھی لی تو یہ ناکافی ہے۔ یوہیں اگر مرض کی حالت میں نماز کا فدیہ دیا تو ادا نہ ہوا، کہ تندرست ہونے کا امکان باقی ہے۔

("تنویر الأبصار"، کتاب الصلاۃ، باب قضاء الفوائت، ج٢، ص٦٤٥.)

اَلْحِيْلَةُ لِاِبْرَاءِ ذِمَّةِ الْمَيِّتِ

وَإِنْ لَمْ يَفِ مَا أَوْصٰى بِهٖ عَمَّا عَلَيْهِ يَدْفَعُ ذٰلِكَ الْمِقْدَارَ لِلْفَقِيْرِ فَيَسْقُطُ عَنِ الْمَيِّتِ بِقَدْرِهٖ ثُمَّ يَهَبُهُ الْفَقِيْرُ لِلْوَلِيِّ وَيَقْبِضُهٗ ثُمَّ يَدْفَعُهٗ لِلْفَقِيْرِ فَيَسْقُطُ بِقَدْرِهٖ ثُمَّ يَهَبُهُ الْفَقِيْرُ لِلْوَلِيِّ وَيَقْبِضُهٗ ثُمَّ يَدْفَعُهُ الْوَلِيُّ لِلْفَقِيْرِ وَهٰكَذَا حَتّٰى يَسْقُطَ مَا كَانَ عَلَى الْمَيِّتِ مِنْ صَلَاةٍ وَصِيَامٍ۔

ترجمہ: اور اگر وہ مال پورا نہ ہو جس کی اس نے وصیت کی تھی اس فدیہ کی طرف سے جو اس پر واجب ہے تو ولی فقیر کو وہ مقدار دے پس میت کی طرف سے فدیہ ساقط ہو جائے گا اس مقدار کے بقدر، پھر وہ مال فقیر ولی کو ہبہ کر دے اور ولی اس مال پر قبضہ کرلے پھر ولی وہ مال فقیر کو دے دے تو اس کے بقدر ساقط ہو جائے گا، پھر فقیر وہ مال ولی کو ہبہ کر دے اور ولی اس پر قبضہ کرے پھر ولی فقیر کو دے اور اس طرح کرتا رہے یہاں تک کہ ساقط ہو جائیں وہ نماز روزے جو میت پر واجب تھے۔

لِمَنْ تُعْطِي الْفِدْيَةُ

وَيَجُوْزُ إِعْطَاءُ فِدْيَةِ صَلَوَاتٍ لِوَاحِدٍ جُمْلَةً بِخِلَافِ كَفَّارَةِ الْيَمِيْنِ وَاللهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى أَعْلَمُ۔

ترجمہ: اور ایک فقیر کو چند نمازوں کا اکٹھا فدیہ دینا جائز ہے بخلاف قسم کے کفارے کے، اور اللہ سبحانہ وتعالی خوب جانتا ہے۔

سوال: فدیہ کی رقم زیادہ ہے اور مال کم تو کیا کریں؟

جواب: اگر میت کا ترکہ اتنا نہیں کہ سب فدیہ ادا ہو سکے، اور ورثا فدیہ دینا چاہیں تو جتنی رقم ولی کے پاس ہے مسکین پر تصدق کر کے اس کے قبضہ میں دیں اور مسکین اپنی طرف سے اسے ہبہ کر دے اور یہ قبضہ بھی کرلے پھر یہ مسکین کو دے، یو ہیں لوٹ پھیر کرتے رہیں یہاں تک کہ سب کا فدیہ ادا ہو جائے۔ اور اگر مال چھوڑا مگر وہ ناکافی ہے جب بھی یہی کریں اور اگر وصیّت نہ کی اور ولی اپنی طرف سے بطور احسان فدیہ دینا چاہے تو دے اور اگر مال کی تہائی بقدر کافی ہے اور وصیّت یہ کی کہ اس میں سے تھوڑا لے کر لوٹ پھیر کر کے فدیہ پورا کرلیں اور باقی کو ورثا یا اور کوئی لے لے تو گنہگار ہوا۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب قضاء الفوائت، مطلب في إسقاط الصلاۃ عن المیت، ج۲، ص۶۴۳۔۶۴۴.)

سوال: سب نمازوں اور روزوں کا فدیہ ایک ہی فقیر کو دینا کیسا ہے؟

جواب: سب نمازوں اور روزوں کا فدیہ ایک ہی فقیر کو دے دینا جائز ہے لیکن قسم کے کفارے کا فدیہ ایک فقیر کو ایک دن میں ایک سے زیادہ فدیہ دینا جائز نہیں ہے۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

بَابُ قَضَاءِ الْفَوَائِتِ

یہ فوت ہونے والی نمازوں کی قضا کرنے کا باب ہے

حُكْمُ التَّرْتِيْبِ

اَلتَّرْتِيْبُ بَيْنَ الْفَائِتَةِ وَالْوَقْتِيَّةِ وَبَيْنَ الْفَوَائِتِ مُسْتَحَقٌّ۔

ترجمہ: فوت شدہ نماز اور وقتی نماز کے درمیان اور چند فوت شدہ نمازوں کے درمیان ترتیب لازم ہے۔

مُسْقطَاتُهٗ

وَيَسْقُطُ بِأَحَدِ ثَلَاثَةِ أَشْيَاءَ ضِيْقِ الْوَقْتِ الْمُسْتَحَبِّ فِي الْأَصَحِّ وَالنِّسْيَانِ وَإِذَا صَارَتِ الْفَوَائِتُ سِتًّا غَيْرَ الْوِتْرِ فَإِنَّهٗ لَا يُعَدُّ مُسْقِطًا وَإِنْ لَزِمَ تَرْتِيْبُهٗ۔

ترجمہ: اور تین چیزوں میں سے کسی ایک سے ترتیب ساقط ہو جاتی ہے (۱) مستحب وقت کے تنگ ہونے سے اصح قول کے مطابق (۲) اور بھول جانے سے (۳) اور جب وتر کے علاوہ فوت شدہ نمازیں چھ ہو جائیں کیونکہ وتر کو ترتیب ساقط ہونے والا شمار نہیں کیا جاتا اگرچہ اس کی ترتیب لازم ہے۔

مُتَفَرِّقَاتُ

وَلَمْ يَعُدِ التَّرْتِيْبُ بِعَوْدِهَا اِلَى الْقِلَّةِ وَلَا بِفَوْتِ حَدِيْثَةٍ بَعْدَ سِتٍّ قَدِيْمَةٍ عَلَى الْأَصَحِّ فِيْهِمَا فَلَوْ صَلّٰى فَرْضًا ذَاكِراً فَائِتَةً وَلَوْ وِتْراً فَسَدَ فَرْضُهٗ فَسَاداً مَوْقُوْفاً فَإِنْ خَرَجَ وَقْتُ الْخَامِسَةِ مِمَّا صَلَّاهُ بَعْدَ الْمَتْرُوْكَةِ ذَاكِراً لَهَا صَحَّتْ جَمِيْعُهَا فَلَا تَبْطُلُ بِقَضَاءِ الْمَتْرُوْكَةِ بَعْدَهٗ۔

ترجمہ: اور کم کی جانب فائتہ کے لوٹنے سے ترتیب نہیں لوٹے گی اور پرانی چھ کے بعد نئی کے فوت ہونے سے اصح قول کے مطابق، ان دونوں مسئلوں میں پس اگر فوت شدہ نماز کے یاد ہوتے ہوئے کوئی وقتی فرض نماز پڑھی اگرچہ وہ وتر ہی ہو تو اس کا فرض فاسد ہو جائے گا فسادِ موقوف کے طور پر پس اگر پانچویں نماز کا وقت نکل جائے ان نمازوں میں سے جن کو متروکہ نماز کے بعد پڑھا

ہے اس کے یاد ہوتے ہوئے تو تمام نمازیں صحیح ہو جائیں گی اور پڑھی ہوئی نمازیں متروکہ نماز کو قضا کرنے سے باطل نہیں ہوں گی پانچویں نماز کے وقت کے نکلنے کے بعد۔

وَإِنْ قَضَى الْمَتْرُوْكَةَ قَبْلَ خُرُوْجِ وَقْتِ الْخَامِسَةِ بَطَلَ وَصْفُ مَا صَلَّاهُ مُتَذَكِّرًا قَبْلَهَا وَصَارَ نَفْلًا وَإِذَا كَثُرَتِ الْفَوَائِتُ يَحْتَاجُ لِتَعْيِيْنِ كُلِّ صَلَاةٍ فَإِنْ أَرَادَ تَسْهِيْلَ الْأَمْرِ عَلَيْهِ نَوٰى أَوَّلَ ظُهْرٍ عَلَيْهِ أَوْ آخِرَهُ وَكَذَا الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَيْنِ عَلٰى أَحَدِ تَصْحِيْحَيْنِ مُخْتَلِفَيْنِ وَيُعْذَرُ مَنْ أَسْلَمَ بِدَارِ الْحَرْبِ بِجَهْلِهِ الشَّرَائِعَ۔

ترجمہ: اور اگر پانچویں نماز کا وقت نکلنے سے پہلی متروکہ نماز کی قضا کر لی تو ان نمازوں کا وصف (فرضیت) باطل ہو جائے گا جن کو متروکہ نماز کے یاد ہوتے ہوئے متروکہ سے پہلے پڑھا تھا اور وہ نفل ہو جائے گی، اور جب فوت شدہ نمازیں زیادہ ہو جائیں تو ہر نماز کو متعین کرنے کی ضرورت ہو گی پس اگر اپنے اوپر آسانی کا ارادہ کرے تو سب سے پہلے ظہر کی نیت کرے جو اس پر واجب ہے یا سب سے آخری ظہر کی اور ایسے ہی دو رمضانوں کے روزے دو مختلف صحیحوں میں سے ایک کے مطابق اور معذور ہو گا وہ شخص جو دار الحرب میں مسلمان ہوا اس کے شریعت کو نہ جاننے کی وجہ سے۔

سوال: ادا، قضا اور اعادہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس چیز کا بندوں پر حکم ہے اسے وقت میں بجالانے کو ادا کہتے ہیں اور وقت کے بعد عمل میں لانا قضا ہے اور اگر اس حکم کے بجالانے میں کوئی خرابی پیدا ہو جائے تو دوبارہ وہ خرابی دفعہ کرنے کے لئے کرنا اعادہ ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب قضاء الفوائت، ج۲، ص۶۲۷۔۶۳۲.)

سوال: صاحبِ ترتیب کسے کہتے ہیں؟

جواب: صاحبِ ترتیب وہ شخص ہے جس کے ذمہ کوئی قضا نماز نہ ہو یا پانچ نمازیں یا اس سے کم کی قضا اس کے ذمہ ہو خواہ وہ پانچ نمازیں نئی ہوں یا پرانی یا کچھ نئی اور کچھ پرانی، مسلسل ہوں یا متفرق۔ پس اگر کسی کے ذمہ چھ یا اس سے زیادہ نمازیں قضا باقی ہیں تو وہ صاحبِ ترتیب نہ رہا لہٰذا اس کو ترتیب سے پڑھنا واجب نہیں۔

سوال: کیا صاحبِ ترتیب کے لئے ترتیب ضروری ہے یا نہیں؟

جواب: صاحبِ ترتیب کے لئے وقتیہ اور قضا نمازوں کے مابین نیز چند قضا نمازوں کے مابین ترتیب ضروری ہے کہ پہلے فجر پھر ظہر پھر عصر پھر مغرب پھر عشا پھر وتر پڑھے، خواہ یہ سب قضا ہوں یا بعض ادا بعض قضا، مثلاً ظہر کی قضا ہو گئی تو فرض ہے کہ اسے پڑھ کر عصر پڑھے یا وتر قضا ہو گئی تو اُسے پڑھ کر فجر پڑھے اگر یاد ہوتے ہوئے عصر یا فجر کی پڑھ لی تو نا جائز ہے۔ ("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی عشر في قضاء الفوائت، ج۱، ص۱۲۱، وغیرہ.)

سوال: ترتیب کب ساقط ہوتی ہے؟

جواب: تین صورتوں میں ترتیب ساقط ہو جاتی ہے:

(۱)وقت میں تنگی: اگر وقت میں اتنی گنجائش نہیں کہ وقتی اور قضا نمازیں سب پڑھ لے تو وقتی اور قضا نمازوں میں جس کی گنجائش ہو پڑھے باقی میں ترتیب ساقط ہے، مثلاً نماز عشاو وتر قضا ہو گئے اور فجر کے وقت میں پانچ رکعت کی گنجائش ہے تو وتر و فجر پڑھے اور چھ رکعت کی وسعت ہے تو عشاو فجر پڑھے۔ ("شرح الوقایة"، کتاب الصلاۃ، باب قضاء الفوائت، ج۱، ص۲۱۷.)

مسئلہ: ترتیب کے لئے مطلق وقت کا اعتبار ہے، مستحب وقت ہونے کی ضرورت نہیں تو جس کی ظہر کی نماز قضا ہو گئی اور آفتاب زرد ہونے سے پہلے ظہر سے فارغ نہیں ہو سکتا مگر آفتاب ڈوبنے سے پہلے دونوں پڑھ سکتا ہے تو ظہر پڑھے پھر عصر۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب قضاء الفوائت، مطلب في تعریف الإعادۃ، ج۲، ص۶۳۴.)

مسئلہ: اگر وقت میں اتنی گنجائش ہے کہ مختصر طور پر پڑھے تو دونوں پڑھ سکتا ہے اور عمدہ طریقہ سے پڑھے تو دونوں نمازوں کی گنجائش نہیں تو اس صورت میں بھی ترتیب فرض ہے اور بقدر جواز جہاں تک اختصار کر سکتا ہے کرے۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی عشر في قضاء الفوائت، ج۱، ص۱۲۲.)

مسئلہ: وقت تنگ ہونے نہ ہونے میں اس کے گمان کا اعتبار نہیں بلکہ یہ دیکھا جائے گا کہ حقیقتاً وقت تنگ تھا یا نہیں۔

(۲)بھول جانا: قضا نماز یاد نہ رہی اور وقتیہ پڑھ لی پڑھنے کے بعد یاد آئی تو وقتیہ ہو گئی اور پڑھنے میں یاد آئی تو گئی۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی عشر في قضاء الفوائت، ج۱، ص۱۲۲.)

(۳)چھ یا اس سے زیادہ نمازوں کا قضا ہو جانا: چھ نمازیں جس کی قضا ہو گئیں کہ چھٹی کا وقت ختم ہو گیا اس پر ترتیب فرض نہیں، اب اگرچہ باوجود وقت کی گنجائش اور یاد کے وقتی پڑھے گا ہو جائے گی خواہ وہ سب ایک ساتھ قضا ہوئیں مثلاً ایک دم سے چھ وقتوں کی نہ پڑھیں یا متفرق طور پر قضا ہوئیں مثلاً چھ دن فجر کی نماز نہ پڑھی اور باقی نمازیں پڑھتا رہا مگر ان کے پڑھتے وقت وہ قضائیں بھولا ہوا تھا خواہ وہ سب پرانی ہوں یا بعض نئی بعض پرانی مثلاً ایک مہینہ کی نماز نہ پڑھی پھر پڑھنی شروع کی پھر ایک وقت کی قضا ہو گئی تو اس کے بعد کی نماز ہو جائے گی اگرچہ اس کا قضا ہونا یاد ہو۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب قضاء الفوائت، مطلب في تعریف الإعادۃ، ج۲، ص۶۳۷.)

لیکن وتر کی نماز کو ان چھ نمازوں میں شمار نہیں کیا جائے گا کیونکہ صاحبین کے نزدیک وہ سنت ہے۔

سوال: چھ نمازیں قضا ہونے کے سبب ترتیب ساقط ہو گئی تو کیا پھر ترتیب لوٹے گی؟

جواب: اس کی دو صورتیں ہیں:

(۱) جب چھ یا زیادہ نمازیں قضا ہونے کی وجہ سے ترتیب ساقط ہو گئی تو اب ان میں سے کچھ نمازوں کی قضا کر لینے سے ترتیب نہیں لوٹے گی اس لئے اب وہ باقی نمازیں یاد ہوتے ہوئے وقتی نماز پڑھ سکتا ہے اور یہی اصح ہے جبکہ بعض لوگوں کے نزدیک ترتیب لوٹ آئے گی مثلاً کسی کی ۱۰

نمازیں قضا ہو گئیں پھر ان کی قضا کرنا شروع کیا یہاں تک کہ پانچ نمازوں سے کم رہ گئیں تو یہ صاحب ترتیب نہیں بنے گا بلکہ اب بھی ان باقی نمازوں کی قضا کئے بغیر وقتی نماز پڑھنا درست ہو گا۔

(۲) اگر کسی کی چھ نمازیں قضا ہو گئیں تھی اور اس نے ابھی تک ان کی قضا نہیں کی اور کچھ مدت کے بعد پھر ایک نماز قضا ہو گئی تو بھی ترتیب عود نہیں کرے گی مثلاً کسی کی ایک ماہ پہلے چھ نمازیں قضا ہو گئی تھیں جن کی اب تک قضا نہیں کی اب ایک نماز مثلاً فجر کی اور قضا ہو گئی تو چونکہ یہ پہلے سے صاحب ترتیب نہیں تھا اس لئے اس نئی قضا یعنی فجر کی بھی ترتیب لازم نہیں ہو گی چنانچہ اگر فجر کی قضا کئے بغیر ظہر پڑھے گا تو درست ہو گی۔

مصنف نے انہیں دونوں مسئلوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے (علی الاصح فیھما) کہا ہے کہ ان دونوں صورتوں میں صحیح قول کے مطابق ترتیب نہیں لوٹے گی ہاں اگر سب قضائیں پڑھ لی تو اب پھر صاحب ترتیب ہو جائے گا۔

سوال: فوت شدہ نماز کے یاد ہوتے ہوئے صاحبِ ترتیب نے وقتی نماز پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی صاحبِ ترتیب کی کوئی نماز قضا ہو گئی خواہ وہ وتر ہی کیوں نہ ہو اس کے یاد ہوتے ہوئے اس نے وقتی نماز پڑھ لی تو اس کی وقتی نماز فسادِ موقوف کے طور پر فاسد ہو جائے گی۔

سوال: فسادِ موقوف سے کیا مراد ہے؟

جواب: مصنف نے فسادِ موقوف کا مطلب (فان خرج وقت الخامسة) سے بیان کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ قطعی طور پر ان کو فاسد نہیں کہا جائے گا بلکہ ایک صورت کے پیدا ہونے پر ان کے فساد اور صحت کا حکم موقوف ہو گا جس کی تفصیل یہ ہے کہ:

صاحب ترتیب شخص کی کوئی نماز قضا ہو گئی اور وہ اس قضا کے یاد ہوتے ہوئے وقتی نمازیں پڑھتا رہا یہاں تک کہ پانچ نمازیں پڑھ لیں چانکہ یہ صاحب ترتیب تھا اور وہ متروکہ کی قضا کئے بغیر وقتی نماز پڑھتا رہا تو یہ سب نماز فاسد ہو گئیں اور یہ سب مل کر چھ قضا نمازیں ہو گئیں ایک پہلے کی قضا اور پانچ وقتیہ جو اس نے ادا کی ہیں جو کہ فاسد ہو چکی اور جب چھ نمازیں قضا ہو گئیں تو ترتیب بھی ساقط ہو گئی اور چونکہ ان وقتی نمازوں کا فاسد ترتیب نہ ہونے کی وجہ سے تھا اور اب جب کہ چھ نمازوں کی وجہ سے ترتیب ساقط ہو گئی تو وہ فساد ترتیب ساقط ہونے کی وجہ سے جاتا رہا اور وہ پانچوں وقتی نمازیں صحیح ہو گئیں اب اس پر صرف وہی ایک نماز جو قضا ہوئی تھی باقی رہی۔

اور اگر اس نے پانچ وقتی نمازیں پوری ہونے سے پہلے متروکہ قضا نماز پڑھ لی تو یہ وقتی پڑھی ہوئی نمازیں فرض نہیں رہیں گی، بلکہ نفل ہو جائیں گی اور ان سب کی قضا کرنی ہو گی مثلاً کسی کی فجر قضا ہو گئی اور اس کو قضا کئے بغیر وقتی نمازیں پڑھتا رہا یعنی ظہر عصر مغرب پھر عشا کی وقتی نماز سے پہلے فجر کی قضا نماز پڑھ لی تو ظہر عصر مغرب سب نفل ہو جائیں گی اور اب ان کی قضا کرنی ہو گی۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب قضاء الفوائت، ج۲، ص۶۴۱.)

سوال: جس کے ذمہ قضا نمازیں زیادہ ہوں تو کیا ان کی قضا کے لئے دن اور وقت کی تعیین ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! جس کی بہت سی فرض نمازیں قضا ہو گئی ہوں، تو ان میں تعیین یوم اور تعیین نماز ضروری ہے، مثلاً فلاں دن کی فلاں نماز مطلقاً ظہر وغیرہ یا مطلقاً نماز قضا نیت میں ہونا کافی نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج ۲، ص ۱۱۹.)

اگر اس کے ذمہ ایک ہی نماز قضا ہو، تو دن معین کرنے کی حاجت نہیں، مثلاً میرے ذمہ جو فلاں نماز ہے، کافی ہے۔

("رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، مطلب في حضور القلب والخشوع، ج ۲، ص ۱۱۹.)

ہاں! اگر کسی کے ذمہ بہت سی نمازیں ہیں اور دن تاریخ بھی یاد نہ ہو، تو اس کے لئے آسان طریقہ نیت کا یہ ہے کہ سب میں پہلی یا سب میں پچھلی فلاں نماز جو میرے ذمہ ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج ۲، ص ۱۱۹.) کہہ لے۔

سوال: کیا روزوں کی قضا میں بھی تعیین ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! اگر دو رمضان کے روزوں میں سے کچھ روزے قضا ہو گئے ہوں تو ان کی قضا کے وقت بھی تعیین ضروری ہے کہ فلاں رمضان کے روزے کی قضا کرتا ہوں اور اگر ایک رمضان کے چند روزے قضا ہوئے تو تعیین کی ضرورت نہیں۔

سوال: ”علی احد تصحیحین مختلیفین“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ دو رمضان کے قضا روزوں کے متعلق دو قول ہیں اور دونوں صحیح ہیں (۱) زیلعی نے تعیین کو صحیح قرار دیا ہے۔ (۲) اور خلاصہ میں عدم تعیین کو صحیح قرار دیا ہے۔ لہٰذا اس طرح تصحیح مختلف ہو گئی ہے۔

پس مصنف نے فرمایا کہ دونوں پر عمل کرنا ممکن ہے کہ اگر دو رمضان کے قضا روزے ہیں تو تعیین ضروری ہے اور اگر ایک رمضان کے ہوں تو تعیین ضروری نہیں ہے۔

سوال: کیا دار الحرب میں مسلمان ہونے والے پر نماز روزوں کی قضا لازم ہے؟

جواب: اگر کوئی شخص دار الحرب میں مسلمان ہوا، اور دار الحرب میں ہونے کی وجہ سے اس کو نماز و روزہ کا علم نہ ہوا جس کی وجہ سے اس نے ادا نہ کئے تو اس کو معذور سمجھا جائے گا اور اس پر نماز روزے کی قضا لازم نہیں ہو گی۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ اِدْرَاكِ الْفَرِيْضَةِ

یہ فرض نماز کو پانے کا باب ہے

مَتٰى يَقْطَعُ الْمُصَلِّي الصَّلَاةَ وَمَتٰى لَا يَقْطَعُ

اِذَا شَرَعَ فِيْ فَرْضٍ مُنْفَرِدًا فَأُقِيْمَتِ الْجَمَاعَةُ قَطَعَ وَاقْتَدٰى إِنْ لَمْ يَسْجُدْ لَمَّا شَرَعَ فِيْهِ أَوْ سَجَدَ فِيْ غَيْرِ رُبَاعِيَّةٍ وَإِنْ سَجَدَ فِيْ رُبَاعِيَّةٍ ضَمَّ رَكْعَةً ثَانِيَةً وَسَلَّمَ لِتَصِيْرَ الرَّكْعَتَانِ لَهٗ نَافِلَةً ثُمَّ اِقْتَدٰى مُفْتَرِضًا وَإِنْ صَلّٰى ثَلَاثًا أَتَمَّهَا ثُمَّ اِقْتَدٰى مُتَنَفِّلًا إِلَّا فِي الْعَصْرِ وَإِنْ قَامَ لِثَالِثَةٍ فَأُقِيْمَتْ قَبْلَ سُجُوْدِهٖ قَطَعَ قَائِمًا بِتَسْلِيْمَةٍ فِي الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: جب کوئی تنہا فرض نماز شروع کی پھر جماعت قائم کی گئی تو فرض نماز توڑ دے اور اقتدا کرے اگر اس نماز کا سجدہ نہ کیا ہو جس کو شروع کر لیا تھا یا غیر رباعی میں سجدہ کر لیا تھا، اور اگر چار رکعت والی نماز میں سجدہ کر لیا تھا تو دوسری رکعت ملائے اور سلام پھیر دے تاکہ اس کے لئے دو رکعت نفل ہو جائیں پھر فرض پڑھنے کے لئے اقتدا کرے۔ اور اگر رباعی نماز میں تین رکعت پڑھ چکا تھا تو اس کو پورا کر لے پھر اقتدا کرے نفل کی نیت سے مگر عصر میں، اور اگر تیسری کے لئے کھڑا ہوا اور اس کے سجدہ کرنے سے پہلے جماعت کھڑی کی گئی تو ایک سلام سے کھڑے کھڑے نماز توڑ دے اصح قول کے مطابق۔

وَإِنْ كَانَ فِيْ سُنَّةِ الْجُمُعَةِ فَخَرَجَ الْخَطِيْبُ أَوْ فِيْ سُنَّةِ الظُّهْرِ فَأُقِيْمَتْ سَلَّمَ عَلٰى رَأْسِ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ الْأَوْجَهُ ثُمَّ قَضَى السُّنَّةَ بَعْدَ الْفَرْضِ وَمَنْ حَضَرَ وَالْإِمَامُ فِيْ صَلَاةِ الْفَرْضِ اِقْتَدٰى بِهٖ وَلَا يَشْتَغِلُ عَنْهُ بِالسُّنَّةِ إِلَّا فِي الْفَجْرِ إِنْ أَمِنَ فَوْتَهٗ وَإِنْ لَمْ يَأْمَنْ تَرَكَهَا۔

ترجمہ: اور اگر جمعہ کی سنت میں تھا کہ خطیب نکل آیا یا ظہر کی سنت میں تھا کہ اقامت کہہ دی گئی تو دو رکعتوں پر سلام پھیر دے اور یہی زیادہ مدلّل ہے، پھر فرض کے بعد سنت کی قضا کرے۔ اور جو شخص حاضر ہوا اس حال میں کہ امام فرض نماز میں تھا تو امام کی اقتدا کرے اور فرض چھوڑ کر سنت میں مشغول نہ ہو مگر فجر میں اگر اس کے فوت ہونے سے امن ہو، اور اگر امن نہ ہو تو سنت کو چھوڑ دے۔

سوال: اگر کوئی شخص اکیلا فرض نماز پڑھ رہا ہو اور اسی وقت وہاں فرض کی جماعت قائم ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اس کی چند صورتیں ہیں:

(۱) تنہا فرض نماز شروع ہی کی تھی یعنی ابھی پہلی رکعت کا سجدہ نہ کیا تھا کہ جماعت قائم ہوئی تو توڑ کر جماعت میں شامل ہو جائے۔

("تنویر الأبصار" و"الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب إدراک الفریضۃ، ج ۲، ص ٦٠٦۔٦١٠.)

خواہ کوئی بھی نماز ہو سب کا یہی حکم ہے۔

(۲) فجر یا مغرب کی نماز ایک رکعت پڑھ چکا تھا کہ جماعت قائم ہوئی تو فوراً نماز توڑ کر جماعت میں شامل ہو جائے اگرچہ دوسری رکعت پڑھ رہا ہو۔ البتہ دوسری رکعت کا سجدہ کر لیا تو اب ان دو نمازوں میں توڑنے کی اجازت نہیں اور نماز پوری کرنے کے بعد بہ نیت نفل بھی ان میں شریک نہیں ہو سکتا کہ فجر کے بعد نفل جائز نہیں اور مغرب میں اس وجہ سے کہ تین رکعتیں نفل کی نہیں، اور مغرب میں اگر شامل ہو گیا تو برا کیا، امام کے سلام پھیرنے کے بعد ایک رکعت اور ملا کر چار کر لے اور اگر امام کے ساتھ سلام پھیر دیا تو نماز فاسد ہو گئی چار رکعت قضا کرے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب العاشر في إدراک الفریضۃ، ج ۱، ص ۱۱۹،)

(۳) چار رکعت والی نماز شروع کر کے ایک رکعت پڑھ لی یعنی پہلی رکعت کا سجدہ کر لیا تو واجب ہے کہ ایک اور پڑھ کر توڑ دے کہ یہ دو رکعتیں نفل ہو جائیں اور دو پڑھ لی ہیں تو ابھی توڑ دے یعنی تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب إدراک الفریضۃ، مطلب: صلاۃ رکعۃ واحدۃ باطلۃ...إلخ، ج ۲، ص ٦١٠.)

(۴) اور رباعی نماز یعنی ظہر، عصر و عشا کی تین پڑھ لی ہیں اور چوتھی میں ہو تو واجب ہے کہ نہ توڑے، توڑے گا تو گنہگار ہو گا بلکہ حکم یہ ہے کہ پوری کر کے نفل کی نیت سے جماعت میں شامل ہو جماعت کا ثواب پا لے گا، مگر عصر میں شامل نہیں ہو سکتا کہ عصر کے بعد نفل جائز نہیں۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب إدراک الفریضۃ، مطلب: صلاۃ رکعۃ واحدۃ باطلۃ...إلخ، ج ۲، ص ٦١٠.)

اور اگر وہ نماز ظہر و عشا ہو تو اختیار ہے کہ چاہے تو اپنی فرض نماز مکمل کر کے جماعت میں شامل ہو جائے نفل کی نیت سے اور یہ افضل ہے، اور اگر چاہے تو شامل نہ ہو۔ کیونکہ وہ اپنی فرض نماز ادا کر چکا۔

(۵) اور اگر رباعی میں وہ تیسری رکعت میں تھا اور ابھی تیسری کا سجدہ نہیں کیا کہ جماعت کھڑی ہو گئی تو اصح قول کے مطابق کھڑے کھڑے ایک طرف سلام پھیر کر جماعت میں شامل ہو جائے، جبکہ شمس الائمہ سرخسی نے کہا ہے کہ قعدہ کر کے سلام پھیرے۔

سوال: جماعت قائم ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب: جماعت قائم ہونے سے مؤذن کا تکبیر کہنا مراد نہیں بلکہ جماعت شروع ہو جانا مُراد ہے، مؤذن کے تکبیر کہنے سے قطع نہ کرے گا اگرچہ پہلی رکعت کا سجدہ ابھی تک نہ کیا ہو۔ ("رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب إدراک الفریضۃ، ج ۲، ص ٦٠٨.)

سوال: جماعت قائم ہونے سے نماز قطع کرنے کا حکم کس وقت ہے؟

جواب: جماعت قائم ہونے سے نماز قطع کرنا اس وقت ہے کہ جس مقام پر یہ نماز پڑھتا ہو وہیں جماعت قائم ہو، اگر یہ گھر میں نماز پڑھتا ہے اور مسجد میں جماعت قائم ہوئی یا ایک مسجد میں یہ پڑھتا ہے دوسری مسجد میں جماعت قائم ہوئی تو توڑنے کا حکم نہیں اگرچہ پہلی کا سجدہ نہ کیا ہو۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب إدراک الفریضۃ، ج ۲، ص ۶۰۸.

سوال: جمعہ کی سنت پڑھ رہا تھا کہ امام نکل آیا یا ظہر کی سنت پڑھ رہا تھا کہ جماعت کھڑی ہوگئی تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر جمعہ کے فرض سے پہلے چار رکعت سنت مؤکدہ پڑھ رہا تھا اور خطیب نکل آیا یعنی خطبہ شروع ہو گیا یا ظہر سے پہلے کی سنتیں پڑھ رہا تھا کہ ظہر کی جماعت کھڑی ہوگئی تو مصنف کے نزدیک زیادہ اصح یہ ہے کہ دو رکعت پوری کر کے سلام پھیر دے اور پھر جماعت میں شامل ہو جائے اور بعد میں سنتوں کی قضا کرے۔ اور بعض نے کہا ہے کہ چار رکعت پوری کر کے جماعت میں شامل ہو۔

اور اب فتوی اسی قول پر ہے، چنانچہ بہار شریعت میں ہے: جمعہ اور ظہر کی سنتیں پڑھنے میں خطبہ یا جماعت شروع ہوئی تو چار پوری کر لے۔

("تنویر الآبصار" و"الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب إدراک الفریضۃ، ج ۲، ص ۶۱۱.)

سوال: اگر کوئی شخص ایسے وقت میں آیا کہ جماعت کھڑی ہو چکی تھی تو سنّتِ قبلیہ ادا کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کوئی شخص ایسے وقت مسجد میں آیا کہ وقتی فرض نماز کی جماعت کھڑی ہو چکی تھی اور ابھی اس نے سنت مؤکدہ نہیں پڑھی ہے جیسے ظہر و جمعہ میں تو سنتوں میں مشغول نہ ہو بلکہ امام کی اقتدا کرے اور بعد میں سنّت کی قضا کرے۔

سوال: اگر نمازِ فجر میں اس وقت آیا کہ جماعت کھڑی ہو چکی تھی تو سنّت قبلیہ ادا کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: اگر نماز فجر میں ایسے وقت مسجد میں آیا کہ جماعت ہو رہی تھی تو فجر کی سنت پڑھنے کے متعلق یہ حکم ہے کہ اگر قعدۂ اخیرہ ملنے کی امید ہو تو پہلے سنت پڑھ لے پھر جماعت میں شامل ہو جائے اور اگر قعدہ ملنے کی امید نہ ہو تو سنت کو چھوڑ دے اور جماعت میں شامل ہو جائے۔

قَضَاءُ السُّنَّةِ

وَلَمْ تُقْضَ سُنَّةُ الْفَجْرِ إِلَّا بِفَوْتِهَا مَعَ الْفَرْضِ وَقَضَى السُّنَّةَ الَّتِيْ قَبْلَ الظُّهْرِ فِيْ وَقْتِهِ قَبْلَ شَفْعِهِ۔

ترجمہ: اور فجر کی سنت کی قضا نہیں کی جائے گی مگر فرض کے ساتھ فوت ہونے کی وجہ سے، اور قضا کرے اس سنت کی جو ظہر سے پہلے ہے ظہر کے وقت میں دو سنتوں سے پہلے۔

اَلْجَمَاعَةُ وَفَضْلُهَا

وَلَمْ يُصَلِّ الظُّهْرَ جَمَاعَةً بِإِدْرَاكِ رَكْعَةٍ بَلْ أَدْرَكَ فَضْلَهَا وَاُخْتُلِفَ فِيْ مُدْرِكِ الثَّلَاثِ۔

ترجمہ: اور ایک رکعت پالینے سے اس نے ظہر کو جماعت کے ساتھ نہیں پڑھی بلکہ اس نے جماعت کی فضیلت کو پالیا، اور تین رکعتوں کے پانے والے کے بارے میں اختلاف کیا گیا ہے۔

مُتَفَرِّقَاتٌ

وَيَتَطَوَّعُ قَبْلَ الْفَرْضِ إِنْ أَمِنَ فَوْتَ الْوَقْتِ وَإِلَّا فَلَا وَمَنْ أَدْرَكَ إِمَامَهُ رَاكِعًا فَكَبَّرَ وَوَقَفَ حَتّٰى رَفَعَ الْإِمَامُ رَأْسَهُ لَمْ يُدْرِكِ الرَّكْعَةَ وَإِنْ رَكَعَ قَبْلَ إِمَامِهِ بَعْدَ قِرَاءَةِ الْإِمَامِ مَا تَجُوْزُ بِهِ الصَّلَاةُ فَأَدْرَكَهُ إِمَامُهُ فِيْهِ صَحَّ وَإِلَّا لَا وَكُرِهَ خُرُوْجُهُ مِنْ مَسْجِدٍ أُذِّنَ فِيْهِ حَتّٰى يُصَلِّيَ إِلَّا إِذَا كَانَ مُقِيْمَ جَمَاعَةٍ أُخْرٰى وَإِنْ خَرَجَ بَعْدَ صَلَاتِهِ مُنْفَرِدًا لَا يُكْرَهُ إِلَّا إِذَا أُقِيْمَتِ الْجَمَاعَةُ قَبْلَ خُرُوْجِهِ فِي الظُّهْرِ وَالْعِشَاءِ فَيَقْتَدِيْ فِيْهِمَا مُتَنَفِّلًا وَلَا يُصَلِّيْ بَعْدَ صَلَاةٍ مِثْلِهَا۔

ترجمہ: اور نفل فرض سے پہلے پڑھے اگر وقت کے فوت سے امن ہو ورنہ نہیں۔ اور جس شخص نے اپنے امام کو رکوع میں پایا پھر اس نے تکبیر کہی اور کھڑا رہا یہاں تک کہ امام نے اپنا سر اٹھالیا تو اس شخص نے اس رکعت کو نہیں پایا، اور اگر متقدی نے اپنے امام سے پہلے رکوع کرلیا امام کی اتنی قراءت کے بعد جس سے نماز جائز ہو جاتی ہے پھر اس کے امام نے اس کو رکوع میں پالیا تو مقتدی کا رکوع صحیح ہو گیا ورنہ نہیں، اور مکروہ ہے اس کا نکلنا ایسی مسجد سے جس میں اذان دے دی گئی ہو یہاں تک کہ وہ نماز پڑھ لے مگر جبکہ دوسری جماعت کا قائم کرنے والا ہو، اور اگر اپنی نماز تنہا پڑھ لینے کے بعد نکلا تو مکروہ نہیں ہے مگر جب کھڑی ہو گئی ہو جماعت اس کے نکلنے سے پہلے ظہر و عشا میں، پس اقتدا کرے ان دونوں میں نفل کی نیت سے، اور نہ پڑھی جائے کسی نماز کے بعد اس جیسی نماز۔

سوال: اگر کسی شخص کی فجر کی سنت قضا ہوگئی ہو تو کیا بعد میں اس کی قضا کی جائے گی؟

جواب: اگر کسی شخص کی صرف فجر کی سنت قضا ہوگئی تو شیخین کے نزدیک آفتاب کے بلند ہونے کے بعد ان کی قضا نہیں ہے، اور مصنف نے اسی کو اختیار کیا ہے اور یہی مفتی بہ ہے۔ لیکن امام محمد فرماتے ہیں کہ طلوع آفتاب کے بعد سے زوال تک اس کی قضا کرے۔

اور اگر فجر کی فرض و سنت دونوں قضا ہو گئیں تو طلوع آفتاب کے ۲۰ منٹ بعد سے زوال تک اگر قضا کرے تو دونوں قضا کرے اور اگر زوال کے بعد قضا کرے تو صرف فرض کی قضا کرے۔

سوال: اگر ظہر سے پہلے کی سنت فوت ہوجائے تو اس کی قضا کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: اگر ظہر سے پہلے کی سنت فوت ہو گئی تو ان کی قضا ظہر کے فرض کے بعد دو سنت سے پہلے کرے، یہ امام محمد کا قول ہے اور مصنف نے اسی کو اختیار کیا ہے، جبکہ امام ابو یوسف کا مذہب یہ ہے کہ ظہر کے فرض کے بعد دو سنت پڑھے پھر ظہر کی چار رکعت سنت قبلیہ کی قضا کرے اور اب امام ابو یوسف کے قول پر عمل ہے۔

سوال: جس شخص کو کسی بھی فرض نماز میں امام کے ساتھ ایک رکعت ملی تو کیا جماعت سے نماز پڑھنے والا کہلائے گا؟

جواب: جس شخص کو کسی بھی فرض نماز میں امام کے ساتھ ایک رکعت ملی تو اس نے جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھی۔ البتہ اس کو جماعت کی فضیلت حاصل ہو گئی۔ اگر چہ تشہد میں شامل ہوا ہو۔

سوال: اگر امام کے ساتھ تین رکعتیں ملی تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر چار رکعت والی نماز میں امام کے ساتھ تین رکعت ملیں تو اس میں اختلاف ہے، پس شمس الائمہ نے کہا کہ جماعت سے پڑھنے والا کہا جائے گا کہ اکثر کل کا حکم رکھتا ہے اور ایسے ہی تین رکعت والی نماز میں دو رکعت کے ملنے پر۔ اور بعض نے کہا کہ جماعت سے پرھنے والا نہیں کہا جائے گا۔

دراصل اس مسئلے کا تعلق قسم کے مسئلے سے ہے۔ چنانچہ اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھوں گا اور پھر اس نے امام کے ساتھ تین رکعت پڑھی تو اس کی قسم نہیں ٹوٹے گی یہ بعض کا قول ہے جبکہ شمس الائمہ نے کہا کہ حانث ہو جائے گا۔

سوال: ”ویقطوع قبل الفرض ان امن فوت الوقت والافلا“ سے کیا کہنا چاہتے ہیں؟

جواب: یہ عبارت مجمل ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ نفل کی دو قسمیں ہیں سنت مؤکدہ اور سنت غیر مؤکدہ، اور یہاں نفل سے مراد یہ دونوں نمازیں ہیں۔ پس اگر فرض نماز کے وقت میں وسعت ہے تو سنت قبلیہ پڑھے گا، اور اگر وقت تنگ ہو تو پہلے فرض نماز پڑھے تا کہ فرض اپنے وقت سے ہٹ نہ جائے۔

سوال: رکعت کو پانے والا کب کہلائے گا؟

جواب: اگر کوئی شخص اس وقت آیا جبکہ امام رکوع میں تھا اور یہ شخص تکبیر تحریمہ کہہ کر کھڑا ہو گیا اور امام کے ساتھ رکوع نہیں کیا یہاں تک کہ امام نے رکوع سے سر اٹھالیا تو یہ شخص اس رکعت کو پانے والا شمار نہیں ہو گا۔ اور اگر تکبیر کہتا ہوا رکوع میں امام کو پالیا اگر چہ ادنی سی شرکت ہوئی تو وہ اس رکعت کو پانے والا ہے۔

سوال: اگر کوئی اپنے امام سے پہلے رکوع میں چلا گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام سے پہلے مقتدی رکوع میں چلا گیا تو یہ رکوع دو شرطوں کے ساتھ صحیح ہو گا۔ (۱) امام کے رکوع کرنے تک رکوع میں رہا یہاں تک کہ دونوں رکوع میں شریک ہو گئے۔ (۲) امام کی اتنی قراءت کرنے کے بعد رکوع کیا ہو جس سے نماز جائز ہوتی ہے، لہذا اگر امام کے ”ما

تجوز بہ الصلوۃ" قراءت کرنے سے پہلے مقتدی نے رکوع کر لیا تھا تو چاہے امام نے اس کو رکوع میں پالیا ہو تب بھی اس کا رکوع صحیح نہیں ہوگا۔ اسی طرح امام کے ماتجوز بہ الصلوۃ قراءت کے بعد رکوع کیا تھا مگر امام کے رکوع میں جانے سے پہلے مقتدی نے اپنا سر اٹھالیا تب بھی اس کا رکوع صحیح نہ ہوگا لہٰذا اس کے لئے ضروری ہے کہ دوبارہ رکوع کرے اور اگر دوبارہ رکوع نہ کیا تو نماز نہ ہوگی۔

سوال: اذان ہونے کے بعد مسجد سے نکلنا کیسا ہے؟

جواب: جب کسی مسجد میں اذان ہو جائے تو جو شخص مسجد میں ہے یا اذان کے بعد مسجد میں آیا اور اس نے ابھی اس وقت کی نماز نہیں پڑھی تو اس کو اس وقت کی نماز اس مسجد میں جماعت سے پڑھے بغیر جانا مکروہ تحریمی ہے۔

سوال: کیا مسجد سے نکلنے کی کچھ جائز صورتیں بھی ہیں؟

جواب: جی ہاں! کچھ صورتیں ایسی بھی ہیں جن میں اس کو مسجد سے نکلنا مکروہ تحریمی نہیں ہے۔ (۱) اگر وہ کسی اور مسجد کا امام ہے یا مؤذن ہے تو اس کو اجازت ہے کہ یہاں سے اپنی مسجد کو چلا جائے۔

(۲) جو شخص تنہا فرض نماز پڑھ چکا ہو تو اس کو مسجد سے باہر جانا مکروہ نہیں۔ لیکن بلا عذر تنہا پڑھ لینے اور جماعت کا انتظار نہ کرنے کا اور ترک جماعت کی کراہت کا مرتکب کہلائے گا اور ظہر و عشاء میں چاہیے کہ نفل کی نیت سے جماعت میں شامل ہو جائے اور عصر و فجر میں نفل کی نیت سے شامل نہ ہو کہ ان کے بعد نفل مکروہ ہے اور مغرب میں بھی نفل کی نیت سے جماعت میں شامل نہ ہو کہ نفل تین رکعت نہیں ہوتی۔

سوال: "ولا یصلی بعد الصلوۃ مثلھا" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: یہ حدیث پاک کے لفظ ہیں اور مصنف اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اجر و ثواب کے شوق میں یا بلاوجہ محض فساد کے وہم سے بار بار فرض نماز نہ پڑھے مثلاً کسی شخص نے ظہر کے فرض پڑھ لئے پھر اس کو ظہر کی جماعت میسر ہوئی تو اب اس جماعت میں شریک ہو کر ظہر کے فرض دوبارہ نہ پڑھے، ہاں ظہر و عشاء میں نفل کی نیت کر کے شامل ہو سکتا ہے کہ نفل فرض کے مثل نہیں ہے۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

بَابُ سُجُوْدِ السَّهْوِ

یہ سجدۂ سہو کا باب ہے

حُكْمُهٗ وَسَبَبُهٗ

يَجِبُ سَجْدَتَانِ بِتَشَهُّدٍ وَتَسْلِيْمٍ لِتَرْكِ وَاجِبٍ سَهْوًا وَإِنْ تَكَرَّرَ۔

ترجمہ: اور واجب ہوتے ہیں دو سجدے تشہد اور سلام کے ساتھ کوئی واجب سہوا چھوڑ دینے کی وجہ سے اگرچہ وہ مکرر ہو۔

تَرْكُ الْوَاجِبِ عَمْدًا

وَإِنْ كَانَ تَرْكُهٗ عَمْدًا أَثِمَ وَوَجَبَ إِعَادَةُ الصَّلَاةِ لِجَبْرِ نَقْصِهَا وَلَا يَسْجُدُ فِيْ الْعَمَدِ لِلسَّهْوِ قِيْلَ إِلَّا فِيْ ثَلَاثٍ تَرْكُ الْقُعُوْدِ الْأَوَّلِ أَوْ تَأْخِيْرُهٗ سَجْدَةً مِنَ الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى إِلٰى آخِرِ الصَّلَاةِ وَتَفَكُّرُهٗ عَمَدًا حَتّٰى شَغَلَهٗ عَنْ رُكْنٍ۔

ترجمہ: اور اگر قصداً واجب کو چھوڑا ہو تو گنہگار ہو گا اور نماز کا اعادہ کرنا واجب ہو گا نماز کی کمی کو پورا کرنے کے لئے، اور عمد میں سہو کے لئے سجدہ نہیں کرے گا، اور کہا گیا ہے مگر تین میں (۱) قعدۂ اولیٰ کو چھوڑ دینا (۲) پہلی رکعت کے سجدے کو نماز کے آخر تک مؤخر کر دینا (۳) اور اس کا جان بوجھ کر سوچنے لگ جانا یہاں تک کہ اس کی کسی رکن کی ادائیگی سے غافل کر دے۔

وَقْتُ السُّجُوْدِ

وَيُسَنُّ الْإِتْيَانُ بِسُجُوْدِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ وَيَكْتَفِيْ بِتَسْلِيْمَةٍ وَاحِدَةٍ عَنْ يَمِيْنِهٖ فِي الْأَصَحِّ فَإِنْ سَجَدَ قَبْلَ السَّلَامِ كُرِهَ تَنْزِيْهًا۔

ترجمہ: اور سجدۂ سہو کا سلام کے بعد ادا کرنا سنت قرار دیا گیا ہے، اور اپنی داہنی طرف ایک سلام پر اکتفا کرے اصح قول کے مطابق، پس اگر سلام سے پہلے سجدہ کیا تو مکروہ تنزیہی ہے۔

مَتٰى يَسْقُطُ

وَيَسْقُطُ سُجُوْدُ السَّهْوِ بِطُلُوْعِ الشَّمْسِ بَعْدَ السَّلَامِ فِي الْفَجْرِ وَاِحْمِرَارِهَا فِي الْعَصْرِ وَبِوُجُوْدِ مَا يَمْنَعُ الْبِنَاءَ بَعْدَ السَّلَامِ۔

ترجمہ: اور فجر میں سلام کے بعد سورج کے طلوع ہونے سے سجدۂ سہو ساقط ہو جاتا ہے، اور عصر میں سورج کے سرخ ہو جانے سے اور سلام کے بعد ایسی چیز کے پائے جانے سے جو بناء کو مانع ہو۔

سوال: سہو کا لغوی معنی کیا ہے؟ اور اصطلاح شرع میں سجدۂ سہو سے کیا مراد ہے؟

جواب: سہو کا لغوی معنی بھول جانا اور چیز کا ضرورت کے وقت یاد نہ آنا ہے۔ جبکہ اصطلاح شرع میں سجدۂ سہو کی یہ تعریف ہے کہ جب کبھی نماز میں بھولے سے ایسی کمی یا زیادتی، تقدیم و تاخیر ہو جائے جس سے نماز تو فاسد نہیں ہوتی لیکن ایسا نقصان آ جاتا ہے جس سے نماز ناقص ہو جاتی ہے اور اس کی تلافی نماز میں ہی ہو سکتی ہے، پس اس نقصان کی تلافی کے لئے شریعت نے یہ طریقہ مقرر کر دیا ہے کہ آخری قعدہ کے تشہد کے بعد دائیں طرف سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے ادا کئے جائیں اور ان کو سجدۂ سہو کہتے ہیں۔

سوال: سجدۂ سہو کب واجب ہوتا ہے؟

جواب: واجبات نماز میں جب کوئی واجب بھولے سے رہ جائے یا فرض و واجب میں تاخیر ہو جائے تو اس کی تلافی کے لئے سجدۂ سہو کرنا واجب ہے۔

سوال: ایک نماز میں چند واجب بھولے سے ترک ہوئے تو کتنے سجدے کرنے ہوں گے؟

جواب: ایک نماز میں چند واجب بھولے سے ترک ہوئے تو وہی دو سجدے سب کے لئے کافی ہیں۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج۲، ص۶۵۵، وغیرہ۔)

سوال: اگر قصداً واجب ترک کیا تو سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے گی؟

جواب: قصداً واجب ترک کیا تو سجدۂ سہو سے وہ نقصان دفع نہ ہو گا بلکہ اعادہ واجب ہے۔ یوں ہی اگر سہواً واجب ترک ہوا اور سجدۂ سہو نہ کیا جب بھی اعادہ واجب ہے۔ اور گنہگار بھی ہوا۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج۲، ص۶۵۵، وغیرہ۔)

سوال: کیا کوئی ایسی بھی صورت ہے کہ قصداً ترکِ واجب پر سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے؟

جواب: جی ہاں! تین صورتوں میں قصداً ترک واجب پر سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے گی (۱) قعدۂ اولی کو قصداً چھوڑ دیا تو سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے گی نماز کو لوٹانا واجب نہیں۔ (۲) پہلی رکعت کے ایک سجدے کو عمداً دوسری رکعت یا تیسری رکعت یا بلکل آخری رکعت میں ادا کیا تو بھی سجدۂ سہو سے ہو جائے گی۔ (۳) نماز میں قصداً اتنی دیر سوچتا رہا کہ اتنی دیر میں ایک رکن ادا ہو سکتا ہے یعنی تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کی مقدار تو سجدۂ سہو کر لینے سے نماز ہو جائے گی۔

سوال: سجدۂ سہو کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: اس کا طریقہ یہ ہے کہ التحیات کے بعد دہنی طرف سلام پھیر کر دو سجدے کرے پھر تشہد وغیرہ پڑھ کر سلام پھیرے۔

("شرح الوقایۃ"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج ۱، ص ۲۲۰.)

سجدۂ سہو کے بعد بھی التحیات پڑھنا واجب ہے التحیات پڑھ کر سلام پھیرے اور بہتر یہ ہے کہ دونوں قعدوں میں درود شریف بھی پڑھے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثاني عشر في سجود السھو، ج ۱، ص ۱۲۵.)

اور یہ بھی اختیار ہے کہ پہلے قعدہ میں التحیات و درود پڑھے اور دوسرے میں صرف التحیات۔

سوال: اگر بغیر سلام پھیرے سجدۂ سہو کیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر بغیر سلام پھیرے سجدے کر لئے کافی ہیں مگر ایسا کرنا مکروہِ تنزیہی ہے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثاني عشر في سجود السھو، ج ۱، ص ۱۲۵.)

سوال: کیا کوئی ایسی صورت بھی ہے کہ جس سے سجدۂ سہو کرنا ساقط ہو جاتا ہو؟

جواب: جی ہاں! مصنف نے تین صورتیں بیان فرمائی ہیں جن سے سجدۂ سہو ساقط ہو جاتا ہے۔

(۱) اگر کسی شخص پر صبح کی نماز میں سجدۂ سہو واجب ہوا تھا اور اس نے پہلا سلام پھیرا اور ابھی سجدۂ سہو نہیں کیا تھا کہ سورج نکل آیا تو اس سے سجدۂ سہو ساقط ہو جائے گا اور اس پر نماز کا اعادہ بھی نہیں، اور یہی مسئلہ جمعہ و عیدین میں ہے۔

(۲) اگر کسی شخص پر عصر کی نماز میں سجدۂ سہو واجب ہوا اور دہنی طرف سلام پھیرنے کے بعد سجدۂ سہو کرنے سے پہلے سورج متغیر (سرخ) ہو گیا تو سجدۂ سہو ساقط ہو جائے گا اور نماز کا اعادہ بھی نہیں۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج ۲، ص ۶۵۴.)

(۳) جو چیز نماز کو توڑنے والی اور مانع بناء ہو مثلاً عمداً حدث کرنا یا کلام کرنا وغیرہ اگر دہنی طرف سلام پھیرنے کے بعد سجدۂ سہو کرنے سے پہلے پائی گئی تو اس سے سجدۂ سہو ساقط ہو جائے گا۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثاني عشر في سجود السھو، ج ۱، ص ۱۲۵.)

مسئلہ: سجدۂ سہو کا ساقط ہونا اگر اس کے فعل سے ہے تو اعادہ واجب ہے ورنہ نہیں۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج ۲، ص ۶۵۴.) یہ علامہ شامی کی بحث ہے اور اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے حاشیۂ ردالمحتار میں یہ ثابت کیا کہ بہر حال اعادہ ہے۔

مَنْ يَلْزَمُهُ السُّجُوْدُ

وَيَلْزَمُ الْمَأْمُوْمَ بِسَهْوِ إِمَامِهٖ لَا بِسَهْوِهٖ وَيَسْجُدُ الْمَسْبُوْقُ مَعَ إِمَامِهٖ ثُمَّ يَقُوْمُ لِقَضَاءِ مَا سُبِقَ بِهٖ وَلَوْ سَهَا الْمَسْبُوْقُ فِيْمَا يَقْضِيْهِ سَجَدَ لَهٗ أَيْضًا لَا اللَّاحِقُ وَلَا يَأْتِي الْإِمَامُ بِسُجُوْدِ السَّهْوِ فِي الْجُمُعَةِ وَالْعِيْدَيْنِ۔

ترجمہ: اور سجدۂ سہو واجب ہو گا مقتدی پر اپنے امام کے سہو سے، نہ کہ اپنے سہو سے اور مسبوق اپنے امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے پھر کھڑا ہو ان رکعتوں کو پورا کرنے کے لئے جو اس سے چھوٹ گئی ہیں اور اگر مسبوق ان رکعتوں میں بھول جائے جن کو وہ پورا کر رہا ہے سجدۂ سہو کرے گا۔ نہ کہ لاحق، اور امام جمعہ و عیدین میں سجدۂ سہو کو ادا نہیں کرے گا۔

مُتَفَرِّقَاتٌ

وَمَنْ سَهَا عَنِ الْقُعُوْدِ الْأَوَّلِ مِنَ الْفَرْضِ عَادَ إِلَيْهِ مَا لَمْ يَسْتَوِ قَائِمًا فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ وَهُوَ الْأَصَحُّ وَالْمُقْتَدِيْ كَالْمُتَنَفِّلِ يَعُوْدُ وَلَوِ اِسْتَتَمَّ قَائِمًا فَإِنْ عَادَ وَهُوَ اِلَى الْقِيَامِ أَقْرَبُ سَجَدَ لِلسَّهْوِ وَإِنْ كَانَ اِلَى الْعُقُوْدِ أَقْرَبَ لَا سُجُوْدَ عَلَيْهِ فِي الْأَصَحِّ وَإِنْ عَادَ بَعْدَ مَا اِسْتَتَمَّ قَائِمًا اِخْتَلَفَ التَّصْحِيْحُ فِيْ فَسَادِ صَلَاتِهٖ۔

ترجمہ: اور جو شخص بھول جائے فرض نماز کے قعدۂ اوّل کو تو اس کی طرف لوٹ آئے جب تک کہ سیدھا کھڑا نہ ہوا ہو ظاہر الروایت کے مطابق اور یہی اصح ہے، اور مقتدی نفل پڑھنے والے کی طرح ہے پس وہ لوٹ آئے گا اگرچہ پورا کھڑا ہو گیا ہو، پس اگر وہ لوٹا اس حال میں کہ وہ قیام کے زیادہ قریب تھا تو سجدۂ سہو کرے گا اور اگر بیٹھنے کے زیادہ قریب تھا تو اس پر سجدۂ سہو نہیں ہے اصح قول کے مطابق، اور اگر وہ لوٹا بعد اس کے کہ پورا کھڑا ہو گیا تھا تو اس کی نماز کے فاسد ہونے کے بارے میں تصحیح مختلف ہو گئی ہیں۔

سوال: اگر امام سے کوئی سہو ہوا تو کیا مقتدی پر بھی سجدۂ سہو واجب ہو گا؟

جواب: جی ہاں! امام سے سہو ہوا اور سجدۂ سہو کیا تو مقتدی پر بھی سجدہ واجب ہے اگرچہ مقتدی سہو واقع ہونے کے بعد جماعت میں شامل ہوا اور اگر امام سے سجدہ ساقط ہو گیا تو مقتدی سے بھی ساقط پھر اگر امام سے ساقط ہونا اس کے کسی فعل کے سبب ہو تو مقتدی پر بھی نماز کا اعادہ واجب ورنہ معاف۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج۲، ص۶۵۸.)

سوال: امام کے پیچھے مقتدی سے سہواً کوئی واجب چھوٹ گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر مقتدی سے بحالتِ اقتدا سہو واقع ہوا تو سجدۂ سہو نہ امام پر واجب ہے اور نہ مقتدی پر۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج۲، ص۶۵۸.) اور مقتدی پر اس نماز کا اعادہ بھی نہیں۔

سوال: کیا مسبوق امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے گا؟ اگر کرے گا تو سلام کے ساتھ یا بغیر سلام کے؟

جواب: مسبوق اپنے امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے اگرچہ اس کے شریک ہونے سے پہلے امام سے سہو ہوا ہو اور اگر امام کے ساتھ سجدہ نہ کیا اور مابقیہ پڑھنے کھڑا ہو گیا تو آخر میں سجدۂ سہو کرے اور اگر اس مسبوق سے اپنی نماز میں بھی سہو ہوا تو آخر کے یہی سجدے دونوں کے لئے کافی ہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثاني عشر في سجود السھو، ج۱، ص۱۲۸.)

مسبوق کو امام کے ساتھ سلام پھیرنا جائز نہیں اگر قصداً پھیرے گا نماز جاتی رہے گی۔

سوال: مسبوق سے اپنی باقی ماندہ رکعات میں سہو واقع ہوا تو کیا سجدۂ سہو کرے گا؟

جواب: مسبوق نے جب اپنی پڑھنے کھڑا ہوا اور اس میں سہو ہوا تو اس میں بھی سجدۂ سہو کرے کہ واجب ہے۔

("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج۲، ص۶۵۹، وغیرہ.)

سوال: اگر لاحق کو اپنی لاحقانہ رکعات میں سہو واقع ہوا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر لاحق کو اپنی لاحقانہ نماز میں سہو واقع ہوا تو اس پر سجدۂ سہو لازم نہیں ہے کہ وہ حکماً امام کے پیچھے ہے اور جو مقتدی امام کے پیچھے ہو اس کے اپنے سہو سے سجدۂ سہو واجب نہیں ہوتا۔

سوال: اگر جمعہ و عیدین میں امام سے سہو واقع ہوا تو کیا وہ سجدۂ سہو کرے گا؟

جواب: جمعہ و عیدین میں سہو واقع ہوا اور جماعت کثیر ہو تو بہتر یہ ہے کہ سجدۂ سہو نہ کرے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثاني عشر في سجود السھو، ج۱، ص۱۲۸.)

اور اگر مجمع قلیل ہو تو کرلے۔ متن میں مذکور حکم اس دور کا ہے جب مائک وغیرہ نہ تھے اور آخری صف تک آواز پہنچانے کے لئے مکبر بنائے جاتے تھے جس کی وجہ سے شبہہ ہوتا تھا اور ہمارے اس دور میں جبکہ مائک کا اچھا انتظام ہوتا ہے لہذا سجدۂ سہو کرے گا اگرچہ مجمع کثیر ہو۔

سوال: اگر امام یا منفرد فرض و وتر میں قعدۂ اولیٰ بھول گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: امام یا منفرد فرض و وتر میں قعدۂ اولیٰ بھول گیا تو جب تک سیدھا کھڑا نہ ہوا، لوٹ آئے اور سجدۂ سہو نہیں کہ یہی اصح قول ہے۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج۲، ص۶۶۱.)

سوال: امام قعدۂ اولیٰ کی طرف لوٹ آیا تو کیا مقتدی بھی لوٹ آئیں؟

جواب: اگر امام لوٹ آیا لیکن مقتدی بھول کر کھڑا ہو گیا تو ضروری ہے کہ لوٹ آئے، تاکہ امام کی مخالفت نہ ہو۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج۲، ص۶۶۳.)

کیونکہ مقتدی نفل پڑھنے والے کی طرح ہے کی جس طرح متنفل ہر حال میں قعود کی طرف لوٹے گا کیونکہ نفل کا ہر قعدہ قعدۂ اخیرہ یعنی فرض ہوتا ہے۔ اسی طرح مقتدی اگر قعدۂ اولیٰ چھوڑ کر کھڑا ہو گیا حالانکہ امام قعدہ میں بیٹھا ہوا ہے تو مقتدی پر لازم ہے کہ لوٹ آئے۔

سوال: امام یا منفرد قعدۂ اولیٰ بھول گیا اور کھڑا ہو گیا تو لوٹنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: امام یا منفرد اگر سیدھا کھڑا ہو گیا تو نہ لوٹے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے اور اگر سیدھا کھڑا ہو کر لوٹا تو سجدۂ سہو کرے اور صحیح مذہب میں نماز ہو جائے گی مگر گنہگار ہوا لہٰذا حکم ہے کہ اگر لوٹے تو فوراً کھڑا ہو جائے۔("الدر المختار"و"رد المحتار"،کتاب الصلاۃ،باب سجود السھو،ج ٢،ص ٦٦١.)

سوال: "وان عاد بعد ما استتمر قائما اختلف التصحیح فی فساد صلوته" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر قعدۂ اولیٰ چھوڑ کر جب سیدھا کھڑا ہو گیا تو اب اس کو قعدہ کی طرف نہیں لوٹنا چاہیے تھا لیکن اگر وہ لوٹ آیا تو بعض علمانے کہا کہ اس کی نماز فاسد ہو جائے گی اور انہوں نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

اور بعض علمانے کہا کہ اس کی نماز فاسد نہیں ہو گی اور انہوں نے اس کو صحیح قرار دیا ہے لہذا تصحیح مختلف فیہ ہو گئیں۔ مگر مفتی بہ قول عدم فساد والا ہے اور اس کو بحر الرائق کے مصنف نے حق کہا ہے۔ مگر حکم یہ ہے کہ اگر لوٹے تو فوراً کھڑا ہو جائے۔ اور سجدۂ سہو دونوں صورتوں میں واجب ہو گا۔ چاہے لوٹے یا نہ لوٹے۔

وَإِنْ سَهَا عَنِ الْقُعُوْدِ الْأَخِيْرِ عَادَ مَا لَمْ يَسْجُدْ وَسَجَدَ لِتَأْخِيْرِهٖ فَرْضَ الْقُعُوْدِ فَإِنْ سَجَدَ صَارَ فَرْضُهٗ نَفْلًا وَضَمَّ سَادِسَةً إِنْ شَاءَ وَلَوْ فِي الْعَصْرِ وَرَابِعَةً فِي الْفَجْرِ وَلَا كَرَاهَةَ فِي الضَّمِّ فِيْهِمَا عَلَى الصَّحِيْحِ وَلَا يَسْجُدُ لِلسَّهْوِ فِي الْأَصَحِّ وَإِنْ قَعَدَ الْأَخِيْرَ ثُمَّ قَامَ عَادَ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِ إِعَادَةِ التَّشَهُّدِ فَإِنْ سَجَدَ لَمْ يَبْطُلْ فَرْضُهٗ وَضَمَّ إِلَيْهَا أُخْرٰى لِتَصِيْرَ الزَّائِدَتَانِ لَهٗ نَافِلَةً وَسَجَدَ لِلسَّهْوِ۔

ترجمہ: اور اگر قعدۂ اخیرہ کو بھول گیا تو لوٹ آئے جب تک کہ سجدہ نہ کرے، اور فرض قعدہ کو موئخر کر دینے کی وجہ سے سجدۂ سہو کرے، پس اگر سجدہ کر لیا تو اس کا فرض نفل ہو جائے گا، اور چھٹی رکعت کو ملائے اگر چاہے اگرچہ عصر میں ہو، اور فجر میں چوتھی رکعت، اور کوئی کراہت نہیں ہے ان دونوں نمازوں کے اندر ملانے میں صحیح قول پر، اور اصح قول کے مطابق سجدۂ سہو بھی نہیں کرے گا۔ اور اگر قعدۂ اخیرہ کر لیا پھر کھڑا ہو گیا تو لوٹ آئے اور تشہد لوٹائے بغیر سلام پھیر دے، پس اگر سجدہ کر لیا تو اس کا فرض باطل نہیں ہو گا، اور اس کے ساتھ دوسری کو ملائے تا کہ دو زائد رکعتیں اس کے لئے نفل ہو جائیں اور سجدۂ سہو کرے۔

وَلَوْ سَجَدَ لِلسَّهْوِ فِيْ شَفْعِ التَّطَوُّعِ لَمْ يَبْنِ شَفْعًا آخَرَ عَلَيْهِ اِسْتِحْبَابًا فَإِنْ بَنٰى أَعَادَ سُجُوْدَ السَّهْوِ فِي الْمُخْتَارِ وَلَوْ سَلَّمَ مَنْ عَلَيْهِ سَهْوٌ فَاقْتَدٰى بِهٖ غَيْرُهٗ صَحَّ إِنْ سَجَدَ لِلسَّهْوِ وَإِلَّا فَلَا يَصِحُّ وَيَسْجُدُ لِلسَّهْوِ وَإِنْ سَلَّمَ عَامِدًا لِلْقَطْعِ مَا لَمْ يَتَحَوَّلْ عَنِ الْقِبْلَةِ أَوْ يَتَكَلَّمْ وَلَوْ تَوَهَّمَ مُصَلٍّ رُبَاعِيَّةً أَوْ ثُلَاثِيَّةً أَنَّهٗ أَتَمَّهَا فَسَلَّمَ ثُمَّ

عَلِمَ أَنَّهُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ أَتَمَّهَا وَسَجَدَ لِلسَّهْوِ وَإِنْ طَالَ تَفَكُّرُهُ وَلَمْ يُسَلِّمْ حَتَّى اسْتَيْقَنَ إِنْ كَانَ قَدْرَ أَدَاءِ رُكْنٍ وَجَبَ عَلَيْهِ سُجُوْدُ السَّهْوِ وَإِلَّا لَا۔

ترجمہ: اور اگر نفل کی دو رکعتوں میں سجدۂ سہو کر لیا تو مستحب ہے کہ اس پر دوسری دو رکعتوں کو نہ جوڑے پس اگر جوڑ لیا تو سجدۂ سہو کا اعادہ کرے گا مختار قول کے مطابق، اور اگر اس شخص نے سلام پھیر دیا جس پر سجدۂ سہو واجب تھا پس دوسرے نے اس کی اقتدا کی تو اقتدا کرنا صحیح ہے اگر وہ سجدۂ سہو کرے ورنہ صحیح نہیں ہوگی اور سجدۂ سہو کرے گا اگرچہ اس نے نماز ختم کرنے کا قصد کرتے ہوئے سلام پھیرا جب تک کہ قبلہ سے نہ مڑے نہ بات کرے اور اگر وہم ہو گیا چار رکعت یا تین رکعت پڑھنے والے کو کہ اس نے اس کو پورا کر لیا ہے پس اس نے سلام پھیر دیا پھر اس نے جانا کہ اس نے دو رکعت پڑھی ہیں تو اس کو پوری کرے اور سجدۂ سہو کرے اور اگر اس کا سوچنا لمبا ہو گیا اور سلام نہیں پھیرا یہاں تک کہ یقین ہو گیا تو اگر سوچنا ایک رکن کی ادائیگی کے بقدر تھا تو اس پر سجدۂ سہو واجب ہے ورنہ نہیں۔

سوال: اگر کوئی شخص قعدۂ اخیرہ کو بھول گیا اور اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: قعدۂ اخیرہ بھول گیا تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو لوٹ آئے اور سجدۂ سہو کرے اور اگر قعدۂ اخیرہ میں بیٹھا تھا، مگر بقدر تشہد نہ ہوا تھا کہ کھڑا ہو گیا تو لوٹ آئے اور وہ جو پہلے کچھ دیر تک بیٹھا تھا محسوب ہو گا یعنی لوٹنے کے بعد جتنی دیر تک بیٹھا یہ اور پہلے کا قعدہ دونوں مل کر اگر بقدر تشہد ہو گئے فرض ادا ہو گیا مگر سجدۂ سہو اس صورت میں بھی واجب ہے۔

سوال: اور اگر اس نے اگلی رکعت کا سجدہ کر لیا ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اور اگر قعدۂ اخیرہ کو چھوڑ کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا اور اس اگلی رکعت کا سجدہ کر لیا تو سجدہ سے سر اٹھاتے ہی وہ فرض نفل ہو گیا لہٰذا اگر چاہے تو علاوہ مغرب کے اور نمازوں میں ایک رکعت اور ملا لے کہ شفع پورا ہو جائے اور طاق رکعت نہ رہے اگرچہ وہ نماز فجر یا عصر ہو مغرب میں اور نہ ملائے کہ چار پوری ہو گئیں۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود السھو، ج ۲، ص ٦٦٤.)

سوال: اگر بقدر تشہد قعدۂ اخیرہ کر چکا ہے اور بھول کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر بقدر تشہد قعدۂ اخیرہ کر چکا ہے یعنی تشہد پڑھ کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو تو لوٹ آئے اور ایک طرف سلام پھیر کر سجدۂ سہو کرے اور پھر تشہد و درود و دعا پڑھ کر سلام پھیرے نماز ہو گئی اور لوٹنے کے وقت تشہد کا اعادہ نہ کرے، اگر نمازی نے چوتھی رکعت پر بقدر تشہد قعدہ کیا اور سلام نہیں پھیرا بلکہ بھول کر کھڑا ہو گیا تو جب تک پانچویں کا سجدہ نہ کیا قعدہ کی طرف

لوٹ آئے اور تشہد نہ پڑھے بلکہ بیٹھ کر اسی وقت سلام پھیر کر سجدۂ سہو کرے اور پھر قعدہ کر کے تشہد و درود و دعا پڑھ کر سلام پھیر دے نماز ہو جائے گی۔

سوال: اور اگر اگلی رکعت کا سجدہ کر لیا ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اور اگر پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو اب ایک رکعت اور ملا کر چھ پوری کرے، اس صورت میں اس کا فرض باطل نہیں ہو گا بلکہ چار رکعت فرض ہوئے اور آخری دو رکعتیں نفل ہوئیں اور آخر میں سجدۂ سہو کرے نماز ہو جائے گی۔

سوال: "ولو سجد السہو فی شفع القطوع" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر کسی شخص نے نفل کی دو رکعتیں پڑھیں اور ان میں کوئی سہو ہو گیا جس کی وجہ سے سجدہ سہو کیا اب اس نمازی کے لئے مستحب ہے کہ ان دو رکعتوں کے ساتھ دوسری رکعت نہ ملائے بلکہ سلام پھیر کر نماز مکمل کرے اور پھر دوبارہ نئی تحریمہ سے دوسری نماز شروع کرے۔

اور اگر اس کے باوجود بناء کر لیا یعنی اسی نماز میں سجدۂ سہو کرنے کے بعد دوسرا دوگانہ ادا کر لیا تو صحیح ہے لیکن مختار قول کے مطابق اس پر سجدۂ سہو کا اعادہ کرنا واجب ہو گا۔

سوال: امام پر سجدۂ سہو واجب تھا لیکن اس نے بھول کر سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟ نیز اس وقت اگر کوئی اقتدا کرنا چاہے تو کیا صورت ہوگی؟

جواب: امام پر سجدۂ سہو واجب تھا اور اس نے بھول کر سلام پھیر دیا، اور ابھی سلام پھیر کر خاموش بیٹھا ہوا تھا اور کوئی ایسا فعل نہیں کیا جو نماز کے منافی ہو، تو یاد آتے ہی سجدۂ سہو کر لے نماز ہو جائے گی، اور امام کے سلام پھیرنے کی حالت میں دوسرے شخص نے امام کے پیچھے نیت باندھ لی، تو اگر امام سجدۂ سہو کرے تو مقتدی امام کی نماز میں داخل ہو جائے گا اور اگر امام نے سجدۂ سہو نہیں کیا تو یہ اس کی نماز میں شامل نہیں ہو گا۔

سوال: سجدۂ سہو واجب تھا لیکن نماز ختم کرنے کے ارادے سے سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: کسی پر سجدۂ سہو واجب تھا اور اس نے نماز ختم کرنے کے ارادے سے سلام پھیر دیا تو جب تک وہ قبلہ سے نہ پھرا ہو اور نہ کسی سے بات کی ہو تو یاد آنے پر سجدۂ سہو کر لے نماز ہو جائے گی۔

سوال: اگر کسی نے رباعی یا ثلاثی میں تین یا دو رکعت پر بھولے سے سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی نے چار یا تین رکعت والی نماز میں یہ خیال کر کے کہ چار یا تین رکعتیں پوری ہو گئیں دو ہی رکعت پر سلام پھیر دیا پھر اس کو یاد آیا کہ مجھ سے تو غلطی ہو گئی ہے تو جب تک کوئی منافی نماز فعل نہ ہوا ہو کھڑا ہو کر نماز کو پورا کرے کیونکہ بھولے سے سلام پھیرنا مفسد نماز نہیں ہے اور اگر سلام پھیرنے کے بعد کوئی منافی نماز فعل پایا گیا تو نئے سرے سے نماز پڑھے کہ وہ فاسد ہو گئی۔

سوال: اگر کسی کو قعدۂ اخیرہ میں شبہ ہو جائے کہ کتنی رکعت ہوئیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر تشہد اور درود پڑھنے کے بعد شبہ ہوا کہ میں نے چار رکعت پڑھیں یا تین اور اسی سوچ میں خاموش بیٹھا رہا اور سلام پھیرنے میں اتنی دیر لگ گئی کہ جتنی دیر میں تین بار سبحان اللہ کہہ سکتا ہے پھر یاد آگیا کہ میں نے چاروں رکعتیں پڑھ لی ہیں تو اس صورت میں سجدۂ سہو کرنا واجب ہے اور اگر سوچنا ایک رکن کی ادائیگی سے کم تھا تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہے۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوٰۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ و السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ و علی الک و اصحابک یا حبیب اللہ ﷺ

شفیق المصباح

شرح

مراح الارواح

علم صرف کی بہترین کتاب جس میں صرف کے قاعدوں کی علتیں بیان کی گئی ہیں۔
اس کتاب میں عربی عبارت پر اعراب و اردو ترجمہ کے ساتھ ساتھ سوالاً جواباً
تشریح پیش کی گئی ہے جو اپنے اعتبار سے بڑی مفید و دلچسپ ہے۔

مصنف: الشیخ احمد بن علی بن مسعود (علیہ رحمۃ اللہ الودود)
شارح: مولانا محمد شفیق خان عطاری مدنی فتحپوری
ناشر: مکتبۃ السنۃ آگرہ

فَصۡلٌ فِي الشَّكِّ فِى الصَّلَاةِ وَالطَّهَارَةِ

یہ فصل پاکی اور نماز میں شک کے بیان میں ہے

مَتٰى تَبۡطُلُ الصَّلَاةُ بِالشَّكِّ

تَبۡطُلُ الصَّلَاةُ بِالشَّكِّ فِيۡ عَدَدِ رَكۡعَاتِهَا اِذَا كَانَ قَبۡلَ إِكۡمَالِهَا وَهُوَ أَوَّلُ مَا عَرَضَ لَهٗ مِنَ الشَّكِّ أَوۡ كَانَ الشَّكُّ غَيۡرَ عَادَةٍ لَهٗ فَلَوۡ شَكَّ بَعۡدَ سَلَامِهٖ لَا يُعۡتَبَرُ إِلَّا إِنۡ تَيَقَّنَ بِالتَّرۡكِ۔

ترجمہ: نماز کی رکعات کی تعداد میں شک پڑ جانے سے نماز باطل ہو جاتی ہے جبکہ شک نماز کو مکمل کرنے سے پہلے ہو، اور یہ پہلا شک ہو جو اس کو پیش آیا، یا شک اس کی عادت نہ ہو، پس اگر اس کے سلام کے بعد شک ہوا تو اس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا مگر یہ کہ چھوڑنے کا یقین ہو جائے۔

كَثۡرَةُ الشَّكِّ

وَإِنۡ كَثُرَ الشَّكُّ عَمِلَ بِغَالِبِ ظَنِّهٖ فَإِنۡ لَمۡ يَغۡلِبۡ لَهٗ ظَنٌّ أَخَذَ بِالۡأَقَلِّ وَقَعَدَ بَعۡدَ كُلِّ رَكۡعَةٍ ظَنَّهَا آخِرَ صَلَاتِهٖ۔

ترجمہ: اور اگر شک زیادہ ہو تو اپنے غالب گمان پر عمل کرے، اور اگر اس کو کوئی غالب گمان نہ ہو تو اقل کو لے گا، اور ہر اس رکعت کے بعد بیٹھے جس کو نماز کی آخری رکعت گمان کیا۔

سوال: شک، ظن، وہم اور غلبۂ ظن کی تعریف کیا ہے؟

جواب: شک کے معنیٰ ہیں کسی چیز کے ہونے یا نہ ہونے میں اس طرح تردد کرنا کہ کسی جانب کو ترجیح حاصل نہ ہو یعنی ہونا یا نہ ہونا دونوں برابر ہو، اور اگر دونوں جانبوں میں سے کسی جانب کو ترجیح ہو تو اس کو ظن کہتے ہیں اور اس کے مخالف جانب کو وہم کہتے ہیں، اور اگر ترجیح میں زیادتی ہو مگر یقین کے درجے کو نہ ہو تو اس کو غلبۂ ظن کہتے ہیں۔

سوال: گر نمازی کو دوران نماز، نماز کی رکعات کے متعلق شک ہوا کہ تین ہوئیں یا چار تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر نمازی کو دوران نماز، نماز میں یہ شک پیش آیا کہ تین رکعتیں ہوئیں یا چار، اور یہ شک پہلی بار ہوا ہے تو نماز باطل ہو جائے گی دوبارہ از سر نو پڑھے۔

سوال: پہلی بار شک آنے سے مراد کیا ہے؟

جواب: پہلی بار شک آنے سے مراد میں علما کا اختلاف ہے اکثر مشائخ کا قول یہ ہے کہ بالغ ہونے کے بعد یہ شک پہلی بار پیش آیا ہو، اور بعض نے کہا کہ بھولنا اس کی عادت نہ ہو یہ معنی نہیں کہ عمر میں کبھی سہو نہ ہوا ہو۔ اور یہی درست ہے۔

سوال: اور اگر نماز مکمل کرنے کے بعد یہ شک ہوا تو کیا حکم ہے؟

جواب: اور اگر نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ شک ہوا تو اس کا اعتبار نہیں ہے بلکہ نماز کے جواز کا حکم دیا جائے گا۔ مگر یہ کہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اور منافی نماز کے پائے جانے سے پہلے اس کو یقین ہو گیا کہ اس نے ابھی تین ہی رکعتیں پڑھی ہیں تو کھڑا ہو کر ایک رکعت اور پڑھے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے، نماز ہو جائے گی۔

سوال: اگر نمازی کو ادا کی ہوئی رکعتوں کے متعلق بکثرت شک ہوتا ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اس کی دو صورتیں ہیں۔ (۱) یا تو کسی ایک طرف ظن غالب ہو گا (۲) یا ظن غالب نہ ہو گا۔

(۱) اگر کسی ایک طرف ظن غالب ہے کہ اتنی رکعتیں ہوئیں، تو اس پر عمل کرے اور سجدۂ سہو بھی واجب نہیں، مگر سوچنے کی صورت میں ایک رکن کی مقدار تاخیر ہو جائے تو سجدۂ سہو واجب ہو گا۔

(۲) اور اگر اس کو کسی طرف کا ظن غالب نہ ہو بلکہ دونوں طرف برابر ہوں تو کمی کی جانب کو مقرر کرلے یعنی دو ہوئیں یا تین ہوئیں میں شک ہے تو دو کو اختیار کرے اور پھر اس کے آگے سے نماز مکمل کرے۔

سوال: ”وقعدہ بعد کل رکعة ظنھا آخر صلوتہ“ سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اقل کو اختیار کرنے کی صورت میں ہر رکعت پر قعدہ کرے۔ مثلاً رباعی نماز میں نمازی کو یہ شک ہوا کہ یہ پہلی رکعت ہے یا دوسری، لہذا اس نے پہلی کو اختیار کیا تو اب پہلی رکعت کے بعد قعدہ کرے کیونکہ ممکن ہے کہ یہ دوسری رکعت ہو اور دوسری پر قعدہ کرنا واجب ہے اسی طرح دوسری رکعت پڑھنے کے بعد قعدہ کرے کیونکہ نمازی کے نزدیک یہ دوسری رکعت ہے اور پھر تیسری رکعت کے بعد بھی قعدہ کرے کیونکہ ممکن ہے کہ یہ چوتھی ہو اور چوتھی پر قعدہ فرض ہے اور پھر چوتھی کے بعد قعدہ کرے کیونکہ نمازی کے نزدیک یہ چوتھی ہے اور چوتھی پر قعدہ فرض ہے اور اسی قعدہ میں سجدۂ سہو کرکے نماز مکمل کرے پس اس طرح ہر رکعت میں قعدہ ادا ہوا۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

بَابُ سُجُودِ التِّلَاوَةِ

یہ سجدۂ تلاوت کا باب ہے

سَبَبُهٗ وَحُكْمُهٗ وَوَقْتُهٗ

سَبَبُهٗ اَلتِّلَاوَةُ عَلَى التَّالِيْ وَالسَّامِعِ فِي الصَّحِيْحِ وَهُوَ وَاجِبٌ عَلَى التَّرَاخِيْ إِنْ لَمْ يَكُنْ فِي الصَّلَاةِ وَكُرِهَ تَأْخِيْرُهٗ تَنْزِيْهًا وَ يَجِبُ عَلٰى مَنْ تَلَا آيَةً وَلَوْ بِالْفَارِسِيَّةِ وَقِرَاءَةُ حَرْفِ السَّجْدَةِ مَعَ كَلِمَةٍ قَبْلَهٗ أَوْ بَعْدَهٗ مِنْ آيَتِهَا كَالْآيَةِ فِي الصَّحِيْحِ۔

ترجمہ: سجدۂ تلاوت کے واجب ہونے کا سبب تلاوت کرنا ہے تلاوت کرنے والے اور سننے والے پر صحیح قول کے مطابق، اور سجدۂ تلاوت تاخیر کی گنجائش کے ساتھ واجب ہے اگر نماز میں نہ ہو، اور اس کو موئخر کرنا مکروہ تنزیہی ہے، اور سجدۂ تلاوت اس شخص پر واجب ہوتا ہے جس نے آیت سجدہ کی تلاوت کی ہو اگرچہ فارسی میں ہو، اور سجدے کے حرف کا پڑھنا کسی کلمہ کے ساتھ چاہے وہ کلمہ حرف سجدہ سے پہلے ہو یا بعد میں پوری آیت (کے پڑھنے کی طرح ہے) صحیح مذہب میں۔

عَدَدُ آيَاتِهَا

وَآيَاتُهَا أَرْبَعَ عَشْرَةَ آيَةً فِي الْأَعْرَافِ وَالرَّعْدِ وَالنَّحْلِ وَالْإِسْرَاءِ وَمَرْيَمَ وَأُوْلَى الْحَجِّ وَالْفُرْقَانِ وَالنَّمْلِ وَالسَّجْدَةِ وَص وَحٰم السَّجْدَةِ وَالنَّجْمِ وَانْشَقَّتْ وَاقْرَأْ۔

ترجمہ: اور سجدے کی آیتیں چودہ ہیں۔ سورۂ اعراف۔ سورۂ رعد۔ سورۂ نحل۔ سورۂ اسراء۔ سورۂ مریم۔ سورۂ حج۔ سورۂ فرقان۔ سورۂ نمل۔ سورۂ سجدہ۔ سورۂ ص۔ سورۂ حم سجدہ۔ سورۂ نجم۔ سورۂ انشقت۔ سورۂ اقراء۔ میں۔

مَنْ يَجِبُ عَلَيْهِ وَمَنْ لَا يَجِبُ

وَيَجِبُ السُّجُوْدُ عَلٰى مَنْ سَمِعَ وَإِنْ لَمْ يَقْصِدِ السِّمَاعَ إِلَّا الْحَائِضَ وَالنُّفَسَاءَ وَالْإِمَامَ وَالْمُقْتَدِیْ بِهٖ وَلَوْ سَمِعُوْهَا مِنْ غَيْرِهٖ سَجَدُوْا بَعْدَ الصَّلَاةِ وَلَوْ سَجَدُوْا فِيْهَا لَمْ تُجْزِهِمْ وَلَمْ تَفْسُدْ صَلَاتُهُمْ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ

وَيَجِبُ بِسِمَاعِ الْفَارِسِيَّةِ إِنْ فَهِمَهَا عَلَى الْمُعْتَمَدِ وَاخْتَلَفَ التَّصْحِيحُ فِيْ وُجُوْبِهَا بِالسِّمَاعِ مِنْ نَائِمٍ وَمَجْنُوْنٍ وَلَا تَجِبُ بِسِمَاعِهَا مِنَ الطَّيْرِ وَالصَّدٰى۔

ترجمہ: اور سجدہ ہر اس شخص پر واجب ہوتا ہے جو اسے سنے اگرچہ سننے کا قصد نہ کیا ہو مگر حیض و نفاس والی عورت اور امام اور اس کا مقتدی اور اگر امام اور مقتدیوں نے سجدے کی آیت کو اپنے علاوہ سے سنا تو یہ لوگ نماز کے بعد سجدہ کریں گے۔ اور اگر نماز میں سجدہ کرلیں گے تو ان کو کافی نہ ہوگا اور ان کی نماز فاسد نہیں ہوگی ظاہر روایت میں۔ اور فارسی میں سننے سے واجب ہوجاتا ہے اگر اس کو سمجھ لے معتمد مذہب پر۔ اور سونے والے یا مجنون سے سننے کی صورت میں سجدہ کے واجب ہونے میں تصحیح مختلف ہوگئی ہیں، اور پرندے اور آواز کی گونج سے آیت سجدہ کے سننے سے سجدہ واجب نہیں ہوتا۔

سوال: سجدۂ تلاوت کا سبب کیا ہے؟ نیز یہ کن پر واجب ہوتا ہے؟

جواب: سجدۂ تلاوت کا سبب آیتِ سجدہ کو تلاوت کرنا ہے، آیت سجدہ پڑھنے یا سننے سے سجدہ واجب ہوجاتا ہے پڑھنے میں یہ شرط ہے کہ اتنی آواز سے ہو کہ اگر کوئی عذر نہ ہو تو خود سُن سکے، سننے والے کے لئے یہ ضروری نہیں کہ بالقصد سنی ہو، بلا قصد سُننے سے بھی سجدہ واجب ہوجاتا ہے۔ ("الهداية"، كتاب الصلاة، باب سجود التلاوة، ج ۱، ص ۷۸.)

سوال: آیتِ سجدہ بیرونِ نماز پڑھی تو کیا سجدۂ تلاوت فوراً کرنا واجب ہے؟

جواب: آیت سجدہ بیرون نماز پڑھی تو فوراً سجدہ کرلینا واجب نہیں ہاں! بہتر ہے کہ فوراً کرلے اور وضو ہو تو تاخیر مکروہِ تنزیہی۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب سجود التلاوة، ج ۲، ص ۷۰۳.)

سوال: آیتِ سجدہ کا ترجمہ پڑھنے یا سننے سے کیا سجدۂ تلاوت واجب ہوگا؟

جواب: فارسی یا کسی اور زبان میں آیت کا ترجمہ پڑھا تو پڑھنے والے اور سننے والے پر سجدہ واجب ہوگیا، سننے والے نے یہ سمجھا ہو یا نہیں کہ آیت سجدہ کا ترجمہ ہے، البتہ یہ ضروری ہے کہ اسے نامعلوم ہو تو بتا دیا گیا ہو کہ یہ آیت سجدہ کا ترجمہ تھا اور آیت پڑھی گئی ہو تو اس کی ضرورت نہیں کہ سننے والے کو آیت سجدہ ہونا بتایا گیا ہو۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة، ج ۱، ص ۱۳۳.)

سوال: کیا سجدہ واجب ہونے کے لئے پوری آیت کا پڑھنا ضروری ہے؟

جواب: سجدہ واجب ہونے کے لئے پوری آیت پڑھنا ضروری نہیں بلکہ وہ لفظ جس میں سجدہ کا مادہ پایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ قبل یا بعد کا کوئی لفظ ملا کر پڑھنا کافی ہے صحیح قول کے مطابق۔ اور غیر صحیح قول میں واجب نہیں ہوتا بلکہ پوری آیت کا پڑھنا ضروری ہے۔

("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب سجود التلاوة، ج ۲، ص ۶۹۴.)

اعلیٰ حضرت، امامِ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: سجدہ واجِب ہونے کے لئے پوری آیت پڑھنا ضَروری ہے لیکن بعض عُلَمائے مُتَاَخّرِین کے نزدیک وہ لفظ جس میں سجدہ کا مادّہ پایا جاتا ہے اس کے ساتھ قبل یا بعد کا کوئی لفظ ملا کر پڑھا تو سجدۂ تلاوت واجِب ہو جاتا ہے لہذا اِحتیاط یِہی ہے کہ دونوں صورَتوں میں سجدۂ تلاوت کیا جائے۔ (فتاوٰی رضویہ، ج۸، ص، ۲۲۳۔۲۳۳ مُلَخَّصاً).

سوال: آیتِ سجدہ کتنی اور کن کن سورتوں میں ہیں؟

جواب: سجدہ کی چودہ آیتیں ہیں وہ یہ ہیں:

(۱) سورۂ اعراف کی آخر آیت

(اِنَّ الَّذِیۡنَ عِنۡدَ رَبِّکَ لَا یَسۡتَکۡبِرُوۡنَ عَنۡ عِبَادَتِہٖ وَ یُسَبِّحُوۡنَہٗ وَلَہٗ یَسۡجُدُوۡنَ ﴿۲۰۶﴾ع السجدة) (پ۹، الاعراف:۲۰۶).

(۲) سورۂ رعد میں یہ آیت

(وَ لِلّٰہِ یَسۡجُدُ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ طَوۡعًا وَّ کَرۡہًا وَّ ظِلٰلُہُمۡ بِالۡغُدُوِّ وَ الۡاٰصَالِ ﴿۱۵﴾السجدة) (پ۱۳، الرعد:۱۵).

(۳) سورۂ نحل میں یہ آیت

(وَ لِلّٰہِ یَسۡجُدُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ مِنۡ دَآبَّۃٍ وَّ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ ہُمۡ لَا یَسۡتَکۡبِرُوۡنَ ﴿۴۹﴾) (پ۱۴، النحل:۴۹).

(۴) سورۂ بنی اسرائیل میں یہ آیت

(اِنَّ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ مِنۡ قَبۡلِہٖۤ اِذَا یُتۡلٰی عَلَیۡہِمۡ یَخِرُّوۡنَ لِلۡاَذۡقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ۙ وَّ یَقُوۡلُوۡنَ سُبۡحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنۡ کَانَ وَعۡدُ رَبِّنَا لَمَفۡعُوۡلًا ﴿۱۰۸﴾ وَ یَخِرُّوۡنَ لِلۡاَذۡقَانِ یَبۡکُوۡنَ وَ یَزِیۡدُہُمۡ خُشُوۡعًا ﴿۱۰۹﴾) (پ۱۵، بنی اسرآءیل:۱۰۷۔۱۰۹).

(۵) سورۂ مریم میں یہ آیت

(اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتُ الرَّحۡمٰنِ خَرُّوۡا سُجَّدًا وَّ بُکِیًّا ﴿۵۸﴾السجدة) (پ۱۶، مریم:۵۸).

(۶) سورۂ حج میں پہلی جگہ جہاں سجدہ کا ذکر ہے یعنی یہ آیت

(اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَسۡجُدُ لَہٗ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ وَ الشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ وَ النُّجُوۡمُ وَ الۡجِبَالُ وَ الشَّجَرُ وَ الدَّوَآبُّ وَ کَثِیۡرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ وَ کَثِیۡرٌ حَقَّ عَلَیۡہِ الۡعَذَابُ ؕ وَ مَنۡ یُّہِنِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنۡ مُّکۡرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰہَ یَفۡعَلُ مَا یَشَآءُ ﴿۱۸﴾) (پ۱۷، الحج:۱۸).

(۷) سورۂ فرقان میں یہ آیت

(وَ اِذَا قِیۡلَ لَہُمُ اسۡجُدُوۡا لِلرَّحۡمٰنِ ۚ قَالُوۡا وَ مَا الرَّحۡمٰنُ ٭ اَنَسۡجُدُ لِمَا تَاۡمُرُنَا وَ زَادَہُمۡ نُفُوۡرًا ﴿۶۰﴾) (پ۱۹، الفرقان:۶۰).

(۸) سورۂ نمل میں یہ آیت

﴿اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ یَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝۲۵ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝۲۶ السجدة﴾ (پ۱۹، النمل: ۲۵۔۲۶)

(۹) سورۂ الم تنزیل میں یہ آیت

﴿اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِّرُوْا بِہَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ سَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّہِمْ وَ ہُمْ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ ۝۱۵ السجدة﴾ (پ۲۱، السجدۃ: ۱۵)

(۱۰) سورۂ ص میں یہ آیت

﴿فَاسْتَغْفَرَ رَبَّہٗ وَ خَرَّ رَاکِعًا وَّ اَنَابَ ۝۲۴ السجدة فَغَفَرْنَا لَہٗ ذٰلِکَ ؕ وَ اِنَّ لَہٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰی وَ حُسْنَ مَاٰبٍ ۝۲۵﴾ (پ۲۳، ص: ۲۴۔۲۵)

(۱۱) سورۂ حم السجدۃ میں آیت

﴿وَمِنْ اٰیٰتِہِ الَّیْلُ وَ النَّہَارُ وَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَ لَا لِلْقَمَرِ وَ اسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَہُنَّ اِنْ کُنْتُمْ اِیَّاہُ تَعْبُدُوْنَ ۝۳۷ فَاِنِ اسْتَکْبَرُوْا فَالَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّکَ یُسَبِّحُوْنَ لَہٗ بِالَّیْلِ وَ النَّہَارِ وَ ہُمْ لَا یَسْئَمُوْنَ ۝۳۸ السجدة﴾ (پ۲۴، حم السجدۃ: ۳۷۔۳۸)

(۱۲) سورۂ نجم میں

﴿فَاسْجُدُوْا لِلّٰہِ وَ اعْبُدُوْا ۝۶۲ السجدة ع﴾ (پ۲۷، النجم: ۶۲)

(۱۳) سورۂ انشقاق میں آیت

﴿فَمَا لَہُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝۲۰ لا وَ اِذَا قُرِئَ عَلَیْہِمُ الْقُرْاٰنُ لَا یَسْجُدُوْنَ ۝۲۱ ط السجدة﴾ (پ۳۰، الانشقاق: ۲۰۔۲۱)

(۱۴) سورۂ اقراء میں آیت ﴿وَ اسْجُدْ وَ اقْتَرِبْ ۝۱۹ السجدة ع﴾ (پ۳۰، العلق: ۱۹)

سوال: کن لوگوں پر سجدۂ تلاوت واجب نہیں؟

جواب: جو شخص کسی انسان سے آیت سجدہ سنے تو اس پر سجدۂ تلاوت واجب ہو گا خواہ سننے کا قصد کیا یا نہ کیا ہو اور ایسی عورت جو حیض و نفاس میں ہو اور وہ کسی سے آیت سجدہ سنے تو اس پر سجدہ واجب نہیں ہو گا اسی طرح امام اور اس کا مقتدی اگر یہ دونوں کسی ایسے مقتدی سے سنے جو امام کے پیچھے نماز میں ہو تو ان دونوں پر سجدہ واجب نہیں ہو گا مثلاً تین لوگ امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے اور دورانِ نماز ان تین میں سے ایک نے غلطی سے آیت سجدہ پڑھی جس کو امام اور باقی دو مقتدیوں نے سن لیا تو ان سننے والوں پر سجدہ واجب نہیں ہو گا ہاں پڑھنے والے پر واجب ہو گا اور بعد نماز ادا کرے۔

سوال: حیض ونفاس والی عورت پر سجدۂ تلاوت کیوں واجب نہیں ہو رہا ہے؟

جواب: آیت سجدہ پڑھنے والے پر اس وقت سجدہ واجب ہوتا ہے کہ وہ وجوب نماز کا اہل ہو یعنی ادا یا قضا کا اسے حکم ہو، لہٰذا اگر کافر یا مجنون یا نابالغ یا حیض ونفاس والی عورت نے آیت پڑھی تو ان پر سجدہ واجب نہیں اور مسلمان عاقل بالغ اہل نماز نے ان سے سُنی تو اس پر واجب ہو گیا اور جنون اگر ایک دن رات سے زیادہ نہ ہو تو مجنون پر پڑھنے یا سننے سے واجب ہے، بے وضو یا جنب نے آیت پڑھی یا سنی تو سجدہ واجب ہے، نشہ

والے نے آیت پڑھی یا سنی تو سجدہ واجب ہے۔ یوہیں سوتے میں آیت پڑھی بعد بیداری اسے کسی نے خبر دی تو سجدہ کرے، نشہ والے یا سونے والے نے آیت پڑھی تو سننے والے پر سجدہ واجب ہو گیا۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص ۷۰۰۔ ۷۰۲.)

سوال: اگر امام و مقتدی نے کسی ایسے شخص سے آیت سجدہ سنی جو ان کے ساتھ نماز میں شریک نہیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام و مقتدی نے کسی ایسے شخص سے آیت سجدہ سنی جو ان کے ساتھ نماز میں شریک نہیں ہے تو امام و مقتدی پر سجدہ واجب ہو جائے گا مگر یہ لوگ نماز کے اندر سجدہ تلاوت نہ کریں بلکہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدہ کریں اور اگر انہوں نے نماز کے دوران سجدہ کر لیا تو وہ معتبر نہ ہو گا بلکہ بعد نماز اس کا اعادہ کرنا ضروری ہو گا۔ اور ظاہر الروایت کے مطابق دوران نماز سجدہ تلاوت کرنے سے ان کی نماز فاسد نہیں ہو گی کیونکہ سجدہ نماز کی جنس سے ہے جبکہ بعض کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گا۔

سوال: اگر کسی نے آیت سجدہ کا ترجمہ فارسی میں سنا تو کیا سننے والے پر سجدہ واجب ہوگا؟

جواب: امام اعظم کے نزدیک سننے والے پر واجب ہو جائے گا، سننے والے نے یہ سمجھا ہو یا نہیں کہ یہ آیت سجدہ کا ترجمہ ہے۔ البتہ اگر اس کو معلوم نہ ہو تو بتا دیا جائے۔ جبکہ صاحبین کے نزدیک سننے والے پر سجدہ اس وقت واجب ہو گا جبکہ وہ سمجھتا ہو یا اس کو خبر دی جائے کہ یہ آیت سجدہ کا ترجمہ ہے اور اگر اس کو خبر نہ ہوئی تو وہ معذور ہے۔ مصنف نے متن میں صاحبین کے قول کو معتمد قرار دیا ہے اور اب امام اعظم کے قول پر عمل ہے۔ اور یہ حکم دیگر زبانوں کے ترجمہ کا بھی ہے۔

سوال: "واختلف التصحیح فی وجوبھا بالسماع من نائم او مجنون" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر کسی سوتے ہوئے شخص سے یا پاگل سے آیت سجدہ سنی تو اس صورت میں وجوب سجدہ کے متعلق صحیح مذہب معین کرنے میں علما کا اختلاف ہے، بعض کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ سجدہ واجب ہو گا، اور بعض کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ سجدہ واجب نہیں ہو گا۔ لیکن درست یہ ہے کہ واجب نہیں ہو گا۔

سوال: اگر کسی نے کسی پرندے یا صدائے بازگشت سے آیت سجدہ سنی تو کیا سجدہ واجب ہوگا؟

جواب: اگر کسی نے کسی پرند جیسے کہ طوطا، مینا وغیرہ سے آیت سجدہ سُنی یا صدائے بازگشت یعنی گنبد کے اندر یا جنگل اور پہاڑ وغیرہ میں آواز گونجی اور بجنسہ آیت کی آواز کان میں آئی تو سجدہ واجب نہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثالث عشر فی سجود التلاوۃ، ج۱، ص ۱۳۲، ۱۳۳.)

اور یہی حکم ریکارڈ شدہ تلاوت سننے کا ہے کہ اس سے بھی واجب نہیں ہو گا البتہ کر لینا اچھا ہے۔ کہ حکمِ خداوندی موجود ہے۔

بِمَ تُؤَدِّيْ وَمَتٰى

وَتُؤَدّٰی بِرُكُوعٍ أَوْسُجُوْدٍ فِي الصَّلَاةِ غَيْرَ رُكُوعِ الصَّلَاةِ وَسُجُوْدِهَا وُيُجْزِئُ عَنْهَا رُكُوعُ الصَّلَاةِ إِنْ نَوَاهَا وَسُجُوْدُهَا وَإِنْ لَمْ يَنْوِهَا اِذَا لَمْ يَنْقَطِعْ فَوْرُ التِّلَاوَةِ بِأَكْثَرَ مِنْ آيَتَيْنِ وَلَوْ سَمِعَ مِنْ إِمَامٍ فَلَمْ يَأْتَمَّ بِهٖ أَوِ اِئْتَمَّ فِيْ رَكْعَةٍ أُخْرٰى سَجَدَ خَارِجَ الصَّلَاةِ فِي الْأَظْهَرِ۔

ترجمہ: اور سجدۂ تلاوت نماز کے رکوع و سجود کے علاوہ نماز کے دوران رکوع و سجود کے ذریعہ ادا ہو جائے گا، اور سجدۂ تلاوت کی طرف سے نماز کا رکوع بھی کافی ہے اگر سجدہ کی نیت کی ہو۔ اور نماز کا سجدہ بھی کافی ہے اگرچہ سجدۂ تلاوت کی نیت نہ کی ہو جبکہ تلاوت کا تسلسل دو آیتوں سے زیادہ پڑھ لینے سے منقطع نہ ہوا ہو۔ اور اگر امام سے آیتِ سجدہ سنا پھر امام کی اقتدا نہ کی یا دوسری رکعت میں اقتدا کی تو نماز سے باہر سجدۂ تلاوت ادا کرے گا ظاہر روایت کے مطابق۔

وَإِنِ ائْتَمَّ قَبْلَ سُجُوْدِ إِمَامِهٖ لَهَا سَجَدَ مَعَهٗ وَإِنِ اقْتَدٰى بِهٖ بَعْدَ سُجُوْدِهَا فِيْ رَكْعَتِهَا صَارَ مُدْرِكًا لَهَا حُكْمًا فَلَا يَسْجُدُهَا أَصْلًا وَلَمْ تُقْضَ الصَّلَاتِيَّةُ خَارِجَهَا وَلَوْ تَلَا خَارِجَ الصَّلَاةِ فَسَجَدَ ثُمَّ أَعَادَ فِيْهَا سَجَدَ أُخْرٰى وَإِنْ لَمْ يَسْجُدْ أَوَّلًا كَفَتْهُ وَاحِدَةٌ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ كَمَنْ كَرَّرَهَا فِيْ مَجْلِسٍ وَاحِدٍ لَا مَجْلِسَيْنِ۔

ترجمہ: اور اگر امام کے سجدۂ تلاوت ادا کرنے سے پہلے امام کی اقتدا کر لی تو امام کے ساتھ سجدہ کرے گا۔ اور اگر امام کے سجدہ کر لینے کے بعد اسی رکعت میں امام کی اقتدا کر لی تو حکماً سجدہ کو پانے والا ہو جائے گا۔ بس بالکل بھی بعد میں سجدہ نہیں کرے گا۔ اور نماز کا سجدہ نماز کے باہر ادا نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر نماز کے باہر تلاوت کی اور سجدہ کر لیا پھر نماز میں اس کا اعادہ کیا تو دوبارہ سجدہ کرے گا، اور اگر پہلی مرتبہ سجدہ نہیں کیا تو ایک ہی سجدہ اس کو کافی ہو گا ظاہر روایت میں، جیسے کہ وہ شخص جس نے ایک ہی مجلس میں سجدہ کی آیت مکرر پڑھا نہ کہ دو مجلسوں میں۔

مَا يَتَبَدَّلُ بِهِ الْمَجْلِسُ

وَيَتَبَدَّلُ الْمَجْلِسُ بِالْاِنْتِقَالِ مِنْهُ وَلَوْ مُسَدِّيًا وَبِالْاِنْتِقَالِ مِنْ غُصْنٍ اِلٰى غُصْنٍ وَعَوْمٍ فِيْ نَهْرٍ أَوْ حَوْضٍ كَبِيْرٍ فِي الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: اور مجلس سے منتقل ہو جانے سے مجلس بدل جاتی ہے اگرچہ تانا تنتے ہوئے منتقل ہوا ہو، اور ایک شاخ سے دوسری شاخ کی طرف منتقل ہونے سے، اور نہر یا بڑے حوض میں تیرنے سے اصح قول کے مطابق۔

سوال: کیا نماز کے اندر رکوع و سجدہ کرنے سے سجدہ تلاوت ادا ہو جائے گا؟

جواب: اگر کسی نمازی نے نماز میں آیتِ سجدہ تلاوت کی اور نماز میں ہی سجدۂ تلاوت کے لئے نماز کے رکوع کے علاوہ رکوع کیا یا نماز کے سجدہ کے علاوہ سجدہ کیا تو سجدہ تلاوت ادا ہو جائے گا، لیکن سجدہ کرنا رکوع کرنے سے افضل ہے۔ کیونکہ سجدہ اصل ہے۔

اور سجدۂ تلاوت نماز کے رکوع سے بھی ادا ہو جاتا ہے بشر طیکہ رکوع کرتے وقت سجدۂ تلاوت کی نیت کی ہو۔ اور نماز کے سجدے سے بھی سجدۂ تلاوت ادا ہو جاتا ہے اور اس میں نیت کرنا ضروری نہیں، لیکن اس کے لئے ایک شرط ہے، اور وہ یہ کہ آیت سجدہ کے پڑھنے کے بعد فوراً رکوع کر کے سجدہ کرے اور فوراً سے مراد یہ ہے کہ دو آیتوں سے زیادہ کا فصل نہ ہوا ہو، لہذا اگر آیت سجدہ پڑھنے کے بعد تین آیتیں یا اس سے زیادہ پڑھ لیں تو اب نماز کے سجدہ سے سجدۂ تلاوت ادا نہیں ہو گا اور الگ سے سجدہ کرنا لازم ہو گا۔

سوال: اگر امام نے آیت سجدہ تلاوت کی اور اس کو ایسے آدمی نے سنا جو امام کے ساتھ شریک نماز نہ تھا تو سجدۂ تلاوت کے متعلق کیا احکام ہیں؟ بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: اس مسئلے کی چار صورتیں ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) اگر امام نے پہلی رکعت میں آیت سجدہ تلاوت کی اور اس کو ایسے شخص نے سنا جو امام کے ساتھ شریک نماز نہ تھا تو اس پر سجدہ کرنا واجب ہو گا۔ (۲) یا امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شامل ہوا تو ظاہر مذہب کے مطابق نماز سے فراغت کے بعد سجدۂ تلاوت کرنا واجب ہے، جبکہ بعض نے کہا کہ دوسری صورت یعنی دوسری رکعت میں شریک ہونے سے اس پر نہ نماز میں اور نہ خارج نماز میں واجب ہے کہ اقتدا کی وجہ سے سجدہ ساقط ہو گیا۔

(۳) اور اگر امام کے سجدۂ تلاوت کرنے سے پہلے امام کے ساتھ شریک نماز ہو گیا تو امام کے ساتھ سجدہ کرے یہ اس کے لئے کافی ہے۔

(۴) اور اگر امام کے سجدۂ تلاوت ادا کرنے کے بعد اسی رکعت میں جس میں آیتِ سجدہ تلاوت کی گئی تھی شامل ہوا تو اس پر سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہو گا نہ اندرون نماز نہ بیرون نماز، کیونکہ رکعت کو پا لینے کی وجہ سے حکماً سجدہ پانے والا ہو گیا۔

سوال: نماز میں آیتِ سجدہ تلاوت کی اور نماز میں سجدۂ تلاوت نہ کیا تو کیا بعد میں کرنا واجب ہے؟

جواب: اگر کسی شخص نے نماز میں آیت سجدہ تلاوت کی اور نماز میں سجدۂ تلاوت نہ کیا تو نماز کے باہر ادا کرنے سے ادا نہ ہو گا کہ وہ ساقط ہو گیا لہذا اگر قصداً ترک کیا تو گنہگار ہوا توبہ کرے، اور اگر سہواً ترک ہوا تو معاف ہے۔

سوال: اگر کسی نے نماز کے باہر آیت سجدہ پڑھی اور پھر نماز میں داخل ہو کر اسی آیت سجدہ کی تلاوت کی تو کیا حکم ہو گا؟

جواب: اس کی دو صورتیں ہیں:

(۱) اگر کسی نے نماز کے باہر آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ کر لیا پھر اسی جگہ نماز میں داخل ہو کر اسی آیت سجدہ کی تلاوت کی تو اس پر نماز کے اندر تلاوت کرنے کی وجہ سے پھر سے سجدہ کرنا واجب ہو گا، لہٰذا دوبارہ پھر کرے۔

(۲) اور اگر کسی نے نماز کے باہر آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ نہ کیا پھر اسی جگہ نماز میں داخل ہو کر اسی آیت کی تلاوت کی اور نماز میں سجدۂ تلاوت کر لیا تو یہ سجدہ دونوں تلاوتوں کی طرف سے کافی ہو گا یہ مسئلہ ظاہر الروایت کے مطابق ہے جبکہ بعض کے نزدیک ایک ہی سجدہ ادا ہو گا اور بعد نماز دوسرا سجدہ کرنا ضروری ہو گا۔

مصنف نے اس مسئلہ کو ایک دوسرے مسئلہ سے تشبیہ دی ہے اور کہا ہے کہ جس طرح ایک مجلس میں ایک آیت سجدہ کو بار بار پڑھنے سے صرف ایک سجدہ تمام تلاوتوں کی جانب سے کافی ہے اسی طرح اوپر والے مسئلے میں دونوں کی طرف سے ایک سجدہ کافی ہے۔

سوال: ایک مجلس میں آیتِ سجدہ بار بار پڑھی یا سنی تو کتنے سجدے واجب ہوئے؟

جواب: ایک مجلس میں سجدہ کی ایک آیت کو بار بار پڑھا یا سنا تو ایک ہی سجدہ واجب ہو گا، اگرچہ چند شخصوں سے سنا ہو۔ یوہیں اگر آیت پڑھی اور وہی آیت دوسرے سے سنی جب بھی ایک ہی سجدہ واجب ہو گا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۷۱۲.)

ہاں اگر ایک مجلس میں چند آیتِ سجدہ پڑھی یا سنی تو اتنے ہی سجدے واجب ہوئے۔ یوں ہی ایک آیت کو دو مجلسوں میں پڑھا یا سنا تو دو سجدے واجب ہوئے۔

مسئلہ: بخلاف دُرود شریف کے کہ نام اقدس لیا یا سنا تو ایک بار دُرود شریف واجب اور ہر بار مستحب۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۷۱۲، ۷۱۷.)

سوال: مجلس کب بدلتی ہے؟

جواب: پہلی مجلس سے اٹھ کر کہیں چلا جائے تو مجلس بدلنے کا حکم لگا دیا جائے گا اگرچہ کپڑے کا تانا تننے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ گیا ہو، اور اس کی مقدار یہ ہے کہ اگر دو تین قدم چلا تو مجلس نہیں بدلی اور اگر اس سے زیادہ چلا تو مجلس بدل جائے گی۔ اور یہ حکم صحراء اور راستوں کا ہے۔ اسی طرح درخت کے ایک شاخ سے دوسرے شاخ میں چلے جانے سے مجلس بدل جاتی ہے۔ اسی طرح نہر یا بڑے تالاب میں تیرنے سے مجلس بدل جاتی ہے۔

اسی طرح ہل جوتنا، چکی کے بیل کے پیچھے پھرنا، عورت کا بچہ کو دُودھ پلانا، ان سب صورتوں میں مجلس بدل جاتی ہے جتنی بار پڑھے گا یا سُنے گا اتنے سجدے واجب ہوں گے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۷۱۴.)

مسئلہ: ایک جگہ بیٹھے بیٹھے تانا تن رہا ہے تو مجلس بدل رہی ہے اگرچہ فتح القدیر میں اس کے خلاف لکھا، اس لئے کہ یہ عملِ کثیر ہے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۷۱۶.)

مَالَا یَتَبَدَّلُ بِهِ الْمَجْلِسُ

وَلَا يَتَبَدَّلُ بِزَوَايَا الْبَيْتِ وَالْمَسْجِدِ وَلَوْ كَبِيْرًا وَلَا بِسَيْرِ سَفِيْنَةٍ وَلَا بِرَكْعَةٍ وَبِرَكْعَتَيْنِ وَشَرْبَةٍ وَأَكْلِ لُقْمَتَيْنِ وَمَشْيِ خُطْوَتَيْنِ وَلَا بِاِتِّكَاءٍ وَقُعُوْدٍ وَقِيَامٍ وَرُكُوْبٍ وَنُزُوْلٍ فِيْ مَحَلِّ تِلَاوَتِهٖ وَلَا بِسَيْرِ دَابَّتِهٖ مُصَلِّيًا وَيَتَكَرَّرُ الْوُجُوْبُ عَلَى السَّامِعِ بِتَبْدِيْلِ مَجْلِسِهٖ وَقَدِ اتَّحَدَ مَجْلِسُ التَّالِيْ لَا بِعَكْسِهٖ عَلَى الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: اور کمرہ اور مسجد کے گوشوں سے مجلس نہیں بدلتی اگرچہ مسجد بڑی ہو، اور نہ کشتی کے چلنے سے اور نہ ایک دو رکعت پڑھنے سے، اور نہ پانی پینے سے، اور نہ دو لقموں کے کھانے سے، اور نہ دو قدموں کے چلنے سے، اور نہ تکیہ لگانے سے، اور نہ بیٹھنے اور کھڑے ہونے سے، اور نہ تلاوت کی جگہ میں سوار ہونے اور اترنے سے، اور نہ اس کی سواری کے چلنے سے اس حال میں کہ وہ نماز پڑھ رہا ہو۔ اور سننے والے پر وجوب مکرر ہوتا ہے اس کی مجلس کے بدل جانے سے اس حال میں کہ تلاوت کرنے والے کی مجلس ایک ہو، اس کے عکس کی صورت میں نہیں اصح قول کے مطابق۔

مُتَفَرِّقَاتٌ

وَكُرِهَ أَنْ يَقْرَأَ سُوْرَةً وَيَدَعَ آيَةَ السَّجْدَةِ لَا عَكْسُهٗ وَنُدِبَ ضَمُّ آيَةٍ أَوْ أَكْثَرَ إِلَيْهَا وَنُدِبَ إِخْفَاؤُهَا عَنْ غَيْرِ مُتَأَهِّبٍ لَهَا وَنُدِبَ الْقِيَامُ ثُمَّ السُّجُوْدُ لَهَا وَلَا يَرْفَعُ السَّامِعُ رَأْسَهٗ مِنْهَا قَبْلَ تَالِيْهَا وَلَا يُؤْمَرُ التَّالِيْ بِالتَّقَدُّمِ وَلَا السَّامِعُوْنَ بِالْاِصْطِفَافِ فَيَسْجُدُوْنَ كَيْفَ كَانُوْا۔

ترجمہ: اور سورت کو پڑھنا اور آیت سجدہ کو چھوڑ دینا مکروہ قرار دیا گیا ہے، اس کا عکس مکروہ نہیں۔ اور آیت سجدہ کے ساتھ ایک آیت یا زیادہ آیتوں کا ملانا مستحب قرار دیا گیا ہے، اور آیت سجدہ کو آہستہ پڑھنا مستحب قرار دیا گیا ہے اس شخص کے سامنے جو سجدے کے لئے تیار نہ ہو، اور مستحب ہے کھڑا ہونا پھر تلاوت کا سجدہ کرنا، اور سامع سجدے سے پہلے اپنا سر تالی سے پہلے نہ اٹھائے۔ اور پڑھنے والے کو آگے بڑھنے کا اور سننے والوں کو صف لگانے کا حکم نہیں دیا جائے گا، پس وہ لوگ سجدہ کرلیں جیسے بھی ہوں۔

شُرُوْطُهَا وَكَيْفِيَّتُهَا

وَشُرِطَ لِصِحَّتِهَا شَرَائِطُ الصَّلَاةِ إِلَّا التَّحْرِيْمَةَ۔ وَكَيْفِيَّتُهَا أَنْ يَسْجُدَ سَجْدَةً وَاحِدَةً بَيْنَ تَكْبِيْرَتَيْنِ هُمَا سُنَّتَانِ بِلَا رَفْعِ يَدٍ وَلَا تَشَهُّدٍ وَلَا تَسْلِيْمٍ۔

ترجمہ: اور سجدہ تلاوت کے صحیح ہونے کے لئے وہ شرطیں ہیں جو نماز کے صحیح ہونے کے لئے ہیں مگر تحریمہ۔ اور سجدے کی کیفیت یہ ہے کہ ایک سجدہ دو تکبیروں کے درمیان کرے، یہ دونوں تکبیریں سنت ہیں بغیر ہاتھ اٹھائے اور بغیر تشہد و سلام کے۔

سوال: مجلس نہ بدلنے کی صورتیں بیان کریں۔

جواب: مجلس نہ بدلنے کی چند صورتیں یہ ہیں:

(۱) مسجد یا گھر کے ایک کونے سے دوسرے کونے میں جانے سے مجلس نہیں بدلتی اگرچہ وہ گھر یا مسجد بڑے ہوں۔ (۲) کشتی کے چلنے سے سوار کی مجلس نہیں بدلتی۔ (۳) ایک دو رکعت نماز کے پڑھنے سے مجلس نہیں بدلتی۔ (۴) ایک دو گھونٹ پانی پینے سے۔ (۵) ایک دو لقمے کھا لینے سے۔ (۶) دو قدم چلنے سے۔ (۷) بیٹھنے کے بعد ٹیک لگانے سے۔ (۸) بیٹھا تھا پھر کھڑا ہو گیا۔ (۹) کھڑا تھا پھر بیٹھ گیا۔ (۱۰) سوار تھا پھر اس جگہ اتر گیا۔ (۱۱) سواری سے اترا ہوا تھا پھر اسی جگہ سوار ہو گیا۔ (۱۲) سواری کو روک کر اس کے اوپر نماز پڑھ رہا تھا کہ سواری چل پڑی، پس ان سورتوں میں مجلس نہیں بدلتی۔ جبکہ بہار شریعت میں یوں مذکور ہے:

دو ایک لقمہ کھانے، دو ایک گھونٹ پینے، کھڑے ہو جانے، دو ایک قدم چلنے، سلام کا جواب دینے، دو ایک بات کرنے، مکان کے ایک گوشہ سے دوسرے کی طرف چلے جانے سے مجلس نہ بدلے گی، ہاں اگر مکان بڑا ہے جیسے شاہی محل تو ایسے مکان میں ایک گوشہ سے دوسرے میں جانے سے مجلس بدل جائے گی حالانکہ مصنف نے فرمایا کی اگرچہ مکان اور مسجد بڑی ہو مجلس نہیں بدلے گی۔ کشتی میں ہے اور کشتی چل رہی ہے، مجلس نہ بدلے گی۔ ریل کا بھی یہی حکم ہونا چاہیے، جانور پر سوار ہے اور وہ چل رہا ہے تو مجلس بدل رہی ہے ہاں اگر سواری پر نماز پڑھ رہا ہے تو نہ بدلے گی، تین لقمے کھانے، تین گھونٹ پینے، تین کلمے بولنے، تین قدم میدان میں چلنے، نکاح یا خرید و فروخت کرنے، لیٹ کر سو جانے سے مجلس بدل جائے گی۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة، ج۱، ص۱۳۴.)

مصنف نے فرمایا کہ ایک کونے سے دوسرے کونے میں جانے سے مجلس نہیں بدلے گی اگرچہ وہ مکان بڑا ہو، جبکہ صاحب بہارِ شریعت نے اس کے خلاف فرمایا ہے اور اب فتوی صاحبِ بہار شریعت کے قول پر ہے۔

سوال: پڑھنے والے کی مجلس نہیں بدلی مگر سننے والے کی مجلس بدل گئی تو ایک آیت کے مکرر سننے کا کیا حکم ہے؟

جواب: پڑھنے والے نے کئی مجلسوں میں ایک آیت بار بار پڑھی اور سننے والے کی مجلس نہ بدلی تو پڑھنے والا جتنی مجلسوں میں پڑھے گا اس پر اتنے ہی سجدے واجب ہوں گے اور سننے والے پر ایک، اور اگر اس کا عکس ہے یعنی پڑھنے والا ایک مجلس میں بار بار پڑھتا رہا اور سننے والے کی مجلس بدلتی رہی تو پڑھنے والے پر ایک سجدہ واجب ہو گا اور سننے والے پر اتنے جتنی مجلسوں میں سُنا۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة، ج۱، ص۱۳۴.)

سوال: پوری سورت پڑھنا اور آیتِ سجدہ چھوڑ دینا کیسا ہے؟

جواب: پوری سورت پڑھنا اور آیت سجدہ چھوڑ دینا مکروہِ تحریمی ہے اور صرف آیت سجدہ کے پڑھنے میں کراہت نہیں، مگر بہتر یہ ہے کہ دو ایک آیت پہلے یا بعد کی ملا لے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۷۱۷، وغیرہ.)

سوال: آیتِ سجدہ کو آہستہ پڑھنا کب مستحب ہے؟

جواب: سامعین سجدہ کرنے پر آمادہ ہوں اور سجدہ ان پر بار نہ ہو تو آیت بلند آواز سے پڑھنا اولیٰ ہے ورنہ آہستہ اور سامعین کا حال معلوم نہ ہو کہ آمادہ ہیں یا نہیں جب بھی آہستہ پڑھنا بہتر ہونا چاہیے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۷۱۸.)

سوال: "وندب القیام تم سجود لھا" اور "ولا یرفع السامع راسہ منھا قبلنا لیھا" اور "ولا یؤمر الفاظ بلتقدم ولا سامعون بلاصطفاف" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: "ندب القیام" سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جس نے بیٹھ کر سجدہ کی آیت پڑھی تو اس کو کھڑے ہو کر سجدہ میں جانا مستحب ہے اور پھر سجدے کے بعد کھڑا ہونا، یہ دونوں قیام مستحب ہیں، پس اگر کوئی بیٹھے بیٹھے ہی اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدۂ تلاوت کر لیا تب بھی درست ہے۔

"ولا یرفع" سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر کسی نے نماز کے باہر کسی سے آیت سجدہ سنی تو مستحب ہے کہ سننے والا تلاوت کرنے والے کے ساتھ سجدہ کرے اور سامع تالی سے پہلے اپنا سر نہ اٹھائے

ولا یؤمر سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر سامع نے تالی کے ساتھ سجدہ کیا تو تالی کا سامع سے اگے ہونا اور سامعین کو صف بندی کر کے کھڑا ہونا لازم نہیں ہے بلکہ اپنی اپنی جگہ پر سجدہ کر لیں۔

سوال: سجدۂ تلاوت کے لئے کیا شرائط ہیں؟

جواب: سجدۂ تلاوت کے لئے تحریمہ کے سوا تمام وہ شرائط ہیں جو نماز کے لئے ہیں مثلاً طہارت، استقبال قبلہ، نیت، وقت، ستر عورت، لہٰذا اگر پانی پر قادر ہے تیمم کر کے سجدہ کرنا جائز نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۶۹۹.)

مسئلہ: اس کی نیت میں یہ شرط نہیں کہ فلاں آیت کا سجدہ ہے بلکہ مطلقاً سجدۂ تلاوت کی نیت کافی ہے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب سجود التلاوۃ، ج۲، ص۶۹۹.)

سوال: سجدۂ تلاوت کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

جواب: سجدۂ تلاوت کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ کھڑا ہو کر **اَللّٰہُ اَکْبَرْ** کہتا ہوا سجدہ میں جائے اور کم سے کم تین بار **سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی** کہے، پھر **اَللّٰہُ اَکْبَرْ** کہتا ہوا کھڑا ہو جائے، پہلے پیچھے دونوں بار **اَللّٰہُ اَکْبَرْ** کہنا سنت ہے اور کھڑے ہو کر سجدہ میں جانا اور سجدہ کے بعد کھڑا ہونا یہ دونوں قیام مستحب۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثالث عشر في سجود التلاوۃ، ج۱، ص۱۳۵)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصْلٌ فِيْ سَجْدَةِ الشُّكْرِ

یہ فصل سجدۂ شکر کے بیان میں ہے

سَجْدَةُ الشُّكْرِ مَكْرُوْهَةٌ عِنْدَ الْإِمَامِ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللهُ لَا يُثَابُ عَلَيْهَا وَتَرْكُهَا وَقَالَا هِيَ قُرْبَةٌ يُثَابُ عَلَيْهَا وَهَيْئَتُهَا مِثْلُ سَجْدَةِ التِّلَاوَةِ۔

ترجمہ: سجدۂ شکر امام اعظم کے نزدیک مکروہ ہے اس پر ثواب نہیں دیا جائے گا، اور صاحبین نے فرمایا سجدۂ شکر عبادت ہے جس پر ثواب دیا جاتا ہے، اور اس کی صورت سجدۂ تلاوت کے جیسے ہے۔

فَائِدَةٌ مُهِمَّةٌ لِدَفْعِ كُلِّ مُهِمَّةٍ

قَالَ الْإِمَامُ النَّسَفِيُّ فِي الْكَافِيْ مَنْ قَرَأَ آيَ السَّجْدَةِ كُلَّهَا فِيْ مَجْلِسٍ وَاحِدٍ وَسَجَدَ لِكُلٍّ مِنْهَا كَفَاهُ اللهُ مَا أَهَمَّهُ۔

ترجمہ: ہر پریشانی کو دور کرنے کے لئے عظیم الشان فائدہ امام نسفی نے کافی (نامی کتاب) میں فرمایا کہ جو شخص سجدے کی تمام آیتوں کو ایک مجلس میں پڑھے اور ہر آیت کے لئے سجدہ کرے تو اللہ اس کو ہر معاملے میں کافی ہو گا جو اس کو پریشان کئے ہوئے ہے۔

سوال: سجدۂ شکر کرنا کیسا ہے؟ مع دلیل بیان کریں۔

جواب: امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک سجدۂ شکر ادا کرنا مکروہ ہے اور کرنے والے کو اس پر کوئی ثواب نہیں ملتا، جبکہ صاحبین کے نزدیک سجدۂ شکر عبادت ہے اور اس پر ثواب بھی ملتا ہے، اور اب اسی قول پر فتویٰ ہے۔

اور بعض لوگوں نے امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کی جانب سے جواب دیا کہ امامِ اعظم نے سجدۂ شکر کے مشروع ہونے کا انکار نہیں کیا بلکہ وجوب کا انکار کیا ہے کہ ہر نعمت کے بدلے سجدۂ شکر ادا کرنا واجب نہیں ہے ورنہ تو بندہ ساری زندگی ہر نعمت کے بدلے سجدۂ شکر کرتا رہے گا کہ اللہ عزوجل کی نعمتیں بے شمار ہیں لہذا حرج لازم آئے گا جس کی وجہ سے واجب نہیں ہے۔

اور بعض نے کہا کہ امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کی مراد نفی سے پورے شکر کی نفی ہے اس لئے کہ پورا شکر دو رکعت نمازِ شکرانہ ادا کرنا ہے نہ کہ صرف ایک سجدہ۔

اور بعض نے یہ کہا کہ جو ایک رکعت سے کم ہو وہ عبادت نہیں لہذا سجدۂ شکر بھی عبادت نہیں کہ وہ ایک رکعت سے کم ہے۔

سوال: سجدۂ شکر کب کیا جاتا ہے اور اس کے ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: سجدۂ شکر مثلاً اولاد پیدا ہوئی یا مال پایا یا گمی ہوئی چیز مل گئی یا مریض نے شفا پائی یا مُسافر واپس آیا غرض کسی نعمت پر سجدہ کرنا مستحب ہے اور اس کا طریقہ وہی ہے جو سجدۂ تلاوت کا ہے اور اس کا طریقہ سوال نمبر ۴۱۰ کے جواب میں بیان کیا جاچکا ہے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثالث عشر في سجود التلاوۃ، ج۱، ص۱۳۶.)

سوال: تمام آیات سجدہ ایک مجلس میں پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب: امام نسفی نے اپنی کتاب الکافی شرح الوافی میں لکھا ہے کہ جس مقصد کے لئے ایک مجلس میں سجدہ کی سب آیتیں پڑھ کر سجدے کرے اللہ عزوجل اس کا مقصد پورا فرمادے گا۔ خواہ ایک ایک آیت پڑھ کر اس کا سجدہ کرتا جائے یا سب کو پڑھ کر آخر میں چودہ سجدے کرلے۔

("غنیۃ المتملي"، سجدۃ التلاوۃ، ص۵۰۷.)

پانی کی طرف رہنمائی کرنے والا جنّ

حضرتِ سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے دورِ خلافت میں عاشقانِ رسول کا ایک قافِلہ **حج** کے ارادے سے نکلا، انہیں راستے میں پیاس لگی، ایک کنواں نظر آیا مگر اس کا پانی کھارا تھا۔ لِہٰذا وہ آگے بڑھ گئے، حتّٰی کہ شام ہوگئی لیکن پانی نہ ملا۔ قافِلہ رات بھر چلتا رہا یہاں تک کہ ایک کھجور کے دَرَخْت کے پاس پہنچا، یکایک ایک **سیاہ فام موٹا آدمی** نُمودار ہوا، اُس نے کہا: اے قافِلے والو! میں نے رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو فرماتے سنا ہے: "جو شخص اللہ تَعَالٰی اور قِیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اُسے چاہئے کہ وہ مسلمان بھائیوں کیلئے وُہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے اور مسلمان بھائیوں کے لیے وہ چیز ناپسند کرے جو اپنے لئے ناپسند کرتا ہے۔" "تم لوگ یہاں سے آگے بڑھو، ایک ٹیلا آئے گا پھر اپنی دائیں جانب مُڑ جانا وہاں تمہیں پانی مل جائے گا۔ ان میں سے کسی نے کہا کہ اللہ کی قسم! میرے خیال میں یہ شیطان ہے، دوسرے شخص نے تردید کرتے ہوئے کہا: "شیطان اِس قسم کی باتیں نہیں کرتا، یہ کوئی **مسلمان جنّ** ہے۔" بہَرحال وہ لوگ چل پڑے اور اُس جنّ کی نشاندہی کے مطابق پانی تک پہنچ گئے۔ (ایضاً ص۱۰۹ مُلَخّصاً)

بَابُ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ

یہ جمعہ کی نماز کا باب ہے

حُكْمُهَا

صَلَاةُ الْجُمُعَةِ فَرْضُ عَيْنٍ عَلَى مَنِ اجْتَمَعَ فِيْهِ سَبْعَةُ شَرَائِطَ۔

ترجمہ: جمعہ کی نماز فرض عین ہے ہر اس شخص پر جس میں سات شرطیں جمع ہوں:

شُرُوْطُ وُجُوْبِهَا

اَلذُّكُوْرَةُ وَالْحُرِّيَّةُ وَالْإِقَامَةُ بِمِصْرٍ أَوْ فِيْمَا هُوَ دَاخِلٌ فِيْ حَدِّ الْإِقَامَةِ بِهَا فِي الْأَصَحِّ والصِّحَّةُ وَالْأَمْنُ مِنْ ظَالِمٍ وَسَلَامَةُ الْعَيْنَيْنِ وَسَلَامَةُ الرِّجْلَيْنِ۔

ترجمہ: (۱) مذکر ہونا۔ (۲) آزاد ہونا۔ (۳) مقیم ہونا شہر میں یا ایسی جگہ میں جو مقیم ہونے کی حد میں شہر میں داخل ہو اصح قول کے مطابق۔ (۴) تندرست ہونا۔ (۵) ظالم سے امن ہونا۔ (۶) دونوں آنکھوں کا سالم ہونا۔ (۷) دونوں پاؤں کا سالم ہونا۔

شُرُوْطُ صِحَّتِهَا

وَيُشْتَرَطُ لِصِحَّتِهَا سِتَّةُ أَشْيَاءَ اَلْمِصْرُ أَوْ فِنَاؤُهُ وَالسُّلْطَانُ أَوْ نَائِبُهُ وَوَقْتُ الظُّهْرِ فَلَا تَصِحُّ قَبْلَهُ وَتَبْطُلُ بِخُرُوْجِهِ وَالْخُطْبَةُ قَبْلَهَا بِقَصْدِهَا فِيْ وَقْتِهَا وَحُضُوْرُ أَحَدٍ لِسِمَاعِهَا مِمَّنْ تَنْعَقِدُ بِهِمِ الْجُمُعَةُ وَلَوْ وَاحِدًا فِي الصَّحِيْحِ وَالْإِذْنُ الْعَامُّ۔

ترجمہ: اور جمعہ کے صحیح ہونے کے لئے چھ شرطیں ہیں: (۱) شہر یا فنائے شہر۔ (۲) سلطان یا اس کا نائب۔ (۳) ظہر کا وقت، پس وقت ظہر سے پہلے جمعہ صحیح نہیں ہے اور نماز جمعہ وقت ظہر کے نکل جانے سے باطل ہو جائے گی۔ (۴) خطبہ نماز جمعہ سے پہلے جمعہ کے ارادے سے جمعہ کے وقت میں اور خطبہ سننے کے لئے کسی شخص کا حاضر ہونا ان میں سے جن سے جمعہ منعقد ہوتا ہے اگرچہ ایک ہی ہو صحیح قول کے مطابق۔ (۵) اور عام اجازت۔

وَالْجَمَاعَةُ وَهُمْ ثَلَاثَةُ رِجَالٍ غَيْرَ الْإِمَامِ وَلَوْ كَانُوْا عَبِيْدًا أَوْ مُسَافِرِيْنَ أَوْ مَرْضٰى وَالشَّرْطُ بَقَاؤُهُمْ مَعَ الْإِمَامِ حَتّٰى يَسْجُدَ فَإِنْ نَفَرُوْا بَعْدَ سُجُوْدِهٖ أَتَمَّهَا وَحْدَهٗ جُمُعَةً وَإِنْ نَفَرُوْا قَبْلَ سُجُوْدِهٖ بَطَلَتْ وَلَا تَصِحُّ بِامْرَأَةٍ أَوْ صَبِيٍّ مَعَ رَجُلَيْنِ وَجَازَ لِلْعَبْدِ وَالْمَرِيْضِ أَنْ يَؤُمَّ فِيْهَا۔

ترجمہ: (٦) اور جماعت اور وہ امام کے سوا تین مرد ہیں اگرچہ وہ غلام ہوں یا مسافر ہوں یا بیمار ہوں اور ان تین کا باقی رہنا امام کے ساتھ سجدے تک شرط ہے، پس اگر یہ لوگ امام کے سجدے کے بعد چلے جائیں تو امام جمعہ کو تنہا ادا کرلے جمعہ کی حیثیت سے اور اگر وہ لوگ امام کے سجدہ سے پہلے چلے جائیں تو جمعہ کی نماز باطل ہو جائے گی، اور دو مردوں کے ساتھ ایک عورت یا ایک بچہ سے نماز جمعہ صحیح نہیں ہے اور غلام اور بیمار کے لئے جمعہ میں امامت کرنا جائز ہے۔

سوال: جمعہ کی لغوی تحقیق بیان کریں۔

جواب: جمعہ ج اور م کے پیش سے، جُمُعٌ سے بنا، بمعنی مجتمع ہونا، اکٹھا ہونا۔ چونکہ اس دن میں تمام مخلوقات وجود میں مجتمع ہوئی کہ تکمیلِ خلق اسی دن ہوئی، نیز حضرت آدم علیہ السلام کی مٹی اس دن ہی جمع ہوئی، نیز اس دن میں لوگ نماز جمعہ جمع ہو کر ادا کرتے ہیں ان وجوہ سے اسے جمعہ کہتے ہیں۔ اسلام سے پہلے اہل عرب اسے عروبہ کہتے تھے۔ چنانچہ ان کے ہاں ہفتہ کے دنوں کے نام حسب ذیل تھے:

اوّل، اَھْوَن، جُبار، دبار، مونس، عروبہ، شیاء۔ (مرآۃ المناجیح جلد ۲ باب الجمعہ ص ۵۸۴)

سوال: جمعہ کا حکمِ شرعی کیا ہے؟

جواب: جمعہ فرض عین ہے اور اس کی فرضیّت ظہر سے زیادہ مؤکد ہے اور اس کا منکر کافر ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، ج۳، ص۵.)

سوال: جمعہ کے واجب ہونے کی کتنی شرطیں ہیں اور کون کون سی ہیں؟

جواب: مصنف نے اپنی کتاب میں بیان کیا ہے کہ جس شخص میں سات شرطیں پائی جائیں گی اس پر جمعہ فرضِ عین ہے، جبکہ دیگر کتب میں گیارہ شرطیں بیان ہوئی ہیں۔ پس ان میں سے اگر ایک بھی شرط نہ پائی گئی تو اس پر جمعہ فرض نہیں، ہاں! فرض نہ ہونے کے باوجود اگر کوئی پڑھے گا تو ہو جائے گا، شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) مـــــرد ہونا: لہذا عورت پر جمعہ فرض نہیں۔

(۲) آزاد ہونا: لہذا غلام پر جمعہ فرض نہیں اور اس کا آقا منع کر سکتا ہے۔ مکاتب غلام پر جمعہ واجب ہے۔ یو ہیں جس غلام کا کچھ حصہ آزاد ہو چکا ہو باقی کے لئے سعایت کرتا ہو یعنی بقیہ آزاد ہونے کے لئے کما کر اپنے آقا کو دیتا ہو اس پر بھی جمعہ فرض ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، ج۳، ص۳۱.)

نوکر اور مزدور کو ان کا سیٹھ جمعہ پڑھنے سے نہیں روک سکتا، البتہ اگر مسجد جامع دور ہے تو جتنا حرج ہوا ہے اس کی مزدوری میں کم کر سکتا ہے اور مزدور اس کا مطالبہ بھی نہیں کر سکتا۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة، ج۱، ص۱۴۴.)

(۳) شہر یا ایسی جگہ میں مقیم ہونا جہاں کے ٹھہرنے کو شہر میں ٹھہرنا کہا جا سکے: لہذا مسافر پر اور ایسے شخص پر جو گاؤں میں مقیم ہو جمع فرض نہیں اصح قول کے مطابق، اور غیر اصح قول یہ ہے کہ جو شہر سے باہر ہو اگر اس کے لئے جمعہ میں حاضر ہونا بغیر کسی تکلیف کے ممکن ہو تو اس پر جمعہ واجب ہے۔

(۴) تندرست ہونا: لہذا مریض پر جمعہ فرض نہیں۔ مریض سے مراد وہ ہے جو مسجدِ جمعہ تک نہ جاسکتا ہو یا چلا تو جائے گا مگر مرض بڑھ جائے گا یا دیر میں اچھا ہو گا۔ ("غنية المتملي"، فصل في صلاة الجمعة، ص۵۴۸.) شیخ فانی مریض کے حکم میں ہے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ج۳، ص۳۱.) جو شخص مریض کا تیماردار ہو، جانتا ہے کہ جمعہ کو جائے گا تو مریض دِقتوں میں پڑ جائے گا اور اس کا کوئی پرسانِ حال نہ ہو گا تو اس تیماردار پر جمعہ فرض نہیں۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ج۳، ص۳۱،)

(۵) ظالم سے امن ہونا: یعنی بادشاہ یا چور وغیرہ کسی ظالم کا خوف نہ ہونا، مفلس قرضدار کو اگر قید کا اندیشہ ہو تو اس پر فرض نہیں۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، مطلب في شروط وجوب الجمعة، ج۳، ص۳۳.)

(۶) دونوں آنکھوں کا سالم ہونا: لہذا ایک آنکھ کا کانا اور نابینا پر جمعہ فرض نہیں اگرچہ اس کو لے جانے والا کوئی موجود ہو عند الامام الاعظم۔ جبکہ صاحبین کے نزدیک ان پر فرض ہے، اور اب فتوی صاحبین کے قول پر ہے جیسے کہ بہار شریعت میں مذکور ہے:

صحیح قول یہ ہے کہ یک چشم اور جس کی نگاہ کمزور ہو اس پر جمعہ فرض ہے۔ یوہیں جو اندھا مسجد میں اذان کے وقت باوضو ہو اس پر جمعہ فرض ہے اور وہ نابینا جو خود مسجد جمعہ تک بلا تکلّف نہ جا سکتا ہو اگرچہ مسجد تک کوئی لے جانے والا ہو، اُجرتِ مثل پر لے جائے یا بلا اُجرت اس پر جمعہ فرض نہیں۔ ("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، مطلب في شروط وجوب الجمعة، ج۳، ص۳۲.)

بعض نابینا بلا تکلّف بغیر کسی کی مدد کے بازاروں، راستوں میں چلتے پھرتے ہیں اور جس مسجد میں چاہیں بلا پُوچھے جاسکتے ہیں ان پر جمعہ فرض ہے۔ ("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، مطلب في شروط وجوب الجمعة، ج۳، ص۳۲.)

(۷) دونوں پاؤں کا سالم ہونا: یعنی چلنے پر قادر ہونا۔ اپاہج پر جمعہ فرض نہیں، اگرچہ کوئی ایسا ہو کہ اسے اٹھا کر مسجد میں رکھ آئے گا۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، مطلب في شروط وجوب الجمعة، ج۳، ص۳۲.)

جس کا ایک پاؤں کٹ گیا ہو یا فالج سے بیکار ہو گیا ہو، اگر مسجد تک جا سکتا ہو تو اس پر جمعہ فرض ہے ورنہ نہیں۔ ('الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ج۳، ص۳۲،)

سوال: جمعہ کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: جمعہ کے صحیح ہونے (پڑھنے) کے لئے چھ شرطیں ہیں کہ ان میں سے ایک شرط بھی مفقود ہو تو ہو گا ہی نہیں۔

(۱) شہر یا فنائے شہر کا ہونا: اس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

(۲) سلطان یا اس کے نائب کا ہونا: سُلطان عادل ہو یا ظالم جمعہ قائم کر سکتا ہے۔ یوہیں اگر زبردستی بادشاہ بن بیٹھا یعنی شرعاً اس کو حق امامت نہ ہو، مثلاً قرشی نہ ہو یا اور کوئی شرط مفقود ہو تو یہ بھی جمعہ قائم کر سکتا ہے۔ یوہیں اگر عورت بادشاہ بن بیٹھی تو اس کے حکم سے جمعہ قائم ہو گا، یہ خود نہیں قائم کر سکتی۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، مطلب في صحۃ الجمعۃ... إلخ، ج۳، ص۹)

(۳) ظہر کا وقت: پس وقت ظہر سے پہلے جمعہ صحیح نہیں ہے اور نماز جمعہ وقت ظہر کے نکل جانے سے باطل ہو جائے گی۔ یعنی وقت ظہر میں نماز پوری ہو جائے تو اگر اثنائے نماز میں اگرچہ تشہد کے بعد عصر کا وقت آگیا جمعہ باطل ہو گیا ظہر کی قضا پڑھیں۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السادس عشر في صلاۃ الجمعۃ، ج۱، ص۱۴۶.)

(۴) خطبہ کا ہونا: جمعہ کے خطبے میں شرط یہ ہے، کہ: (۱) وقت میں ہو اور (۲) نماز سے پہلے اور (۳) ایسی جماعت کے سامنے ہو جو جمعہ کے لئے شرط ہے یعنی کم سے کم خطیب کے سوا تین مرد اور (۴) اتنی آواز سے ہو کہ پاس والے سُن سکیں اگر کوئی امر مانع نہ ہو تو اگر زوال سے پیشتر خطبہ پڑھ لیا یا نماز کے بعد پڑھا یا تنہا پڑھا یا عورتوں بچوں کے سامنے پڑھا تو ان سب صورتوں میں جمعہ نہ ہوا اور اگر بہروں یا سونے والوں کے سامنے پڑھا یا حاضرین دور ہیں کہ سنتے نہیں یا مسافر یا بیماروں کے سامنے پڑھا جو عاقل بالغ مرد ہیں تو ہو جائے گا۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، مطلب في نیۃ آخر ظھر بعد صلاۃ الجمعۃ، ج۳، ص۲۱.)

(۵) اور عام اجازت: یعنی مسجد کا دروازہ کھول دیا جائے کہ جس مسلمان کا جی چاہے آئے کسی کی روک ٹوک نہ ہو، اگر جامع مسجد میں جب لوگ جمع ہو گئے دروازہ بند کر کے جمعہ پڑھا نہ ہوا۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السادس عشر في صلاۃ الجمعۃ، ج۱، ص۱۴۸.)

(۶) جماعت: یعنی امام کے علاوہ کم سے کم تین مردوں کا ہونا، اگر تین غلام یا مسافر یا بیمار یا گونگے یا اَن پڑھ مقتدی ہوں تو جمعہ ہو جائے گا اور صرف عورتیں یا بچے ہوں تو نہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السادس عشر في صلاۃ الجمعۃ، ج۱، ص۱۴۸)

سوال: اگر وہ لوگ امام کے سجدہ کرنے سے پہلے چلے جائیں تو کیا حکم ہے؟

جواب: پہلی رکعت کا سجدہ کرنے سے پیشتر سب مقتدی بھاگ گئے یا صرف 2 مقتدی رہ گئے تو جمعہ باطل ہو گیا سرے سے ظہر کی نیت باندھے اور اگر سب بھاگ گئے مگر تین مرد باقی ہیں یا سجدہ کے بعد بھاگے یا تحریمہ کے بعد بھاگ گئے تھے مگر پہلے رکوع میں آکر شامل ہو گئے یا خطبہ کے بعد بھاگ گئے اور امام نے دوسرے تین مردوں کے ساتھ جمعہ پڑھا تو ان سب صورتوں میں جمعہ جائز ہے۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، مطلب في قول الخطیب... إلخ، ج۳، ص۲۷.)

سوال: اگر نمازِ جمعہ میں دو مرد کے ساتھ ایک عورت یا ایک بچہ ہو تو کیا جمعہ کی نماز صحیح ہوگی؟

جواب: اگر نمازِ جمعہ میں دو مرد کے ساتھ ایک عورت یا ایک بچہ ہو تو جمعہ کی نماز صحیح نہیں ہو گی کیونکہ تینوں کا بالغ اور مرد ہونا شرط ہے۔ ہاں اگر تین غلام یا مسافر یا بیمار یا گونگے یا اَن پڑھ مقتدی ہوں تو جمعہ ہو جائے گا اور صرف عورتیں یا بچے ہوں تو نہیں۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة، ج۱، ص۱۴۸.)

سوال: کیا غلام اور مریض جمعہ کی امامت کرسکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! غلام اور مریض پر اگرچہ جمعہ فرض نہیں لیکن ان کو جمعہ کا امام بنانا جائز ہے۔ جمعہ کی امامت ہر مرد کر سکتا ہے جو اور نمازوں میں امام ہو سکتا ہو اگرچہ اس پر جمعہ فرض نہ ہو جیسے مریض، مسافر، غلام۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب الجمعة، ج۳، ص۳۳.)

یعنی جبکہ سلطان اسلام یا اس کا نائب یا جس کو اس نے اجازت دی بیمار ہو یا مسافر تو یہ سب نماز جمعہ پڑھا سکتے ہیں یا انہوں نے کسی مریض یا مسافر یا غلام یا کسی لائق امامت کو اجازت دی ہو یا بضرورت عام لوگوں نے کسی ایسے کو امام مقرر کیا ہو جو امامت کر سکتا ہو، یہ نہیں کہ بطور خود جس کا جی چاہے جمعہ پڑھاوے کہ یوں جمعہ نہ ہو گا۔

وَالْمِصْرُ كُلُّ مَوْضِعٍ لَهٗ مُفْتٍ وَأَمِيْرٌ وَقَاضٍ يُنَفِّذُ الْأَحْكَامَ وَيُقِيْمُ الْحُدُوْدَ وَبَلَغَتْ أَبْنِيَتُهٗ مِنٰى فِي ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ وَاِذَا كَانَ الْقَاضِيْ أَوِ الْأَمِيْرُ مُفْتِيًا أَغْنٰى عَنِ التَّعْدَادِ وَجَازَتِ الْجُمُعَةُ بِمِنٰى فِي الْمَوْسِمِ لِلْخَلِيْفَةِ أَوْ أَمِيْرِ الْحِجَازِ ۔

ترجمہ: اور مصر وہ جگہ ہے جس کے لئے کوئی مفتی امیر اور قاضی ہو جو احکام نافذ کرتا ہو اور حدود قائم کرتا ہو اور شہر کی عمارتیں منی کی عمارتوں کی مقدار کو پہنچ گئی ہوں ظاہر روایت کے مطابق۔ اور جب قاضی یا امیر مفتی ہو تو تعداد سے بے نیاز کر دیگا اور خلیفہ اور امیر حجاز کے لئے موسم حج میں منی میں جمعہ جائز ہے۔

اَلْخُطْبَةُ وَسُنَنُهَا

وَصَحَّ الْاِقْتِصَارُ فِي الْخُطْبَةِ عَلٰى نَحْوِ تَسْبِيْحَةٍ أَوْ تَحْمِيْدَةٍ مَعَ الْكَرَاهَةِ وَسُنَنُ الْخُطْبَةِ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَيْئًا اَلطَّهَارَةُ وَسَتْرُ الْعَوْرَةِ وَالْجُلُوْسُ عَلَى الْمِنْبَرِ قَبْلَ الشُّرُوْعِ فِي الْخُطْبَةِ وَالْاَذَانُ بَيْنَ يَدَيْهِ كَالْإِقَامَةِ ثُمَّ قِيَامُهٗ وَالسَّيْفُ بِيَسَارِهٖ مُتَّكِئًا عَلَيْهِ فِيْ كُلِّ بَلْدَةٍ فُتِحَتْ عَنْوَةً وَبِدُوْنِهٖ فِيْ بَلْدَةٍ فُتِحَتْ صُلْحًا وَاِسْتِقْبَالُ الْقَوْمِ بِوَجْهِهٖ وَبِدَاءَتُهٗ بِحَمْدِ اللهِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهٗ وَالشَّهَادَتَانِ وَالصَّلَاةُ عَلٰى سَيِّدِنَا النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: اور خطبہ میں ایک تسبیح یا تحمید پر اکتفاء کرنا صحیح ہے کراہت کے ساتھ اور خطبہ کی سنتیں اٹھارہ ہیں۔ (۱) پاکی۔ (۲) ستر عورت۔ (۳) خطبہ شروع کرنے سے پہلے ممبر پر بیٹھنا۔ (۴) اقامت کی طرح امام کے سامنے اذان دینا۔ (۵) پھر امام کا کھڑا ہونا اس حال میں کہ تلوار اس کی بائیں ہاتھ میں ہو اور وہ اس پر سہارا دیئے ہوئے ہو ہر ایسے شہر میں جو غلبہ سے فتح کیا گیا ہو اور تلوار کے علاوہ (یعنی لکڑی و عصا وغیرہ) ایسے شہر میں جو صلح سے فتح کیا گیا ہو۔ (۶) اپنا رخ قوم کی طرف کرنا۔ (۷) خطبہ کو اللہ کی حمد سے شروع کرنا اور ایسی ثنا سے جس کا وہ اہل ہے۔ (۸) شہادتین کہنا۔ (۹) نبی ﷺ پر درود پڑھنا۔

وَالْعِظَةُ وَالتَّذْكِيْرُ وَقِرَاءَةُ آيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ وَخُطْبَتَانِ وَالْجُلُوْسُ بَيْنَ الْخُطْبَتَيْنِ وَإِعَادَةُ الْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ وَالصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ اِبْتِدَاءِ الْخُطْبَةِ الثَّانِيَةِ وَالدُّعَاءُ فِيْهَا لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ بِالْاِسْتِغْفَارِ لَهُمْ وَأَنْ يَسْمَعَ الْقَوْمُ الْخُطْبَةَ وَ تَخْفِيْفُ الْخُطْبَتَيْنِ بِقَدْرِ سُوْرَةٍ مِنْ طِوَالِ الْمُفَصَّلِ وَيُكْرَهُ التَّطْوِيْلُ وَتَرْكُ شَيْءٍ مِنَ السُّنَنِ۔

ترجمہ: (۱۰) وعظ کرنا۔ (۱۱) نصیحت کرنا۔ (۱۲) قرآن کی کسی آیت کا پڑھنا۔ (۱۳) دو خطبوں کا ہونا۔ (۱۴) دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا۔ (۱۵) حمد و ثنا اور نبی ﷺ پر درود کا اعادہ کرنا دوسرے خطبے کے شروع میں۔ (۱۶) خطبے میں مومن مردوں اور عورتوں کے لئے مغفرت کی دعا کرنا۔ (۱۷) قوم کا خطبے کو سننا۔ (۱۸) دونوں خطبوں کو مختصر کرنا طوال مفصل کی ایک سورت کے بقدر اور خطبے کو لمبا کرنا اور خطبے کی سنتوں میں سے کسی سنت کو چھوڑ دینا مکروہ ہے۔

سوال: مصر سے کون سی جگہ مراد ہے؟

جواب: مصنف نے ظاہر الروایت کے حوالے سے فرمایا کہ: مصر وہ جگہ ہے جہاں مفتی، امیر اور قاضی رہتے ہوں اور احکام جاری کریں اور حدود کے قائم کرنے پر قادر ہوں، اور اس کی کم سے کم آبادی منیٰ شریف کی آبادی کے برابر ہو۔

جبکہ بہار شریعت میں یوں مذکور ہے اور اسی پر اب فتوی ہے: مصر وہ جگہ ہے جس میں متعدد کُوچے اور بازار ہوں اور وہ ضلع یا پرگنہ (ضلع کا حصہ۔) ہو کہ اس کے متعلق دیہات گنے جاتے ہوں اور وہاں کوئی حاکم ہو کہ اپنے دبدبہ و سَطوَت کے سبب مظلوم کا انصاف ظالم سے لے سکے یعنی انصاف پر قدرت کافی ہے، اگرچہ ناانصافی کرتا اور بدلہ نہ لیتا ہو اور مصر کے آس پاس کی جگہ جو مصر کی مصلحتوں کے لئے ہو اسے "فنائے مصر" کہتے ہیں۔ جیسے قبرستان، گھوڑ دوڑ کا میدان، فوج کے رہنے کی جگہ، کچہریاں، اسٹیشن کہ یہ چیزیں شہر سے باہر ہوں تو فنائے مصر میں ان کا شمار ہے اور وہاں جمعہ جائز۔ لہٰذا جمعہ شہر میں پڑھا جائے یا قصبہ میں یا ان کی فنا میں اور گاؤں میں جائز نہیں۔ (بہار شریعت جلد۔ ۱۔ ص ۷۶۲)

یہ شرائط امام اعظم کے نزدیک تھیں لیکن اب فتویٰ امام ابو یوسف کے قول پر ہے جو کہ یہ ہے:

آبادی میں اتنے مسلمان مرد عاقل وبالغ کہ جن پر جمعہ ہو سکے، آباد ہوں کہ اگر وہ وہاں کی سب سے بڑی مسجد میں جمع ہوں تو نہ سما سکیں، تو وہاں جمعہ قائم کرنا جائز ہے کیونکہ ایسی جگہ امام ابو یوسف سے مروی ایک روایت کے مطابق جمعہ کے صحیح ہونے کے لئے شہر سمجھی جاتی ہے، اگرچہ یہ اصل مذہب کے خلاف ہے، مگر فی زمانہ تعامل اور دفعِ حرج کی بناء پر علماء کی اکثریت اس روایت پر عمل کرنے میں حرج نہیں جانتی، بلا کراہت ایسی جگہوں میں بسنے والوں کے جمعہ و عیدین کو درست قرار دیتی ہے، لہٰذا اس تعریف پر پورے اترنے والے قصبات میں قائم ہونے والی نمازِ جمعہ و عیدین درست ہے۔

اور جو آبادیاں اس تعریف پر بھی پوری نہیں اترتیں وہاں جمعہ و عیدین مذہبِ حنفی میں ضرور ناجائز و گناہ ہے۔

سوال: اگر قاضی یا امیر، مفتی بھی ہو تو کیا کافی ہوگا؟

جواب: اگر ایک ہی شخص قاضی بھی ہو اور مفتی بھی ہو یا ایک ہی شخص امیر بھی ہو اور مفتی بھی ہو تو وہی کافی ہو گا، کیونکہ مدار احکام کی معرفت پر ہے نہ کہ اشخاص کی کثرت پر۔

سوال: ایّامِ حج میں منیٰ شریف کے اندر نمازِ جمعہ ادا کرنے کی کیا شرط ہے؟

جواب: حج کے دنوں میں منیٰ میں جمعہ پڑھا جائے گا جبکہ یا خلیفۃ المسلمین بذاتِ خود یا امیر حجاز (یعنی شریف مکّہ) وہاں موجود ہو اور امیر موسم یعنی وہ کہ حاجیوں کے لئے حاکم بنایا گیا ہے جمعہ نہیں قائم کر سکتا۔ موسمِ حج کے علاوہ اور دنوں میں منیٰ شریف میں جمعہ نہیں ہو سکتا اور عرفات میں مطلقاً نہیں ہو سکتا، نہ حج کے زمانہ میں، نہ اور دنوں میں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السادس عشر في صلاۃ الجمعۃ، ج۱، ص۱۴۵.) کیونکہ وہاں مستقل آبادی نہیں ہے۔

سوال: خطبہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: خطبہ ذکر الٰہی کا نام ہے اگرچہ صرف ایک بار **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ یا سُبْحٰنَ اللہِ یا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ** کہا اسی قدر سے فرض ادا ہو گیا مگر اتنے ہی پر اکتفا کرنا مکروہ ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، ج۳، ص ۲۲، وغیرہ.)

سوال: خطبے کی کتنی اور کون کون سی سنتیں ہیں؟ بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: مصنف کے بیان کے مطابق خطبے کی 18 سنتیں ہیں لیکن یہ عدد حصر کے لئے نہیں بلکہ اس سے زائد بھی ہو سکتی ہیں جیسے کہ دیگر کتب میں اس کی تعداد 22 تک بیان کی گئی ہے، اور وہ یہ ہیں:

(۱) خطیب کا حدث اصغر و اکبر سے پاک ہونا سنت ہے فرض نہیں۔ کیونکہ خطبہ نماز نہیں ہے۔ (۲) ستر عورت اگرچہ یہ فرض ہے خواہ نماز میں ہو نماز کے باہر، لیکن خطبہ میں اس کے سنت ہونے سے مراد یہ ہے کہ اس کے بغیر خطبہ مکروہ ہو گا۔ (۳) خطبہ شروع کرنے سے پہلے خطیب کا منبر پر بیٹھنا۔ (۴) جب خطیب منبر پر بیٹھ جائے تو اذان ثانی امام کے سامنے دینا جیسے کہ اقامت خطبہ کے بعد امام کے سامنے دی جاتی ہے اور سامنے

سے مراد مسجد کے اندر نہیں بلکہ مسجد کے باہر امام کے بالمقابل دیں۔ (۵) خطبہ کھڑے ہو کر پڑھنا۔ اور جو شہر تلوار سے فتح ہوا اس میں اگر خطیب امام المسجد یا اس کا نائب ہو تو خطبے کے وقت اپنے بائیں ہاتھ میں تلوار لے کر اس پر سہارا کر لے تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اگر تم اسلام سے پھرے تو تلوار ابھی مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے وہ تم سے قتال کریں گے، اور جو شہر صلح سے فتح ہوا ہو وہاں تلوار لے کر خطبہ نہ پڑھے بلکہ عصا یا لکڑی وغیرہ لے کر پڑھے۔ (۶) امام کا سامعین کی طرف منہ کرنا اور قبلہ کو پیٹھ کرنا۔ (۷) اللہ کی حمد و ثنا سے خطبہ کو شروع کرنا۔ (۸) اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی شہادتین کے ذریعے گواہی دینا۔ (۹) رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنا۔ (۱۰) معاصی سے زجر کرتے ہوئے اور اللہ کے خوف سے ڈراتے ہوئے پہلے خطبے میں وعظ کرنا۔ (۱۱) جن اعمال کے کرنے سے نجات ملے گی ان اعمال کی نصیحت کرنا۔ (۱۲) قرآن پاک کی کم سے کم ایک آیت کی تلاوت کرنا۔ (۱۳) خطیب کا دو خطبے پڑھنا۔ (۱۴) دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا، اور اس کی مقدار تین آیات پڑھنے کے بقدر ہے۔ (۱۵) حمد و ثناء اور درود کا دوسرے خطبے میں اعادہ کرنا۔ نیز خلفائے راشدین و حمزہ و عباس رضی اللہ عنہم کا ذکر کرنا مستحسن ہے۔ (۱۶) دوسرے خطبے میں مسلمان مرد و عورت کے لئے بخشش کی دعا، دشمنوں پر مدد کی دعا اور امراض و بلیلات سے حفاظت کی دعا کرنا۔ (۱۷) خطبہ اتنی بلند آواز سے پڑھنا کہ لوگ سن سکیں۔ بالخصوص خطبہ ثانیہ۔ (۱۸) خطبہ کو زیادہ لمبا نہ کرنا، دونوں خطبے طوال مفصل کی کسی سورت کے برابر ہوں۔

سوال: **خطبے کے مکروہات بیان کریں۔**

جواب: خطبے کو طوالِ مفصل کی کسی سورت سے زیادہ لمبا کرنا اور خطبے کی سنتوں میں سے کسی سنت کو چھوڑ دینا مکروہ ہے۔

متفرقات

وَيَجِبُ السَّعْيُ لِلْجُمُعَةِ وَتَرْكُ الْبَيْعِ بِالْاَذَانِ الْأَوَّلِ فِي الْأَصَحِّ وَإِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ فَلَا صَلَاةَ وَلَا كَلَامَ وَ لَا يَرُدُّ سَلَاماً وَلَا يُشَمِّتُ عَاطِسًاحَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِهٖ وَكُرِهَ لِحَاضِرِ الْخُطْبَةِ اَلْاَكْلُ وَالشُّرْبُ وَالْعَبَثُ وَالْاِلْتِفَاتُ وَلَا يُسَلِّمُ الْخَطِيْبُ عَلَى الْقَوْمِ اِذَا اسْتَوٰى عَلَى الْمِنْبَرِ۔

ترجمہ: اور پہلی اذان سے جمعہ کے لئے سعی کرنا اور خرید و فروخت کو چھوڑ دینا واجب ہے اصح قول کے مطابق۔ اور جب امام نکلے تو نماز پڑھنا اور بات کرنا جائز نہیں ہے اور نہ سلام کا جواب دے اور نہ چھینکنے والے کی چھینک کا جواب دے یہاں تک کہ امام اپنی نماز سے فارغ ہو جائے۔ اور خطبے میں حاضر ہونے والے کے لئے کھانا، پینا، کھیلنا اور ادھر ادھر دیکھنا مکروہ قرار دیا گیا ہے، اور خطیب لوگوں کو سلام نہ کرے جب منبر پر چڑھ جائے۔

وَكُرِهَ الْخُرُوْجُ مِنَ الْمِصْرِ بَعْدَ النِّدَاءِ مَا لَمْ يُصَلِّ وَمَنْ لَا جُمُعَةَ عَلَيْهِ إِنْ أَدَّاهَا جَازَ عَنْ فَرْضِ الْوَقْتِ وَمَنْ لَا عُذْرَ لَهٗ لَوْ صَلَّى الظُّهْرَ قَبْلَهَا حَرُمَ فَإِنْ سَعٰى إِلَيْهَا وَالْإِمَامُ فِيْهَا بَطَلَ ظُهْرُهٗ وَإِنْ لَمْ يُدْرِكْهَا وَكُرِهَ

لِلْمَعْذُوْرِ وَالْمَسْجُوْنِ أَدَاءُ الظُّهْرِ بِجَمَاعَةٍ فِي الْمِصْرِ يَوْمَهَا وَمَنْ أَدْرَكَهَا فِي التَّشَهُّدِ أَوْ سُجُوْدِ السَّهْوِ أَتَمَّ جُمُعَةً۔ وَاَللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ۔

ترجمہ: اور اذان کے بعد شہر سے نکلنا مکروہ ہے جب تک کہ نماز نہ پڑھ لے، اور جس شخص پر جمعہ واجب نہیں ہے اگر اس نے جمعہ ادا کرلیا تو وقت کے فرض (ظہر) کی طرف سے جائز ہے، اور جس شخص کے لئے کوئی عذر نہ ہو اگر اس نے ظہر کی نماز جمعہ سے پہلے پڑھ لی تو حرام ہے، پس اگر (ظہر پڑھنے کے بعد) جمعہ کے لئے سعی کی اس حال میں کہ امام جمعہ میں مشغول تھا تو اس کی ظہر باطل ہو جائے گی اگرچہ اس نے جمعہ کو نہ پایا ہو۔ اور معذور اور قیدی کے لئے ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنا شہر میں جمعہ کے دن مکروہ قرار دیا گیا ہے۔ اور جس نے جمعہ کو تشہد یا سجدہ سہو میں پالیا تو وہ جمعہ کو پورا کرے اور اللہ زیادہ جانتا ہے۔

سوال: جمعہ کے لئے سعی کب واجب ہوتی ہے؟

جواب: پہلی اذان کے ہوتے ہی سعی واجب ہے اور بیع وغیرہ ان چیزوں کا جو سعی کے منافی ہوں چھوڑ دینا واجب یہاں تک کہ راستہ چلتے ہوئے اگر خرید و فروخت کی تو یہ بھی ناجائز اور مسجد میں خرید و فروخت تو سخت گناہ ہے, اور کھانا کھا رہا تھا کہ اذان جمعہ کی آواز آئی، اگر یہ اندیشہ ہو کہ کھائے گا تو جمعہ فوت ہو جائے گا تو کھانا چھوڑ دے اور جمعہ کو جائے، جمعہ کے لئے اطمینان و وقار کے ساتھ جائے۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة، ج۱، ص۱۴۹.)

سوال: خطبے میں کیا چیزیں حرام ہیں؟

جواب: جو چیزیں نماز میں حرام ہیں مثلاً کھانا پینا، سلام و جواب سلام وغیرہ یہ سب خطبہ کی حالت میں بھی حرام ہیں یہاں تک کہ امر بالمعروف، ہاں خطیب امر بالمعروف کر سکتا ہے، جب خطبہ پڑھے تو تمام حاضرین پر سننا اور چپ رہنا فرض ہے، جو لوگ امام سے دور ہوں کہ خطبہ کی آواز ان تک نہیں پہنچتی انہیں بھی چپ رہنا واجب ہے، اگر کسی کو بری بات کرتے دیکھیں تو ہاتھ یا سر کے اشارے سے منع کر سکتے ہیں زبان سے ناجائز ہے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب الجمعة، ج۳، ص۳۹.)

اور یہی اصح قول ہے، جبکہ غیر اصح قول یہ ہے کہ یہ ساری چیزیں اذانِ ثانی سے منع ہوتی ہیں۔

سوال: جب امام خطبہ دینے کے لئے منبر کی طرف چلے تو کون کون سے کام منع ہو جاتے ہیں؟

جواب: جب امام خطبہ کے لئے کھڑا ہوا اس وقت سے ختم نماز تک نماز و اذکار اور ہر قسم کا کلام منع ہے، البتہ صاحب ترتیب اپنی قضا نماز پڑھ لے۔ یوہیں جو شخص سنت یا نفل پڑھ رہا ہے جلد جلد پوری کرلے۔ ("جد الممتار" علی "رد المحتار" كتاب الصلاة، باب الجمعة، ج۱، ص۳۷۸.)

سوال: اذانِ جمعہ کے بعد شہر سے نکلنا کیسا ہے؟

جواب: جس شخص پر جمعہ پڑھنا واجب ہے اس کو اذان اوّل کے بعد شہر سے نکلنا مکروہِ تحریمی ہے جب تک جمعہ نہ پڑھ لے۔

سوال: جس پر جمعہ فرض نہیں لیکن اس نے پڑھ لیا تو کیا ظہر کی نماز بھی اس کو پڑھنی ہوگی؟

جواب: جس شخص پر جمعہ واجب نہیں ہے اگر اس نے جمعہ کی نماز پڑھ لی تو جمعہ ہو جائے گا اور ظہر کا فرض اس کے ذمہ سے اتر جائے گا ، اب ظہر کی نماز پڑھنا اس کے ذمہ نہیں رہا۔

سوال: غیر معذور شخص نے نمازِ جمعہ سے پہلے نمازِ ظہر پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟

جواب: جس پر جمعہ فرض ہے اسے شہر میں جمعہ ہو جانے سے پہلے ظہر پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، بلکہ امام ابن ہمام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: حرام ہے اور پڑھ لیا جب بھی جمعہ کے لئے جانا فرض ہے اور جمعہ ہو جانے کے بعد ظہر پڑھنے میں کراہت نہیں، بلکہ اب تو ظہر ہی پڑھنا فرض ہے، اگر جمعہ دوسری جگہ نہ مل سکے، مگر جمعہ ترک کرنے کا گناہ اس کے سر رہا۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، مطلب في شروط وجوب الجمعۃ، ج۳، ص۳۳.)

سوال: اگر ظہر ادا کرنے کے بعد نمازِ جمعہ کے لئے نکلا تو کیا حکم ہے؟

جواب: جس شخص نے جمعہ ہونے سے پہلے ظہر پڑھ لیا تھا، پھر نادم ہو کر گھر سے جمعہ کی نیت سے نکلا اگر اس وقت امام نماز میں ہو تو نماز ظہر جاتی رہی، جمعہ مل جائے تو پڑھ لے ورنہ ظہر کی نماز پھر پڑھے اگرچہ مسجد دور ہونے کے سبب جمعہ نہ ملا ہو۔

("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، ج۳، ص۳۴.)

سوال: جن پر جمعہ فرض نہیں ان کا شہر میں ظہر با جماعت پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: مریض یا مسافر یا قیدی یا کوئی اور جس پر جمعہ فرض نہیں ان لوگوں کو بھی جمعہ کے دن شہر میں جماعت کے ساتھ ظہر پڑھنا مکروہِ تحریمی ہے، خواہ جمعہ ہونے سے پیشتر جماعت کریں یا بعد میں۔ یوہیں جنہیں جمعہ نہ ملا وہ بھی بغیر اذان و اقامت ظہر کی نماز تنہا تنہا پڑھیں، جماعت ان کے لئے بھی ممنوع ہے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، ج۳، ص۳۶.)

علما فرماتے ہیں جن مسجدوں میں جمعہ نہیں ہوتا، ان مسجدوں کو جمعہ کے دن ظہر کے وقت بند رکھیں۔

("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، ج۳، ص۳۶.)

سوال: اگر کسی نے امام کو نمازِ جمعہ کے تشہد یا سجدۂ سہو میں پایا تو کیا اس کی نماز ہو جائے گی؟

جواب: جس نے جمعہ کا قعدہ پالیا یا سجدۂ سہو کے بعد شریک ہوا اسے جمعہ مل گیا۔ لہٰذا اپنی دو ہی رکعتیں پوری کرے۔

("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب السادس عشر في صلاۃ الجمعۃ، ج۱، ص۱۴۹.)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ اَحۡكَامِ الۡعِيۡدَيۡنِ

یہ عیدین کے احکام کا باب ہے

حُكۡمُهَا وَشُرُوۡطُهَا

صَلَاةُ الۡعِيۡدِ وَاجِبَةٌ فِي الۡأَصَحِّ عَلٰى مَنۡ تَجِبُ عَلَيۡهِ الۡجُمُعَةُ بِشَرَائِطِهَا سِوَى الۡخُطۡبَةِ فَتَصِحُّ بِدُوۡنِهَا مَعَ الۡإِسَاءَةِ كَمَا لَوۡ قُدِّمَتِ الۡخُطۡبَةُ عَلٰى صَلَاةِ الۡعِيۡدِ۔

ترجمہ: دونوں عیدوں کی نماز واجب ہے اصح قول کے مطابق اس شخص پر جس پر جمعہ واجب ہوتا ہے جمعہ کی شرطوں کے ساتھ سوائے خطبہ کے پس نماز عید خطبہ کے بغیر اساءت کے ساتھ صحیح ہو جاتی ہے جیسے کہ اگر نمازِ عید پر خطبہ کو مقدم کر دیں۔

مَا يُنۡدَبُ فِيۡ عِيۡدِ الۡفِطۡرِ

وَنُدِبَ فِي الۡفِطۡرِ ثَلَاثَةَ عَشَرَ شَيۡئًا أَنۡ يَأۡكُلَ وَأَنۡ يَكُوۡنَ الۡمَأۡكُوۡلُ تَمۡرًا وَوِتۡرًا وَيَغۡتَسِلَ وَيَسۡتَاكَ وَيَتَطَيَّبَ وَيَلۡبَسَ أَحۡسَنَ ثِيَابِهٖ وَيُؤَدِّيَ صَدَقَةَ الۡفِطۡرِ إِنۡ وَجَبَتۡ عَلَيۡهِ وَيُظۡهِرَ الۡفَرَحَ وَالۡبَشَاشَةَ وَكَثۡرَةَ الصَّدَقَةِ حَسۡبَ طَاقَتِهٖ وَالتَّبۡكِيۡرُ وَهُوَ سُرۡعَةُ الۡاِنۡتِبَاهِ وَالۡاِبۡتِكَارُ وَهُوَ الۡمُسَارَعَةُ إِلَى الۡمُصَلّٰى۔

ترجمہ: اور عید الفطر میں تیرہ چیزیں مستحب قرار دی گئی ہے۔ (۱) کھانا۔ (۲) اور جو چیز کھائی جائے وہ چھوہارا ہو۔ (۳) اور تاک ہو۔ (۴) اور غسل کرے۔ (۵) اور مسواک کرے۔ (۶) اور خوشبو لگائے۔ (۷) اور اپنے کپڑوں میں سے سب سے اچھے کپڑے پہنے۔ (۸) اور صدقہ فطر ادا کرے اگر اس پر واجب ہو۔ (۹) اور خوشی اور بشاشت کو ظاہر کرے۔ (۱۰) اور اپنی طاقت کے مطابق صدقہ کی کثرت کرنا۔ (۱۱) اور تبکیر، اور یہ جلدی صبح سویرے اٹھنا ہے۔ (۱۳) اور ابتکار، اور یہ عید گاہ کی جانب جلدی جانا ہے۔

وَصَلَاةُ الصُّبۡحِ فِيۡ مَسۡجِدِ حَيِّهٖ ثُمَّ يَتَوَجَّهُ إِلَى الۡمُصَلّٰى مَاشِيًا مُكَبِّرًا سِرًّا وَيَقۡطَعُهٗ إِذَا انۡتَهٰى إِلَى الۡمُصَلّٰى فِيۡ رِوَايَةٍ۔ وَفِيۡ رِوَايَةٍ أُخۡرٰى إِذَا افۡتَتَحَ الصَّلَاةَ وَيَرۡجِعُ مِنۡ طَرِيۡقٍ آخَرَ۔

ترجمہ: اور صبح کی نماز اپنے محلے کی مسجد میں پڑھنا پھر عید گاہ کی جانب متوجہ ہو پیدل آہستہ آہستہ تکبیر کہتے ہوئے اور تکبیر کو بند کر دے جب عید گاہ پہنچ جائے ایک روایت کے مطابق اور دوسری روایت میں ہے کہ جب نماز شروع کرے، اور دوسرے راستے سے لوٹے۔

سوال: عید کو عید کیوں کہتے ہیں؟

جواب: عید عوْدٌ سے بنا، بمعنی لوٹنا، چونکہ یہ خوشی کا دن ہے اس لئے نیک فالی کے لئے اسے عید کہا گیا یعنی بار بار لوٹنے والی، اب ہر خوشی کے اجتماع کو عید کہہ دیتے ہیں جیسے عید میلاد، عید معراج۔ ہر مذہب و ملت میں چند ایام خوشی کے ہوتے ہیں اسلام نے سال میں خوشی کے لئے دو یوم مقرر کئے ہیں (۱) شوال کی پہلی تاریخ کو عید الفطر اور (۲) ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کو عید الاضحیٰ۔

سوال: عیدین کی نماز کا کیا حکم ہے؟

جواب: عیدین (عید الفطر و عید الاضحی) کی نماز اصح قول کے مطابق واجب ہے، جبکہ غیر اصح قول کے مطابق سنّتِ مؤکدہ ہے۔ بلاوجہ عید کی نماز چھوڑنا گمراہی و بدعت ہے۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ص۱۱۹.)

سوال: عیدین کی نماز کن لوگوں پر واجب ہے؟

جواب: عیدین کی نماز سب پر واجب نہیں بلکہ انہیں پر جن پر جمعہ واجب ہے۔

سوال: عیدین کی ادا کی کیا شرطیں ہیں؟

جواب: عیدین کی نماز کی ادا کی وہی شرطیں ہیں جو جمعہ کے لئے ہیں صرف اتنا فرق ہے کہ جمعہ میں خطبہ شرط ہے اور عیدین میں سنت، اگر جمعہ میں خطبہ نہ پڑھا تو جمعہ نہ ہوا اور عید میں نہ پڑھا تو نماز ہوگئی مگر بُرا کیا۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ جمعہ کا خطبہ قبل نماز ہے اور عیدین کا بعد نماز، اگر پہلے پڑھ لیا تو بُرا کیا، مگر نماز ہوگئی لوٹائی نہیں جائے گی اور خطبہ کا بھی اعادہ نہیں اور عیدین میں نہ اذان ہے نہ اقامت، صرف دوبار اتنا کہنے کی اجازت ہے۔ **اَلصَّلٰوۃُ جَامِعَۃٌ۔** ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السابع عشر في صلاۃ العیدین، ج۱، ص۱۵۰.)

سوال: عید الفطر مین کتنے اور کون کون سے مستحبات ہیں؟

جواب: مصنف نے عید الفطر کے 13 مستحبات بیان فرمائے ہیں۔ جو کہ یہ ہیں:

عید کے دن یہ امور مستحب ہیں: (۱) حجامت بنوانا۔ (۲) ناخن ترشوانا۔ (۳) غسل کرنا۔ (۴) مسواک کرنا۔ (۵) اچھے کپڑے پہننا، نیا ہو تو نیا ورنہ دُھلا ہوا۔ (۶) انگوٹھی پہننا۔ (۷) خوشبو لگانا۔ (۸) صبح کی نماز مسجد محلّہ میں پڑھنا۔ (۹) عید گاہ جلد چلا جانا۔ (۱۰) نماز سے پہلے صدقۂ فطر ادا کرنا۔ (۱۱) عید گاہ کو پیدل جانا۔ (۱۲) دوسرے راستہ سے واپس آنا۔ (۱۳) نماز کو جانے سے پیشتر چند کھجوریں کھالینا۔ تین، پانچ، سات یا کم و بیش مگر طاق ہوں، کھجوریں نہ ہوں تو کوئی میٹھی چیز کھالے، نماز سے پہلے کچھ نہ کھایا تو گنہگار نہ ہوا مگر عشا تک نہ کھایا تو عتاب (سرزنش) کی جائے گی۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السابع عشر في صلاۃ العیدین، ج۱، ص۱۴۹.)

وَيُكْرَهُ التَّنَفُّلُ قَبْلَ صَلَاةِ الْعِيدِ فِي الْمُصَلّٰى وَالْبَيْتِ وَبَعْدَهَا فِي الْمُصَلّٰى فَقَطْ عَلٰى اِخْتِيَارِ الْجُمْهُوْرِ۔

ترجمہ: عید کی نماز سے پہلے عید گاہ اور گھر میں نفل پڑھنا مکروہ ہے اور عید کی نماز کے بعد صرف عید گاہ میں مکروہ ہے جمہور کے اختیار کردہ فتوی کے مطابق۔

وَقْتُ صَلَاةِ الْعِيْدِ

وَوَقْتُ صِحَّةِ صَلَاةِ الْعِيْدِ مِنْ اِرْتِفَاعِ الشَّمْسِ قَدْرَ رُمْحٍ أَوْ رُمْحَيْنِ اِلٰى زَوَالِهَا۔

ترجمہ: اور عید کی نماز کے صحیح ہونے کا وقت سورج کے ایک یا دو نیزے کے بقدر بلند ہونے سے زوال تک ہے۔

كَيْفِيَّةُ صَلَاةِ الْعِيْدِ

وَكَيْفِيَّةُ صَلَاتِهِمَا أَنْ يَنْوِيَ صَلَاةَ الْعِيْدِ ثُمَّ يُكَبِّرُ لِلتَّحْرِيْمَةِ ثُمَّ يَقْرَأُ الثَّنَاءَ ثُمَّ يُكَبِّرُ تَكْبِيْرَاتِ الزَّوَائِدِ ثَلَاثًا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ كُلِّ مِنْهَا ثُمَّ يَتَعَوَّذُ ثُمَّ يُسَمِّي سِرًّا ثُمَّ يَقْرَأُ الْفَاتِحَةَ ثُمَّ سُوْرَةً وَنُدِبَ أَنْ تَكُوْنَ { سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى } ثُمَّ يَرْكَعُ فَإِذَا قَامَ لِلثَّانِيَةِ اِبْتَدَأَ بِالْبَسْمَلَةِ ثُمَّ بِالْفَاتِحَةِ ثُمَّ بِالسُّوْرَةِ۔

ترجمہ: اور دونوں عیدوں کی نماز کی ترکیب یہ ہے کہ نماز عید کی نیت کرے پھر تحریمہ کے لئے تکبیر کہے پھر ثنا پڑھے پھر زائد تکبیریں تین مرتبہ کہے اور ہر تکبیر میں اپنے ہاتھ کو اٹھائے پھر تعوذ پھر بسم اللہ آہستہ سے پڑھے پھر سورۂ فاتحہ اور سورت پڑھے اور سبح اسم ربك الاعلى کے ہونے کو مستحب قرار دیا گیا ہے پھر رکوع کرے پس جب دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہو تو بسم اللہ سے شروع کرے پھر فاتحہ پھر سورت سے۔

وَنُدِبَ أَنْ تَكُوْنَ سُوْرَةَ الْغَاشِيَةِ ثُمَّ يُكَبِّرُ تَكْبِيْرَاتِ الزَّوَائِدِ ثَلَاثًا وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْهَا كَمَا فِي الْأُوْلٰى وَهٰذَا أَوْلٰى مِنْ تَقْدِيْمِ تَكْبِيْرَاتِ الزَّوَائِدِ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ عَلَى الْقِرَاءَةِ فَإِنْ قَدَّمَ التَّكْبِيْرَاتِ عَلَى الْقِرَاءَةِ فِيْهَا جَازَ ثُمَّ يَخْطُبُ الْإِمَامُ بَعْدَ الصَّلَاةِ خُطْبَتَيْنِ يُعَلِّمُ فِيْهِمَا أَحْكَامَ صَدَقَةِ الْفِطْرِ۔

ترجمہ: اور سورہ غاشیہ کا ہونا مستحب قرار دیا گیا ہے پھر تین مرتبہ زائد تکبیریں کہے اور ہر تکبیر میں اپنے ہاتھ کو اٹھائے جیسے کہ پہلی رکعت میں اور یہ اولی ہے دوسری رکعت میں تکبیر زوائد کو قراءت پر مقدم کرنے سے، پس اگر دوسری رکعت میں تکبیرِ زوائد کو قراءت پر مقدم کیا تو جائز ہے، پھر نماز کے بعد امام دو خطبہ پڑھے اور ان دونوں میں صدقۂ فطر کے احکام سکھائے۔

سوال: نمازِ عید سے پہلے اور بعد میں نفل پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: نماز عید سے قبل نفل نماز مطلقاً مکروہ ہے، عید گاہ میں ہو یا گھر میں اس پر عید کی نماز واجب ہو یا نہیں، یہاں تک کہ عورت اگر چاشت کی نماز گھر میں پڑھنا چاہے تو عید کی نماز ہو جانے کے بعد پڑھے، اور نماز عید کے بعد عید گاہ میں نفل پڑھنا مکروہ ہے، گھر میں پڑھ سکتا ہے بلکہ مستحب ہے کہ چار رکعتیں پڑھے۔

یہ احکام خواص کے ہیں، عوام اگر نفل پڑھیں اگرچہ نماز عید سے پہلے اگرچہ عید گاہ میں انہیں منع نہ کیا جائے۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۵۷۔۶۰.)

سوال: نمازِ عید کا وقت کب سے کب تک ہے؟

جواب: نماز کا وقت بقدر ایک نیزہ آفتاب بلند ہونے سے ضحوۂ کبریٰ یعنی نصف النہار شرعی تک ہے، مگر عید الفطر میں دیر کرنا اور عید الاضحی میں جلد پڑھ لینا مستحب ہے اور سلام پھیرنے کے پہلے زوال ہو گیا ہو تو نماز جاتی رہی۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۶۰، وغیرہ.)

زوال سے مراد نصف النہار شرعی ہے، جس کا بیان باب الاوقات میں گزرا۔

سوال: نمازِ عید کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: نماز عید کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت واجب عید الفطر یا عید الاضحی کی نیت کر کے کانوں تک ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھ لے پھر ثنا پڑھے پھر کانوں تک ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ چھوڑ دے پھر ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ چھوڑ دے پھر ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھ لے یعنی پہلی تکبیر میں ہاتھ باندھے، اس کے بعد دو تکبیروں میں ہاتھ لٹکائے پھر چوتھی تکبیر میں باندھ لے۔ اس کو یوں یاد رکھے کہ جہاں تکبیر کے بعد کچھ پڑھنا ہے وہاں ہاتھ باندھ لئے جائیں اور جہاں پڑھنا نہیں وہاں ہاتھ چھوڑ دیے جائیں، پھر امام **اعوذ** اور **بسم اللہ** آہستہ پڑھ کر جہر کے ساتھ الحمد اور سورت پڑھے پھر رکوع و سجدہ کرے، دوسری رکعت میں پہلے الحمد و سورت پڑھے پھر تین بار کان تک ہاتھ لے جا کر اللہ اکبر کہے اور ہاتھ نہ باندھے اور چوتھی بار بغیر ہاتھ اٹھائے اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع میں جائے، اس سے معلوم ہو گیا کہ عیدین میں زائد تکبیریں چھ ہوئیں، تین پہلی میں قراءت سے پہلے اور تکبیر تحریمہ کے بعد اور تین دوسری میں قراءت کے بعد، اور تکبیر رکوع سے پہلے اور ان چھوؤں تکبیروں میں ہاتھ اٹھائے جائیں گے اور ہر دو تکبیروں کے درمیان تین تسبیح کی قدر سکتہ کرے اور عیدین میں مستحب یہ ہے کہ پہلی میں سورۂ جمعہ اور دوسری میں سورۂ منافقون پڑھے یا پہلی میں **سَبِّحِ اسْمَ** اور دوسری میں **هَلْ اَتٰكَ**۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۶۱، وغیرہ.)

نماز کے بعد امام دو خطبے پڑھے عید الفطر کے خطبہ میں صدقۂ فطر کے احکام کی تعلیم کرے، اور وہ پانچ باتیں ہیں: (۱) کس پر واجب ہے؟ (۲) اور کس کے لئے؟ (۳) اور کب؟ (۴) اور کتنا؟ (۵) اور کس چیز سے؟

بلکہ مناسب یہ ہے کہ عید سے پہلے جو جمعہ پڑھے اس میں بھی یہ احکام بتا دیے جائیں کہ پیشتر سے لوگ واقف ہو جائیں، اور عید الاضحی کے خطبہ میں قربانی کے احکام اور تکبیرات تشریق کی تعلیم کی جائے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۶۷،)

وَمَنْ فَاتَتْهُ الصَّلَاةُ مَعَ الْإِمَامِ لَا يَقْضِيهَا وَتُؤَخِّرُ بِعُذْرٍ إِلَى الْغَدِ فَقَطْ۔

ترجمہ: اور جس شخص کی نماز عید امام کے ساتھ فوت ہو جائے تو وہ اس کی قضا نہیں کرے گا اور کسی عذر کی وجہ سے صرف اگلے روز تک نماز عید مؤخر کی جاسکتی ہے۔

أَحْكَامُ الْأَضْحٰى

وَأَحْكَامُ الْأَضْحٰى كَالْفِطْرِ لٰكِنَّهُ فِي الْأَضْحٰى يُؤَخِّرُ الْأَكْلَ عَنِ الصَّلَاةِ وَيُكَبِّرُ فِي الطَّرِيْقِ جَهْرًا وَيُعَلِّمُ الْأُضْحِيَةَ وَتَكْبِيْرَ التَّشْرِيْقِ فِي الْخُطْبَةِ وَتُؤَخَّرُ بِعُذْرٍ إِلٰى ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ وَالتَّعْرِيْفُ لَيْسَ بِشَيْءٍ۔

ترجمہ: اور عید الاضحی کے احکام عید الفطر کی طرح ہیں لیکن عید الاضحی میں کھانے کو نماز سے مؤخر کرے گا اور راستہ میں بلند آواز سے تکبیر کہے گا اور امام خطبے میں قربانی اور تکبیر تشریق کو سکھائے گا اور نماز عید الاضحی کسی عذر کی وجہ سے تین دن تک مؤخر کی جاسکتی ہے، اور عرفہ منانا کوئی چیز نہیں ہے۔

حُكْمُ تَكْبِيْرِ التَّشْرِيْقِ وَمُدَّتُهُ وَمَنْ تَجِبُ عَلَيْهِ

وَيَجِبُ تَكْبِيْرُ التَّشْرِيْقِ مِنْ بَعْدِ فَجْرِ عَرْفَةَ إِلٰى عَصْرِ الْعِيْدِ مَرَّةً فَوْرَ كُلِّ فَرْضٍ أُدِّيَ بِجَمَاعَةٍ مُتَسَحَبَّةٍ عَلٰى إِمَامٍ مُقِيْمٍ بِمِصْرٍ وَعَلٰى مَنْ اِقْتَدٰى بِهٖ وَلَوْ كَانَ مُسَافِرًا أَوْ رَقِيْقًا أَوْ أُنْثٰى عِنْدَ الْإِمَامِ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللهُ وَقَالَا تَجِبُ فَوْرَ كُلِّ فَرْضٍ عَلٰى مَنْ صَلَّاهُ وَلَوْ مُنْفَرِدًا أَوْ مُسَافِرًا أَوْ قَرَوِيًّا إِلٰى عَصْرِ الْخَامِسِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ وَبِهٖ يُعْمَلُ وَعَلَيْهِ الْفَتْوٰى وَلَا بَأْسَ بِالتَّكْبِيْرِ عَقِبَ صَلَاةِ الْعِيْدَيْنِ۔

ترجمہ: اور تکبیر تشریق واجب ہے عرفہ کی فجر کے بعد سے عید کی عصر تک ایک مرتبہ ہر ایسی فرض نماز کے بعد جو جماعت مستحبہ کے ساتھ ادا کی گئی ہو ایسے امام پر جو شہر میں مقیم ہو اور اس شخص پر جس نے اقتدا کی اگرچہ مقتدی مسافر ہو یا غلام ہو یا عورت ہو (یہ مسئلہ) امام اعظم کے نزدیک (ہے)، اور صاحبین فرماتے ہیں کہ تکبیر تشریق واجب ہے ہر فرض نماز کے بعد اس شخص پر جس نے اس فرض نماز کو پڑھا ہو اگرچہ وہ منفرد ہو یا مسافر ہو یا دیہاتی ہو عرفہ کے دن سے پانچویں دن کی عصر تک اور اس پر عمل کیا جاتا ہے اور اسی پر فتوی ہے اور عیدین کی نماز کے بعد تکبیر کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

صِيْغَةُ التَّكْبِيْرِ

وَالتَّكْبِيْرُ أَنْ يَقُوْلَ اَللهُ أَكْبَرُ اَللهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ اَللهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔

ترجمہ: اور تکبیر یہ کہنا ہے: اللہ أکبر اللہ أکبر لا إلہ إلا اللہ واللہ أکبر اللہ أکبر وللہ الحمد۔

سوال: عید کی جماعت نہ ملے تو کیا کرے؟

جواب: امام نے نماز پڑھ لی اور کوئی شخص باقی رہ گیا خواہ وہ شامل ہی نہ ہوا تھا یا شامل تو ہوا مگر اس کی نماز فاسد ہو گئی تو اگر دوسری جگہ مل جائے پڑھ لے ورنہ نہیں پڑھ سکتا، ہاں بہتر یہ ہے کہ یہ شخص چار رکعت چاشت کی نماز پڑھے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۶۷.)

سوال: کیا عید الفطر کی نماز کو اگلے دن مؤخر کیا جا سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! کسی عذر کے سبب عید کے دن نماز نہ ہو سکی (مثلاً سخت بارش ہوئی یا ابر کے سبب چاند نہیں دیکھا گیا اور گواہی ایسے وقت گزری کہ نماز نہ ہو سکی یا ابر تھا اور نماز ایسے وقت ختم ہوئی کہ زوال ہو چکا تھا) تو دوسرے دن پڑھی جائے، اور دوسرے دن بھی نہ ہوئی تو عید الفطر کی نماز تیسرے دن نہیں ہو سکتی اور دوسرے دن بھی نماز کا وہی وقت ہے جو پہلے دن تھا یعنی ایک نیزہ آفتاب بلند ہونے سے نصف النہار شرعی تک اور بلا عذر عید الفطر کی نماز پہلے دن نہ پڑھی تو دوسرے دن نہیں پڑھ سکتے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السابع عشر في صلاۃ العیدین، ج۱، ص۱۵۲، ۱۵۱.)

سوال: عید الاضحیٰ کے احکام بیان کریں۔

جواب: عید اضحی تمام احکام میں عید الفطر کی طرح ہے صرف بعض باتوں میں فرق ہے، (۱) اس میں مستحب یہ ہے کہ نماز سے پہلے کچھ نہ کھائے اگرچہ قربانی نہ کرے اور کھا لیا تو کراہت نہیں اور (۲) راستہ میں بلند آواز سے تکبیر کہتا جائے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السابع عشر في صلاۃ العیدین، ج۱، ص۱۵۲، وغیرہ.)

(۳) امام عید الاضحی کے خطبے میں لوگوں کو قربانی اور تکبیرِ تشریق کے احکام سکھلائے مثلاً قربانی کس پر واجب ہے؟ کن جانوروں کی قربانی واجب ہے؟ ان کی عمریں کتنی ہوں؟ قربانی کا وقت کب سے کب تک ہے؟ کون ذبح کرے؟ گوشت کے احکام، تکبیرِ تشریق کب سے کب تک پڑھی جائے گی؟ اور اس کے پڑھنے کا حکم کیا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔

سوال: کیا نمازِ عید الاضحیٰ کو مؤخر کیا جا سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! عید الاضحی کی نماز عذر کی وجہ سے بارہویں تک بلا کراہت مؤخر کر سکتے ہیں، بارہویں کے بعد پھر نہیں ہو سکتی اور بلا عذر دسویں کے بعد مکروہ ہے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب السابع عشر في صلاۃ العیدین، ج۱، ص۱۵۲، وغیرہ.)

سوال: "التعریف لیس بشیئ" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ عرفہ کے دن یعنی نویں ذی الحجہ کو لوگوں کا کسی جگہ جمع ہو کر حاجیوں کی طرح وقوف کرنا اور ذکر و دُعا میں مشغول رہنا کوئی چیز نہیں یعنی یہ نہ کیا جائے۔

حالانکہ صحیح یہ ہے کہ کچھ مضائقہ نہیں جبکہ لازم وواجب نہ جانے اور اگر کسی دوسری غرض سے جمع ہوئے، مثلاً نماز استسقا پڑھنی ہے، جب تو بلا اختلاف جائز ہے اصلاً حرج نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۷۰،)

سوال: تکبیرِ تشریق کا حکم کیا ہے؟

جواب: امام اعظم کے نزدیک نویں ذی الحجہ کی فجر سے دسویں کی عصر تک پڑھنا واجب ہے مگر سب پر نہیں بلکہ ایسی فرض نماز کے بعد واجب ہے جو جماعتِ مستحبہ کے ساتھ پڑھی گئی ہو اور امام شہر کے اندر مقیم ہو۔ لہذا امام پر اور جو لوگ امام کی اقتداء کریں اگرچہ مقتدی مسافر ہو یا غلام ہو یا عورت ہو۔ اور منفرد پر واجب نہیں۔

جبکہ صاحبین فرماتے ہیں کہ نویں ذی الحجہ کی فجر سے تیرہویں کی عصر تک پڑھنا ہر اس شخص پر واجب ہے جو فرض نماز پڑھے خواہ جماعت سے یا اکیلے، مسافر ہو یا مقیم، شہری ہو یا دیہاتی۔ اور اب صاحبین کے قول پر عمل ہے۔ اور اسی پر فتوی ہے۔ ایک بار تکبیر بلند آواز سے کہنا واجب ہے اور تین بار افضل، اسے تکبیر تشریق کہتے ہیں، ("تنویر الأبصار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۷۱، ۷۴،)

تکبیر تشریق سلام پھیرنے کے بعد فوراً واجب ہے یعنی جب تک کوئی ایسا فعل نہ کیا ہو کہ اس نماز پر بناء نہ کر سکے، اگر مسجد سے باہر ہو گیا یا قصداً وضو توڑ دیا یا کلام کیا اگرچہ سہواً تو تکبیر ساقط ہو گئی اور بلا قصد وضو ٹوٹ گیا تو کہہ لے۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، مطلب: المختار أن الذبیح إسماعیل، ج۳، ص۷۳.)

سوال: تکبیرِ تشریق کیا ہے؟ نیز نمازِ عید کے بعد اس تکبیر کو پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: وہ یہ ہے: اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔

اور نمازِ عید کے بعد بازار وغیرہ میں تکبیرِ تشریق کو پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ اللہ کا ذکر ہے ثواب دیا جائے گا۔ ان تاریخوں میں اگر عام لوگ بازاروں میں باعلان تکبیریں کہیں تو انہیں منع نہ کیا جائے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب العیدین، ج۳، ص۷۵.)

فِرشتوں کی امامت

حضرتِ سَیِّدُنا حَفْص بن عبدُاللہ رَحِمَہُ اللہ کا بیان ہے کہ میں نے اِمام الْمُحَدِّثِین حضرتِ **سَیِّدُنا اَبُوزُرْعَہ** رحمۃُ اللہ تعالٰی علیہ کو ان کی وَفات کے بعد خواب میں دیکھا کہ وہ پہلے آسمان پر فِرشتوں کو نماز پڑھا رہے ہیں۔ میں نے دَریافت کیا: اے **اَبُوزُرْعَہ**! آپ کو یہ اِعْزاز واِکرام کیونکر ملا ہے؟ اُنہوں نے اِرشاد فرمایا: ”میں نے اپنے ہاتھ سے دس لاکھ حَدیثیں لکھی ہیں اور ہر حدیث میں ”**عَنِ النَّبِی**“ کے بعد ”**صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ**“ لکھا ہے اور تُم جانتے ہو کہ **نبیِّ رَحمت** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے کہ جو مُسلمان ایک مرتبہ مُجھ پر **دُرُود شریف** بھیجتا ہے تو **اللہ عَزَّوَجَلَّ** اس پر دس رَحمتیں نازِل فرماتا ہے۔ (شرح الصدور، باب فی نبذ من اخبار من رای الموتی فی منامہ الخ، ص ۲۹۴ ملخصاً)

بَابُ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ وَالْخُسُوْفِ وَالْاَفْزَاعِ

یہ سورج گرہن اور چاند گرہن اور گھبراہٹ کے وقت کی نماز کا باب ہے

صَلَاةُ الْكُسُوْفِ

سُنَّ رَكْعَتَانِ كَهَيْئَةِ النَّفْلِ لِلْكُسُوْفِ بِإِمَامِ الْجُمُعَةِ أَوْ مَأْمُوْرِ السُّلْطَانِ بِلَا اَذَانٍ وَلَا إِقَامَةٍ وَلَا جَهْرٍ وَلَا خُطْبَةٍ بَلْ يُنَادِيْ ”اَلصَّلَاةُ جَامِعَةٌ“ وَسُنَّ تَطْوِيْلُهُمَا وَتَطْوِيْلُ رُكُوْعِهِمَا وَسُجُوْدِهِمَا ثُمَّ يَدْعُوْ الْإِمَامُ جَالِسًا مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ إِنْ شَاءَ أَوْ قَائِمًا مُسْتَقْبِلَ النَّاسِ وَهُوَ أَحْسَنُ وَيُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى دُعَائِهٖ حَتّٰى يَكْمُلَ اِنْجِلَاءُ الشَّمْسِ۔

ترجمہ: نفل کی طرح دو رکعتیں سنت قرار دی گئی ہیں سورج گرہن کے لئے امام جمعہ یا سلطان کے مامور کے ساتھ بغیر اذان و اقامت کے اور بغیر جہر اور بغیر خطبہ کے بلکہ یہ آواز لگائی جائے الصلاۃ جامعۃ اور ان دو رکعتوں کو لمبا کرنا اور ان کے رکوع و سجود کو لمبا کرنا مسنون ہے، پھر امام اگر چاہے تو بیٹھ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے دعا مانگے یا کھڑے ہو کر لوگوں کی طرف رخ کر کے اور یہ لوگوں کی طرف رخ کرنا بہتر ہے اور نمازی امام کی دعا پر آمین کہتے رہیں یہاں تک کہ آفتاب کا کھلنا مکمل ہو جائے

اَلْخُسُوْفُ وُالْفَزْعُ وَمَا إِلَيْهِمَا

وَإِنْ لَمْ يَحْضُرِ الْإِمَامُ صَلُّوْا فُرَادٰى كَالْخُسُوْفِ وَالظُّلْمَةِ الْهَائِلَةِ نَهَارًا وَالرِّيْحِ الشَّدِيْدَةِ وَالْفَزَعِ۔

ترجمہ: اور اگر امام موجود نہ ہو تو تنہا تنہا نماز پڑھ لیں جیسے چاند گرہن میں، اور دن کے وقت خوفناک تاریکی میں، اور سخت ہوا میں، اور پریشانی میں۔

سوال: کسوف، خسوف اور افزاع کا معنی کیا ہے؟

جواب: کسوف کے لغوی معنی تغیر کے ہیں پھر یہ لفظ سورج گرہن کے ساتھ خاص ہو گیا۔ اور خسوف چاند گرہن کو کہتے ہیں۔ اور افزاع فزع کی جمع ہے جس کے معنی خوف و گھبراہٹ کے ہیں جیسے زلزلے یا سخت اندھیرے کے وقت خوف و گھبراہٹ کا طاری ہو جانا۔

سوال: سورج گرہن کی نماز کتنی رکعت اور کیسے ادا کی جائے گی؟ اور اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: یہ نماز اور نوافل کی طرح دو رکعت پڑھیں یعنی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے کریں نہ اس میں اذان ہے، نہ اقامت، نہ بلند آواز سے قراءت اور نماز کے بعد دُعا کریں یہاں تک کہ آفتاب کھل جائے اور دو رکعت سے زیادہ بھی پڑھ سکتے ہیں، خواہ دو دو رکعت پر سلام پھیریں یا چار پر۔ ("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الکسوف، ج۳، ص۷۸.)

اگر لوگ جمع نہ ہوئے تو ان لفظوں سے پکاریں، **اَلصَّلٰوۃُ جَامِعَۃٌ**۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الکسوف، ج۳، ص۷۹.)

افضل یہ ہے کہ عید گاہ یا جامع مسجد میں اس کی جماعت قائم کی جائے اور اگر دوسری جگہ قائم کریں جب بھی حرج نہیں۔
("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثامن عشر في صلاۃ الکسوف، ج۱، ص۱۵۳.)

اگر یاد ہو تو سورۂ بقرہ اور آل عمران کی مثل بڑی بڑی سورتیں پڑھیں اور رکوع و سجود میں بھی طول دیں اور بعد نماز دُعا میں مشغول رہیں یہاں تک کہ پورا آفتاب کھل جائے اور یہ بھی جائز ہے کہ نماز میں تخفیف کریں اور دُعا میں طول، خواہ امام قبلہ رُو دُعا کرے یا مقتدیوں کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور یہ بہتر ہے اور سب مقتدی آمین کہیں، اگر دُعا کے وقت عصا یا کمان پر ٹیک لگا کر کھڑا ہو تو یہ بھی اچھا ہے، دُعا کے لئے منبر پر نہ جائے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب الکسوف، ج۳، ص۷۹. وغیرہ)

سورج گرہن اور جنازہ کا اجتماع ہو تو پہلے جنازہ پڑھے۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الکسوف، ص۱۲۴.) سورج گرہن کی نماز سنت مؤکدہ ہے اور چاند گہن کی مستحب۔ سورج گہن کی نماز جماعت سے پڑھنی مستحب ہے اور تنہا تنہا بھی ہو سکتی ہے اور جماعت سے پڑھی جائے تو خطبہ کے سوا تمام شرائط جمعہ اس کے لئے شرط ہیں، وہی شخص اس کی جماعت قائم کر سکتا ہے جو جمعہ کی کر سکتا ہے، وہ نہ ہو تو تنہا تنہا پڑھیں، گھر میں یا مسجد میں۔
("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الکسوف، ج۳، ص۷۷۔۸۰.)

سوال: چاند گرہن اور خوف کے وقت نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: چاند گرہن کی نماز میں جماعت نہیں، امام موجود ہو یا نہ ہو بہر حال تنہا تنہا پڑھیں۔ ("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الکسوف، ج۳، ص۸۰، وغیرہ.) امام کے علاوہ دو تین آدمی جماعت کر سکتے ہیں۔

تیز آندھی آئے یا دن میں سخت تاریکی چھا جائے یا رات میں خوفناک روشنی ہو یا لگاتار کثرت سے مینہ برسے یا بکثرت اولے پڑیں یا آسمان سُرخ ہو جائے یا بجلیاں گریں یا بکثرت تارے ٹوٹیں یا طاعون وغیرہ وبا پھیلے یا زلزلے آئیں یا دشمن کا خوف ہو یا اور کوئی دہشت ناک امر پایا جائے ان سب کے لئے دو رکعت نماز مستحب ہے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الثامن عشر في صلاۃ الکسوف، ج۱، ص۱۵۳)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ

یہ استسقاء کا باب ہے

لَهٗ صَلَاةٌ مِنْ غَيْرِ جَمَاعَةٍ وَلَهٗ اِسْتِغْفَارٌ۔

ترجمہ: استسقاء کے لئے بغیر جماعت کے نماز ہے اور اس کے لئے استغفار بھی ہے۔

مَا يَعْمَلُ لِأَجْلِهٖ

وَيُسْتَحَبُّ الْخُرُوْجُ لَهٗ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مُشَاةً فِيْ ثِيَابٍ خَلِقَةٍ غَسِيْلَةٍ أَوْ مُرَقَّعَةٍ مُتَذَلِّلِيْنَ مُتَوَاضِعِيْنَ خَاشِعِيْنَ لِلّٰهِ تَعَالٰى نَاكِسِيْنَ رُؤُوْسَهُمْ مُقَدِّمِيْنَ الصَّدَقَةَ كُلَّ يَوْمٍ قَبْلَ خُرُوْجِهِمْ وَيُسْتَحَبُّ إِخْرَاجُ الدَّوَابِّ وَالشُّيُوْخِ الْكِبَارِ وَالْأَطْفَالِ وَفِيْ مَكَّةَ وَبَيْتِ الْمَقْدِسِ فَفِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصٰى يَجْتَمِعُوْنَ وَيَنْبَغِيْ ذٰلِكَ أَيْضًا لِأَهْلِ مَدِيْنَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم۔

ترجمہ: استسقاء کے لئے پرانے کپڑے جو دھلے ہوئے ہوں یا پیوند لگے ہوئے ہوں میں تین دن پیدل نکلنا مستحب ہے اس حال میں کہ اللہ کے سامنے عاجزی، تواضع و خشوع ظاہر کر رہے ہوں اپنے سروں کو جھکائے ہوئے ہوں اور روزانہ نکلنے سے پہلے صدقہ دے رہے ہوں اور جانوروں اور بڑے بوڑھوں اور بچوں کو لے جانا مستحب ہے اور مکہ اور بیت المقدس والے مسجد الحرام اور مسجد اقصی میں جمع ہوں اور نبی ﷺ کے شہر مدینہ والوں کے لئے یہی مناسب ہے (مسجد نبوی میں جمع ہونا)۔

اَلدُّعَاءُ وَكَيْفِيَّتُهٗ

وَيَقُوْمُ الْإِمَامُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ رَافِعًا يَدَيْهِ وَالنَّاسُ قُعُوْدٌ مُسْتَقْبِلِيْنِ الْقِبْلَةَ يُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى دُعَائِهٖ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا هَنِيْئًا مَرِيْئًا مُرِيْعًا غَدَقًا مُجَلِّلًا سَحًّا طَبَقًا دَائِمًا وَمَا أَشْبَهَهٗ سِرًّا أَوْ جَهْرًا وَلَيْسَ فِيْهِ قَلْبُ رِدَاءٍ وَلَا يَحْضُرُهٗ ذِمِّيٌّ۔

ترجمہ: اور امام کھڑا ہو اس حال میں کہ قبلہ کی طرف رخ کئے ہوئے ہو اپنے ہاتھوں کو اٹھائے ہوئے ہو اور لوگ قبلہ کو رخ کر کے بیٹھیں، اور امام کی دعا پر آمین کہتے رہیں اور امام یہ دعا پڑھے اے اللہ ہمیں ایسی بارش سے سیراب کر دے جو سختی سے نجات

دینے والی ہو مبارک و خوشگوار ہو شاداب کرنے والی ہو موسلا دھار ہو چھا جانے والی تیز زمین کو گھیرنے والی ہمیشہ نفع دینے والی ہو۔ اور جو دعا اس کے مشابہ ہو آہستہ یا آواز سے مانگے، اور استسقا میں چادر کا پلٹنا نہیں ہے، اور استسقا میں ذِمّی حاضر نہ ہو۔

سوال: استسقا کے لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

جواب: استسقا کے لغوی معنی بارش طلب کرنا ہے اور شریعت کی اصطلاح میں خشک سالی کے وقت اللہ عزوجل سے بارش طلب کرنے کے لئے کیفیتِ مخصوصہ کے ساتھ استغفار و دعا کرنا ہے۔

سوال: استسقا کے احکام اختصاراً بیان کریں۔

جواب: استسقا کے لئے پرانے یا پیوند لگے کپڑے پہن کر تذلّل و خشوع و خضوع و تواضع کے ساتھ سر برہنہ پیدل جائیں اور پابرہنہ ہوں تو بہتر اور جانے سے پیشتر خیرات کریں۔ کفّار کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں کہ جاتے ہیں رحمت کے لئے اور کافر پر لعنت اترتی ہے۔ تین دن پیشتر سے روزے رکھیں اور توبہ و استغفار کریں پھر میدان میں جائیں اور وہاں توبہ کریں اور زبانی توبہ کافی نہیں بلکہ دل سے کریں اور جن کے حقوق اس کے ذمہ ہیں سب ادا کرے یا معاف کرائے، کمزوروں، بُوڑھوں، بُڑھیوں بچوں کے توسّل سے دُعا کرے اور سب آمین کہیں۔ کہ صحیح بخاری شریف میں ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تمہیں روزی اور مدد کمزوروں کے ذریعہ سے ملتی ہے۔"

(" صحيح البخاري"، كتاب الجهاد، باب من استعان بالضعفاء...إلخ، الحديث:٢٨٩٦، ج٢، ص٢٨٠.)

اور ایک روایت میں ہے، "اگر جوان خشوع کرنے والے اور چوپائے چرنے والے اور بوڑھے رکوع کرنے والے اور بچے دودھ پینے والے نہ ہوتے تو تم پر شدّت سے عذاب کی بارش ہوتی۔" ("السنن الكبری"، كتاب صلاة الاِستسقاء، باب استحباب الخروج بالضعفاء...إلخ، الحديث:٦٣٩٠، ج٣، ص٤٨١.)

اس وقت بچے اپنی ماؤں سے جدا رکھے جائیں اور مویشی بھی ساتھ لے جائیں۔ غرض یہ کہ توجہ رحمت کے تمام اسباب مہیّا کریں اور تین دن متواتر جنگل کو جائیں اور دُعا کریں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ امام دو رکعت جہر کے ساتھ نماز پڑھائے اور بہتر یہ ہے کہ پہلی میں سَبِّحِ اسْمَ اور دوسری میں هَلْ اَتٰكَ پڑھے اور نماز کے بعد زمین پر کھڑا ہو کر خطبہ پڑھے اور دونوں خطبوں کے درمیان جلسہ کرے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایک ہی خطبہ پڑھے اور خطبہ میں دُعا و تسبیح و استغفار کرے اور اثنائے خطبہ میں چادر لوٹ دے یعنی اوپر کا کنارہ نیچے اور نیچے کا اوپر کر دے کہ حال بدلنے کی فال ہو، خطبہ سے فارغ ہو کر لوگوں کی طرف پیٹھ اور قبلہ کو منہ کر کے دُعا کرے۔ بہتر وہ دُعائیں ہیں جو احادیث میں وارد ہیں اور دُعا میں ہاتھوں کو خوب بلند کرے اور پشتِ دست جانبِ آسمان رکھے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب التاسع عشر في الاِستسقاء، ج١، ص١٥٣۔١٥٤.)

اگر جانے سے پیشتر بارش ہو گئی، جب بھی جائیں اور شکر الٰہی بجالائیں اور مینہ کے وقت حدیث میں جو دُعا ارشاد ہوئی پڑھے اور بادل گرجے تو اس کی دُعا پڑھے اور بارش میں کچھ دیر ٹھہرے کہ بدن پر پانی پہنچے۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب الاِستسقاء، ج٣، ص٨٥.)

کثرت سے بارش ہو کہ نقصان کرنے والی معلوم ہو تو اس کے روکنے کی دُعا کر سکتے ہیں اور اس کی دُعا حدیث میں یہ ہے: **اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ**۔ ("صحیح البخاري"، کتاب الِاستسقاء، باب الاستسقاء في المساجد الجامع، الحدیث: ۱۰۱۳، ج۱، ص ۳۴۷.)

اور مکہ شریف والے مسجد الحرام میں، بیت المقدس والے مسجدِ اقصیٰ میں اور مدینہ منورہ والے مسجدِ نبوی میں جمع ہو کر بارش طلب کریں۔

سوال: "ولیس فیه قلب ردا" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ صاحبین کے نزدیک نمازِ استسقا کے بعد امام خطبہ دے گا، پھر امام محمد کے نزدیک امام دو خطبے دے گا اور دونوں کے درمیان مثلِ جمعہ جلسہ بھی کرے گا۔ اور امامِ ابو یوسف کے نزدیک امام صرف ایک خطبہ دے گا اور جب کچھ خطبہ پڑھ چکے تو اپنی چادر کو پلٹ لے اور یہ چادر کا پلٹنا تفاؤلاً (اچھی فال لینا) ہے کہ جس حالت پر آئے تھے اس حالت پر واپس نہیں جائیں گے۔ جبکہ امام اعظم کے نزدیک استسقا میں چادر پلٹنے کا عمل مسنون نہیں ہے، اور مصنف نے امامِ اعظم کے قول کو بیان کیا کہ چادر پلٹنا نہیں ہے۔ لیکن اب فتوی امام ابو یوسف کے قول پر ہے۔

سب سے بہتر وہ جو کھانا کھلائے

سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے: خِیَارُکُمْ مَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ وَرَدَّ السَّلَامَ یعنی تم سب میں بہتر وہ ہے جو کھانا کھلائے اور سلام کا جواب دے۔ **(مسند احمد، ۹/۲۴۰ حدیث: ۲۳۹۸۱)**

حضرتِ **علّامہ** عبد الرءُوف مناوی علیہ رحمۃُ اللہِ الھادی اس حدیث پاک کے تحت فرماتے ہیں: کھانا کھلانا بھائیوں، پڑوسیوں اور غربا و مساکین سب کو شامل ہے۔ **(فیض القدیر، ۳/۶۶۲ تحت الحدیث: ۴۱۰۳)**

جنتیوں کا کام

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! سورۃُ الدّھر کی آیت نمبر ۸ میں جنتیوں کا ایک وصف یہ بھی بیان کیا گیا ہے:

وَ یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِیْنًا وَّ یَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا (۸) **(پ۲۹، الدھر: ۸)**

ترجمہ کنزالایمان: اور کھانا کھلاتے ہیں اس کی محبت پر مسکین اور یتیم اور اسیر کو۔

صدرُ الافاضل حضرتِ علّامہ مولانا سیِّد محمد نعیم الدّین مُراد آبادی علیہ رحمۃُ اللہِ الھادی اِس آیت کے تحت لکھتے ہیں: یعنی ایسی حالت میں جب کہ خود انہیں کھانے کی حاجت و خواہش ہو اور بعض مفسّرین نے اس کے یہ معنٰی لئے ہیں کہ **اللہ** تعالٰی کی محبت میں کھلاتے ہیں۔ **(خزائن العرفان، ص ۱۰۷۳)**

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللہُ تعالٰی علٰی محمَّد

بَابُ صَلَاةِ الْخَوْفِ

یہ خوف کی نماز کا باب ہے

حُكْمُهَا وَسَبَبُهَا

هِيَ جَائِزَةٌ بِحُضُوْرِ عَدُوٍّ وَبِخَوْفِ غَرَقٍ أَوْ حَرَقٍ۔

ترجمہ: دشمن کے موجود ہونے اور ڈوبنے یا جلنے کے خوف سے خوف کی نماز جائز ہے۔

اَلْإِمَامَةُ فِيْهَا

وَإِذَا تَنَازَعَ الْقَوْمُ فِي الصَّلَاةِ خَلْفَ إِمَامٍ وَاحِدٍ فَيَجْعَلُهُمْ طَائِفَتَيْنِ وَاحِدَةً بِإِزَاءِ الْعَدُوِّ وَيُصَلِّي بِالْأُخْرٰى رَكْعَةً مِنَ الثُّنَائِيَّةِ وَرَكْعَتَيْنِ مِنَ الرُّبَاعِيَّةِ أَوِ الْمَغْرِبِ وَتَمْضِيْ هٰذِهٖ إِلَى الْعَدُوِّ مُشَاةً وَجَاءَتْ تِلْكَ فَصَلّٰى بِهِمْ مَا بَقِيَ وَسَلَّمَ وَحْدَهٗ فَذَهَبُوْا إِلَى الْعَدُوِّ ثُمَّ جَاءَتِ الْأُوْلٰى وَأَتَمُّوْا بِلَا قِرَاءَةٍ وَسَلَّمُوْا وَمَضَوْا ثُمَّ جَاءَتِ الْأُخْرٰى إِنْ شَاءُوْا وَصَلُّوْا مَا بَقِيَ بِقِرَاءَةٍ۔

ترجمہ: اور جب لوگ ایک ہی امام کے پیچھے نماز پڑھنے میں جھگڑا کریں تو امام ان کو دو جماعت کر دے ایک دشمن کے مقابلہ میں ہو اور دوسری کو دو رکعتوں والی نماز میں ایک رکعت یا چار رکعت والی یا مغرب میں دو رکعت پڑھائے پھر یہ جماعت دشمن کی طرف پیدل چلی جائے اور وہ جماعت آ جائے پس امام ان کو باقی نماز پڑھا دے اور امام تنہا سلام پھیر دے پھر یہ لوگ دشمن کی طرف چلے جائیں پھر پہلی جماعت آ جائے اور بلا قراءت (اپنی باقی نماز) پوری کر لے اور سلام پھیر دیں اور چلے جائیں، پھر دوسری جماعت آ جائے اگر چاہے، اور مابقیہ نماز قراءت کے ساتھ پڑھیں۔

إِذَا اشْتَدَّ الْخَوْفُ

وَإِنِ اشْتَدَّ الْخَوْفُ صَلُّوْا رُكْبَانًا فُرَادٰى بِالْإِيْمَاءِ إِلٰى أَيِّ جِهَةٍ قَدَرُوْا وَلَمْ تَجُزْ بِلَا حُضُوْرِ عَدُوٍّ وَيُسْتَحَبُّ حَمْلُ السِّلَاحِ فِي الصَّلَاةِ عِنْدَ الْخَوْفِ وَإِنْ لَمْ يَتَنَازَعُوْا فِي الصَّلَاةِ خَلْفَ إِمَامٍ وَاحِدٍ فَالْأَفْضَلُ صَلَاةُ كُلِّ طَائِفَةٍ بِإِمَامٍ مِثْلَ حَالَةِ الْأَمْنِ۔

ترجمہ: اور اگر خوف زیادہ ہو جائے تو سوار ہو کر تنہا تنہا اشارے سے جس جہت پر قادر ہوں نماز پڑھیں، اور نمازِ خوف بغیر دشمن کی موجودگی کے جائز نہیں ہے خوف کے وقت نماز میں ہتھیار اٹھانا مستحب ہے، اور اگر لوگ ایک امام کے پیچھے نماز پڑھنے میں جھگڑا نہ کریں تو ہر جماعت کی نماز علیحدہ امام کے ساتھ افضل ہے امن کی حالت کی طرح۔

سوال: کیا نمازِ خوف جائز ہے؟

جواب: نمازِ خوف رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں مشروع تھی لیکن رسول اللہ ﷺ کے بعد اس کی مشروعیت کے باقی رہنے میں اختلاف ہے، امامِ اعظم رضی اللہ عنہ اور امامِ محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ نماز اب بھی جائز ہے جبکہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ نماز رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہی مخصوص تھی۔

اور بہار شریعت میں ہے کہ: نمازِ خوف جائز ہے، جبکہ دشمنوں کا قریب میں ہونا یقین کے ساتھ معلوم ہو اور اگر یہ گمان تھا کہ دشمن قریب میں ہیں اور نماز خوف پڑھی، بعد کو گمان کی غلطی ظاہر ہوئی تو مقتدی نماز کا اعادہ کریں۔ یو ہیں اگر دشمن دور ہوں تو یہ نماز جائز نہیں یعنی مقتدی کی نہ ہو گی اور امام کی ہو جائے گی۔

سوال: امام نمازِ خوف کب پڑھائے گا؟ نیز نمازِ خوف کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: نمازِ خوف کا طریقہ یہ ہے کہ جب دشمن سامنے ہوں اور یہ اندیشہ ہو کہ سب ایک ساتھ نماز پڑھیں گے تو حملہ کر دیں گے، ایسے وقت امام جماعت کے دو حصے کرے، اگر کوئی اس پر راضی ہو کہ ہم بعد کو پڑھ لیں گے تو اسے دشمن کے مقابل کرے اور دوسرے گروہ کے ساتھ پوری نماز پڑھ لے، پھر جس گروہ نے نماز نہیں پڑھی اس میں کوئی امام ہو جائے اور یہ لوگ اس کے ساتھ باجماعت پڑھ لیں اور اگر دونوں میں سے بعد کو پڑھنے پر کوئی راضی نہ ہو تو امام ایک گروہ کو دشمن کے مقابل کرے اور دوسرا امام کے پیچھے نماز پڑھے، جب امام اس گروہ کے ساتھ ایک رکعت پڑھ چکے یعنی پہلی رکعت کے دوسرے سجدے سے سر اٹھائے تو یہ لوگ دشمن کے مقابل چلے جائیں اور جو لوگ وہاں تھے وہ چلے آئیں اب ان کے ساتھ امام ایک رکعت پڑھے اور تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے، مگر مقتدی سلام نہ پھیریں بلکہ یہ لوگ دشمن کے مقابل چلے جائیں یا یہیں اپنی نماز پوری کر کے جائیں اور وہ لوگ آئیں اور ایک رکعت بغیر قراءت پڑھ کر تشہد کے بعد سلام پھیریں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ گروہ یہاں نہ آئے بلکہ وہیں اپنی نماز پوری کر لے اور دوسرا گروہ اگر نماز پوری کر چکا ہے، فبہا، ورنہ اب پوری کرے، خواہ وہیں یا یہاں آ کر اور یہ لوگ قراءت کے ساتھ اپنی ایک رکعت پڑھیں اور تشہد کے بعد سلام پھیریں۔ یہ طریقہ دو رکعت والی نماز کا ہے خواہ نماز ہی دو رکعت کی ہو، جیسے فجر و عید و جمعہ یا سفر کی وجہ سے چار کی دو ہو گئیں، اور چار رکعت والی نماز ہو تو ہر گروہ کے ساتھ امام دو دو رکعت پڑھے اور مغرب میں پہلے گروہ کے ساتھ دو اور دوسرے گروہ کے ساتھ ایک پڑھے، اگر پہلے کے ساتھ ایک پڑھی اور دوسرے کے ساتھ دو تو نماز جاتی رہی۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الخوف، ج۳، ص۸۶۔۸۸.)

یہ سب احکام اس صورت میں ہیں جب امام و مقتدی سب مقیم ہوں یا سب مسافر یا امام مقیم ہے اور مقتدی مسافر اور اگر امام مسافر ہو اور مقتدی مقیم تو امام ایک گروہ کے ساتھ ایک رکعت پڑھے اور دوسرے کے ساتھ ایک پڑھ کر سلام پھیر دے، پھر پہلا گروہ آئے اور تین رکعتیں بغیر قراءت کے پڑھے پھر دوسرا گروہ آئے اور تین پڑھے، پہلی میں فاتحہ و سورت پڑھے اور اگر امام مسافر ہے اور مقتدی بعض مقیم ہیں بعض مسافر تو مقیم مقیم کے طریقہ پر عمل کریں اور مسافر مسافر کے۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاة، الباب العشرون في صلاة الخوف، ج١، ص١٥٥، وغيره.)

ایک رکعت کے بعد دشمن کے مقابل جانے سے مراد پیدل جانا ہے، سواری پر جائیں گے تو نماز جاتی رہے گی۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الخوف، ج٣، ص٨٧.)

سوال: اگر خوف بہت زیادہ ہو، کہ سواری سے نہ اتر سکیں تو کیسے نماز ادا کریں گے؟

جواب: اگر خوف بہت زیادہ ہو کہ سواری سے اتر نہ سکیں تو سواری پر تنہا تنہا اشارہ سے، جس طرف بھی منہ کر سکیں اسی طرف نماز پڑھیں، سواری پر جماعت سے نہیں پڑھ سکتے، کہ امام و مقتدی کا مکان الگ الگ ہو گیا، کیونکہ اقتدا کی ایک شرط امام و مقتدی کا ایک مکان میں ہونا بھی ہے۔ ہاں! اگر ایک گھوڑے پر دو سوار ہوں تو پچھلا اگلے کی اقتدا کر سکتا ہے اور سواری پر فرض نماز اسی وقت جائز ہو گی کہ دشمن ان کا تعاقب کر رہے ہوں اور اگر یہ دشمن کے تعاقب میں نہ ہوں تو سواری پر نماز نہیں ہو گی۔ ("الجوهرة النيرة"، کتاب الصلاة، باب صلاة الخوف، ص١٣٠.)

سوال: نمازِ خوف میں چلنے اور دشمن کے مقابل جانے سے کیا نماز نہیں ٹوٹے گی؟

جواب: نماز خوف میں صرف دشمن کے مقابل جانا اور وہاں سے امام کے پاس صف میں آنا یا وضو جاتا رہا تو وضو کے لئے چلنا معاف ہے، اس کے علاوہ چلنا نماز کو فاسد کر دے گا، اگر دشمن نے اسے دوڑایا یا اس نے دشمن کو بھگایا تو نماز جاتی رہی، البتہ پہلی صورت میں اگر سواری پر ہو تو معاف ہے۔ ("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الخوف، ج٣، ص٨٨.)

سوال: نمازِ خوف میں ہتھیار لئے رہنا کیسا ہے؟

جواب: نمازِ خوف میں ہتھیار لئے رہنا مستحب ہے اور خوف کا اثر صرف اتنا ہے کہ ضرورت کے لئے چلنا جائز ہے، باقی محض خوف سے نماز میں قصر نہ ہو گا۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الخوف، ج٣، ص٨٨.)

سوال: نمازِ خوف اور کن وجہوں سے پڑھنا جائز ہے؟

جواب: نمازِ خوف جس طرح دشمن سے ڈر کے وقت جائز ہے۔ یو ہیں درندہ اور بڑے سانپ وغیرہ سے خوف ہو جب بھی جائز ہے۔

("الدرالمختار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الخوف، ج٣، ص٨٦.)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ أَحْكَامِ الْجَنَائِزِ

یہ جنازوں کے احکام کا باب ہے

مَا يَصْنَعُ مَعَ الْمُحْتَضَرِ

يُسَنُّ تَوْجِيْهُ الْمُحْتَضَرِ لِلْقِبْلَةِ عَلٰى يَمِيْنِهٖ وَجَازَ الْاِسْتِلْقَاءُ وَيُرْفَعُ رَأْسُهٗ قَلِيْلًا وَيُلَقَّنُ بِذِكْرِ الشَّهَادَتَيْنِ عِنْدَهٗ مِنْ غَيْرِ إِلْحَاحٍ وَلَا يُؤْمَرُ بِهَا وَتَلْقِيْنُهٗ فِي الْقَبْرِ مَشْرُوْعٌ وَقِيْلَ لَا يُلَقَّنُ وَقِيْلَ لَا يُؤْمَرُ بِهٖ وَلَا يُنْهٰى عَنْهُ وَيُسْتَحَبُّ لِأَقْرِبَاءِ الْمُحْتَضَرِ وَجِيْرَانِهِ الدُّخُوْلُ عَلَيْهِ وَيَتْلُوْنَ عِنْدَهٗ سُوْرَةَ يٰس وَاُسْتُحْسِنَ سُوْرَةَ الرَّعْدِ وَاخْتَلَفُوْا فِيْ إِخْرَاجِ الْحَائِضِ وَالنُّفَسَاءِ مِنْ عِنْدِهٖ۔

ترجمہ: قریب الموت کو قبلہ رو داہنی کروٹ پر کر دینا مسنون ہے اور چت لٹانا بھی جائز ہے اور اس کا سر تھوڑا سا اٹھا دیا جائے اور اس کے پاس بغیر اصرار کے کلمہ شہادت کی تلقین کی جائے اور اس کو (کلمہ پڑھنے) کا حکم نہ کیا جائے اور اس کو قبر میں تلقین کرنا مشروع ہے اور کہا گیا ہے کہ (قبر میں) تلقین نہ کی جائے (معتزلہ کا قول ہے) اور کہا گیا ہے کہ نہ پڑھنے کا حکم دیا جائے اور نہ اس سے روکا جائے، اور قریب الموت کے راشتہ داروں اور پڑوسیوں کے لئے اس کے پاس آنا مستحب ہے اور اس کے پاس سورۂ یس کی تلاوت کریں اور سورۂ رعد کو اچھا قرار دیا گیا ہے اور علما نے حائضہ اور نفساء کو قریب الموت کے پاس سے نکالنے کے بارے میں اختلاف کیا ہے۔

مَا يَصْنَعُ مَعَهٗ إِذَا مَاتَ

فَإِذَا مَاتَ شُدَّ لَحْيَاهُ وَغُمِّضَ عَيْنَاهُ وَيَقُوْلُ مُغَمِّضُهٗ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ سَيِّدِنَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَيْهِ أَمْرَهٗ وَسَهِّلْ عَلَيْهِ مَا بَعْدَهٗ وَأَسْعِدْهُ بِلِقَائِكَ وَاجْعَلْ مَا خَرَجَ إِلَيْهِ خَيْرًا مِمَّا خَرَجَ عَنْهُ وَيُوْضَعُ عَلٰى بَطْنِهٖ حَدِيْدَةٌ لِئَلَّا يَنْتَفِخَ وَتُوْضَعُ يَدَاهُ بِجَنْبَيْهِ وَلَا يَجُوْزُ وَضْعُهُمَا عَلٰى صَدْرِهٖ۔

ترجمہ: اور جب وہ مر جائے تو اس کے جبڑے باندھ دئے جائیں اور اس کی آنکھیں بند کر دیا جائے اور آنکھیں بند کرنے والا کہے: بسم الله وعلى ملة سيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم يسر عليه أمره وسهل عليه ما بعده وأسعده بلقائك

واجعل ما خرج اليه خيرا مما خرج عنه، اور اس کے پیٹ پر لوہار کھ دیا جائے تا کہ پیٹ نہ پھولے اور اس کے دونوں ہاتھ اس کے پہلوؤں میں رکھ دیے جائیں اور دونوں ہاتھوں کو اس کے سینے پر رکھنا جائز نہیں ہے۔

سوال: جان کنی کی علامات کیا ہیں؟

جواب: پاؤں کا سست ہو جانا کہ کھڑے نہ ہو سکیں، ناک کا ٹیڑھا ہو جانا، دونوں کنپٹیوں کا بیٹھ جانا، منہ کی کھال کا سخت ہو جانا وغیرہ وغیرہ۔

سوال: جان کنی کے وقت کیا کرنا چاہئے؟

جواب: جب موت کا وقت قریب آئے اور علامتیں پائی جائیں تو سنت یہ ہے کہ دہنی کروٹ پر لٹا کر قبلہ کی طرف منہ کر دیں اور یہ بھی جائز ہے کہ چت لٹائیں اور قبلہ کو پاؤں کریں کہ یوں بھی قبلہ کو منہ ہو جائے گا مگر اس صورت میں سر کو قدرے اونچا رکھیں اور قبلہ کو منہ کرنا دشوار ہو کہ اس کو تکلیف ہوتی ہو تو جس حالت پر ہے چھوڑ دیں۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۹۱،)

جان کنی کی حالت میں جب تک روح گلے کو نہ آئی اسے تلقین کریں یعنی اس کے پاس بلند آواز سے پڑھیں **اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ** مگر اسے اس کے کہنے کا حکم نہ کریں۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص۱۳۰.)

جب اس نے کلمہ پڑھ لیا تو تلقین موقوف کر دیں، ہاں اگر کلمہ پڑھنے کے بعد اس نے کوئی بات کی تو پھر تلقین کریں کہ اس کا آخر کلام **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ** ہو۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج۱، ص۱۵۷.)

قریب الموت کو تلقین کرنے والا کوئی نیک شخص ہو، ایسا نہ ہو جس کو اس کے مرنے کی خوشی ہو اور اس کے پاس اس وقت نیک اور پرہیز گار لوگوں کا ہونا بہت اچھی بات ہے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج۱، ص۱۵۷.)

سوال: قریب الموت کے پاس رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو آنا کیسا ہے؟

جواب: قریب الموت کے پاس رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو آنا مستحب ہے۔

سوال: قریب الموت کے پاس قرآن کی تلاوت کرنا کیسا ہے؟

جواب: اس وقت وہاں سورۂ یٰسٓ شریف کی تلاوت اور خوشبو ہونا مستحب، مثلاً لوبان یا اگر کی بتیاں سُلگا دیں۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج۱، ص۱۵۷.)

سوال: نزع کے وقت حائضہ، نفساء اور جنبی کے رہنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: موت کے وقت حیض و نفاس والی عورتیں اس کے پاس حاضر ہو سکتی ہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج۱، ص۱۵۷.) مگر جس کا حیض و نفاس منقطع ہو گیا اور ابھی غسل نہیں کیا اسے اور جنب کو آنا نہ چاہیے۔ اور کوشش کرے کہ مکان میں کوئی تصویر یا کُتّا نہ ہو، اگر یہ چیزیں ہوں تو فوراً نکال دی جائیں کہ جہاں یہ ہوتی ہیں ملائکۂ رحمت نہیں آتے، اس کی نزع کے وقت اپنے اور اس کے لئے دُعائے خیر

کرتے رہیں، کوئی بُرا کلمہ زبان سے نہ نکالیں کہ اس وقت جو کچھ کہا جاتا ہے ملائکہ اس پر آمین کہتے ہیں، نزع میں سختی دیکھیں تو سورۂ یٰس و سورۂ رعد پڑھیں۔

سوال: جب روح نکل جائے تو کیا کرنا چاہئے؟

جواب: جب روح نکل جائے تو ایک چوڑی پٹی جبڑے کے نیچے سے سر پر لے جا کر گرہ دے دیں کہ منہ کھلا نہ رہے اور آنکھیں بند کر دی جائیں اور انگلیاں اور ہاتھ پاؤں سیدھے کر دیے جائیں، یہ کام اس کے گھر والوں میں جو زیادہ نرمی کے ساتھ کر سکتا ہو باپ یا بیٹا وہ کرے۔

("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص ۱۳۱.)

آنکھیں بند کرتے وقت یہ دُعا پڑھے: **بِسْمِ اللهِ وَعَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللهِ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَيْهِ اَمْرَهٗ وَسَهِّلْ عَلَيْهِ مَا بَعْدَهٗ وَاَسْعِدْهُ بِلِقَائِكَ وَاجْعَلْ مَا خَرَجَ اِلَيْهِ خَيْرًا مِّمَّا خَرَجَ عَنْهُ.** ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج ۳، ص ۹۷.)

اس کے پیٹ پر لوہا یا گیلی مٹی یا اور کوئی بھاری چیز رکھ دیں کہ پیٹ پھول نہ جائے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج ۱، ص ۱۵۷.)

مگر ضرورت سے زیادہ وزنی نہ ہو کہ باعثِ تکلیف ہے۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج ۱، ص ۱۵۷.)

میّت کے سارے بدن کو کسی کپڑے سے چھپا دیں اور اس کو چارپائی یا تخت وغیرہ کسی اونچی چیز پر رکھیں کہ زمین کی سیل نہ پہنچے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج ۱، ص ۱۵۷.)

مرتے وقت معاذ اللہ اس کی زبان سے کلمۂ کفر نکلا تو کفر کا حکم نہ دیں گے کہ ممکن ہے موت کی سختی میں عقل جاتی رہی ہو اور بے ہوشی میں یہ کلمہ نکل گیا۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج ۳، ص ۹۶.)

اور بہت ممکن ہے کہ اس کی بات پوری سمجھ میں نہ آئی کہ ایسی شدت کی حالت میں آدمی پوری بات صاف طور پر ادا کر لے دشوار ہوتا ہے۔ اس کے ذمہ قرض یا جس قسم کے دَین ہوں جلد سے جلد ادا کر دیں۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص ۱۳۱.) کہ حدیث میں ہے، "میّت اپنے دَین میں مقید ہے۔" ایک روایت میں ہے، "اس کی روح معلق رہتی ہے جب تک دَین نہ ادا کیا جائے۔"

("جامع الترمذي"، أبواب الجنائز، باب ماجاء عن النبی انہ قال... الخ، الحدیث: ۱۰۸۱، ج ۲، ص ۳۴۱.)

سوال: قبر میں مردے کو تلقین کرنا کیسا ہے؟

جواب: قبر میں مردے کو تلقین کرنے کے متعلق تین قول ہیں: (۱) پہلا اہلِ سنت کا اور وہ یہ کہ مردے کو قبر میں تلقین کرنا مشروع ہے۔ (۲) دوسرا معتزلہ کا اور وہ یہ ہے کہ مردے کو قبر میں تلقین نہ کی جائے کہ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔ (۳) اور تیسرا یہ کہ نہ تلقین کرنے کا حکم دیا جائے اور نہ اس سے روکا جائے۔

سوال: قبر میں مردے کو تلقین کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ نیز اس کی کیا فضیلت ہے؟

جواب: حدیث میں ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "جب تمہارا کوئی مسلمان بھائی مرے اور اُس کی مٹی دے چکو، تو تم میں ایک شخص قبر کے سرہانے کھڑا ہو کر کہے یا فلاں بن فلانہ وہ سُنے گا اور جواب نہ دے گا پھر کہے یا فلاں بن فلانہ وہ سیدھا ہو کر بیٹھ جائے گا پھر کہے یا فلاں بن فلانہ وہ کہے گا، ہمیں ارشاد کر اللہ (عزوجل) تجھ پر رحم فرمائے گا، مگر تمہیں اس کے کہنے کی خبر نہیں ہوتی پھر کہے:

اُذْکُرْ مَا خَرَجْتَ مِنَ الدُّنْیَا شَهَادَةَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰه تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّكَ رَضِیْتَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا وَّ بِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا.

ترجمہ: تو اُسے یاد کر، جس پر تو دنیا سے نکلا یعنی یہ گواہی کہ اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے بندہ اور رسول ہیں اور یہ کہ تُو اللہ عزوجل کے رب اور اسلام کے دین اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نبی اور قرآن کے امام ہونے پر راضی تھا۔

نکیرین ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر کہیں گے، چلو ہم اُس کے پاس کیا بیٹھیں جسے لوگ اس کی حجت سکھا چکے، اس پر کسی نے حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے عرض کی، اگر اُس کی ماں کا نام معلوم نہ ہو؟ فرمایا: حوّا کی طرف نسبت کرے۔" ("المعجم الکبیر" للطبراني، الحدیث: ۷۹۷۹، ج۸، ص۲۴۹-۲۵۰.)

وَتُكْرَهُ قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ عِنْدَهٗ حَتّٰى يُغْسَلَ وَلَا بَأْسَ بِإِعْلَامِ النَّاسِ بِمَوْتِهٖ۔

ترجمہ: اور اس کے پاس قرآن پڑھنا مکروہ ہے یہاں تک کہ اس کو غسل دیا جائے اور لوگوں کو اس کی موت کی خبر دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

تَجْهِيْزُهٗ وَتَغْسِيْلُهٗ

وَيُعَجَّلُ بِتَجْهِيْزِهٖ فَيُوْضَعُ كَمَا مَاتَ عَلٰى سَرِيْرٍ مُجَمَّرٍ وِتْرًا وَيُوْضَعُ كَيْفَ اتَّفَقَ عَلَى الْأَصَحِّ وَيُسْتَرُ عَوْرَتُهٗ ثُمَّ جُرِّدَ عَنْ ثِيَابِهٖ وَوُضِّیءَ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ صَغِيْرًا لَا يَعْقِلُ الصَّلَاةَ بِلَا مَضْمَضَةٍ وَاسْتِنْشَاقٍ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ جُنُبًا وَصُبَّ عَلَيْهِ مَاءٌ مَغْلِيٌّ بِسِدْرٍ أَوْ حُرُضٍ وَإِلَّا فَالْقَرَاحُ وَهُوَ الْمَاءُ الْخَالِصُ وَيُغْسَلُ رَأْسُهٗ وَلِحْيَتُهٗ بِالْخِطْمِيِّ۔

ترجمہ: اور اس کی تجہیز میں جلدی کی جائے پس جیسے ہی مرے ایسے تختے پر رکھ دیا جائے جس کو طاق عدد میں دھونی دی گئی ہو اور میت کو تختے پر لٹا دیا جائے جیسے بھی ممکن ہو اصح قول کے مطابق، اور اس کا ستر چھپایا جائے پھر اس کو اس کے کپڑوں سے برہنہ کر دیا جائے اور وضو کرایا جائے مگر یہ کہ ایسا چھوٹا ہو کہ نماز کو نہ سمجھتا ہو، بغیر کلی اور بغیر ناک میں پانی ڈالے مگر یہ کہ جنبی ہو اور اس پر ایسا پانی بہایا جائے۔ جس کو بیری کے پتے یا اشنان سے جوش دیا گیا ہو ورنہ قراح اور قراح خالص پانی ہے اور اس کے سر اور داڑھی کو خطمی سے دھویا جائے۔

ثُمَّ يُضْجَعُ عَلٰى يَسَارِهٖ فَيُغْسَلُ حَتّٰى يَصِلَ الْمَاءُ اِلٰى مَا يَلِيَ التَّخْتَ مِنْهُ ثُمَّ عَلٰى يَمِيْنِهٖ كَذٰلِكَ ثُمَّ اُجْلِسَ مُسْنَدًا اِلَيْهِ وَمُسِحَ بَطْنُهٗ رَفِيْقًا وَمَا خَرَجَ مِنْهُ غَسَلَهٗ وَلَمْ يُعِدْ غُسْلَهٗ ثُمَّ يُنَشَّفُ بِثَوْبٍ وَيُجْعَلُ الْحَنُوْطُ عَلٰى وَلِحْيَتِهٖ وَرَأْسِهٖ وَالْكَافُوْرُ عَلٰى مَسَاجِدِهٖ وَلَيْسَ فِي الْغُسْلِ اِسْتِعْمَالُ الْقُطْنِ فِي الرِّوَايَاتِ الظَّاهِرَةِ وَلَا يُقَصُّ ظُفْرُهٗ وَشَعْرُهٗ وَلَا يُسَرَّحُ شَعْرُهٗ وَلِحْيَتُهٗ ۔

ترجمہ: پھر اس کو بائیں کروٹ پر لٹا دیا جائے اور دھویا جائے یہاں تک کہ پانی اس حصے تک پہنچ جائے جس سے تخت متصل ہے پھر داہنی کروٹ پر ایسے ہی پھر میت کو بٹھائے اپنے بدن سے ٹیک لگا کر اور نرمی سے اس کے پیٹ کو ملے اور جو کچھ پیٹ سے نکلے اس کو دھو دے اور اس کے غسل کا اعادہ نہ کرے پھر کپڑے سے پوچھ لیا جائے، اور اس کی داڑھی اور سر پر حنوط لگایا جائے، اور اس کے اعضائے سجدے پر کافور لگائے، اور غسل میں روئی کا استعمال کرنا (صحیح) نہیں ہے ظاہر روایت کے مطابق اور اس کے ناخن اور بال نہ کاٹے جائیں اور اس کے بال اور اس کی داڑھی میں کنگھی نہ کی جائے۔

سوال: مردے کے پاس تلاوت و ذکر کرنا کیسا ہے؟

جواب: مصنف نے میت کو غسل دینے کے وقت تک اس کے پاس تلاوت کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے، جبکہ مفتی بہ قول یہ ہے کہ: میّت کے پاس تلاوت قرآن مجید جائز ہے جبکہ اس کا تمام بدن کپڑے سے چھپا ہو اور تسبیح و دیگر اذکار میں مطلقاً حرج نہیں۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في القراءۃ عند المیت، ج۳، ص۹۸۔۱۰۰،)

سوال: لوگوں کو مردے کی موت کی خبر دینا کیسا ہے؟

جواب: پروسیوں اور اس کے دوست احباب کو اطلاع کر دیں کہ نمازیوں کی کثرت ہو گی اور اس کے لئے دُعا کریں گے کہ ان پر حق ہے کہ اس کی نماز پڑھیں اور دُعا کریں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الأول، ج۱، ص۱۵۷.)

بازار و شارع عام پر اس کی موت کی خبر دینے کے لئے بلند آواز سے پکارنا بعض نے مکروہ بتایا، مگر اصح یہ ہے کہ اس میں حرج نہیں مگر حسب عادت جاہلیت بڑے بڑے الفاظ سے نہ ہو۔ ("الجوھرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص۱۳۱.)

سوال: میت کے غسل و کفن و دفن میں جلدی چاہیے یا تاخیر؟

جواب: غسل و کفن و دفن میں جلدی چاہیے کہ حدیث میں اس کی بہت تاکید آئی ہے۔ ("الجوھرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص۱۳۱.)

سوال: تجہیز کسے کہتے ہیں؟

جواب: تجہیز بابِ تفعیل سے جَہَّزَ فعل کا مصدر ہے جس کا معنی تیار کرنا، سامانِ ضرورت دینا ہے۔ پس اصطلاح شرع میں تجہیز سے مراد میت کو غسل و کفن دے کر دفن کرنے کے لئے تیار کرنا ہے۔

سوال: میّت کو غسل دینے کا کیا حکم ہے؟

جواب: میّت کو نہلانا فرض کفایہ ہے بعض لوگوں نے غسل دے دیا تو سب سے ساقط ہو گیا۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج ۱، ص ۱۵۸.)

سوال: غسلِ میت کا طریقہ بیان کردیں۔

جواب: نہلانے کا طریقہ یہ ہے کہ جس چارپائی یا تخت یا تختہ پر نہلانے کا ارادہ ہو اُس کو تین یا پانچ یا سات بار دھونی دیں یعنی جس چیز میں وہ خوشبو سلگتی ہو اُسے اتنی بار چارپائی وغیرہ کے گرد پھرائیں اور اُس پر میّت کو لٹا کر ناف سے گھٹنوں تک کسی کپڑے سے چھپا دیں، پھر نہلانے والا اپنے ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر پہلے استنجا کرائے پھر نماز کا سا وضو کرائے یعنی منہ پھر کہنیوں سمیت ہاتھ دھوئیں پھر سر کا مسح کریں پھر پاؤں دھوئیں مگر میّت کے وضو میں گٹوں تک پہلے ہاتھ دھونا اور کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا نہیں ہے ہاں کوئی کپڑا یا روئی کی پھریری بھگو کر دانتوں اور مسوڑوں اور ہونٹوں اور نتھنوں پر پھیر دیں پھر سر اور داڑھی کے بال ہوں تو گل خیرو سے دھوئیں یہ نہ ہو تو پاک صابون اسلامی کارخانہ کا بنا ہوا یا بیسن یا کسی اور چیز سے ورنہ خالی پانی بھی کافی ہے، پھر بائیں کروٹ پر لٹا کر سر سے پاؤں تک بیری کا پانی بہائیں کہ تختہ تک پہنچ جائے پھر داہنی کروٹ پر لٹا کر یوہیں کریں اور بیری کے پتے جوش دیا ہوا پانی نہ ہو تو خالص پانی نیم گرم کافی ہے پھر ٹیک لگا کر بٹھائیں اور نرمی کے ساتھ نیچے کو پیٹ پر ہاتھ پھیریں اگر کچھ نکلے دھو ڈالیں وضو و غسل کا اعادہ نہ کریں پھر آخر میں سر سے پاؤں تک کافور کا پانی بہائیں پھر اُس کے بدن کو کسی پاک کپڑے سے آہستہ پونچھ دیں۔ ("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج ۱، ص ۱۵۸.)

ایک مرتبہ سارے بدن پر پانی بہانا فرض ہے اور تین مرتبہ سنت جہاں غسل دیں مستحب یہ ہے کہ پردہ کر لیں کہ سوا نہلانے والوں اور مددگاروں کے دوسرا نہ دیکھے، نہلاتے وقت خواہ اس طرح لٹائیں جیسے قبر میں رکھتے ہیں یا قبلہ کی طرف پاؤں کر کے یا جو آسان ہو کریں۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج ۱، ص ۱۵۸.)

سوال: قراح، خطمی اور حنوط سے کیا مراد ہے؟

جواب: قراح: خالص پانی کو کہتے ہیں۔ خطمی: ایک نفع بخش بوٹی ہے جو دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے اور اس کے خشک پتوں کو کوٹ کر پانی میں ملا کر سر کو دھویا جاتا ہے۔ حنوط: چند خشبودار چیزوں سے مرکب عطر کا نام ہے۔

سوال: غسل میں روئی کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

جواب: نہلانے کے بعد اگر ناک کان منہ اور دیگر سوراخوں میں روئی رکھ دیں تو حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ نہ رکھیں۔

("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج ۳، ص ۱۰۴۔۱۰۵،)

سوال: میت کی داڑھی میں کنگھی کرنا اور ناخن وبال کاٹنا کیسا ہے؟

جواب: میّت کی داڑھی یا سر کے بال میں کنگھا کرنا یا ناخن تراشنا یا کسی جگہ کے بال مونڈنا یا کترنا یا اُکھاڑنا، ناجائز و مکروہ تحریمی ہے بلکہ حکم یہ ہے کہ جس حالت پر ہے اُسی حالت میں دفن کر دیں، ہاں اگر ناخن ٹوٹا ہو تو لے سکتے ہیں اور اگر ناخن یا بال تراش لئے تو کفن میں رکھ دیں۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج۱، ص۱۵۸.)

وَالْمَرْأَةُ تُغَسِّلُ زَوْجَهَا بِخِلَافِهِ كَأُمِّ الْوَلَدِ لَا تُغَسِّلُ سَيِّدَهَا وَلَوْ مَاتَتِ امْرَأَةٌ مَعَ الرِّجَالِ يَمَّمُوْهَا كَعَكْسِهِ بِخِرْقَةٍ وَإِنْ وُجِدَ ذُوْ رَحِمٍ مَحْرَمٍ يَمَّمَ بِلَا خِرْقَةٍ وَكَذَا الْخُنْثَى الْمُشْكِلُ يُيَمَّمُ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ وَيَجُوْزُ لِلرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ تَغْسِيْلُ صَبِيٍّ وَصَبِيَّةٍ لَمْ يُشْتَهَيَا وَلَا بَأْسَ بِتَقْبِيْلِ الْمَيِّتِ۔

ترجمہ: اور عورت اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے بخلاف مرد کے جیسے کہ ام ولد اپنے آقا کو غسل نہیں دے سکتی، اور اگر کوئی عورت مر جائے جو مردوں کے ساتھ ہو تو اس کو ایک کپڑے سے تیمم کرا دیں جیسے کہ اس کے برعکس کی صورت میں، اور اگر کوئی ذو رحم محرم موجود ہو تو بغیر کپڑے کے تیمم کرا دے اور ایسی ہی خنثٰی مشکل کو تیمم کرایا جائے گا ظاہر روایت میں اور مرد و عورت کے لئے جائز ہے ایسے لڑکے اور لڑکی کو غسل دینا جو شہوت کی عمر کو نہ پہنچے ہوں اور میت کو بوسہ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مَنْ يُجَهِّزُهُ

وَعَلَى الرَّجُلِ تَجْهِيْزُ اِمْرَأَتِهِ وَلَوْ مُعْسِرًا فِي الْأَصَحِّ وَمَنْ لَا مَالَ لَهُ فَكَفَنُهُ عَلٰى مَنْ تَلْزَمُهُ نَفَقَتُهُ وَإِنْ لَمْ يُوْجَدْ مَنْ تَجِبُ عَلَيْهِ نَفَقَتُهُ فَفِيْ بَيْتِ الْمَالِ فَإِنْ لَمْ يُعْطِ عَجْزًا أَوْ ظُلْمًا فَعَلَى النَّاسِ وَيَسْأَلُ لَهُ التَّجْهِيْزَ مَنْ لَا يَقْدِرُ عَلَيْهِ غَيْرَهُ۔

ترجمہ: اور مرد پر واجب ہے اپنی بیوی کو کفن دینا اگرچہ وہ تنگدست ہو اصح قول کے مطابق، اور جس شخص کے پاس کچھ بھی مال نہ ہو تو اس کا کفن لازم ہے جس پر اس کا نفقہ لازم تھا اور اگر ایسا کوئی شخص نہ ہو جس پر اس کا نفقہ واجب ہوتا ہو تو بیت المال کے ذمہ ہے پس اگر بیت المال بھی نہ دے عاجزی یا ظلم کے باعث تو مسلمانوں کے ذمہ ہے، اور میت کی تجہیز کے لئے دوسرے سے وہ شخص سوال کر سکتا ہے جو اس پر قادر نہ ہو۔

اَلْكَفَنُ الشَّرْعِيُّ

وَكَفَنُ الرَّجُلِ سُنَّةً قَمِيْصٌ وَإِزَارٌ وَلِفَافَةٌ مِمَّا يَلْبَسُهُ فِيْ حَيَاتِهِ وَكِفَايَةً إِزَارٌ وَلِفَافَةٌ وَفُضِّلَ الْبَيَاضُ مِنَ الْقُطْنِ وَكُلٌّ مِنَ الْإِزَارِ وَاللِّفَافَةِ مِنَ الْقَرْنِ إِلَى الْقَدَمِ وَلَا يُجْعَلُ لِقَمِيْصِهِ كُمٌّ وَلَا دَخْرِيْصٌ وَلَا جَيْبٌ وَلَا تُكَفُّ أَطْرَافُهُ وَتُكْرَهُ الْعِمَامَةُ فِي الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: اور مرد کا سنت کفن قمیص اور ازار اور لفافہ ہے، ان کپڑوں میں سے جن کو وہ اپنی زندگی میں پہنتا تھا، کفایت کفن ازار اور لفافہ ہے، اور سفید سوتی کپڑے کو افضل قرار دیا گیا ہے اور ازار اور لفافہ میں سے ہر ایک کنپٹی یعنی سر کے بال سے قدم تک ہو گا، اور اس کی قمیص کے لئے نہ آستینیں بنائی جائیں نہ کلی اور نہ جیب اور نہ اس کے کنارے سلے جائیں، اور عمامہ مکروہ ہے اصح قول کے مطابق۔

وَلُفَّ مِنْ يَسَارِهٖ ثُمَّ يَمِيْنِهٖ وَعُقِدَ إِنْ خِيْفَ اِنْتِشَارُهٗ وَتُزَادُ الْمَرْأَةُ فِي السُّنَّةِ خِمَارًا لِوَجْهِهَا وَخِرْقَةً لِرَبْطِ ثَدْيَيْهَا وَفِي الْكِفَايَةِ خِمَارًا وَيُجْعَلُ شَعْرُهَا ضَفِيْرَتَيْنِ عَلٰى صَدْرِهَا فَوْقَ الْقَمِيْصِ ثُمَّ الْخِمَارُ فَوْقَهٗ تَحْتَ اللِّفَافَةِ ثُمَّ الْخِرْقَةُ فَوْقَهَا وَتُجَمَّرُ الْأَكْفَانُ وِتْرًا قَبْلَ أَنْ يُدْرَجَ فِيْهَا وَكَفَنُ الضَّرُوْرَةِ مَا يُوْجَدُ۔

ترجمہ: اور مردے کی بائیں جانب سے لپیٹا جائے پھر داہنی جانب سے اور گرہ لگا دی جائے اگر کفن کے پھیلنے کا خوف ہو اور عورت کے کفن مسنون میں زیادتی کر دی جائے ایک اوڑھنی کی اس کے چہرے کے لئے اور ایک کپڑے کی پستانوں کو باندھنے کے لئے اور کفنِ کفایت میں ایک اوڑھنی کی۔ اور اس کے بالوں کی دو لٹیں کر کے سینے پر ڈال دی جائیں قمیص کے اوپر پھر اس کے اوپر اوڑھنی لفافہ کے نیچے پھر سینہ بند لفافہ کے اوپر، اور دھونی دی جائے کفن کے کپڑوں کو طاق عدد میں میت کو اس میں داخل کرنے سے پہلے اور کفن ضرورت وہ ہے جو مل جائے۔

سوال: کیا عورت اپنے شوہر کو اور شوہر اپنی عورت کو غسل دے سکتے ہیں؟

جواب: عورت اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے جب کہ موت سے پہلے یا بعد کوئی ایسا امر نہ واقع ہوا ہو جس سے اس کے نکاح سے نکل جائے، مثلاً شوہر کے لڑکے یا باپ کو شہوت سے چھوا یا بوسہ لیا یا معاذاللہ مرتد ہو گئی، اگرچہ غسل سے پہلے ہی پھر مسلمان ہو گئی کہ ان وجوہ سے نکاح جاتا رہا اور اجنبیہ ہو گئی لہٰذا غسل نہیں دے سکتی۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج۱، ص۱۶۰.) عورت مر جائے تو شوہر نہ اُسے نہلا سکتا ہے نہ چھو سکتا ہے اور دیکھنے کی ممانعت نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۰۵.)

عوام میں جو یہ مشہور ہے کہ شوہر عورت کے جنازہ کو نہ کندھا دے سکتا ہے نہ قبر میں اتار سکتا ہے نہ منہ دیکھ سکتا ہے، یہ محض غلط ہے صرف نہلانے اور اس کے بدن کو بلا حائل ہاتھ لگانے کی ممانعت ہے۔

سوال: کیا باندی اپنے آقا کو غسل دے سکتی ہے؟

جواب: ام ولد یا مدبّرہ یا مکاتبہ یا ویسی باندی اپنے آقائے مردہ کو غسل نہیں دے سکتی کہ یہ سب اب اُس کی مِلک سے خارج ہو گئیں۔ یوہیں اگر یہ مر جائیں تو آقا نہیں نہلا سکتا۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۰۶.)

سوال: عورت کا انتقال ہوا اور وہاں کوئی عورت نہیں کہ اسے نہلا دے تو کیا حکم ہے؟

جواب: عورت کا انتقال ہوا اور وہاں کوئی عورت نہیں کہ نہلا دے تو تیمم کرایا جائے پھر تیمم کرنے والا محرم ہو تو ہاتھ سے تیمم کرائے اور اجنبی ہو اگرچہ شوہر تو ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر جنس زمین پر ہاتھ مارے اور تیمم کرائے اور شوہر کے سوا کوئی اور اجنبی ہو تو کلائیوں کی طرف نظر نہ کرے اور شوہر کو اس کی حاجت نہیں اور اس مسئلہ میں جوان اور بڑھیا دونوں کا ایک حکم ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۱۰)

سوال: خنثیٰ مشکل کو غسل دینے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: خنثیٰ مشکل کا انتقال ہوا تو اسے نہ مرد نہلا سکتا ہے نہ عورت بلکہ تیمم کرایا جائے اور تیمم کرانے والا اجنبی ہو تو ہاتھ پر کپڑا لپیٹ لے اور کلائیوں پر نظر نہ کرے۔ یوہیں خنثیٰ مشکل کسی مرد یا عورت کو غسل نہیں دے سکتا۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج۱، ص۱۶۰.) خنثیٰ مشکل چھوٹا بچہ ہو تو اُسے مرد بھی نہلا سکتے ہیں اور عورت بھی۔

سوال: وہ لڑکا اور لڑکی جو ابھی حدِّ شہوت کو نہیں پہنچے انہیں کون غسل دے سکتا ہے؟

جواب: میّت چھوٹا لڑکا ہے تو اسے عورت بھی نہلا سکتی ہے اور چھوٹی لڑکی کو مرد بھی، چھوٹے سے یہ مراد کہ حدِ شہوت کو نہ پہنچے ہوں۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج۱، ص۱۶۰.)

سوال: میت کو بوسہ دینا کیسا ہے؟

جواب: میت کے ساتھ محبت ہونے کی وجہ سے یا اس سے برکت حاصل کرنے کے لئے بوسہ دے سکتے ہیں کوئی مضائقہ نہیں لیکن اگر شہوت سے ہو تو حرام ہے۔

سوال: بیوی کا کفن کس پر واجب ہے؟

جواب: عورت نے اگرچہ مال چھوڑا اُس کا کفن شوہر کے ذمہ ہے بشرطیکہ موت کے وقت کوئی ایسی بات نہ پائی گئی جس سے عورت کا نفقہ شوہر پر سے ساقط ہو جاتا ہے، اگر شوہر مرا اور اس کی عورت مالدار ہے، جب بھی عورت پر کفن واجب نہیں۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثالث، ج۱، ص۱۶۱.)

سوال: فقیر و مسکین کا کفن کس پر لازم ہے؟

جواب: میّت نے مال نہ چھوڑا تو کفن اس کے ذمہ ہے جس کے ذمہ زندگی میں نفقہ تھا اور اگر کوئی ایسا نہیں جس پر نفقہ واجب ہوتا یا ہے مگر نادار ہے تو بیت المال سے دیا جائے اور بیت المال بھی وہاں نہ ہو، جیسے یہاں ہندوستان میں تو وہاں کے مسلمانوں پر کفن دینا فرض ہے، اگر معلوم تھا اور نہ دیا تو سب گنہگار ہوں گے اگر ان لوگوں کے پاس بھی نہیں تو ایک کپڑے کی قدر لوگوں سے سوال کر لیں۔

("الجوهرة النيرة"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص۱۳۴.)

سوال: میت کو کفن دینے کا کیا حکم ہے؟

جواب: میت کو کفن دینا فرض کفایہ ہے یعنی بعض لوگوں نے دے دیا تو سب سے ساقط ہو گیا۔

سوال: کفن کے کتنے درجے اور کون کون سے ہیں؟

جواب: کفن کے تین درجے ہیں۔ (۱) ضرورت (۲) کفایت (۳) سنت

سوال: مرد کے لئے سنّت کفن کیا ہے؟

جواب: مرد کے لئے سنت تین کپڑے ہیں۔ (۱) لفافہ (۲) اِزار (۳) قمیص۔

سوال: عورت کے لئے سنّت کفن کیا ہے؟

جواب: عورت کے لئے پانچ۔ (۱) لفافہ (۲) اِزار (۳) قمیص (۴) اوڑھنی (۵) سینہ بند۔

سوال: لفافہ، ازار، قمیص، اوڑھنی اور سینہ بند کی مقدار کتنی ہونی چاہئے؟

جواب: لفافہ یعنی چادر کی مقدار یہ ہے کہ میّت کے قد سے اس قدر زیادہ ہو کہ دونوں طرف باندھ سکیں۔ اور اِزار یعنی تہبند چوٹی سے قدم تک یعنی لفافہ سے اتنی چھوٹی جو بندش کے لئے زیادہ تھا۔ اور قمیص جس کو کفنی کہتے ہیں گردن سے گھٹنوں کے نیچے تک اور یہ آگے اور پیچھے دونوں طرف برابر ہوں اور جاہلوں میں جو رواج ہے کہ پیچھے کم رکھتے ہیں یہ غلطی ہے، چاک اور آستینیں اس میں نہ ہوں۔ مرد اور عورت کی کفنی میں فرق ہے، مرد کی کفنی مونڈھے پر چیریں اور عورت کے لئے سینہ کی طرف۔ اوڑھنی تین ہاتھ کی ہونی چاہیے یعنی ڈیڑھ گز۔ سینہ بند پستان سے ناف تک اور بہتر یہ ہے کہ ران تک ہو۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثالث، ج۱، ص۱۶۰.)

سوال: کفن کا کپڑا کیسا ہونا چاہئے؟

جواب: کفن اچھا ہونا چاہیے یعنی مرد عیدین وجمعہ کے لئے جیسے کپڑے پہنتا تھا اور عورت جیسے کپڑے پہن کر میکے جاتی تھی اُس قیمت کا ہونا چاہیے۔ حدیث میں ہے، "مُردوں کو اچھا کفن دو کہ وہ باہم ملاقات کرتے اور اچھے کفن سے تفاخر کرتے یعنی خوش ہوتے ہیں، سفید کفن بہتر ہے۔ کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "اپنے مُردے سفید کپڑوں میں کفناؤ۔" ("غنیۃ المتملي"، فصل في الجنائز، ص۵۸۱۔ ۵۸۲.)

سوال: مرد وعورت کے لئے کفنِ کفایت کیا ہے؟

جواب: کفنِ کفایت مرد کے لئے دو کپڑے ہیں۔ (۱) لفافہ (۲) اِزار۔ اور عورت کے لئے تین۔ (۱) لفافہ (۲) اِزار (۳) اوڑھنی یا (۱) لفافہ (۲) قمیص (۳) اوڑھنی۔ بلا ضرورت کفن کفایت سے کم کرنا ناجائز و مکروہ ہے۔ ("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في الکفن، ج۳، ص۱۱۵.)

سوال: میت کو عمامہ پہنانا کیسا ہے؟

جواب: اصح قول کے مطابق میت کو عمامہ پہنانا مکروہ ہے، لیکن بعض علمانے اس کو مستحسن قرار دیا ہے مگر سب کے لئے نہیں، پس علما کے سر پر باندھا جائے اور عوام کے سر پر نہ باندھا جائے۔

سوال: کفن پہنانے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: کفن پہنانے کا طریقہ یہ ہے کہ میّت کو غسل دینے کے بعد بدن کسی پاک کپڑے سے آہستہ پونچھ لیں کہ کفن تر نہ ہو اور کفن کو ایک یا تین یا پانچ یا سات بار دھونی دے لیں اس سے زیادہ نہیں، پھر کفن یوں بچھائیں کہ پہلے بڑی چادر پھر تہبند پھر کفنی پھر میّت کو اس پر لٹائیں اور

کفنی پہنائیں اور داڑھی اور تمام بدن پر خوشبو ملیں اور مواضع سجود یعنی ماتھے، ناک، ہاتھ، گھٹنے، قدم پر کافور لگائیں پھر اِزار یعنی تہبند لپیٹیں پہلے بائیں جانب سے پھر دہنی طرف سے پھر لفافہ لپیٹیں پہلے بائیں طرف سے پھر دہنی طرف سے تاکہ دہنا اوپر رہے اور سر اور پاؤں کی طرف باندھ دیں کہ اُڑنے کا اندیشہ نہ رہے، عورت کو کفنی پہنا کر اُس کے بال کے دو حصے کر کے کفنی کے اوپر سینہ پر ڈال دیں اور اوڑھنی نصف پشت کے نیچے سے بچھا کر سر پر لا کر منہ پر مثل نقاب ڈال دیں کہ سینہ پر رہے کہ اُس کا طول نصف پشت سے سینہ تک ہے اور عرض ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک ہے اور یہ جو لوگ کیا کرتے ہیں کہ زندگی کی طرح اُڑھاتے ہیں یہ محض بیجا و خلافِ سُنت ہے پھر بدستور اِزار و لفافہ لپیٹیں پھر سب کے اُوپر سینہ بند بالائے پستان سے ران تک لا کر باندھیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الثالث، ج۱، ص۱۶۱.)

سوال: مرد و عورت کے لئے کفنِ ضرورت کیا ہے؟

جواب: کفن ضرورت دونوں کے لئے یہ ہے کہ جو میّسر آئے اور کم از کم اتنا تو ہو کہ سارا بدن ڈھک جائے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۱۲۔۱۱۶.)

کبھی گوشت نہ چکھا

حضرتِ سیِّدُنا عُتْبَۃُ الْغُلَام رحمۃُ اللہ تعالیٰ علیہ کو سات سال تک گوشت کی خواہش رہی۔ ایک روز اِرشاد فرمایا: مجھے اپنے نفس سے حیا آئی کہ میں ۷ سال سے مسلسل اسے گوشت کھانے سے روک رہا ہوں، چنانچہ میں نے روٹی اور گوشت کا ٹکڑا خریدا اور اسے بھون کر روٹی پر رکھا ہی تھا کہ ایک بچے کو دیکھا، میں نے پوچھا: کیا تم فلاں کے بیٹے ہو اور تمہارے والد فوت ہو چکے ہیں؟ اس نے کہا: ہاں۔ میں نے روٹی اور گوشت کا ٹکڑا اُسے دے دیا۔ لوگ کہتے ہیں: پھر آپ رحمۃُ اللہ تعالیٰ علیہ رونے لگے اور یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی: "وَ یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّهٖ مِسْكِیْنًا وَّ یَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا(۸)" (پ۲۹، الدھر:۸)

(ترجمہ کنز الایمان: اور کھانا کھلاتے ہیں اس کی محبت پر مسکین اور یتیم اور اَسیر (قیدی) کو)۔ اس کے بعد آپ رحمۃُ اللہ تعالیٰ علیہ نے کبھی گوشت نہیں چکھا۔

(احیاء علوم الدین، کتاب کسر الشھوتین، بیان طریق الریاضۃ فی کسر شھوات البطن، ۳/۱۱۶)

فَصْلٌ فِيْ الصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ

یہ فصل میت کی نماز (نماز جنازہ) پڑھنے کے بیان میں ہے

حُكْمُهَا وَاَرْكَانُهَا

اَلصَّلَاةُ عَلَيْهِ فَرْضُ كِفَايَةٍ وَأَرْكَانُهَا اَلتَّكْبِيْرَاتُ وَالْقِيَامُ۔

ترجمہ: میت پر نماز پڑھنا فرض کفایہ ہے اور اس کے ارکان تکبیریں اور کھڑا ہونا ہے۔

وَشَرَائِطُهَا سِتَّةٌ

إِسْلَامُ الْمَيِّتِ وَطَهَارَتُهٗ وَتَقَدُّمُهٗ وَحُضُوْرُهٗ أَوْ حُضُوْرُ أَكْثَرِ بَدَنِهٖ أَوْ نِصْفِهٖ مَعَ رَأْسِهٖ وَكَوْنُ الْمُصَلِّيْ عَلَيْهَا غَيْرَ رَاكِبٍ بِلَا عُذْرٍ وَكَوْنُ الْمَيِّتِ عَلَى الْأَرْضِ فَإِنْ كَانَ عَلٰى دَابَّةٍ أَوْ عَلٰى أَيْدِي النَّاسِ لَمْ تَجُزِ الصَّلَاةُ عَلَى الْمُخْتَارِ إِلَّا مِنْ عُذْرٍ۔

ترجمہ: اور نماز جنازہ کی چھ شرطیں ہیں: (۱) میت کا مسلمان ہونا۔ (۲) اور اس کا پاک ہونا۔ (۳) اور اس کا آگے ہونا۔ (۴) میت کا یا اس کے اکثر بدن کا یا نصف بدن کا سر کے ساتھ حاضر ہونا۔ (۵) میت پر نماز پڑھنے والے کا بلا کسی عذر کے سوار نہ ہونا۔ (۶) میت کا زمین پر ہونا۔ پس اگر میت سواری پر یا لوگوں کے ہاتھوں پر ہو تو نماز جائز نہ ہوگی مختار قول کے مطابق مگر کسی عذر کی وجہ سے۔

سُنَنُهَا أَرْبَعٌ

قِيَامُ الْإِمَامِ بِحِذَاءِ صَدْرِ الْمَيِّت، ذَكَرًا كَانَ أَوْ أُنْثٰى وَالثَّنَاءُ بَعْدَ التَّكْبِيْرَةِ الْأُوْلٰى وَالصَّلَاةُ عَلٰى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ الثَّانِيَةِ وَالدُّعَاءُ لِلْمَيِّتِ بَعْدَ الثَّالِثَةِ۔

ترجمہ: اور نماز جنازہ کی سنتیں چار ہیں: (۱) امام کا میت کے سینے کے سامنے کھڑا ہونا میت مرد ہو یا عورت۔ (۲) اور پہلی تکبیر کے بعد ثنا پڑھنا۔ (۳) اور دوسری تکبیر کے بعد نبی ﷺ پر درود پڑھنا۔ (۴) اور تیسری تکبیر کے بعد میت کے لئے دعا کرنا۔

اَلدُّعَاءُ فِيْ صَلَاةِ الْجَنَازَةِ

وَلَا يَتَعَيَّنُ لَهُ شَيْءٌ وَإِنْ دَعَا بِالْمَأْثُورِ فَهُوَ أَحْسَنُ وَأَبْلَغُ وَمِنْهُ مَا حَفِظَ عَوْفٌ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَيُسَلِّمُ بَعْدَ الرَّابِعَةِ مِنْ غَيْرِ دُعَاءٍ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ۔

ترجمہ: اور اس کے لئے کوئی خاص دعا معین نہیں ہے منقول دعا پڑھے تو زیادہ اچھا اور مقصود تک زیادہ پہنچنے والا ہے اور منقول دعا میں سے ایک وہ ہے جس کو عوف رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے یاد کیا ہے: **اللهم اغفر له وارحمه وعافه واعف عنه وأكرم نزله ووسع مدخله واغسله بالماء والثلج والبرد ونقه من الخطايا كما ينقى الثوب الأبيض من الدنس وأبدله دارا خيرا من داره وأهلا خيرا من أهله وزوجا خيرا من زوجه وأدخله الجنة وأعذه من عذاب القبر وعذاب النار** اور چوتھی تکبیر کے بعد بغیر دعا مانگے سلام پھیر دے ظاہر روایت کے مطابق۔

سوال: نمازِ جنازہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: نمازِ جنازہ فرض کفایہ ہے کہ ایک نے بھی پڑھ لی تو سب بری الذمہ ہو گئے، ورنہ جس جس کو خبر پہنچی تھی اور نہ پڑھی گنہگار ہوا۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۲۰.)

اس کی فرضیت کا جو انکار کرے کافر ہے۔ اس کے لئے جماعت شرط نہیں، ایک شخص بھی پڑھ لے فرض ادا ہو گیا۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس، ج۱، ص۱۶۲.)

سوال: نمازِ جنازہ کے رکن کتنے ہیں؟

جواب: نماز جنازہ میں دو رکن ہیں: (۱) چار بار اللہ اکبر کہنا (۲) قیام۔

سوال: نمازِ جنازہ کی شرائط کیا ہیں؟

جواب: نمازِ جنازہ واجب ہونے کے لئے وہی شرائط ہیں جو اور نمازوں کے لئے ہیں یعنی (۱) قادر (۲) بالغ (۳) عاقل (۴) مسلمان ہونا، ایک بات اس میں زیادہ ہے یعنی اس کی موت کی خبر ہونا۔ ("رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۲۱.)

نمازِ جنازہ میں دو طرح کی شرطیں ہیں، ایک مصلّی کے متعلق دوسری میّت کے متعلق، مصلّی کے لحاظ سے تو وہی شرطیں ہیں جو مطلق نماز کی ہیں یعنی (۱) مصلّی کا نجاست حکمیہ و حقیقیہ سے پاک ہونا، نیز اس کے کپڑے اور جگہ کا پاک ہونا۔ (۲) ستر عورت۔ (۳) قبلہ کو منہ ہونا۔ (۴) نیت۔

اس میں وقت شرط نہیں اور تکبیر تحریمہ رُکن ہے شرط نہیں جیسا کہ پہلے ذکر ہوا۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۲۱، وغیرہ.)

سوال: نمازِ جنازہ میں میت سے تعلق رکھنے والی شرائط کیا ہیں؟

جواب: نماز جنازہ میں میّت سے تعلق رکھنے والی چند شرطیں ہیں:

(۱) میّت کا مسلمان ہونا۔ میّت سے مراد وہ ہے جو زندہ پیدا ہوا پھر مر گیا، تو اگر مردہ پیدا ہوا بلکہ اگر نصف سے کم باہر نکلا اس وقت زندہ تھا اور اکثر باہر نکلنے سے پیشتر مر گیا تو اُس کی بھی نماز نہ پڑھی جائے اور تفصیل آتی ہے۔

(۲) میّت کے بدن و کفن کا پاک ہونا۔ بدن پاک ہونے سے یہ مراد ہے کہ اُسے غسل دیا گیا ہو یا غسل ناممکن ہونے کی صورت میں تیمم کرایا گیا ہو اور کفن پہنانے سے پیشتر اُس کے بدن سے نجاست نکلی تو دھو ڈالی جائے اور بعد میں خارج ہوئی تو دھونے کی حاجت نہیں۔ اور کفن پاک ہونے کا یہ مطلب ہے کہ پاک کفن پہنایا جائے اور بعد میں اگر نجاست خارج ہوئی اور کفن آلودہ ہوا تو حرج نہیں۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۲۲.)

(۳) جنازہ مصلّی کے آگے قبلہ کو ہونا، اگر مصلّی کے پیچھے ہوگا نماز صحیح نہ ہوگی۔ اگر جنازہ الٹا رکھا یعنی امام کے دہنے میّت کا قدم ہو تو نماز ہو جائے گی، مگر قصداً ایسا کیا تو گنہگار ہوئے۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۲۴.) اگر قبلہ کے جاننے میں غلطی ہوئی یعنی میّت کو اپنے خیال سے قبلہ ہی کو رکھا تھا مگر حقیقۃً قبلہ کو نہیں، تو تحری کریں، پس اگر تحری کر کے نماز پڑھی تو ہوگئی ورنہ نہیں۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۲۴.)

(۴) جنازہ کا وہاں موجود ہونا یعنی کُل یا اکثر یا نصف مع سر کے موجود ہونا، لہٰذا غائب کی نماز نہیں ہو سکتی۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب: هل يسقط فرض الكفاية بفعل الصبي، ج۳، ص۱۲۳.)

(۵) میت پر نماز پڑھنے والے کا بلا کسی عذر کے سوار نہ ہونا۔ بغیر عذر بیٹھ کر یا سواری پر نماز جنازہ پڑھی، نہ ہوئی اور اگر ولی یا امام بیمار تھا اس نے بیٹھ کر پڑھائی اور مقتدیوں نے کھڑے ہو کر پڑھی ہوگئی۔ ("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب: هل يسقط فرض... إلخ، ج۳، ص۱۲۴.)

(۶) جنازہ زمین پر رکھا ہونا یا ہاتھ پر ہو مگر قریب ہو، اگر جانور وغیرہ پر لدا ہو نماز نہ ہوگی۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب: هل يسقط فرض الكفاية بفعل الصبي، ج۳، ص۱۲۳.)

سوال: نمازِ جنازہ میں سنّتِ مؤکدہ کتنی ہیں؟

جواب: مصنف نے نماز جنازہ کی چار سنتیں بیان کی ہیں (۱) امام کا میت کے سینے کے سامنے کھڑا ہونا خواہ میت مرد ہو یا عورت۔ (۲) پہلی تکبیر کے بعد اللہ عزوجل کی حمد و ثنا۔ (۳) دوسری تکبیر کے بعد نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود۔ (۴) تیسری تکبیر کے بعد میّت کے لئے دُعا۔

سوال: نمازِ جنازہ کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: نماز جنازہ کا طریقہ یہ ہے کہ کان تک ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے حسب دستور باندھ لے اور ثنا پڑھے، یعنی سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ. پھر بغیر ہاتھ اٹھائے اللہ اکبر کہے اور درود شریف پڑھے بہتر وہ دُرود ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے یعنی درودِ ابراہیمی، اور کوئی دوسرا پڑھا جب بھی حرج نہیں، پھر اللہ اکبر کہہ کر اپنے اور میّت اور تمام

مؤمنین و مؤمنات کے لئے دُعا کرے اور بہتر یہ کہ وہ دُعا پڑھے جو احادیث میں وارد ہیں اور ماثور دُعائیں اگر اچھی طرح نہ پڑھ سکے تو جو دُعا چاہے پڑھے، مگر وہ دُعا ایسی ہو کہ اُمورِ آخرت سے متعلق ہو۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص ۱۳۷.)

سوال: نمازِ جنازہ میں کون سی دعا پڑھے؟

جواب: نمازِ جنازہ میں پڑھی جانے والی دعا متعین نہیں ہے بلکہ کئی روایت میں الگ الگ دعائیں آئی ہیں، چاہے تو متن میں مذکور دعا پڑھے اور چاہے تو دیگر پڑھے۔ مگر جو دعا متن میں مذکور ہے اس کے بارے میں مصنف فرماتے ہیں کہ یہ دعا پڑھنا زیادہ اچھا اور مقصود تک پہنچنے والی ہے یعنی اس دعا میں صرف اور صرف میت کے لئے دعا کی گئی ہے جبکہ دیگر دعاؤں میں میت کے ساتھ ساتھ زندہ لوگوں کے لئے بھی دعا کی گئی ہے۔

بعض ماثور دُعائیں یہ ہیں:

(۱) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ۔

(۲) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ (لَھَا) وَارْحَمْہُ (ھَا) وَعَافِہٖ (ھا) وَاعْفُ عَنْہُ (ھَا) وَاَکْرِمْ نُزُلَہٗ (ھَا) وَوَسِّعْ مُدْخَلَہٗ (ھَا) وَاغْسِلْہُ (ھَا) بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّہٖ (ھَا) مِنَ الْخَطَایَا کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْہُ (ھَا) دَارًا خَیْرًا مِّنْ دَارِہٖ (ھَا) وَاَھْلاً خَیْرًا مِّنْ اَھْلِہٖ (ھَا) وَزَوْجًا خَیْرًا مِّنْ زَوْجِہٖ (۱) وَاَدْخِلْہُ (ھَا) اَلْجَنَّۃَ وَاَعِذْہُ (ھَا) مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ۔

(۳) اَللّٰھُمَّ عَبْدُکَ (اَمَتُکَ) وَابْنُ (بِنْتُ) اَمَتِکَ یَشْھَدُ (تَشْھَدُ) اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَیَشْھَدُ (تَشْھَدُ) اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ اَصْبَحَ فَقِیْرًا (اَصْبَحَتْ فَقِیْرَۃً) اِلٰی رَحْمَتِکَ وَاَصْبَحْتَ غَنِیًّا عَنْ عَذَابِہٖ (ھَا) تَخَلّٰی (تَخَلَّتْ) مِنَ الدُّنْیَا وَاَھْلِھَا اِنْ کَانَ (کَانَتْ) زَاکِیًا (زَکِیَّۃً) فَزَکِّہٖ (ھَا) وَاِنْ کَانَ (کَانَتْ) مُخْطِئًا (مُخْطِئَۃً) فَاغْفِرْ لَہٗ (ھَا) اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ (ھَا) وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَہٗ (ھَا).

سوال: "یسلم بعد الرابعة من غیر دعا فی ظاہر الروایة" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے مصنف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ بعض مشائخ نے کہا ہے کہ چوتھی تکبیر کے بعد (ربنا اٰتنا فی الدنیا) والی دعا پڑھے یا (ربنا لا تزغ قلوبنا) والی دعا پڑھے۔ اور ظاہر الروایت میں ہے کہ چوتھی تکبیر کے بعد بغیر دعا پڑھے دونوں طرف سلام پھیر دے، اور یہی مفتٰی بہ قول ہے۔ جیسے کہ بہار شریعت میں ہے: چوتھی تکبیر کے بعد بغیر کوئی دُعا پڑھے ہاتھ کھول کر سلام پھیر دے، سلام میں میّت اور فرشتوں اور حاضرین نماز کی نیت کرے، اُسی طرح جیسے اور نمازوں کے سلام میں نیت کی جاتی ہے یہاں اتنی بات زیادہ ہے کہ میّت کی بھی نیت کرے۔

(بہار شریعت جلد ۱۔ ص ۸۳۵)

وَلَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ غَيْرِ التَّكْبِيْرَةِ الْأُوْلٰى وَلَوْ كَبَّرَ الْإِمَامُ خَمْسًا لَمْ يُتْبَعْ وَلٰكِنْ يُنْتَظَرُ سَلَامُهٗ فِي الْمُخْتَارِ وَلَا يُسْتَغْفَرُ لِمَجْنُوْنٍ وَصَبِيٍّ وَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَاجْعَلْهُ لَنَا أَجْرًا وَذُخْرًا وَاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا مُشَفَّعًا۔

ترجمہ: اور پہلی تکبیر کے علاوہ میں اپنے ہاتھوں کو نہ اٹھائے اور اگر امام پانچویں تکبیر کہے تو مقتدی اتباع نہ کرے لیکن مقتدی امام کے سلام کا انتظار کرے مختار قول کے مطابق، اور مجنون اور بچہ کے لئے استغفار نہ کرے اور پڑھے اللھم اجعلہ لنا فرطا واجعلہ لنا أجرا وذخرا واجعلہ لنا شافعا مشفعا۔

سوال: نمازِ جنازہ کی تکبیروں میں ہاتھ اٹھانا کیسا ہے؟

جواب: امام اور مقتدی نمازِ جنازہ کی صرف پہلی تکبیر میں ہاتھ اٹھائیں گے پھر اس کے علاوہ تین تکبیروں میں نہیں اٹھائیں گے۔

سوال: نمازِ جنازہ میں اگر امام نے پانچ تکبیریں کہی تو مقتدی کو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر امام نمازِ جنازہ میں پانچ تکبیریں کہے تو مقتدی امام کی متابعت نہ کرے بلکہ چپ کھڑا رہے اور جب امام سلام پھیرے تو یہ اس کے ساتھ سلام پھیر دے یہی اصح قول ہے کیونکہ اعلی حضرت رضی اللہ عنہ نے مراقی الفلاح کے حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ: پانچویں تکبیر منسوخ ہو چکی ہے جیسے کہ قنوتِ فجر منسوخ ہو چکی ہے۔

سوال: مجنون اور بچوں کے جنازے کی نماز میں کون سی دعا پڑھی جائے گی؟

جواب: میت مجنون یا نابالغ ہو تو تیسری تکبیر کے بعد یہ دُعا پڑھے: **اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا ذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا** اور لڑکی ہو تو **اجْعَلْهَا** اور **شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً** کہے۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص۱۳۸.)

مجنون سے مراد وہ مجنون ہے کہ بالغ ہونے سے پہلے مجنون ہوا کہ وہ کبھی مکلّف ہی نہ ہوا اور اگر جنون عارضی ہے تو اس کی مغفرت کی دُعا کی جائے، جیسے اوروں کے لئے کی جاتی ہے کہ جنون سے پہلے تو وہ مکلّف تھا اور جنون کے پیشتر کے گناہ جنون سے جاتے نہ رہے۔

("غنیۃ المتملي"، فصل في الجنائز، ص۵۸۷.)

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِيۡ بَيَانِ الۡاَحَقِّ بِالصَّلَاةِ عَلَى الۡجِنَازَةِ

یہ فصل نمازِ جنازہ پڑھانے کے زیادہ حقدار ہونے کے بیان میں ہے

اَلسُّلۡطَانُ أَحَقُّ بِصَلَاتِهٖ ثُمَّ نَائِبُهٗ ثُمَّ الۡقَاضِيۡ ثُمَّ إِمَامُ الۡحَيِّ ثُمَّ الۡوَلِيُّ وَلِمَنۡ لَهٗ حَقُّ التَّقَدُّمِ أَنۡ يَأۡذَنَ لِغَيۡرِهٖ فَإِنۡ صَلّٰى غَيۡرُهٗ أَعَادَهَا إِنۡ شَاءَ وَلَا يُعِيۡدُ مَعَهٗ مَنۡ صَلّٰى مَعَ غَيۡرِهٖ وَمَنۡ لَهٗ وِلَايَةُ التَّقَدُّمِ فِيۡهَا أَحَقُّ مِمَّنۡ أَوۡصٰى لَهُ الۡمَيِّتُ بِالصَّلَاةِ عَلَيۡهِ عَلَى الۡمُفۡتٰى بِهٖ وَإِنۡ دُفِنَ بِلَا صَلَاةٍ صُلِّيَ عَلٰى قَبۡرِهٖ وَإِنۡ لَمۡ يُغَسَّلۡ مَا لَمۡ يَتَفَسَّخۡ۔

ترجمہ: میت کی نماز کا بادشاہ زیادہ حقدار ہے پھر اس کا نائب پھر قاضی پھر محلہ کا امام پھر ولی اور جس شخص کو آگے ہونے کا حق ہے اس کو جائز ہے کہ اپنے علاوہ کو اجازت دے پس اگر اس کے علاوہ نے نماز پڑھائی تو اعادہ کرے اگر چاہے اور اس کے ساتھ اعادہ نہیں کرے گا وہ شخص جو دوسرے کے ساتھ نماز پڑھ چکا ہے، اور جس شخص کو تقدم کا حق حاصل ہے نماز میں وہی زیادہ حقدار ہے اس شخص سے جس کے لئے میت نے نماز پڑھانے کی وصیت کی ہو مفتی بہ قول پر، اور اگر بغیر نماز کے دفن کر دیا تو اس کی قبر پر نماز پڑھی جائے گی اگر چہ غسل نہ دیا گیا ہو جب تک کہ وہ نہ پھٹے۔

اِجۡتِمَاعُ الۡجَنَائِزِ

وَإِذَا اِجۡتَمَعَتِ الۡجَنَائِزُ فَالۡإِفۡرَادُ بِالصَّلَاةِ لِكُلٍّ مِنۡهَا أَوۡلٰى وَيُقَدِّمُ الۡأَفۡضَلُ فَالۡأَفۡضَلُ وَإِنِ اجۡتَمَعۡنَ وَصُلِّيَ عَلَيۡهَا مَرَّةً جَعَلَهَا صَفًّا طَوِيۡلًا مِمَّا يَلِي الۡقِبۡلَةَ بِحَيۡثُ يَكُوۡنُ صَدۡرُ كُلٍّ قُدَّامَ الۡإِمَامِ وَرَاعَى التَّرۡتِيۡبَ فَيَجۡعَلُ الرِّجَالَ مِمَّا يَلِي الۡإِمَامَ ثُمَّ الصِّبۡيَانَ بَعۡدَهُمۡ ثُمَّ الۡخَنَاثٰى ثُمَّ النِّسَاءَ وَلَوۡ دُفِنُوۡا بِقَبۡرٍ وَاحِدٍ وُضِعُوۡا عَلٰى عَكۡسِ هٰذَا۔

ترجمہ: اور جب چند جنازے جمع ہو جائیں تو ان میں سے ہر ایک کی علیحدہ نماز پڑھنا اولی ہے، اور افضل کو مقدم کیا جائے گا پھر جو اس کے بعد افضل ہو، اور اگر چند جنازے جمع ہو جائیں اور ان پر ایک ہی مرتبہ نماز پڑھی جائے تو ان جنازوں کو ایک لمبی صف میں

رکھ دے قبلہ کی طرف اس طور پر کی ہر ایک کا سینہ امام کے سامنے رہے اور ترتیب کی رعایت کرے پس مردوں کو امام سے متصل رکھے پھر بچوں کو ان کے بعد پھر مخنثوں کو پھر عورتوں کو، اور اگر یہ لوگ ایک قبر میں دفن کئے جائیں تو اس کے برعکس رکھے جائیں۔

سوال: نمازِ جنازہ میں امامت کا حق کسے ہے؟

جواب: نماز جنازہ میں امامت کا حق بادشاہ اسلام کو ہے، پھر قاضی، پھر امام جمعہ، پھر امام محلہ، پھر ولی کو، امام محلہ کا ولی پر تقدم بطور استحباب ہے اور یہ بھی اُس وقت کے ولی سے افضل ہو ورنہ ولی بہتر ہے۔ ("غنية المتملي"، فصل في الجنائز، ص ۵۸۴.)

سوال: میت کے ولی سے مراد کون ہے؟

جواب: ولی سے مراد میّت کے عصبہ ہیں اور نماز پڑھانے میں اولیاء کی وہی ترتیب ہے جو نکاح میں ہے، صرف فرق اتنا ہے کہ نماز جنازہ میں میّت کے باپ کو بیٹے پر تقدم ہے اور نکاح میں بیٹے کو باپ پر، البتہ اگر باپ عالم نہیں اور بیٹا عالم ہے تو نماز جنازہ میں بھی بیٹا مقدم ہے، اور اگر عصبہ نہ ہوں تو ذوی الارحام غیروں پر مقدم ہیں۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: تعظيم أولي الأمر واجب، ج۳، ص ۱۴۱.)

میّت کا ولی اقرب (سب سے زیادہ نزدیک کا رشتہ دار) غائب ہے اور ولی ابعد (دُور کا رشتہ والا) حاضر ہے تو یہی ابعد نماز پڑھائے، غائب ہونے سے مراد یہ ہے کہ اتنی دُور ہے کہ اُس کے آنے کے انتظار میں حرج ہو۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: تعظيم أولي الأمر واجب، ج۳، ص ۱۴۱.)

عورت کا کوئی ولی نہ ہو تو شوہر نماز پڑھائے، وہ بھی نہ ہو تو پڑوسی۔ یوہیں مرد کا ولی نہ ہو تو پڑوسی اوروں پر مقدم ہے۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج۳، ص ۱۴۳.)

عورتوں اور بچوں کو نماز جنازہ کی ولایت نہیں۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس، ج۱، ص ۱۶۳.)

سوال: جس شخص کو آگے ہونے کا حق ہے کیا وہ دوسرے کو اجازت دے سکتا ہے؟

جواب: ولی اور بادشاہ اسلام کو اختیار ہے کہ کسی اور کو نماز جنازہ پڑھانے کی اجازت دے دے۔

("الدر المختار" و"رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: تعظيم... إلخ، ج۳، ص ۱۴۱-۱۴۴.)

سوال: غیر حقدار نے ولی کی اجازت کے بغیر نمازِ جنازہ پڑھا دی تو کیا حکم ہے؟

جواب: ولی کے سوا کسی ایسے نے نماز پڑھائی جو ولی پر مقدم نہ ہو اور ولی نے اُسے اجازت بھی نہ دی تھی تو اگر ولی نماز میں شریک نہ ہوا تو نماز کا اعادہ کر سکتا ہے اور اگر مردہ دفن ہو گیا ہے تو قبر پر نماز پڑھ سکتا ہے اور اگر وہ ولی پر مقدم ہے جیسے بادشاہ و قاضی و امام محلہ کہ ولی سے افضل ہو تو اب ولی نماز کا اعادہ نہیں کر سکتا اور اگر ایک ولی نے نماز پڑھا دی تو دوسرے اولیاء اعادہ نہیں کر سکتے اور ہر صورت اعادہ میں جو شخص پہلی نماز میں شریک نہ تھا وہ ولی کے ساتھ پڑھ سکتا ہے اور جو شخص شریک تھا وہ ولی کے ساتھ نہیں پڑھ سکتا ہے کہ جنازہ کی دو مرتبہ نماز ناجائز ہے سوا اس صورت کے کہ غیر ولی نے بغیر اذن ولی پڑھائی۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس، ج۱، ص ۱۶۳.)

سوال: اگر میت نے کسی کے لئے وصیت کی کہ فلاں میری نمازِ جنازہ پڑھائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: میّت نے وصیت کی تھی کہ میری نماز فلاں پڑھائے یا مجھے فلاں شخص غسل دے تو یہ وصیت باطل ہے یعنی اس وصیت سے ولی کا حق جاتا نہ رہے گا، ہاں ولی کو اختیار ہے کہ خود نہ پڑھائے اُس سے پڑھوا دے۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس، ج ۱، ص ۱۶۳، وغیرہ.)

سوال: میت کو بغیر نماز جنازہ پڑھائے دفن کر دیا تو کب تک اس کی نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: میّت کو بغیر نماز پڑھے دفن کر دیا اور مٹی بھی دے دی گئی تو اب اس کی قبر پر نماز پڑھیں، جب تک پھٹنے کا گمان نہ ہو اور مٹی نہ دی گئی ہو تو نکالیں اور نماز پڑھ کر دفن کریں اور قبر پر نماز پڑھنے میں دنوں کی کوئی تعداد مقرر نہیں کہ کتنے دن تک پڑھی جائے کہ یہ موسم اور زمین اور میّت کے جسم و مرض کے اختلاف سے مختلف ہے، گرمی میں جلد پھٹے گا اور جاڑے میں بدیر تر یا شور زمین میں جلد خشک اور غیر شور میں بدیر فربہ جسم جلد لاغر دیر میں۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: تعظیم أولی الأمر واجب، ج ۳، ص ۱۴۶.)

سوال: اگر چند جنازے جمع ہوں تو کس طرح نماز پڑھیں گے؟

جواب: کئی جنازے جمع ہوں تو ایک ساتھ سب کی نماز پڑھ سکتا ہے یعنی ایک ہی نماز میں سب کی نیّت کر لے اور افضل یہ ہے کہ سب کی علیحدہ علیحدہ پڑھے اور اس صورت میں یعنی جب علیحدہ علیحدہ پڑھے تو اُن میں جو افضل ہے اس کی پہلے پڑھے پھر اس کی جو اُس کے بعد سب میں افضل ہے وعلیٰ ہذا القیاس۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج ۳، ص ۱۳۸.)

سوال: اگر چند جنازوں کی نماز ایک ساتھ پڑھی جائے تو رکھنے کی ترتیب کیا ہوگی؟

جواب: چند جنازے کی ایک ساتھ نماز پڑھائی تو اختیار ہے کہ سب کو آگے پیچھے رکھیں یعنی سب کا سینہ امام کے مقابل ہو یا برابر برابر رکھیں یعنی ایک کی پائنتی کے پاس دوسرے کا سرہانے اور دوسرے کی پائنتی کے پاس تیسرے کا سرہانہ وعلیٰ ہذا القیاس۔ اگر آگے پیچھے رکھے تو امام کے قریب اس کا جنازہ ہو جو سب میں افضل ہو پھر اُس کے بعد جو افضل ہو وعلیٰ ہذا القیاس۔

اور اگر فضیلت میں برابر ہوں تو جس کی عمر زیادہ ہو اسے امام کے قریب رکھیں یہ اس وقت ہے کہ سب ایک جنس کے ہوں اور اگر مختلف جنس کے ہوں تو امام کے قریب مرد ہو اس کے بعد لڑکا پھر خنثیٰ پھر عورت پھر مراہقہ یعنی نماز میں جس طرح مقتدیوں کی صف میں ترتیب ہے، اس کا عکس یہاں ہے اور اگر آزاد و غلام کے جنازے ہوں تو آزاد کو امام سے قریب رکھیں گے اگرچہ نابالغ ہو، اُس کے بعد غلام کو۔

اور اگر کسی ضرورت سے ایک ہی قبر میں چند مُردے دفن کریں تو ترتیب عکس کریں یعنی قبلہ کو اُسے رکھیں جو افضل ہے جب کہ سب مرد یا سب عورتیں ہوں، ورنہ قبلہ کی جانب مرد کو رکھیں پھر لڑکے پھر خنثیٰ پھر عورت پھر مراہقہ کو۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس، ج ۱، ص ۱۶۵.)

اَلْاِقْتِدَاءُ فِيْهَا

وَلَا يَقْتَدِي بِالْإِمَامِ مَنْ وَجَدَهُ بَيْنَ تَكْبِيرَتَيْنِ بَلْ يَنْتَظِرُ تَكْبِيرَ الْإِمَامِ فَيَدْخُلُ مَعَهُ وَيُوَافِقُهُ فِي دُعَائِهِ ثُمَّ يَقْضِي مَا فَاتَهُ قَبْلَ رَفْعِ الْجَنَازَةِ وَلَا يَنْتَظِرُ تَكْبِيرَ الْإِمَامِ مَنْ حَضَرَ تَحْرِيمَتَهُ وَمَنْ حَضَرَ بَعْدَ التَّكْبِيرَةِ الرَّابِعَةِ قَبْلَ السَّلَامِ فَاتَتْهُ الصَّلَاةُ فِي الصَّحِيحِ۔

ترجمہ: اور وہ شخص امام کی اقتدا نہ کرے جس نے امام کو دو تکبیروں کے درمیان پایا بلکہ امام کی تکبیر کا انتظار کرے پھر امام کے ساتھ شامل ہو اور امام کی دعا میں موافقت کرے پھر جنازہ اٹھنے سے پہلے فوت شدہ تکبیروں کی قضا کرے اور امام کی تکبیر کا وہ شخص انتظار نہ کرے جو امام کی تکبیر تحریمہ کے وقت حاضر تھا اور جو شخص حاضر ہوا چوتھی تکبیر کے بعد سلام سے پہلے تو اس سے نماز فوت ہو گئی صحیح قول کے مطابق۔

اَيْنَ يُصَلّٰى عَلَيْهِ

وَتُكْرَهُ الصَّلَاةُ عَلَيْهِ فِي مَسْجِدِ الْجَمَاعَةِ وَهُوَ فِيهِ أَوْ خَارِجَهُ وَبَعْضُ النَّاسِ فِي الْمَسْجِدِ عَلَى الْمُخْتَارِ۔

ترجمہ: اور مسجد جماعت میں جنازے کی نماز مکروہ ہے اس حال میں کہ جنازہ مسجد میں ہو یا مسجد سے باہر ہو اور کچھ لوگ مسجد کے اندر ہوں مختار قول پر، اور جو بچہ روئے اس کا نام رکھا جائے اور غسل دیا جائے اور اس پر نماز پڑھی جائے اور اگر نہ روئے تو غسل دیا جائے مختار قول میں۔

اَلصَّلَاةُ عَلَى الْوِلْدَانِ وَالصِّبْيَانِ

وَمَنِ اسْتَهَلَّ سُمِّيَ وَغُسِّلَ وَصُلِّيَ عَلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَسْتَهِلَّ غُسِّلَ فِي الْمُخْتَارِ وَأُدْرِجَ فِي خِرْقَةٍ وَدُفِنَ وَلَمْ يُصَلَّ عَلَيْهِ كَصَبِيٍّ سُبِيَ مَعَ أَحَدِ أَبَوَيْهِ إِلَّا أَنْ يُسْلِمَ أَحَدُهُمَا أَوْ هُوَ أَوْ لَمْ يُسْبَ أَحَدُهُمَا مَعَهُ۔

ترجمہ: اور ایک کپڑے میں لپیٹ لیا جائے اور دفن کر دیا جائے اور اس پر نماز نہ پڑھی جائے جیسے وہ بچہ جو اپنے والدین میں سے ایک کے ساتھ قید کیا گیا مگر یہ کہ ان میں سے ایک مسلمان ہو جائے یا وہ خود یا اس کے ساتھ ان دونوں میں سے کوئی ایک قید نہ کیا گیا ہو۔

سوال: جس کی بعض تکبیر فوت ہوگئی تو وہ نمازِ جنازہ میں کب اور کیسے شامل ہو؟

جواب: بعض تکبیریں فوت ہو گئیں یعنی اُس وقت آیا کہ بعض تکبیریں ہو چکی ہیں تو فوراً شامل نہ ہو اس وقت ہو جب امام تکبیر کہے اور اگر انتظار نہ کیا بلکہ فوراً شامل ہو گیا تو امام کے تکبیر کہنے سے پہلے جو کچھ ادا کیا اُس کا اعتبار نہیں، اگر وہیں موجود تھا مگر تکبیر تحریمہ کے وقت امام کے

ساتھ اللہ اکبر نہ کہا، خواہ غفلت کی وجہ سے دیر ہوئی یا ہنوز نیّت ہی کر تارہ گیا تو یہ شخص اس کا انتظار نہ کرے کہ امام دوسری تکبیر کہے تو اُس کے ساتھ شامل ہو بلکہ فوراً ہی شامل ہو جائے۔ ("غنية المتملي"، فصل في الجنائز، ص۵۸۷.)

مسبوق یعنی جس کی بعض تکبیریں فوت ہو گئیں وہ اپنی باقی تکبیریں امام کے سلام پھیرنے کے بعد کہے اور اگر یہ اندیشہ ہو کہ دُعائیں پڑھے گا تو پوری کرنے سے پہلے لوگ میّت کو کندھے تک اٹھالیں گے تو صرف تکبیریں کہہ لے دُعائیں چھوڑ دے۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج۳، ص۱۳۶.)

سوال: جو شخص چوتھی تکبیر کے بعد آیا تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: مصنف نے فرمایا کہ جو شخص چوتھی تکبیر کے بعد سلام سے پہلے حاضر ہوا تو اس سے نماز جنازہ فوت ہو گئی۔ یہ قول اب غیر مفتی بہ ہے جبکہ مفتی بہ قول یہ ہے کہ چوتھی تکبیر کے بعد جو شخص آیا تو جب تک امام نے سلام نہ پھیرا شامل ہو جائے اور امام کے سلام کے بعد تین بار اللہ اکبر کہہ لے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج۳، ص۱۳۶.)

سوال: مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: مسجد میں نماز جنازہ مطلقاً مکروہِ تحریمی ہے، خواہ میّت مسجد کے اندر ہو یا باہر، سب نمازی مسجد میں ہوں یا بعض، کہ حدیث میں نماز جنازہ مسجد میں پڑھنے کی ممانعت آئی۔ ("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج۳، ص۱۴۸.) شارع عام اور دوسرے کی زمین پر نماز جنازہ پڑھنا منع ہے۔ یعنی جب کہ مالک زمین منع کرتا ہو۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب في كراهة صلاة الجنازة في المسجد، ج۳، ص۱۴۸.)

سوال: بچہ پیدا ہوتے ہی مر گیا یا مردہ پیدا ہوا تو نمازِ جنازہ کے تعلق سے کیا حکم ہے؟

جواب: مسلمان مرد یا عورت کا بچہ زندہ پیدا ہوا یعنی اکثر حصہ باہر ہونے کے وقت زندہ تھا پھر مر گیا تو اُس کو غسل و کفن دیں گے اور اس کی نماز پڑھیں گے، ورنہ اُسے ویسے ہی نہلا کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیں گے، اُس کے لئے غسل و کفن بطریق مسنون نہیں اور نماز بھی اس کی نہیں پڑھی جائے گی، یہاں تک کہ سر جب باہر ہوا تھا اس وقت چیختا تھا مگر اکثر حصہ نکلنے سے پیشتر مر گیا تو نماز نہ پڑھی جائے، اکثر کی مقدار یہ ہے کہ سر کی جانب سے ہو تو سینہ تک اکثر ہے اور پاؤں کی جانب سے ہو تو کمر تک۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: مهم إذا قال... إلخ، ج۳، ص۱۵۲۔۱۵۴.)

بچہ کی ماں یا جنائی نے زندہ پیدا ہونے کی شہادت دی تو اس کی نماز پڑھی جائے، مگر وراثت کے بارے میں اُن کی گواہی نا معتبر ہے یعنی بچہ اپنے باپ فوت شدہ کا وارث نہیں قرار دیا جائے گا نہ بچہ کی وارث اُس کی ماں ہو گی، یہ اس وقت ہے کہ خود باہر نکلا اور کسی نے حاملہ کے شکم پر ضرب لگائی کہ بچہ مرا ہوا باہر نکلا تو وارث ہو گا اور وارث بنائے گا۔ ("رد المحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: مهم إذا قال... إلخ، ج۳، ص۱۵۲.)

سوال: کافر کا بچہ دار الحرب میں اپنی ماں یا باپ کے ساتھ یا بعد میں قید کیا گیا پھر وہ مر گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: کافر کا بچہ دارالحرب میں اپنی ماں یا باپ کے ساتھ یا بعد میں قید کیا گیا پھر وہ مر گیا اور اُس کے ماں باپ میں سے اب تک کوئی مسلمان نہ ہوا تو اسے نہ غسل دیں گے نہ کفن، خواہ دارالحرب ہی میں مرا ہو یا دارالاسلام میں اور اگر تنہا دارالاسلام میں اُسے لائیں یعنی اُس کے ماں باپ میں سے کسی کو قید کر کے نہ لائے ہوں نہ وہ بطور خود بچہ کے لانے سے پہلے ذمی بن کر آئے تو اسے غسل و کفن دیں گے اور اُس کی نماز پڑھی جائے گی، اگر اس نے عاقل ہو کر کفر اختیار نہ کیا۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل الثاني، ج۱، ص۱۵۹.)

کافر کے بچہ کو قید کیا اور ابھی وہ دارالحرب ہی میں تھا کہ اُس کا باپ دارالاسلام میں آکر مسلمان ہو گیا تو بچہ مسلمان سمجھا جائے گا یعنی اگرچہ دارالحرب میں مر جائے، اسے غسل و کفن دیں گے اس کی نماز پڑھیں گے۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: مهم إذا قال... إلخ، ج۳، ص۱۵۵.)

بچہ کو ماں باپ کے ساتھ قید کر لائے اور ان میں سے کوئی مسلمان ہو گیا یا وہ بچہ سمجھ والا تھا، خود مسلمان ہو گیا تو ان دونوں صورتوں میں وہ مسلمان سمجھا جائے گا۔ ("تنوير الأبصار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج۳، ص۱۵۵۔۱۵۷.)

کافر کے بچہ کو ماں باپ کے ساتھ قید کیا مگر وہ دونوں وہیں دارالحرب میں مر گئے تو اب مسلمان سمجھا جائے، مجنون بالغ قید کیا گیا تو اس کا حکم وہی ہے جو بچہ کا ہے۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: مهم إذا قال... إلخ، ج۳، ص۱۵۷.)

مسلمان کا بچہ کافرہ سے پیدا ہوا اور وہ اُس کی منکوحہ نہ تھی، یعنی وہ بچہ زنا کا ہے تو اُس کی نماز پڑھی جائے۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: مهم إذا قال... إلخ، ج۳، ص۱۵۷.)

اَلْكُفَّارُ وَالْبُغَّاةُ

وَإِنْ كَانَ لِكَافِرٍ قَرِيبٌ مُسْلِمٌ غَسَّلَهُ كَغَسْلِ خِرْقَةٍ نَجِسَةٍ وَكَفَّنَهُ فِيْ خِرْقَةٍ وَأَلْقَاهُ فِيْ حُفْرَةٍ أَوْ دَفَعَهُ إِلٰى أَهْلِ مِلَّتِهِ وَلَا يُصَلّٰى عَلٰى بَاغٍ وَقَاطِعِ طَرِيْقٍ قُتِلَ فِيْ حَالَةِ الْمُحَارَبَةِ وَقَاتِلٍ بِالْخَنْقِ غِيْلَةً وَمُكَابِرٍ فِي الْمِصْرِ لَيْلًا بِالسِّلَاحِ وَمَقْتُوْلٍ عَصَبِيَّةً وَإِنْ غُسِّلُوْا۔

ترجمہ: اور اگر کسی کافر کا کوئی رشتہ دار مسلمان ہو تو یہ مسلمان اس کافر کو غسل دے ناپاک کپڑے کو دھونے کی طرح اور اس کو کسی کپڑے میں کفن دے اور اس کو کسی گھڑے میں ڈال دے یا اس کو اس کے مذہب والوں کے سپرد کر دے، اور نماز نہیں پڑھی جائے گی باغی پر اور ڈاکو پر جو مقابلہ کی حالت میں قتل کیا گیا اور خفیہ طور پر گلا گھونٹ کر قتل کر دینے والے پر اور رات کو شہر میں ہتھیار لے کر ڈاکہ ڈالنے والے پر اور عَصَبیت کی وجہ سے قتل کئے جانے والے پر اگرچہ ان سب کو غسل دیا جائے گا۔

اَلْمُنْتَحِرُ وَقَاتِلُ اَبَوَيْهِ

وَقَاتِلُ نَفْسِهِ يُغْسَلُ وَيُصَلّٰى عَلَيْهِ لَا عَلٰى قَاتِلِ أَحَدِ أَبَوَيْهِ عَمَدًا۔

ترجمہ: اور خودکشی کرنے والے کو غسل دیا جائے گا اور اس پر نماز بھی پڑھی جائے گی نہ کہ اپنے ماں باپ میں سے کسی کو قصداً قتل کرنے والے پر۔

سوال: اگر کوئی کافر مر گیا تو کیا مسلمان رشتہ دار پر غسل وکفن ضروری ہے؟

جواب: کافر مُردے کے لئے غسل وکفن ودفن نہیں بلکہ ایک چیتھڑے میں لپیٹ کر تنگ گڑھے میں داب دیں، یہ بھی جب کریں کہ اُس کا کوئی ہم مذہب نہ ہو یا اُسے لے نہ جائے، ورنہ مسلمان ہاتھ نہ لگائے نہ اس کے جنازے میں شرکت کرے اور اگر بوجہ قرابت قریبہ شریک ہو تو دُور دُور رہے اور اگر مسلمان ہی اُس کا رشتہ دار ہے اور اس کا ہم مذہب کوئی نہ ہو یا لے نہیں اور بلحاظ قرابت غسل وکفن دفن کرے تو جائز ہے، مگر کسی امر میں سنت کا طریقہ نہ برتے بلکہ نجاست دھونے کی طرح اُس پر پانی بہائے اور چیتھڑے میں لپیٹ کر تنگ گڑھے میں دبا دے، یہ حکم کافر اصلی کا ہے اور مرتد کا حکم یہ ہے کہ مطلقاً نہ اُسے غسل دیں نہ کفن، بلکہ کُتّے کی طرح کسی تنگ گڑھے میں ڈھکیل کر مٹی سے بغیر حائل کے پاٹ دیں۔ ("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب: مھم إذا قال ان شتمت، ج۳، ص۱۵۸.)

سوال: کن لوگوں کا جنازہ نہیں پڑھا جائے گا؟

جواب: مسلمان کی نماز پڑھی جائے اگرچہ وہ کیسا ہی گنہگار و مرتکب کبائر ہو مگر چند قسم کے لوگ ایسے ہیں کہ اُن کی نماز نہیں۔

(۱) باغی جو امام برحق پر ناحق خروج کرے اور اُسی بغاوت میں مارا جائے۔

(۲) ڈاکو کہ ڈاکہ میں مارا گیا نہ اُن کو غسل دیا جائے نہ اُن کی نماز پڑھی جائے، مگر جبکہ بادشاہِ اسلام نے اُن پر قابو پایا اور قتل کیا تو نماز و غسل ہے یا وہ نہ پکڑے گئے نہ مارے گئے بلکہ ویسے ہی مرے تو بھی غسل و نماز ہے۔

(۳) جو لوگ ناحق پاسداری سے لڑیں بلکہ جو اُن کا تماشہ دیکھ رہے تھے اور پتھر آکر لگا اور مر گئے تو ان کی بھی نماز نہیں، ہاں اُن کے متفرق ہونے کے بعد مرے تو نماز ہے۔

(۴) جس نے کئی شخص گلا گھونٹ کر مار ڈالے۔

(۵) شہر میں رات کو ہتھیار لے کر لوٹ مار کریں وہ بھی ڈاکو ہیں، اس حالت میں مارے جائیں تو اُن کی بھی نماز نہ پڑھی جائے۔

(۶) جس نے اپنی ماں یا باپ کو مار ڈالا، اُس کی بھی نماز نہیں۔

(۷) جو کسی کا مال چھین رہا تھا اور اس حالت میں مارا گیا، اُس کی بھی نماز نہیں۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الخامس، ج۱، ص۱۶۳،)

سوال: کیا خود کشی کرنے والے کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی؟

جواب: جس نے خودکشی کی حالانکہ یہ بہت بڑا گناہ ہے، مگر اُس کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے گی اگرچہ قصداً خودکشی کی ہو، جو شخص رجم کیا گیا یا قصاص میں مارا گیا، اُسے غسل دیں گے اور نماز پڑھیں گے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج۳، ص۱۲۷،)

فَصۡلٌ فِيۡ حَمۡلِ الۡجَنَازَةِ وَدَفۡنِهَا

یہ فصل جنازہ کو اٹھانے اور اس کو دفن کرنے کے بیان میں ہے

يُسَنُّ لِحَمۡلِهَا أَرۡبَعَةُ رِجَالٍ وَيَنۡبَغِيۡ حَمۡلُهَا أَرۡبَعِيۡنَ خُطۡوَةً يَبۡدَأُ بِمُقَدَّمِهَا الۡأَيۡمَنِ عَلٰى يَمِيۡنِهٖ وَيَمِيۡنُهَا مَا كَانَ جِهَةَ يَسَارِ الۡحَامِلِ ثُمَّ مُؤَخَّرِهَا الۡأَيۡمَنِ عَلَيۡهِ ثُمَّ مُقَدَّمِهَا الۡأَيۡسَرِ عَلٰى يَسَارِهٖ ثُمَّ يَخۡتِمُ بِالۡأَيۡسَرِ عَلَيۡهِ وَيُسۡتَحَبُّ الۡإِسۡرَاعُ بِهَا بِلَا خَبَبٍ وَهُوَ مَا يُؤَدِّيۡ إِلَى اِضۡطِرَابِ الۡمَيِّتِ وَالۡمَشۡيُ خَلۡفَهَا أَفۡضَلُ مِنَ الۡمَشۡيِ أَمَامَهَا كَفَضۡلِ صَلَاةِ الۡفَرۡضِ عَلَى النَّفۡلِ وَيُكۡرَهُ رَفۡعُ الصَّوۡتِ بِالذِّكۡرِ وَالۡجُلُوۡسُ قَبۡلَ وَضۡعِهَا۔

ترجمہ: جنازہ اٹھانے کے لئے چار آدمی مسنون ہیں اور اس کو چالیس قدم تک اٹھانا مناسب ہے، شروع کرے جنازہ کے اگلے داہنے سے اپنے داہنے کندھے پر اور جنازہ کا داہنا وہ ہے جو اٹھانے والے کے بائیں ہاتھ کی جانب ہو پھر جنازے کے پچھلے داہنے کو اپنے داہنے پر پھر جنازے کے اگلے بائیں حصہ کو اپنے بائیں کندھے پر پھر ختم کرے جنازے کے پچھلے بائیں کو اپنے بائیں کندھے پر، اور مستحب ہے جنازے کو تیز لے جانا بغیر خبب کے، اور خبب وہ رفتار ہے جو میت کے حرکت کرنے تک پہنچادے اور جنازہ کے پیچھے چلنا افضل ہے آگے چلنے سے جیسے فرض نماز کی فضیلت نفل نماز پر اور بلند آواز سے ذکر کرنا مکروہ ہے اور جنازے کو زمین پر رکھے جانے سے پہلے بیٹھنا۔

دَفۡنُهَا

وَيُحۡفَرُ الۡقَبۡرُ نِصۡفَ قَامَةٍ أَوۡ إِلَى الصَّدۡرِ وَإِنۡ زِيۡدَ كَانَ حَسَنًا وَيُلۡحَدُ وَلَا يُشَقُّ إِلَّا فِيۡ أَرۡضٍ رِخۡوَةٍ۔

ترجمہ: اور قبر آدھے قد کے برابر کھودی جائے یا سینہ تک اور اگر اس سے زیادہ گہری ہو تو بہتر ہے اور لحد بنائی جائے اور شق نہ بنائی جائے مگر نرم زمین میں۔

سوال: جنازہ کو قبرستان لے جانے کی سنتیں اور آداب کیا ہیں؟

جواب: جنازہ کو کندھا دینا عبادت ہے، ہر شخص کو چاہیے کہ عبادت میں کوتاہی نہ کرے اور حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جنازہ اٹھایا۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصلاۃ، باب الجنائز، ص ۱۳۹.)

سنّت یہ ہے کہ چار شخص جنازہ اٹھائیں، ایک ایک پایہ ایک شخص لے اور اگر صرف دو شخصوں نے جنازہ اٹھایا، ایک سرہانے اور ایک پائنتی تو بلا ضرورت مکروہ ہے اور ضرورت سے ہو مثلاً جگہ تنگ ہے تو حرج نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الرابع، ج ۱، ص ۱۶۲.)

سنت یہ ہے کہ یکے بعد دیگرے چاروں پایوں کو کندھا دے اور ہر بار دس دس قدم چلے اور پوری سنت یہ کہ پہلے دہنے سرہانے کندھا دے پھر دہنی پائنتی پھر بائیں سرہانے پھر بائیں پائنتی اور دس دس قدم چلے تو کُل چالیس قدم ہوئے کہ حدیث میں ہے، "جو چالیس قدم جنازہ لے چلے اس کے چالیس کبیرہ گناہ مٹادیے جائیں گے۔" نیز حدیث میں ہے، "جو جنازہ کے چاروں پایوں کو کندھا دے، اللہ تعالیٰ اس کی حتمی مغفرت فرمادے گا۔" ("الجوهرة النيرة"، كتاب الصلاة، باب الجنائز، ص ۱۳۹.)

جنازہ لے چلنے میں چارپائی کو ہاتھ سے پکڑ کر مونڈھے پر رکھے، اسباب کی طرح گردن یا پیٹھ پر لادنا مکروہ ہے، چوپایہ پر جنازہ لادنا بھی مکروہ ہے۔ ('الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج ۳، ص ۱۵۸۔۱۵۹.)

ٹھیلے پر لادنے کا بھی یہی حکم ہے۔

چھوٹا بچّہ شیر خوار یا ابھی دُودھ چھوڑا ہو یا اس سے کچھ بڑا، اس کو اگر ایک شخص ہاتھ پر اٹھا کر لے چلے تو حرج نہیں اور یکے بعد دیگرے لوگ ہاتھوں ہاتھ لیتے رہیں اور اگر کوئی شخص سواری پر ہو اور اتنے چھوٹے جنازہ کو ہاتھ پر لئے ہو، جب بھی حرج نہیں اور اس سے بڑا مردہ ہو تو چارپائی پر لے جائیں۔ ("غنية المتملي، فصل في الجنائز، ص ۵۹۲.)

میّت اگر پڑوسی یا رشتہ دار یا کوئی نیک شخص ہو تو اس کے جنازہ کے ساتھ جانا نفل نماز پڑھنے سے افضل ہے۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الرابع، ج ۱، ص ۱۶۲.)

سوال: جنازہ کو لے جانے میں چلنے کی رفتار کیا ہونی چاہئے؟ نیز جنازہ کے پیچھے چلے یا آگے؟

جواب: جنازہ معتدل تیزی سے لے جائیں مگر نہ اس طرح کہ میّت کو جھٹکا لگے اور ساتھ جانے والوں کے لئے افضل یہ ہے کہ جنازہ سے پیچھے چلیں، دہنے بائیں نہ چلیں اور اگر کوئی آگے چلے تو اسے چاہیے کہ اتنی دور رہے کہ ساتھیوں میں نہ شمار کیا جائے اور سب کے سب آگے ہوں تو مکروہ ہے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الرابع، ج ۱، ص ۱۶۲،)

جنازہ کے ساتھ پیدل چلنا افضل ہے اور سواری پر ہو تو آگے چلنا مکروہ اور آگے ہو تو جنازہ سے دور ہو۔ ("صغيری"، فصل في الجنائز، ص ۲۹۲.)

عورتوں کو جنازہ کے ساتھ جانا ناجائز و ممنوع ہے اور نوحہ کرنے والی ساتھ میں ہو تو اسے سختی سے منع کیا جائے، اگر نہ مانے تو اس کی وجہ سے جنازہ کے ساتھ جانا نہ چھوڑا جائے کہ اس کے ناجائز فعل سے یہ کیوں سُنت ترک کرے، بلکہ دل سے اسے بُرا جانے اور شریک ہو۔

("الدر المختار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، ج ۳، ص ۱۶۲.)

جنازہ لے چلنے میں سرہانا آگے ہونا چاہیے اور جنازہ کے ساتھ آگ لے جانے کی ممانعت ہے۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الرابع، ج ۱، ص ۱۶۲.)

سوال: جنازے کے جلوس میں ذکر بلند آواز سے کریں یا آہستہ آواز میں؟

جواب: جنازہ کے ساتھ چلنے والوں کو سکوت کی حالت میں ہونا چاہیے۔ موت اور احوال و اہوالِ قبر کو پیش نظر رکھیں، دنیا کی باتیں نہ کریں نہ ہنسیں، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو جنازہ کے ساتھ ہنستے دیکھا، فرمایا: "تُو جنازہ میں ہنستا ہے، تجھ سے کبھی کلام نہ کروں گا۔" اور ذکر کرنا چاہیں تو دل میں کریں۔ اب اس قول پر فتویٰ نہیں ہے بلکہ بلحاظ حال زمانہ اب علمانے ذکر بالجہر (بلند آواز سے ذکر کرنے) کی بھی اجازت دی ہے۔ ("الفتاوی الرضویۃ"، ج۹، ص ۱۴۰.)

سوال: جنازے کو زمین پر رکھنے سے پہلے لوگوں کا بیٹھنا کیسا ہے؟

جواب: جنازہ جب تک رکھا نہ جائے بیٹھنا مکروہ ہے اور رکھنے کے بعد بے ضرورت کھڑا نہ رہے اور اگر لوگ بیٹھے ہوں اور نماز کے لئے وہاں جنازہ لایا گیا تو جب تک رکھا نہ جائے کھڑے نہ ہوں۔ یوہیں اگر کسی جگہ بیٹھے ہوں اور وہاں سے جنازہ گزرا تو کھڑا ہونا ضروری نہیں، ہاں جو شخص ساتھ جانا چاہتا ہے وہ اٹھے اور جائے، جب جنازہ رکھا جائے تو یوں نہ رکھیں کہ قبلہ کو پاؤں ہوں یا سر بلکہ آڑا رکھیں کہ دہنی کروٹ قبلہ کو ہو۔

("الفتاوی الهندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل الرابع، ج۱، ص ۱۶۲.)

سوال: قبر کی لمبائی چوڑائی کتنی ہونی چاہئے؟

جواب: قبر کی لمبائی میّت کے قد برابر ہو اور چوڑائی آدھے قد کی اور گہرائی کم سے کم نصف قد کی اور بہتر یہ کہ گہرائی بھی قد برابر ہو اور متوسط درجہ یہ کہ سینہ تک ہو۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في دفن المیت، ج۳، ص ۱۶۴.)

اس سے مراد یہ کہ لحد یا صندوق اتنا ہو، یہ نہیں کہ جہاں سے کھودنی شروع کی وہاں سے آخر تک یہ مقدار ہو۔

سوال: قبر کتنی قسم کی ہوتی ہے؟

جواب: قبر دو قسم ہے، لحد کہ قبر کھود کر اس میں قبلہ کی طرف میّت کے رکھنے کی جگہ کھودیں اور صندوق وہ جو ہندوستان میں عموماً رائج ہے، لحد سنت ہے اگر زمین اس قابل ہو تو یہی کریں اور نرم زمین ہو تو صندوق میں حرج نہیں اور شق سے مراد صندوقی قبر ہے۔

("الفتاوی الهندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج۱، ص ۱۶۵.)

سوال: میت کو دفن کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: میّت کو دفن کرنا فرض کفایہ ہے اور یہ جائز نہیں کہ میّت کو زمین پر رکھ دیں اور چاروں طرف سے دیواریں قائم کر کے بند کر دیں۔ ("الفتاوی الهندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج۱، ص ۱۶۵.)

وَيُدْخَلُ الْمَيِّتُ مِنْ جِهَةِ الْقِبْلَةِ وَ يَقُوْلُ وَاضِعُهٗ بِسْمِ اللهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَيُوَجَّهُ إِلَى الْقِبْلَةِ عَلٰى جَنْبِهِ الْأَيْمَنِ وَتُحَلُّ الْعُقَدُ وَيُسَوَّى اللَّبِنُ عَلَيْهِ وَالْقَصَبُ وَكُرِهَ الْآجُرُّ وَالْخَشَبُ وَ اَنْ يُسَجّٰى قَبْرُهَا لَا قَبْرُهٗ وَيُهَالُ التُّرَابُ وَيُسَنَّمُ الْقَبْرُ وَلَا يُرَبَّعُ وَيَحْرُمُ الْبِنَاءُ عَلَيْهِ لِلزِّيْنَةِ۔

ترجمہ: اور میت کو قبلہ کی جانب سے داخل کیا جائے اور اس کو رکھنے والا کہے: بسم اللہ وعلی ملۃ سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور متوجہ کر دے قبلہ کی طرف اس کی داہنی کروٹ پر اور گرہیں (بندش کی گانٹھ) کھول دی جائیں اور بانس اور کچی اینٹیں اس پر جمادی جائیں اور پکی اینٹیں اور لکڑی مکروہ ہیں اور عورت کی قبر کا پردہ کرنا نہ کہ مرد کی قبر کا اور مٹی ڈال دی جائے اور قبر کو کوہان نما بنائی جائے اور چو کور نہ بنائی جائے اور قبر پر زینت کے لئے عمارت بنانا حرام ہے۔

وَيُكْرَهُ لِلْإِحْكَامِ بَعْدَ الدَّفْنِ وَلَا بَأْسَ بِالْكِتَابَةِ عَلَيْهِ لِئَلَّا يَذْهَبَ الْأَثَرُ وَلَا يُمْتَهَنُ وَيُكْرَهُ الدَّفْنُ فِي الْبُيُوتِ لِاخْتِصَاصِهِ بِالْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَيُكْرَهُ الدَّفْنُ فِي الْفَسَاقِيْ وَلَا بَأْسَ بِدَفْنِ أَكْثَرَ مِنْ وَاحِدٍ فِيْ قَبْرٍ لِلضَّرُوْرَةِ وَيُحْجَزُ بَيْنَ كُلِّ اِثْنَيْنِ بِالتُّرَابِ۔

ترجمہ: اور دفن کے بعد مضبوطی کے لئے عمارت بنانا مکروہ ہے اور قبر پر لکھ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے تاکہ نشان نہ مٹ جائے اور وہ پامال نہ کی جائے اور گھروں میں دفن کرنا مکروہ ہے انبیاء علیہم السلام کے ساتھ خاص ہونے کی وجہ سے، اور فساقی (گنبد دار بند کوٹھری) میں دفن کرنا مکروہ ہے اور کوئی حرج نہیں ہے ایک قبر میں ایک سے زیادہ کو دفن کرنے میں ضرورت کی وجہ سے اور ہر دو کے درمیان مٹی سے آڑ کر دی جائے۔

سوال: میت کو قبر میں کس جانب سے اتارا جائے؟ نیز اتارنے والا کیا کہے؟

جواب: جنازہ قبر سے قبلہ کی جانب رکھنا مستحب ہے کہ مردہ قبلہ کی جانب سے قبر میں اتارا جائے، یوں نہیں کہ قبر کی پائنتی رکھیں اور سر کی جانب سے قبر میں لائیں۔ (۔"الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۶۶، وغیرہ.)

عورت کا جنازہ اتارنے والے محارم ہوں، یہ نہ ہوں تو دیگر رشتہ والے یہ بھی نہ ہوں تو پرہیز گار اجنبی کے اتارنے میں مضائقہ نہیں۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج۱، ص۱۶۶.)

میّت کو قبر میں رکھتے وقت یہ دُعا پڑھیں: **بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔** اور ایک روایت میں **بِسْمِ اللّٰہِ** کے بعد **وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ** بھی آیا ہے۔ ("تنویر الأبصار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في دفن المیت، ج۳، ص۱۶۶.)

سوال: میت کو قبر میں کیسے لٹائیں؟

جواب: میّت کو دہنی طرف کروٹ پر لٹائیں اور اس کا منہ قبلہ کو کریں، اگر قبلہ کی طرف منہ کرنا بھول گئے تختہ لگانے کے بعد یاد آیا تو تختہ ہٹا کر قبلہ رُو کر دیں اور مٹی دینے کے بعد یاد آیا تو نہیں۔ یوہیں اگر بائیں کروٹ پر رکھا یا جدھر سرہانا ہونا چاہیے ادھر پاؤں کئے تو اگر مٹی دینے سے پہلے یاد آیا ٹھیک کر دیں ورنہ نہیں۔ ("الدر المختار" و"ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في دفن المیت، ج۳، ص۱۶۷.)

قبر میں رکھنے کے بعد کفن کی بندش کھول دیں کہ اب ضرورت نہیں اور نہ کھولی تو حرج نہیں۔ ("الجوہرة النيرة"، کتاب الصلاة، باب الجنائز، ص ۱۴۰.)

سوال: قبر میں اینٹ لگانا کیسا ہے؟

جواب: قبر میں رکھنے کے بعد لحد کو کچی اینٹوں سے بند کریں اور زمین نرم ہو تو تختے لگانا بھی جائز ہے، تختوں کے درمیان جھری رہ گئی تو اُسے ڈھیلے وغیرہ سے بند کر دیں، صندوق کا بھی یہی حکم ہے۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب في دفن الميت، ج۳، ص ۱۶۷.)

قبر کے اس حصہ میں جو میّت کے جسم سے قریب ہے، پکی اینٹ لگانا مکروہ ہے کہ اینٹ آگ سے پکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو آگ کے اثر سے بچائے۔ ("الفتاوى الهندية"، کتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج۱، ص ۱۶۶، وغیرہ.)

سوال: دفناتے وقت قبر کو چھپانا کیسا ہے؟ نیز تختے لگانے کے بعد کیا کریں؟

جواب: عورت کا جنازہ ہو تو قبر میں اتارنے سے تختہ لگانے تک قبر کو کپڑے وغیرہ سے چھپائے رکھیں، مرد کی قبر کو دفن کرتے وقت نہ چھپائیں البتہ اگر بارش وغیرہ کوئی عذر ہو تو چھپانا جائز ہے۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب في دفن الميت، ج۳، ص ۱۶۸.)

تختے لگانے کے بعد مٹی دی جائے، مستحب یہ ہے کہ سرہانے کی طرف دونوں ہاتھوں سے تین بار مٹی ڈالیں۔ پہلی بار کہیں: **مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ**۔ دوسری بار: **وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ**۔ تیسری بار: **وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى**۔ یا پہلی بار: **اَللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَيْهِ**۔ دوسری بار: **اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَبْوَابَ السَّمَآءِ لِرُوْحِهٖ**۔ تیسری بار: **اَللّٰهُمَّ زَوِّجْهُ مِنْ حُوْرِ الْعِيْنِ**۔ اور میّت عورت ہو تو، تیسری بار یہ کہیں: **اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهَا الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ**۔ باقی مٹی ہاتھ یا کُھرپی یا پھوڑے وغیرہ جس چیز سے ممکن ہو قبر میں ڈالیں اور جتنی مٹی قبر سے نکلی اُس سے زیادہ ڈالنا مکروہ ہے۔ ("الجوہرة النيرة"، کتاب الصلاة، باب الجنائز، ص ۱۴۱.) ہاتھ میں جو مٹی لگی ہے، اسے جھاڑ دیں یا دھو ڈالیں اختیار ہے۔

سوال: قبر کیسی بنائیں؟

جواب: قبر چوکھونٹی نہ بنائیں بلکہ اس میں ڈھال رکھیں جیسے اونٹ کا کوہان اور اس پر پانی چھڑکنے میں حرج نہیں، بلکہ بہتر ہے اور قبر ایک بالشت اونچی ہو یا کچھ خفیف زیادہ۔ ("الفتاوى الهندية"، کتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج۱، ص ۱۶۶.)

سوال: قبر پر عمارت بنانا کیسا ہے؟

جواب: علما و سادات کی قبور پر قبہ وغیرہ بنانے میں حرج نہیں اور قبر کو پختہ نہ کیا جائے۔ یعنی اندر سے پختہ نہ کی جائے اور اگر اندر خام ہو، اوپر سے پختہ تو حرج نہیں۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب في دفن الميت، ج۳، ص ۱۶۹.)

سوال: قبر پر نشان کے لئے نام وغیرہ لکھنا کیسا ہے؟

جواب: اگر ضرورت ہو تو قبر پر نشان کے لئے کچھ لکھ سکتے ہیں، مگر ایسی جگہ نہ لکھیں کہ بے ادبی ہو، ایسے مقبرہ میں دفن کرنا بہتر ہے جہاں صالحین کی قبریں ہوں۔ ("الجوہرة النيرة"، کتاب الصلاة، باب الجنائز، ص ۱۴۱.)

سوال: جس جگہ انتقال ہوا اسی جگہ دفن کرنا کیسا ہے؟

جواب: جس جگہ انتقال ہوا اسی جگہ دفن نہ کریں کہ یہ انبیا علیہم الصلوۃ والسلام کے لئے خاص ہے بلکہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کریں، مقصد یہ کہ اس کے لئے کوئی خاص مدفن نہ بنایا جائے میّت بالغ ہو یا نابالغ۔ ("الدر المختار" و"رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في دفن المیت، ج۳، ص۱۶۶.) نیز گنبد دار کوٹھری میں دفن کرنا بھی مکروہ ہے۔

سوال: ایک قبر میں ایک سے زیادہ مردوں کو دفن کرنا کیسا ہے؟

جواب: ایک قبر میں ایک سے زیادہ بلا ضرورت دفن کرنا جائز نہیں اور ضرورت ہو تو کر سکتے ہیں، مگر دو میّتوں کے درمیان مٹی وغیرہ سے آڑ کر دیں اور کون آگے ہو کون پیچھے یہ اوپر مذکور ہوا۔ ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج۱، ص۱۶۶.)

اَلْمَوْتُ فِي الْبَحْرِ

وَمَنْ مَاتَ فِيْ سَفِيْنَةٍ وَكَانَ الْبَرُّ بَعِيدًا اَوْ خِيفَ الضَّرَرُ غُسِّلَ وَكُفِّنَ وَصُلِّيَ عَلَيْهِ وَأُلْقِيَ فِي الْبَحْرِ۔

ترجمہ: اور جو شخص کشتی میں مر جائے اور خشکی دور ہو اور میت کو نقصان پہنچنے کا خوف ہو تو اس کو غسل دیا جائے اور کفنایا جائے اور اس پر نماز پڑھی جائے اور سمندر میں ڈال دیا جائے۔

اَلسَّفَرُ بِالْمَيِّتِ وَنَقْلُهُ

وَيُسْتَحَبُّ الدَّفْنُ فِيْ مَحَلٍّ مَاتَ بِهِ أَوْ قُتِلَ فَإِنْ نُقِلَ قَبْلَ الدَّفْنِ قَدْرَ مِيْلٍ أَوْ مِيْلَيْنِ لَا بَأْسَ بِهِ وَكُرِهَ نَقْلُهُ لِأَكْثَرَ مِنْهُ وَلَا يَجُوْزُ نَقْلُهُ بَعْدَ دَفْنِهِ بِالْإِجْمَاعِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ الْأَرْضُ مَغْصُوْبَةً أَوْ أُخِذَتْ بِالشُّفْعَةِ وَإِنْ دُفِنَ فِيْ قَبْرٍ حُفِرَ لِغَيْرِهِ ضَمِنَ قِيْمَةَ الْحَفْرِ وَلَا يُخْرَجُ مِنْهُ۔

ترجمہ: اور مستحب ہے دفن کرنا اس جگہ میں جہاں اس کی موت ہوئی ہے یا جہاں قتل کیا گیا ہے پس اگر دفن کرنے سے پہلے ایک یا دو میل کے بقدر منتقل کیا گیا تو کوئی حرج نہیں اور اس کو منتقل کرنا اس سے زیادہ مسافت پر مکروہ ہے اور دفن کرنے کے بعد اس کو منتقل کرنا بالاجماع جائز نہیں ہے مگر یہ کہ زمین غصب کی ہوئی ہو یا شفعہ سے لی گئی ہو اور اگر ایسی قبر میں دفن کیا گیا جو دوسرے کے لئے کھودی گئی تھی تو کھدائی کی قیمت کا ضامن ہو گا اور قبر سے نکالا نہیں جائے گا۔

حُكْمُ نَبْشِ الْقُبُوْرِ

وَيُنْبَشُ لِمَتَاعٍ سَقَطَ فِيْهِ وَلِكَفَنٍ مَغْصُوْبٍ وَمَالٍ مَعَ الْمَيِّتِ وَلَا يُنْبَشُ بِوَضْعِهِ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ أَوْ عَلَى يَسَارِهِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ۔

ترجمہ: اور قبر کھولی جاسکتی ہے کسی سامان کے لئے جو اس میں گر گیا ہو اور مغصوب کفن کی وجہ سے اور کسی مال کی وجہ سے جو میت کے ساتھ دفن کیا گیا ہو اور قبر کو نہیں کھولا جائے گا میت کو قبلہ رخ نہ رکھے جانے کی وجہ سے یا بائیں کروٹ پر لٹا دینے کی وجہ سے اور اللہ خوب جانتا ہے۔

سوال: جو شخص جہاز میں انتقال کر گیا اس کے غسل، کفن و دفن کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: جہاز پر انتقال ہوا اور کنارہ قریب نہ ہو، تو غسل و کفن دے کر نماز پڑھ کر سمندر میں ڈبو دیں۔

("ردالمحتار" المرجع السابق، ص ١٦٥ و "غنية المتملي"، فصل في الجنائز، ص ٦٠٧.)

سوال: میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ قبلِ دفن اور بعدِ دفن منتقل کرنا کیسا ہے؟

جواب: جس شہر یا گاؤں وغیرہ میں انتقال ہوا وہیں کے قبرستان میں دفن کرنا مستحب ہے اگرچہ یہ وہاں رہتا نہ ہو، بلکہ جس گھر میں انتقال ہوا اس گھر والوں کے قبرستان میں دفن کریں اور دو ایک میل باہر لے جانے میں حرج نہیں کہ شہر کے قبرستان اکثر اتنے فاصلے پر ہوتے ہیں اور اگر دوسرے شہر کو اس کی لاش اٹھا لے جائیں تو اکثر علمانے منع فرمایا اور یہی صحیح ہے۔ یہ اس صورت میں ہے کہ دفن سے پیشتر لے جانا چاہیں اور دفن کے بعد تو مطلقاً نقل کرنا ممنوع ہے، سوا بعض صورتوں کے جو مذکور ہوں گی۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج ١، ص ١٦٧.)

اور یہ جو بعض لوگوں کا طریقہ ہے کہ زمین کو سپرد کرتے ہیں پھر وہاں سے نکال کر دوسری جگہ دفن کرتے ہیں، یہ ناجائز ہے اور رافضیوں کا طریقہ ہے۔

سوال: کن صورتوں میں میت کو بعدِ دفن دوسری جگہ منتقل کرنا جائز ہے؟

جواب: دوسرے کی زمین میں بلا اجازتِ مالک دفن کر دیا تو مالک کو اختیار ہے خواہ اولیائے میّت سے کہے اپنا مردہ نکال لو یا زمین برابر کر کے اس میں کھیتی کرے۔ یوہیں اگر وہ زمین شفعہ میں لے لی گئی یا غصب کئے ہوئے کپڑے کا کفن دیا تو مالک مردہ کو نکلوا سکتا ہے۔

("ردالمحتار"، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب في دفن الميت، ج ٣، ص ١٧١.)

سوال: دوسری میت کی کھودی ہوئی قبر میں دفنانا کیسا ہے؟

جواب: دوسری میت کی کھودی ہوئی قبر میں اپنا مردہ دفن کر دیا تو اس مردے کو نکالنے کی اجازت نہیں ہے البتہ قبر کی کھدوائی میں جو خرچہ لگا ہے وہ دیا جائے گا جیسے کہ بہار شریعت جلد۔ ا۔ ص ۸۴۷ مسئلہ نمبر ۲۷ میں ہے:

وقفی قبرستان میں کسی نے قبر تیار کرائی اس میں دوسرے لوگ اپنا مردہ دفن کرنا چاہتے ہیں اور قبرستان میں جگہ ہے، تو مکروہ ہے اور اگر دفن کر دیا تو قبر کھودوانے والا مردہ کو نہیں نکلوا سکتا جو خرچ ہوا ہے لے لے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج ١، ص ١٦٦.)

سوال: کن صورتوں میں قبر کھولی جا سکتی ہے اور کن صورتوں میں نہیں کھولی جا سکتی ہے؟

جواب: مندرجہ ذیل صورتوں میں قبر کھولی جاسکتی ہے:

(۱) اگر قبر کے اندر کوئی سامان گر گیا (۲) یامیت کو غصب کئے ہوئے کپڑوں میں کفن دیا گیا (۳) میت کے ساتھ کچھ مال دفن ہو گیا تو اس کو نکالنے کے لئے قبر کھولنا جائز ہے جیسے کہ بہار شریعت جلد ۱۔ ص ۸۴۷ مسئلہ نمبر ۲۹ میں ہے:

عورت کو کسی وارث نے زیور سمیت دفن کر دیا اور بعض ورثہ موجود نہ تھے ان ورثہ کو قبر کھودنے کی اجازت ہے، کسی کا کچھ مال قبر میں گر گیا مٹی دینے کے بعد یاد آیا تو قبر کھود کر نکال سکتے ہیں اگرچہ وہ ایک ہی درہم ہو۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج ۱، ص ۱۶۷.)

مندرجہ ذیل صورتوں میں قبر نہیں کھولی جائے گی: (۱) میت کو غیر قبلہ رخ دفن کر دیا تو میت کو قبلہ رخ کرنے کے لئے (۲) اور میت کو بائیں کروٹ پر دفن کر دیا تو دائیں کروٹ پر لٹانے کے لئے قبر نہیں کھولی جائے گی۔

رحمت بھری حکایت

امیر المؤمنین حضرت سیّدُنا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خواب میں دیکھ کر عرض کی گئی کہ آپ اپنی زبان کے بارے میں ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ اس نے مجھے تباہی کی جگہوں پر پہنچا دیا، فَمَا ذَا فَعَلَ اللہُ بِكَ یعنی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ ارشاد فرمایا: ''میں نے اس زبان کے ساتھ کلمہ طیبہ پڑھا پس اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے جنت میں داخل فرمادیا۔''

(احیاء علوم الدین، کتاب ذکر الموت ومابعدہ، بیان منامات تکشف... الخ ج ۵، ص ۲۶۴)

(اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ اٰمین)

مدفن ہو عطا میٹھے مدینے کی گلی میں
لِلّٰہ پڑوسی مجھے جنت میں بنالو

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصْلٌ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

یہ فصل قبروں کی زیارت کرنے کے بیان میں ہے

نُدِبَ زِيَارَتُهَا لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ عَلَى الْأَصَحِّ وَيُسْتَحَبُّ قِرَاءَةُ يٰس لِمَا وَرَدَ أَنَّهُ مَنْ دَخَلَ الْمَقَابِرَ فَقَرَأَ يٰس خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْهُمْ يَوْمَئِذٍ وَكَانَ لَهُ بِعَدَدِ مَا فِيْهَا حَسَنَاتٌ وَلَا يُكْرَهُ الْجُلُوْسُ لِلْقِرَاءَةِ عَلَى الْقَبْرِ فِي الْمُخْتَارِ وَكُرِهَ الْقُعُوْدُ عَلَى الْقُبُوْرِ لِغَيْرِ قِرَاءَةٍ وَوَطْؤُهَا وَالنَّوْمُ وَقَضَاءُ الْحَاجَةِ عَلَيْهَا وَقَلْعُ الْحَشِيْشِ وَالشَّجَرِ مِنَ الْمَقْبَرَةِ وَلَا بَأْسَ بِقَلْعِ الْيَابِسِ مِنْهُمَا۔

ترجمہ: قبروں کی زیارت مردوں اور عورتوں کے لئے مستحب ہے اصح قول پر اور مستحب ہے سورۂ یٰس کا پڑھنا اس وجہ سے جو وارد ہوا ہے کہ جو شخص قبرستان میں جائے اور سورۂ یٰس پڑھے تو اللہ تبارک و تعالیٰ ان سب سے اس دن عذاب میں تخفیف کر دیتا ہے اور پڑھنے والے کو اتنی نیکیاں ملیں گی جتنے مردے قبرستان میں ہیں اور قبر پر تلاوت کے لئے بیٹھ جانا مکروہ نہیں ہے مختار قول کے مطابق، اور قبر پر تلاوت کے علاوہ کے لئے بیٹھنا مکروہ ہے اور قبر کو روندنا اور قبر پر سونا اور قبر پر قضائے حاجت کرنا اور قبرستان کی گھاس اور درختوں کو اکھاڑنا، اور کوئی حرج نہیں ہے ان میں سے خشک کو اکھاڑنے میں۔

سوال: زیارتِ قبور کرنا کیسا ہے؟

جواب: زیارتِ قبور مستحب ہے ہر ہفتہ میں ایک دن زیارت کرے، جمعہ یا جمعرات یا ہفتہ یا پیر کے دن مناسب ہے، سب میں افضل روزِ جمعہ وقتِ صبح ہے۔ اولیائے کرام کے مزارات طیبہ پر سفر کر کے جانا جائز ہے، وہ اپنے زائر کو نفع پہنچاتے ہیں اور اگر وہاں کوئی منکرِ شرعی ہو مثلاً عورتوں سے اختلاط تو اس کی وجہ سے زیارت ترک نہ کی جائے کہ ایسی باتوں سے نیک کام ترک نہیں کیا جاتا، بلکہ اسے بُرا جانے اور ممکن ہو تو بُری بات زائل کرے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في زيارۃ القبور، ج۳، ص۱۷۷.)

عورتوں کے لئے بعض علمانے زیارتِ قبور کو جائز بتایا، درمختار میں یہی قول اختیار کیا، مگر عزیزوں کی قبور پر جائیں گی تو جزع و فزع کریں گی، لہٰذا ممنوع ہے اور صالحین کی قبور پر برکت کے لئے جائیں تو بوڑھیوں کے لئے حرج نہیں اور جوانوں کے لئے ممنوع۔ اور اسلم یہ ہے کہ عورتیں مطلقاً منع کی جائیں کہ اپنوں کی قبور کی زیارت میں تو وہی جزع و فزع ہے اور صالحین کی قبور پر یا تعظیم میں حد سے گزر جائیں گی یا بے ادبی کریں گی کہ عورتوں میں یہ دونوں باتیں بکثرت پائی جاتی ہیں۔ ("الفتاوی الرضویۃ"، ج۹، ص۵۳۸.)

سوال: زیارتِ قبور کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: زیارتِ قبر کا طریقہ یہ ہے کہ پائنتی کی جانب سے جا کر میّت کے منہ کے سامنے کھڑا ہو، سرہانے سے نہ آئے کہ میّت کے لئے باعثِ تکلیف ہے یعنی میّت کو گردن پھیر کر دیکھنا پڑے گا کہ کون آتا ہے اور یہ کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ دَارِ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَّ اِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ یَرْحَمُ اللّٰہُ الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْفَانِیَۃِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِیَۃِ وَالْعِظَامِ النَّخِرَۃِ اَدْخِلْ ھٰذِہِ الْقُبُوْرِ مِنْکَ رَوْحًا وَّ رَیْحَانًا وَّ مِنَّا تَحِیَّۃً وَّ سَلَامًا۔

پھر فاتحہ پڑھے اور بیٹھنا چاہے تو اتنے فاصلہ سے بیٹھے کہ اس کے پاس زندگی میں نزدیک یا دور جتنے فاصلہ پر بیٹھ سکتا تھا۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في زیارۃ القبور، ج۳، ص۱۷۹.)

قبرستان میں جائے تو الحمد شریف اور **الٓمّٓ** سے **مُفْلِحُوْنَ** تک اور آیۃ الکرسی اور ا **'مَنَ الرَّسُوْلُ** آخر سورہ تک اور سورۂ یٰسں اور **تَبَارَکَ الَّذِیْ** اور **اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ** ایک ایک بار اور **قُلْ ھُوَاللّٰہُ** بارہ یا گیارہ یا سات یا تین بار پڑھے اور ان سب کا ثواب مردوں کو پہنچائے۔ حدیث میں ہے: "جو گیارہ بار **قُلْ ھُوَاللّٰہُ** شریف پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو پہنچائے تو مردوں کی گنتی کے برابر اسے ثواب ملے گا۔"

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في زیارۃ القبور، ج۳، ص۱۷۹.)

نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور ہر قسم کی عبادت اور ہر عمل نیک فرض و نفل کا ثواب مُردوں کو پہنچا سکتا ہے، اُن سب کو پہنچے گا اور اس کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی، بلکہ اُس کی رحمت سے امید ہے کہ سب کو پورا ملے یہ نہیں کہ اُسی ثواب کی تقسیم ہو کر ٹکڑا ٹکڑا ملے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، مطلب في القراءۃ للمیت... اِلخ، ج۳، ص۱۸۰.)

بلکہ یہ امید ہے کہ اس ثواب پہنچانے والے کے لئے اُن سب کے مجموعے کے برابر ملے مثلاً کوئی نیک کام کیا، جس کا ثواب کم از کم دس ملے گا، اس نے دس مُردوں کو پہنچایا تو ہر ایک کو دس دس ملیں گے اور اس کو ایک سو دس اور ہزار کو پہنچایا تو اسے دس ہزار دس و علیٰ ہذا القیاس۔

("الفتاوی الرضویۃ"، ج۹، ص۶۲۳۔۶۲۹.)

نابالغ نے کچھ پڑھ کر یا کوئی نیک عمل کر کے اُس کا ثواب مُردہ کو پہنچایا تو اِنْ شَاءَ اللہ تعالیٰ پہنچے گا۔ ("الفتاوی الرضویۃ"، ج۹، ص۶۲۹۔۶۴۲.)

قبر کو بوسہ دینا بعض علما نے جائز کہا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ منع ہے۔ ("اشعۃ اللمعات"، کتاب الجنائز، باب زیارۃ القبور، ج۱، ص۷۶۳.)

اور قبر کا طوافِ تعظیمی منع ہے اور اگر برکت لینے کے لئے گرد مزار پھرا تو حرج نہیں، مگر عوام منع کئے جائیں بلکہ عوام کے سامنے کیا بھی نہ جائے کہ کچھ کا کچھ سمجھیں گے۔

سوال: قبر پر سورۂ یٰس پڑھنے کی فضیلت کیا ہے؟

جواب: جو شخص قبرستان میں جائے اور سورۂ یٰس پڑھے تو اللہ تبارک و تعالیٰ ان سب سے اس دن عذاب میں تخفیف کر دیتا ہے اور پڑھنے والے کو اتنی نیکیاں ملیں گی جتنے مردے قبرستان میں ہیں۔

سوال: قبر پر اور قبرستان میں کون سی چیزیں منع ہیں؟

جواب: قبر پر بیٹھنا، سونا، چلنا، پاخانہ، پیشاب کرنا حرام ہے۔ قبرستان میں جو نیا راستہ نکالا گیا اس سے گزرنا ناجائز ہے، خواہ نیا ہونا اسے معلوم ہو یا اس کا گمان ہو۔ ("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون في الجنائز، الفصل السادس، ج ۱، ص ۱۶۶.)

ہاں تلاوت کی غرض سے قبر پر بیٹھنا مکروہ نہیں ہے (اس سے مراد قبر کے پاس بیٹھنا ہے)، اور قبر سے تر گھاس اور درخت نوچنا اور اکھاڑنا نہیں چاہئے کہ اس کی تسبیح سے رحمت اترتی ہے اور میت کو انس ہوتا ہے اور نوچنے میں میت کا حق ضائع کرنا ہے۔ ہاں اگر گھاس اور درخت سوکھ جائیں تو ان کو اکھاڑنے میں کوئی کراہت نہیں ہے۔

وَعَلَیکُمُ السَّلامُ یا مُحَمَّد ہاشِمُ الْتتوی

شیخ الاسلام حضرتِ سیِّدُنا مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ القَوِی نے جب مدینۃُ الْمُنوَّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعظِیماً میں روضہ ٔ انور پر حاضِر ہو کر صلوٰۃ و سلام عَرض کیا تو پیارے پیارے آقا مکّی مَدَنی مصطفٰے صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آوازِ مبارَک سنائی دی: "وَعَلَیکُمُ السَّلامُ یا مُحَمَّد ھاشِمُ الْتتوی۔ "(انوارِ علمائے اہلسنّت، سندھ ص ۱۴۷ ملخّصًا) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اے مدینے کے تاجدار سلام اے غریبوں کے غمگسار سلام
تیری اِک اِک ادا پہ اے پیارے سو دُرودیں فِدا ہزار سلام

(ذوقِ نعت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

بَابُ اَحْكَامِ الشَّهِيْدِ

یہ شہید کے احکام کا باب ہے

اَلشَّهِيْدُ اَلْمَقْتُوْلُ مَيِّتٌ بِأَجَلِهٖ عِنْدَنَا أَهْلِ السُّنَّةِ۔

ترجمہ: شہید مقتول ہمارے (اہل سنت کے) نزدیک اپنی موت سے مرتا ہے۔

مِنَ الشَّهِيْدِ

وَالشَّهِيْدُ مَنْ قَتَلَهٗ أَهْلُ الْحَرْبِ أَوْ أَهْلُ الْبَغْيِ أَوْ قُطَّاعُ الطَّرِيْقِ أَوِ اللُّصُوْصُ فِيْ مَنْزِلِهٖ لَيْلًا وَلَوْ بِمُثَقَّلٍ أَوْ وُجِدَ فِي الْمَعْرِكَةِ وَبِهٖ أَثَرٌ أَوْ قَتَلَهٗ مُسْلِمٌ ظُلْمًا عَمَدًا بِمُحَدَّدٍ وَكَانَ مُسْلِمًا بَالِغًا خَالِيًا عَنْ حَيْضٍ وَنِفَاسٍ وَجَنَابَةٍ وَلَمْ يُرْتَثَّ بَعْدَ اِنْقِضَاءِ الْحَرْبِ۔

ترجمہ: اور شہید وہ ہے جس کو قتل کر دیا ہو حربیوں نے یا باغیوں نے، یا ڈاکوؤں نے یا چوروں نے رات کو اس کے مکان کے اندر اگرچہ بھاری چیز سے یا میدان جنگ میں پایا گیا ہو اور اس پر زخم کا نشان ہو یا اس کو کسی مسلمان نے ظلماً قصداً دھار دار چیز سے قتل کر دیا ہو اور وہ مقتول مسلمان بالغ ہو جو حیض و نفاس جنابت سے خالی (پاک) ہو اور جنگ ختم ہونے کے بعد پرانا نہ ہوا ہو۔

مَا يَصْنَعُ مَعَهٗ

فَيُكَفَّنُ بِدَمِهٖ وَثِيَابِهٖ وَيُصَلّٰى عَلَيْهِ بِلَا غُسْلٍ وَيُنْزَعُ عَنْهُ مَا لَيْسَ صَالِحًا لِلْكَفَنِ كَالْفَرْوِ وَالْحَشْوِ وَالسِّلَاحِ وَالدِّرْعِ وَيُزَادُ وَيُنْقَصُ فِيْ ثِيَابِهٖ وَكُرِهَ نَزْعُ جَمِيْعِهَا۔

ترجمہ: پس ایسے مقتول کو کفن دیا جائے گا، اس کے خون اور اسی کے کپڑوں کے ساتھ اور اس پر نماز پڑھی جائے گی بغیر غسل کے اور اتار لئے جائیں گے اس سے وہ کپڑے جو کفن کے مناسب نہ ہوں جیسے پوستین اور روئی کے کپڑے اور ہتھیار اور زرہ اور اس کے کپڑوں میں کمی زیادتی کر دی جائے گی اور تمام کپڑوں کا اتارنا مکروہ ہے۔

سوال: اصطلاحِ فقہ میں شہید کسے کہتے ہیں؟

جواب: اصطلاح فقہ میں شہید اس مسلمان عاقل بالغ طاہر کو کہتے ہیں جو بطور ظلم کسی آلۂ جارحہ سے قتل کیا گیا اور نفس قتل سے مال نہ واجب ہوا ہو اور دنیا سے نفع نہ اٹھایا ہو۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الشہید، ج۳، ص۱۸۷۔۱۸۹۔)

سوال: شہید کا حکم کیا ہے؟

جواب: شہید کا حکم یہ ہے کہ غسل نہ دیا جائے، ویسے ہی خون سمیت دفن کر دیا جائے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الشہید، ج۳، ص۱۹۱۔)

تو جہاں یہ حکم پایا جائے گا فقہا اسے شہید کہیں گے ورنہ نہیں، مگر شہید فقہی نہ ہونے سے یہ لازم نہیں کہ شہید کا ثواب بھی نہ پائے، صرف اس کا مطلب اتنا ہو گا کہ غسل دیا جائے وبس۔

سوال: شہید کے جسم سے کپڑوں کو اتارنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: شہید کے بدن پر جو چیزیں از قسم کفن نہ ہوں اُتار لی جائیں، مثلاً پوستین زرہ ٹوپی، خود ہتھیار، روئی کا کپڑا اور اگر کفن مسنون میں کچھ کمی پڑے تو اضافہ کیا جائے اور پاجامہ نہ اُتارا جائے اور اگر کمی ہے مگر پورا کرنے کو کچھ نہیں تو پوستین اور روئی کا کپڑا نہ اُتاریں، شہید کے سب کپڑے اُتار کر نئے کپڑے دینا مکروہ ہے۔ ("ورد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الشہید، ج۳، ص۱۹۱،)

وَيُغَسَّلُ إِنْ قُتِلَ صَبِيًّا أَوْ مَجْنُوْنًا أَوْ حَائِضًا أَوْ نُفَسَاءَ أَوْ جُنُبًا أَوْ اُرْتُثَّ بَعْدَ اِنْقِضَاءِ الْحَرْبِ بِأَنْ أَكَلَ أَوْ شَرِبَ أَوْ نَامَ أَوْ تَدَاوٰى أَوْ مَضٰى وَقْتُ الصَّلَاةِ وَهُوَ يَعْقِلُ أَوْ نُقِلَ مِنَ الْمَعْرَكَةِ لَا لِخَوْفِ وَطْءِ الْخَيْلِ أَوْ أَوْصٰى أَوْ بَاعَ أَوِ اشْتَرٰى أَوْ تَكَلَّمَ بِكَلَامٍ كَثِيْرٍ وَإِنْ وُجِدَ مَا ذُكِرَ قَبْلَ اِنْقِضَاءِ الْحَرْبِ لَا يَكُوْنُ بِهٖ مُرْتَثًّا وَيُغَسَّلُ مَنْ قُتِلَ فِي الْمِصْرِ وَلَمْ يُعْلَمْ أَنَّهُ قُتِلَ بِحَدِيْدٍ ظُلْمًا أَوْ قُتِلَ بِحَدٍّ أَوْ قَوَدٍ وَيُصَلّٰى عَلَيْهِ۔

ترجمہ: اور غسل دیا جائے گا اگر قتل کیا گیا ہو بچہ یا مجنون یا حائضہ یا نفساء یا جنبی یا پرانا ہو گیا ہو جنگ ختم ہونے کے بعد اس طور سے کہ کچھ کھایا یا پیا یا سویا یا دوا کی یا ایک نماز کا وقت گزر گیا اس حال میں کہ وہ ہوش رکھتا ہو یا لڑائی کے میدان سے منتقل کر دیا گیا نہ کہ گھوڑے کے روندنے کے خوف کی وجہ سے یا وصیت کی یا کوئی چیز بیچی یا خریدی یا بہت سی باتیں کیں، اور اگر مذکورہ چیزیں لڑائی ختم ہونے سے پہلے پائی گئیں تو وہ مرتث نہیں ہو گا اور غسل دیا جائے گا اس شخص کو جو شہر میں قتل کیا گیا اور یہ معلوم نہ ہو کہ وہ ظلماً قتل کیا گیا ہے یا کسی سزا میں یا قصاص میں اور اس پر نماز پڑھی جائے گی۔

سوال: کن لوگوں کو غسل دیا جائے گا؟

جواب: نابالغ اور مجنون کو غسل دیا جائے، اگرچہ وہ کسی طرح قتل کئے گئے، جنب اور حیض و نفاس والی عورت خواہ ابھی حیض و نفاس میں ہو یا ختم ہو گیا مگر ابھی غسل نہ کیا تو ان سب کو غسل دیا جائے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الشہید، ج۳، ص۱۸۷۔)

حیض شروع ہوئے ابھی پورے تین دن نہ ہوئے تھے کہ قتل کی گئی تو اسے غسل نہ دیں گے کہ ابھی یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ حائضہ ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب الشھید، ج۳، ص۱۸۷.)

کوئی شخص گھائل ہوا مگر اُس کے بعد دنیا سے متمتع ہوا (فائدہ اٹھایا)، مثلاً کھایا یا پیا یا سویا یا علاج کیا، اگرچہ یہ چیزیں بہت قلیل ہوں یا خیمہ میں ٹھہرا یعنی وہیں جہاں زخمی ہوا یا نماز کا ایک وقت پورا ہوش میں گزرا، بشرطیکہ نماز ادا کرنے پر قادر ہو یا وہاں سے اُٹھ کر دوسری جگہ کو چلا یا لوگ اُسے معرکہ سے اُٹھا کر دوسری جگہ لے گئے خواہ زندہ پہنچا ہو یا راستہ ہی میں انتقال ہوا یا کسی دنیوی بات کی وصیّت کی یا بیع کی یا کچھ خریدا یا بہت سی باتیں کیں، تو ان سب صورتوں میں غسل دیں گے، بشرطیکہ یہ امور جہاد ختم ہونے کے بعد واقع ہوئے اور اگر اثنائے جنگ میں ہوں تو یہ چیزیں مانع شہادت نہیں یعنی غسل نہ دیں گے اور وصیت اگر آخرت کے متعلق ہو یا دو ایک بات بولا اگرچہ لڑائی کے بعد تو شہید ہے غسل نہ دیں گے اور اگر لڑائی میں نہیں قتل کیا گیا بلکہ ظلماً تو ان چیزوں میں سے اگر کوئی پائی گئی غسل دیں گے ورنہ نہیں۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الصلاۃ، باب الشھید، ج۳، ص۱۹۲۔۱۹۴.)

اور جو شخص شہر میں مقتول پایا گیا لیکن کس وجہ سے قتل کیا گیا معلوم نہ ہو تو اسے غسل دیں گے اور اس پر نماز پڑھیں گے۔

تاریخِ اختتام: 26، شوال، 1441 ہجری بمطابق 19، جون 2020ء۔

شبِ ہفتہ، رات، 08:51 PM

قَبرِ انور سے دَستِ مُبارَک نکلا

حضرتِ سیِّدُنا شیخ سیِّد احمد کبیر رِفاعی رَحمَۃُ اللہِ تَعالٰی عَلَیْہِ جب **حج** سے فارِغ ہو کر مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً روضۂ اَنور پر حاضِر ہوئے تو عَرَبی میں دو اشعار پڑھے جن کا ترجَمہ یہ ہے: (۱)...دُوری کی حالت میں، میں اپنی رُوح کو خدمتِ اَقدَس میں بھیجا کرتا تھا تو وہ میری نائب بن کر آستانۂ مُبارَکہ کو چوما کرتی تھی (۲)...اور اب بدن کے ساتھ حاضِر ہو کر ملنے کی باری آئی ہے تو اپنا دَستِ مُبارَک دراز فرمایئے تاکہ میرے ہونٹ اُس کو چومیں۔ جو نہی اَشعار ختم ہوئے **دستِ اَنور قبرِ منوَّر سے باہَر نکلا اور اُنھوں نے اُس کو چوما۔** (اَلْحاوِی لِلْفَتاوی ج ۲ ص ۳۱۴) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔

اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

واہ کیا جُود و کَرَم ہے شہِ بَطحا تیرا
سُنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا ، ''نہیں''

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ و علی الک و اصحابک یا حبیب اللہ ﷺ

شارق الفلاح
شرح
نور الایضاح

كِتَابُ الصَّوْمِ

تاریخِ آغاز: 26، شوال، 1441 ہجری بمطابق 19، جون 2020ء۔

شبِ ہفتہ، رات، 08:51 PM

مصنف

شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

شارح: مولانا محمد شفیق خان عطاری المدنی فتحپوری ہندی

كِتَابُ الصَّوْمِ

روزے کا بیان

تَعْرِيْفُهٗ

هُوَ الْإِمْسَاكُ نَهَارًا عَنْ إِدْخَالِ شَيْءٍ عَمَدًا أَوْ خَطَأً بَطْنًا أَوْ مَالَهٗ حُكْمُ الْبَاطِنِ وَعَنْ شَهْوَةِ الْفَرْجِ بِنِيَّةٍ مِنْ أَهْلِهٖ ۔

ترجمہ: روزہ وہ رکنا ہے دن میں کس چیز کو قصداً یا خطاءً داخل کرنے سے پیٹ میں، یا اس حصے میں جو پیٹ کا حکم رکھتا ہے، اور شرم گاہ کی شہوت سے نیت کے ساتھ اپنے اہل سے۔

سَبَبُ وُجُوْبِ رَمَضَانَ

وَسَبَبُ وُجُوْبِ رَمَضَانَ شُهُوْدُ جُزْءٍ مِنْهُ وَكُلُّ يَوْمٍ مِنْهُ سَبَبٌ لِوُجُوْبِ أَدَائِهٖ ۔

ترجمہ: اور رمضان کے روزوں کے فرض ہونے کا سبب رمضان کے جز کا آجانا ہے، اور رمضان کا ہر ایک دن اس کی ادائیگی کے وجوب کا سبب ہے۔

حُكْمُهٗ وَشُرُوْطُ فَرْضِيَّتِهٖ

وَهُوَ فَرْضٌ أَدَاءً وَقَضَاءً عَلٰى مَنِ اجْتَمَعَ فِيْهِ أَرْبَعَةُ أَشْيَاءَ اَلْإِسْلَامُ وَالْعَقْلُ وَالْبُلُوْغُ وَالْعِلْمُ بِالْوُجُوْبِ لِمَنْ أَسْلَمَ بِدَارِ الْحَرْبِ أَوِ الْكَوْنُ بِدَارِ الْإِسْلَامِ ۔

ترجمہ: اور رمضان کا روزہ فرض ہے اداءً قضاءً، اس شخص پر جس میں چار چیزیں جمع ہوں: (۱) اسلام۔ (۲) عقل۔ (۳) بلوغ۔ (۴) وجوب کا علم، اس شخص کے لئے جو دار الحرب میں مسلمان ہوا، یا دار الاسلام میں ہونا۔

شُرُوْطُ وُجُوْبِ أَدَائِهٖ

وَيُشْتَرَطُ لِوُجُوْبِ أَدَائِهِ الصِّحَّةُ مِنْ مَرَضٍ وَحَيْضٍ وَنِفَاسٍ وَالْإِقَامَةُ ۔

ترجمہ: اور روزے کی ادائیگی کے واجب ہونے کے لئے شرط ہے بیماری اور حیض و نفاس سے صحیح سالم ہونا اور مقیم ہونا۔

شُرُوْطُ صِحَّةِ أَدَائِهِ

وَيُشْتَرَطُ لِصِحَّةِ أَدَائِهِ ثَلَاثَةٌ اَلنِّيَّةُ وَالْخُلُوُّ عَمَّا يُنَافِيْهِ مِنْ حَيْضٍ وَنِفَاسٍ وَعَمَّا يُفْسِدُهٗ وَلَا يُشْتَرَطُ الْخُلُوُّ عَنِ الْجَنَابَةِ۔

ترجمہ: اور روزے کی ادائیگی کے صحیح ہونے کے لئے تین چیزوں کی شرط لگائی جاتی ہے: (۱) نیت۔ (۲) ایسی چیزوں سے خالی ہونا جو روزے کے منافی ہو، یعنی حیض و نفاس۔ (۳) اور ان چیزوں سے خالی ہونا جو روزے کو فاسد کر دیتی ہیں اور جنابت سے خالی ہونے کی شرط نہیں لگائی جائے گی۔

رُكْنُهٗ

وَرُكْنُهٗ اَلْكَفُّ عَنْ قَضَاءِ شَهْوَتَيِ الْبَطْنِ وَالْفَرْجِ وَمَا أُلْحِقَ بِهِمَا وَحُكْمُهٗ سُقُوْطُ الْوَاجِبِ عَنِ الذِّمَّةِ وَالثَّوَابُ فِي الْآخِرَةِ۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

ترجمہ: اور روزے کا رکن پیٹ اور شرم گاہ اور ان چیزوں کی شہوت سے رکنا ہے، جو ان دونوں کے ساتھ ملحق ہیں، اور روزے کا حکم فرض کا ذمہ سے ساقط ہو جانا ہے، اور آخرت میں ثواب (کا حاصل ہونا) ہے۔

سوال: صوم کا لغوی اور شرعی معنی کیا ہے؟

جواب: صوم کا لغوی معنی مطلقاً امساک یعنی رکنا ہے، خواہ کسی چیز سے رکنا ہو، اور شریعت میں صبح صادق سے لیکر غروب آفتاب تک اس شخص کا جو روزے کی اہلیت رکھتا ہو یعنی حائضہ اور نفساء، کافر و مجنون نہ ہو کسی چیز کو خواہ وہ مأکول ہو یا غیر مأکول پیٹ میں یا جو پیٹ کا حکم رکھتا ہے مثلاً دماغ میں داخل کرنے سے اور فرج کی شہوت سے خواہ جماع ہو یا جو فرج کی شہوت کا حکم رکھتا ہو مثلاً چھیڑ چھاڑ (جس سے انزال ہو جائے) عبادت کی نیت سے رکنے کا نام صوم ہے۔ روزہ عرف شرع میں مسلمان کا بہ نیّت عبادت صبح صادق سے غروب آفتاب تک اپنے کو قصداً کھانے پینے جماع سے باز رکھنا، عورت کا حیض و نفاس سے خالی ہونا شرط ہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب الأول، ج۱، ص۱۹۴.)

سوال: رمضان کے روزوں کے فرض ہونے کا سبب کیا ہے؟

جواب: رمضان کے روزوں کے فرض ہونے کا سبب رمضان کے مہینے کے کسی جز کا پایا جانا ہے، لہٰذا جب بھی رمضان کا مہینہ پایا جائے گا تو رمضان کے روزے فرض ہو جائیں گے، کیونکہ سبب کا تکرار مسبَّب کے تکرار کو مستلزم ہے، اور رمضان کا ہر دن اس دن کے روزے کی ادائیگی کے واجب ہونے کا سبب ہے۔

سوال: رمضان کے روزے کس پر فرض ہیں؟

جواب: رمضان کے روزے اداءً رکھنا فرض ہے، اور اگر رمضان میں ادا نہ کر سکا تو بعد رمضان ان کی قضا فرض ہے، اور یہ اس شخص پر فرض ہے جس میں یہ چار شرطیں پائی جائیں: (۱) مسلمان ہونا لہذا کافر پر رمضان کے روزے فرض نہیں۔ (۲) عاقل ہونا لہذا مجنون پر روزۂ رمضان فرض نہیں۔ (۳) بالغ ہونا لہذا نابالغ پر روزۂ رمضان فرض نہیں۔ (۴) جو شخص دارالحرب میں مسلمان ہوا ہو اس کو رمضان کے روزوں کی فرضیت کا علم ہونا لہذا جسے علم نہ ہو تو اس پر روزۂ رمضان فرض نہیں اور جو دار الاسلام میں ہو اور مسلمان ہوا، تو اس پر ہر حال میں روزہ رمضان فرض ہے خواہ اس کو روزے کی فرضیت کا علم نہ ہو، کیونکہ دار الاسلام میں روزے کی فرضیت سے بے علم ہونا عذر نہیں ہے۔

سوال: روزے کی ادائیگی کے واجب ہونے کی کیا شرائط ہیں؟

جواب: روزے کی ادائیگی کے واجب ہونے کی دو شرطیں ہیں:

(۱) بیماری اور حیض و نفاس سے صحیح سالم ہونا لہذا بیمار اور حیض و نفاس والی عورت پر ابھی روزوں کو ادا کرنا واجب نہیں ہے۔

(۲) مقیم ہونا لہذا مسافر پر حالتِ سفر میں روزہ رکھنا واجب نہیں بلکہ جائز ہے۔

سوال: روزے کی ادائیگی کے صحیح ہونے کی کتنی اور کون کون سی شرائط ہیں؟

جواب: روزے کی ادائیگی کے صحیح ہونے کی تین شرائط ہیں: (۱) روزہ رکھنے کی نیت کرنا۔ (۲) عورت کا حیض و نفاس سے پاک ہونا، یہ وجوبِ ادا اور صحتِ ادا دونوں کی شرط ہے۔ (۳) ان چیزوں سے خالی ہونا جو روزے کو فاسد کر دیتی ہیں، لیکن روزے کی ادائیگی کے صحیح ہونے کے لئے جنابت سے خالی ہونا شرط نہیں ہے، کیونکہ جنابت کی حالت میں روزہ صحیح ہو جاتا ہے۔

سوال: روزے کا رکن کیا ہے؟

جواب: روزے کا رکن اپنے آپ کو کھانے پینے اور جماع سے روکے رکھنا ہے۔

سوال: "وما اکف بھما" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: مصنف اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ان شہوتوں کو پورا کرنے سے رکنا بھی روزے کا رکن ہے جو پیٹ اور شرمگاہ کے ساتھ لاحق مانی جاتی ہیں، پیٹ کے ساتھ جیسے دماغ میں دوا وغیرہ پہنچانا، اور شرم گاہ کے ساتھ جیسے چھیڑ چھاڑ جس سے انزال ہو جائے۔

سوال: روزے کا حکم کیا ہے؟

جواب: روزے کا حکم یعنی اثر یہ ہے کہ روزہ رکھنے سے اس کے ذمہ سے فرض اتر جاتا ہے اور آخرت میں ثواب پاتا ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِيۡ صِفَةِ الصَّوۡمِ وَتَقۡسِيۡمِهٖ

یہ فصل روزے کی صفت اور اس کی تقسیم کے بیان میں ہے

يَنۡقَسِمُ الصَّوۡمُ اِلٰى سِتَّةِ أَقۡسَامٍ فَرۡضٍ وَوَاجِبٍ وَمَسۡنُوۡنٍ وَمَنۡدُوۡبٍ وَنَفۡلٍ وَمَكۡرُوۡهٍ أَمَّا الۡفَرۡضُ فَهُوَ صَوۡمُ رَمَضَانَ أَدَاءً وَقَضَاءً وَصَوۡمُ الۡكَفَّارَاتِ وَالۡمَنۡذُوۡرِ فِي الۡأَظۡهَرِ وَأَمَّا الۡوَاجِبُ فَهُوَ قَضَاءُ مَا أَفۡسَدَهٗ مِنۡ صَوۡمِ نَفۡلٍ ۔

ترجمہ: روزہ چھ قسموں کی جانب منقسم ہوتا ہے: (۱) فرض۔ (۲) واجب۔ (۳) سنت۔ (۴) مستحب۔ (۵) نفل۔ (۶) مکروہ۔ رہا فرض تو وہ رمضان کے ادا اور قضا روزے ہیں، اور کفاروں کے روزے اور منت مانے ہوئے روزے ظاہر روایت میں، اور رہے واجب تو وہ نفل روزے کی قضا ہے جس کو توڑ دیا ہو۔

وَأَمَّا الۡمَسۡنُوۡنُ فَهُوَ صَوۡمُ يَوۡمِ عَاشُوۡرَاءَ مَعَ التَّاسِعِ وَأَمَّا الۡمَنۡدُوۡبُ فَهُوَ صَوۡمُ ثَلَاثَةٍ مِنۡ كُلِّ شَهۡرٍ وَيُنۡدَبُ كَوۡنُهَا الۡأَيَّامَ الۡبِيۡضَ وَهِيَ الثَّالِثَ عَشَرَ وَالرَّابِعَ عَشَرَ وَالۡخَامِسَ عَشَرَ وَصَوۡمُ يَوۡمِ الۡإِثۡنَيۡنِ وَالۡخَمِيۡسِ وَصَوۡمُ سِتٍّ مِنۡ شَوَّالٍ ثُمَّ قِيۡلَ الۡأَفۡضَلُ وَصۡلُهَا وَقِيۡلَ تَفۡرِيۡقُهَا وَكُلُّ صَوۡمٍ ثَبَتَ طَلَبُهٗ وَالۡوَعۡدُ عَلَيۡهِ بِالسُّنَّةِ كَصَوۡمِ دَاوٗدَ عَلَيۡهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ كَانَ يَصُوۡمُ يَوۡمًا وَيُفۡطِرُ يَوۡمًا وَهُوَ أَفۡضَلُ الصِّيَامِ وَأَحَبُّهٗ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى ۔

اور رہا مسنون تو وہ عاشوراء کے دن کا روزہ ہے نویں کے ساتھ، اور رہا مستحب تو وہ ہر مہینے میں تین روزے ہیں، اور مستحب ہے کہ یہ تین دن ایام بیض ہوں، اور وہ (ہر مہینے کی) ۱۳-۱۴-۱۵ (تاریخ کے روزے) ہیں، اور پیر اور جمعرات کا روزہ، اور شوال کے چھ روزے، پھر کہا گیا ہے کہ ان کو ملا کر رکھنا افضل ہے، اور کہا گیا ہے کہ ان کو علیحدہ علیحدہ رکھنا افضل ہے، اور ہر وہ روزہ جس کی طلب اور جس پر ثواب سنت سے ثابت ہو جیسے داؤد علیہ السلام کا روزہ کہ آپ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے، اور یہ روزوں میں افضل اور اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

وَأَمَّا النَّفۡلُ فَهُوَ سِوٰى ذٰلِكَ مِمَّا لَمۡ يَثۡبُتۡ كَرَاهِيَّتُهٗ وَأَمَّا الۡمَكۡرُوۡهُ فَهُوَ قِسۡمَانِ مَكۡرُوۡهٌ تَنۡزِيۡهًا وَمَكۡرُوۡهٌ تَحۡرِيۡمًا اَلۡأَوَّلُ كَصَوۡمِ عَاشُوۡرَاءَ مُنۡفَرِدًا عَنِ التَّاسِعِ وَالثَّانِيۡ صَوۡمُ الۡعِيۡدَيۡنِ وَأَيَّامِ التَّشۡرِيۡقِ وَكُرِهَ إِفۡرَادُ

يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَإِفْرَادُ يَوْمِ السَّبْتِ وَيَوْمِ النَّيْرُوْزِ أَوِ الْمَهْرَجَانِ إِلَّا أَنْ يُوَافِقَ عَادَتَهٗ وَكُرِهَ صَوْمُ الْوِصَالِ وَلَوْ يَوْمَيْنِ وَهُوَ أَنْ لَا يُفْطِرَ بَعْدَ الْغُرُوْبِ أَصْلًا حَتّٰى يَتَّصِلَ صَوْمُ الْغَدِ بِالْأَمْسِ وَكُرِهَ صَوْمُ الدَّهْرِ۔

ترجمہ: اور رہا نفل تو وہ مذکورہ بالا روزوں کے علاوہ ہے جن کی کراہت ثابت نہ ہو، اور رہا مکروہ تو وہ دو قسموں پر ہے: (۱) مکروہ تنزیہی (۲) مکروہ تحریمی۔ (۱) پہلا جیسے صرف عاشوراء کا روزہ نویں کے روزے کے بغیر، (۲) اور دوسرا عیدین اور ایام تشریق کے روزے ہیں، اور مکروہ ہے تنہا جمعہ کے دن اور تنہا سنیچر کے دن کا روزہ رکھنا، اور نیروز یا مہرجان کے دن کا روزہ رکھنا، مگر یہ کہ اس کی عادت کے موافق ہو، اور صوم وصال مکروہ ہے اگرچہ دو ہی دن کا ہو، اور وہ یہ ہے کہ غروب کے بعد قطعاً افطار نہ کرنا یہاں تک کہ آئندہ کل کا روزہ گزشتہ کل کے روزے سے مل جائے، اور صوم دہر مکروہ ہے۔

سوال: روزے کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

جواب: روزے کی چھ قسمیں ہیں: (۱) فرض۔ (۲) واجب۔ (۳) سنّت۔ (۴) مستحب۔ (۵) نفل۔ (۶) مکروہ۔

جبکہ صاحب بہار شریعت نے روزے کی پانچ قسمیں بیان کی ہیں: (۱) فرض۔ (۲) واجب۔ (۳) نفل۔ (۴) مکروہِ تنزیہی۔ (۵) مکروہِ تحریمی۔

سوال: فرض روزے کون سے ہیں؟

جواب: فرض روزے کی دو قسمیں ہیں: (۱) معیّن اور (۲) غیر معیّن۔ (۱) فرض معیّن جیسے ادائے رمضان۔ (۲) فرض غیر معیّن جیسے قضائے رمضان اور ظہار و قتل و قسم کے کفارے کے روزے۔

اور مصنف نے منت کے روزوں کو بھی فرض میں بیان کیا ہے، جو کہ اب غیر مفتی بہ قول ہے جبکہ مفتی بہ قول اس کے واجب کا ہے جیسے کہ واجب روزوں میں آرہا ہے۔

سوال: واجب روزے کون سے ہیں؟

جواب: واجب کی دو قسمیں ہیں: (۱) معیّن اور (۲) غیر معیّن۔ (۱) واجب معیّن جیسے نذر معیّن، مثلاً کسی نے منّت مانی کہ میں جمعرات کے دن روزہ رکھوں گا۔ (۲) واجب غیر معیّن جیسے نذر مطلق، مثلاً کسی نے منّت مانی کہ میں ایک روزہ رکھوں گا، پس اس نے اس منّت میں کسی دن کو معین نہیں کیا ہے، بلکہ کبھی بھی رکھ سکتا ہے۔ اور نفل کی قضا واجب ہے مثلاً کسی نے نفل روزہ شروع کرنے کے بعد اس کو فاسد کر دیا تو اس روزے کی قضا واجب ہے، خواہ قصداً توڑا ہو یا بلا قصد۔

سوال: سنّت روزے کون سے ہیں؟

جواب: جیسے عاشوراء یعنی دسویں محرم کا روزہ اور اس کے ساتھ نویں کا بھی۔

سوال: مستحب روزے کون سے ہیں؟

جواب: ہر قمری مہینے میں کوئی سے تین دن کے روزے رکھنا مستحب ہے، یعنی سارے مہینے میں جب چاہے رکھے، لیکن ان تین روزوں کا ایامِ بیض یعنی ہر مہینے کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو رکھنا الگ مستحب ہے، اور عرفہ کا روزہ، پیر اور جمعرات کا روزہ، شش عید کے روزے رکھنا، اور اس میں اختلاف ہے کہ شش عید کے روزے لگاتار رکھے یا متفرق طور پر رکھے، تو بعض علما لگاتار رکھنے کو افضل قرار دیتے ہیں اور بعض متفرق طور پر رکھنے کو افضل قرار دیتے ہیں، اور ان روزوں کی فضیلت میں آیا:

حضرتِ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھ لئے تو اُس نے پورے سال کا روزہ رکھا، کہ جو ایک نیکی لائے گا اُسے دس ملیں گی تو ماہِ رمضان کا روزہ دس مہینے کے برابر ہے اور ان چھ دنوں کے بدلے میں دو مہینے تو پورے سال کے روزے ہو گئے۔"

("السنن الکبری "للنسائي، کتاب الصیام، باب صیام ستۃ ایام من شوال، الحدیث: ۲۸۶۰۔۲۸۶۱، ج۲، ص ۱۶۲۔۱۶۳.)

اور ہر وہ روزہ جس کے بارے میں کوئی حدیث مروی ہو اور اس پر ثواب کا وعدہ کیا گیا ہو، تو وہ روزہ مستحب ہے جیسے صوم داؤدی علیہ السلام، یعنی ایک دن روزہ، ایک دن افطار کرنا ہے، اور اس کی فضیلت میں آیا ہے کہ:

شہنشاہِ مدینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”بہترین روزے میرے بھائی حضرت داوٗد (عَلَیْہِ السَّلَام) کے ہیں، وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن نہ رکھتے۔“ (صحیح البخاری، کتاب الصوم، باب صوم الدھر، الحدیث: ۱۹۷۶، ص ۱۵۴ مفھوماً)

منقول ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمرو رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے ماہِ نُبوت صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے جب یہ عرض کی کہ میں اس سے بھی زیادہ فضیلت والے روزے رکھنا چاہتا ہوں تو سرکارِ والاتَبار صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”ایک دن روزہ رکھو اور ایک دن نہ رکھو۔“ تو انہوں نے عرض کی کہ میں اس سے بھی افضل روزے رکھنا چاہتا ہوں تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”اس سے افضل روزے نہیں ہیں۔“ (صحیح البخاری، کتاب الصوم، باب صوم الدھر، الحدیث: ۱۹۷۶، ص ۱۵۴ مفھوماً)

سوال: نفل روزے کون سے ہیں؟

جواب: جو فرض وواجب وسنّت روزوں کے علاوہ ہوں اور جس کے متعلق کوئی کراہت ثابت نہ ہو وہ نفل روزے ہیں۔

سوال: مکروہ روزے کون سے ہیں؟

جواب: مکروہ کی دو قسمیں ہیں: (۱) مکروہِ تنزیہی جیسے تنہا عاشوراء کا روزہ بغیر نویں کے، صرف ہفتہ کے دن روزہ رکھنا۔ صرف جمعہ کے دن، نیروز ومہرگان کے دن روزہ۔ صومِ دہر (یعنی ہمیشہ روزہ رکھنا)، صومِ سکوت (یعنی ایسا روزہ جس میں کچھ بات نہ کرے)، صومِ وصال کہ روزہ رکھ کر افطار نہ کرے اور دوسرے دن پھر روزہ رکھے، یہ سب مکروہِ تنزیہی ہیں۔ (۲) مکروہِ تحریمی جیسے عید اور ایّامِ تشریق (ذی الحجہ کی ۱۰۔ ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳۔ تاریخ کے روزے۔ (بہار شریعت جلد۔ ۱۔ ص ۹۶۷) ("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصوم، الباب الأول، ج۱، ص ۱۹۴.)

فَصْلٌ فِيمَا لَا يُشْتَرَطُ تَبْيِيتُ النِّيَّةِ

یہ فصل ان روزوں کے بیان میں جن روزوں میں رات سے نیت کرنا شرط قرار نہیں دیا جاتا ہے

أَمَّا الْقِسْمُ الَّذِي لَا يُشْتَرَطُ فِيهِ تَعْيِينُ النِّيَّةِ وَلَا تَبْيِيتُهَا فَهُوَ أَدَاءُ رَمَضَانَ وَالنَّذْرُ الْمُعَيَّنُ زَمَانُهُ وَالنَّفْلُ فَيَصِحُّ بِنِيَّةٍ مِنَ اللَّيْلِ إِلىٰ مَا قَبْلَ نِصْفِ النَّهَارِ عَلَى الْأَصَحِّ وَنِصْفُ النَّهَارِ مِنْ طُلُوعِ الْفَجْرِ إِلىٰ وَقْتِ الضَّحْوَةِ الْكُبْرٰى وَيَصِحُّ أَيْضًا بِمُطْلَقِ النِّيَّةِ وَبِنِيَّةِ النَّفْلِ وَلَوْ كَانَ مُسَافِرًا أَوْ مَرِيضًا فِي الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: رہا روزے کی وہ قسم جن میں نیت کا معین کرنا اور رات سے ارادہ کرنا شرط نہیں ہے، تو وہ (۱) رمضان کا ادا روزہ اور (۲) ایسی نذر کا روزہ جس کا زمانہ معین ہو، اور (۳) نفلی روزہ ہے، پس ان تینوں میں رات سے لیکر نصف النہار سے پہلے تک نیت کرنا صحیح ہے اصح قول کے مطابق، اور نصف النہار صبح صادق سے ضحوۂ کبری تک ہوتا ہے، نیز یہ تینوں روزے مطلق نیت سے اور نفل کی نیت سے صحیح ہو جاتے ہیں، اگرچہ وہ مسافر ہو یا مریض اصح قول کے مطابق۔

وَيَصِحُّ أَدَاءُ رَمَضَانَ بِنِيَّةِ وَاجِبٍ آخَرَ لِمَنْ كَانَ صَحِيحًا مُقِيمًا بِخِلَافِ الْمُسَافِرِ فَإِنَّهُ يَقَعُ عَمَّا نَوَاهُ مِنَ الْوَاجِبِ وَاخْتُلِفَ التَّرْجِيحُ فِي الْمَرِيضِ إِذَا نَوىٰ وَاجِبًا آخَرَ فِي رَمَضَانَ وَلَا يَصِحُّ الْمَنْذُورُ الْمُعَيَّنُ زَمَانُهُ بِنِيَّةِ وَاجِبٍ غَيْرِهِ بَلْ يَقَعُ عَمَّا نَوَاهُ مِنَ الْوَاجِبِ فِيهِ ۔

ترجمہ: اور رمضان کا ادا روزہ دوسرے واجب کی نیت سے صحیح ہو جاتا ہے اس شخص کا جو تندرست اور مقیم ہو، بخلاف مسافر کے، پس مسافر کا اسی واجب کی طرف سے واقع ہوگا جس کی اس نے نیت کی، اور مریض کے بارے میں ترجیح مختلف ہو گئی ہے، جب کہ رمضان میں دوسرے واجب کی نیت کرے، اور صحیح نہیں ہوتا وہ نذری روزہ جس کا زمانہ معین ہو دوسرے واجب کی نیت سے، بلکہ اسی واجب کی طرف سے واقع ہوگا جس کی اس نے نیت کی ہے۔

مَا يُشْتَرَطُ فِيهِ تَعْيِينُ النِّيَّةِ

وَأَمَّا الْقِسْمُ الثَّانِيْ وَهُوَ مَا يُشْتَرَطُ فِيْهِ تَعْيِيْنُ النِّيَّةِ وَتَبْيِيْتُهَا فَهُوَ قَضَاءُ رَمَضَانَ وَقَضَاءُ مَا أَفْسَدَهٗ مِنْ نَفْلٍ وَصَوْمُ الْكَفَّارَاتِ بِأَنْوَاعِهَا وَالْمَنْذُوْرُ الْمُطْلَقُ كَقَوْلِهٖ إِنْ شَفَى اللهُ مَرِيْضِيْ فَعَلَيَّ صَوْمُ يَوْمٍ فَحَصَلَ الشِّفَاءُ۔

ترجمہ: اور بہر حال دوسری قسم: اور یہ وہ روزے ہیں جن میں نیت کی تعیین اور رات سے نیت کرنا شرط ہے، پس وہ رمضان کی قضا ہے، اور اس نفل کی قضا ہے جس کو فاسد کر دیا تھا، اور تمام قسم کے کفاروں کے روزے، اور نذر مطلق کے روزے ہیں، جیسے اس کا قول کہ اگر اللہ میرے مریض کو شفاء دے دے تو مجھ پر ایک دن کا روزہ ہے، پس شفاء حاصل ہو گئی۔

سوال: کن روزوں میں نیّت کو معین کرنا اور رات سے ارادہ کرنا شرط نہیں؟

جواب: ادائے روزۂ رمضان اور نذرِ معین اور نفل کے روزوں کے لئے نیّت کا وقت غروب آفتاب سے ضحوہ کبریٰ تک ہے، اس وقت میں جب نیّت کر لے، یہ روزے ہو جائیں گے۔ لہٰذا آفتاب ڈوبنے سے پہلے نیّت کی کہ کل روزہ رکھوں گا پھر بے ہوش ہو گیا اور ضحوہ کبریٰ کے بعد ہوش آیا تو یہ روزہ نہ ہوا اور آفتاب ڈوبنے کے بعد نیّت کی تھی تو ہو گیا۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، ج۳، ص ۳۹۳.)

ضحوہ کبریٰ نیّت کا وقت نہیں، بلکہ اس سے پیشتر نیّت ہو جانا ضروری ہے اور اگر خاص اس وقت یعنی جس وقت آفتاب خطِ نصف النہار شرعی پر پہنچ گیا، نیّت کی تو روزہ نہ ہوا۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص ۳۹۴.) اگرچہ ان تین قسم کے روزوں کی نیّت دن میں بھی ہو سکتی ہے، مگر رات میں نیّت کر لینا مستحب ہے۔ ("الجوھرۃ النیرۃ"، کتاب الصوم، ص۱۷۵.)

سوال: کیا رمضان، نذر معین اور نفل روزے مطلق روزے کی نیّت سے ادا ہو جائیں گے؟

جواب: یہ تینوں یعنی رمضان کا ادا روزہ اور نفل و نذر معین، مطلقاً روزے کی نیّت سے ہو جاتے ہیں، خاص انہیں کی نیّت ضروری نہیں۔ یوہیں نفل کی نیّت سے بھی ادا ہو جاتے ہیں، بلکہ غیر مریض و غیر مسافر نے رمضان میں کسی اور واجب کی نیّت کی جب بھی اسی رمضان کا ہو گا۔

("الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۳۹۳،)

سوال: مسافر یا مریض نے رمضان میں نفل یا کسی دوسرے واجب روزے کی نیّت کرے تو کون سا روزہ ادا ہو گا؟

جواب: مسافر اور مریض اگر رمضان شریف میں نفل یا کسی دوسرے واجب کی نیّت کریں تو جس کی نیّت کریں گے، وہی ہو گا رمضان کا نہیں۔ ("تنویر الأبصار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۳۹۵.) اور مطلق روزے کی نیّت کریں تو رمضان کا ہو گا۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الصوم، الباب الأول، ج۱، ص۱۹۵۔۱۹۶.)

سوال: کیا نذرِ معین کسی اور واجب کی نیّت سے ادا ہو جائے گا؟

جواب: نذر معین یعنی فلاں دن روزہ رکھوں گا، اس میں اگر اُس دن کسی اور واجب کی نیّت سے روزہ رکھا تو جس کی نیّت سے روزہ رکھا، وہ ہوا، منت کی قضا دے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الأول، ج۱، ص۱۹۶.)

سوال: کن روزوں میں نیّت کی تعیین اور رات سے نیّت کرنا شرط ہے؟

جواب: ادائے رمضان اور نذر معیّن اور نفل کے علاوہ باقی روزے، مثلاً قضائے رمضان اور نذر غیر معیّن اور نفل کی قضا (یعنی نفلی روزہ رکھ کر توڑ دیا تھا اس کی قضا) اور نذر معیّن کی قضا اور کفّارہ کا روزہ اور حرم میں شکار کرنے کی وجہ سے جو روزہ واجب ہوا وہ اور حج میں وقت سے پہلے سر منڈانے کا روزہ اور تمتع کا روزہ، ان سب میں عین صبح چمکتے وقت یا رات میں نیّت کرنا ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ جو روزہ رکھنا ہے، خاص اس معیّن کی نیّت کرے اور اُن روزوں کی نیّت اگر دن میں کی تو نفل ہوئے پھر بھی ان کا پورا کرنا ضروری ہے توڑے گا تو قضا واجب ہو گی۔ اگرچہ یہ اس کے علم میں ہو کہ جو روزہ رکھنا چاہتا ہے یہ وہ نہیں ہو گا بلکہ نفل ہو گا۔ ("الدر المختار"، كتاب الصوم، ج۳، ص۳۹۳،)

رات میں قضا روزے کی نیّت کی، صبح کو اُسے نفل کرنا چاہتا ہے تو نہیں کر سکتا۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصوم، ج۳ ص۳۹۸)

کئی روزے قضا ہو گئے تو نیّت میں یہ ہونا چاہیے کہ اس رمضان کے پہلے روزے کی قضا، دوسرے کی قضا اور اگر کچھ اس سال کے قضا ہو گئے، کچھ اگلے سال کے باقی ہیں تو یہ نیّت ہونی چاہیے کہ اس رمضان کی اور اُس رمضان کی قضا اور اگر دن اور سال کو معیّن نہ کیا، جب بھی ہو جائیں گے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الأول، ج۱، ص۱۹۶.)

میں سرکار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس آیا ہوں

حضرتِ سیِّدُنا داوٗد بن ابی صالِح رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں: دو جہان کے سلطان، رحمتِ عالمیان صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے آستانِ عرش نشان پر ایک دِن خلیفہ مَروان حاضِر ہوا، وہاں اُس نے ایک صاحِب کو قبرِ مُنوَّر پر مُنہ رکھے ہوئے دیکھا تو اُس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر کہا: جانتے ہو کیا کر رہے ہو؟ وہ "**ہاں جانتا ہوں،**" کہہ کر اُس کی طرف مُتوجِّہ ہوئے تو وہ محبوبِ باری صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مشہور صَحابی حضرتِ سیِّدُنا ابو اَیُّوب اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ تھے۔ فرمایا: میں رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمتِ باعَظَمت میں حاضِر ہُوا ہوں کسی پتّھر کے پاس نہیں آیا اور میں نے رسولِ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ دِین پر اُس وَقْت نہ رَوؤ جب کہ اِس کا والی اَہل (یعنی لائق) ہو لیکن اُس وَقْت ضَرور رَوؤ جب کہ اِس کا والی نااَہل (یعنی نالائق) ہو۔

(اَلْمُستَدرَك ج۵ ص۷۲۰ حدیث۸۶۱۸) اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔

فَصۡلٌ فِيۡمَا يَثۡبُتُ بِهِ الۡهِلَالُ وَفِي صَوۡمِ يَوۡمِ الشَّكِّ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جن کے ذریعہ سے چاند ثابت ہوتا ہے اور یوم شک کے روزے کے بیان میں ہے

بِمَ يَثۡبُتُ رَمَضَانَ

يَثۡبُتُ رَمَضَانُ بِرُؤۡيَةِ هِلَالِهِ أَوۡ بِعَدِّ شَعۡبَانَ ثَلَاثِيۡنَ إِنۡ غُمَّ الۡهِلَالُ وَيَوۡمُ الشَّكِّ هُوَ مَا يَلِيَ التَّاسِعَ وَالۡعِشۡرِيۡنَ مِنۡ شَعۡبَانَ وَقَدِ اسۡتَوٰى فِيۡهِ طَرۡفُ الۡعِلۡمِ وَالۡجَهۡلِ بِأَنۡ غُمَّ الۡهِلَالُ وَكُرِهَ فِيۡهِ كُلُّ صَوۡمٍ إِلَّا صَوۡمَ نَفۡلٍ جَزَمَ بِهِ بِلَا تَرۡدِيۡدٍ بَيۡنَهٗ وَبَيۡنَ صَوۡمٍ آخَرَ۔

رمضان ثابت ہو جاتا ہے چاند دیکھنے سے یا شعبان کے تیس دن گن لینے سے اگر چاند مشتبہ ہو، اور یوم شک وہ ہے جو ۲۹ ویں شعبان سے متصل ہے، اور اس میں جاننے اور نہ جاننے کا پہلو برابر ہو اس طور سے کہ چاند مشتبہ رہا ہو، اور یوم شک میں ہر روزہ مکروہ ہے مگر وہ نفلی روزہ جس کا ارادہ پختگی سے کیا ہو بغیر تردد کے اس کے اور دوسرے روزے کے درمیان۔

وَإِنۡ ظَهَرَ أَنَّهٗ مِنۡ رَمَضَانَ أَجۡزَأَ عَنۡهُ مَا صَامَهٗ وَإِنۡ رَدَّدَ فِيۡهِ بَيۡنَ صِيَامٍ وَفِطۡرٍ لَا يَكُوۡنُ صَائِمًا وَكُرِهَ صَوۡمُ يَوۡمٍ أَوۡ يَوۡمَيۡنِ مِنۡ آخِرِ شَعۡبَانَ لَا يُكۡرَهُ مَا فَوۡقَهُمَا وَيَأۡمُرُ الۡمُفۡتِي الۡعَامَّةَ بِالتَّلَوُّمِ يَوۡمَ الشَّكِّ ثُمَّ بِالۡإِفۡطَارِ إِذَا ذَهَبَ وَقۡتُ النِّيَّةِ وَلَمۡ يَتَعَيَّنِ الۡحَالُ وَيَصُوۡمُ فِيۡهِ الۡمُفۡتِيۡ وَالۡقَاضِيۡ وَمَنۡ كَانَ مِنَ الۡخَوَاصِّ وَهُوَ مَنۡ يَتَمَكَّنُ مِنۡ ضَبۡطِ نَفۡسِهِ عَنِ التَّرۡدِيۡدِ فِي النِّيَّةِ وَمُلَاحَظَةِ كَوۡنِهِ عَنِ الۡفَرۡضِ۔

ترجمہ: اور اگر ظاہر ہو جائے کہ وہ رمضان کا دن ہے تو وہ رمضان کی طرف سے کافی ہو گا، اور اگر اس دن کے روزے میں تردد ہو روزہ اور افطار کے درمیان تو وہ روزہ دار نہیں ہو گا، اور شعبان کے آخر میں ایک دن یا دو دن کہ روزے مکروہ ہیں اس سے زیادہ مکروہ نہیں ہیں، اور یوم شک میں مفتی عام لوگوں کو انتظار کا حکم دے گا پھر افطار کا، جب کہ نیت کا وقت چلا جائے، اور کوئی حالت متعین نہ ہو، اور روزہ رکھے اس دن میں مفتی اور قاضی اور جو خواص میں سے ہوں، اور خواص وہ ہیں جو قابو رکھ سکیں اپنے نفس کو ضبط کر کے نیت کے اندر تردید سے، اور اس کے فرض کی طرف سے ہونے کے دھیان سے۔

رُؤۡيَةُ الۡهِلَالِ

وَمَنْ رَأٰیٰ هِلَالَ رَمَضَانَ أَوِ الْفِطْرِ وَحدَهٗ وَرُدَّ قَوْلُهٗ لَزِمَهُ الصِّيَامُ وَلَا يَجُوْزُ لَهُ الْفِطْرُ بِتَيَقُّنِهٖ هِلَالَ شَوَّالٍ وَإِنْ أَفْطَرَ فِي الْوَقْتَيْنِ قَضٰى وَلَا كَفَّارَةَ عَلَيهِ وَلَوْ كَانَ فِطْرُهٗ قَبْلَ مَا رَدَّهُ الْقَاضِيْ فِي الصَّحِيْحِ۔

ترجمہ: اور جو شخص رمضان یا عید الفطر کا چاند تنہا دیکھے اور اس کا قول رد کر دیا گیا ہو تو اس کو روزہ رکھنا لازم ہے۔ اور اس کو افطار کرنا جائز نہیں ہے شوال کے چاند کا یقین کرنے کی وجہ سے، اور اگر دونوں وقتوں میں افطار کر لیا تو قضا کرے گا، اور اس پر کفارہ لازم نہ ہو گا اگرچہ افطار کر لیا ہو قاضی کے رد کر دینے سے پہلے صحیح قول کے مطابق۔

سوال: کن مہینوں کا چاند دیکھنا ضروری ہے؟

جواب: پانچ مہینوں کا چاند دیکھنا، واجب کفایہ ہے۔ (۱) شعبان۔ (۲) رمضان۔ (۳) شوال۔ (۴) ذی القعدہ۔ (۵) ذی الحجہ۔

(۱) شعبان کا، اس لئے کہ اگر رمضان کا چاند دیکھتے وقت اَبر یا غبار ہو تو یہ تیس پورے کر کے رمضان شروع کریں۔ (۲) اور رمضان کا، روزہ رکھنے کے لئے۔ (۳) اور شوال کا، روزہ ختم کرنے کے لئے۔ (۴) اور ذی قعدہ کا، ذی الحجہ کے لئے (۵) اور ذی الحجہ کا، بقر عید کے لئے۔

("الفتاوی الرضوية"، ج۱۰ص۴۴۹۔ ۴۵۱.)

سوال: رمضان کا مہینہ کب سے ثابت ہوتا ہے؟

جواب: شعبان کی انتیس کو شام کے وقت چاند دیکھیں، دکھائی دے تو کل روزہ رکھیں، ورنہ شعبان کے تیس دن پورے کر کے رمضان کا مہینہ شروع کریں۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۷.)

سوال: یومِ شک کسے کہتے ہیں؟

جواب: یوم شک سے مراد شعبان کا آخری دن ہے جس کے بارے میں یہ بھی احتمال ہے کہ وہ رمضان کا پہلا دن ہو، اور یہ بھی احتمال ہے کہ شعبان کا آخری دن یعنی شعبان کی تیس تاریخ ہو، اور تیس شعبان یوم شک اس صورت میں ہو گا جب کہ ۲۹ شعبان کو مطلع صاف نہ ہونے کی وجہ سے چاند کے ہونے یہ نہ ہونے میں شک ہو اور اگر مطلع صاف ہو تو اگلا دن یوم شک نہیں کہلائے گا۔

سوال: یومِ شک میں روزہ رکھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: یوم الشّک یعنی شعبان کی تیسویں تاریخ کو نفلِ خالص کی نیّت سے روزہ رکھ سکتے ہیں اور نفل کے سوا کوئی اور روزہ رکھا تو مکروہ ہے، خواہ مطلق روزہ کی نیّت ہو یا فرض کی یا کسی واجب کی، خواہ نیّت معیّن کی کِی ہو یا تردد کے ساتھ، یہ سب صورتیں مکروہ ہیں۔ پھر اگر رمضان کی نیّت ہے تو مکروہ تحریمی ہے، ورنہ مقیم کے لئے تنزیہی اور مسافر نے اگر کسی واجب کی نیّت کی تو کراہت نہیں پھر اگر اس دن کا رمضان ہونا ثابت ہو جائے تو مقیم کے لئے بہر حال رمضان کا روزہ ہے اور اگر یہ ظاہر ہو کہ وہ شعبان کا دن تھا اور نیّت کسی واجب کی کی تھی تو جس واجب کی نیّت تھی وہ ہوا، اور اگر کچھ حال نہ کُھلا تو واجب کی نیّت بے کار گئی اور مسافر نے جس کی نیّت کی بہر صورت وہی ہوا۔

("الدرالمختار" و"ردالمحتار"، كتاب الصوم، مبحث في صوم يوم الشک، ج۳، ص۳۹۹.)

یوم الشّک کے روزہ میں یہ پکا ارادہ کرلے کہ یہ روزہ نفل ہے تردد نہ رہے، یوں نہ ہو کہ اگر رمضان ہے تو یہ روزہ رمضان کا ہے، ورنہ نفل کا یا یوں کہ اگر آج رمضان کا دن ہے تو یہ روزہ رمضان کا ہے، ورنہ کسی اور واجب کا کہ یہ دونوں صورتیں مکروہ ہیں۔ پھر اگر اس دن کا رمضان ہونا ثابت ہو جائے تو فرض رمضان ادا ہو گا۔ ورنہ دونوں صورتوں میں نفل ہے اور گنہگار بہر حال ہوا، اور یوں بھی نیّت نہ کرے کہ یہ دن رمضان کا ہے تو روزہ ہے، ورنہ روزہ نہیں کہ اس صورت میں تو نہ نیّت ہی ہوئی، نہ روزہ ہوا اور اگر نفل کا پورا ارادہ ہے مگر کبھی کبھی دل میں یہ خیال گزر جاتا ہے کہ شاید آج رمضان کا دن ہو تو اس میں حرج نہیں۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب الأول، ج۱، ص۲۰۰.)

سوال: شعبان کو روزہ رکھنا کس کے لئے افضل ہے اور کس کے لئے مکروہ ہے؟

جواب: اگر تیسویں تاریخ ایسے دن ہوئی کہ اس دن روزہ رکھنے کا عادی تھا تو اُسے روزہ رکھنا افضل ہے، مثلاً کوئی شخص پیر یا جمعرات کا روزہ رکھا کرتا ہے اور تیسویں اسی دن پڑی تو رکھنا افضل ہے۔ یوہیں اگر چند روز پہلے سے رکھ رہا تھا تو اب یوم الشّک میں کراہت نہیں۔ کراہت اُسی صورت میں ہے کہ رمضان سے ایک یا دو دن پہلے روزہ رکھا جائے یعنی صرف تیس ۳۰ شعبان کو یا انتیس ۲۹ اور تیس ۳۰ کو۔

("الدر المختار"، كتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۰.)

سوال: یومِ شک میں مفتی کیا فتوی دے گا؟

جواب: یوم شک میں مفتی عام لوگوں کو فتوی دے کہ وہ زوال تک کھانے پینے اور جماع وغیرہ ممنوعات روزے سے باز رہیں اگر زوال تک چاند کا ثبوت ہو گیا تو وہ لوگ رمضان کے روزے کی نیت کر لیں اور روزہ پورا کریں اور اگر زوال ہو گیا تو پھر افطار کا فتوی دے دے کہ اب وہ لوگ کھائیں پئیں اور روزہ نہ رکھیں۔

سوال: یومِ شک میں کن لوگوں کو روزہ رکھنا مستحب ہے؟ نیز خواص و عوام میں فرق کیا ہے؟

جواب: مفتی قاضی اور خواص یوم شک میں روزہ رکھیں، اور یہ ان کے لئے مستحب ہے واجب نہیں۔ خواص و عوام میں فرق یہ ہے کہ جو شخص اپنے علم و فقہ کی بناء پر شکوک و وساوس میں پڑے بغیر خالص نفل روزے کی نیت کرے اور دل میں یہ خیال نہ آنے دے کہ اگر کل کا دن رمضان کا ہو گا تو وہ رمضان کا روزہ ہے ایسا شخص خواص میں سے ہے اور اگر یہ بات نہ ہو بلکہ تردد میں ہو تو وہ عوام میں سے ہے۔

سوال: کسی نے رمضان یا عید کا چاند دیکھا مگر اس کی گواہی رد ہو گئی تو اسے روزہ رکھنے یا نہ رکھنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: کسی نے رمضان یا عید کا چاند دیکھا مگر اس کی گواہی کسی وجہ شرعی سے رد کر دی گئی مثلاً فاسق ہے یا عید کا چاند اس نے تنہا دیکھا تو اُسے حکم ہے کہ روزہ رکھے، اگرچہ اپنے آپ عید کا چاند دیکھ لیا ہے اور اس روزہ کو توڑنا جائز نہیں، مگر توڑے گا تو کفّارہ لازم نہیں (۲) اور اس صورت میں اگر رمضان کا چاند تھا اور اُس نے اپنے حسابوں تیس روزے پورے کیے، مگر عید کے چاند کے وقت پھر اَبر یا غبار ہے تو اُسے بھی ایک دن اور رکھنے کا حکم ہے۔ ("الدر المختار"، كتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۴.)

تنہا اُس نے چاند دیکھ کر روزہ رکھا پھر روزہ توڑ دیا یا قاضی کے یہاں گواہی بھی دی تھی اور ابھی اُس نے اُس کی گواہی پر حکم نہیں دیا تھا کہ اُس نے روزہ توڑ دیا تو بھی کفّارہ لازم نہیں، صرف اُس روزہ کی قضا دے اور اگر قاضی نے اُس کی گواہی قبول کرلی۔ اُس کے بعد اُس نے روزہ توڑ دیا تو کفّارہ لازم ہے اگرچہ یہ فاسق ہو۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۴.)

وَإِذَا كَانَ بِالسَّمَاءِ عِلَّةٌ مِنْ غَيْمٍ أَوْ غُبَارٍ أَوْ نَحْوِهِ قُبِلَ خَبَرُ وَاحِدٍ عَدْلٍ أَوْ مَسْتُوْرٍ فِي الصَّحِيْحِ وَلَوْ شَهِدَ عَلٰى شَهَادَةِ وَاحِدٍ مِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ أُنْثٰى أَوْ رَقِيْقًا أَوْ مَحْدُوْدًا فِيْ قَذْفٍ تَابَ لِرَمَضَانَ وَلَا يُشْتَرَطُ لَفْظُ الشَّهَادَةِ وَلَا الدَّعْوٰى وَشُرِطَ لِهِلَالِ الْفِطْرِ إِذَا كَانَ بِالسَّمَاءِ عِلَّةٌ لَفْظُ الشَّهَادَةِ مِنْ حُرَّيْنِ أَوْ حُرٍّ وَحُرَّتَيْنِ بِلَا دَعْوٰى۔

ترجمہ: اور جب آسمان میں بادل یا غبار یا اس جیسی کوئی علت ہو تو ایک عادل یا مستور کی خبر قبول کی جائے گی صحیح قول کے مطابق اگرچہ گواہی دی ہو اپنے جیسے ایک آدمی کی گواہی پر اور اگرچہ عورت یا غلام یا ایسا شخص ہو جس کو تہمت کے سلسلے میں سزا ملی ہو جو توبہ کر چکا ہو رمضان کے لئے، اور لفظ شہادت کی شرط نہیں لگائی جاتی ہے اور نہ ہی دعوی دائر کرنے کی۔ اور عید کی چاند کے لئے لفظ شہادت شرط ہے جب کہ آسمان پر علت ہو جو دو آزاد مرد یا ایک آزاد مرد اور دو آزاد عورتوں کی جانب سے ہو بغیر دعوی کے۔

وَإِنْ لَمْ يَكُنْ بِالسَّمَاءِ عِلَّةٌ فَلَا بُدَّ مِنْ جَمْعٍ عَظِيْمٍ لِرَمَضَانَ وَالْفِطْرِ وَمِقْدَارُ الْجَمْعِ الْعَظِيْمِ مُفَوَّضٌ لِرَايِ الْإِمَامِ فِي الْأَصَحِّ وَإِذَا تَمَّ الْعَدَدُ بِشَهَادَةِ فَرْدٍ وَلَمْ يُرَ هِلَالُ الْفِطْرِ وَالسَّمَاءُ مَصْحِيَّةٌ لَا يَحِلُّ لَهُ الْفِطْرُ وَاخْتَلَفَ التَّرْجِيْحُ فِيْمَا إِذَا كَانَ بِشَهَادَةِ عَدْلَيْنِ وَلَا خِلَافَ فِيْ حِلِّ الْفِطْرِ إِذَا كَانَ بِالسَّمَاءِ عِلَّةٌ وَلَوْ ثَبَتَ رَمَضَانُ بِشَهَادَةِ الْفَرْدِ وَهِلَالُ الْأَضْحٰى كَالْفِطْرِ وَيُشْتَرَطُ لِبَقِيَّةِ الْأَهِلَّةِ شَهَادَةُ رَجُلَيْنِ عَدْلَيْنِ أَوْ حُرٍّ وَحُرَّتَيْنِ غَيْرِ مَحْدُوْدَيْنِ فِيْ قَذْفٍ۔

ترجمہ: اور اگر آسمان میں کوئی علت نہ ہو تو ایک بڑی جماعت رمضان اور عید کے لئے ضروری ہے اور بڑی جماعت کی مقدار سپرد کی گئی ہے امام کی رائے پر اصح قول میں، اور جب عدد ایک آدمی کی شہادت سے پورا ہو جائے اور عید کا چاند نظر نہ آئے حالانکہ آسمان صاف ہے تو اس کے لئے افطار حلال نہیں ہے اور ترجیح میں اختلاف ہو گیا ہے اس صورت میں جب کہ دو عادل کی شہادت سے رمضان کا حکم دیا گیا ہو، اور کوئی اختلاف نہیں ہے افطار کے حلال ہونے میں جب کی آسمان پر علت ہو اگرچہ رمضان کا ثبوت

ایک آدمی کی شہادت سے ہو اور عید الاضحی کے چاند کا حکم عید الفطر کی طرح ہے اور شرط ہے باقی چاندوں کے لئے دو عادل مرد یا ایک آزاد مرد اور دو آزاد عورتوں کی شہادت جن کو تہمت کے سلسلے میں حد نہ لگائی گئی ہو۔

اِخۡتِلَافُ الۡمَطَالِعِ

وَإِذَا ثَبَتَ فِيۡ مَطۡلَعِ قُطۡرٍ لَزِمَ سَائِرَ النَّاسِ فِيۡ ظَاهِرِ الۡمَذۡهَبِ وَعَلَيۡهِ الۡفَتۡوٰى وَأَكۡثَرُ الۡمَشَايِخِ وَلَا عِبۡرَةَ بِرُؤۡيَةِ الۡهِلَالِ نَهَارًا سَوَاءٌ كَانَ قَبۡلَ الزَّوَالِ أَوۡ بَعۡدَهٗ وَهُوَ اللَّيۡلَةُ الۡمُسۡتَقۡبِلَةُ فِي الۡمُخۡتَارِ۔

ترجمہ: اور جب کسی علاقہ کے مطلع میں (عید الفطر) کا ثبوت ہو گا تو تمام لوگوں پر افطار لازم ہو جائے گا ظاہر مذہب کے مطابق اور اسی پر فتوی ہے اور یہی اکثر مشائخ کا مسلک ہے اور کوئی اعتبار نہیں ہے دن میں چاند دیکھنے کا خواہ زوال سے پہلے دیکھا جائے یا زوال کے بعد اور یہ چاند آنے والی رات کا ہے مختار قول میں۔

سوال: رمضان کے چاند کے ثبوت کے لئے کتنے گواہوں کی گواہی ضروری ہے؟

جواب: اَبر اور غبار میں رمضان کا ثبوت ایک مسلمان عاقل بالغ، مستور یا عادل شخص سے ہو جاتا ہے، وہ مرد ہو خواہ عورت، آزاد ہو یا باندی یا غلام یا اس پر تہمت زنا کی حد ماری گئی ہو، جب کہ توبہ کر چکا ہو۔ عادل ہونے کے معنی یہ ہیں کہ کم سے کم متقی ہو یعنی کبائر گناہ سے بچتا ہو اور صغیرہ پر اصرار نہ کرتا ہو اور ایسا کام نہ کرتا ہو جو مروت کے خلاف ہو مثلاً بازار میں کھانا۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، مبحث في صوم يوم الشک، ج۳، ص۴۰۶.)

فاسق اگرچہ رمضان کے چاند کی شہادت دے اُس کی گواہی قابل قبول نہیں رہا یہ کہ اُس کے ذمّہ گواہی دینا لازم ہے یا نہیں۔ اگر اُمید ہے کہ اُس کی گواہی قاضی قبول کرلے گا تو اُسے لازم ہے کہ گواہی دے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۶.)

سوال: مستور کسے کہتے ہیں؟

جواب: مستور یعنی جس کا ظاہر حال مطابق شرع ہے، مگر باطن کا حال معلوم نہیں، اُس کی گواہی بھی غیر رمضان میں قابلِ قبول نہیں۔

(بہار شریعت جلد۔۱۔ص۹۷۶)

سوال: کیا رمضان اور غیر رمضان کے چاند کی گواہی میں لفظِ شہادت کہنا ضروری ہے؟

جواب: ہر گواہی میں یہ کہنا ضروری ہے کہ ”میں گواہی دیتا ہوں کہ“ بغیر اس کے شہادت نہیں، مگر اَبر میں رمضان کے چاند کی گواہی میں اس کو کہنے کی ضرورت نہیں، اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ ”میں نے اپنی آنکھ سے اس رمضان کا چاند آج یا کل یا فلاں دن دیکھا ہے“۔ یوہیں اس کی گواہی میں دعویٰ اور مجلس قضا اور حاکم کا حکم بھی شرط نہیں، یہاں تک کہ اگر کسی نے حاکم کے یہاں گواہی دی تو جس نے اُس کی گواہی سُنی اور اُس کو بظاہر معلوم ہوا کہ یہ عادل ہے اس پر روزہ رکھنا ضروری ہے، اگرچہ حاکم کا حکم اُس نے نہ سُنا ہو مثلاً حکم دینے سے پہلے ہی چلا گیا۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب الثاني في روية الهلال، ج۱، ص۱۹۷.)

مطلع ناصاف ہے تو علاوہ رمضان کے شوال و ذی الحجہ بلکہ تمام مہینوں کے لئے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں گواہی دیں اور سب عادل ہوں اور آزاد ہوں اور ان میں کسی پر تہمت زنا کی حد نہ قائم کی گئی ہو، اگرچہ توبہ کر چکا ہو اور یہ بھی شرط ہے کہ گواہ گواہی دیتے وقت یہ لفظ کہے میں گواہی دیتا ہوں۔

گاؤں میں دو شخصوں نے عید کا چاند دیکھا اور مطلع ناصاف ہے اور وہاں کوئی ایسا نہیں جس کے پاس شہادت دیں تو گاؤں والوں سے کہیں، اگر یہ عادل ہوں تو لوگ عید کر لیں۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۸.) اگر مطلع صاف ہو تو جب تک بہت سے لوگ شہادت نہ دیں چاند کا ثبوت نہیں ہو سکتا، رہا یہ کہ اس کے لئے کتنے لوگ چاہیے یہ قاضی کے متعلق ہے، جتنے گواہوں سے اُسے غالب گمان ہو جائے حکم دیدے گا، مگر جب کہ بیرونِ شہر یا بلند جگہ سے چاند دیکھنا بیان کرتا ہے تو ایک مستور کا قول بھی رمضان کے چاند میں قبول کر لیا جائے گا۔

("الدر المختار"، كتاب الصوم، ج۳، ص۴۰۹.)

جماعتِ کثیرہ کی شرط اُس وقت ہے جب روزہ رکھنے یا عید کرنے کے لئے شہادت گزرے اور اگر کسی اور معاملہ کے لئے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں ثقہ کی شہادت گزری اور قاضی نے شہادت کی بنا پر حکم دے دیا تو اب یہ شہادت کافی ہے۔ روزہ رکھنے یا عید کرنے کے لئے بھی ثبوت ہو گیا، مثلاً ایک شخص نے دوسرے پر دعویٰ کیا کہ میرا اس کے ذمہ اتنا دَین ہے اور اس کی میعاد یہ ٹھہری تھی کہ جب رمضان آجائے تو دَین ادا کر دے گا اور رمضان آگیا مگر یہ نہیں دیتا۔ مدعی علیہ (وہ شخص جس پر دعویٰ کیا جائے) نے کہا، بیشک اس کا دَین میرے ذمّہ ہے اور میعاد بھی یہی ٹھہری تھی، مگر ابھی رمضان نہیں آیا اس پر مدعی نے دو گواہ گزارے جنہوں نے چاند دیکھنے کی شہادت دی، قاضی نے حکم دے دیا کہ دَین ادا کر، تو اگرچہ مطلع صاف تھا اور دو ۲ ہی کی گواہیاں ہوئیں، مگر اب روزہ رکھنے اور عید کرنے کے حق میں بھی یہی دو گواہیاں کافی ہیں۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الصوم، مطلب: ما قاله السبكی من الاعتماد على قول... إلخ، ج۳، ص۴۱۱.)

سوال: اگر دن میں چاند دکھے تو کیا حکم ہے؟

جواب: دن میں ہلال دکھائی دیا زوال سے پہلے یا بعد، بہر حال وہ آئندہ رات کا قرار دیا جائے گا یعنی اب جو رات آئے گی اس سے مہینہ شروع ہو گا تو اگر تیسویں رمضان کے دن میں دیکھا تو یہ دن رمضان ہی کا ہے شوال کا نہیں اور روزہ پورا کرنا فرض ہے اور اگر شعبان کی تیسویں تاریخ کے دن میں دیکھا تو یہ دن شعبان کا ہے رمضان کا نہیں لہٰذا آج کا روزہ فرض نہیں۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الصوم، مطلب في اختلاف المطالع، ج۳، ص۴۱۷.)

سوال: کیا ٹیلیفون سے رویتِ ہلال ثابت ہو جائے گی؟

جواب: تار یا ٹیلیفون سے رویت ہلال نہیں ثابت ہو سکتی، نہ بازاری افواہ اور جنتریوں اور اخباروں میں چھپا ہونا کوئی ثبوت ہے۔ آج کل عموماً دیکھا جاتا ہے کہ انتیس ۲۹ رمضان کو بکثرت ایک جگہ سے دوسری جگہ تار بھیجے جاتے ہیں کہ چاند ہوا یا نہیں، اگر کہیں سے تار آ گیا بس لو عید آ گئی یہ محض ناجائز و حرام ہے۔

تار کیا چیز ہے؟ اولاً تو یہی معلوم نہیں کہ جس کا نام لکھا ہے واقعی اُسی کا بھیجا ہوا ہے اور فرض کرو اُسی کا ہو تو تمہارے پاس کیا ثبوت اور یہ بھی سہی تو تار میں اکثر غلطیاں ہوتی ہی رہتی ہیں، ہاں کا نہیں نہیں کا ہاں معمولی بات ہے اور مانا کہ بالکل صحیح پہنچا تو یہ محض ایک خبر ہے شہادت نہیں اور وہ بھی بیسوں واسطہ سے، اگر تار دینے والا انگریزی پڑھا ہوا نہیں تو کسی اور سے لکھوائے گا معلوم نہیں کہ اُس نے کیا لکھوایا اُس نے کیا لکھا، آدمی کو دیا اُس نے تار دینے والے کے حوالہ کیا، اب یہاں کے تار گھر میں پہنچا تو اُس نے تقسیم کرنے والے کو دیا اُس نے اگر کسی اور کے حوالے کر دیا تو معلوم نہیں کتنے وسائط سے اُس کو ملے اور اگر اسی کو دیا جب بھی کتنے واسطے ہیں پھر یہ دیکھیے کہ مسلمان مستور جس کا عادل و فاسق ہونا معلوم نہ ہو اُس تک کی گواہی معتبر نہیں اور یہاں جن جن ذریعوں سے تار پہنچا اُن میں سب کے سب مسلمان ہی ہوں، یہ ایک عقلی احتمال ہے جس کا وجود معلوم نہیں ہوتا اور اگر یہ مکتوب الیہ صاحب بھی انگریزی پڑھے نہ ہوں تو کسی سے پڑھوائیں گے، اگر کسی کافر نے پڑھا تو کیا اعتبار اور مسلمان نے پڑھا تو کیا اعتماد کہ صحیح پڑھا۔ غرض شمار کیجیے تو بکثرت ایسی وجہیں ہیں جو تار کے اعتبار کو کھوتی ہیں فقہا نے خط کا تو اعتبار ہی نہ کیا اگرچہ کاتب کے دستخط تحریر پہچانتا ہو اور اُس پر اُس کی مہر بھی ہو کہ الخط یشبہ الخط والخاتم یشبہ الخاتم خط خط کے مشابہ ہوتا ہے اور مُہر مُہر کے۔ تو کجا تار۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(بہار شریعت جلد۔۱۔ص۹۸۰)

جو شخص علم ہیأت جانتا ہے، اُس کا اپنے علم ہیأت کے ذریعہ سے کہہ دینا کہ آج چاند ہوا یا نہیں ہوا کوئی چیز نہیں اگرچہ وہ عادل ہو، اگرچہ کئی شخص ایسا کہتے ہوں کہ شرع میں چاند دیکھنے یا گواہی سے ثبوت کا اعتبار ہے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الثاني في رؤية الهلال، ج۱، ص۱۹۷.)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيْبِ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

بَابُ فِی بَیَانِ مَالَایُفْسِدُ الصَّوْمَ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جو روزے کو فاسد نہیں کرتے ہیں

وَهُوَ أَرْبَعَةٌ وَعِشْرُوْنَ شَيْئًا مَا لَوْ أَكَلَ أَوْ شَرِبَ أَوْ جَامَعَ نَاسِيًا وَإِنْ كَانَ لِلنَّاسِيْ قُدْرَةٌ عَلَى الصَّوْمِ يُذَكِّرُهٗ بِهٖ مَنْ رَآهُ يَأْكُلُ وَكُرِهَ عَدَمُ تَذْكِيْرِهٖ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهٗ قُوَّةٌ فَالْأَوْلٰى عَدَمُ تَذْكِيْرِهٖ أَوْ أَنْزَلَ بِنَظَرٍ أَوْ فِكْرٍ وَإِنْ أَدَامَ النَّظَرَ وَالْفِكْرَ أَوِ ادَّهَنَ أَوِ اكْتَحَلَ وَلَوْ وَجَدَ طَعْمَهٗ فِيْ حَلْقِهٖ أَوِ احْتَجَمَ أَوِ اغْتَابَ أَوْ نَوَى الْفِطْرَ وَلَمْ يُفْطِرْ أَوْ دَخَلَ حَلْقَهٗ دُخَانٌ بِلَا صُنْعِهٖ أَوْ غُبَارٌ وَلَوْ غُبَارُ الطَّاحُوْنِ أَوْ ذُبَابٌ أَوْ أَثَرُ طَعْمِ الْأَدْوِيَةِ فِيْهِ وَهُوَ ذَاكِرٌ لِصَوْمِهٖ۔

ترجمہ: یہ باب ان چیزوں کے بیان میں ہے جو روزے کو فاسد نہیں کرتی ہیں اور وہ چوبیس چیزیں ہیں۔ (۱) اگر بھولے سے کھایا۔ (۲) یا پیا۔ (۳) یا جماع کیا اور اگر بھولنے والے کو روزہ پر قدرت ہو تو اس کو یاد دلا دے وہ شخص جو اس کو کھاتے ہوئے دیکھے اور اس کو یاد نہ دلانا مکروہ ہے اور اگر اس میں روزے کی قوت نہ ہو تو اس کو یاد نہ دلانا بہتر ہے۔ (۴) انزال ہو گیا دیکھنے سے۔ (۵) یا سوچنے سے اگرچہ برابر دیکھتا یا سوچتا رہا ہو۔ (۶) یا تیل لگایا۔ (۷) یا سرمہ لگایا اگرچہ اس کا مزہ اپنے حلق میں پایا ہو۔ (۸) یا پچھنے لگوایا۔ (۹) یا غیبت کی۔ (۱۰) یا افطار کا ارادہ کیا حالانکہ افطار نہیں کیا۔ (۱۱) یا اس کے حلق میں بغیر اس کے فعل کے دھواں داخل ہو گیا۔ (۱۲) یا غبار داخل ہو گیا اگرچہ چکی کا غبار ہو۔ (۱۳) یا مکھی داخل ہو گئی۔ (۱۴) یا دواؤں کے مزہ کا اثر حلق میں داخل ہو گیا اس حال میں کہ اس کو روزہ یاد ہو۔

أَوْ أَصْبَحَ جُنُبًا وَلَوِ اسْتَمَرَّ يَوْمًا بِالْجَنَابَةِ أَوْ صَبَّ فِيْ إِحْلِيْلِهٖ مَاءً أَوْ دُهْنًا أَوْ خَاضَ نَهْرًا فَدَخَلَ الْمَاءُ أُذُنَهٗ أَوْ حَكَّ أُذُنَهٗ بِعُوْدٍ فَخَرَجَ عَلَيْهِ دَرَنٌ ثُمَّ أَدْخَلَهٗ مِرَارًا إِلٰى أُذُنِهٖ أَوْ دَخَلَ أَنْفَهٗ مُخَاطٌ فَاسْتَنْشَقَهٗ عَمَدًا وَابْتَلَعَهٗ وَيَنْبَغِيْ إِلْقَاءُ النُّخَامَةِ حَتّٰى لَا يَفْسُدَ صَوْمُهٗ عَلٰى قَوْلِ الْإِمَامِ الشَّافِعِيْ رَحِمَهُ اللّٰهُ۔

ترجمہ: (۱۵) یا جنابت کی حالت میں صبح کی اگرچہ گزار دیا ہو جنابت کے ساتھ پورا دن۔ (۱۶) یا اپنے پیشاب گاہ کے سوراخ میں پانی ٹپکایا۔ (۱۷) یا تیل ٹپکایا۔ (۱۸) یا کسی نہر میں غوطہ لگایا اور اس کے کان میں پانی داخل ہو گیا۔ (۱۹) یا اپنے کان کو لکڑی سے کھجایا

تو اس پر میل نکلا پھر اس کو بار بار اپنے کان میں داخل کیا۔ (۲۰) یا اس کی ناک میں رینٹھ آئی پس اس کو قصداً چھڑالیا یا نگل لیا اور مناسب ہے کھنکار کو باہر پھینک دینا تا کہ اس کا روزہ فاسد نہ ہو امام شافعی کے قول پر۔

أَوْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ وَعَادَ بِغَيْرِ صُنْعِهِ وَلَوْ مَلَأَ فَاهُ فِي الصَّحِيْحِ أَوِ اسْتَقَاءَ أَقَلَّ مِنْ مِلْءِ فِيْهِ عَلَى الصَّحِيْحِ وَلَوْ أَعَادَهُ فِي الصَّحِيْحِ أَوْ أَكَلَ مَا بَيْنَ أَسْنَانِهِ وَكَانَ دُوْنَ الْحِمَّصَةِ أَوْ مَضَغَ مِثْلَ سِمْسِمَةٍ مِنْ خَارِجٍ فَمِهٖ حَتّٰى تَلَاشَتْ وَلَمْ يَجِدْ لَهَا طَعْمًا فِيْ حَلْقِهٖ۔

ترجمہ: (۲۱) یا اس کو خود بخود قے ہو گئی اور اس کے فعل کے بغیر واپس ہو گئی اگرچہ منہ بھر ہو صحیح قول کے مطابق۔ (۲۲) یا منہ بھر سے کم قے کی صحیح قول پر اگرچہ اس کو واپس کر لیا ہو صحیح قول کے مطابق۔ (۲۳) یا اس چیز کو کھا لیا جو اس کے دانتوں کے درمیان تھی اس حال میں کہ وہ چنے سے کم تھی۔ (۲۴) یا چبایا تل جیسی چیز کو منہ کے باہر سے یہاں تک کہ وہ لاشیٔ ہو گئی اور اس کا مزہ اپنے حلق میں نہ پایا۔

سوال: جن چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا ان کو مفصل انداز میں بیان کریں۔

جواب: مندرجہ ذیل چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا:

بھول کر کھایا یا پیا یا جماع کیا روزہ فاسد نہ ہوا۔ خواہ وہ روزہ فرض ہو یا نفل اور روزہ کی نیّت سے پہلے یہ چیزیں پائی گئیں یا بعد میں، مگر جب یاد دلانے پر بھی یاد نہ آیا کہ روزہ دار ہے تو اب فاسد ہو جائے گا، بشرطیکہ یاد دلانے کے بعد یہ افعال واقع ہوئے ہوں مگر اس صورت میں کفارہ لازم نہیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده، ج ۳، ص ۴۱۹.)

بوسہ لیا مگر انزال نہ ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹا۔ یوہیں عورت کی طرف بلکہ اس کی شرم گاہ کی طرف نظر کی مگر ہاتھ نہ لگایا اور انزال ہو گیا، اگرچہ بار بار نظر کرنے یا جماع وغیرہ کے خیال کرنے سے انزال ہوا، اگرچہ دیر تک خیال جمانے سے ایسا ہوا ہو ان سب صورتوں میں روزہ نہیں ٹوٹا۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الصوم، ص ۱۷۸.)

بھری سنگی لگوائی یا تیل یا سُرمہ لگایا تو روزہ نہ گیا، اگرچہ تیل یا سُرمہ کا مزہ حلق میں محسوس ہوتا ہو بلکہ تھوک میں سرمہ کا رنگ بھی دکھائی دیتا ہو، جب بھی نہیں ٹوٹا۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الصوم، ص ۱۷۹.)

احتلام ہوا یا غیبت کی تو روزہ نہ گیا ("الدر المختار"، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده، ج ۳، ص ۴۲۱، ۴۲۸.) اگرچہ غیبت بہت سخت کبیرہ ہے۔ قرآن مجید میں غیبت کرنے کی نسبت فرمایا: "جیسے اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھانا۔" (پ ۲۶، الحجرات: ۱۲.) اور حدیث میں فرمایا: "غیبت زنا سے بھی سخت تر ہے۔" ("المعجم الأوسط" للطبراني، الحديث: ۶۵۹۰، ج ۵، ص ۶۳.) اگرچہ غیبت کی وجہ سے روزہ کی نورانیت جاتی رہتی ہے۔

اگر کسی شخص نے روزہ توڑنے کی نیّت کی اور نیت کے علاوہ اور کوئی چیز روزہ توڑنے والی اس سے سرزد نہیں ہوئی تو صرف نیت کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا جب تک روزہ توڑنے والا کوئی فعل اس سے واقع نہ ہو۔

مکّھی یا دُھواں یا غبار حلق میں جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ خواہ وہ غبار آٹے کا ہو جو چکّی پیسنے یا چھاننے میں اڑتا ہے یا غلّہ کا غبار ہو یا ہوا سے خاک اُڑی یا جانوروں کے کُھر یا ٹاپ سے غبار اُڑ کر حلق میں پہنچا، اگرچہ روزہ دار ہونا یاد تھا اور اگر خود قصداً دھواں پہنچایا تو فاسد ہو گیا جبکہ روزہ دار ہونا یاد ہو، خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اور کسی طرح پہنچایا ہو، یہاں تک کہ اگر کی بتی وغیرہ خوشبو سُلگتی تھی، اُس نے منہ قریب کرکے دھوئیں کو ناک سے کھینچا روزہ جاتا رہا۔ یوہیں حقّہ پینے سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اگر روزہ یاد ہو اور حقّہ پینے والا اگر پیے گا تو کفارہ بھی لازم آئے گا۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده، ج٣، ص٤٢٠.)

یا دوا کوٹی اور حلق میں اس کا مزہ محسوس ہوا تو اگرچہ اس کو روزہ یاد ہو پھر بھی اس کا روزہ فاسد نہیں ہو گا۔

جنابت کی حالت میں صبح کی بلکہ اگرچہ سارے دن جنب رہا روزہ نہ گیا ("الدرالمختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده، ج٣، ص٤٢٨.) مگر اتنی دیر تک قصداً غسل نہ کرنا کہ نماز قضا ہو جائے گناہ و حرام ہے۔ حدیث میں فرمایا: کہ جنب جس گھر میں ہوتا ہے، اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ ("سنن أبي داود"، کتاب الطهارة، باب في الجنب یؤخر الغسل، الحدیث: ٢٢٧، ج١، ص١٠٩)

یا اپنے پیشاب گاہ کے سوراخ میں پانی ٹپکایا۔ یا تیل ٹپکایا تو روزہ نہیں ٹوٹا۔ یا کسی نہر میں غوطہ لگایا اور اس کے کان میں پانی داخل ہو گیا تو روزہ نہیں ٹوٹا۔ یا اپنے کان کو لکڑی سے کھجایا تو اس پر میل نکلا پھر اس کو بار بار اپنے کان میں داخل کیا۔

یا اس کی ناک میں رینٹھ آئی پس اس کو قصداً چھڑا لیا یا نگل لیا تو روزہ نہیں ٹوٹا۔ مگر مناسب ہے کھنکار کو باہر پھینک دے کیونکہ امام شافعی کے قول پر اس کا روزہ فاسد ہو جاتا ہے، لہٰذا اختلاف کے مواقع میں سب کی رعایت کرنا مستحب ہے۔

یا اس کو خود بخود قے ہو گئی اور اس کے فعل کے بغیر واپس ہو گئی اگرچہ منہ بھر ہو تو روزہ نہیں ٹوٹا صحیح قول کے مطابق۔ یا منہ بھر سے کم قے کی صحیح قول پر اگرچہ اس کو واپس کر لیا ہو صحیح قول کے مطابق۔ یا اس چیز کو کھا لیا جو اس کے دانتوں کے درمیان تھی اس حال میں کہ وہ چنے سے کم تھی۔ یا چبایا تل جیسی چیز کو منہ کے باہر سے یہاں تک کہ وہ لاشئ ہو گئی اور اس کا مزہ اپنے حلق میں نہ پایا تو روزہ نہیں ٹوٹا۔

سوال: کسی روزے دار کو بھول کر کھاتا پیتا دیکھیں تو یاد دلانے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: کسی روزہ دار کو ان افعال میں دیکھے تو یاد دلانا واجب ہے، یاد نہ دلایا تو گنہگار ہوا، مگر جب کہ وہ روزہ دار بہت کمزور ہو کہ یاد دلائے گا تو وہ کھانا چھوڑ دے گا اور کمزوری اتنی بڑھ جائے گی کہ روزہ رکھنا دشوار ہو گا اور کھا لے گا تو روزہ بھی اچھی طرح پورا کر لے گا اور دیگر عبادتیں بھی بخوبی ادا کر لے گا تو اس صورت میں یاد نہ دلانا بہتر ہے۔

بعض مشائخ نے کہا جوان کو دیکھے تو یاد دلادے اور بوڑھے کو دیکھے تو یاد نہ دلانے میں حرج نہیں۔ مگر یہ حکم اکثر کے لحاظ سے ہے کہ جوان اکثر قوی ہوتے ہیں اور بوڑھے اکثر کمزور اور اصل حکم یہ ہے کہ جوانی اور بڑھاپے کو کوئی دخل نہیں، بلکہ قوت وضعف کا لحاظ ہے، لہٰذا اگر جوان اس قدر کمزور ہو تو یاد نہ دلانے میں حرج نہیں اور بوڑھا قوی ہو تو یاد دلادے۔

سرکار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کھانا بھجوایا

حضرتِ سیِّدُنا اِمام ابو بکر بن مُقرِی رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں: میں اور حضرتِ سیِّدُنا امام طَبرانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی اور حضرتِ سیِّدُنا ابوالشَّیخ رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ہم تینوں مدینۂ منوّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً میں حاضِر تھے، دو دِن سے کھانا نہیں مِلا تھا، بھوک سے نِڈھال ہو چکے تھے۔ جب عِشا کا وَقت آیا تو میں نے روضۂ پاک پر حاضِر ہو کر عرض کی: یَا رَسُولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! ''اَلْجُوع!'' یعنی اے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! ''**بھوک!**'' میں نے اِس کے سِوا اور کچھ زَبان سے نہ کہا اور لوٹ آیا، میں اور ابوالشَّیخ رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ سو گئے اور طَبرانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی بیٹھے کسی کے آنے کا اِنتِظار کر رہے تھے، اِتنے میں کسی نے ہمارے مکان پر دستک دی، ہم نے دروازہ کھولا تو ایک عَلَوی صاحِب اپنے دو غُلاموں کے ہمراہ تشریف لائے، دونوں کے پاس کھانے سے بھری ہوئی ایک ایک ٹوکری تھی، وہ عَلَوی بُزُرگ کہنے لگے: شاید آپ صاحِبان نے بارگاہِ رسالت میں **بھوک** کی شکایت کی ہے کیونکہ میں خواب میں **جنابِ رسالت مآب** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی زِیارت سے شرفیاب ہوا، سرورِ کائنات صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ آپ حضرات کے بارے میں فرمارہے تھے: ''**اِن کو کھانا کِھلاؤ۔**'' بَہَر حال اُنہوں نے ہمارے ساتھ مل کر کھانا کھایا اور جو کچھ بچ گیا وہ ہمیں دے دیا اور تشریف لے گئے۔ (جَذبُ القُلوب ص ۲۰۷، وفاء الوفا ج۲ ص۱۳۸۰) اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

بَابُ مَا يَفْسُدُ بِهِ الصَّوْمُ وَتَجِبُ بِهِ الْكَفَّارَةُ

یہ باب ان چیزوں کے بیان میں ہے جن سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے اور ان ذریعہ سے کفارہ واجب ہوتا ہے

وَهُوَ اِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ شَيْئًا اِذَا فَعَلَ الصَّائِمُ شَيْئًا مِنْهَا طَائِعًا مُتَعَمِّدًا غَيْرَ مُضْطَرٍّ لَزِمَهُ الْقَضَاءُ وَالْكَفَّارَةُ وَهِيَ الْجِمَاعُ فِيْ أَحَدِ السَّبِيْلَيْنِ عَلَى الْفَاعِلِ وَالْمَفْعُوْلِ بِهٖ وَالْأَكْلُ وَالشُّرْبُ سَوَاءٌ فِيْهِ مَا يُتَغَذّٰى بِهٖ أَوْ يُتَدَاوٰى بِهٖ وَابْتِلَاعُ مَطَرٍ دَخَلَ اِلٰى فَمِهٖ وَأَكْلُ اللَّحْمِ النَّيِّءِ إِلَّا اِذَا دَوَّدَ وَأَكْلُ الشَّحْمِ فِي اخْتِيَارِ الْفَقِيْهِ أَبِي اللَّيْثِ۔

یہ باب ان چیزوں کے بیان میں ہے جن سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے اور قضا کے ساتھ کفارہ بھی واجب ہوتا ہے، اور وہ ٢٢ چیزیں ہیں جب روزہ دار ان میں سے کسی کو اضطرار کے بغیر اپنی مرضی اور اپنے ارادے سے کرے گا تو اس پر قضا بھی لازم ہوگی اور کفارہ بھی۔ (١) اور وہ جماع کرنا ہے سبیلین میں سے کسی ایک میں فاعل اور مفعول بہ پر۔ (٢) اور کھانا، (٣) پینا خواہ اس میں کوئی ایسی چیز ہو جس سے غذا حاصل کی جاتی ہو یا اس سے دوا کی جاتی ہو۔ (٤) اور بارش کا نگل لینا جو اس کے منہ میں داخل ہو گئی ہو۔ (٥) کچے گوشت کا کھالینا مگر جبکہ کیڑے پڑ جائیں۔ (٦) اور چربی کا کھانا فقیہ ابو لیث کے اختیار کردہ قول کے مطابق۔

وَقَدِيْدِ اللَّحْمِ بِالْاِتِّفَاقِ وَأَكْلُ الْحِنْطَةِ وَقَضْمُهَا إِلَّا أَنْ يَمْضَغَ قَمْحَةً فَتَلَاشَتْ وَابْتِلَاعُ حَبَّةِ حِنْطَةٍ وَابْتِلَاعُ سِمْسِمَةٍ أَوْ نَحْوِهَا مِنْ خَارِجِ فَمِهٖ فِي الْمُخْتَارِ وَأَكْلُ الطِّيْنِ الْأَرْمَنِيِّ مُطْلَقًا وَالطِّيْنِ غَيْرِ الْأَرْمَنِيِّ كَالطِّفْلِ إِنِ اعْتَادَ أَكْلَهٗ وَالْمِلْحِ الْقَلِيْلِ فِي الْمُخْتَارِ وَابْتِلَاعُ بُزَاقِ زَوْجَتِهٖ أَوْ صَدِيْقِهٖ لَا غَيْرِهِمَا۔

(٧) اور سوکھے گوشت کا کھانا بالاتفاق۔ (٨) اور گیہوں کا کھانا۔ (٩) اور گیہوں کو چبالینا مگر یہ کہ چبالے ایک دانہ پس وہ لاشئ ہو جائے۔ (١٠) اور گیہوں کا ایک دانہ نگل لینا۔ (١١ تل یا تل جیسے ایک دانہ کا منہ کے باہر سے نگل لینا مختار قول کے مطابق۔ (١٢) اور گل ارمنی کا کھانا مطلقاً (١٣) اور ارمنی کے سوا اور مٹی کا کھانا جیسے طفل اگرچہ اس کے کھانے کا عادی ہو۔ (١٤) اور تھوڑا سا نمک مختار قول میں۔ (١٥) اور اپنی بیوی کے لعاب کو نگل لینا (١٦) یا اپنے دوست کے لعاب کو نگل لینا نہ کہ ان دونوں کے علاوہ کا۔

وَأَكْلُهُ عَمَدًا بَعْدَ غِيْبَةٍ أَوْ بَعْدَ حِجَامَةٍ أَوْ بَعْدَ مَسٍّ أَوْ قُبْلَةٍ بِشَهْوَةٍ أَوْ بَعْدَ مُضَاجَعَةٍ مِنْ غَيْرِ إِنْزَالٍ أَوْ بَعْدَ دَهْنِ شَارِبِهِ ظَانًّا أَنَّهُ أَفْطَرَ بِذٰلِكَ إِلَّا إِذَا أَفْتَاهُ فَقِيْهٌ أَوْ سَمِعَ الْحَدِيْثَ وَلَمْ يَعْرِفْ تَأْوِيْلَهُ عَلَى الْمَذْهَبِ وَإِنْ عَرَفَ تَأْوِيْلَهُ وَجَبَتْ عَلَيْهِ الْكَفَّارَةُ وَتَجِبُ الْكَفَّارَةُ عَلٰى مَنْ طَاوَعَتْ مُكْرَهًا۔

ترجمہ: (۱۷) اور روزہ دار کا کھانا قصداً کھالینا غیبت کے بعد (۱۸) یا پچھنہ لگوانے کے بعد (۱۹) یا شہوت سے چھونے کے بعد (۲۰) یا شہوت سے بوسہ لینے کے بعد (۲۱) یا انزال کے بغیر لیٹنے کے بعد (۲۲) یا مونچھ کو تیل لگانے کے بعد یہ خیال کر کے کہ ان چیزوں سے افطار کرنا حلال ہے (روزہ ٹوٹ جاتا ہے) مگر جبکہ اس کو کسی فقیہ نے فتویٰ دیا ہو یا اس نے حدیث سنی ہو، اور اپنے مذہب پر اس کی تاویل سے واقف نہ ہو، اور اگر اس کی تاویل سے واقف ہو تو اس پر کفارہ واجب ہو گا۔ اور کفارہ واجب ہے اس عورت پر جس نے موافقت کی ہو مجبور کیے ہوئے کی۔

سوال: کتنی چیزوں سے روزہ کی قضا کے ساتھ ساتھ کفارہ لازم آتا ہے؟

جواب: مصنف کے بیان کے مطابق ۲۲ چیز ایسی ہیں جن سے قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم آتا ہے۔

سوال: مفسد روزہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ اور کون کون سی ہیں؟

جواب: روزہ توڑنے والی چیز دو قسم کی ہیں:۔ (۱) جن سے صرف قضا لازم ہوتی ہے۔ (۲) جن سے قضا اور کفارہ دونوں لازم ہوتے ہیں۔

سوال: روزہ کی قضا کے ساتھ کفارہ کے لازم ہونے کی کیا شرائط ہیں؟

جواب: روزہ کی قضا کے ساتھ کفارہ کے لازم ہونے کی شرط مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) روزہ توڑنے والا وہ فعل عمداً کرے۔ اپنی مرضی سے ہو۔

(۲) رات ہی سے روزہ رمضان کی نیت کی ہو، اگر دن میں نیت کی اور توڑ دیا تو کفارہ لازم نہیں۔

(۳) روزہ توڑنے کے بعد کوئی ایسا امر واقع نہ ہوا ہو جو روزہ کے منافی ہو یا بغیر اختیار ایسا امر نہ پایا گیا ہو جس کی وجہ سے روزہ افطار کرنے کی رخصت ہوتی جیسے عورت کو اسی دن میں حیض یا نفاس آگیا یا روزہ توڑنے کے بعد اسی دن میں ایسا بیمار ہو گیا جس میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے تو کفارہ ساقط ہے۔

(۴) کفارہ واجب ہونے کے لئے بھر پیٹ کھانا ضروری نہیں بلکہ تھوڑا سا کھانے سے بھی واجب ہو جائے گا۔

(۵) جن صورتوں میں روزہ توڑنے پر کفّارہ لازم نہیں ان میں شرط ہے، کہ ایک ہی بار ایسا ہوا ہو اور معصیت کا قصد نہ کیا ہو، ورنہ اُن میں کفّارہ دینا ہو گا۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۴۰.)

سوال: جن صورتوں میں قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم آتا ہے ان کو مفصلاً بیان کریں۔

جواب: وہ صورتیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) رمضان میں روزہ دار مکلف مقیم نے جو ادائے روزہ رمضان کی نیت سے روزہ رکھا اور کسی آدمی کے ساتھ جو قابل شہوت ہے اس کے آگے یا پیچھے کے مقام میں جماع کیا خواہ انزال ہو یا نہ ہو، یا اس نے روزہ دار کے ساتھ جماع کیا۔ اور جس سے جماع کیا جائے اگر اس کی رضامندی سے ہوا ہو تو اس مفعول بہ پر بھی قضا کے ساتھ کفارہ لازم ہو گا۔

(۲) اگر روزہ دار نے غذا یا دوا کے طور پر کوئی چیز عمداً کھا یا پی لی تو قضا و کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔ اور غذا کی تشریح یہ ہے کہ وہ چیز ایسی ہو جس کے کھانے کی طبیعت کو رغبت ہو اور اس سے پیٹ کی خواہش پوری ہو۔ اور دوا سے مراد ایسی چیز ہے جس سے بدن کی اصلاح ہو۔

(۳) اگر بارش کے قطرے کو اپنے قصد سے نگل گیا تو قضا و کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔

(۴) اگر کسی روزہ دار نے کچا گوشت کھا لیا تو اس پر قضا و کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔ لیکن اگر اس گوشت میں کیڑے پڑ گئے ہوں تو اس کے کھانے سے کفارہ واجب نہ ہو گا کیونکہ وہ غذائیت سے خارج ہو گیا اور مضر صحت میں داخل ہو گیا لہٰذا اس سے بدن کی اصلاح نہ ہو گی۔

(۵) کچی چربی کے کھانے سے کفارہ لازم ہونے میں اختلاف ہے۔ مگر صحیح و مختار قول کے مطابق کفارہ واجب ہے۔

(۶) اور سکھائے ہوئے گوشت کے کھانے سے بالاتفاق یعنی سب کے نزدیک قضا و کفارہ لازم ہو گا، کیونکہ وہ عادتاً اسی طرح کھایا جاتا ہے۔ یعنی سوکھا گوشت کھایا جاتا ہے۔

(۷) گیہوں کو کھانے سے یا گیہوں کا دانہ چبایا اور کھا لیا تو قضا و کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔ مگر یہ کہ گیہوں کا دانہ اتنا چھوٹا ہو کہ اس کے منہ میں ہی منتشر ہو کر ختم ہو گیا اور حلق میں اس کا ذائقہ محسوس نہ ہوا تو روزہ بھی نہ ٹوٹا اور کفارہ بھی لازم نہ ہو گا۔

(۸) اگر کسی نے گیہوں کا دانہ یا تل یا تل کے برابر کھانے کی کوئی چیز باہر سے منہ میں ڈال کر بغیر چبائے نگل گیا تو روزہ گیا اور کفارہ لازم۔

(۹) اگر کسی نے کوئی ایسی مٹی کھائی جو دوا کے طور پر کھائی جاتی ہے جیسے گل ارمنی تو کفارہ لازم ہو گا۔ خواہ اس کے کھانے کی عادت ہو یا نہ ہو اس لئے کہ اس کو بطور دوا کھایا جاتا ہے۔

اور گل ارمنی کے علاوہ دوسری مٹی (جو دوا کے طور پر نہیں کھائی جاتی) کے کھانے کی عادت ہو تو اس کے کھانے سے کفارہ واجب ہے اور اگر عادت نہیں ہے تو صرف قضا لازم ہے۔

(۱۰) اگر روزہ دار نے تھوڑا نمک کھایا تو کفارہ و قضا دونوں لازم ہوں گے اور اگر زیادہ مقدار میں کھایا تو کفارہ واجب نہیں صرف قضا ہے، اور قلیل مقدار وہ ہے جس کے ایک دم کھانے کی عادت ہو۔

(۱۱) اگر کسی روزے دار نے اپنی بیوی یا اپنے کسی دوست یا معظم دینی کا تھوک نگل لیا تو قضاو کفارہ لازم ہوں گے کیونکہ ان کے تھوک سے کراہت نہیں ہوتی، بلکہ لذت حاصل کی جاتی ہے۔ لہذا یہ مصلح بدن کے حکم میں ہو گیا۔ اور ان کے علاوہ کسی اور کا تھوک نگلنے سے صرف قضا ہے کفارہ نہیں کیونکہ اس سے نفرت کی جاتی ہے۔ لہذا یہ مصلح بدن کے حکم میں نہیں ہو گا۔

(۱۲) اگر روزہ دار نے کوئی ایسا فعل کیا جس سے روزہ نہیں ٹوٹتا مگر اس نے خیال کیا کہ روزہ ٹوٹ گیا اور اسی خیال کی بنا پر قصداً کھاپی لیا تو روزے کی قضاو کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔ مثلاً: غیبت کرنے کے بعد قصداً کھاپی لینا، پچھنہ لگوانے کے بعد، عورت کو شہوت سے چھونے کے بعد، شہوت سے بوسہ لینے کے بعد، انزال کے بغیر لیٹنے کے بعد، مونچھ میں تیل لگانے کے بعد یہ خیال کیا کہ میرا روزہ جاتا رہا (حالانکہ ان صورتوں میں روزہ نہیں ٹوٹتا) اور پھر قصداً کھایاپی لیا تو قضاو کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔

(۱۳) زید پر جبر کیا گیا کہ وہ جماع کرے اور ہندہ بخوشی آمادہ ہو گئی یعنی ہندہ پر کوئی جبر نہیں تو ہندہ پر قضاو کفارہ دونوں لازم ہوں گے جبکہ زید پر صرف قضالازم ہو گا۔ ("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصوم، الباب الرابع فیما یفسد وما لا یفسد، ج۱، ص۲۰۵، وغیرہ)

اور وہ عورت جس نے مجبور کیے ہوئے کی شخص کی موافقت کی یعنی اس سے زنا کیا تو اس عورت پر قضاو کفارہ دونوں لازم ہوں گے۔

اور جبر سے مراد اکراہ شرعی ہے جس میں قتل یا عضو کاٹ ڈالنے یا ضرب شدید کی صحیح دھمکی دی جائے اور روزہ دار بھی سمجھے کہ اگر میں اس کا کہنا نہیں مانوں گا تو جو کہتا ہے کر گزرے گا۔

سوال: گل ارمنی کس مٹی کو کہتے ہیں؟

جواب: گل ارمنی ایک سیاہی مائل سرخ مٹی ہے جو بلاد ارمنی میں پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ مٹی اس بخار میں جو وبا اور طاعون کے دنوں میں لاحق ہوتا ہے بہت فائدہ کرتی ہے۔

سوال: غلط فتویٰ پر عمل کرنے اور حدیث کی غلط تاویل کرنے پر کیا حکم ہے؟

جواب: اگر روزہ دار نے کسی فقیہ عالم سے فتوی لیا اور اس نے فتوی دے دیا کہ روزہ جاتا رہا اور وہ ایسا مفتی ہو کہ اہل شہر کا اس پر اعتماد ہو، لہذا اس کے فتوی دینے پر اس روزہ دار نے قصداً کھاپی لیا تو کفارہ لازم نہیں صرف قضا کرے گا۔ اگرچہ مفتی نے غلط فتویٰ دیا۔

اسی طرح اس نے کوئی حدیث سنی مثلاً "الغیبة تفطر الصائم" "غیبت سے روزہ دار کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے" "افطر الحاجم المحجوم" "پچھنے لگانے والا اور جس کو پچھنے لگایا گیا دونوں کا روزہ جاتا رہا۔ لہذا اس نے اس حدیث پر اعماد کیا اور حدیث کا صحیح مطلب معلوم نہ کر سکا حالانکہ یہ حدیث کی بالاجماع تاویل کی گئی ہے کہ ان چیزوں کے کرنے سے اجر و ثواب جاتا رہا مگر اس نے سمجھا کہ ان سے روزہ جاتا رہا اور قصداً کھاپی لیا تو کفارہ لازم نہیں صرف قضا کرے گا۔ اور اگر روزہ دار کو حدیث کی تاویل معلوم ہے مگر پھر بھی کھاپی لیا تو کفارہ و قضا دونوں لازم ہوں گے۔

فَصۡلٌ فِيۡ الۡكَفَّارَةِ وَمَا يُسۡقِطُهَا

یہ فصل کفارے اور جو کفارے کو ساقط کر دیتے ہیں ان چیزوں کے بیان میں ہے

تَسۡقُطُ الۡكَفَّارَةُ بِطُرُوِّ حَيۡضٍ أَوۡ نِفَاسٍ أَوۡ مَرَضٍ مُبِيۡحٍ لِلۡفِطۡرِ فِيۡ يَوۡمِهٖ وَلَا تَسۡقُطُ عَمَّنۡ سُوۡفِرَ بِهٖ كُرۡهًا بَعۡدَ لُزُوۡمِهَا عَلَيۡهِ فِيۡ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ۔

کفارہ ساقط ہو جاتا ہے حیض یا نفاس یا ایسی بیماری کے طاری ہونے سے جو افطار کو مباح کر دینے والی ہو اسی دن میں۔ اور کفارہ ساقط نہیں ہو گا اس شخص سے جس کو زبر دستی سفر میں لے جایا گیا ہو اس پر کفارہ لازم ہونے کے بعد ظاہر روایت میں۔

وَالۡكَفَّارَةُ تَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ وَلَوۡ كَانَتۡ غَيۡرَ مُؤۡمِنَةٍ فَإِنۡ عَجَزَ عَنۡهُ صَامَ شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ لَيۡسَ فِيۡهِمَا يَوۡمُ عِيۡدٍ وَلَا أَيَّامُ التَّشۡرِيۡقِ فَإِنۡ لَمۡ يَسۡتَطِعِ الصَّوۡمَ أَطۡعَمَ سِتِّيۡنَ مِسۡكِيۡنًا يُغَدِّيۡهِمۡ وَيُعَشِّيۡهِمۡ غَدَاءً وَعَشَاءً مُشۡبِعَيۡنِ أَوۡ غَدَاءَيۡنِ أَوۡ عَشَاءَيۡنِ أَوۡ عَشَاءً وَسُحُوۡرًا أَوۡ يُعۡطِيۡ كُلَّ فَقِيۡرٍ نِصۡفَ صَاعٍ مِنۡ بُرٍّ أَوۡ دَقِيۡقِهٖ أَوۡ سَوِيۡقِهٖ أَوۡ صَاعَ تَمۡرٍ أَوۡ شَعِيۡرٍ أَوۡ قِيۡمَتَهٗ۔

اور کفارہ ایک غلام کو آزاد کرنا ہے اگرچہ وہ غلام مسلمان نہ ہو، پس اگر غلام آزاد کرنے سے عاجز ہو تو ایسے دو مہینے لگاتار روزے رکھے کہ ان میں عید اور ایام تشریق نہ ہو۔ اور اگر روزے کی بھی طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، دوپہر میں کھلائے اور رات میں کھلائے پیٹ بھر کر، یا دو دن دوپہر میں یا دو دن رات میں یا رات میں اور سحری میں یا ہر فقیر کو آدھا صاع گیہوں یا آٹا یا ستو یا ایک صاع کھجور یا جو یا اس کی قیمت دے دے۔

تَدَاخُلُ الۡكَفَّارَاتِ

وَكَفَتۡ كَفَّارَةٌ وَاحِدَةٌ عَنۡ جِمَاعٍ وَأَكۡلٍ مُتَعَدِّدٍ فِيۡ أَيَّامٍ لَمۡ يَتَخَلَّلۡهُ تَكۡفِيۡرٌ وَلَوۡ مِنۡ رَمَضَانَيۡنِ عَلَى الصَّحِيۡحِ فَإِنۡ تَخَلَّلَ التَّكۡفِيۡرُ لَا تَكۡفِيۡ كَفَّارَةٌ وَاحِدَةٌ فِيۡ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ۔

ترجمہ: اور کافی ہے ایک کفارہ چند بار جماع کرنے اور چند بار کھانے سے چند دنوں میں بشرطیکہ بیچ میں کفارہ ادا نہ کیا ہو اگرچہ دو رمضان سے ہوں صحیح قول کے مطابق۔ بس اگر بیچ میں کفارہ ادا کر دیا ہو تو ایک کفارہ کافی نہیں ہو گا ظاہر روایت میں۔

سوال: کفارہ کب ساقط ہو جاتا ہے؟

جواب: کفّارہ لازم ہونے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ روزہ توڑنے کے بعد کوئی ایسا امر واقع نہ ہوا ہو، جو روزہ کے منافی ہو یا بغیر اختیار ایسا امر نہ پایا گیا ہو، جس کی وجہ سے روزہ افطار کرنے کی رخصت ہوتی، مثلاً عورت کو اُسی دن میں حیض یا نفاس آگیا یا روزہ توڑنے کے بعد اُسی دن میں ایسا بیمار ہو گیا جس میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے تو کفارہ ساقط ہے اور سفر سے ساقط نہ ہو گا کہ یہ اختیاری امر ہے۔ یوہیں اگر اپنے کو زخمی کر لیا اور حالت یہ ہو گئی کہ روزہ نہیں رکھ سکتا، کفّارہ ساقط نہ ہو گا۔ ("الجوہرة النیرة"، کتاب الصوم، ص١٨١.)

باری سے بخار آتا تھا اور آج باری کا دن تھا۔ اُس نے یہ گمان کر کے کہ بخار آئے گا روزہ قصداً توڑ دیا تو اس صورت میں کفارہ ساقط ہے۔ یعنی کفارہ کی ضرورت نہیں۔ یوہیں عورت کو معیّن تاریخ پر حیض آتا تھا اور آج حیض آنے کا دن تھا، اُس نے قصداً روزہ توڑ دیا اور حیض نہ آیا تو کفارہ ساقط ہو گیا۔ یوہیں اگر یقین تھا کہ دشمن سے آج لڑنا ہے اور روزہ توڑ ڈالا اور لڑائی نہ ہوئی تو کفارہ واجب نہیں۔

("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج٣، ص٤٤٨.)

سوال: جس کو زبردستی سفر میں لے جایا گیا ہو تو کیا اس سے کفارہ ساقط ہو جائے گا؟

جواب: اگر کسی شخص نے روزہ توڑ دینے کے بعد اسی روز کسی کے مجبور کر دینے کی وجہ سے سفر کیا تو ظاہر روایت کے مطابق اس سے کفارہ ساقط نہیں ہو گا کیونکہ یہ عذر آسمانی نہیں یعنی من جانب اللہ لاحق نہ ہوا بخلاف حیض ونفاس ومرض کے کہ یہ من جانب اللہ یعنی آسمانی عذر ہیں ان میں روزہ دار کے فعل کو کوئی دخل نہیں ہے۔

سوال: روزہ کا کفارہ کیا ہے؟

جواب: (١) رمضان کے روزے کو توڑ دینے کے کفارہ میں ترتیب لازم ہے چنانچہ پہلے اس کو غلام آزاد کرنا ہی واجب ہے خواہ غلام مسلمان ہو یا کافر، مرد ہو یا عورت، ان میں سے کسی کو بھی آزاد کرنے سے کفارہ ادا ہو جائے گا۔

(٢) اور اگر غلام نہ ملے جیسے کہ ہمارے زمانے میں یا غلام آزاد کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے جن میں عید الفطر و عید الاضحیٰ اور ایام تشریق درمیان میں نہ آئیں، لہٰذا اگر روزہ رکھنے کی صورت میں درمیان ایک دن کا بھی روزہ چھوٹ گیا تو اب سے ساٹھ روزے رکھے پہلے کے روزے محسوب نہ ہوں گے اگرچہ ٥٩ رکھ چکا تھا اگرچہ بیماری وغیرہ کی وجہ وعذر سے چھوٹا ہو مگر عورت کو حیض آجائے تو حیض کی وجہ سے جتنے ناغے ہوئے یہ ناغے شمار نہیں کیے جائیں گے یعنی پہلے کے روزے اور حیض کے بعد والے دونوں مل کر ٦٠ ہو جانے سے کفارہ ادا ہو جائے گا۔

(٣) اور اگر کوئی روزہ رکھنے پر قادر نہ ہو یعنی ایسا بیمار ہے کہ اچھا ہونے کی امید نہیں رہی یا بہت بوڑھا ہے تو وہ ساٹھ مسکینوں کو دوپہر کا اور رات کا کھانا پیٹ بھر کر کھلا دے۔ اگر کوئی ٦٠ مسکینوں کو دو دن دوپہر کا کھانا پیٹ بھر کر کھلا دے یا دو دن رات کا کھانا یا رات کا اور سحری کا کھانا

کھلادے تو بھی درست ہے، بشرطیکہ دوسری دفعہ کھانے والے وہی لوگ ہوں جنہوں نے پہلی دفعہ کھایا ہے اور اگر دوسری دفعہ کھانے والے دوسرے لوگ ہوں تو کفارہ ادا نہ ہو گا۔

یا چاہے تو ہر مسکین کو صدقۂ فطر کی مقدار دے کر اس کا اس کو مالک بنادے لہذا گیہوں، آٹا، ستو فقیر کو آدھا آدھا صاع دے اور اگر جو یا کھجور دینا چاہے تو ایک صاع دے یا ان میں سے کسی کی قیمت لگا کر ساٹھ مسکینوں کو دے دے۔

سوال: اگر کسی نے کئی روزے توڑے تو سب کی جانب سے کتنے کفارے ادا کرے گا؟

جواب: اگر کسی نے ایک رمضان میں کئی روزے توڑے مثلاً کئی مرتبہ جماع کیا یا کئی مرتبہ کھانا کھالیا جس کی وجہ سے چند کفارے لازم ہو گئے۔ یا ایک رمضان میں ایک روزہ توڑا اور ابھی اس کا کفارہ ادا نہیں کیا یہاں تک کہ دوسرا رمضان آگیا اور اس رمضان میں بھی ایک روزہ توڑا پھر ایک کفارہ ادا کیا تو سب کی طرف سے کفارہ ادا ہو گیا اب مزید کفارے دینا لازم نہیں۔ لیکن اگر ایک مرتبہ جماع کر کے کفارہ ادا کر دیا اور پھر دوبارہ جماع کیا تو اب دوبارہ کفارہ دینا ہو گا پہلے والا کافی نہیں ہو گا۔ اور یہ صحیح قول ہے اور غیر صحیح قول یہ ہے کہ اگر کوئی الگ الگ رمضان کا ایک ایک روزہ توڑا اور ابھی تک کوئی کفارہ بھی ادا نہیں کیا تب بھی اس پر دو کفارے لازم ہوں گے۔

پس مصنف نے فرمایا کہ: ”دو رمضانوں میں دو روزے توڑے اور بیچ میں کفارہ ادا نہیں کیا تو دونوں کی جانب سے ایک ہی کفارہ کافی ہے“ جبکہ مفتی بہ قول وہ ہے جو بہار شریعت جلد ۱ ص ۹۹۵ مسئلہ ۲۶ پر مذکور ہے ”اگر دو رمضانوں میں دو روزے توڑے تو دو کفارے دے اگرچہ پہلے کا ابھی کفارہ نہ ادا کیا ہو۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده، مطلب في الكفارة، ج ۳، ص ۴۴۹.)

تم زیارت کو نہ آئے تو ہم آگئے

حضرتِ سیِّدُنا ابو الْحَسَن بُنانُ الْحَمّال علیہ رحمۃ اللہ الجلال فرماتے ہیں کہ ہمارے بعض دوستوں نے بتایا کہ مکّۂ مکرَّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً میں ایک بُزُرگ تھے جو ”اِبن ثابِت“ کے نام سے مشہور تھے، وہ مُتَواتِر ۶۰ سال تک ہر سال فقط شاہِ خیرُالْاَنام صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہِ اَقدس میں سلام عَرض کرنے کی نیّت سی مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً حاضِر ہوتے رہے۔ ایک سال کسی وجہ سے حاضِر نہ ہو سکے تو ایک دِن اُنہوں نے اپنے حُجرے میں بیٹھے ہوئے کچھ غُنُودگی کی حالت میں تاجدارِ رسالت صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زیارت کی، آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ارشاد فرما رہے تھے: ”**اِبنِ ثابِت! تم ہماری زِیارت کو نہ آئے تو ہم آ گئے۔**“ (اَلْحاوِی لِلْفَتاوٰی ج ۲ ص ۳۱۶)

بَابُ مَا يُفْسِدُ الصَّوْمَ مِنْ غَيْرِ كَفَّارَةٍ

یہ باب ان چیزوں کے بیان میں ہے جو روزہ کو فاسد کر دیتی ہیں بغیر کفارہ کے

وَهُوَ سَبْعَةٌ وَخَمْسُوْنَ شَيْئًا اِذَا أَكَلَ الصَّائِمُ أَرُزًّا نَيْئًا أَوْ عَجِيْنًا أَوْ دَقِيْقًا أَوْ مِلْحًا كَثِيْرًا دَفْعَةً أَوْ طِيْنًا غَيْرَ أَرْمَنِيّ لَمْ يَعْتَدْ أَكْلَهُ أَوْ نَوَاةً أَوْ قُطْنًا أَوْ كَاغِذًا أَوْ سَفَرْجَلًا وَلَمْ يُطْبَخْ أَوْ جَوْزَةً رُطَبَةً أَوِ ابْتَلَعَ حَصَاةً أَوْ حَدِيْدًا أَوْ تُرَابًا أَوْ حَجَرًا أَوِ احْتَقَنَ أَوِ اسْتَعَطَ أَوْ أُوْجِرَ بِصَبِّ شَيْءٍ فِيْ حَلْقِهِ عَلَى الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: اور وہ ستاون (۵۷) چیزیں ہیں، جب روزہ دار کچا چاول یا گوندھا ہوا آٹا یا سوکھا آٹا یا ایک ہی دفعہ بہت سا نمک کھالے۔ یا ایسی مٹی کھائی جو ارمنی کے علاوہ ہو جس کے کھانے کی اس کو عادت نہ ہو، یا گٹھلی یا روئی یا کاغذ یا سفرجل اس حال میں کہ وہ پکایا نہ گیا ہو یا تر اخروٹ کھالے یا کنکری نگل جائے یا لوہا یا مٹی یا پتھر یا حقنہ لے یا ناک میں دوا ڈالی، یا کوئی چیز اپنے حلق میں ڈال کر اندر پہنچائی جائے اصح قول کے مطابق۔

سوال کتنی چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: مصنف کے بیان کے مطابق ۵۷ چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور اس صورت میں صرف قضا لازم ہے کفارہ نہیں۔

سوال: مفسد صوم مفصل بیان کریں۔

جواب: روزہ کو توڑنے والی چیزیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) ہر وہ چیز جس کو غذا یا دوا کے قصد سے یا عادت کے طور پر نہیں کھایا جاتا اس کے کھانے میں صرف قضا لازم ہے کفارہ نہیں، جس کی مثالیں آرہی ہیں۔

(۲) پس اگر کسی نے کچا چاول یا گوندھا ہوا آٹا یا خشک آٹا یا ایک ہی دفعہ میں بہت سا نمک کھالیا تو اس پر صرف قضا لازم ہے، کیونکہ یہ چیزیں اس انداز میں نہ غذاءً اور نہ دواءً استعمال کی جاتی ہیں اور نہ ہی عادۃً کھائی جاتی ہیں۔

(۳) اسی طرح اگر کسی نے گل ارمنی کے علاوہ کوئی اور مٹی کھائی جس کے کھانے کی عادت نہیں ہے تو اس پر صرف قضا ہے۔

(۴) اسی طرح اگر کسی نے گٹھلی یا روئی یا کاغذ کھالیا تو اس پر صرف قضا ہے۔ اس لئے کہ ان کو عادت کے طور پر نہیں کھایا جاتا۔ ہاں اگر ان چیزوں میں سے کسی چیز کے کھانے کی عادت ہو تو قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم ہو گا۔

(۵) سفر جل امرود کو کہتے ہیں یہاں مراد ہر وہ پھل ہے جو کچا نہ کھایا جاتا ہو اور نہ آگ پر پکایا گیا ہو، لہذا اگر کسی نے سفر جل کھایا جو آگ پر پکایا نہ گیا تھا یا ایسا پھل کھایا جس کو کچا نہیں کھایا جاتا تو صرف قضا لازم ہے۔

(٦) روزہ دار نے تر اخروٹ کھالیا تو صرف قضا لازم ہے، یا روزے کی حالت میں کنکری یا لوہا یا مٹی کی ڈلی یا پتھر نگل جائے تو اس پر صرف قضا لازم ہے۔

(۷) پاخانے کے راستے سے دوا پہنچانے کو حقنہ کہتے ہیں لہذا اگر کسی نے حقنہ کرایا یا ناک میں کوئی دوا ڈالی اور وہ پیٹ یا دماغ تک پہنچ گئی یا نلکی وغیرہ کے ذریعہ کوئی چیز حلق میں ڈال کر اندر پہنچائی تو صرف قضا لازم ہے۔

سوال: علی الاصح کا تعلق کن مسائل سے ہے؟

جواب: علی الاصح کا تعلق او احتقن سے مابعد تک ہے کہ ان تینوں صورتوں میں اصح قول کے مطابق صرف قضا لازم ہے جبکہ دوسرا قول امام ابو یوسف کا ہے کہ تینوں صورتوں میں قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم ہوگا۔

أَوِ أَقْطَرَ فِيْ أُذُنِهٖ دُهْنًا أَوْ مَاءً فِي الْأَصَحِّ أَوْ دَاوٰى جَائِفَةً أَوْ آمَّةً بِدَوَاءٍ وَوَصَلَ إِلٰى جَوْفِهٖ أَوْ دِمَاغِهٖ أَوْ دَخَلَ حَلْقَهٗ مَطَرٌ أَوْ ثَلْجٌ فِي الْأَصَحِّ وَلَمْ يَبْتَلِعْهُ بِصُنْعِهٖ أَوْ أَفْطَرَ خَطَأً بِسَبْقِ مَاءِ الْمَضْمَضَةِ إِلٰى جَوْفِهٖ أَوْ أَفْطَرَ مُكْرَهًا وَلَوْ بِالْجِمَاعِ۔

ترجمہ: یا کان میں تیل یا پانی ٹپکایا اصح قول کے مطابق، یا پیٹ کے زخم یا دماغ کے زخم پر کوئی دوا لگائی اور وہ اس کے پیٹ یا دماغ کے اندر پہنچ گئی، یا اس کے حلق میں بارش کا قطرہ داخل ہو گیا یا برف داخل ہو گیا اصح قول کے مطابق اور اس کو اپنے فعل سے نہیں نگلا، یا غلطی سے افطار کیا کلی کا پانی پیٹ کے اندر چلے جانے کی وجہ سے، یا افطار کیا اس حال میں کہ وہ جبر کیا گیا تھا اگرچہ جماع سے ہو۔

أَوْ أُكْرِهَتْ عَلَى الْجِمَاعِ أَوْ أَفْطَرَتْ خَوْفًا عَلٰى نَفْسِهَا مِنْ أَنْ تَمْرَضَ مِنَ الْخِدْمَةِ أَمَةً كَانَتْ أَوْ مَنْكُوْحَةً أَوْ صَبَّ أَحَدٌ فِيْ جَوْفِهٖ مَاءً وَهُوَ نَائِمٌ أَوْ أَكَلَ عَمَدًا بَعْدَ أَكْلِهٖ نَاسِيًا وَلَوْ عَلِمَ الْخَبَرَ عَلَى الْأَصَحِّ أَوْ جَامَعَ نَاسِيًا ثُمَّ جَامَعَ عَامِدًا أَوْ أَكَلَ بَعْدَ مَا نَوٰى نَهَارًا وَلَمْ يُبَيِّتْ نِيَّتَهٗ أَوْ أَصْبَحَ مُسَافِرًا فَنَوَى الْإِقَامَةَ ثُمَّ أَكَلَ أَوْ سَافَرَ بَعْدَ مَا أَصْبَحَ مُقِيْمًا فَأَكَلَ۔

ترجمہ: یا عورت کو جماع پر مجبور کیا گیا، یا عورت نے افطار کر لیا اپنی جان پر خوف کرتے ہوئے اس وجہ سے کہ وہ خدمت کرنے سے بیمار ہو جائے گی خواہ وہ عورت باندی ہو یا منکوحہ، یا کسی نے اس کے پیٹ میں پانی ڈال دیا اس حال میں کہ وہ سو رہا تھا، یا قصداً

کھالیا اس کے بھول کر کھالینے کے بعد اگرچہ وہ حدیث کو جانتا ہو اصح قول پر، یا بھول کر جماع کیا پھر قصداً جماع کیا، یا دن میں نیت کرنے کے بعد کھایا اور اس نے رات سے نیت نہیں کی تھی، یا مسافر ہونے کی حالت میں صبح کی پھر اقامت کی نیت کی پھر کھالیا، یا صبح کے وقت مقیم تھا اس کے بعد سفر کیا پھر کھالیا۔

سوال: مفسد صوم بیان کریں۔

جواب: روزہ کو توڑنے والی چیزیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۸) اگر روزہ دار نے اپنے کان میں تیل ڈالا تو بالاتفاق روزہ ٹوٹ جائے گا صرف قضا لازم ہوگی۔ خواہ اپنے فعل سے ڈالا ہو یا خود بخود پڑ گیا ہو۔ (بہار شریعت جلد۔ا۔ص ۹۸۹ مسئلہ۔ ۳

(۹) کان میں پانی داخل ہونے سے روزہ کے ٹوٹنے میں اختلاف ہے، پس اگر خود بخود داخل ہو گیا تو بالاتفاق مفسد نہیں، اور اگر اپنے فعل سے داخل کیا تو بعض کے نزدیک مفسد صوم ہے اور قضا لازم ہوگی اسی قول کو مصنف نے اختیار کیا اور اصح فرمایا، اور بعض کے نزدیک مفسد صوم نہیں ہے۔

سوال: جائفہ اور آمہ کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جائفہ اس زخم کو کہتے ہیں جو خون تک پہنچتا ہو، اور آمہ اس زخم کو کہتے ہیں جو دماغ تک پہنچتا ہو۔

(۱۰) اگر کسی کے پیٹ میں ایسا زخم ہو جو پیٹ کے اندرونی حصہ تک پہنچ گیا ہو یا سر میں ایسا زخم ہو جو دماغ تک پہنچ گیا ہو اور روزہ یاد ہوتے ہوئے اس زخم میں دوائی ڈالی اور وہ دوائی یقینی طور پر زخم کے ذریعہ پیٹ یا دماغ کے اندر چلی گئی تو خواہ وہ دوا تر ہو یا خشک اس کا روزہ فاسد ہو جائے گا قضا لازم ہوگی۔

(۱۱) اگر کسی روزہ دار کے حلق میں بارش کا قطرہ یا برف کا ٹکڑا آگرا اور اندر داخل ہو گیا تو روزہ فاسد قضا لازم ہوگی بشرطیکہ اس نے اپنے فعل سے نہ کیا ہو، اور اگر اپنے فعل سے نگلا ہو تو اس پر قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم ہے۔

(۱۲) اگر کسی نے روزہ یاد ہوتے ہوئے غلطی سے افطار کرلیا مثلاً کلی کی اور بلا قصد پانی اس کے پیٹ میں چلا گیا تو اس کا روزہ فاسد ہو گیا اور قضا لازم ہوگی۔ خطا سے مراد یہ ہے کہ اس کو روزہ یاد ہو اور روزہ توڑنے کا اس کا ارادہ نہ ہو۔

(۱۳) اگر کسی شخص کو مجبور کیا گیا کہ وہ روزہ کی حالت میں کھائے، پیئے یا اپنی بیوی سے جماع کرے تو اگر اس نے ایسا کیا تو صرف قضا لازمی ہوگی، اسی طرح اگر کسی روزہ دار عورت سے زبردستی جماع کیا گیا تو اس عورت پر صرف قضا ہے اور مجبور کئے جانے سے مراد اکراہ شرعی ہے۔

(۱۴) اگر کسی عورت کو خواہ وہ باندی ہو یا منکوحہ روزہ کی حالت میں کام کرنے میں تھک کر بیمار پڑ جانے کا خوف ہو اور اس نے روزہ توڑ دیا تو صرف قضا لازم ہوگی۔

(۱۵) اگر کسی روزہ دار کو کسی نے نیند کی حالت میں پانی پلا دیا تو روزہ ٹوٹ گیا قضا لازم ہو گی۔

(۱۶) اگر کسی روزہ دار نے بھول کر کھایا پیا پھر اس کو یاد آیا کہ میں تو روزہ سے ہوں لیکن اس نے گمان کیا کہ میرے اس کھانے پینے سے روزہ جاتا رہا لہذا اس نے پھر سے کھانا شروع کر دیا تو روزہ ٹوٹ گیا قضا لازم ہے اگرچہ یہ حدیث جانتا ہو کہ ”بھول کر کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا“۔

(۱۷) اگر کسی نے بھول کر جماع کیا تھا اس کے بعد قصداً جماع کیا تو صرف قضا لازم ہے۔

(۱۸) اگر کسی نے رات یعنی طلوع فجر سے پہلے روزے کی نیت نہیں کی بلکہ نصف النہار شرعی سے پہلے کی پھر اس نے عمداً روزہ توڑ دیا تو صرف قضا لازم ہے۔

(۱۹) اگر کوئی روزہ دار صبح کے وقت مسافر تھا پھر اس نے اقامت کی نیت کر لی اور نیت اقامت کے بعد کھایا پیا تو روزہ فاسد قضا لازم ہو گی۔

(۲۰) اگر کوئی روزہ دار صبح کے وقت مقیم تھا پھر اس نے سفر شروع کیا تو اس پر اس دن کا روزہ پورا کرنا فرض ہے لیکن اگر اس نے سفر شروع کرنے کے بعد کچھ کھا پی لیا تو روزہ فاسد قضا لازم ہو گی۔

أَوْ أَمْسَكَ بِلَا نِيَّةِ صَوْمٍ وَلَا نِيَّةِ فِطْرٍ أَوْ تَسَحَّرَ أَوْ جَامَعَ شَاكًّا فِيْ طُلُوْعِ الْفَجْرِ وَهُوَ طَالِعٌ أَوْ أَفْطَرَ بِظَنِّ الْغُرُوْبِ وَالشَّمْسُ بَاقِيَةٌ أَوْ أَنْزَلَ بِوَطْءِ مَيْتَةٍ أَوْ بَهِيْمَةٍ أَوْ بِتَفْخِيْذٍ أَوْ بِتَبْطِيْنٍ أَوْ قُبْلَةٍ أَوْ لَمْسٍ أَوْ أَفْسَدَ صَوْمَ غَيْرِ أَدَاءِ رَمَضَانَ أَوْ وُطِئَتْ وَهِيَ نَائِمَةٌ أَوْ أَقْطَرَتْ فِيْ فَرْجِهَا عَلَى الْأَصَحِّ أَوْ أَدْخَلَ إِصْبَعَهٗ مَبْلُوْلَةً بِمَاءٍ أَوْ دُهْنٍ فِيْ دُبُرِهٖ أَوْ أَدْخَلَتْهُ فِيْ فَرْجِهَا الدَّاخِلِ فِي الْمُخْتَارِ أَوْ أَدْخَلَ قُطْنَةً فِيْ دُبُرِهٖ أَوْ فِيْ فَرْجِهَا الدَّاخِلِ وَغَيَّبَهَا۔

ترجمہ: یا رکا رہا بغیر روزے کی نیت کے اور افطار کی نیت کے بغیر یا سحری کی یا جماع کیا اس حال میں کہ اس کو فجر کے طلوع ہونے میں شک تھا حالانکہ فجر طلوع ہو چکی تھی۔ یا افطار کیا غروب ہونے کے گمان پر حالانکہ آفتاب باقی تھا۔ یا انزال ہو گیا مردہ یا جانور کے ساتھ وطی کرنے سے یا ران یا پیٹ سے مس کرنے سے، یا بوسہ سے یا چھونے سے۔ یا رمضان کے ادا روزے کے علاوہ کوئی روزہ فاسد کر دیا۔ یا وطی کی گئی حالانکہ وہ سو رہی تھی۔ یا عورت نے اپنی شرمگاہ میں کوئی چیز ٹپکائی اصح قول پر۔ یا داخل کیا اپنی انگلی کو جو پانی یا تیل سے تر تھی اپنے دبر میں۔ یا عورت نے تر انگلی کو داخل کیا اپنی شرمگاہ کے اندرونی حصہ میں مختار قول کے مطابق۔ یا روئی کو اپنی دبر میں داخل کیا یا اپنی شرمگاہ کے اندرونی حصے میں اور اس کو غائب کر دیا۔

سوال: **مفسدات صوم بالتفصیل بیان کریں۔**

جواب: روزہ کو توڑنے والی چیزیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۲۱) اگر کوئی شخص رمضان میں پورا دن کھانے پینے اور جماع سے رکا رہا لیکن روزے کی نیت نہیں کی اور افطار یعنی روزہ نہ ہونے کی بھی کوئی نیت نہیں کی تو اس پر اس روزے کی قضا لازم ہے۔

(۲۲) اگر کسی کو صبح صادق کے طلوع ہونے میں شک تھا اس وقت اس نے سحری کھائی یا جماع کیا پھر بعد میں معلوم ہوا کہ صبح صادق طلوع ہو چکی تھی یعنی سحری کا وقت ختم ہو چکا تھا تو اس پر قضا لازم ہے۔

(۲۳) اگر کسی نے روزہ افطار کیا اور اس کا گمان یہ تھا کہ سورج غروب ہو گیا ہے حالانکہ حقیقت میں سورج غروب نہیں ہوا تھا تو اس پر قضا لازم ہے۔

(۲۴) اگر کسی نے رمضان کا روزہ رکھ کر کسی مردہ انسان یا جانور سے وطی کی اور انزال ہو گیا تو روزہ جاتا رہا اور قضا لازم ہے۔

(۲۵) اگر کسی روزہ دار نے قبل و دبر کے علاوہ کسی اور جگہ مثلاً ران یا پیٹ میں اپنے ذکر کو ملا اور انزال ہو گیا تو روزہ جاتا رہا اور قضا لازم ہے۔

(۲۶) اگر کسی روزہ دار نے اپنی بیوی یا کسی اور کا بوسہ لیا اور انزال ہو گیا تو روزہ جاتا رہا اور قضا لازم ہے۔

(۲۷) اگر کسی روزہ دار نے کسی عورت کو بلا حائل چھو لیا اور انزال ہو گیا تو روزہ جاتا رہا اور قضا لازم ہے۔

(۲۸) اگر کسی نے رمضان کے علاوہ کوئی اور روزہ مثلاً قضائے رمضان یا کفارہ کا روزہ یا نفل روزہ رکھ کر توڑ دیا تو قضا لازم ہے۔

(۲۹) اگر سوئی ہوئی عورت (جو روزہ سے ہو) سے وطی کی گئی تو عورت پر قضا لازم ہے۔

(۳۰) اگر عورت نے اپنے پیشاب گاہ میں پانی یا تیل وغیرہ کچھ ٹپکایا تو روزہ جاتا رہا اس پر قضا لازم ہے۔

(۳۱) اگر کسی روزہ دار مرد یا عورت نے اپنی انگلی جو پانی یا تیل سے تر تھی اپنے پاخانہ کے مقام میں یا عورت نے اپنی پیشاب گاہ کے داخلی حصہ میں تر انگلی داخل کی تو پانی یا تیل کے اندر پہنچنے کی وجہ سے روزہ جاتا رہا اور قضا لازم ہے۔ یہی مختار قول ہے۔

(۳۲) اگر کسی مرد یا عورت نے اپنے پاخانہ کے مقام میں روئی داخل کی یا عورت نے اپنی پیشاب گاہ کے اندرونی حصہ میں روئی داخل کی اور روئی اندر چلی گئی تو روزہ جاتا رہا قضا لازم ہے۔

أَوْ أَدْخَلَ حَلْقَهُ دُخَانًا بِصُنْعِهِ أَوِ اسْتَقَاءَ وَلَوْ دُوْنَ مِلْءِ الْفَمِ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ وَشَرَطَ أَبُوْ يُوْسُفَ مِلْءَ الْفَمِ وَهُوَ الصَّحِيْحُ أَوْ أَعَادَ مَا ذَرَعَهُ مِنَ الْقَيْءِ وَكَانَ مِلْءَ الْفَمِ وَهُوَ ذَاكِرٌ لِصَوْمِهِ أَوْ أَكَلَ مَا بَيْنَ أَسْنَانِهِ وَكَانَ قَدْرَ الْحِمَّصَةِ۔

یا اپنے فعل سے اپنے حلق میں دھواں داخل کیا۔ یا قے کی اگرچہ منہ بھر سے کم ہو ظاہر روایت کے مطابق۔ اور امام ابو یوسف نے منہ بھر کی شرط لگائی ہے اور یہی صحیح ہے۔ یا اس قے کو واپس لوٹایا جو خود سے ہو رہی تھی اور وہ منہ بھر کر تھی اور اس کو اپنا روزہ یاد تھا۔ یا کھایا اس چیز کو جو اس کے دانتوں کے درمیان تھی اور وہ چنے کے برابر تھی۔

أَوْ نَوَى الصَّوْمَ نَهَارًا بَعْدَمَا أَكَلَ نَاسِيًا قَبْلَ إِيْجَادِ نِيَّتِهِ مِنَ النَّهَارِ أَوْ أُغْمِيَ عَلَيْهِ وَلَوْ جَمِيْعَ الشَّهْرِ إِلَّا أَنَّهُ لَا يَقْضِي الْيَوْمَ الَّذِيْ حَدَثَ فِيْهِ الْإِغْمَاءُ أَوْ حَدَثَ فِيْ لَيْلَتِهِ أَوْ جُنَّ غَيْرَ مُمْتَدٍّ جَمِيْعَ الشَّهْرِ وَلَا يَلْزَمُهُ قَضَاؤُهُ بِإِفَاقَتِهِ لَيْلًا أَوْ نَهَارًا بَعْدَ فَوَاتِ وَقْتِ النِّيَّةِ فِي الصَّحِيْحِ۔

ترجمہ: یا روزہ کی نیت دن میں کی بھول کر کھا لینے کے بعد دن میں اپنی نیت کو وجود میں لانے سے پہلے۔ یا اس پر غشی طاری ہو گئی اگرچہ پورا مہینہ رہی ہو، مگر اس دن کی قضا نہیں کرے گا جس دن میں بے ہوشی شروع ہوئی تھی، یا جس دن کی رات میں بے ہوشی شروع ہوئی تھی، یا مجنون ہو گیا حالانکہ وہ پورا مہینہ ممتد نہیں رہا (جنون پورا مہینہ نہیں رہا بلکہ مہینہ کے بعض حصہ میں افاقہ ہو گیا) اور اس کی قضا لازم نہیں ہو گی اس کو افاقہ ہو جانے سے رات میں یا دن میں نیت کے وقت کے فوت ہو جانے کے بعد صحیح قول کے مطابق۔

سوال: مفسدات صوم بالتفصیل بیان کریں۔

جواب: روزہ کو توڑنے والی چیزیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۳۳) اگر روزہ دار نے روزہ یاد ہوتے ہوئے قصداً دھواں اپنے منہ میں داخل کیا تو اس کا روزہ فاسد ہو گیا قضا لازم ہے۔

(۳۴) اگر کسی روزہ دار نے اپنے فعل سے مثلاً انگلی ڈال کر قے کی تو ظاہر روایت کے مطابق روزہ جاتا رہا اگرچہ منہ بھر کر نہ ہو اور قضا لازم ہے۔ مگر امام ابو یوسف کے نزدیک اگر وہ قے منہ بھر ہے تو روزہ فاسد ہو گا اور اگر منہ بھر کر نہ ہو تو روزہ فاسد نہ ہو گا۔

(۳۵) اگر روزہ دار کو خود بخود قے آئی اور وہ منہ بھر کر تھی اور اس نے روزہ یاد ہوتے ہوئے اس کو قصداً منہ کے اندر ہی واپس کر لیا تو روزہ جاتا رہا اور قضا لازم ہے۔

(۳۶) کسی نے سحری کی اور کھانے کی چیز اس کے دانتوں میں رہ گئی تھی اس کو دن میں کسی وقت زبان کے ذریعہ سے نکال کر منہ کے اندر سے ہی نگل گیا اور وہ چنے کے برابر یا زیادہ تھی تو روزہ جاتا رہا قضا لازم ہے۔

(۳۷) روزہ کی نیت کرنے سے پہلے دن میں بھول کر کھا لیا تو اس کا روزہ صحیح نہیں ہو گا بلکہ اس روزہ کی قضا کرے۔

(۳۸) اگر کوئی شخص رمضان کے مہینے میں بیہوش ہو جائے تو جتنے ایام بے ہوش رہا ان تمام کی قضا لازم ہو گی یہاں تک کہ اگر رمضان کا پورا مہینہ بے ہوش رہا تو پورے مہینے کی قضا لازم ہو گی۔ البتہ جس دن اس کو بے ہوشی طاری ہوئی اس دن کے روزے کی قضا لازم نہیں، اسی طرح جس دن کی رات میں بے ہوشی طاری ہوئی اس دن کے روزے کے علاوہ باقی دنوں کی قضا لازم ہے۔

سوال: جنون کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

جواب: جنون کی دو قسمیں ہیں (۱) جنون اصلی: جو جنون بالغ ہونے سے پہلے کا ہو۔ (۲) جنون عارضی: جو جنون بلوغ کے بعد طاری ہوا ہو پھر جنون ممتد یعنی پورا مہینہ رہا ہو یا غیر ممتد ہو یعنی مہینہ میں کبھی کبھی۔

(۳۹) اگر جنون اصلی ہو تو خواہ وہ ممتد ہو یا غیر ممتد قضا لازم نہیں ہو گی۔ اور اگر عارضی ہو اور ممتد ہو تو بھی قضا لازم نہیں ہو گی۔ اور اگر غیر ممتد ہو افاقہ سے پہلے گزرے ہوئے دنوں کی قضا لازم ہو گی۔

اور اگر رمضان کی پہلی تاریخ کو افاقہ تھا پھر صبح کو مجنون ہو گیا اور پورا مہینہ جنون رہا۔ یا درمیان میں کسی رات کو افاقہ ہوا، یا رمضان کے آخری دن نصف النہار شرعی کے بعد افاقہ ہوا تو ان تینوں صورتوں میں ائمہ کا اختلاف ہے بعض کے نزدیک قضا لازم اور اسی قول کو مصنف نے صحیح قرار دیا ہے۔ اور بعض کے نزدیک اگر رمضان کی کسی ایک ساعت میں بھی افاقہ ہو گیا خواہ رات میں یا نصف النہار کے بعد ہو تو اس پر گزشتہ دنوں کی قضا لازم ہو گی۔

ہم نے تمہارا عُذر قبول کرلیا ہے

حضرتِ سیِّدُنا ابو الفَضل محمد بن نُعَیم رَحمَۃُ اللهِ تَعالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں: حضرتِ سیِّدُنا محمد بن یَعلٰی کِنانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورَانِی کثرت سے نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیْہِ وَالِہٖ وَسَلَّم کی مقدّس تُربت کی زیارت کیا کرتے تھے، نیز اکثر خواب میں جنابِ رسالت مآب صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیْہِ وَالِہٖ وَسَلَّم کے دیدارِ فیض آثار سے بھی شَرفیاب ہوتے تھے۔ ایک دن دربارِ حبیب کی حاضِری کے ارادے سے نکلے لیکن پاؤں میں چوٹ لگنے کے سبب سفر مدینہ جاری نہ رکھ سکے۔ آپ رَحمَۃُ اللهِ تَعالٰی عَلَیْہِ نے ایک رُقعَہ لکھ کر کسی حاجی کو دیا اور فرمایا: ”مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعظِیماً میں مزارِ فائض الانوار کے قریب میرا یہ رُقعہ رکھ کر عرض کرنا: ”یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعالٰی عَلَیْہِ وَالِہٖ وَسَلَّمَ! کِنانی مَعَ السَّلام مُلتَجی ہے کہ آپ صَلَّی اللہُ تَعالٰی عَلَیْہِ وَالِہٖ وَسَلَّمَ جانتے ہیں کہ کِنانی کی حاضِری میں کیا چیز رُکاوٹ بنی ہے!“ اُس شخص نے ایسا ہی کیا۔ حضرتِ سیِّدُنا کِنانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورَانِی کے خواب میں جنابِ رسالت مآب صَلَّی اللہُ تَعالٰی عَلَیْہِ وَالِہٖ وَسَلَّمَ نے تشریف لا کر ارشاد فرمایا: ”اے کِنانی! تمہارا خط پہُنچ گیا ہے اور ہم نے تمہارا عُذر بھی قبول کر لیا ہے۔“ (الروض الفائق ص۳۰۶)

پاس والے یہ راز کیا جانیں
دُور سے بھی سلام ہوتا ہے

فَصۡلٌ يَجِبُ الۡإِمۡسَاكُ بِقِيَّةَ الۡيَوۡمِ

یہ فصل ان چیزوں کے بیان میں ہے جن کی وجہ سے دن کے بقیہ حصے میں (کھانے پینے اور جماع سے) رکنا واجب ہوتا ہے

يَجِبُ الۡإِمۡسَاكُ بَقِيَّةَ الۡيَوۡمِ عَلٰى مَنۡ فَسَدَ صَوۡمُهٗ وَعَلٰى حَائِضٍ وَنُفَسَاءَ طَهُرَتَا بَعۡدَ طُلُوۡعِ الۡفَجۡرِ وَعَلٰى صَبِيٍّ بَلَغَ وَكَافِرٍ أَسۡلَمَ وَعَلَيۡهِمُ الۡقَضَاءُ إِلَّا الۡأَخِيۡرَيۡنِ۔

ترجمہ: واجب ہے رکنا دن کے حصے میں اس شخص پر جس کا روزہ فاسد ہو گیا اور ایسی حائضہ اور نفساء پر جو طلوع فجر کے بعد پاک ہوئی ہو اور اس بچہ پر جو بالغ ہوا ہو اور اس کافر پر جو مسلمان ہوا ہو اور آخر دو کے سوا ان سب پر قضا واجب ہے۔

سوال: کون سے غیر روزہ دار کو دن میں کھانے پینے سے رکے رہنا واجب ہے؟

جواب: (۱) جس شخص نے اپنا روزہ توڑ دیا ہو اس کو اس دن کا باقی حصہ روزے داروں کی مشابہت کرنا اور روزہ توڑنے والی چیزوں سے رکنا واجب ہے خواہ اس نے روزہ بلا عذر توڑا ہو یا عذر سے توڑا ہو۔ یہ مسئلہ صحیح قول کے مطابق ہے اور بعض علما نے کہا کہ واجب نہیں ہے بلکہ مستحب ہے۔

(۲) اگر طلوع فجر کے بعد حیض و نفاس والی عورت پاک ہوئی (۳) یا طلوع فجر کے بعد نابالغ لڑکا بالغ ہوا (۴) یا طلوع فجر کے بعد کافر مسلمان ہوا تو ان سب پر دن کے باقی حصہ میں روزہ داروں کی مشابہت کرتے ہوئے موانع صوم سے رکے رہنا واجب ہے اور بعض علماء کے نزدیک مستحب ہے۔

سوال: "الا الأخيرين" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: مصنف اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ: روزہ توڑنے والے اور حائضہ و نفساء پر اس دن کی قضا لازم ہو گی۔ لیکن بالغ ہونے والے لڑکے اور مسلمان ہونے والے کافر پر اس دن کے روزے کی قضا کرنا لازم نہیں ہے طلوع فجر کے وقت عدم خطاب کی وجہ سے۔ کہ جب روزہ فرض ہوا اس وقت وہ روزہ کے اہل ہی نہیں تھے۔

صَلُّوۡا عَلَى الۡحَبِيۡبِ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

فَصۡلٌ فِيۡمَا يُكۡرَهُ لِلصَّائِمِ وَمَا لَا يُكۡرَهُ

فصل ان چیزوں کے بیان میں جو روزہ دار کے لئے مکروہ ہیں اور جو مکروہ نہیں ہیں

كُرِهَ لِلصَّائِمِ سَبۡعَةُ أَشۡيَاءَ ذَوۡقُ شَيۡءٍ وَمَضۡغُهٗ بِلَا عُذۡرٍ وَمَضۡغُ الۡعِلۡكِ وَالۡقُبۡلَةُ وَالۡمُبَاشَرَةُ إِنۡ لَمۡ يَأۡمَنۡ فِيۡهِمَا عَلٰى نَفۡسِهِ الۡإِنۡزَالَ أَوِ الۡجِمَاعَ فِيۡ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ وَجَمۡعُ الرِّيۡقِ فِي الۡفَمِ ثُمَّ ابۡتِلَاعُهٗ وَمَا ظَنَّ أَنَّهٗ يُضَعِّفُهٗ كَالۡفَصۡدِ وَالۡحِجَامَةِ۔

روزہ دار کے لئے سات چیزیں مکروہ ہیں۔ (۱) بلا عذر کسی چیز کو چکھنا (۲) بلا عذر کسی چیز کو چبانا (۳) اور گوند کا چبانا (۴) اور بوسہ لینا (۵) مباشرت کرنا اگر ان دونوں فعل میں اپنے نفس پر انزال یا جماع کا اطمینان نہ ہو ظاہر روایت کے مطابق۔ (۶) تھوک کا منہ میں جمع کرنا پھر اس کو نگل جانا (۷) اور ہر وہ چیز جس کے متعلق یہ گمان ہو کہ وہ اس کو کمزور کر دے گی جیسے فصد اور حجامت۔

مَا لَا يُكۡرَهُ لَهٗ

وَتِسۡعَةُ أَشۡيَاءَ لَا تُكۡرَهُ لِلصَّائِمِ اَلۡقُبۡلَةُ وَالۡمُبَاشَرَةُ مَعَ الۡأَمۡنِ وَدَهۡنُ الشَّارِبِ وَالۡكُحۡلُ وَالۡحِجَامَةُ وَالۡفَصۡدُ وَالسِّوَاكُ آخِرَ النَّهَارِ بَلۡ هُوَ سُنَّةٌ كَأَوَّلِهٖ وَلَوۡ كَانَ رَطۡبًا أَوۡ مَبۡلُوۡلًا بِالۡمَاءِ وَالۡمَضۡمَضَةُ وَالۡاِسۡتِنۡشَاقُ لِغَيۡرِ وُضُوۡءٍ وَالۡاِغۡتِسَالُ وَالتَّلَفُّفُ بِثَوۡبٍ مُبۡتَلٍّ لِلتَّبَرُّدِ عَلَى الۡمُفۡتٰى بِهٖ۔

اور نو چیزیں روزہ دار کے لئے مکروہ نہیں ہیں۔ (۱) بوسہ لینا (۲) اور مباشرت کرنا امن کے ساتھ (۳) اور مونچھوں کو تیل لگانا (۴) اور سرمہ لگانا (۵) پچھنے لگوانا (۶) اور فصد کھلوانا (۷) اور مسواک کرنا دن کے آخری حصہ میں بلکہ وہ سنت ہے جیسے کہ دن کے شروع میں اگرچہ وہ تر ہو یا پانی میں بھیگی ہو۔ (۸) اور کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا وضو کے بغیر بھی مکروہ نہیں ہے (۹) اور غسل کرنا اور بھیگے ہوئے کپڑے میں لپٹنا ٹھنڈک کے لئے مفتی بہ قول پر۔

مَا يُسۡتَحَبُّ لِلصَّائِمِ

وَيُسۡتَحَبُّ لَهٗ ثَلَاثَةُ أَشۡيَاءَ اَلسُّحُوۡرُ وَتَأۡخِيۡرُهٗ وَتَعۡجِيۡلُ الۡفِطۡرِ فِيۡ غَيۡرِ يَوۡمِ غَيۡمٍ۔

ترجمہ: اور روزہ دار کے لئے تین چیز مستحب ہیں: (۱) سحری کھانا (۲) اور سحری کا تاخیر سے کرنا (۳) اور افطار میں جلدی کرنا بدلی کے دن کے علاوہ میں۔

سوال: روزہ دار کے لئے کتنی اور کون کون سی چیزیں مکروہ ہیں؟

جواب: روزہ دار کو بلا عذر کسی چیز کا چکھنا یا چبانا مکروہ ہے۔ چکھنے کے لئے عذر یہ ہے کہ مثلاً عورت کا شوہر یا باندی اور غلام کا آقا بد مزاج ہے کہ نمک کم و بیش ہو گا تو اس کی ناراضی کا باعث ہو گا اس وجہ سے چکھنے میں حرج نہیں، چبانے کے لئے یہ عذر ہے کہ اتنا چھوٹا بچہ ہے کہ روٹی نہیں کھا سکتا اور کوئی نرم غذا نہیں جو اُسے کھلائی جائے، نہ حیض و نفاس والی یا کوئی اور بے روزہ ایسا ہے جو اُسے چبا کر دیدے، تو بچہ کے کھلانے کے لئے روٹی وغیرہ چبانا مکروہ نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسدہ، ج ۳، ص ۴۵۳.)

چکھنے کے وہ معنی نہیں جو آج کل عام محاورہ ہے یعنی کسی چیز کا مزہ دریافت کرنے کے لئے اُس میں سے تھوڑا کھالینا کہ یوں ہو تو کراہت کیسی روزہ ہی جاتا رہے گا، بلکہ کفارہ کے شرائط پائے جائیں تو کفارہ بھی لازم ہو گا۔ بلکہ چکھنے سے مراد یہ ہے کہ زبان پر رکھ کر مزہ دریافت کر لیں اور اُسے تھوک دیں اس میں سے حلق میں کچھ نہ جانے پائے۔

کوئی چیز خریدی اور اس کا چکھنا ضروری ہے کہ نہ چکھے گا تو نقصان ہو گا، تو چکھنے میں حرج نہیں ورنہ مکروہ ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسدہ، ج ۳، ص ۴۵۳.)

بلا عذر چکھنا جو مکروہ بتایا گیا یہ فرض روزہ کا حکم ہے نفل میں کراہت نہیں، جبکہ اس کی حاجت ہو۔

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد ما لا یفسدہ، ج ۳، ص ۴۵۳.)

عورت کا بوسہ لینا اور گلے لگانا اور بدن چھونا مکروہ ہے، جب کہ یہ اندیشہ ہو کہ انزال ہو جائے گا یا جماع میں مبتلا ہو گا اور ہونٹ اور زبان چوسنا روزہ میں مطلقاً (چاہے انزال و جماع کا ڈر ہو یا نہ ہو۔) مکروہ ہے۔ یوہیں مباشرت فاحشہ۔

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسدہ، مطلب: فیما یکرہ للصائم، ج ۳، ص ۴۵۴.)

منہ میں تھوک اکٹھا کر کے نگل جانا بغیر روزہ کے بھی ناپسند ہے اور روزہ میں مکروہ۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصوم، الباب الثالث فیما یکرہ للصائم و ما لا یکرہ، ج ۱، ص ۱۹۹.)

فصد کھلوانا، پچھنے لگوانا مکروہ نہیں جب کہ ضعف کا اندیشہ نہ ہو اور اندیشہ ہو تو مکروہ ہے، اُسے چاہیے کہ غروب تک مؤخر کرے۔

("الفتاوی الھندیة"، کتاب الصوم، الباب الثالث، فیما یکرہ للصائم و ما لا یکرہ، ج ۱، ص ۱۹۹۔ ۲۰۰.)

رمضان کے دنوں میں ایسا کام کرنا جائز نہیں، جس سے ایسا ضعف آجائے کہ روزہ توڑنے کا ظن غالب ہو۔ لہٰذا نانبائی کو چاہیے کہ دوپہر تک روٹی پکائے پھر باقی دن میں آرام کرے۔ (۔ "الدر المختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم و ما لا یفسدہ، ج ۳، ص ۴۶۰.)

یہی حکم معمار و مزدور اور مشقت کے کام کرنے والوں کا ہے کہ زیادہ ضعف کا اندیشہ ہو تو کام میں کمی کر دیں کہ روزے ادا کر سکیں۔

اگر روزہ رکھے گا تو کمزور ہو جائے گا، کھڑے ہو کر نماز نہ پڑھ سکے گا تو حکم ہے کہ روزہ رکھے اور بیٹھ کر نماز پڑھے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۶۱) جب کہ کھڑا ہونے سے انتاہی عاجز ہو جو باب صلاۃ المریض میں گزرا۔

روزہ دار کے لئے کلی کرنے اور ناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ کرنا مکروہ ہے۔ کلی میں مبالغہ کرنے کے یہ معنی ہیں کہ بھر منہ پانی لے اور وضوو غسل کے علاوہ ٹھنڈ پہنچانے کی غرض سے کلی کرنا یاناک میں پانی چڑھانا یا ٹھنڈ کے لئے نہانا بلکہ بدن پر بھیگا کپڑا لپیٹنا مکروہ نہیں۔ ہاں اگر پریشانی ظاہر کرنے کے لئے بھیگا کپڑا لپیٹا تو مکروہ ہے کہ عبادت میں دل تنگ ہونا اچھی بات نہیں۔

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، مطلب في حدیث التوسعة علی العیال والاکتعال یوم عاشورائ، ج۳، ص۴۵۹. وغیرہما)

سوال: روزہ دار کے لئے کتنی اور کون کون سی چیزیں مکروہ نہیں ہیں؟

جواب: گلاب یامشک وغیرہ سونگھنا داڑھی مونچھ میں تیل لگانا اور سُرمہ لگانا مکروہ نہیں، مگر جبکہ زینت کے لئے سُرمہ لگایا یا اس لئے تیل لگایا کہ داڑھی بڑھ جائے، حالانکہ ایک مُشت داڑھی ہے تو یہ دونوں باتیں بغیر روزہ کے بھی مکروہ ہیں اور روزہ میں بدرجہ اَولیٰ۔

("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۵۵.)

فصد کھلوانا، پچھنے لگوانا مکروہ نہیں جب کہ ضعف کا اندیشہ نہ ہو اور اندیشہ ہو تو مکروہ ہے، اُسے چاہیے کہ غروب تک مؤخر کرے۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصوم، الباب الثالث، فیما یکرہ للصائم وما لا یکرہ، ج۱، ص۱۹۹ - ۲۰۰.)

روزہ میں مسواک کرنا مکروہ نہیں، بلکہ جیسے اور دنوں میں سنّت ہے روزہ میں بھی مسنون ہے۔ مسواک خشک ہو یا تر اگرچہ پانی سے تَر کی ہو، زوال سے پہلے کرے یا بعد کسی وقت مکروہ نہیں۔ ("البحر الرائق"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۲، ص۴۹۱.)

اکثر لوگوں میں مشہور ہے کہ دوپہر بعد روزہ دار کے لئے مسواک کرنا مکروہ ہے، یہ ہمارے مذہب کے خلاف ہے۔

سوال: روزہ دار کے لئے کتنی اور کون کون سی چیزیں مستحب ہیں؟

جواب: سحری کھانا اور اس میں تاخیر کرنا مستحب ہے، مگر اتنی تاخیر مکروہ ہے کہ صبح ہو جانے کا شک ہو جائے۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصوم، الباب الثالث، فیمایکرہ للصائم وما لا یکرہ، ج۱، ص۲۰۰.)

افطار میں جلدی کرنا مستحب ہے، مگر افطار اس وقت کرے کہ غروب کا غالب گمان ہو، جب تک گمان غالب نہ ہو افطار نہ کرے، اگرچہ مؤذن نے اذان کہہ دی ہے اور اَبر کے دنوں میں افطار میں جلدی نہ چاہیے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم... إلخ، مطلب في حدیث التوسعة علی العیال... إلخ، ج۳، ص۴۵۹.)

ایک عادل کے قول پر افطار کر سکتا ہے، جب کہ اس کی بات سچی مانتا ہو اور اگر اس کی تصدیق نہ کرے تو اس کے قول کی بنا پر افطار نہ کرے۔ یوہیں مستور کے کہنے پر بھی افطار نہ کرے اور آج کل اکثر اسلامی مقامات میں افطار کے وقت توپ چلنے کا رواج ہے، اس پر افطار کر سکتا ہے، اگرچہ توپ چلانے والے فاسق ہوں جب کہ کسی عالم محقق توقیت دان محتاط فی الدین کے حکم پر چلتی ہو۔

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، مطلب في جواز الإفطار التحری، ج۳، ص۴۳۹)

آج کل کے عام علما بھی اس فن سے ناواقف محض ہیں اور جنتریاں جو شائع ہوتی ہیں اکثر غلط ہوتی ہیں ان پر عمل جائز نہیں۔ یوہیں سحری کے وقت اکثر جگہ نقارہ بجتا ہے، انہیں شرائط کے ساتھ اس کا بھی اعتبار ہے اگرچہ بجانے والے کیسے ہی ہوں۔

نوٹ: علمِ توقیت کو حاصل کرنے کے لئے ہماری کتاب بنام "تسلیم التوقیت" کا مطالعہ کریں، اور ہمارے you tube channel پر جاکر ملاحظہ فرمائیں جو {{SHAFEEK FATEHPURI}} کے نام سے ہے۔

سحری کے وقت مرغ کی اذان کا اعتبار نہیں کہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ صبح سے بہت پہلے اذان شروع کر دیتے ہیں، بلکہ جاڑے کے دنوں میں تو بعض مرغ دو بجے سے اذان کہنا شروع کر دیتے ہیں، حالانکہ اس وقت صبح ہونے میں بہت وقت باقی رہتا ہے۔ یوہیں بول چال سُن کر اور روشنی دیکھ کر بولنے لگتے ہیں۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده، مطلب في جواز الإفطار التحری، ج۳، ص۴۳۹)

صبح صادق کو رات کا مطلقاً چھٹا یا ساتواں حصہ سمجھنا غلط ہے، رہا یہ کہ صبح کس وقت ہوتی ہے اسے جاننے کے لئے ہماری کتاب بنام "تسلیم التوقیت" کا مطالعہ کریں۔

سرکار نے دِرھَم عطا فرمائے

حضرتِ سیِّدُنا احمد بن محمد صُوفی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ القَوِی فرماتے ہیں کہ میں تین مہینوں تک جنگلوں میں پھرتا رہا یہاں تک کہ میری سب کھال گل گئی۔ بالآخِر میں مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً حاضِر ہُوا اور میں نے غمزدوں کے دِلوں کے چَین، سرورِ کونَین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور **شَیخَین کَرِیمَین** رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی بارگاہوں میں سلام عرض کیا اور سو گیا۔ خواب میں جنابِ رسالت مآب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی زیارت سے شرفیاب ہوا، آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فرما رہے تھے: "**احمد** تُو آگیا، دیکھ تیرا کیا حال ہو گیا ہے!" میں نے عرض کی: **اَنَا جَائِعٌ وَاَنَا ضَیْفُکَ** یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! **یعنی** یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! میں بھوکا ہوں **اور آپ کا مہمان ہوں۔** سرکارِ دو جہاں، مالکِ کون و مکاں صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: "**ہاتھ کھول!**" جب میں نے اپنا ہاتھ کھولا تو اُس میں چن **د دِرہم** تھے، جب آنکھ کھلی تو وہ **دِرہم** میرے ہاتھ میں موجود تھے، میں نے بازار سے جاکر **روٹی** اور **فالودہ** خرید کر کھایا۔ (**جَذبُ القُلوب ص۲۰۷**، وفاء الوفاء ج۲ ص۱۳۸۱) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رحمت ہو اور اُن کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔

فَصُلٌ فِيُ الُعَوَارِضِ

یہ فصل عوارض کے بیان میں ہے

اس فصل میں ان اعذار کو بیان کریں گے جن کی وجہ سے روزہ نہ رکھنا یا روزہ توڑ دینا جائز ہے۔

مَتٰی یُبَاحُ الُفِطُرُ

لِمَنُ خَافَ زِیَادَةَ الُمَرَضِ أَوُ بُطُءَ الُبُرُءِ وَلِحَامِلٍ وَمُرُضِعٍ خَافَتُ نُقُصَانَ الُعَقُلِ أَوِ الُهَلَاکَ أَوِ الُمَرَضَ علٰی نَفُسِهِمَا نَسَبًا کَانَ أَوُ رَضَاعًا وَالُخَوُفُ الُمُعُتَبَرُ مَا کَانَ مُسُتَنِدًا لِغَلَبَةِ الظَّنِّ بِتَجُرِبَةٍ أَوُ إِخُبَارِ طَبِیُبٍ مُسُلِمٍ حَاذِقٍ عَدُلٍ وَلِمَنُ حَصَلَ لَهٗ عَطَشٌ شَدِیُدٌ أَوُ جُوُعٌ یُخَافُ مِنُهُ الُهَلَاكُ۔

اس شخص کے لئے (روزہ نہ رکھنا جائز ہے) جس کو بیماری کے بڑھ جانے کا یا دیر سے ٹھیک ہونے کا خوف ہو، اور حاملہ یا دودھ پلانے والی عقل کے نقصان کا یا اپنی یا بچہ کی ہلاکت یا بیماری کا خوف ہو، بچہ نسبی ہو یا رضاعی۔ اور معتبر خوف وہ ہے جو مستند ہو غلبۂ ظن کی وجہ سے جو تجربہ سے حاصل ہو یا مسلمان حاذق عادل طبیب کی خبر دینے سے حاصل ہو۔ اور اس شخص کے لئے (افطار کرنا جائز ہے) جس کو ایسی پیاس یا بھوک لگی ہو جس سے ہلاکت کا خوف ہو۔

عَارِضُ السَّفَرِ

وَلِلُمُسَافِرِ الُفِطُرُ وَصَوُمُهٗ أَحَبُّ إِنُ لَمُ یَضُرَّهٗ وَلَمُ تَکُنُ عَامَّةُ رِفُقَتِهٖ مُفُطِرِیُنَ وَلَا مُشُتَرِکِیُنَ فِي النَّفَقَةِ فَإِنُ کَانُوُا مُشُتَرِکِیُنَ أَوُ مُفُطِرِیُنَ فَالُأَفُضَلُ فِطُرُهٗ مُوَافَقَةً لِلُجَمَاعَةِ۔

ترجمہ: اور مسافر کے لئے افطار کرنا جائز ہے، (لیکن) اس کو رزہ رکھنا پسندیدہ ہے اگر روزہ اس کو نقصان نہ دے، اور نہ ہوں اس کے عام ساتھی افطار کرنے والے اور خرچہ میں شریک ہونے والے، پس اگر وہ خرچہ میں شریک ہوں یا افطار کرنے والے ہوں تو اس کا افطار کرنا افضل ہے جماعت کی موافقت کرتے ہوئے۔

سوال: کن صورتوں میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے؟

جواب: سفر و حمل اور بچہ کو دودھ پلانا اور مرض اور بڑھاپا اور خوف ہلاک و اکراہ و نقصانِ عقل اور جہاد یہ سب روزہ نہ رکھنے کے لئے عذر ہیں، ان وجوہ سے اگر کوئی روزہ نہ رکھے تو گنہگار نہیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصوم، فصل في العوارض، ج ۳، ص ۴۶۲.)

سوال: مرض کی وجہ سے روزہ چھوڑنے کی کب اجازت ہے؟

جواب: مریض کو مرض بڑھ جانے یا دیر میں اچھا ہونے یا تندرست کو بیمار ہو جانے کا گمان غالب ہو یا خادم و خادمہ کو ناقابل برداشت ضعف کا غالب گمان ہو تو ان سب کو اجازت ہے کہ اس دن روزہ نہ رکھیں۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الصوم، ص ۱۸۳.)

سوال: حمل والی اور دودھ پلانے والی کو کب روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؟

جواب: حمل والی اور دودھ پلانے والی کو اگر اپنی جان یا بچہ کا صحیح اندیشہ ہے، تو اجازت ہے کہ اس وقت روزہ نہ رکھے، خواہ دودھ پلانے والی بچہ کی ماں ہو یا دائی اگرچہ رمضان میں دودھ پلانے کی نوکری کی ہو۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصوم، فصل في العوارض، ج ۳، ص ۴۶۳.)

سوال: کون سا خوف معتبر ہے؟ نیز مریض کو غالب گمان کب ہوگا؟

جواب: وہ خوف معتبر ہے جو مستند ہو۔ اور خوف کی صورتوں میں غالب گمان کی قید ہے محض وہم ناکافی ہے۔ غالب گمان کی تین صورتیں ہیں۔

(۱) اس کی ظاہر نشانی پائی جاتی ہو یا (۲) اس شخص کا ذاتی تجربہ ہو یا (۳) کسی مسلمان طبیب حاذق مستور یعنی غیر فاسق نے اُس کی خبر دی ہو اور اگر نہ کوئی علامت ہو نہ تجربہ نہ اس قسم کے طبیب نے اُسے بتایا، بلکہ کسی کافر یا فاسق طبیب کے کہنے سے افطار کر لیا تو کفارہ لازم آئے گا۔

("ردالمحتار"، كتاب الصوم، فصل في العوارض، ج ۳، ص ۴۶۴.)

آج کل کے اکثر اطبا اگر کافر نہیں تو فاسق ضرور ہیں اور نہ سہی تو حاذق طبیب فی زمانہ نایاب سے ہو رہے ہیں، ان لوگوں کا کہنا کچھ قابلِ اعتبار نہیں نہ ان کے کہنے پر روزہ افطار کیا جائے۔ ان طبیبوں کو دیکھا جاتا ہے کہ ذرا ذرا سی بیماری میں روزہ کو منع کر دیتے ہیں، اتنی بھی تمیز نہیں رکھتے کہ کس مرض میں روزہ مُضر ہے کس میں نہیں۔

سوال: ہلاکت کے خوف سے روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے تو اس کی کیا صورت ہوگی؟

جواب: بھوک اور پیاس ایسی ہو کہ ہلاکت کا خوف صحیح یا نقصانِ عقل کا اندیشہ ہو تو روزہ نہ رکھے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب الخامس في الاعذار التى تبيح الإفطار، ج ۱، ص ۲۰۷.)

سوال: جس سفر میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے وہ کون سا سفر ہے؟

جواب: سفر سے مراد سفر شرعی ہے یعنی اتنی دُور جانے کے ارادہ سے نکلے کہ یہاں سے وہاں تک تین دن کی مسافت ہو، اگرچہ وہ سفر کسی ناجائز کام کے لئے ہو۔ ("الدر المختار"، كتاب الصوم، فصل في العوارض، ج ۳، ص ۴۶۳.)

دن میں سفر کیا تو اُس دن کا روزہ افطار کرنے کے لئے آج کا سفر عذر نہیں۔ البتہ اگر توڑے گا تو کفارہ لازم نہ آئے گا مگر گنہگار ہو گا اور اگر سفر کرنے سے پہلے توڑ دیا پھر سفر کیا تو کفارہ بھی لازم اور اگر دن میں سفر کیا اور مکان پر کوئی چیز بھول گیا تھا، اُسے لینے واپس آیا اور مکان پر آکر روزہ توڑ ڈالا تو کفارہ واجب ہے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الخامس في الاعذار التی تبیح الافطار، ج ۱، ص ۲۰۶ ـ ۲۰۷.)

مسافر نے ضحوہ کبریٰ سے پیشتر اقامت کی اور ابھی کچھ کھایا نہیں تو روزہ کی نیّت کر لینا واجب ہے۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الصوم، ص ۱۸٦.)

سوال: مسافر کے لئے کیا بہتر ہے، روزہ رکھنا یا نہ رکھنا؟

جواب: خود اس مسافر کو اور اُس کے ساتھ والے کو روزہ رکھنے میں ضرر نہ پہنچے تو روزہ رکھنا سفر میں بہتر ہے ورنہ نہ رکھنا بہتر جس کی تفصیل یہ ہے کہ:

اگر ساتھیوں کے ساتھ سفر کیا ہے اور اکثر ساتھی روزے سے ہیں اور کھانے پینے کے خرچ میں یہ شریک بھی نہ ہو تو اس کو روزہ رکھنا افضل ہے، اور اگر اکثر ساتھی روزے سے نہیں ہیں اور خرچہ وغیرہ میں یہ بھی شریک ہے تو روزہ نہ رکھنا افضل ہے کیونکہ روزہ رکھنے کی صورت میں کھانے وغیرہ کے انتظام اور خرچ کی تقسیم میں تکلیف ہو گی لہذا جماعت کی موافقت کرتے ہوئے روزہ نہ رکھنا افضل ہے۔

("الدر المختار"، كتاب الصوم، فصل في العوارض، ج ۳، ص ۴٦۵.)

اَلْإِيْصَاءُ وَالْقَضَاءُ

وَلَا يَجِبُ الْإِيْصَاءُ عَلٰى مَنْ مَاتَ قَبْلَ زَوَالِ عُذْرِهٖ بِمَرَضٍ وَسَفَرٍ وَنَحْوِهٖ كَمَا تَقَدَّمَ وَقَضَوْا مَاقَدَرُوْا عَلٰى قَضَائِهٖ بِقَدْرِ الْإِقَامَةِ وَالصِّحَّةِ وَلَا يُشْتَرَطُ التَّتَابُعُ فِي الْقَضَاءِ فَإِنْ جَاءَ رَمَضَانُ آخَرُ قُدِّمَ عَلَى الْقَضَاءِ وَلَا فِدْيَةَ بِالتَّأْخِيْرِ اِلَيْهِ۔

اور وصیت کرنا واجب نہیں ہے اس شخص پر جو مر جائے بیماری اور سفر جیسے عذر کے زائل ہو جانے سے پہلے جیسا کہ گزرا، اور قضا کریں جتنے روزوں کی قضا پر قادر ہوں اقامت اور صحت کے بقدر، اور قضا میں لگاتار روزہ رکھنے کی شرط نہیں ہے، پس اگر دوسرا رمضان آجائے تو اس کو قضا پر مقدم کر دے، اور نہیں واجب ہوتا فدیہ دوسرے رمضان تک مؤخر کر دینے سے۔

اَلْفِدْيَةُ لِلشَّيْخِ الْفَانِيْ

وَيَجُوْزُ الْفِطْرُ لِشَيْخٍ فَانٍ وَعَجُوْزٍ فَانِيَةٍ وَتَلْزَمُهُمَا الْفِدْيَةُ لِكُلِّ يَوْمٍ نِصْفُ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ كَمَنْ نَذَرَ صَوْمَ الْأَبَدِ۔

اور افطار جائز ہے شیخ فانی اور عجوز فانیہ کے لئے اور ان دونوں پر فدیہ لازم ہو گا ہر دن کے عوض آدھا صاع گیہوں، اس شخص کی طرح جس نے منت مانی ہمیشہ روزہ رکھنے کی۔

نَذْرُ صَوْمِ الْأَبَدِ

فَضَعُفَ عَنْهُ لِاشْتِغَالِهِ بِالْمَعِيْشَةِ يُفْطِرُ وَيَفْدِيْ فَإِنْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى الْفِدْيَةِ لِعُسْرَتِهِ يَسْتَغْفِرُ اللهَ سُبْحَانَهٗ وَيَسْتَقِيْلُهٗ۔

ترجمہ: پھر وہ منت پوری کرنے سے عاجز ہو گیا معاش کی مشغولی کی وجہ سے پس وہ افطار کرتا رہے اور ہر روز فدیہ دیتا رہے، اور اگر وہ فدیہ پر قادر نہ ہو اپنی تنگدستی کی وجہ سے تو اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے اور اس سے معافی مانگتا رہے۔

سوال: مذکورہ افراد اسی عذر میں مرگئے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر یہ لوگ اپنے اُسی عذر میں مر گئے، اتنا موقع نہ ملا کہ قضا رکھتے تو ان پر یہ واجب نہیں کہ فدیہ کی وصیت کر جائیں پھر بھی وصیّت کی تو تہائی مال میں جاری ہو گی اور اگر اتنا موقع ملا کہ قضا روزے رکھ لیتے، مگر نہ رکھے تو وصیّت کر جانا واجب ہے اور عمداً نہ رکھے ہوں تو بدرجہ اَولیٰ وصیّت کرنا واجب ہے اور وصیّت نہ کی، بلکہ ولی نے اپنی طرف سے دے دیا تو بھی جائز ہے مگر ولی پر دینا واجب نہ تھا۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب الخامس في الاعذار التى تبيح الإفطار، ج۱، ص۲۰۷.)

سوال: کیا ان لوگوں کے لئے قضا روزہ ترتیب وار رکھنا اور لگاتار رکھنا ضروری ہے؟

جواب: جن لوگوں نے ان عذروں کے سبب روزہ توڑا، اُن پر فرض ہے کہ ان روزوں کی قضا رکھیں اور ان قضا روزوں میں ترتیب فرض نہیں۔ لہٰذا اگر ان روزوں کے پہلے نفل روزے رکھے تو یہ نفلی روزے ہوگئے، مگر حکم یہ ہے کہ عذر جانے کے بعد دوسرے رمضان کے آنے سے پہلے قضا رکھ لیں۔ حدیث میں فرمایا: "جس پر اگلے رمضان کی قضا باقی ہے اور وہ نہ رکھے اس کے اس رمضان کے روزے قبول نہ ہوں گے۔"

("المسند" للإمام أحمد بن حنبل، مسند أبي هريرة، الحديث: ۸۶۲۹، ج۳، ص۲۶۶.)

سوال: شیخِ فانی اور عجوز فانیہ کسے کہتے ہیں؟ نیز ان کو روزہ رکھنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: شیخ فانی یعنی وہ بوڑھا جس کی عمر ایسی ہوگئی کہ اب روز بروز کمزور ہی ہوتا جائے گا، جب وہ روزہ رکھنے سے عاجز ہو یعنی نہ اب رکھ سکتا ہے نہ آئندہ اُس میں اتنی طاقت آنے کی اُمید ہے کہ روزہ رکھ سکے گا۔

اور عجوز فانیہ وہ بوڑھیا جس کی عمر ایسی ہوگئی کہ اب روز بروز کمزور ہی ہوتی جائے گی، جب وہ روزہ رکھنے سے عاجز ہو یعنی نہ اب رکھ سکتی ہے نہ آئندہ اُس میں اتنی طاقت آنے کی اُمید ہے کہ روزہ رکھ سکے گی۔

پس ان کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے اور ہر روزہ کے بدلے میں فدیہ یعنی دونوں وقت ایک مسکین کو بھر پیٹ کھانا کھلانا اس پر واجب ہے یا ہر روزہ کے بدلے میں صدقۂ فطر کی مقدار مسکین کو دیدے۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۷۱، وغیرہ.)

اگر ایسا بوڑھا گرمیوں میں بوجہ گرمی کے روزہ نہیں رکھ سکتا، مگر جاڑوں میں رکھ سکے گا تو اب افطار کرلے اور اُن کے بدلے کے جاڑوں میں رکھنا فرض ہے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۷۲.)

اگر فدیہ دینے کے بعد اتنی طاقت آگئی کہ روزہ رکھ سکے، تو فدیہ صدقۂ نفل ہو کر رہ گیا ان روزوں کی قضا رکھے۔
("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الخامس في الاعذار التي تبيح الإفطار، ج۱، ص۲۰۷.)

یہ اختیار ہے کہ شروع رمضان ہی میں پورے رمضان کا ایک دم فدیہ دے دے یا آخر میں دے اور اس میں تملیک (مالک بنادینا) شرط نہیں بلکہ اباحت بھی کافی ہے اور یہ بھی ضروری نہیں کہ جتنے فدیے ہوں اتنے ہی مساکین کو دے بلکہ ایک مسکین کو کئی دن کے فدیے دے سکتے ہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۷۲.)

سوال: روزہ کا فدیہ کیا ہے؟

جواب: ہر ایک روزہ کا فدیہ صدقۂ فطر کی مقدار کے برابر ہے اور ایک صدقۂ فطر کی مقدار نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جو یا کھجور یا ان میں سے کسی ایک کی قیمت دینا ہے۔

سوال: جس نے ہمیشہ روزہ رکھنے کی منّت مانی مگر رکھ نہ سکتا ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: کسی نے ہمیشہ روزہ رکھنے کی منّت مانی اور برابر روزے رکھے تو کوئی کام نہیں کر سکتا جس سے بسر اوقات ہو تو اُسے بقدر ضرورت افطار کی اجازت ہے اور ہر روزے کے بدلے میں فدیہ دے اور اس کی بھی قوت نہ ہو تو استغفار کرے۔
("ردالمحتار"، کتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۷۲.)

سوال: جو شخص فدیہ دینے پر قادر نہ ہو تو کیا کرے؟

جواب: جس شخص پر روزے کے فدیہ واجب ہیں اور وہ تنگدستی کی وجہ سے اس کو ادا کرنے پر قادر نہیں ہے تو اللہ عزوجل سے استغفار کرے اور اللہ عزوجل کے حق کی آدائیگی میں قصور واقع ہونے کی معافی مانگتا رہے۔

اَلْعَجزُ عَنِ الْکَفَّارَةِ

وَلَوْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ أَوْ قَتْلٍ فَلَمْ يَجِدْ مَا يُكَفِّرُ بِهِ مِنْ عِتْقٍ وَهُوَ شَيْخٌ فَانٍ أَوْ لَمْ يَصُمْ حَتّٰى صَارَ فَانِيًا لَا يَجُوْزُ لَهُ الْفِدْيَةُ لِأَنَّ الصَّوْمَ هُنَا بَدَلٌ عَنْ غَيْرِهٖ ۔

اور اگر اس پر قسم یا قتل کا کفارہ واجب ہوا پھر اس نے وہ چیز نہ پائی جس سے کفارہ ادا کرے یعنی غلام اس حال میں کہ وہ شیخ فانی ہے یا اس نے روزہ نہیں رکھا یہاں تک کہ وہ فانی ہو گیا تو اب اس کے لئے فدیہ دینا جائز نہیں ہے اس لئے کہ روزہ یہاں اپنے غیر کا بدل ہے۔

صَوْمُ التَّطَوُّعِ

وَيَجُوْزُ لِلْمُتَطَوِّعِ الْفِطْرُ بِلَا عُذْرٍ فِيْ رِوَايَةٍ وَالضِّيَافَةُ عُذْرٌ عَلَى الْأَظْهَرِ لِلضَّيْفِ وَالْمُضِيْفِ وَلَهُ الْبِشَارَةُ بِهٰذِهِ الْفَائِدَةِ الْجَلِيْلَةِ ۔

اور نفل روزہ رکھنے والے کے لئے ایک روایت میں بغیر عذر کے بھی افطار کرنا جائز ہے اور ضیافت عذر ہے ظاہر روایت کے مطابق مہمان اور میزبان کے لئے اور اس کے لئے خوشخبری ہے اس بڑے فائدہ کی وجہ سے۔

مَتٰى يَلْزَمُ الْمُتَطَوِّعُ الْقَضَاءَ

وَإِذَا أَفْطَرَ عَلٰى أَيِّ حَالٍ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ إِلَّا إِذَا شَرَعَ مُتَطَوِّعًا فِيْ خَمْسَةِ أَيَّامٍ يَوْمَيِ الْعِيْدَيْنِ وَأَيَّامِ التَّشْرِيْقِ فَلَا يَلْزَمُهٗ قَضَاءُهَا بِإِفْسَادِهَا فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ۔ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ۔

ترجمہ: اور جب افطار کرے کسی بھی حالت پر تو اس پر قضا لازم ہو گی مگر جبکہ شروع کرے نفل روزہ پانچ دنوں میں، عید کے دو دن اور ایامِ تشریق کے تین دن پس ان روزوں کو توڑ ڈالنے سے ان کی قضا اس پر لازم نہیں ہے ظاہر روایت کے مطابق واللہ اعلم۔

سوال: قسم یا قتل کا کفارہ واجب ہوا پھر شیخ فانی ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: قسم (قسم کے کفارے میں تین روزے ہیں) یا قتل (قتل خطا کے کفارے میں دو ماہ کے روزے ہیں) کے کفارہ کا اس پر روزہ ہے اور بڑھاپے کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا تو اس روزہ کا فدیہ نہیں اور روزہ توڑنے یا ظہار (ظہار کے کفارے میں دو ماہ کے روزے ہیں) کا کفارہ اس پر ہے، تو اگر روزہ نہ رکھ سکے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاوے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الخامس في الاعذار التى تبيح الإفطار، ج١، ص٢٠٧.)

کیونکہ قسم اور قتل کے کفارے کے روزے دوسری چیز یعنی غلام آزاد نہ کرنے کا بدل ہے، پس اس بدل کی جگہ میں فدیہ دینا جائز نہیں ہے کہ بدل کا بدل نہیں ہوتا، اب اس کے پاس توبہ و استغفار کے سوا کوئی راہ نہیں لہذا اللہ عزوجل سے بخشش کی دعا کرتا رہے۔ جبکہ ظہار کے روزے غلام آزاد کرنے کا بدل نہیں ہیں۔

سوال: کیا دعوت کی وجہ سے نفل روزہ توڑ سکتے ہیں؟

جواب: نفل روزہ بلاعذر توڑ دینا ناجائز ہے، مہمان کے ساتھ اگر میزبان نہ کھائے گا تو اسے ناگوار ہو گا یا مہمان اگر کھانا نہ کھائے تو میزبان کو اذیت ہوگی تو نفل روزہ توڑ دینے کے لئے یہ عذر ہے، بشرطیکہ یہ بھروسہ ہو کہ اس کی قضار کھ لے گا اور بشرطیکہ ضحوہ کبریٰ سے پہلے توڑے بعد کو نہیں۔ زوال کے بعد ماں باپ کی ناراضی کے سبب توڑ سکتا ہے اور اس میں بھی عصر کے قبل تک توڑ سکتا ہے بعد عصر نہیں۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب الخامس في الاعذار التي تبيح الإفطار، ج۱، ص۲۰۸.)

اُس کی کسی بھائی نے دعوت کی تو ضحوہ کبریٰ کے قبل روزہ نفل توڑ دینے کی اجازت ہے۔

("الدرالمختار"، كتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۷۷.)

سوال: کس نفل روزے کو توڑنے پر قضا ہے اور کس پر نہیں؟

جواب: نفل روزہ شروع کرنے کے بعد درمیان میں توڑنے سے قضا لازم ہے خواہ عذر سے توڑا یا بلاعذر، اور اگر پانچ ممنوعہ دنوں میں روزہ رکھا اور درمیان میں توڑ دیا تو اس پر قضا لازم نہیں ہے بلکہ توڑ دینا واجب ہے ان ایام میں روزہ رکھنا منع ہے اور وہ پانچ ممنوعہ ایام یہ ہیں (۱) عید الفطر کی پہلی تاریخ (۲) عید الاضحیٰ یعنی دسویں ذی الحجہ (۳) ایام تشریق کے تین دن یعنی ذی الحجہ کی ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳۔ تاریخ۔

سرکار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے روٹی عطا فرمائی

حضرتِ سیِّدُنا اِبنُ الْجلاء رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں کہ میں مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً میں حاضِر ہُوا اور مجھ پر دو ایک فاقے گزرے۔ سرکارِ نامدار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مزارِ پُر اَنوار پر حاضِر ہو کر عرض گزار ہوا: اَنَا ضَیْفُکَ یا رسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! یعنی "یا رسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! میں آپ کا مہمان ہوں۔" پھر مجھ پر نیند کا غَلَبہ ہُوا۔ والیِ دو جہان، رَحمتِ عالمیان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے خواب میں تشریف لا کر مجھے **ایک روٹی** عنایت فرمائی، میں خواب ہی میں کھانے لگا، ابھی آدھی کھائی تھی کہ آنکھ کُھل گئی، مزید آدھی ابھی میرے ہاتھ میں باقی تھی۔ (جَذبُ القُلوب ص ۲۰۷، وفاء الوفا ج۲ص۱۳۸۰) اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور اُن کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

بَابُ مَا يَلْزَمُ الْوَفَاءُ بِهِ

یہ باب ان چیزوں کے بیان میں ہے جن کا پورا کرنا لازم ہے یعنی نذر کے روزے اور نذر کی نماز اور ان کے مانند

مَتٰی يَلْزَمُ الْوَفَاءُ بِالنَّذْرِ

اِذَا نَذَرَ شَيْئًا لَزِمَهُ الْوَفَاءُ بِهِ اِذَا اِجْتَمَعَ فِيْهِ ثَلَاثَةُ شُرُوْطٍ أَنْ يَكُوْنَ مِنْ جِنْسِهِ وَاجِبٌ وَأَنْ يَكُوْنَ مَقْصُوْدًا وَأَنْ يَكُوْنَ لَيْسَ وَاجِبًا فَلَا يَلْزَمُ الْوُضُوْءُ بِنَذْرِهِ وَلَا سَجْدَةُ التِّلَاوَةِ وَلَا عِيَادَةُ الْمَرِيْضِ وَلَا الْوَاجِبَاتُ بِنَذْرِهَا ۔

جب منت مانے کسی چیز کی تو اس پر اس کا پورا کرنا لازم ہے جبکہ اس میں تین شرطیں جمع ہوں۔ (۱) اس کی جنس سے کوئی واجب ہو۔ (۲) اور وہ بذات خود مقصود ہو (۳) اور (منت کے بغیر یہ خود) واجب نہ ہو، پس وضو کی منت سے وضو لازم نہ ہو گا اور نہ ہی سجدۂ تلاوت اور نہ مریض کی عیادت اور نہ واجبات ان کی منت سے۔

وَيَصِحُّ بِالْعِتْقِ وَالْاِعْتِكَافِ وَالصَّلَاةِ غَيْرِ الْمَفْرُوْضَةِ وَالصَّوْمِ فَإِنْ نَذَرَ نَذْرًا مُطْلَقًا أَوْ مُعَلَّقًا بِشَرْطٍ وَوُجِدَ لَزِمَهُ الْوَفَاءُ بِهِ وَصَحَّ نَذْرُ صَوْمِ الْعِيْدَيْنِ وَأَيَّامِ التَّشْرِيْقِ فِي الْمُخْتَارِ وَيَجِبُ فِطْرُهَا وَقَضَاءُهَا وَإِنْ صَامَهَا أَجْزَأَهُ مَعَ الْحُرْمَةِ ۔

اور صحیح ہے نذر غلام آزاد کرنے کی اور اعتکاف کی اور ایسی نماز کی جو فرض نہیں ہے اور روزوں کی، پس اگر مطلق منت مانی یا کسی شرط کے ساتھ معلق منت مانی اور وہ شرط پائی گئی تو اس کا پورا کرنا لازم ہو گا۔ اور صحیح ہے عیدین اور ایام تشریق میں روزوں کی منت ماننا مختار قول کے مطابق۔ اور واجب ہے ان روزوں کا توڑنا اور ان کی قضا کرنا اور اگر ان دونوں میں روزے رکھ ہی لئے تو اس کو حرمت کے ساتھ کافی ہوں گے۔

وَأَلْغَيْنَا تَعْيِيْنَ الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ وَالدِّرْهَمِ وَالْفَقِيْرِ فَيُجْزِئُهُ صَوْمُ رَجَبٍ عَنْ نَذْرِهِ صَوْمَ شَعْبَانَ وَتُجْزِئُهُ صَلَاةُ رَكْعَتَيْنِ بِمِصْرٍ نَذَرَ أَدَاءَهُمَا بِمَكَّةَ وَالتَّصَدُّقُ بِدِرْهَمٍ عَنْ دِرْهَمٍ عَيَّنَهُ لَهُ وَالصَّرْفُ لِزَيْدٍ الْفَقِيْرِ بِنَذْرِهِ لِعَمْرٍو ۔

اور ہم نے لغو قرار دیا ہے وقت جگہ، درہم اور فقیر کی تعیین کو، پس رجب کا روزہ کافی ہوگا شعبان کے روزے کی منت ماننے سے، اور مصر میں دو رکعت کافی ہوگی ان کو مکہ میں ادا کرنے کی منت ماننے سے، اور جس درہم کو صدقہ کے لئے متعین کیا تھا اس کے بجائے دوسرے درہم کا صدقہ کرنا کافی ہوگا، اور زید فقیر پر خرچ کرنا کافی ہوگا عمر فقیر کی منت ماننے سے۔

اَلْوَفَاءُ قَبْلَ الشَّرْطِ

وَإِنْ عَلَّقَ النَّذْرَ بِشَرْطٍ لَا يُجْزِئُهُ عَنْهُ مَا فَعَلَهُ قَبْلَ وُجُوْدِ شَرْطِهٖ۔

ترجمہ: اور اگر نذر کو کسی شرط کے ساتھ معلق کیا تو شرط پائے جانے سے پہلے جو کرے گا وہ نذر کی طرف سے کافی نہیں ہوگا۔

سوال: شرعی منت جس کے ماننے سے شرعاً اس کا پورا کرنا واجب ہوتا ہے اس کے لئے کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: شرعی منّت جس کے ماننے سے شرعاً اس کا پورا کرنا واجب ہوتا ہے، اس کے لئے مطلقاً چند شرطیں ہیں۔

(۱) ایسی چیز کی منّت ہو کہ اس کی جنس سے کوئی واجب ہو، عیادتِ مریض اور مسجد میں جانے اور جنازہ کے ساتھ جانے کی منت نہیں ہو سکتی۔

(۲) وہ عبادت خود بالذات مقصود ہو کسی دوسری عبادت کے لئے وسیلہ نہ ہو، لہٰذا وضو و غسل و نظر مصحف کی منّت صحیح نہیں۔

(۳) اس چیز کی منّت نہ ہو جو شرع نے خود اس پر واجب کی ہو، خواہ فی الحال یا آئندہ مثلاً آج کی ظہر یا کسی فرض نماز کی منّت صحیح نہیں کہ یہ چیزیں تو خود ہی واجب ہیں۔

(۴) جس چیز کی منّت مانی وہ خود بذاتہٖ کوئی گناہ کی بات نہ ہو اور اگر کسی اور وجہ سے گناہ ہو تو منّت صحیح ہو جائے گی، مثلاً عید کے دن روزہ رکھنا منع ہے، اگر اس کی منّت مانی تو منّت ہو جائے گی اگرچہ حکم یہ ہے کہ اُس دن نہ رکھے، بلکہ کسی دوسرے دن رکھے کہ یہ ممانعت عارضی ہے یعنی عید کے دن ہونے کیوجہ سے، خود روزہ ایک جائز چیز ہے۔

(۵) ایسی چیز کی منت نہ ہو جس کا ہونا محال ہو، مثلاً یہ منت مانی کہ کل گزشتہ میں روزہ رکھوں گا یہ منت صحیح نہیں۔

("الفتاوی الهندیة"، کتاب الصوم، الباب السادس في النذر، ج۱، ص۲۰۸)

منت صحیح ہونے کے لئے کچھ یہ ضروری نہیں کہ دل میں اس کا ارادہ بھی ہو، اگر کہنا کچھ چاہتا تھا زبان سے منت کے الفاظ جاری ہو گئے منت صحیح ہو گئی یا کہنا یہ چاہتا تھا کہ اللہ (عزوجل) کے لئے مجھ پر ایک دن کا روزہ رکھنا ہے اور زبان سے ایک مہینہ نکلا مہینے بھر کا روزہ واجب ہو گیا۔

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، مطلب في الکلام علی النذر، ج۳، ص۴۸۲.)

سوال: کیا غلام کو آزاد کرنے، اعتکاف کرنے اور نماز پڑھنے کی منت مان سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں! ان چیزوں کی منت مان سکتے ہیں جائز ہے۔

سوال: منت کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

جواب: منت کی دو قسمیں ہیں:

ایک معلّق کہ میرا فلاں کام ہو جائے گا یا فلاں شخص سفر سے آجائے تو مجھ پر اللہ عزوجل کے لئے اتنے روزے یا نماز یا صدقہ وغیرہا ہے۔

دوسری غیر معلّق جو کسی چیز کے ہونے، نہ ہونے پر موقوف نہیں بلکہ یہ کہ اللہ عزوجل کے لئے میں اپنے اوپر اتنے روزے یا نماز یا صدقہ وغیرہا واجب کرتا ہوں۔

غیر معلّق میں اگرچہ وقت یا جگہ وغیرہ معیّن کرے، مگر منت پوری کرنے کے لئے یہ ضروری نہیں کہ اس سے پیشتر یا اس کے غیر میں نہ ہو سکے، بلکہ اگر اس وقت سے پیشتر روزے رکھ لئے یا نماز پڑھ لی وغیرہ وغیرہ تو منت پوری ہو گئی۔

("ردالمحتار"، كتاب الصوم، مطلب في صوم الست من شوال، ج۳، ص۴۸۷.)

سوال: عیدین اور ایام تشریق میں روزوں کی منت ماننا کیسا؟ اور ان کو ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ایّام منہیّہ یعنی عید وبقر عید اور ذی الحجہ کی گیارھویں بارھویں تیرھویں کے روزے رکھنے کی منت مانی اور انھیں دِنوں میں رکھ بھی لئے تو اگرچہ یہ گناہ ہوا مگر منت ادا ہو گئی۔ ("الدرالمختار" كتاب الصوم، فصل في العوارض، ج۳، ص۴۸۱ - ۴۸۳)

اس سال کے روزے کی منت مانی تو ایّام منہیّہ چھوڑ کر باقی دنوں میں روزے رکھے اور ان دنوں کے بدلے کے اور دنوں میں رکھے اور اگر ایّام منہیہ میں بھی رکھ لئے تو منت پوری ہو گئی مگر گنہگار ہوا۔ یہ حکم اُس وقت ہے کہ ایّام منہیّہ سے پہلے منت مانی اور اگر ایّام منہیّہ گزرنے کے بعد مثلاً ذی الحجہ کی چودھویں شب میں اس سال کے روزے کی منت مانی تو ختم ذی الحجہ تک روزہ رکھنے سے منت پوری ہو گئی کہ یہ سال ختم ذی الحجہ پر ختم ہو جاتا ہے اور رمضان سے پہلے اس سنہ کے روزے کی منت مانی تھی تو رمضان کے بدلے کے روزے اس کے ذمّہ نہیں۔

اور اگر منّت میں پے درپے روزہ کی شرط یا نیّت کی جب بھی جن دنوں میں روزہ کی ممانعت ہے، اُن میں روزہ نہ رکھے۔ مگر بعد میں پے در پے ان دنوں کی قضا رکھے اور اگر ایک دن بھی بے روزہ رہا تو اس دن کے پہلے جتنے روزے رکھے تھے، ان سب کا اعادہ کرے اور اگر ایک سال کے روزے کی منّت کی تو سال بھر روزہ رکھنے کے بعد پینتیس ۳۵ یا چونتیس ۳۴ دن کے اور رکھے یعنی ماہِ رمضان اور پانچ دن ایّام ممنوعہ کے بدلے کے، اگرچہ ان دنوں میں بھی اُس نے روزے رکھے ہوں کہ اس صورت میں یہ ناکافی ہیں۔ البتہ اگر یوں کہا کہ ایک سال کے روزے پے درپے رکھوں گا تو اب ان پینتیس ۳۵ دنوں کے روزوں کی ضرورت نہیں، مگر اس صورت میں اگر پے درپے نہ ہوں گے تو سرے سے پھر رکھنے ہوں گے، مگر ایّام ممنوعہ میں نہ رکھے بلکہ سال پورا ہونے پر پانچ دن علی الاتصال رکھ لے۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الصوم، مطلب في الكلام على النذر، ج۳، ص۴۸۲ - ۴۸۴.)

سوال: منت میں وقت، جگہ، درہم اور فقیر کی تعیین کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کوئی شخص منت کو خواہ وہ مطلق ہو یا معلق کسی وقت، جگہ، درہم یا فقیر کے ساتھ معین کر دے تب بھی وہ معین نہ ہو گی اور اس کا قول لغو ہو گا۔ مثلاً کسی نے شعبان کے روزوں کی منت مانی مگر اس نے رجب میں ہی رکھ لئے تو جائز ہے کیونکہ منت میں وقت کی تعیین لغو ہے۔

کسی نے مکہ میں دو رکعت نماز پڑھنے کی منت مانی تھی اور اب مکہ کے بجائے کسی شہر میں ادا کی کافی ہے کہ منت میں جگہ کی تعیین لغو ہے۔

کسی نے کوئی درہم صدقہ کے لئے متعین کر دیا کہ یہ صدقہ کروں گا۔ اب اس کے بجائے دوسرا درہم صدقہ کر دیا تو کافی ہے کہ درہم کی تعیین لغو ہے۔

کسی نے عمرو نامی فقیر کو صدقہ دینے کی منت مانی تھی مگر زید نامی فقیر کو دے دیا تو کافی ہے کہ فقیر کی تعیین لغو ہے۔

سوال: نذرِ معلق میں شرط پائے جانے سے پہلے منت پوری کر دی تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر نذر کو کسی شرط کے ساتھ معلق کیا تو شرط پائے جانے سے پہلے جو کرے گا وہ نذر کی طرف سے کافی نہیں ہو گا۔ بلکہ شرط پائے جانے کے بعد ادا کرنا لازم ہو گا۔ اور جو پہلے ادا کیا وہ نفل ہو گیا۔

اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ نے مِنٰی میں دعائے مغفِرت کروائی

اِسی طرح کسی بُزُرگ سے حُسنِ عقیدت اور بارگاہِ الٰہی میں ان کی مقبولیت ہونے کا حسنِ ظن قائم ہو تو اُن سے فقط دُنیوی حاجت پوری ہونے کی دُعا کی درخواست کرنے کے بجائے بے حساب مغفِرت کی دعا کا بھی کہنا چاہیئے۔ میرے آقا اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کا بُزُرگوں سے صِرف دعائے مغفِرت کروانے کا معمول تھا۔ چُنانچِہ فرماتے ہیں: (پہلی بار حاضریِ مدینہ کے موقع پر جب مِنٰی شریف کی مسجِد میں سے سب لوگ چلے گئے) تو مسجِد کے اندرونی حصّے میں ایک صاحِب کو دیکھا کہ قبلہ رُو وظیفہ میں مصروف ہیں، میں صحنِ مسجِد میں دروازے کے پاس تھا اور کوئی تیسرا مسجِد میں نہ تھا۔ یکایک ایک آواز گُنگُناہَٹ کی سی اندر مسجِد کے معلوم ہوئی جیسے شہد کی مکّھی بولتی ہے۔ فوراً میرے قلب میں یہ حدیث آئی: ''اَھلُ اللہ کے قلب سے ایسی آواز نکلتی ہے جیسے شہد کی مکّھی بولتی ہے۔'' (المستدرك ج۲ ص۱۸۰ حدیث۱۸۹۸) میں وظیفہ چھوڑ کر اُن کی طرف چلا کہ ان سے دُعائے مغفِرت کراؤں، کبھی میں کسی بُزُرگ کے پاس بِحَمْدِ اِللہ تَعَالٰی دنیاوی حاجت لے کر نہ گیا، جب (بھی) گیا اِسی خیال سے کہ ان سے **دُعائے مغفِرت** کراؤں گا۔ غرض دو ہی قدم اُن کی طرف چلا تھا کہ اُن بُزُرگ نے میری طرف منہ کر کے آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر تین مرتبہ فرمایا: ''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَخِیْ ھٰذَا، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَخِیْ ھٰذَا، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَخِیْ ھٰذَا'' (اے اللہ میرے اس بھائی کو بخش دے، اے اللہ میرے اس بھائی کی مغفرت فرما، اے اللہ میرے اس بھائی کو معاف فرما۔) میں نے سمجھ لیا کہ فرماتے ہیں ''ہم نے تیرا کام کر دیا اب تو ہمارے کام میں مُخِل (رکاوٹ) نہ ہو۔ '' میں ویسے ہی لوٹ آیا۔ (ملفوظات اعلیٰ حضرت ص۴۹۰)

بَابُ الْاِعْتِكَافِ

یہ باب اعتکاف کے بیان میں ہے

تَعْرِيفُهُ

هُوَ الْإِقَامَةُ بِنِيَّتِهِ فِيْ مَسْجِدٍ تُقَامُ فِيْهِ الْجَمَاعَةُ بِالْفِعْلِ لِلصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ فَلَا يَصِحُّ فِيْ مَسْجِدٍ لَاتُقَامُ فِيْهِ الْجَمَاعَةُ لِلصَّلٰوةِ عَلَى الْمُخْتَارِ وَلِلْمَرْأَةِ الْاِعْتِكَافُ فِيْ مَسْجِدِ بَيْتِهَا وَهُوَ مَحَلٌّ عَيَّنَتْهُ لِلصَّلَاةِ فِيْهِ۔

اعتکاف: اعتکاف کی نیت سے ایسی مسجد میں ٹھہرنا ہے جس میں اس وقت پانچ نمازیں قائم کی جاتی ہوں، لہذا ایسی مسجد میں اعتکاف صحیح نہیں ہے جس میں نماز کے لئے جماعت قائم نہ کی جاتی ہو مختار قول پر۔ اور عورت کے لئے اپنے گھر کی مسجد میں اعتکاف کرنا صحیح ہے۔ اور گھر کی مسجد وہ جگہ ہے جس کو اس نے نماز کے لئے معین کیا ہو۔

اَقْسَامُ الْاِعْتِكَافِ

وَالْاِعْتِكَافُ عَلٰى ثَلَاثَةِ أَقْسَامٍ وَاجِبٌ فِي الْمَنْذُوْرِ وَسُنَّةٌ كِفَايَةً مُؤَكَّدَةً فِي الْعَشْرِ الْأَخِيْرِ مِنْ رَمَضَانَ وَمُسْتَحَبٌّ فِيْمَا سِوَاهُ وَالصَّوْمُ شَرْطٌ لِصِحَّةِ الْمَنْذُوْرِ فَقَطْ وَأَقَلُّهُ نَفْلًا مُدَّةٌ يَسِيْرَةٌ وَلَوْ كَانَ مَاشِيًا عَلَى الْمُفْتٰى بِهٖ۔

ترجمہ: اعتکاف تین قسموں پر ہے۔ (۱) واجب: منت مانی ہوئی صورت میں (۲) سنت مؤکدہ کفایہ: رمضان کے آخری عشرہ میں۔ (۳) اور مستحب: اس کے ماسوا میں۔ اور روزہ صرف منت مانے ہوئے اعتکاف کے صحیح ہونے کے لئے شرط ہے۔ نفل اعتکاف کی کم سے کم مقدار تھوڑی سی مدت ہے اگرچہ چلتے ہوئے ہو۔ مفتی بہ قول میں۔

سوال: اعتکاف کسے کہتے ہیں؟ نیز اس کے لئے کیا شرطیں ہیں؟

جواب: مسجد میں اللہ عزوجل کے لئے نیّت کے ساتھ ٹھہرنا اعتکاف ہے اور اس کے لئے مسلمان، عاقل اور جنابت و حیض و نفاس سے پاک ہونا شرط ہے۔ بلوغ شرط نہیں بلکہ نابالغ جو تمیز رکھتا ہے اگر بہ نیّت اعتکاف مسجد میں ٹھہرے تو یہ اعتکاف صحیح ہے، آزاد ہونا بھی شرط نہیں لہٰذا غلام بھی اعتکاف کر سکتا ہے، مگر اسے مولیٰ سے اجازت لینی ہو گی اور مولیٰ کو بہر حال منع کرنے کا حق حاصل ہے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج۱، ص۲۱۱.)

سوال: اعتکاف کرنے کے لئے کیسی مسجد ہونی چاہئے؟

جواب: مصنف نے فرمایا کہ جس میں اس وقت پانچ نمازیں قائم کی جاتی ہوں اسی مسجد میں اعتکاف کرے، لہذا ایسی مسجد میں اعتکاف صحیح نہیں ہے جس میں نماز کے لئے جماعت قائم نہ کی جاتی ہو مختار قول پر۔ مگر اب اس قول پر عمل نہیں بلکہ مفتی بہ قول یہ ہے:

مسجد جامع ہونا اعتکاف کے لئے شرط نہیں بلکہ مسجد جماعت میں بھی ہو سکتا ہے۔ مسجد جماعت وہ ہے جس میں امام و مؤذن مقرر ہوں، اگرچہ اس میں پنجگانہ جماعت نہ ہوتی ہو اور آسانی اس میں ہے کہ مطلقاً ہر مسجد میں اعتکاف صحیح ہے اگرچہ وہ مسجد جماعت نہ ہو، خصوصاً اس زمانہ میں کہ بہتیری مسجدیں ایسی ہیں جن میں نہ امام ہیں نہ مؤذن۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۴۹۳.)

سب سے افضل مسجد حرم شریف میں اعتکاف ہے پھر مسجد نبوی میں علی صاحبہا الصلاۃ والتسلیم پھر مسجد اقصیٰ میں پھر اُس میں جہاں بڑی جماعت ہوتی ہو۔ ("الجوہرة النيرة"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ص۱۸۸.)

سوال: عورت کہاں اعتکاف کرے گی؟

جواب: عورت کو مسجد میں اعتکاف مکروہ ہے، بلکہ وہ گھر میں ہی اعتکاف کرے مگر اس جگہ کرے جو اُس نے نماز پڑھنے کے لئے مقرر کر رکھی ہے جسے مسجدِ بیت کہتے ہیں اور عورت کے لئے یہ مستحب بھی ہے کہ گھر میں نماز پڑھنے کے لئے کوئی جگہ مقرر کر لے اور چاہیے کہ اس جگہ کو پاک صاف رکھے اور بہتر یہ کہ اس جگہ کو چبوترہ وغیرہ کی طرح بلند کر لے۔ بلکہ مرد کو بھی چاہیے کہ نوافل کے لئے گھر میں کوئی جگہ مقرر کر لے کہ نفل نماز گھر میں پڑھنا افضل ہے۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۴۹۴.)

اگر عورت نے نماز کے لئے کوئی جگہ مقرر نہیں کر رکھی ہے تو گھر میں اعتکاف نہیں کر سکتی، البتہ اگر اس وقت یعنی جب کہ اعتکاف کا ارادہ کیا کسی جگہ کو نماز کے لئے خاص کر لیا تو اس جگہ اعتکاف کر سکتی ہے۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۴۹۴.)

خنثیٰ مسجد بیت میں اعتکاف نہیں کر سکتا۔ ("الدرالمختار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۴۹۴.)

سوال: اعتکاف کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

جواب: اعتکاف کی تین قسمیں ہیں:

(۱) واجب: وہ اعتکاف جس کی منّت مانی یعنی زبان سے کہا، محض دل میں ارادہ سے واجب نہ ہو گا۔

(۲) سنت مؤکدہ: جو رمضان کے پورے عشرۂ اخیرہ یعنی آخر کے دس دن میں اعتکاف کیا جائے یعنی بیسویں رمضان کو سورج ڈوبتے وقت بہ نیّت اعتکاف مسجد میں ہو اور تیسویں کے غروب کے بعد یا انیتس کو چاند ہونے کے بعد نکلے۔ اگر بیسویں تاریخ کو بعد نماز مغرب نیّت اعتکاف کی تو سنت مؤکدہ ادا نہ ہوئی۔ اور یہ اعتکاف سنت کفایہ ہے کہ اگر سب ترک کریں تو سب سے مطالبہ ہو گا اور شہر میں ایک نے کر لیا تو سب بری الذمہ۔

(۳) ان دو کے علاوہ اور جو اعتکاف کیا جائے وہ مستحب و سنت غیر مؤکدہ ہے۔

("الفتاوى الهندية"، کتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج۱، ص۲۱۱.)

سوال: روزہ کس اعتکاف میں شرط ہے؟

جواب: اعتکافِ مستحب کے لئے نہ روزہ شرط ہے، نہ اس کے لئے کوئی خاص وقت مقرر، بلکہ جب مسجد میں اعتکاف کی نیّت کی، جب تک مسجد میں ہے معتکف ہے، چلا آیا اعتکاف ختم ہو گیا۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج۱، ص۲۱۱.)

یہ بغیر محنت ثواب مل رہا ہے کہ فقط نیّت کر لینے سے اعتکاف کا ثواب ملتا ہے، اسے تو نہ کھونا چاہیے۔ مسجد میں اگر دروازہ پر یہ عبارت لکھ دی جائے کہ اعتکاف کی نیّت کر لو، اعتکاف کا ثواب پاؤ گے تو بہتر ہے کہ جو اس سے ناواقف ہیں انہیں معلوم ہو جائے اور جو جانتے ہیں اُن کے لئے یاد دہانی ہو۔

اعتکافِ سنت یعنی رمضان شریف کی پچھلی دس تاریخوں میں جو کیا جاتا ہے، اُس میں روزہ شرط ہے، لہٰذا اگر کسی مریض یا مسافر نے اعتکاف تو کیا مگر روزہ نہ رکھا تو سنت ادا نہ ہوئی بلکہ نفل ہوا۔ ("ردالمحتار"، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ج۳، ص۴۹۶.)

منت کے اعتکاف میں بھی روزہ شرط ہے، یہاں تک کہ اگر ایک مہینے کے اعتکاف کی منت مانی اور یہ کہا کہ روزہ نہ رکھے گا جب بھی روزہ رکھنا واجب ہے اور اگر رات کے اعتکاف کی منت مانی تو یہ منت صحیح نہیں کہ رات میں روزہ نہیں ہو سکتا اور اگر یوں کہا کہ ایک دن رات کا مجھ پر اعتکاف ہے تو یہ منت صحیح ہے اور اگر آج کے اعتکاف کی منت مانی اور کھانا کھا چکا ہے تو منت صحیح نہیں۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج۱، ص۲۱۱.)

یہ ضروری نہیں کہ خاص اعتکاف ہی کے لئے روزہ ہو بلکہ روزہ ہونا ضروری ہے، اگرچہ اعتکاف کی نیّت سے نہ ہو مثلاً اس رمضان کے اعتکاف کی منت مانی تو وہی رمضان کے روزے اس اعتکاف کے لئے کافی ہیں اور اگر رمضان کے روزے تو رکھے مگر اعتکاف نہ کیا تو اب ایک ماہ کے روزے رکھے اور اس کے ساتھ اعتکاف کرے اور اگر یوں نہ کیا یعنی روزے رکھ کر اعتکاف نہ کیا اور دوسرا رمضان آ گیا تو اس رمضان کے روزے اس اعتکاف کے لئے کافی نہیں۔

یوہیں اگر کسی اور واجب کے روزے رکھے تو یہ اعتکاف ان روزوں کے ساتھ بھی ادا نہیں ہو سکتا، بلکہ اب اُس کے لئے خاص اعتکاف کی نیّت سے روزے رکھنا ضروری ہے اور اگر اس صورت میں کہ رمضان کے اعتکاف کی منت مانی تھی نہ روزے رکھے، نہ اعتکاف کیا اب ان روزوں کی قضا رکھ رہا ہے تو ان قضا روزوں کے ساتھ وہ اعتکاف کی منت بھی پوری کر سکتا ہے۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج۱، ص۲۱۱.)

خُرُوجُ الْمُعْتَكِفِ مِنَ الْمَسْجِدِ

وَلَا يَخْرُجُ مِنْهُ إِلَّا لِحَاجَةٍ شَرْعِيَّةٍ كَالْجُمُعَةِ أَوْ طَبِيْعِيَّةٍ كَالْبَوْلِ أَوْ ضَرُوْرِيَّةٍ كَانْهِدَامِ الْمَسْجِدِ وَإِخْرَاجِ ظَالِمٍ كُرْهًا وَتَفَرُّقِ أَهْلِهِ وَخَوْفٍ عَلٰى نَفْسِهِ أَوْ مَتَاعِهِ مِنَ الْمُكَابِرِيْنَ فَيَدْخُلُ مَسْجِدًا غَيْرَهٗ مِنْ سَاعَتِهٖ فَإِنْ خَرَجَ سَاعَةً بِلَا عُذْرٍ فَسَدَ الْوَاجِبُ وَانْتَهٰى بِهٖ غَيْرُهٗ۔

ترجمه: اور اپنی اعتکاف گاہ سے نہ نکلے مگر کسی شرعی ضرورت سے جیسے جمعہ، یا طبعی ضرورت کے لئے جیسے پیشاب یا اضطراری ضرورت کے لئے جیسے مسجد کا منہدم ہو جانا، یا کسی ظالم کا زبردستی نکال دینا، یا مسجد والوں کا منتشر ہو جانا اور ظالموں کی طرف سے اپنی جان یا مال کا خوف ہونا تو ان صورتوں میں اسی وقت دوسری مسجد میں داخل ہو جائے، پس اگر ایک گھڑی بھی بغیر عذر کے نکلا تو اعتکافِ واجب فاسد ہو جائے گا اور واجب کے علاوہ دوسرا اعتکاف اس نکلنے سے ختم ہو جائے گا۔

سوال: معتکف اعتکاف گاہ سے کب کب باہر نکل سکتا ہے؟

جواب: معتکف کو مسجد سے نکلنے کے دو عذر ہیں:

ایک حاجت طبعی کہ مسجد میں پوری نہ ہو سکے جیسے پاخانہ، پیشاب، استنجا، وضو اور غسل کی ضرورت ہو، مگر غسل و وضو میں یہ شرط ہے کہ مسجد میں نہ ہو سکیں یعنی کوئی ایسی چیز نہ ہو جس میں وضو و غسل کا پانی لے سکے اس طرح کہ مسجد میں پانی کی کوئی بوند نہ گرے کہ وضو و غسل کا پانی مسجد میں گرانا ناجائز ہے اور لگن وغیرہ موجود ہو کہ اس میں وضو اس طرح کر سکتا ہے کہ کوئی چھینٹ مسجد میں نہ گرے تو وضو کے لئے مسجد سے نکلنا جائز نہیں، نکلے گا تو اعتکاف جاتا رہے گا۔ یوہیں اگر مسجد میں وضو و غسل کے لئے جگہ بنی ہو یا حوض ہو تو باہر جانے کی اب اجازت نہیں۔

دوم حاجت شرعی مثلاً عید یا جمعہ کے لئے جانا یا اذان کہنے کے لئے منارہ پر جانا، جبکہ منارہ پر جانے کے لئے باہر ہی سے راستہ ہو اور اگر منارہ کا راستہ اندر سے ہو تو غیر مؤذن بھی منارہ پر جا سکتا ہے مؤذن کی تخصیص نہیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج٣، ص٥٠١.)

قضائے حاجت کو گیا تو طہارت کر کے فوراً چلا آئے ٹھہرنے کی اجازت نہیں اور اگر معتکف کا مکان مسجد سے دُور ہے اور اس کے دوست کا مکان قریب تو یہ ضروری نہیں کہ دوست کے یہاں قضائے حاجت کو جائے، بلکہ اپنے مکان پر بھی جا سکتا ہے اور اگر اس کے خود دو مکان ہیں ایک نزدیک دوسرا دُور تو نزدیک والے مکان میں جائے کہ بعض مشائخ فرماتے ہیں دُور والے میں جائے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج١، ص٢١٢.)

اگر وہ مسجد گر گئی یا کسی نے مجبور کر کے وہاں سے نکال دیا اور فوراً دوسری مسجد میں چلا گیا تو اعتکاف فاسد نہ ہوا۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج١، ص٢١٢.)

اگر ایسی مسجد میں اعتکاف کیا جہاں جماعت نہیں ہوتی تو جماعت کے لئے نکلنے کی اجازت ہے۔

("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج٣، ص٥٠٣، ٥٠٥.)

سوال: معتکف کو بلا عذر اعتکاف گاہ سے نکلنا کیسا ہے؟

جواب: اعتکافِ واجب میں معتکف کو مسجد سے بغیر عذر نکلنا حرام ہے، اگر نکلا تو اعتکاف جاتا رہا اگرچہ بھول کر نکلا ہو۔ یوہیں اعتکافِ سنت بھی بغیر عذر نکلنے سے جاتا رہتا ہے۔ یوہیں عورت نے مسجد بیت میں اعتکاف واجب یا مسنون کیا تو بغیر عذر وہاں سے نہیں نکل سکتی، اگر وہاں سے نکلی اگرچہ گھر ہی میں رہی اعتکاف جاتا رہا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۵۰۱.)

اگر ڈوبنے یا جلنے والے کے بچانے کے لئے مسجد سے باہر گیا یا گواہی دینے کے لئے گیا یا جہاد میں سب لوگوں کا بلاوا ہوا اور یہ بھی نکلا یا مریض کی عیادت یا نمازِ جنازہ کے لئے گیا، اگرچہ کوئی دوسرا پڑھنے والا نہ ہو تو ان سب صورتوں میں اعتکاف فاسد ہو گیا۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصوم، الباب السابع في الاعتکاف، ج۱، ص۲۱۲.)

پاخانہ پیشاب کے لئے گیا تھا، قرض خواہ نے روک لیا اعتکاف فاسد ہو گیا۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الصوم، الباب السابع في الاعتکاف، ج۱، ص۲۱۲.)

اَعۡمَالُ الۡمُعۡتَكِفِ

وَأَكۡلُ الۡمُعۡتَكِفِ وَشُرۡبُهٗ وَنَوۡمُهٗ وَعَقۡدُهُ الۡبَيۡعَ لِمَا يَحۡتَاجُهٗ لِنَفۡسِهٖ أَوۡ عِيَالِهٖ فِي الۡمَسۡجِدِ وَكُرِهَ إِحۡضَارُ الۡمَبِيۡعِ فِيۡهِ وَكُرِهَ عَقۡدُ مَا كَانَ لِلتِّجَارَةِ وَكُرِهَ الصَّمۡتُ إِنۡ اِعۡتَقَدَهٗ قُرۡبَةٌ وَالتَّكَلُّمُ إِلَّا بِخَيۡرٍ وَحَرُمَ الۡوَطۡءُ وَدَوَاعِيۡهِ وَبَطَلَ بِوَطۡئِهٖ وَبِالۡإِنۡزَالِ بِدَوَاعِيۡهِ۔

اور معتکف کا کھانا، پینا، سونا اور اس کا عقد بیع کرنا ان چیزوں کی جن کی ضرورت ہو اپنی ذات کے لئے یا اپنے بال بچوں کے لئے مسجد میں ہو گا، اور مبیع کا مسجد میں لانا مکروہ ہے اور مکروہ ہے ان چیزوں کا عقد کرنا جو تجارت کے لئے ہوں۔ اور خاموش رہنا مکروہ ہے اگر اس کو عبادت سمجھتا ہو اور بات کرنا مکروہ ہے مگر بھلائی کی۔ اور حرام ہے وطی اور دواعیٔ وطی اور وطی کرنے سے اعتکاف باطل ہو جائے گا، اور انزال کے ساتھ دواعیٔ وطی سے۔

نَذۡرُ الۡأَيَّامِ وَاللَّيَالِيۡ

وَلَزِمَتۡهُ اللَّيَالِيۡ أَيۡضًا بِنَذۡرِ اِعۡتِكَافِ أَيَّامٍ وَلَزِمَتۡهُ الۡأَيَّامُ بِنَذۡرِ اللَّيَالِيۡ مُتَتَابِعَةً وَإِنۡ لَمۡ يَشۡتَرِطِ التَّتَابُعَ فِيۡ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ۔

ترجمہ: اور لازم ہوں گی اس کو راتیں بھی دنوں کے اعتکاف کی منت ماننے سے، اور لازم ہوں گے اس کو دن، راتوں کی منت ماننے سے لگاتار اگرچہ لگاتار کی شرط نہ کی ہو ظاہر روایت میں۔

سوال: معتکف حالتِ اعتکاف میں مسجد کے اندر کیا کر سکتا ہے؟ اور کیا کرنا مکروہ ہے؟

جواب: معتکف مسجد ہی میں کھائے پیے سوئے ان امور کے لئے مسجد سے باہر ہو گا تو اعتکاف جاتا رہے گا۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۵۰۶،) مگر کھانے پینے میں یہ احتیاط لازم ہے کہ مسجد آلودہ نہ ہو۔

معتکف کے سوا اور کسی کو مسجد میں کھانے پینے سونے کی اجازت نہیں اور اگر یہ کام کرنا چاہے تو اعتکاف کی نیّت کر کے مسجد میں جائے اور نماز پڑھے یا ذکر الٰہی کرے پھر یہ کام کر سکتا ہے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۵۰۶.)

معتکف کو اپنی یا بال بچوں کی ضرورت سے مسجد میں کوئی چیز خریدنا یا بیچنا جائز ہے، بشرطیکہ وہ چیز مسجد میں نہ ہو یا ہو تو تھوڑی ہو کہ جگہ نہ گھیرے اور اگر خرید و فروخت بقصد تجارت ہو تو ناجائز اگرچہ وہ چیز مسجد میں نہ ہو۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۵۰۶.)

معتکف نکاح کر سکتا ہے اور عورت کو رجعی طلاق دی ہے تو رجعت بھی کر سکتا ہے، مگر ان امور کے لئے اگر مسجد سے باہر ہو گا تو اعتکاف جاتا رہے گا۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب الصوم، الباب السابع في الاعتکاف، ج۱، ص۲۱۳.)

مگر جماع اور بوسہ وغیرہ سے اس کو رجعت حرام ہے، اگرچہ رجعت ہو جائے گی۔

سوال: معتکف کو خاموش رہنا کیسا ہے؟

جواب: معتکف اگر بہ نیّت عبادت سکوت کرے یعنی چپ رہنے کو ثواب کی بات سمجھے تو مکروہِ تحریمی ہے اور اگر چُپ رہنا ثواب کی بات سمجھ کر نہ ہو تو حرج نہیں اور بری بات سے چُپ رہا تو یہ مکروہ نہیں، بلکہ یہ تو اعلیٰ درجہ کی چیز ہے کیونکہ بری بات زبان سے نہ نکالنا واجب ہے اور جس بات میں نہ ثواب ہو نہ گناہ یعنی مباح بات بھی معتکف کو مکروہ ہے، مگر بوقت ضرورت اور بے ضرورت مسجد میں مباح کلام نیکیوں کو ایسے کھاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو۔ ("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۵۰۷.)

سوال: معتکف نہ چُپ رہے، نہ کلام کرے تو کیا کرے؟

جواب: یہ کرے قرآن مجید کی تلاوت، حدیث شریف کی قراءت اور درود شریف کی کثرت، علم دین کا درس و تدریس، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و دیگر انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سیر و اذکار اور اولیا و صالحین کی حکایت اور امورِ دین کی کتابت۔

("الدر المختار"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ج۳، ص۵۰۸)

سوال: معتکف کو وطی یا دواعیٔ وطی کا ارتکاب کرنا کیسا ہے؟ اور اس سے اعتکاف پر کیا اثر پڑے گا؟

جواب: معتکف کو وطی کرنا اور عورت کا بوسہ لینا یا چھونا یا گلے لگانا حرام ہے۔ جماع سے بہر حال اعتکاف فاسد ہو جائے گا، انزال ہو یا نہ ہو قصداً ہو یا بھولے سے مسجد میں ہو یا باہر رات میں ہو یا دن میں، جماع کے علاوہ اوروں میں اگر انزال ہو تو فاسد ہے ورنہ نہیں، احتلام ہو گیا یا خیال جمانے یا نظر کرنے سے انزال ہوا تو اعتکاف فاسد نہ ہوا۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ج١، ص٢١٣)

سوال: دن کا یا رات کا اعتکاف کرنے کی منّت مانی تو کیا حکم ہے؟

جواب: مصنف نے فرمایا کہ اگر کسی نے چند ایام کا اعتکاف اپنے اوپر لازم کیا تو دنوں کے ساتھ راتیں بھی داخل ہوں گی اور پے در پے کرنا لازم ہو گا اگرچہ پے در پے کی شرط نہ لگائی ہو، اسی طرح اگر کسی نے چند راتوں کا اعتکاف اپنے اوپر لازم کیا تو راتوں کے ساتھ دن بھی شامل ہوں گے اور پے در پے کرنا بھی لازم ہو گا اگرچہ پے در پے کی شرط نہ لگائی ہو۔ لیکن یہ قول اب مفتی بہ نہیں ہے بلکہ مفتی بہ قول یہ ہے کہ:

ایک دن کے اعتکاف کی منت مانی تو اس میں رات داخل نہیں۔ طلوع فجر سے پیشتر مسجد میں چلا جائے اور غروب کے بعد چلا آئے اور اگر دو دن یا تین دن یا زیادہ دنوں کی منت مانی یا دو یا تین یا زیادہ راتوں کے اعتکاف کی منت مانی تو ان دونوں صورتوں میں اگر صرف دن یا صرف راتیں مراد لیں تو نیّت صحیح ہے، لہٰذا پہلی صورت میں منت صحیح ہے اور صرف دنوں میں اعتکاف واجب ہوا اور اس صورت میں اختیار ہے کہ اتنے دنوں کا لگاتار اعتکاف کرے یا متفرق طور پر۔ اور دوسری صورت میں منت صحیح نہیں کہ اعتکاف کے لئے روزہ شرط ہے اور رات میں روزہ ہو نہیں سکتا اور اگر دونوں صورتوں میں دن اور رات دونوں مراد ہیں۔ یا کچھ نیّت نہ کی تو دونوں صورتوں میں دن اور رات دونوں کا اعتکاف واجب ہے اور علی الاتصال اتنے دنوں میں اعتکاف ضروری ہے، تفریق نہیں کر سکتا۔

نیز اس صورت میں یہ بھی ضروری ہے کہ دن سے پہلے جو رات ہے، اس میں اعتکاف ہو، لہٰذا غروب آفتاب سے پہلے جائے اعتکاف میں چلا جائے اور جس دن پورا ہو غروبِ آفتاب کے بعد نکل آئے اور اگر دن کی منت مانی اور کہتا یہ ہے کہ میں نے دن کہہ کر رات مراد لی، تو یہ نیّت صحیح نہیں دن اور رات دونوں کا اعتکاف واجب ہے۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ص١٩٠.)

وَلَزِمَتْهُ لَيْلَتَانِ بِنَذْرِ يَوْمَيْنِ وَصَحَّ نِيَّةُ النُّهُرِ خَاصَّةً دُوْنَ اللَّيَالِيْ وَإِنْ نَذَرَ اِعْتِكَافَ شَهْرٍ وَنَوَى النُّهُرَ خَاصَّةً أَوِ اللَّيَالِيَ خَاصَّةً لَاتَعْمَلُ نِيَّتُهُ إِلَّا أَنْ يُصَرِّحَ بِالْإِسْتِثْنَاءِ ۔

اور لازم ہوں گی اس کو دو راتیں دو دن کی منت ماننے سے۔ اور صحیح ہے دنوں کی نیت خاص طور پر راتوں کے بغیر۔ اور اگر ایک مہینے کے اعتکاف کی منت مانی اور صرف دنوں کی نیت کی یا صرف راتوں کی تو اس کی نیت کار آمد نہیں ہو گی۔ مگر یہ کہ استثناء کے ساتھ صراحت کر دے۔

مَشْرُوْعِيَّةُ الْاِعْتِكَافِ وَمَنْزِلَتِهِ وَحِكْمَتِهِ

وَالْاِعْتِكَافُ مَشْرُوْعٌ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَهُوَ مِنْ أَشْرَفِ الْأَعْمَالِ اِذَا كَانَ عَنْ إِخْلَاصٍ وَمِنْ مَحَاسِنِهٖ أَنَّ فِيْهِ تَفْرِيْغَ الْقَلْبِ مِنْ أُمُوْرِ الدُّنْيَا وَتَسْلِيْمَ النَّفْسِ اِلَى الْمَوْلٰى وَمُلَازَمَةَ عِبَادَتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ وَالتَّحَصُّنَ بِحِصْنِهٖ وَقَالَ عَطَاءٌ رَحِمَهُ اللهُ مَثَلُ الْمُعْتَكِفِ مَثَلُ رَجُلٍ يَخْتَلِفُ عَلٰى بَابٍ عَظِيْمٍ لِحَاجَةٍ فَالْمُعْتَكِفُ يَقُوْلُ لَا أَبْرَحُ حَتّٰى يَغْفِرَ لِيْ۔

ترجمہ: اور اعتکاف مشروع ہے کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ سے اور وہ اشرف الاعمال ہے جبکہ اخلاص سے ہو۔ اور اعتکاف کی خوبیوں میں سے یہ ہے کہ اس میں دل کو دنیا کے کاموں سے فارغ کرنا ہے اور نفس کو مولی کے سپرد کر دینا ہے اور اس کی عبادت کو لازم پکڑنا ہے، اسی کے گھر میں، اور اس کے قلعہ میں محفوظ ہو جانا ہے۔ اور عطا رضی اللہ عنہ نے فرمایا "معتکف کی مثال اس آدمی جیسی ہے جو کسی ضرورت سے کسی بڑے آدمی کے دروازے پر جا پڑتا ہے، پس معتکف کہتا ہے کہ جب تک میری مغفرت نہ ہو جائے میں نہیں ہٹوں گا"۔

سوال: ایک مہینے کے اعتکاف کی منّت مانی تو کیا حکم ہے؟

جواب: ایک مہینے کے اعتکاف کی منت مانی تو یہ بات اس کے اختیار میں ہے کہ جس مہینے کا چاہے اعتکاف کرے، مگر لگاتار اعتکاف میں بیٹھنا واجب ہے اور اگر یہ کہے کہ میری مراد ایک مہینے کے صرف دن تھے، راتیں نہیں تو یہ قول نہیں مانا جائے گا۔ دن اور رات دونوں کا اعتکاف واجب ہے اور تیس دن کہا تھا جب بھی یہی حکم ہے۔ ہاں اگر منت مانتے وقت یہ کہا تھا کہ ایک مہینے کے دنوں کا اعتکاف ہے، راتوں کا نہیں تو صرف دنوں کا اعتکاف واجب ہوا اور اب یہ بھی اختیار ہے کہ متفرق طور پر تیس دن کا اعتکاف کرلے اور اگر یہ کہا تھا کہ ایک مہینے کی راتوں کا اعتکاف ہے دِنوں کا نہیں تو کچھ نہیں۔ ("الجوہرۃ النیرۃ"، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ص۱۹۰، ۱۹۱.)

سوال: اعتکاف کا ثبوت کہاں سے ہے؟

جواب: اعتکاف کا ثبوت قرآن و حدیث سے ہے چنانچہ فرمانِ باری تعالی ہے:

وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ۔

ترجمہ: عورتوں سے مباشرت نہ کرو، جب کہ تم مسجدوں میں اعتکاف کیے ہوئے ہو۔ (پ۲، البقرۃ: ۱۸۷.)

اور احادیث میں آیا:

(1) صحیحین میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رمضان کے آخر عشرہ کا اعتکاف فرمایا کرتے۔ ("صحیح مسلم"، کتاب الاعتکاف، باب اعتکاف العشر الأواخر من رمضان، الحدیث: ۱۱۷۲، ص۵۹۷.)

(2) ابو داود انہیں سے راوی، کہتی ہیں: معتکف پر سنت (یعنی حدیث سے ثابت) یہ ہے کہ نہ مریض کی عیادت کو جائے نہ جنازہ میں حاضر ہو، نہ عورت کو ہاتھ لگائے اور نہ اس سے مباشرت کرے اور نہ کسی حاجت کے لئے جائے، مگر اس حاجت کے لئے جا سکتا ہے جو ضروری ہے اور اعتکاف بغیر روزہ کے نہیں اور اعتکاف جماعت والی مسجد میں کرے۔ ("سنن أبي داود"، كتاب الصيام، باب المعتكف يعود المريض، الحديث: ٢٤٧٣، ج٢، ص٤٩٢.)

(3) ابن ماجہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معتکف کے بارے میں فرمایا: "وہ گناہوں سے باز رہتا ہے اور نیکیوں سے اُسے اُس قدر ثواب ملتا ہے جیسے اُس نے تمام نیکیاں کیں۔"

("سنن ابن ماجه"، أبواب ما جاء في الصيام، باب في ثواب الاعتكاف، الحديث: ١٧٨١، ج٢، ص٣٦٥.)

(4) بیہقی امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے رمضان میں دس دنوں کا اعتکاف کر لیا تو ایسا ہے جیسے دو حج اور دو عمرے کیے۔" ("شعب الإيمان"، باب في الاعتكاف، الحديث، ٣٩٦٦، ج٣، ص٤٢٥.)

بیٹا قید سے رہا ہو گیا

حضرتِ سیِّدُنا ابو عبداللہ بن محمد اَزْدِی اَنْدَلُسِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ **اَنْدَلُس** میں رُومیوں نے ایک عاشقِ رسول کے فرزند کو قید کر لیا۔ وہ صاحِب بارگاہِ رسالت مَآب میں فریاد کے ارادے سے سُوئے مدینہ روانہ ہو گئے۔ سرِ راہ بعض شَناساؤں (یعنی جاننے والوں) سے ملاقات ہوئی، بَرسبیلِ تذکِرہ اُن صاحِبان نے کہا: پیارے آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے تو گھر بیٹھے بھی اِستِغاثہ (یعنی فریاد) کی جا سکتی ہے، اِس مقصد کیلئے حاضِری ہی ضَروری نہیں، لیکن انہوں نے سفرِ مدینہ جاری رکھا۔ مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً پہنچ کر بارگاہِ رسالت میں حاضِری سے مُشَرَّف ہوئے اور بعدِ سلام اپنا مُدَّعا عَرض کیا۔ کرم نے یاوَری کی، رات خواب میں سرورِ کائنات صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے زیارت بخشی اور ارشاد فرمایا: ”اپنے شہر پہنچو، تمہارا مقصد پورا ہو چکا ہے۔“ جب وہ اپنے وطن پہنچے تو ان کا فرزندِ دل بند (یعنی پیارا بیٹا) سچ مُچ گھر آ چکا تھا، اِستِفسار پر بیٹے نے بتایا: فُلاں رات مجھ سَمیت بہُت سارے قیدیوں کو رُومیوں کی قید سے اچانک رِہائی نصیب ہو گئی! جب عاشقِ رسول نے حساب لگایا تو یہ وُہی رات تھی جس میں خواب کے اندر بِشارت ملی تھی۔ (شواھدُ الحق ص۲۲۵) اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رَحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

خَاتِمَةُ الْكِتَابِ

کتاب کا خاتمہ

وَهٰذَا مَا تَيَسَّرَ لِلْعَاجِزِ الْحَقِيْرِ بِعِنَايَةِ مَوْلَاهُ الْقَوِيِّ الْقَدِيْرِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللهُ وَصَلَّى اللهُ عَلىٰ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ الْأَنْبِيَاءِ وَعَلىٰ آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَمَنْ وَالَاهُ وَنَسْأَلُ اللهَ سُبْحَانَهٗ مُتَوَسِّلِيْنَ أَنْ يَجْعَلَهٗ خَالِصًا لِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَأَنْ يَنْفَعَ بِهِ النَّفْعَ الْعَمِيْمَ وَيُجْزِلَ بِهِ الثَّوَابَ الْجَسِيْمَ۔

ترجمہ: مصنف نور الایضاح فرماتے ہیں یہ وہ ہے جو میسر ہوا عاجز حقیر کو اپنے قوی طاقتور مولیٰ کی عنایت سے تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہے جس نے ہم کو اس خدمت کی ہدایت دی اگر اللہ ہم کو ہدایت نہ کرتا تو ہم ہدایت نہ پاتے اور اللہ کی رحمتیں نازل ہوں ہمارے سردار اور ہمارے مولی محمد ﷺ پر جو خاتم الانبیاء ہیں اور آپ کی آل واصحاب اور آپ کی ذریت پر اور ان تمام پر جنہوں نے آپ کی مدد کی، اور ہم اللہ سبحانہ وتعالی سے سوال کرتے ہیں وسیلہ پکڑتے ہوئے کہ اس کتاب کو خالص اپنی کریم ذات کے لئے بنادے اور یہ کہ نفع دے اس سے عام اور بہت بڑا ثواب عطا فرمائے۔

اولا مصنف نے اس کتاب کو کتاب الاعتکاف تک لکھا اور وہیں تک تحریر کا ارادہ تھا اس لئے آخر میں اس طرح اختتامی کلمات ودعائیہ الفاظ بھی لکھ دئے پھر بعد میں خیال ہوا کہ زکوۃ وحج کے مسائل کا بھی اضافہ کر دیا جائے چنانچہ زکوۃ وحج کو شامل کر کے عبادات کی تکمیل فرمائی۔

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ و علی الک و اصحابک یا حبیب اللہ ﷺ

شارق الفلاح
شرح
نورالایضاح

کِتَابُ الزَّکَاۃِ

مصنف

شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

شارح

مولانا محمد شفیق خان عطاری المدنی فتحپوری ہندی

كِتَابُ الزَّكَاةِ

زکاۃ کا بیان

هِيَ تَمْلِيْكُ مَالٍ مَخْصُوْصٍ لِشَخْصٍ مَخْصُوْصٍ فُرِضَتْ عَلٰى حُرٍّ مُسْلِمٍ مُكَلَّفٍ مَالِكٍ لِنِصَابٍ مِنْ نَقْدٍ وَلَوْ تِبْرًا أَوْ حُلِيًّا أَوْ آنِيَةً أَوْ مَا يُسَاوِيْ قِيْمَتَهُ مِنْ عُرُوْضِ تِجَارَةٍ فَارِغٍ عَنِ الدَّيْنِ وَعَنْ حَاجَتِهِ الْأَصْلِيَّةِ نَامٍ وَلَوْ تَقْدِيْرًا۔

ترجمہ: زکاۃ مخصوص مال کا مخصوص آدمی کو مالک بنا دینا ہے، زکاۃ فرض کی گئی ہے آزاد مسلمان مکلف پر جو نصاب کا مالک ہو نقد سے اگرچہ نقد سونے چاندی کا ٹکرا ہو یا زیور یا برتن یا سامان تجارت کی کوئی ایسی چیز ہو جو نصاب کی قیمت کے برابر ہو، یہ نصاب قرض اور اس کی حاجت اصلیہ سے فارغ ہو، نامی ہو اگرچہ تقدیراً نامی ہو۔

سوال: زکاۃ کسے کہتے ہیں؟

جواب: زکاۃ شریعت میں اللہ عزوجل کے لئے مال کے ایک حصہ کا جو شرع نے مقرر کیا ہے، مسلمان فقیر کو مالک کر دینا ہے اور وہ فقیر نہ ہاشمی ہو، نہ ہاشمی کا آزاد کردہ غلام اور اپنا نفع اُس سے بالکل جدا کر لے۔ ("تنویر الأبصار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۰۳ - ۲۰۶.)

مسئلہ ۱: زکاۃ فرض ہے، اُس کا منکر کافر اور نہ دینے والا فاسق اور قتل کا مستحق اور ادا میں تاخیر کرنے والا گنہگار و مردود الشہادۃ ہے۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب الزکاۃ، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۰.)

مسئلہ ۲: مباح کر دینے سے زکاۃ ادا نہ ہوگی، مثلاً فقیر کو بہ نیت زکاۃ کھانا کھلا دیا تو زکاۃ ادا نہ ہوئی کہ مالک کر دینا نہیں پایا گیا، ہاں اگر کھانا دے دیا کہ چاہے کھائے یا لے جائے تو ادا ہوگئی۔ یوہیں بہ نیت زکاۃ فقیر کو کپڑا دے دیا یا پہنا دیا ادا ہوگئی۔

("الدر المختار" معه "ردالمحتار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۰۴.)

مسئلہ ۳: فقیر کو بہ نیت زکاۃ مکان رہنے کو دیا زکاۃ ادا نہ ہوئی کہ مال کا کوئی حصہ اسے نہ دیا بلکہ منفعت کا مالک کیا۔

("الدر المختار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۰۵.)

مسئلہ ۴: مالک کرنے میں یہ بھی ضروری ہے کہ ایسے کو دے جو قبضہ کرنا جانتا ہو، یعنی ایسا نہ ہو کہ پھینک دے یا دھوکہ کھائے ورنہ ادا نہ ہوگی، مثلاً نہایت چھوٹے بچہ یا پاگل کو دینا اور اگر بچہ کو اتنی عقل نہ ہو تو اُس کی طرف سے اس کا باپ جو فقیر ہو یا وصی یا جس کی نگرانی میں ہے قبضہ کریں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۰۴.)

سوال: زکاۃ کن لوگوں پر فرض ہے؟

جواب: زکاۃ واجب ہونے کے لئے چند شرطیں ہیں:

(۱) مسلمان ہونا: لہذا کافر پر زکاۃ واجب نہیں یعنی اگر کوئی کافر مسلمان ہوا تو اُسے یہ حکم نہیں دیا جائے گا کہ زمانہ کفر کی زکاۃ ادا کرے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الزكاة، مطلب في احكام المعتوه، ج ۳، ص ۲۰۷.)

معاذ اللہ کوئی مرتد ہو گیا تو زمانۂ اسلام میں جو زکاۃ نہیں دی تھی ساقط ہو گئی۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۱.)

(۲) بالغ ہونا: لہذا نابالغ پر زکاۃ واجب نہیں۔

(۳) عقل: جنون اگر پورے سال کو گھیر لے تو زکاۃ واجب نہیں اور اگر سال کے اوّل آخر میں افاقہ ہوتا ہے، اگرچہ باقی زمانہ جنون میں گذرتا ہے تو واجب ہے، اور جنون اگر اصلی ہو یعنی جنون ہی کی حالت میں بلوغ ہوا تو اس کا سال ہوش آنے سے شروع ہوگا۔ یوہیں اگر عارضی ہے مگر پورے سال کو گھیر لیا تو جب افاقہ ہوگا اس وقت سے سال کی ابتدا ہوگی۔ ("ردالمحتار"، کتاب الزكاة، مطلب في احكام المعتوه، ج ۳، ص ۲۰۷.)

(۴) آزاد ہونا: لہذا غلام پر زکاۃ واجب نہیں، اگرچہ ماذون ہو (یعنی اس کے مالک نے تجارت کی اجازت دی ہو) یا مکاتب یا ام ولد یا مُستسعےٰ (یعنی غلام مشترک جس کو ایک شریک نے آزاد کر دیا اور چونکہ وہ مالدار نہیں ہے، اس وجہ سے باقی شریکوں کے حصے کما کر پورے کرنے کا اُسے حکم دیا گیا)۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۱.)

(۵) مال بقدرِ نصاب اُس کی مِلک میں ہونا: اگر نصاب سے کم ہے تو زکاۃ واجب نہ ہوئی۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۲.)

(۶) پورے طور پر اُس کا مالک ہونا: یعنی اس پر قابض بھی ہو۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۲.)

مسئلہ: جو مال گم گیا یا دریا میں گر گیا یا کسی نے غصب کر لیا اور اس کے پاس غصب کے گواہ نہ ہوں یا جنگل میں دفن کر دیا تھا اور یہ یاد نہ رہا کہ کہاں دفن کیا تھا یا انجان کے پاس امانت رکھی تھی اور یہ یاد نہ رہا کہ وہ کون ہے یا مدیُون نے دَین سے انکار کر دیا اور اُس کے پاس گواہ نہیں پھر یہ اموال مل گئے، تو جب تک نہ ملے تھے، اُس زمانہ کی زکاۃ واجب نہیں۔ ("الدرالمختار"، کتاب الزكاة، ج ۳، ص ۲۱۸.)

(۷) نصاب کا دَین سے فارغ ہونا: پس نصاب کا مالک ہے مگر اس پر دَین ہے کہ ادا کرنے کے بعد نصاب نہیں رہتا تو زکاۃ واجب نہیں، خواہ وہ دَین بندہ کا ہو، جیسے قرض، زرِ ثمن (کسی خریدی گئی چیز کے دام) کسی چیز کا تاوان یا اللہ عزوجل کا دَین ہو، جیسے زکاۃ، خراج مثلاً کوئی شخص صرف ایک نصاب کا مالک ہے اور دو سال گذر گئے کہ زکاۃ نہیں دی تو صرف پہلے سال کی زکاۃ واجب ہے دوسرے سال کی نہیں کہ پہلے سال کی زکاۃ اس پر دَین ہے اس کے نکالنے کے بعد نصاب باقی نہیں رہتا، لہٰذا دوسرے سال کی زکاۃ واجب نہیں۔ یوہیں اگر تین سال گذر گئے، مگر تیسرے میں ایک دن باقی تھا کہ پانچ درہم اور حاصل ہوئے جب بھی پہلے ہی سال کی زکاۃ واجب ہے کہ دوسرے اور تیسرے سال میں زکاۃ نکالنے کے بعد نصاب باقی نہیں، ہاں جس دن کہ وہ پانچ درہم حاصل ہوئے اس دن سے ایک سال تک اگر نصاب باقی رہ جائے تو اب اس سال کے پورے ہونے پر زکاۃ

واجب ہو گی۔ یوہیں اگر نصاب کا مالک تھا اور سال تمام پر زکاۃ نہ دی پھر سارے مال کو ہلاک کر دیا پھر اور مال حاصل کیا کہ یہ بقدر نصاب ہے، مگر سال اوّل کی زکاۃ جو اس کے ذمہ دَین ہے اس میں سے نکالے تو نصاب باقی نہیں رہتا تو اس نئے سال کی زکاۃ واجب نہیں اور اگر اُس پہلے مال کو اُس نے قصداً ہلاک نہ کیا، بلکہ بلا قصد ہلاک ہو گیا تو اُس کی زکاۃ جاتی رہی، لہٰذا اس کی زکاۃ دَین نہیں تو اس صورت میں اس نئے سال کی زکاۃ واجب ہے۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج١، ص١٧٢۔١٧٤)

(٨) نصاب کا حاجتِ اصلیہ سے فارغ ہونا: حاجت اصلیہ یعنی جس کی طرف زندگی بسر کرنے میں آدمی کو ضرورت ہے اس میں زکاۃ واجب نہیں، جیسے رہنے کا مکان، جاڑے گرمیوں میں پہننے کے کپڑے، خانہ داری کے سامان، سواری کے جانور، خدمت کے لئے لونڈی غلام، آلات حرب، پیشہ وروں کے اوزار، اہلِ علم کے لئے حاجت کی کتابیں، کھانے کے لئے غلّہ۔

("ردالمحتار"، كتاب الزكاة، مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاء، ج٣، ص٢١٢.)

حافظ کے لئے قرآن مجید حاجتِ اصلیہ سے نہیں اور غیر حافظ کے لئے ایک سے زیادہ حاجتِ اصلیہ کے علاوہ ہے یعنی اگر مصحف شریف دو سو درہم قیمت کا ہو تو زکاۃ لینا جائز نہیں۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الزكاة، ص١٤٨.)

(٩) مال کا نامی ہونا: یعنی بڑھنے والا خواہ حقیقۃً بڑھے یا حکماً یعنی اگر بڑھانا چاہے تو بڑھ جائے۔

(١٠) سال کا گزرنا: سال سے مراد قمری سال ہے یعنی چاند کے مہینوں سے بارہ مہینے۔ شروع سال اور آخر سال میں نصاب کامل ہے، مگر درمیان میں نصاب کی کمی ہو گئی تو یہ کمی کچھ اثر نہیں رکھتی یعنی زکاۃ واجب ہے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج١، ص١٧٥.)

سوال: زکاۃ کتنے قسم کے مال پر ہے؟

جواب: زکاۃ تین قسم کے مال پر ہے: (١) ثمن یعنی سونا چاندی۔ (٢) مال تجارت۔ (٣) سائمہ یعنی چرائی پر چھوٹے جانور۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج١، ١٧٤.)

وَشَرْطُ وُجُوْبِ أَدَائِهَا حَوْلَانُ الْحَوْلِ عَلَى النِّصَابِ الْأَصْلِيِّ۔ وَأَمَّا الْمُسْتَفَادُ فِيْ أَثْنَاءِ الْحَوْلِ فَيُضَمُّ اِلٰى مُجَانِسِهٖ وَيُزَكِّيْ بِتَمَامِ الْحَوْلِ الْأَصْلِيِّ سَوَاءٌ اُسْتُفِيْدَ بِتِجَارَةٍ أَوْ مِيْرَاثٍ أَوْ غَيْرِهٖ وَلَوْ عَجَّلَ ذُوْ نِصَابٍ لِسِنِيْنَ صَحَّ وَشَرْطُ صِحَّةِ أَدَائِهَا نِيَّةٌ مُقَارِنَةٌ لِأَدَائِهَا لِلْفَقِيْرِ أَوْ وَكِيْلِهٖ أَوْ لِعَزْلِ مَا وَجَبَ وَلَوْ مُقَارَنَةً حُكْمِيَّةً كَمَا لَوْ دَفَعَ بِلَا نِيَّةٍ ثُمَّ نَوٰى وَالْمَالُ قَائِمٌ بِيَدِ الْفَقِيْرِ۔

ترجمہ: اور زکاۃ کی ادائیگی کے واجب ہونے کی شرط نصاب اصلی پر سال کا گزر جانا ہے۔ اور رہا وہ مال جو سال کے درمیان میں حاصل ہو تو اس کو اس کے ہم جنس کی طرف ملایا جائے گا اور اصلی سال کے ختم پر پورے مال کی زکاۃ دی جائے گی خواہ وہ مال تجارت یا میراث یا اس کے علاوہ سے مستفاد ہوا ہو۔ اور اگر صاحب نصاب چند سالوں کی زکاۃ پیشگی دے دے تو صحیح ہے اور زکاۃ کی ادائیگی

کے صحیح ہونے کی شرط وہ نیت ہے جو ملی ہوئی ہو فقیر کو زکاۃ ادا کرنے یا اپنے وکیل کو زکاۃ کی رقم دینے یا اس مقدار کو علیحدہ کرنے کے ساتھ جو واجب ہوئی ہے اگرچہ نیت حکماً ملی ہوئی ہو جیسا کہ اگر رقم فقیر کو بغیر نیت دے دی پھر نیت کی اس حال میں کہ مال فقیر کے ہاتھ میں موجود تھا۔

سوال: زکاۃ کی آدائیگی کے واجب ہونے کی شرط کیا ہے؟

جواب: زکاۃ کی ادائیگی کے واجب ہونے کی شرط نصاب اصلی پر سال کا گزر جانا ہے۔

سوال: جو مال درمیان سال میں حاصل ہوا اُس کی زکاۃ کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: جو شخص مالک نصاب ہے اگر درمیان سال میں کچھ اور مال اسی جنس کا حاصل کیا تو اُس نئے مال کا جدا سال نہیں، بلکہ پہلے مال کا ختم سال اُس کے لئے بھی سال تمام ہے، اگرچہ سال تمام سے ایک ہی منٹ پہلے حاصل کیا ہو، خواہ وہ مال اُس کے پہلے مال سے حاصل ہوا یا میراث وہبہ یا اور کسی جائز ذریعہ سے ملا ہو، اور اگر دوسری جنس کا ہے مثلاً پہلے اُس کے پاس اونٹ تھے اور اب بکریاں ملیں تو اس کے لئے جدید سال شمار ہو گا۔ ("الجوہرة النيرة"، كتاب الزكاة، باب الزكاة الخيل، ص١٥٥.)

سوال: کیا پیشگی زکاۃ ادا کرسکتے ہیں؟

جواب: مالکِ نصاب سال تمام سے پیشتر بھی ادا کر سکتا ہے، بشرطیکہ سال تمام پر بھی اس نصاب کا مالک رہے اور اگر ختم سال پر مالک نصاب نہ رہا یا اثنائے سال میں وہ مالِ نصاب بالکل ہلاک ہو گیا تو جو کچھ دیا نفل ہے اور جو شخص نصاب کا مالک نہ ہو، وہ زکاۃ نہیں دے سکتا یعنی آئندہ اگر نصاب کا مالک ہو گیا تو جو کچھ پہلے دیا ہے وہ اُس کی زکاۃ میں محسوب نہ ہو گا۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج١، ص١٧٦.)

مالک نصاب اگر پیشتر سے چند نصابوں کی زکاۃ دینا چاہے تو دے سکتا ہے یعنی شروع سال میں ایک نصاب کا مالک ہے اور دو یا تین نصابوں کی زکاۃ دے دی اور ختم سال پر جتنی نصابوں کی زکاۃ دی ہے اتنی نصابوں کا مالک ہو گیا تو سب کی ادا ہو گئی اور سال تمام تک ایک ہی نصاب کا مالک رہا، سال کے بعد اور حاصل کیا تو وہ زکاۃ اس میں محسوب نہ ہو گی۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج١، ص١٧٦.)

مالک نصاب پیشتر سے چند سال کی بھی زکاۃ دے سکتا ہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج١، ص١٧٦.)

لہٰذا مناسب ہے کہ تھوڑا تھوڑا زکاۃ میں دیتا رہے، ختم سال پر حساب کرے، اگر زکاۃ پوری ہو گئی فبہا اور کچھ کمی ہو تو اب فوراً دیدے، تاخیر جائز نہیں کہ نہ اُس کی اجازت کہ اب تھوڑا تھوڑا کر کے ادا کرے، بلکہ جو کچھ باقی ہے کُل فوراً ادا کر دے اور زیادہ دے دیا ہے تو سال آئندہ میں مُجرا کر دے یعنی آئندہ سال میں اس کو شمار کر لے۔

ایک ہزار کا مالک ہے اور دو ہزار کی زکاۃ دی اور نیّت یہ ہے کہ سال تمام تک اگر ایک ہزار اور ہو گئے تو یہ اس کی ہے، ورنہ سال آئندہ میں محسوب ہو گی یہ جائز ہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج١، ص١٧٦.)

سوال: زکاۃ کی آدائیگی کے صحیح ہونے کی کیا شرط ہے؟

جواب: زکاۃ دیتے وقت یازکاۃ کے لئے مال علیحدہ کرتے وقت نیت زکاۃ شرط ہے۔ نیّت کے یہ معنی ہیں کہ اگر پوچھا جائے تو بلا تامل بتا سکے کہ زکاۃ ہے۔ ("الفتاوی الهندیة"، کتاب الزکاۃ، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۰)

سال بھر تک خیرات کرتا رہا، اب نیّت کی کہ جو کچھ دیا ہے زکاۃ ہے تو ادا نہ ہوئی۔ ("الفتاوی الهندیة"، کتاب الزکاۃ، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۱)

ایک شخص کو وکیل بنایا اُسے دیتے وقت تو نیّت زکاۃ نہ کی، مگر جب وکیل نے فقیر کو دیا اس وقت مؤکل نے نیّت کر لی ہو گئی۔ ("الفتاوی الهندیة"، کتاب الزکاۃ، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۱)

دیتے وقت نیّت نہیں کی تھی، بعد کو کی تو اگر وہ مال فقیر کے پاس موجود ہے یعنی اس کی ملک میں ہے تو یہ نیّت کافی ہے ورنہ نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۲۲.)

وَلَا يُشْتَرَطُ عِلْمُ الْفَقِيْرِ أَنَّهَا زَكَاةٌ عَلَى الْأَصَحِّ حَتّٰى لَوْ أَعْطَاهُ شَيْئًا وَسَمَّاهُ هِبَةً أَوْ قَرْضًا وَنَوٰى بِهِ الزَّكَاةَ صَحَّتْ وَلَوْ تَصَدَّقَ بِجَمِيْعِ مَالِهٖ وَلَمْ يَنْوِ الزَّكَاةَ سَقَطَ عَنْهُ فَرْضُهَا۔

ترجمه: اور فقیر کے جاننے کی شرط نہیں لگائی جاتی ہے کہ یہ زکاۃ ہے اصح قول پر یہاں تک کہ اگر اس کو کچھ دیا اور اس کا نام ہبہ یا قرض رکھا اور اس نے زکاۃ کی نیت کر لی تو زکاۃ صحیح ہو جائے گی اور اگر اپنا تمام مال صدقہ کر دیا اور زکاۃ کی نیت نہیں کی تو زکاۃ کا فرض اس سے ساقط ہو جائے گا۔

سوال: کیا زکاۃ لینے والے کو اس کا علم ہونا ضروری ہے کہ یہ زکاۃ ہے؟

جواب: زکاۃ دینے میں اس کی ضرورت نہیں کہ فقیر کو زکاۃ کہہ کر دے، بلکہ صرف نیّت زکاۃ کافی ہے یہاں تک کہ اگر ہبہ یا قرض کہہ کر دے اور نیّت زکاۃ کی ہو ادا ہو گئی۔ ("الفتاوی الهندیة"، کتاب الزکاۃ، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۱.)

یوہیں نذر یا ہدیہ یا پان کھانے یا بچوں کے مٹھائی کھانے یا عیدی کے نام سے دی ادا ہو گئی۔ بعض محتاج ضرورت مند زکاۃ کا روپیہ نہیں لینا چاہتے، انہیں زکاۃ کہہ کر دیا جائے گا تو نہیں لیں گے لہٰذا زکاۃ کا لفظ نہ کہے۔

سوال: اگر کسی مالدار نے اپنا سارا مال صدقہ کر دیا اور زکاۃ کی نیت نہیں کی تو کیا زکاۃ ادا ہو گئی یا نہیں؟

جواب: سال پورا ہونے پر کل نصاب خیرات کر دی، اگرچہ زکاۃ کی نیّت نہ کی بلکہ نفل کی نیّت کی یا کچھ نیّت نہ کی زکاۃ ادا ہو گئی اور اگر کل فقیر کو دے دیا اور منّت یا کسی اور واجب کی نیّت کی تو دینا صحیح ہے، مگر زکاۃ اس کے ذمّہ سے ساقط نہ ہوئی اور اگر مال کا کوئی حصہ خیرات کیا تو اس حصہ کی بھی زکاۃ ساقط نہ ہو گی، بلکہ اس کے ذمّہ ہے اور اگر کل مال ہلاک ہو گیا تو کل کی زکاۃ ساقط (معاف) ہو گئی اور کچھ ہلاک ہوا تو جتنا ہلاک ہوا اس کی ساقط اور جو باقی ہے اس کی واجب، اگرچہ وہ بقدر نصاب نہ ہو۔ ہلاک کے یہ معنی ہیں کہ بغیر اس کے فعل کے ضائع ہو گیا، مثلاً چوری ہو گئی یا کسی کو

قرض وعاریت دی اُس نے انکار کر دیا اور گواہ نہیں یا وہ مر گیا اور کچھ ترکہ میں نہ چھوڑا اور اگر اپنے فعل سے ہلاک کیا مثلاً صرف کر ڈالا یا پھینک دیا یا غنی کو ہبہ کر دیا (یعنی غنی کو تحفے میں دے دیا) تو زکاۃ بدستور واجب الادا ہے، ایک پیسہ بھی ساقط نہ ہو گا اگرچہ بالکل نادار ہو۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج۱، ص۱۷۱.)

وَزَكَاةُ الدَّيْنِ عَلٰى أَقْسَامٍ فَإِنَّهٗ قَوِيٌّ وَوَسَطٌ وَضَعِيفٌ فَالْقَوِيُّ وَهُوَ بَدَلُ الْقَرْضِ وَمَالُ التِّجَارَةِ إِذَا قَبَضَهٗ وَكَانَ عَلٰى مُقِرٍّ وَلَوْ مُفَلَّسًا أَوْ عَلٰى جَاحِدٍ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ زَكَّاهُ لِمَا مَضٰى وَيَتَرَاخٰى وُجُوبُ الْأَدَاءِ إِلٰى أَنْ يَقْبِضَ أَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا فَفِيْهَا دِرْهَمٌ لِأَنَّ مَا دُوْنَ الْخُمُسِ مِنَ النِّصَابِ عَفْوٌ لَا زَكَاةَ فِيْهِ وَكَذَا فِيْمَا زَادَ بِحِسَابِهٖ۔

ترجمہ: اور قرض کی زکاۃ چند قسموں پر ہے: (۱) قرض قوی (۲) قرض وسط (۳) قرض ضعیف، پس قرض قوی وہ قرض ہے جو قرض اور مال تجارت کا بدل ہو جب کہ وہ اس پر قبضہ کرے اور یہ قرض اقرار کرنے والے پر ہو اگرچہ وہ مفلس ہو یا یہ قرض منکر پر ہو لیکن اس پر گواہ ہوں تو گزشتہ کی بھی زکاۃ دے گا اور وجوب ادا مؤخر رہے گا یہاں تک کہ ۴۰ درہم وصول کرے پس اس میں ایک درہم ہے اس لئے کہ نصاب کے پانچویں حصے سے کم معاف ہے اس پر کوئی زکاۃ نہیں ہے اور اسی حساب سے ہے جب ۴۰ درہم سے زیادہ ہو جائے۔

سوال: دین (قرض) کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

جواب: ہماری جو رقم کسی کے ذمے ہو اسے دَین کہتے ہیں اس کی ۳ قسمیں ہیں اور ہر ایک کا حکم الگ الگ ہے: (۱) دینِ قوی۔ (۲) دینِ متوسط۔ (۳) دین ضعیف۔

سوال: دینِ قوی کسے کہتے ہیں؟

جواب: (۱) دَین قوِی:

دین قَوِی اسے کہتے ہیں جو ہم نے کسی کو قرض دیا ہوا ہو، یا تجارت کا مال اُدھار بیچا ہو، یا کوئی زمین یا مکان تجارت کی غرض سے خرید کر کرائے پر دیا اور وہ کرایہ کسی کے ذمے ہو۔ (بہار شریعت جلد۔ا۔ص ۹۰۵)

سوال: دینِ قوی کی زکاۃ کا حکم کیا ہے؟

جواب: حکم: اس کی زکاۃ ہر سال فرض ہوتی رہے گی لیکن ادا کرنا اس وقت واجب ہو گا جب مقدارِ نصاب کا کم از کم پانچواں حصہ وصول ہو جائے تو اس پانچویں حصے کی زکاۃ دینا ہو گی، مثلاً ۵۰،۰۰۰ روپے نصاب ہو تو جب اس کا پانچواں حصہ ۱۰،۰۰۰ روپے وصول ہو جائیں تو اس کا چالیسواں حصہ ۲۵۰ روپے بطورِ زکاۃ دینا واجب ہو گا۔ البتہ آسانی اس میں ہے کہ ہر سال اس کی بھی زکاۃ ادا کر دی جائے۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، كتاب الزكاة، باب زكاة المال، مطلب في وجوب الزكاة في دين المرصد، ج۳، ص۲۸۱ ۔ ۲۸۳.)

وَالْوَسَطُ وَهُوَ بَدَلُ مَا لَيْسَ لِلتِّجَارَةِ كَثَمَنِ ثِيَابِ الْبِذْلَةِ وَعَبْدِ الْخِدْمَةِ وَدَارِ السُّكْنٰى لَا تَجِبُ الزَّكَاةُ فِيْهِ مَا لَمْ يَقْبِضْ نِصَابًا وَيُعْتَبَرُ لِمَا مَضٰى مِنَ الْحَوْلِ مِنْ وَقْتِ لُزُوْمِهٖ لِذِمَّةِ الْمُشْتَرِيْ فِيْ صَحِيْحِ الرِّوَايَةِ۔

ترجمہ: اور قرض متوسط ان چیزوں کا بدل ہے جو تجارت کے لئے نہ ہو جیسے استعمالی کپڑوں کی قیمت اور خدمت کے غلام اور رہنے کے گھر، اس قرض میں زکاۃ واجب نہیں ہوتی جب تک ایک نصاب پر قبضہ نہ کرے اور اعتبار کیا جائے گا سال کے گزرے ہوئے حصہ کا قرض کے لازم ہونے کے وقت سے مشتری کے ذمہ پر صحیح روایت میں۔

سوال: دینِ متوسط کسے کہتے ہیں؟

جواب: دوسرا دَین متوسط ہے جو کسی مالِ غیر تجارتی کا بدل ہو مثلاً استعمالی کپڑوں، رہنے کا گھر، گھر کا غلّہ یا سواری کا گھوڑا یا خدمت کا غلام یا اور کوئی شے حاجت اصلیہ کی بیچ ڈالی اور دام خریدار پر باقی ہیں۔

سوال: دینِ متوسط کی زکاۃ کیسے اور کب نکالیں گے؟

جواب: دینِ متوسط میں زکاۃ دینا اس وقت لازم آئے گا کہ دو سو درہم پر قبضہ ہو جائے۔

پھر اگر دَین قوی یا متوسط کئی سال کے بعد وصول ہو تو اگلے سال کی زکاۃ جو اس کے ذمہ دَین ہوتی رہی وہ پچھلے سال کے حساب میں اسی رقم پر ڈالی جائے گی، مثلاً عمرو پر زید کے تین سو درہم دَین قوی تھے، پانچ برس بعد چالیس درہم سے کم وصول ہوئے تو کچھ نہیں اور چالیس وصول ہوئے تو ایک درہم دینا واجب ہوا، اب انتالیس باقی رہے کہ نصاب کے پانچویں حصہ سے کم ہے، لہٰذا باقی برسوں کی ابھی واجب نہیں اور اگر تین سو درہم دَین متوسط تھے تو جب تک دو سو درہم وصول نہ ہوں کچھ نہیں اور پانچ برس بعد دو سو وصول ہوئے تو اکیس ۲۱ درہم واجب ہوں گے، سال اوّل کے پانچ اب سال دوم میں ایک سو پچانوے رہے ان میں سے پینتیس کہ خمس سے کم ہیں معاف ہو گئے، ایک سو ساٹھ رہے اس کے چار درہم واجب لہٰذا سال سوم میں ایک سو اکانوے رہے، ان میں بھی چار درہم واجب، چہارم میں ایک سو ستاسی رہے، پنجم میں ایک سو تراسی رہے ان میں بھی چار چار درہم واجب، لہٰذا کُل اکیس درہم واجب الادا ہوئے۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، كتاب الزكاة، باب زكاة المال، مطلب في وجوب الزكاة في دين المرصد، ج ۳، ص ۲۸۱ - ۲۸۳.)

وَالضَّعِيْفُ وَهُوَ بَدَلُ مَا لَيْسَ بِمَالٍ كَالْمَهْرِ وَالْوَصِيَّةِ وَبَدَلِ الْخُلْعِ وَالصُّلْحِ عَنْ دَمِ الْعَمَدِ وَالدِّيَةِ وَبَدَلِ الْكِتَابَةِ وَالسِّعَايَةِ لَا تَجِبُ فِيْهِ الزَّكَاةُ مَا لَمْ يَقْبِضْ نِصَابًا وَيَحُوْلُ عَلَيْهِ الْحَوْلُ بَعْدَ الْقَبْضِ وَهٰذَا عِنْدَ الْإِمَامِ وَأَوْجَبَا عَنِ الْمَقْبُوْضِ مِنَ الدُّيُوْنِ الثَّلَاثَةِ بِحِسَابِهٖ مُطْلَقًا۔

ترجمہ: اور دینِ ضعیف اور وہ ایسی چیز کا بدل ہے جو مال نہ ہو۔ جیسے مہر، وصیت، بدل خلع، صلح قتلِ عمد کی صورت میں، دیت، بدلِ کتابت اور بدلِ سعایہ کی رقم۔ ان تمام میں زکاۃ واجب نہیں ہو گی جب تک کہ ایک نصاب پر قبضہ نہ کر لے، اور قبضہ کے بعد اس پر سال نہ گزر جائے، اور یہ امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک ہے، اور صاحبین نے تینوں قرضوں کے وصول شدہ حصے کی زکاۃ اس کے حساب سے واجب کیا ہے مطلقاً۔

سوال: دینِ ضعیف کسے کہتے ہیں؟

جواب: دَینِ ضعیف وہ قرض ہے جو غیر مال کا بدل ہو جیسے مہر، بدلِ خلع، دیت، بدلِ کتابت یا مکان یا دوکان جو بہ نیتِ تجارت خریدی نہ تھی اس کا کرایہ کرایے دار پر چڑھا۔

سوال: دینِ ضعیف کی زکاۃ کیسے اور کب نکالیں گے؟

جواب: دینِ ضعیف کی زکاۃ دینا اس وقت واجب ہے کہ نصاب پر قبضہ کرنے کے بعد سال گزر جائے یہ حکم اس وقت ہے جبکہ پہلے سے اس کے پاس قرض کے علاوہ کوئی اور مال نہ ہو، اور اگر اس کے پاس کوئی نصاب اس جنس کا ہے اور اس کا سال تمام ہو جائے تو زکاۃ واجب ہے۔ یہ مسئلہ امامِ اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک ہے اور اب اسی پر فتویٰ ہے۔

جبکہ صاحبین کے نزدیک تینوں قرضے برابر ہیں اور اسی بات کو مطلقاً سے بیان کی، ان کی زکاۃ قبضے سے پہلے ہی واجب ہو جاتی ہے لیکن ادائیگی قبضے کے بعد واجب ہو گی، لہٰذا جس قدر مال وصول ہو تا جائے گا اس کی زکاۃ بھی ادا کرتا جائے گا۔

سوال: مہر، وصیت، بدلِ خلع، بدلِ صلح، قتلِ عمد اور بدلِ کتابت کسے کہتے ہیں؟

جواب: مہر (مَ، ہ، رُ) ایک اسلامی اصطلاح ہے جو شادی کے وقت مرد کی طرف سے عورت کے لیے مخصوص کی جاتی ہے۔ مہر شادی کا ایک لازمی جزو ہے۔ حق مہر ادا نہ کرنے کی نیت سے نکاح کرنے پر حدیث میں سخت وعید ہے۔ حضرت محمد ﷺ کی ازواج اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا مہر ۵۰۰ درہم یا ۱۳۱ تولے ۴ ماشے چاندی یا ۱۵۵۰ گرام چاندی کے برابر مقرر ہوا تھا۔ اسی کو مہر فاطمہ بھی کہا جاتا ہے۔ فقہ حنفی کے مطابق ان کے ہاں مہر کی مقدار کم از کم ۱۰ درہم ہے۔

وصیت میت کے اس حکم کو کہتے ہیں جس پر موت کے بعد عمل کیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص انتقال کے وقت یہ کہے کہ میرے مرنے کے بعد میری جائداد میں سے اتنا مال یا اتنی زمین فلاں شخص یا فلاں دینی ادارہ یا مسافر خانہ یا یتیم خانہ کو دے دی جائے تو یہ وصیت کہلاتی ہے۔

فقہ میں خلع کی تعریف: مال کے بدلے میں نکاح زائل کرنے کو خلع کہتے ہیں، عورت کا قبول کرنا شرط ہے، بغیر اُس کے قبول کیے خلع نہیں ہو سکتا اور اس کے الفاظ معین ہیں ان کے علاوہ اور لفظوں سے نہ ہو گا۔ اگر زوج وزوجہ میں نااتفاقی رہتی ہو اور یہ اندیشہ ہو کہ احکام شرعیہ کی پابندی نہ کر سکیں گے تو خلع میں مضایقہ نہیں اور جب خلع کر لیں تو طلاق بائن واقع ہو جائے گی اور جو مال ٹھہرا ہے عورت پر اُس کا دینا لازم ہے۔

بدلِ صلح: جس پر صلح ہوئی اُس کو بدل صلح اور مصالح علیہ کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، ج ۲، حصہ ۱۳، ص ۱۱۳۲)

قتلِ عمد کسی دھاردار آلے سے قصداً قتل کرنا قتلِ عمد کہلاتا ہے مثلاً چھری، خنجر، تیر، نیزہ وغیرہ سے کسی کو قصداً قتل کرنا۔

(ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۱۸، ص ۱۵)

بدل کتابت مکاتب (غلام) اپنی آزادی کے لیے مالک کی طرف سے مقرر شدہ جو مال ادا کرتا ہے اسے بدل کتابت کہتے ہیں۔

سوال: مکاتب غلام کسے کہتے ہیں؟

جواب: مُکاتب: آقا اپنے غلام سے مال کی ایک مقدار مقرر کر کے یہ کہہ دے کہ اتنا ادا کر دے تو آزاد ہے اور غلام اس کو قبول بھی کر لے تو ایسے غلام کو مکاتب کہتے ہیں۔ (ماخوذ از بہار شریعت، حصہ ۹، ص ۱۱)

سوال: سعایہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: بدلِ سعایہ کی صورت یہ ہے کہ ایک غلام دو شخصوں کے درمیان مشترک تھا، پس ایک نے اپنا حصہ آزاد کر دیا اور دوسرے نے آزاد نہ کیا تو وہ غلام دوسرے شخص کے حصے کی رقم کے لئے کمائی کرے گا تا کہ اس کے حصے کی رقم ادا کر سکے، پس اسی کوشش کو سعایہ کہتے ہیں، اور اس صورت میں امامِ اعظم کے نزدیک اس وقت تک مالک پر زکاۃ واجب نہیں جب تک کہ وہ بقدرِ نصاب رقم پر قبضہ نہ کر لے۔

وَإِذَا قَبَضَ مَالَ الضِّمَانِ لَا تَجِبُ زَكَاةُ السِّنِيْنَ الْمَاضِيَةِ وَهُوَ كَآبِقٍ وَمَفْقُوْدٍ وَمَغْصُوْبٍ لَيْسَ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ وَمَالٍ سَاقِطٍ فِي الْبَحْرِ وَمَدْفُوْنٍ فِيْ مَفَازَةٍ أَوْ دَارٍ عَظِيْمَةٍ وَقَدْ نَسِيَ مَكَانَهُ وَمَأْخُوْذٍ مُصَادَرَةً وَمُوْدَعٍ عِنْدَ مَنْ لَا يَعْرِفُ وَدَيْنٍ لَا بَيِّنَةَ عَلَيْهِ وَلَا يُجْزِئُ عَنِ الزَّكَاةِ دَيْنٌ أُبْرِئَ عَنْهُ فَقِيْرٌ بِنِيَّتِهَا ۔

ترجمہ: اور جب مالِ ضمان پر قبضہ کیا تو گزشتہ سالوں کی زکاۃ واجب نہیں، اور وہ جیسے بھاگا ہوا غلام، اور گمشدہ یا غصب کیا ہوا مال جس پر کوئی گواہ نہ ہو، اور وہ مال جو سمندر میں گر گیا ہو، اور وہ مال جو کسی جنگل میں یا بڑے گھر میں دفن کر دیا گیا تھا اور اس کی جگہ بھول گیا، اور وہ مال جو تاوان میں لیا گیا تھا، اور وہ مال جو ایسے شخص کے پاس امانت رکھ دیا گیا جس کو یہ نہیں پہچانتا، اور ایسا قرض جس پر کوئی گواہ نہ ہو۔ اور زکاۃ کی طرف سے وہ قرض کافی نہیں ہوگا جس سے کوئی فقیر زکاۃ کی نیّت سے بری کر دیا گیا ہو۔

سوال: ضمان کا لغوی واصطلاحی معنی کیا ہے؟

جواب: ضِمان کے لغوی معنی غائب کرنا اور مخفی کرنا ہے، اور اصطلاح شرع میں وہ مال ہے جو غائب ہو جس کے ملنے کی امید نہ ہو۔

سوال: مالِ ضِمان میں کون کون سے مال آتے ہیں؟ اور ان کی زکاۃ کب نکالی جائے گی؟

جواب: جو مال گم گیا یا دریا میں گر گیا یا کسی نے غصب کر لیا اور اس کے پاس غصب کے گواہ نہ ہوں یا جنگل میں دفن کر دیا تھا اور یہ یاد نہ رہا کہ کہاں دفن کیا تھا یا انجان کے پاس امانت رکھی تھی اور یہ یاد نہ رہا کہ وہ کون ہے؟ یا مدیُون نے دَین سے انکار کر دیا اور اُس کے پاس گواہ نہیں پھر یہ اموال مل گئے، تو جب تک نہ ملے تھے، اُس زمانہ کی زکاۃ واجب نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۱۸.)

اگر دین ایسے پر ہے جو اس کا اقرار کرتا ہے مگر ادا میں دیر کرتا ہے یا نادار ہے یا قاضی کے یہاں اس کے مفلس ہونے کا حکم ہو چکا یا وہ منکر ہے، مگر اُس کے پاس گواہ موجود ہیں تو جب مال ملے گا، سالہائے گزشتہ کی بھی زکاۃ واجب ہے۔

("تنویر الأبصار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۱۹.)(بہار شریعت جلد۔۱۔ص ۸۷۶۔۸۷۷)

سوال: آبق، مفقود، مغصوب اور مالِ ساقط کسے کہتے ہیں؟

جواب: آبق: تجارت کا غلام تھا اور وہ بھاگ گیا پھر سال گزر جانے کے بعد مل گیا تو اس گزرے ہوئے سال کی زکاۃ واجب نہیں ہو گی۔

مفقود: کسی کا مال گم ہو گیا پھر سال گزر جانے کے بعد مل گیا تو اس گزرے ہوئے سال کی زکاۃ واجب نہیں ہو گی۔

مغصوب: کسی کے مال کو کسی دوسرے شخص نے چھین لیا اور مالک کے پاس غاصب کے خلاف گواہ بھی نہ ہوں، پھر سال گزر جانے کے بعد مل گیا تو اس گزرے ہوئے سال کی زکاۃ واجب نہیں ہو گی۔

مالِ ساقط: وہ مال جو سمندر میں گر گیا، پھر سال گزر جانے کے بعد مل گیا تو اس گزرے ہوئے سال کی زکاۃ واجب نہیں ہو گی۔

سوال: "ولا یجزئ عن الزکاۃ دین أبرئ عنه فقیر بنیتها" اس عبارت سے کون سا مسئلہ بیان کیا گیا ہے؟

جواب: اس عبارت سے یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ: اگر کسی آدمی کا فقیر پر قرض ہے اس قرض کو اپنے مال کی زکاۃ میں دینا چاہتا ہے یعنی یہ چاہتا ہے کہ معاف کر دے اور وہ میرے مال کی زکاۃ ہو جائے یہ نہیں ہو سکتا، البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ اُسے زکاۃ کا مال دے اور پھر اپنا قرض اس سے لے لے، اگر وہ دینے سے انکار کرے تو ہاتھ پکڑ کر چھین سکتا ہے اور یوں بھی نہ ملے تو قاضی کے پاس مقدمہ پیش کرے کہ اُس کے پاس ہے اور میرا نہیں دیتا۔ ("الدر المختار"، کتاب الزکاۃ، ج ۳، ص ۲۲٦،)

وَصَحَّ دَفْعُ عَرَضٍ وَمَكِيْلٍ وَمَوْزُوْنٍ عَنْ زَكَاةِ النَّقْدَيْنِ بِالْقِيْمَةِ وَإِنْ أَدّٰى مِنْ عَيْنِ النَّقْدَيْنِ فَالْمُعْتَبَرُ وَزْنُهُمَا أَدَاءً كَمَا اُعْتُبِرَ وُجُوْبًا وَتُضَمُّ قِيْمَةُ الْعُرُوْضِ اِلَى الثَّمَنَيْنِ وَالذَّهَبُ إِلَى الْفِضَّةِ قِيْمَةً۔

ترجمہ: اور صحیح ہے کسی سامان اور مکیلی اور موزونی چیز کا دینا دونوں نقد (سونا، چاندی) کی زکاۃ کی طرف سے قیمت کے برابر، اور اگر خاص نقدین (سونا، چاندی) میں سے ادا کرے تو معتبر ان دونوں کا وزن ہے، جیسے کہ وجوبِ زکاۃ میں وزن کا اعتبار کیا گیا ہے، اور سامانوں کی قیمت ثمنین (سونا، چاندی) میں ملا دیا جائے گا، اور سونے کی قیمت چاندی میں ملا دی جائے گی۔

سوال: کیا سونے اور چاندی کی زکاۃ دوسری چیزوں کے ذریعے نکال سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں! نکال سکتے ہیں، اس مسئلے کو تفصیل سے سمجھنے کے لئے پہلے ایک قاعدہ ذہن میں بٹھالیجئے اور وہ قاعدہ یہ ہے کہ جب سونے کی زکاۃ سونے سے اور چاندی کی زکاۃ چاندی سے نکالی جائے تو جس طرح زکاۃ کے واجب ہونے میں وزن کا اعتبار ہے اسی طرح ادائے زکاۃ میں بھی وزن کا اعتبار ہے یعنی وزن سے زکاۃ نکالیں گے، پس اس کے پاس جتنا سونا ہے اس کا چالیسواں حصہ، اور ایسے ہی جتنی چاندی ہے اس کا چالیسواں حصہ بطورِ زکاۃ ادا کرے۔

اور اگر سونے چاندی کی زکاۃ دوسری جنس سے نکالے مثلاً سونے کی چاندی سے یا چاندی کی سونے سے یا ان میں سے ہر ایک کی مکیلی (ناپ کر بیچی جانے والی) چیز سے یا موزونی (وزن سے بیچی جانے والی) چیز سے ادا کرے تو قیمت کا اعتبار ہو گا، مثلاً کسی کے کل سونے کی قیمت چالیس ہزار روپئے ہے تو اس کی زکاۃ میں ایک ہزار کی چاندی یا کوئی اور سامان خرید کر دے دے زکاۃ ادا ہو جائے گی۔ اور اسی طرح چاندی کی زکاۃ دوسری چیز سے ادا کرنے میں کریں۔

سوال: ”تضم قيمة العروض إلى الثمنين والذهب إلى الفضة قيمة“ اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر اسباب کی قیمت تو نصاب کو نہیں پہنچتی مگر اس کے پاس ان کے علاوہ سونا چاندی بھی ہے تو اُن اسباب کی قیمت سونے چاندی کے ساتھ ملا کر مجموعہ کریں، اگر مجموعہ نصاب کو پہنچا تو زکاۃ واجب ہے، مثلاً کسی کے پاس دیگر سامان کی قیمت تیس تولے چاندی بنتی ہے اور اس کے پاس ساڑھے بائیس تولے چاندی ہے، پس جب ان دونوں کو جمع کیا گیا تو ساڑھے باون تولے چاندی ہوا، لہٰذا اس پر سال گزرنے کے بعد اس کی زکاۃ واجب ہو گی۔

اور ایسے ہی اگر کسی کے پاس سونا اور چاندی بقدرِ نصاب تو نہیں مگر دونوں کو ملانے سے کسی ایک کا نصاب پورا ہو جاتا ہے تو اس پر اس کی زکاۃ واجب ہو گی۔

وَنُقْصَانُ النِّصَابِ فِي الْحَوْلِ لَا يَضُرُّ إِنْ كَمُلَ فِيْ طَرَفَيْهِ فَإِنْ تَمَلَّكَ عَرْضًا بِنِيَّةِ التِّجَارَةِ وَهُوَ لَا يُسَاوِيْ نِصَابًا وَلَيْسَ لَهٗ غَيْرُهٗ ثُمَّ بَلَغَتْ قِيْمَتُهٗ نِصَابًا فِيْ آخِرِ الْحَوْلِ لَا تَجِبُ زَكَاتُهٗ لِذٰلِكَ الْحَوْلِ۔

ترجمہ: اور سال کے درمیان میں نصاب کا کم ہو جانا کچھ نقصان نہیں دے گا اگر سال کے دونوں جانب میں نصاب کامل ہو، پس اگر کسی سامان کا مالک ہوا تجارت کی نیت سے اور وہ سامان نصاب کے برابر نہیں ہے اور اس کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی مال نہیں ہے پھر اس کی قیمت سال کے آخر میں نصاب تک پہنچ گئی تو اس مال کی زکوۃ اس سال میں واجب نہیں ہو گی۔

سوال: درمیانِ سال نصاب کم ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: چونکہ زکاۃ کی فرضیت میں سال کے شروع اور آخر کا اعتبار کیا جاتا ہے اس لئے اگر سال مکمل ہونے پر نصابِ زکاۃ پورا ہے تو دورانِ سال (نصاب میں) ہونے والی کمی کا کوئی نقصان نہیں، موجودہ مال کی زکاۃ دی جائے گی۔

(الدر المختار ورد المحتار، کتاب الزکاۃ، باب زکاۃ المال، ج۳، ص۲۷۸، و الفتاوی الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب الاول فی نضیرھا.... الخ، ج۱، ص۱۷۵)

سوال: فإن تملک عرضا بنية التجارة وهو لا يساوي نصابا اس عبارت سے کون سا مسئلہ بیان کیا جارہا ہے؟

جواب: اگر کسی شخص کے پاس صرف مالِ تجارت ہے اور اس کی قیمت نصاب سے کم ہے مگر سال کے آخر میں اس کی قیمت بڑھ گئی اور نصاب کو پہنچ گئی تو اس سال کی زکاۃ واجب نہیں ہوگی، بلکہ جس وقت سے نصاب مکمل ہوا اس وقت سے سال کی ابتدا ہوگی اور اس دن سے ایک سال گزرنے کے بعد زکاۃ واجب ہوگی۔

وَنِصَابُ الذَّهَبِ عِشْرُوْنَ مِثْقَالًا وَنِصَابُ الْفِضَّةِ مِائَتَا دِرْهَمٍ مِنَ الدَّرَاهِمِ الَّتِيْ كُلُّ عَشَرَةٍ مِنْهَا وَزْنُ سَبْعَةِ مَثَاقِيْلَ وَمَا زَادَ عَلٰى نِصَابٍ وَبَلَغَ خُمُسًا زَكَّاهُ بِحِسَابِهِ وَمَا غَلَبَ عَلَى الْغِشِّ فَكَالْخَالِصِ مِنَ النَّقْدَيْنِ وَلَا زَكَاةَ فِي الْجَوَاهِرِ وَاللَّآلِي إِلَّا أَنْ يَتَمَلَّكَهَا بِنِيَّةِ التِّجَارَةِ كَسَائِرِ الْعُرُوْضِ۔

ترجمہ: سونے کا نصاب بیس مثقال اور چاندی کا نصاب دو سو درہم ہے، اُن دراہم میں سے جن میں سے ہر دس درہم سات مثقال کے وزن کے ہوں۔ اور جو رقم نصاب پر زائد ہو اور وہ نصاب کے پانچویں حصہ کو پہنچ جائے تو اس کی زکاۃ اس کے حساب سے دے گا۔ اور نقدین میں سے جو کھوٹ پر غالب ہو تو وہ خالص کی طرح ہے۔ اور جواہر و موتیوں پر زکاۃ نہیں ہے مگر یہ کہ ان کا تجارت کی نیّت سے مالک ہو تمام سامانوں کی طرح۔

سوال: سونے اور چاندی کا نصاب کیا ہے؟

جواب: سونے کا نصاب بیس ۲۰ مثقال ہے یعنی ساڑھے سات تولے اور چاندی کا نصاب دو سو ۲۰۰ درہم یعنی ساڑھے باون تولے ہے۔

سوال: سونا اور چاندی نصاب سے زیادہ ہو تو اس کی کس طرح زکاۃ نکالی جائے گی؟

جواب: اگر کسی کے پاس تھوڑا سا مال نصاب سے زائد ہو تو دیکھا جائے گا کہ نصاب سے زائد مال نصاب کا پانچواں حصہ (خُمُس) بنتا ہے یا نہیں؟

☆ اگر بنتا ہو تو اس پانچویں حصے (خُمُس) کا بھی اڑھائی فیصد یعنی چالیسواں حصہ زکاۃ میں دینا ہوگا۔

☆ اگر زائد مقدار پانچوں حصے (خُمُس) سے کم ہے تو وہ عَفْو ہے اس پر زکاۃ نہیں ہوگی۔

مثلاً کسی کے پاس آٹھ تولے سونا ہے تو صرف ساڑھے سات تولے سونے کی زکاۃ دینی ہو گی کیونکہ زائد مقدار (یعنی آدھا تولہ) نصاب کے پانچویں حصے (یعنی ڈیڑھ تولہ) کو نہیں پہنچتی ہے اور اگر کسی کے پاس ۹ تولے سونا ہو تو وہ ۹ تولے کی زکاۃ دے گا، کیونکہ یہ زائد مقدار (یعنی ڈیڑھ تولہ) سونے کے نصاب کا پانچواں حصہ بنتی ہے۔ علی ہذا القیاس۔ (ماخوذ از فتاویٰ رضویہ مُخَرَّجَہ، ج۱۰، ص۸۵)

نصاب سے زیادہ مال ہے تو اگر یہ زیادتی نصاب کا پانچواں حصہ ہے تو اس کی زکاۃ بھی واجب ہے، مثلاً دو سو چالیس ۲۴۰ درہم یعنی ۶۳ تولہ چاندی ہو تو زکاۃ میں چھ درہم واجب، یعنی ایک تولہ ۶ ماشہ ـــ ۱۵ رتی یعنی ۵۲ تولہ ۶ ماشہ کے بعد ہر ۱۰ تولہ ۶ ماشہ پر ۳ ماشہ ـــ ۱۵ رتی بڑھائیں اور سونا نو تولہ ہو تو دو ۲ ماشہ ـــ ۵۳ رتی یعنی ۷ تولہ ۶ ماشہ کے بعد ہر ایک تولہ ۶ ماشہ پر ـــ ۵۳ رتی بڑھائیں اور پانچواں حصہ نہ ہو تو معاف یعنی مثلاً نو تولہ سے ایک رتی کم اگر سونا ہے تو زکاۃ وہی ۷ تولہ ۶ ماشہ کی واجب ہے یعنی ۲ ماشہ۔

یوہیں چاندی اگر ۶۳ تولہ سے ایک رتی بھی کم ہے تو زکاۃ وہی ۵۲ تولہ ۶ ماشہ کی ایک تولہ ۳ ماشہ ۶ رتی واجب۔ یوہیں پانچویں حصہ کے بعد جو زیادتی ہے، اگر وہ بھی پانچواں حصہ ہے تو اُس کا چالیسواں حصہ واجب ورنہ معاف وعلیٰ ہذا القیاس۔ مال تجارت کا بھی یہی حکم ہے۔

("الدرالمختار"، کتاب الزکاۃ، باب زکاۃ المال، ج۳، ص۲۷۲.)

سوال: سونے اور چاندی میں کھوٹ ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر سونے چاندی میں کھوٹ ہو تو اس کی ۳ صورتیں ہیں:

(۱) اگر سونا یا چاندی کھوٹ پر غالب ہوں تو کُل سونا یا چاندی قرار پائے گا اور کُل پر زکاۃ واجب ہے۔

(۲) اگر کھوٹ سونے چاندی کے برابر ہو تو بھی زکاۃ واجب ہے۔

(۳) اگر کھوٹ غالب ہو تو سونا چاندی نہیں پھر اس کی ۲ صورتیں ہیں۔

(i) اگر اس میں سونا چاندی اِتنی مقدار میں ہو کہ جُدا کریں تو نصاب کو پہنچ جائے یا وہ نصاب کو نہیں پہنچتا مگر اس کے پاس اور مال ہے کہ اس سے مل کر نصاب ہو جائے گی یا وہ ثمن میں چلتا ہے اور اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہے تو ان سب صورتوں میں زکاۃ واجب ہے۔

(ii) اگر ان صورتوں میں کوئی نہ ہو تو اس میں اگر تجارت کی نیّت ہو تو بشرائط تجارت اُسے مالِ تجارت قرار دیں اور اس کی قیمت نصاب کی قدر ہو، خود یا اوروں کے ساتھ مل کر تو زکاۃ واجب ہے ورنہ نہیں۔ (ماخوذ از بہارِ شریعت، ج۱، حصہ ۵، مسئلہ نمبر ۶، ص۹۰۴)

سوال: ہیرے جواہرات کی زکاۃ کا کیا حکم ہے؟

جواب: موتی اور جواہر پر زکاۃ واجب نہیں، اگرچہ ہزاروں کے ہوں۔ ہاں اگر تجارت کی نیّت سے لئے تو واجب ہو گئی۔

("الدرالمختار"، کتاب الزکاۃ، ج۳، ص۲۳۰.)

یعنی بقدرِ نصاب ہوں تو پھر سال گزرنے پر ان کی قیمت پر زکاۃ واجب ہو گی۔ اور یہی حکم عام سامانوں کا ہے۔

موتی وغیرہ جواہر جس کے پاس ہوں اور تجارت کے لئے نہ ہوں تو ان کی زکاۃ واجب نہیں، مگر جب نصاب کی قیمت کے ہوں تو زکاۃ لے نہیں سکتا۔ ("ردالمحتار"، كتاب الزكاة، باب المصرف، مطلب في جهاز المرأة هل تصير به غنية، ج ۳، ص ۳۴۷.)

وَلَوْ تَمَّ الْحَوْلُ عَلٰى مَكِيْلٍ أَوْ مَوْزُوْنٍ فَغَلَا سِعْرُهٗ أَوْ رَخُصَ فَأَدّٰى مِنْ عَيْنِهٖ رُبُعَ عُشْرِهٖ أَجْزَأَهٗ وَإِنْ أَدّٰى مِنْ قِيْمَتِهٖ تُعْتَبَرُ قِيْمَتُهٗ يَوْمَ الْوُجُوْبِ وَهُوَ تَمَامُ الْحَوْلِ عِنْدَ الْإِمَامِ وَقَالَا يَوْمَ الْأَدَاءِ لِمَصْرَفِهَا۔

ترجمہ: اور اگر مکیلی یا موزونی چیز پر سال پورا ہو گیا پھر اس کا بھاؤ بڑھ گیا یا کم ہو گیا، پس خاص اس چیز میں سے چالیسواں حصہ ادا کر دیا تو اس کو کافی ہو گیا، اور اگر اس کی قیمت میں سے ادا کرے تو اس کے وجوبِ زکاۃ کے دن کی قیمت کا اعتبار کیا جائے گا، اور وہ امامِ اعظم کے نزدیک سال پورا ہونے کا دن ہے، اور صاحبین نے فرمایا کہ زکاۃ کے مصرف کو ادا کرنے کے دن کی قیمت کا اعتبار کیا جائے گا۔

سوال: چیزوں کا بھاؤ گھٹتے بڑھتے رہنے کی صورت میں زکاۃ کا کیا حکم ہے؟

جواب: کسی شخص نے کوئی مکیلی یا موزونی چیز تجارت کرنے کے لئے پچاس ہزار کی خریدی، پھر جب سال پورا ہوا تو اس کی قیمت بڑھ کر ایک لاکھ ہو گئی یا گھٹ کر چالیس ہزار ہو گئی، اب اگر وہ اسی چیز سے زکاۃ ادا کرنا چاہتا ہے تو اس میں سے چالیسواں حصہ بطورِ زکاۃ ادا کرے۔

اور اگر ان چیزوں کی زکاۃ میں قیمت دینا چاہتا ہے تو امامِ اعظم کے نزدیک جس دن سال پورا ہوا اس دن کی قیمت کے حساب سے زکاۃ دے، جبکہ صاحبین فرماتے ہیں کہ فقیر کو جس دن زکاۃ دی جا رہی ہے اس دن کی قیمت لگا کر زکاۃ ادا کی جائے گی۔ اور اب فتوی امامِ اعظم کے قول پر ہے۔

سوال: قیمت کی تعریف کیا ہے؟

جواب: شرعاً قیمت اس کو کہتے ہیں جو اس چیز کا بازار میں بھاؤ ہو، اتفاقی طور پر یا بھاؤ تاؤ کرنے کے بعد کمی یا زیادتی کے ساتھ کوئی چیز خرید لی جائے تو اس کو قیمت نہیں کہیں گے (بلکہ ثَمَن کہیں گے)۔ (فتاویٰ امجدیہ ج ا ص ۳۸۲)

سوال: کس بھاؤ کا اعتبار ہو گا؟

جواب: جس مقام پر اشیاء واقعی حکومتی ریٹ کے مطابق فروخت ہوتی ہوں وہاں اسی ریٹ کا اعتبار ہو گا اور اگر حکومتی ریٹ اور بازار کے بھاؤ میں فرق ہو تو بازار کے بھاؤ کا اعتبار ہو گا۔ (فتاویٰ امجدیہ، ج ۱، ص ۳۸۶، ملخصاً)

سوال: کس جگہ کی قیمت لی جائے گی؟

جواب: قیمت اس جگہ کی ہونی چاہیے جہاں مال ہے۔ (بہار شریعت، ج ۱، حصّہ ۵، مسئلہ ۱۸، ص ۹۰۸)

سوال: قیمت کس دن کی معتبر ہے؟

جواب: قیمت نہ تو بنوانے کے وقت کی معتبر ہے نہ ادائیگی زکاۃ کے وقت کی بلکہ جب زکاۃ کا سال پورا ہوا اسی وقت کی قیمت کا حساب لگایا جائے گا۔ (ماخوذ از فتاویٰ رضویہ مُخَرَّجہ، ج ۱۰، ۱۳۳)

وَلَا يَضْمَنُ الزَّكَاةَ مُفْرِطٌ غَيْرُ مُتْلِفٍ فَهَلَاكُ الْمَالِ بَعْدَ الْحَوْلِ يُسْقِطُ الْوَاجِبَ وَهَلَاكُ الْبَعْضِ حِصَّتَهُ وَيُصْرَفُ الْهَالِكُ إِلَى الْعَفْوِ فَإِنْ لَمْ يُجَاوِزْهُ فَالْوَاجِبُ عَلٰى حَالِهٖ وَلَا تُؤْخَذُ الزَّكَاةُ جَبْرًا وَلَا مِنْ تَرْكَتِهٖ إِلَّا أَنْ يُوْصِيَ بِهَا فَتَكُوْنُ مِنْ ثُلُثِهٖ وَيُجِيْزُ أَبُوْ يُوْسُفَ الْحِيْلَةَ لِدَفْعِ وُجُوْبِ الزَّكَاةِ وَكَرِهَهَا مُحَمَّدٌ۔

ترجمہ: اور مفرط (زکاۃ کی ادائیگی میں سستی کرنے والا) زکاۃ کا ضامن نہیں ہو گا اس حال میں کہ وہ مال کو برباد کرنے والا نہ ہو، پس سال کے گزرنے کے بعد مال کا ہلاک ہو جانا واجب کو ساقط کر دیتا ہے، اور بعض کا ہلاک ہونا اس کے حصے کے مطابق (واجب کو ساقط کر دیتا ہے) ہلاک ہونے والے حصے کو معافی کی طرف پھیرا جائے گا، پس اگر اس نے معافی سے تجاوز نہیں کیا تو واجب علی حالہ باقی رہے گا۔ اور زبردستی زکاۃ نہیں لی جائے گی، اور نہ ہی اس کے ترکہ میں سے مگر یہ کہ مرنے والا زکاۃ ادا کرنے کی وصیت کر جائے، تو ترکہ کے تہائی میں سے زکاۃ دی جائے گی، اور امام ابو یوسف زکاۃ کے وجوب کو دفع کرنے کے لئے حیلہ کو جائز قرار دیتے ہیں، اور امام محمد نے حیلہ کو مکروہ قرار دیا ہے۔

سوال: نصاب کا مالک تھا اور سال گزرنے پر زکاۃ نہ نکالی کہ مال ہلاک ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: زکاۃ فرض ہو جانے کے بعد فوراً ادا کرنا واجب ہے اور اس کی ادائیگی میں بلا عذر شرعی تاخیر کرنا گناہ ہے۔

(الفتاویٰ الهندية، كتاب الزكاة، فصل فی مال التجارة، الباب الاول، ص ۱۷۰)

اگر نصاب کا مالک تھا اور سال تمام پر زکاۃ نہ دی پھر سارا مال ہلاک ہو گیا اور اُس نے قصداً ہلاک نہ کیا، بلکہ بلا قصد ہلاک ہو گیا تو اُس کی زکاۃ جاتی رہی، لہٰذا اس کی زکاۃ دینا واجب نہیں۔ اور ہلاک کے یہ معنی ہیں کہ بغیر اس کے فعل کے ضائع ہو گیا، مثلاً چوری ہو گئی یا کسی کو قرض و عاریت دی اُس نے انکار کر دیا اور گواہ نہیں یا وہ مر گیا اور کچھ ترکہ میں نہ چھوڑا اور اگر اپنے فعل سے ہلاک کیا مثلاً صرف کر ڈالا یا پھینک دیا یا غنی کو ہبہ کر دیا تو زکاۃ بدستور واجب الادا ہے، ایک پیسہ بھی ساقط نہ ہو گا اگرچہ بالکل نادار ہو۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الأول، ج ۱، ص ۱۷۱.)

سوال: اگر بعض مال ہلاک ہوا اور بعض باقی ہے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کل مال ہلاک ہو گیا تو کل کی زکاۃ ساقط (معاف) ہو گئی اور کچھ ہلاک ہوا تو جتنا ہلاک ہوا اس کی ساقط اور جو باقی ہے اس کی واجب، اگرچہ وہ بقدر نصاب نہ ہو۔

سوال: فإن لم يجاوزه فالواجب على حاله اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ سونے اور چاندی میں کامل نصاب کے بعد زائد رقم پر زکاۃ اس وقت واجب ہو گی جبکہ زائد نصاب کے پانچویں حصے کے برابر ہو مثلاً چاندی کا نصاب دو سو درہم ہے پھر اس پر مزید چالیس درہم (جو کہ دو سو درہم کا پانچواں حصہ ہے) زائد ہو گئے تو دو سو درہم کی زکاۃ پانچ درہم اور چالیس درہم کی زکاۃ ایک درہم واجب ہوئی یعنی کل چھ درہم، اور چالیس سے کم ۳۹ درہم تک عفو کہلاتا ہے یعنی کسی کے پاس ۲۳۹ درہم ہیں تو زکاۃ صرف ۲۰۰ درہم کی ہی واجب ہے ۳۹ درہم کی نہیں کہ وہ معاف ہے، اب اگر ہلاک ہونے والا بعض مال ۳۹ درہم میں سے ہے تو زکاۃ میں کوئی فرق نہیں آئے گا بدستور ۲۰۰ درہم کی زکاۃ واجب ہو گی، اور اگر ہلاک ہونے والا بعض مال نصاب میں سے ہو تو اس کی زکاۃ ذمے سے ساقط ہو جائے گی مثلاً کسی کے پاس ۲۰۰ درہم تھے سال تمام ہونے پر زکاۃ نہ دی کہ اس میں سے ۴۰ درہم ہلاک ہو گئے تو اب صرف ۱۶۰ درہم کی زکاۃ ۴ درہم دینا اس پر واجب ہے۔

سوال: کیا زکاۃ زبردستی لی جاسکتی ہے؟

جواب: اگر کسی پر زکاۃ واجب ہے مگر وہ ادا نہیں کرتا تو اس سے جبراً زکاۃ وصول نہیں کی جائے گی، ہاں! ایسا کرنے والا عند اللہ گنہگار ہو گا کہ فرض کا ترک کرنے والا ہے۔

سوال: کیا میّت کے ترکہ میں سے زکاۃ لی جائے گی؟

جواب: جس شخص پر زکاۃ واجب ہے اگر وہ مر گیا تو ساقط ہو گئی یعنی اس کے مال سے زکاۃ دینا ضروری نہیں، ہاں اگر وصیّت کر گیا تو تہائی مال (یعنی کل مال کے تیسرے حصے) تک وصیّت نافذ ہے اور اگر عاقل بالغ ورثہ اجازت دے دیں تو کُل مال سے زکاۃ ادا کی جائے۔

(بہارِ شریعت، ج ۱ حصہ ۵، مسئلہ نمبر ۸۴، ص ۸۹۲)

سوال: زکاۃ سے بچنے کے لئے حیلہ کرنا کیسا ہے؟

جواب: اگر کوئی شخص زکاۃ کے وجوب سے بچنے کے لئے کوئی حیلہ کرے مثلاً سال پورا ہونے سے پہلے سارا مال کسی دوسرے کی ملک میں دے دے اور پھر اس سے واپس لے لے، تو یہ حیلہ کرنا امام ابو یوسف کے نزدیک جائز ہے، اور امام محمد کے نزدیک مکروہ ہے کہ اس میں فقرا کا نقصان ہے اور اب امام محمد کے قول پر ہی فتوی ہے۔

مدینے میں ننگے پاؤں

کروڑوں مالکیوں کے عظیم پیشوا **حضرتِ** سیِّدُنا امام مالِک عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الخَالِق زبردست عاشقِ رسول تھے، آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ **مدینۂ پاک** زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعظِیماً کی گلیوں میں ننگے پیر چلا کرتے تھے۔ (**الطبقات الکُبریٰ لِلشّعرانی الجزء الاول ص ۷۶**)

بَابُ الْمَصْرَفِ

یہ باب زکاۃ کے مصارف کے بیان میں ہے

هُوَ الْفَقِيْرُ وَهُوَ : مَنْ يَمْلِكُ مَالَا يَبْلُغُ نِصَابًا وَلَا قِيْمَتَهُ مِنْ أَيِّ مَالٍ كَانَ وَلَوْ صَحِيْحًا مُكْتَسِبًا وَالْمِسْكِيْنُ وَهُوَ : مَنْ لَا شَيْءَ لَهُ وَالْمُكَاتَبُ وَالْمَدْيُوْنُ الَّذِيْ لَا يَمْلِكُ نِصَابًا وَلَا قِيْمَتَهُ فَاضِلًا عَنْ دَيْنِهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَهُوَ مُنْقَطِعُ الْغُزَاةِ أَوِ الْحَاجِّ وَابْنُ السَّبِيْلِ وَهُوَ : مَنْ لَهُ مَالٌ فِيْ وَطَنِهِ وَلَيْسَ مَعَهُ مَالٌ وَالْعَامِلُ عَلَيْهَا يُعْطٰى قَدْرَ مَا يَسَعُهُ وَأَعْوَانَهُ۔

ترجمہ: زکاۃ کا مصرف (۱) فقیر ہے، اور فقیر وہ ہے جو اتنی چیزوں کا مالک ہو جو نصاب کو نہ پہنچے اور نہ نصاب کی قیمت کو، خواہ کوئی سا بھی مال ہو، اگرچہ تندرست، کمانے والا ہو، اور (۲) مسکین، مسکین وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ بھی نہ ہو، اور (۳) مکاتب، اور (۴) وہ مقروض جو کسی نصاب کا مالک نہ ہو اور نہ ہی نصاب کی قیمت کا، جو اس کے قرض سے زائد ہو، اور (۵) فی سبیل اللہ، اور وہ غازیوں یا حاجیوں سے جدا ہونے والا شخص ہے۔ اور (۶) ابنِ سبیل، وہ شخص ہے جس کے پاس اس کے وطن میں تو مال ہو لیکن اس کے ساتھ مال نہ ہو، اور (۷) عامل (زکاۃ وصول کرنے والا)، اس کو اتنا دیا جائے گا جو اس کو اور اس کے مددگاروں کے لئے کافی ہو۔

سوال: زکاۃ کسے دی جائے؟

جواب: اِن لوگوں کو زکاۃ دی جاسکتی ہے:

(۱) فقیر (۲) مِسکین (۳) عامِل (۴) رِقاب (۵) غارِم (۶) فِیْ سَبِیْلِ اللہ (۷) اِبن سبیل (یعنی مسافر)

(الفتاوی الھندیة، کتاب الزکاۃ، الباب السابع فی المصارف، ج۱، ص۱۸۷)

سوال: فقیر کسے کہتے ہیں؟

جواب: فقیر: وہ ہے کہ (الف) جس کے پاس کچھ نہ کچھ ہو مگر اتنا نہ ہو کہ نِصاب کو پَہُنچ جائے (ب) یا نِصاب کی قَدَر تو ہو مگر اس کی حاجتِ اَصلِیہ (یعنی ضَروریاتِ زندَگی) میں مُستَغرَق (گھرا ہوا) ہو۔ مثلاً رہنے کا مکان، خانہ داری کا سامان، سُواری کے جانور (یا اسکوٹر یا کار) کاریگروں کے اَوزار، پہننے کے کپڑے، خِدمت کیلئے لونڈی، غلام، عِلمی شُغل رکھنے والے کے لئے اسلامی کتابیں جو اس کی ضَرورت سے زائد نہ ہوں (ج) اِسی طرح اگر مَدیون (مَقروض) ہے اور دَین (قَرضہ) نکالنے کے بعد نِصاب باقی نہ رہے تو فقیر ہے اگرچِہ اس کے پاس ایک تو کیا کئی نِصابیں ہوں۔

(رَدُّالْمُحتَار ج۳ص۳۳۳، بہار شریعت، ج۱، مسئلہ نمبر ۲، حصہ ۵ ص ۹۲۴)

اگرچہ یہ فقیر تندرست ہو اور کمانے کی طاقت و قوت رکھتا ہو پھر بھی زکاۃ دے سکتے ہیں۔

سوال: مسکین کسے کہتے ہیں؟

جواب: مِسکین: وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو یہاں تک کہ کھانے اور بدن چُھپانے کیلئے اِس کا مُحتاج ہے کہ لوگوں سے سُوال کرے اور اسے سُوال حلال ہے۔ فقیر کو (یعنی جس کے پاس کم از کم ایک دن کا کھانے کیلئے اور پہننے کیلئے موجود ہے) بِغیر ضَرورت و مجبوری سُوال حرام ہے۔

(الفتاوٰی الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب السابع فی المصارف، ج۱، ص۱۸۷)

سوال: عامل کسے کہتے ہیں؟

جواب: عامِل: وہ ہے جسے بادشاہِ اسلام نے زکاۃ اور عشر وصول کرنے کے لئے مقرر کیا ہو۔

(الفتاوی الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب السابع فی المصارف، ج۱، ص۱۸۸)

نوٹ: صدر الشریعہ بدر الطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ اللہ القوی بہارِ شریعت میں فرماتے ہیں کہ "عامل اگرچہ غنی ہو اپنے کام کی اجرت لے سکتا ہے اور ہاشمی ہو تو اس کو مال زکاۃ میں سے دینا بھی ناجائز اور اسے لینا بھی ناجائز، ہاں اگر کسی اور مد (یعنی ضمن) میں دیں تو لینے میں حرج نہیں۔ (بہارِ شریعت، ج۱، مسئلہ نمبر ٦، حصہ ۵، ص۹۲۵)

اور عامل کو اتنا دیا جائے کہ عامل اور اس کے مدد گاروں کو کافی ہو جائے۔

سوال: رکاب کسے کہتے ہیں؟

جواب: رِقاب سے مراد مکاتب ہے۔ مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں جس سے اس کے آقا نے اس کی آزادی کے لئے کچھ قیمت ادا کرنا طے کی ہو، فی زمانہ رقاب موجود نہیں ہیں۔

مکاتب کو جو زکاۃ دی گئی وہ غلامی سے رہائی کے لئے ہے، مگر اب اسے اختیار ہے دیگر مصارف میں بھی خرچ کر سکتا ہے، اگر مکاتب کے پاس بقدرِ نصاب مال ہے اور بدلِ کتابت سے بھی زیادہ ہے، جب بھی زکاۃ دے سکتے ہیں مگر ہاشمی کے مکاتب کو زکاۃ نہیں دے سکتے۔

("الفتاوی الھندیۃ"، کتاب الزکاۃ، الباب السابع في المصارف، ج۱، ص۱۸۸.)

سوال: غارم کسے کہتے ہیں؟

جواب: غارِم: اس سے مراد مقروض ہے یعنی اس پر اتنا قرض ہو کہ دینے کے بعد زکاۃ کا نصاب باقی نہ رہے اگرچہ اس کا بھی دوسروں پر قرض باقی ہو مگر لینے پر قدرت نہ رکھتا ہو۔ (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الزکاۃ، باب المصرف، ج۳، ص۳۳۹)

سوال: فی سبیل اللہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: فِی سَبِیلِ اللہ: یعنی راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں خرچ کرنا۔ اس کی چند صورتیں ہیں:

(۱) کوئی شخص محتاج ہے اور جہاد میں جانا چاہتا ہے مگر اس کے پاس سواری اور زادِ راہ نہیں ہیں تو اسے مالِ زکاۃ دے سکتے ہیں کہ یہ راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں دینا ہے اگرچہ وہ کمانے پر قادر ہو۔

(۲) کوئی حج کے لئے جانا چاہتا ہے اور اس کے پاس زادِ راہ نہیں ہے تو اسے بھی زکاۃ دے سکتے ہیں لیکن اسے حج کے لئے لوگوں سے سوال کرنا جائز نہیں ہے۔

(۳) طالبِ علم جو کہ علمِ دین پڑھتا ہے یا پڑھنا چاہتا ہے اس کو بھی زکاۃ دے سکتے ہیں بلکہ طالبِ علم سوال کر کے بھی مالِ زکاۃ لے سکتا ہے جبکہ اُس نے اپنے آپ کو اسی کام کے لئے فارغ کر رکھا ہو، اگرچہ وہ کمانے پر قدرت رکھتا ہو۔

(۴) اسی طرح ہر نیک کام میں مالِ زکاۃ استعمال کرنا بھی فی سبیل اللہ یعنی راہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں خرچ کرنا ہے۔ مالِ زکاۃ میں دوسرے کو مالک بنادینا ضروری ہے بغیر مالک کئے زکاۃ ادا نہیں ہو سکتی۔

(الدر المختار و رد المحتار، کتاب الزکاۃ، باب المصرف، ج۳، ص۳۴۰، ۳۳۵، بہارِ شریعت، ج۱، مسئلہ نمبر ۱۴، حصہ ۵، ص۹۲۶، ملخصاً)

سوال: ابن سبیل کسے کہتے ہیں؟

جواب: ابن سبیل: یعنی وہ مسافر جس کے پاس سفر کی حالت میں مال نہ رہا، یہ زکاۃ لے سکتا ہے اگرچہ اس کے گھر میں مال موجود ہو مگر اسی قدر لے کہ اس کی ضرورت پوری ہو جائے، زیادہ کی اجازت نہیں اور اگر اسے قرض مل سکتا ہو تو بہتر ہے کہ قرض لے لے۔

(الفتاویٰ الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب السابع فی المصارف، ج۱، ص۱۸۸)

سوال: کیا ان سب کا فقیر ہونا شرط ہے؟

جواب: صدر الشریعہ، بدر الطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں: "جن لوگوں کی نسبت بیان کیا گیا ہے کہ انہیں زکاۃ دے سکتے ہیں ان سب کا فقیر ہونا شرط ہے سوائے عامل کے کہ اس کے لئے فقیر ہونا شرط نہیں اور ابن سبیل (یعنی مسافر) اگرچہ غنی ہو اس وقت فقیر کے حکم میں ہے، باقی کسی کو جو فقیر نہ ہو زکاۃ نہیں دے سکتے۔" (بہارِ شریعت، ج۱، مسئلہ نمبر ۴۴ حصہ۵، ص۹۳۲)

وَلِلْمُزَکِّي الدَّفْعُ اِلٰی کُلِّ الْأَصْنَافِ وَلَهُ الْاِقْتِصَارُ عَلٰی وَاحِدٍ مَعَ وُجُوْدِ بَاقِي الْأَصْنَافِ۔

ترجمہ: زکاۃ دینے والے کے لئے تمام صنفوں کو زکاۃ دینا بھی جائز ہے اور باقی صنفوں کے ہوتے ہوئے کسی ایک صنف پر اکتفا کرنا بھی جائز ہے۔

سوال: کیا زکاۃ ساتوں قسم کے لوگوں کو دینا ضروری ہے؟

جواب: زکاۃ دینے والے کو اختیار ہے کہ ان ساتوں قسموں کو دے یا ان میں کسی ایک کو دیدے، خواہ ایک قسم کے چند اشخاص کو یا ایک کو اور مالِ زکاۃ اگر بقدرِ نصاب نہ ہو تو ایک کو دینا افضل ہے اور ایک شخص کو بقدرِ نصاب دے دینا مکروہ، مگر دے دیا تو ادا ہوگئی۔ ایک شخص کو بقدرِ

نصاب دینا مکروہ اُس وقت ہے کہ وہ فقیر مدیُون نہ ہو اور مدیُون ہو تو اتنا دے دینا کہ دَین نکال کر کچھ نہ بچے یا نصاب سے کم بچے مکروہ نہیں۔ یوہیں اگر وہ فقیر بال بچوں والا ہے کہ اگرچہ نصاب یا زیادہ ہے، مگر اہل و عیال پر تقسیم کریں تو سب کو نصاب سے کم ملتا ہے تو اس صورت میں بھی حرج نہیں۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب السابع في المصارف، ج۱، ص۱۸۸.)

سوال: کیا ان لوگوں کو زکاۃ دینے میں مالک بنانا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں! زکاۃ ادا کرنے میں یہ ضروری ہے کہ جسے دیں مالک بنا دیں، اباحت کافی نہیں، لہٰذا مالِ زکاۃ مسجد میں صَرف کرنا یا اُس سے میّت کو کفن دینا یا میّت کا دَین ادا کرنا یا غلام آزاد کرنا، پُل، سرائے، سقایہ، سڑک بنوا دینا، نہر یا کنواں کھدوا دینا ان افعال میں خرچ کرنا یا کتاب وغیرہ کوئی چیز خرید کر وقف کر دینا ناکافی ہے۔ ("تنوير الأبصار"، كتاب الزكاة، باب المصرف، ج۳، ص۳۴۱ - ۳۴۳.)

وَلَا يَصِحُّ دَفْعُهَا لِكَافِرٍ وَغَنِيٍّ يَمْلِكُ نِصَابًا أَوْ مَا يُسَاوِيْ قِيْمَتَهُ مِنْ أَيِّ مَالٍ كَانَ فَاضِلٍ عَنْ حَوَائِجِهِ الْأَصْلِيَّةِ وَطِفْلِ غَنِيٍّ وَبَنِيْ هَاشِمٍ وَمَوَالِيْهِمْ . وَاخْتَارَ الطَّحَاوِيُّ جَوَازَ دَفْعِهَا لِبَنِيْ هَاشِمٍ وَأَصْلِ الْمُزَكِّيْ وَفَرْعِهِ وَزَوْجَتِهِ وَمَمْلُوْكِهِ وَمُكَاتَبِهِ وَمُعْتَقِ بَعْضِهِ وَكَفْنِ مَيِّتٍ وَقَضَاءِ دَيْنِهِ وَثَمَنِ قِنٍّ يُعْتَقُ۔

ترجمہ: اور (۱) کافر کو زکاۃ دینا صحیح نہیں ہے، اور (۲) ایسے غنی کو جو نصاب کا یا کسی ایسی چیز کا مالک ہو جو نصاب کی قیمت کے برابر ہو کسی بھی مال سے، اس حال میں کہ وہ (نصاب یا نصاب کی قیمت) اس کی حاجتِ اصلیہ سے زائد ہو، اور (۳) غنی کے بچے کو، اور (۴) بنو ہاشم کو، اور (۵) بنو ہاشم کے آزاد کردہ غلام کو۔ اور امامِ طحاوی نے بنو ہاشم کو زکاۃ دینے کے جواز کو اختیار کیا ہے۔ اور (۶) زکاۃ دینے والے کے اصول (ماں، باپ، دادا، دادی) اور (۷) زکاۃ دینے والے کے فروع (بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی) اور (۸) اپنی بیوی، اور (۹) اپنے مملوک، اور (۱۰) اپنے مکاتب، اور (۱۱) اپنے اس غلام کو جس کا بعض حصہ آزاد کر دیا گیا ہو (زکاۃ دینا جائز نہیں ہے)۔ اور میّت کے کفن میں اور میّت کے قرض کی ادائیگی میں اور ایسے غلام کی قیمت میں جس کو آزاد کیا جائے (ان کاموں میں زکاۃ کو صرف نہیں کر سکتے)۔

سوال: کافر اور بد مذہب کو زکاۃ دینا کیسا ہے؟

جواب: کافر کو زکاۃ دینے سے زکاۃ ادا نہیں ہو گی۔ (ماخوذ از فتاوٰی رضویہ مُخَرَّجہ، ج۱۰، ص۲۹۰)

ذمّی کافر کو نہ زکاۃ دے سکتے ہیں، نہ کوئی صدقہ واجبہ جیسے نذر و کفّارہ و صدقہ فطر، اور حربی کو کسی قسم کا صدقہ دینا جائز نہیں نہ واجبہ نہ نفل، اگرچہ وہ دارالاسلام میں بادشاہِ اسلام سے امان لے کر آیا ہو۔ ہندوستان اگرچہ دارالاسلام ہے مگر یہاں کے کفّار ذمّی نہیں، انہیں صدقات نفل مثلاً ہدیہ وغیرہ دینا بھی ناجائز ہے۔ (بہار شریعت جلد۔۱۔ص۹۳۱)

اور بد مذہب کو زکاۃ دینا حرام ہے اور ان کو دینے سے زکاۃ ادا بھی نہیں ہو گی۔ (فتاویٰ رضویه مُخَرَّجه، ج۱۰، ص۲۹۰)

سوال: کن کو زکاۃ نہیں دے سکتے؟

جواب: اِن مسلمانوں کو زکاۃ نہیں دے سکتے اگرچہ شرعی فقیر ہوں:

(۱) بنو ہاشم (یعنی ساداتِ کرام) چاہے دینے والا ہاشمی ہو یا غیر ہاشمی

(۲) اپنی اَصل (یعنی جن کی اولاد میں سے زکاۃ دینے والا ہو) جیسے ماں، باپ، دادا، دادی، نانا، نانی وغیرہ

(۳) اپنی فروع (یعنی جو اس کی اولاد میں سے ہوں) جیسے بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، نواسا، نواسی وغیرہ

(۴) میاں بیوی ایک دوسرے کو زکاۃ نہیں دے سکتے۔ اگر شوہر اپنی بیوی کو طلاق دے چکا ہو اور عورت عدت میں ہو تو نہیں دے سکتا اور اگر عدت گزار چکی ہو تو دے سکتا ہے۔ (الدر المختار، کتاب الزکاۃ، باب المصرف، ج۳، ص۳۴۵ و بہارِ شریعت، ج۱، مسئلہ نمبر۲۶، حصہ ۵، ص۹۲۸)

(۵) غنی کے نابالغ بچے (کیونکہ وہ اپنے باپ کی وجہ سے غنی شمار ہوتے ہیں۔)

(الدر المختار و رد المحتار، کتاب الزکاۃ، باب المصرف، ج۳، ص۳۴۹،۳۵۰، ۳۴۴، فتاوٰی رضویه، ج۱۰، ص۱۰۹)

فائدہ: جن لوگوں کو زکاۃ دینا ناجائز ہے انہیں اور بھی کوئی صدقہ واجبہ نذر و کفّارہ و فطرہ دینا جائز نہیں۔ (بہار شریعت جلد۔۱۔ص۹۳۱)

سوال: کن رشتہ داروں کو زکاۃ دے سکتے ہیں؟

جواب: اِن رشتہ داروں کو زکاۃ دے سکتے ہیں جبکہ زکاۃ کے مستحق ہوں:

(۱) بہن (۲) بھائی (۳) چچا (۴) پھوپھی (۵) خالہ (۶) ماموں (۷) بہو (۸) داماد (۹) سوتیلا باپ (۱۰) سوتیلی ماں (۱۱) شوہر کی طرف سے سوتیلی اولاد (۱۲) بیوی کی طرف سے سوتیلی اولاد۔ (ماخوذ از فتاوٰی رضویه مُخَرَّجه، ج۱۰، ص۱۱۰)

سوال: کن غُلاموں کو زکاۃ نہیں دے سکتے؟

جواب: مملوکِ شرعی (یعنی شرعی غلام) کا وجود فی زمانہ مفقود ہے، بہر حال ان غلاموں کو زکاۃ نہیں دے سکتے: (۱) ہاشمی کا غلام، اگرچہ "مُکاتَب" ہو (۲) ہاشمی کا آزاد کردہ غلام (۳) غنی کا غلام "غیر مُکاتَب" (۴) بیوی کا غلام اگرچہ "مُکاتَب" ہو (۵) شوہر کا غلام اگرچہ "مُکاتَب" ہو (۶) اپنی اَصل کا غلام اگرچہ "مُکاتَب" ہو (۷) اپنی فروع کا غلام اگرچہ "مُکاتَب" ہو (۸) اپنا غلام اگرچہ "مُکاتَب" ہو۔

(ماخوذ از فتاوٰی رضویه مُخَرَّجه، ج۱۰، ص۱۰۹)

سوال: کن غُلاموں کو زکاۃ دے سکتے ہیں؟

جواب: اِن غلاموں کو زکاۃ دے سکتے ہیں جبکہ زکاۃ کے مستحق ہوں: (۱) غیر ہاشمی کا آزاد کردہ غلام (۲) اگرچہ خود اپنا ہی ہو (۳) اپنے اور اپنے اُصول (ماں، باپ، دادا، دادی، نانا، نانی) اور اپنے فُروع (بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، نواسا، نوسی) اور شوہر اور بیوی اور "ہاشمی" کے علاوہ کسی غنی کا "مُکاتَب" غلام۔ (ماخوذ از فتاوٰی رضویه، ج۱۰، ص۱۱۰)

سوال: ساداتِ کرام کو زکاۃ نہ دینے کی کیا وجہ ہے؟

جواب: سادات کرام اور دیگر بنو ہاشم کو زکاۃ اس لئے نہیں دے سکتے کہ سادات کرام اور دیگر بنو ہاشم پر زکاۃ حرام قطعی ہے جس پر چاروں مذاہب (یعنی حنفی، شافعی، حنبلی، مالکی) کے ائمہ کرام کا اجماع ہے۔ فتاوٰی رضویہ میں ہے:"باتفاقِ ائمہ اربعہ بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب پر صدقہ فرضیہ حرام ہے۔" (فتاوٰی رضویه مُخَرَّجه، ج۱۰، ص۹۹)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ العُیوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے"یہ صدقات لوگوں کے مَیل ہیں، نہ یہ محمد صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کو حلال ہیں اور نہ محمد (صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم) کی آل کو۔"

(صحیح مسلم ، کتاب الزکاۃ، باب ترک استعمال...الخ، الحدیث۱۰۷۲، ص۵۴۰)

حکیمُ الاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنّان اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں:"یہ حدیث ایسی واضح اور صاف ہے جس میں کوئی تاویل نہیں ہو سکتی یعنی مجھے اور میری اولاد کو زکاۃ لینا اس لئے حرام ہے کہ یہ مال کا میل ہے، لوگ ہمارے میل سے ستھرے ہوں ہم کسی کا میل کیوں لیں۔" (مرأۃ المناجیح، ج۳، ص۴۶)

سوال: بنو ہاشم کون ہیں؟

جواب: بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب سے مراد پانچ خاندان ہیں، آلِ علی، آلِ عباس، آلِ جعفر، آل عقیل، آلِ حارث بن عبد المطلب۔ ان کے علاوہ جنہوں نے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم کی اِعانت نہ کی، مثلاً ابو لہب کہ اگرچہ یہ کافر بھی حضرت عبد المطلب کا بیٹا تھا، مگر اس کی اولاد بنی ہاشم میں شمار نہ ہوں گی۔ (الفتاوی الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب السابع فی المصارف، ج۱، ص۱۸۹ و بہارِ شریعت، ج۱، حصہ۵، مسئلہ ۳۹ ص۹۳۱)

سوال: واختار الطحاوي جواز دفعها لبني هاشم اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے بتانا چاہتے ہیں کہ: امام طحاوی نے بنو ہاشم کو زکاۃ دینے کے جائز ہونے کا فتوی دیا ہے۔ لیکن ان کا قول غیر مفتی بہ ہے جبکہ مفتی بہ قول نہ دینے کا ہے جو کہ اوپر گزرا۔

سوال: کیا میّت کے کفن وقرض میں زکاۃ کو صرف کر سکتے ہیں؟

جواب: مالِ زکاۃ سے میّت کو کفن دینا یا اس کا قرض ادا کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ زکاۃ کا رکن مالک بنانا ہے اور میّت کے اندر مالک بننے کی صلاحیت نہیں ہے کہ وہ تو مر گیا۔

سوال: وثمن قن یعتق اس عبارت کا کیا مطلب ہے؟

جواب: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ: زکاۃ کے مال سے آزاد کرنے کے لئے کوئی غلام یا باندی خریدنا جائز نہیں ہے اور اس طرح کرنے سے زکاۃ ادا نہیں ہو گی۔

وَلَوْ دَفَعَ بِتَحَرٍّ لِمَنْ ظَنَّهٗ مَصْرِفًا فَظَهَرَ بِخِلَافِهٖ أَجْزَأَهٗ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ عَبْدَهٗ أَوْ مُكَاتَبَهٗ وَكُرِهَ الْإِغْنَاءُ وَهُوَ أَنْ يَفْضُلَ لِلْفَقِيْرِ نِصَابٌ بَعْدَ قَضَاءِ دَيْنِهٖ وَبَعْدَ إِعْطَاءِ كُلِّ فَرْدٍ مِنْ عِيَالِهٖ دُوْنَ نِصَابٍ مِنَ الْمَدْفُوْعِ إِلَيْهِ وَإِلَّا فَلَا يُكْرَهُ . وَنُدِبَ إِغْنَاؤُهٗ عَنِ السُّؤَالِ۔

ترجمہ: اور اگر اٹکل سے ایسے شخص کو زکاۃ دے دی جس کو مستحق گمان کیا تھا پھر اس کے خلاف ظاہر ہوا تو اس کے لئے کافی ہو گا ، مگر یہ کہ وہ اس کا غلام اور مکاتب ہو۔ اور غنی بنا دینا مکروہ ہے، اور وہ (غنی بنانا) یہ ہے کہ فقیر کے پاس ایک نصاب بچ جائے اس کے قرض کو ادا کر دینے کے بعد اور اس کے عیال میں سے ہر فرد کو نصاب سے کم دینے کے بعد اس رقم میں سے جو اس کو دی گئی ہے ورنہ مکروہ نہیں۔ اور فقیر کو سوال سے بے نیاز کر دینا مستحب قرار دی گیا ہے۔

سوال: غیر مستحق نے زکاۃ لے لی تو کیا حکم ہے؟

جواب: غیر مستحق نے زکاۃ لے لی، بعد میں پشیمانی ہوئی تو اگر دینے والے نے غور و فکر کے بعد زکاۃ دی تھی اور اُسے اس کے مستحق نہ ہونے کا معلوم نہیں تھا تو زکاۃ بہر حال ادا ہو گئی لیکن اس کو لینا حرام تھا کیونکہ یہ زکاۃ کا مستحق نہیں تھا۔ غیر مستحق مال پر حاصل ہونے والی ملکیت "ملکِ خبیث" کہلاتی ہے اور اس کا حکم یہ ہے کہ اُتنا مال صدقہ کر دیا جائے۔ اور اگر جس کو زکاۃ دیا ہے وہ اسی کا غلام یا مکاتب ہو تو اس صورت میں زکاۃ ادا نہیں ہو گی۔

سوال: مالِ زکاۃ دے کر فقیر کو غنی بنا دینا کیسا ہے؟

جواب: اگر زکاۃ بقدرِ نصاب ہو تو ایک ہی شخص کو دے دینا مکروہ ہے لیکن زکاۃ بہر حال ادا ہو جائے گی۔ ایک شخص کو بقدرِ نصاب دینا مکروہ اُس وقت ہے کہ وہ فقیر مدیُون نہ ہو اور مدیُون ہو تو اتنا دے دینا کہ دَین نکال کر کچھ نہ بچے یا نصاب سے کم بچے مکروہ نہیں۔ یونہی اگر وہ فقیر بال بچوں والا ہے کہ اگرچہ زکاۃ نصاب یا نصاب سے زیادہ ہے، مگر اہل و عیال پر تقسیم کریں تو سب کو نصاب سے کم ملتا ہے تو اس صورت میں بھی حرج نہیں۔ (الفتاوی الهندية، كتاب الزكاة، الباب السابع فی المصارف، ج۱، ص۱۸۸، ملخصاً)

سوال: فقیر کو کتنا دینا مستحب ہے؟

جواب: مستحب یہ ہے کہ ایک شخص کو اتنا دیں کہ اُس دن اُسے سوال کی حاجت نہ پڑے اور یہ اُس فقیر کی حالت کے اعتبار سے مختلف ہے، اُس کے کھانے بال بچوں کی کثرت اور دیگر امور کا لحاظ کر کے دے۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الزکاۃ، باب المصرف، مطلب في حوائج الأصلية، ج۳، ص۳۵۸.)

وَكُرِهَ نَقْلُهَا بَعْدَ تَمَامِ الْحَوْلِ لِبَلَدٍ آخَرَ لِغَيْرِ قَرِيْبٍ وَأَحْوَجَ وَأَوْرَعَ وَأَنْفَعَ لِلْمُسْلِمِيْنَ بِتَعْلِيْمٍ . وَالْأَفْضَلُ صَرْفُهَا لِلْأَقْرَبِ فَالْأَقْرَبِ مِنْ كُلِّ ذِيْ رَحِمٍ مَحْرَمٍ مِنْهُ ثُمَّ لِجِيْرَانِهٖ ثُمَّ لِأَهْلِ مَحَلَّتِهٖ ثُمَّ لِأَهْلِ حِرْفَتِهٖ ثُمَّ

لِأَهْلِ بَلْدَتِهٖ وَقَالَ الشَّيْخُ أَبُوْ حَفْصٍ الْكَبِيْرُ رَحِمَهُ اللهُ لَا تُقْبَلُ صَدَقَةُ الرَّجُلِ وَقَرَابَتُهٗ مَحَاوِيْجُ حَتّٰى يَبْدَأَ بِهِمْ فَيَسُدَّ حَاجَتَهُمْ ۔

ترجمہ: اور سال مکمل ہونے کے بعد زکاۃ کو دوسرے شہر کی طرف منتقل کرنا مکروہ قرار دیا گیا ہے کسی ایسے شخص کے لئے جو رشتہ دار یا زیادہ محتاج یا زیادہ متقی یا تعلیم کے سلسلے میں مسلمانوں کے لئے زیادہ نفع بخش نہ ہو۔ اور افضل ہے زکاۃ کا دینا اپنے ذی رحم محرم رشتہ داروں میں سے سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار کو، پھر اس کے بعد جو زیادہ قریب ہو، پھر اپنے پڑوسیوں کو، پھر اپنے محلے والوں کو، پھر اپنے ہم پیشہ کو، پھر اپنے شہر والوں کو۔ اور شیخ ابو حفص کبیر نے فرمایا کہ: اس آدمی کا صدقہ قبول نہیں کیا جاتا جس کے رشتہ دار محتاج ہوں یہاں تک کہ ان سے شروع کرے اور ان کی حاجت کو دور کرے۔

سوال: زکاۃ کو دوسرے شہر بھجوانا کیسا ہے؟

جواب: اگر زکاۃ پیشگی ادا کرنی ہو تو دوسرے شہر بھیجنا مطلقاً جائز ہے اور اگر سال پورا ہو چکا ہے تو دوسرے شہر بھیجنا مکروہ، ہاں اگر وہاں کوئی رشتہ دار ہو یا کوئی شخص زیادہ محتاج ہو یا کوئی نیک متقی شخص ہو یا وہاں بھیجنے میں مسلمانوں کا زیادہ فائدہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔ در مختار میں ہے: "زکاۃ کو دوسری جگہ منتقل کرنا مکروہ ہے، ہاں ایسی صورت میں مکروہ نہیں جب دوسری جگہ کوئی رشتہ دار ہو یا کوئی زیادہ محتاج ہو یا نیک متقی شخص ہو یا اس میں مسلمانوں کا زیادہ فائدہ ہو یا سال سے پہلے جلدی زکاۃ دینا چاہتا ہو۔"

(ماخوذ از الدر المختار و در المحتار ، کتاب الزکاۃ ، باب المصرف مطلب فی الحوائج ج۳، ص۲۵۵)

سوال: کس کو زکاۃ دینا افضل ہے؟

جواب: اگر بہن بھائی غریب ہوں تو پہلے ان کا حق ہے، پھر ان کی اولاد کا پھر چچا اور پھوپھیوں کا، پھر ان کی اولاد کا، پھر ماموؤں اور خالاؤں کا، پھر ان کی اولاد کا، پھر ذَوِی الْاَرْحَام (وہ رشتہ دار جو ماں، بہن، بیوی یا لڑکیوں کی طرف سے منسوب ہوں) کا، پھر پڑوسیوں کا، پھر اپنے اہلِ پیشہ کا، پھر اہلِ شہر کا (یعنی جہاں اس کا مال ہو)۔ (الفتاویٰ الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب السابع فی المصارف، ص۱۹۰)

اور شیخ ابو حفص کبیر نے فرمایا کہ: اس آدمی کا صدقہ قبول نہیں کیا جاتا جس کے رشتہ دار محتاج ہوں یہاں تک کہ ان سے شروع کرے اور ان کی حاجت کو دور کرے۔

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ تعالیٰ علی محمد
صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

یہ باب صدقۂ فطر کے بیان میں ہے

تَجِبُ عَلٰى حُرٍّ مُسْلِمٍ مَالِكٍ لِنِصَابٍ أَوْ قِيْمَتِهٖ وَإِنْ لَمْ يَحُلْ عَلَيْهِ الْحَوْلُ عِنْدَ طُلُوْعِ فَجْرِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَلَمْ يَكُنْ لِلتِّجَارَةِ فَارِغٍ عَنِ الدَّيْنِ وَحَاجَتِهِ الْأَصْلِيَّةِ وَحَوَائِجِ عِيَالِهٖ۔

ترجمہ: صدقۂ فطر واجب ہے آزاد مسلمان پر جبکہ وہ نصاب کا، یا اس کی قیمت کا مالک ہو، اگرچہ نصاب پر سال نہ گزرا ہو، عید الفطر کے دن طلوعِ فجر کے وقت، اور تجارت کے لئے نہ ہو، قرض اور اس کی اور اس کے اہل و عیال کی حاجت اصلیہ اور ضرورت سے فارغ ہو۔

سوال: صدقۂ فطر کسے کہتے ہیں؟ اور یہ کیوں نکالا جاتا ہے؟ اس کی حکمت کیا ہے؟

جواب: بعدِ رمضان نمازِ عید کی ادائیگی سے قبل دیا جانے والا صدقۂ واجبہ، صدقۂ فطر کہلاتا ہے۔ خلیلِ ملّت حضرت علامہ مفتی محمد خلیل خان برکاتی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں "صدقۂ فطر دراصل رمضان المبارک کے روزوں کا صدقہ ہے تاکہ لغو اور بے ہودہ کاموں سے روزے کی طہارت ہو جائے اور ساتھ ہی غریبوں، ناداروں کی عید کا سامان بھی اور روزوں سے حاصل ہونے والی نعمتوں کا شکریہ بھی۔"

(ہمارا اسلام، حصہ۷، ص۸۷)

سرکارِ مدینہ منوّرہ، سردارِ مکّہ مکرّمہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ بَرَکت نشان ہے "جو تمہارے مالدار ہیں اللہ تعالٰی (صدقۂ فطر دینے کی وجہ سے) انہیں پاک فرمادے گا اور جو تمہارے غریب ہیں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں اس سے بھی زیادہ دے گا۔"

(سنن ابی داود، کتاب الزکاۃ، باب روی من صاع من قمح، الحدیث۱۶۱۹، ج۲، ص۱۶۱)

حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم، رءوف رَّحیم صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم نے روزوں کو لغو اور بے حیائی کی بات سے پاک کرنے کے لئے اور مسکینوں کو کھلانے کے لئے صدقۂ فطر مقرر فرمایا۔

(سنن ابی داؤد، کتاب الزکاۃ، باب زکاۃ الفطر، الحدیث۱۶۰۹، ج۲، ص۱۵۷)

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ رحمۃ اللہ الغنی اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں: یعنی فطرہ واجب کرنے میں ۲ حکمتیں ہیں ایک تو روزہ دار کے روزوں کی کوتاہیوں کی معافی۔ اکثر روزے میں غصہ بڑھ جاتا ہے تو بلاوجہ لڑ پڑتا ہے، کبھی جھوٹ غیبت وغیرہ بھی ہو جاتے ہیں، رب تعالٰی اس فطرے کی برکت سے وہ کوتاہیاں معاف کردے گا کہ نیکیوں سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ دوسرے مساکین کی روزی کا انتظام۔

(مرأۃ المناجیح، ج۳، ص۴۳)

سوال: صدقۂ فطر کب مشروع ہوا؟

جواب: ۲ ہجری میں رمضان کے روزے فرض ہوئے اور اسی سال عید سے دو دن پہلے صدقہ ٔفطر کا حکم دیا گیا۔

(الدر المختار، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ الفطر، ج۳، ص۳٦۲)

سوال: صدقۂ فطر کا شرعی حکم کیا ہے؟

جواب: صدقہ فطر دینا واجب ہے۔ (الدر المختار، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ الفطر، ج۳، ص۳٦۲) صحیح بخاری میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر صدقہ ٔفطر مقرر کیا۔

(صحیح البخاري، کتاب الزکاۃ، باب فرض صدقۃ الفطر، الحدیث: ۱۵۰۳، ج۱، ص۵۰۷. ملخصا)

سوال: صدقۂ فطر کس پر واجب ہے؟

جواب: صدقہ ٔفطر ہر اس آزاد مسلمان پر واجب ہے جو مالکِ نصاب ہو اور اس کا نصاب حاجتِ اصلیہ سے فارغ ہو۔

(ماخوذ از الدر المختار، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ الفطر، ج۳، ص۳٦۵)

سوال: مالکِ نصاب کون ہوتا ہے؟

جواب: مالکِ نصاب ہونے سے مراد یہ ہے کہ اس شخص کے پاس ساڑھے سات تولے سونا، یا ساڑھے باون تولے چاندی، یا اتنی مالیت کی رقم، یا اتنی مالیت کا مالِ تجارت یا اتنی مالیت کا حاجاتِ اصلیہ (یعنی ضروریاتِ زندگی) سے زائد سامان ہو۔

(ماخوذ از بہارِ شریعت، ج۱، حصّہ۵، ص۹۰۲تا۹۰۵، ۹۲۸)

سوال: وجوبِ فطرہ کا وقت کیا ہے؟

جواب: عید کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی صدقہ ٔفطر واجب ہوتا ہے، لہٰذا جو شخص صبح ہونے سے پہلے مر گیا یا غنی تھا فقیر ہو گیا یا صبح طلوع ہونے کے بعد کافر مسلمان ہوا یا بچہ پیدا ہوا یا فقیر تھا غنی ہو گیا تو واجب نہ ہوا، اور اگر صبح طلوع ہونے کے بعد مرا یا صبح طلوع ہونے سے پہلے کافر مسلمان ہوا یا بچہ پیدا ہوا یا فقیر تھا غنی ہو گیا تو واجب ہے۔ (الفتاوی الھندۃ، کتاب الزکاۃ، الباب الثامن في صدقۃ الفطر، ج۱، ص۱۹۲)

سوال: زکاۃ اور صدقۂ فطر میں کیا فرق ہے؟

جواب: زکاۃ میں سال کا گزرنا، عاقل بالغ اور نصابِ نامی (یعنی اس میں بڑھنے کی صلاحیّت) ہونا شرط ہے جبکہ صدقہ ٔفطر میں یہ شرائط نہیں ہیں۔ چنانچہ اگر گھر میں زائد سامان ہو تو مالِ نامی نہ ہونے کے باوجود اگر اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہے تو اس کے مالک پر صدقہ ٔفطر واجب ہو جائے گا۔ زکاۃ اور صدقہ ٔفطر کے نصاب میں یہ فرق کیفیت کے اعتبار سے ہے۔

(ماخوذ از الدر المختار، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ الفطر، ج۳، ص۳٦۵، ۲۱۴، ۲۰۷)

سوال: فطرہ کی ادائیگی کی شرائط کیا ہیں؟

جواب: صدقہ ٔفطر میں بھی نیت کرنا اور مسلمان فقیر کو مال کا مالک کر دینا شرط ہے۔ (رد المحتار، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ الفطر، ج۳، ص۳۸۰)

سوال: کیا نابالغ پر صدقۂ فطر واجب ہے؟

جواب: نابالغ اگر صاحبِ نصاب ہو تو اس پر بھی صدقۂ فطر واجب ہے۔ اس کا ولی اس کے مال سے فطرہ ادا کرے۔

(ماخوذ از الدر المختار، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ الفطر، ج۳، ص۲۱۴، ۲۰۷-۳۶۵)

سوال: ماں کے پیٹ میں موجود بچے کے فطرہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: جو بچہ ماں کے پیٹ میں ہو، اس کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرنا واجب نہیں۔

(الفتاویٰ الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب الثامن فی صدقۃ الفطر، ج۱، ص۱۹۲)

سوال: چھوٹے بھائی کا فطرہ کس پر واجب ہے؟

جواب: اگر بڑا بھائی اپنے چھوٹے غریب بھائی کی پرورش کرتا ہو تو اس کا صدقۂ فطر مالدار باپ پر واجب ہے نہ کہ بڑے بھائی پر۔ فتاوی عالمگیری میں ہے "چھوٹے بھائی کی طرف سے صدقہ واجب نہیں اگرچہ وہ اس کی عیال میں شامل ہوں۔"

(الفتاویٰ الھندیۃ، کتاب الزکاۃ، الباب الثامن فی صدقۃ الفطر، ج۱، ص۱۹۳)

وَالْمُعْتَبَرُ فِيْهَا الْكِفَايَةُ لَا التَّقْدِيْرُ وَهِيَ مَسْكَنُهُ وَأَثَاثُهُ وَثِيَابُهُ وَفَرَسُهُ وَسِلَاحُهُ وَعَبِيْدُهُ لِلْخِدْمَةِ فَيُخْرِجُهَا عَنْ نَفْسِهِ وَأَوْلَادِهِ الصِّغَارِ الْفُقَرَاءِ وَإِنْ كَانُوْا أَغْنِيَاءَ يُخْرِجُهَا مِنْ مَالِهِمْ وَلَا تَجِبُ عَلَى الْجَدِّ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ، وَأُخْتِيْرَ أَنَّ الْجَدَّ كَالْأَبِ عِنْدَ فَقْدِهٖ أَوْ فَقْرِهٖ۔

ترجمہ: اور معتبر ضرورت میں کافی ہونا ہے نہ کہ فرض کر لینا، اور وہ ضرورت اس کا مکان ہے اور مکان کا سامان، کپڑے، گھوڑا، ہتھیار اور خدمت کے غلام ہیں۔ پس صدقۂ فطر نکالے اپنی طرف سے اور اپنے چھوٹے فقیر بچوں کی طرف سے، اور اگر بچے مالدار ہوں تو ان کے مال میں سے نکالے۔ اور پوتوں کا صدقۂ فطر دادا پر واجب نہیں ہے ظاہر الروایت میں۔ اور مختار یہ ہے کہ باپ کے نہ ہونے یا فقیر ہونے کے وقت دادا باپ کی طرح ہے۔

سوال: والمعتبر فیھا الکفایۃ لا التقدیر اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: صدقۂ فطر کے واجب ہونے کی تین شرطیں ہیں: (۱) آزاد ہونا۔ (۲) مسلمان ہونا۔ (۳) مالکِ نصاب ہونا۔ پس اس عبارت سے تیسری شرط کے متعلق بتا رہے ہیں کہ اس کے پاس اتنا مال ہو کہ خود اس کی اور اہل و عیال کی ضرورت کے لئے فی الواقع کافی ہو رہا ہو، صرف کافی ہو سکنے کا امکان کافی نہیں، جیسے کہ بعض مقامات پر صرف امکان کے پیشِ نظر رخصت مل جاتی ہے مثلاً سفر میں تکلیف کے پیشِ نظر شریعت نے رباعی نمازوں میں قصر کا حکم دے دیا، اگرچہ اب کے سفر میں تکلیف نہیں ہوتی مگر امکانِ تکلیف کی بنا پر اب بھی رخصت ہے۔ لہٰذا یقینی طور پر جس آزاد مسلمان کے پاس اتنا مال ہو کہ وہ اس کے لئے کافی ہو تو اس پر صدقۂ فطر واجب ہو گا۔

سوال: حاجتِ اَصلیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: حاجتِ اصلیہ (یعنی ضروریاتِ زندگی) سے مراد وہ چیزیں ہیں جن کی عموماً انسان کو ضرورت ہوتی ہے اور ان کے بغیر گزراوقات میں شدید تنگی ودشواری محسوس ہوتی ہے جیسے رہنے کا گھر، پہننے کے کپڑے، سواری، علمِ دین سے متعلق کتابیں، اور پیشے سے متعلق اوزار وغیرہ۔ (الهداية، کتاب الزكاة، ج١، ص٩٦)

مثلاً جنہیں مختلف لوگوں سے رابطہ کی حاجت ہوتی ہو ان کے لئے ٹیلی فون یا موبائل، جو لوگ کمپیوٹر پر کتابت کرتے ہوں یا اس کے ذریعے روزگار کماتے ہوں ان کے لئے کمپیوٹر، جن کی نظر کمزور ہو ان کے لئے عینک یا لینس' جن لوگوں کو کم سنائی دیتا ہو ان کے لئے آلہ ٔسماعت، اسی طرح سواری کے لئے سائیکل' موٹر سائیکل یا کار یا دیگر گاڑیاں، یا دیگر اشیاء کہ جن کے بغیر اہل حاجت کا گزارہ مشکل سے ہو، حاجتِ اصلیہ میں سے ہیں۔

سوال: صدقۂ فطر کون کس کا نکالے گا؟

جواب: مالکِ نِصاب مَرد اپنی طرف سے، اپنے چھوٹے بچّوں کی طرف سے اور اگر کوئی مَجْنُون (یعنی پاگل) اولاد ہے (چاہے پھر وہ پاگل اولاد بالغ ہی کیوں نہ ہو) تو اُس کی طرف سے بھی صدقہ ٔفطر ادا کرے۔ ہاں! اگر وہ بچّہ یا مَجْنُون خود صاحِبِ نِصاب ہے تو پھر اُس کے مال میں سے فِطْرہ ادا کر دے۔ (الفتاوى الهندية، کتاب الزكاة، الباب الثامن في صدقة الفطر، ج١، ص١٩٢)

سوال: غریب باپ کے بچوں کا فطرہ کون نکالے گا؟

جواب: باپ غریب ہو تو اس کی جگہ مالک نصاب دادا پر اپنے غریب پوتے، پوتی کی طرف سے صدقہ ٔفطر دینا واجب ہے جبکہ بچے مالدار نہ ہوں۔ (الدر المختار، کتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج٣، ص٣٦٨)

اور ظاہر الروایت کے مطابق پوتوں کا صدقہ ٔفطر دادا پر واجب نہیں ہے۔ مگر یہ غیر مفتی بہ قول ہے، جبکہ مفتی بہ قول وجوب کا ہے۔

اگر باپ نہ ہو تو ماں پر اپنے چھوٹے بچوں کی طرف سے صدقہ ٔفطر دینا واجب نہیں ہے۔

(الدر المختار، کتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج٣، ص٣٦٨)

وَعَنْ مَمَالِيْكِهٖ لِلْخِدْمَةِ وَمُدَبَّرِهٖ وَأُمِّ وَلَدِهٖ وَلَوْ كُفَّارًا لَا عَنْ مُكَاتَبِهٖ وَلَا عَنْ وَلَدِهِ الْكَبِيْرِ وَزَوْجَتِهٖ وَقِنٍّ مُشْتَرَكٍ وَآبِقٍ اِلَّا بَعْدَ عَوْدِهٖ وَكَذَا الْمَغْصُوْبُ وَالْمَأْسُوْرُ وَهِيَ نِصْفُ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ أَوْ دَقِيْقِهٖ اَوْ سَوِيْقِهٖ أَوْ صَاعُ تَمْرٍ أَوْ زَبِيْبٍ أَوْ شَعِيْرٍ وَهُوَ ثَمَانِيَةُ أَرْطَالٍ بِالْعِرَاقِيِّ وَيَجُوْزُ دَفْعُ الْقِيْمَةِ وَهِيَ أَفْضَلُ عِنْدَ وِجْدَانِ مَا يَحْتَاجُهٗ لِأَنَّهَا أَسْرَعُ لِقَضَاءِ حَاجَةِ الْفَقِيْرِ وَإِنْ كَانَ زَمَنَ شِدَّةٍ فَالْحِنْطَةُ وَالشَّعِيْرُ وَمَا يُؤْكَلُ أَفْضَلُ مِنَ الدَّرَاهِمِ۔

ترجمہ: اور اپنے خدمت کے غلاموں اور مدبّر اور امِّ ولد کی طرف سے صدقہ ٔفطر ادا کرنا واجب ہے، اگرچہ وہ کافر ہوں، نہ کہ اپنے مکاتب غلام کی طرف سے، اور نہ اپنے بڑے لڑکے کی طرف سے، اور نہ اپنی بیوی کی طرف سے، اور نہ اپنے مشترک غلام کی طرف سے، اور نہ بھاگے ہوئے غلام کی طرف سے، مگر اس کے لوٹنے کے بعد، اور ایسے ہی غصب کئے ہوئے غلام اور قیدی غلام کی

طرف سے۔ صدقۂ فطر گیہوں یا گیہوں کے آٹے یا گیہوں کے ستو کا آدھا صاع، یا کھجور یا کشمش یا جو کا ایک صاع ہے۔ آٹھ رطل عراقی کا ایک صاع ہوتا ہے۔ اور قیمت کا دینا بھی جائز ہے، اور یہی افضل ہے اس چیز کے ملنے کے وقت جس کی فقیر کو حاجت ہے، اس لئے کہ یہ (قیمت) فقیر کی حاجت کو جلدی پورا کرنے والی ہے، اور اگر زمانہ قحط کا ہو تو گیہوں اور جو اور جو چیزیں کھائی جاتی ہیں وہ درہموں سے افضل ہیں۔

سوال: آقا اپنے کن غلاموں کا صدقۂ فطر نکالے گا؟

جواب: خدمت کے غلام اور مدبر و ام ولد کی طرف سے ان کے مالک پر صدقۂ فطر واجب ہے، اگرچہ غلام مدیُون ہو، اگرچہ دَین میں مستغرق ہو اور اگر غلام گروی ہو اور مالک کے پاس حاجتِ اصلیہ کے سوا اتنا ہو کہ دَین ادا کر دے اور پھر نصاب کا مالک رہے تو مالک پر اُس کی طرف سے بھی صدقہ واجب ہے۔ اگرچہ یہ غلام کافر ہوں۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الثامن في صدقة الفطر، ج۱، ص۱۹۲)

سوال: مرد کن کا صدقۂ فطر نہیں نکالے گا؟

جواب: اپنی عورت اور اولاد عاقل بالغ کا فطرہ مرد کے ذمہ نہیں اگرچہ اپاہج ہو، اگرچہ اس کے نفقات اس کے ذمہ ہوں۔

("الدر المختار"، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج۳، ص۳۷۰)

بھاگا ہوا غلام اور وہ جسے حربیوں نے قید کر لیا ان کی طرف سے صدقہ مالک پر نہیں۔ یوہیں اگر کسی نے غصب کر لیا اور غاصب انکار کرتا ہے اور اس کے پاس گواہ نہیں تو اس کا فطرہ بھی واجب نہیں، مگر جب کہ واپس مل جائیں تو اب ان کی طرف سے سالہائے گزشتہ کا فطرہ دے، مگر حربی اگر غلام کے مالک ہو گئے تو واپسی کے بعد بھی اس کا فطرہ نہیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج۳، ص۳۷۰)

مکاتب غلام کا فطرہ نہ مکاتب پر ہے، نہ اس کے مالک پر۔ یوہیں مکاتب اور ماذُون کے غلام کا اور مکاتب اگر بدلِ کتابت ادا کرنے سے عاجز آیا تو مالک پر سالہائے گزشتہ کا فطرہ نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الثامن في صدقة الفطر، ج۱، ص۱۹۳).

دو یا چند شخصوں میں غلام مشترک ہے تو اُس کا فطرہ کسی پر نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب الزكاة، الباب الثامن في صدقة الفطر، ج۱، ص۱۹۳).

تجارت کے غلام کا فطرہ مالک پر واجب نہیں اگرچہ اس کی قیمت بقدرِ نصاب نہ ہو۔ ("ردالمحتار"، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج۳، ص۳۶۹).

سوال: صدقۂ فطر کن چیزوں سے ادا ہوتا ہے؟ اور کتنی مقدار ہے؟

جواب: گندم یا اس کا آٹا یا ستو نصف صاع، کھجور یا منقّٰی یا جَو یا اس کا آٹا یا ستو ایک صاع۔ ان چار چیزوں (یعنی گیہوں، جو، کھجور، منقی) کے علاوہ اگر کسی دوسری چیز سے فطرہ ادا کرنا چاہے، مثلاً چاول، جوار، باجرہ یا اور کوئی غلّہ یا اور کوئی چیز دینا چاہے تو قیمت کا لحاظ کرنا ہو گا یعنی وہ چیز آدھے صاع گیہوں یا ایک صاع جَو کی قیمت کی ہو، یہاں تک کہ روٹی دیں تو اس میں بھی قیمت کا لحاظ کیا جائے گا اگرچہ گیہوں یا جَو کی ہو۔

(بہار شریعت حصہ پنجم، ص۹۳۹ ملتقطًا)

سوال: صاع کی مقدار کتنی ہے؟

جواب: صاع کی تحقیق میں اختلاف ہونے کے سبب صدقہ ٔفطر کی مقدار میں علماء کرام کا اختلاف ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: احتیاط یہ ہے کہ جَو کے صاع سے گیہوں دیئے جائیں، جَو کے صاع میں گیہوں تین سو اکاون ۳۵۱ روپے بھر آتے ہیں تو نصف صاع ایک سو پچھتر ۱۷۵ روپے آٹھ آنے بھر ہوا۔ (فتاوی رضویہ ، ج۱۰، ص۲۹۵)

اس کو آسان لفظوں میں یوں سمجھیں کہ ایک سو پَچھتّر روپے اَٹھنّی بھر اوپر "(یعنی دو سیر تین چھٹانک آدھا تولہ، یا ۲ کلو اور تقریباً ۵۰ گرام) وَزن گیہوں یا اُس کا آٹا یا اتنے گیہوں کی قیمت ایک صدقہ ٔفطر کی مِقدار ہے۔ اگر کھجور یا مُنَقّٰی (یعنی کشمش) یا جَو یا اس کا آٹا یا ستّو یا ان کی قیمت دینا چاہیں تو" تین سو اِکاون روپے بھر" (یعنی ۴ کلو اور تقریباً ۱۰۰ گرام) ایک صدقہ ٔفطر کی مقدار ہے۔ (بہارِ شریعت جلد اوّل حصہ۵ص۹۳۸) اور ایک صاع عراقی آٹھ رطل کا ہوتا ہے۔

سوال: صدقۂ فطر میں کیا دینا افضل ہے؟

جواب: گیہوں اور جَو کے دینے سے اُن کا آٹا دینا افضل ہے اور اس سے افضل یہ کہ قیمت دیدے، خواہ گیہوں کی قیمت دے یا جَو کی یا کھجور کی مگر زمانہ ٔقحط میں خود ان کا دینا قیمت دینے سے افضل ہے۔

(الفتاوی الھندیہ ،کتاب الزکاۃ ،الباب الثامن فی صدقۃ الفطر ،ج۱،ص۱۹۱۔ ۱۹۲ و نور الایضاح ،کتاب الزکاۃ ، باب صدقۃ الفطر ، ص۱۷۳۔ ۱۷۴ ملتقطا)

بلکہ صدقہ ٔفطر میں وہ چیز دی جائے جس چیز کی فقیر کو حاجت ہے۔ اور قیمت دینا اور اچھا ہے کہ اس سے فقیر جو چاہے خرید لے۔

وَوَقْتُ الْوُجُوْبِ عِنْدَ طُلُوْعِ فَجْرِ يَوْمِ الْفِطْرِ فَمَنْ مَاتَ أَوْ اِفْتَقَرَ قَبْلَهٗ أَوْ أَسْلَمَ أَوْ اِغْتَنٰى أَوْ وُلِدَ بَعْدَهٗ لَا تَلْزَمُهٗ . وَيُسْتَحَبُّ إِخْرَاجُهَا قَبْلَ الْخُرُوْجِ إِلَى الْمُصَلّٰى وَصَحَّ لَوْ قَدَّمَ أَوْ أَخَّرَ وَالتَّأْخِيْرُ مَكْرُوْهٌ وَيَدْفَعُ كُلُّ شَخْصٍ فِطْرَتَهٗ لِفَقِيْرٍ وَاحِدٍ . وَاُخْتُلِفَ فِيْ جَوَازِ تَفْرِيْقِ فِطْرَةٍ وَاحِدَةٍ عَلٰى أَكْثَرَ مِنْ فَقِيْرٍ وَيَجُوْزُ دَفْعُ مَا عَلٰى جَمَاعَةٍ لِوَاحِدٍ عَلَى الصَّحِيْحِ وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ لِلصَّوَابِ ۔

ترجمہ: اور صدقہ ٔفطر کے واجب ہونے کا وقت عید الفطر کے دن فجر کے طلوع ہونے کا وقت ہے، پس جو شخص اس سے پہلے مر جائے یا فقیر ہو جائے یا اس کے بعد مسلمان ہو یا غنی ہو یا پیدا ہوا، اس پر صدقہ ٔفطر لازم نہیں ہے۔ اور عید گاہ جانے سے پہلے صدقہ ٔفطر نکالنا مستحب ہے، اور اگر مقدم یا موٴخر کر دے تب بھی درست ہے اور تاخیر مکروہ ہے۔ اور ہر شخص اپنا فطرہ ایک ہی فقیر کو دے، اور اختلاف کیا گیا ہے ایک فطرے کو ایک فقیر سے زیادہ پر تقسیم کرنے کے جواز میں، اور جائز ہے اس صدقہ کا دینا جو ایک جماعت پر لازم ہے ایک شخص کو صحیح قول پر، اور اللہ عزوجل ہی صواب کی توفیق دینے والا ہے۔

سوال: صدقۂ فطر کی ادائیگی کا وقت کیا ہے؟

جواب: عید کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی صدقہ ٔفطر واجب ہوتا ہے۔

سوال: عید کے دن صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے یا بعد میں کوئی پیدا ہوا، یا مرا، یا مسلمان ہوا، یا غنی فقیر ہوا تو کیا حکم ہے؟

جواب: جو شخص صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے مر گیا یا غنی تھا فقیر ہو گیا یا صبح طلوع ہونے کے بعد کافر مسلمان ہوا یا بچہ پیدا ہوا یا فقیر تھا غنی ہو گیا تو واجب نہ ہوا اور اگر صبح صادق طلوع ہونے کے بعد مرا یا صبح طلوع ہونے سے پہلے کافر مسلمان ہوا یا بچہ پیدا ہوا یا فقیر تھا غنی ہو گیا تو واجب ہے۔ (الفتاویٰ الهندية، كتاب الزكاة، باب الثامن ، ج۱، ص۱۹۲)

شبِ عید بچہ پیدا ہوا تو اس کا بھی فطرہ دینا ہو گا کیونکہ عید کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی صدقہ ٔفطر واجب ہو جاتا ہے، اور اگر بعد میں پیدا ہوا تو واجب نہیں۔ (الفتاویٰ الهندية، كتاب الزكاة، باب الثامن ، ج۱، ص۱۹۲)

عید کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی صدقہ فطر واجب ہو جاتا ہے، لہٰذا اگر اس وقت سے پہلے کوئی مسلمان ہوا تو اس پر فطرہ دینا واجب ہے اور اگر بعد میں مسلمان ہوا تو واجب نہیں۔ (الفتاویٰ الهندية، كتاب الزكاة، باب الثامن ، ج۱، ص۱۹۲)

سوال: کس وقت صدقۂ فطر ادا کرنا مستحب ہے؟

جواب: بہتر یہ ہے کہ عید کی صبح صادق ہونے کے بعد اور عید گاہ جانے سے پہلے ادا کر دے۔

(الدر المختار، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، ج۳، ص۳۷۶)

فطرہ کا مقدم کرنا مطلقاً جائز ہے جب کہ وہ شخص موجود ہو، جس کی طرف سے ادا کرتا ہو اگرچہ رمضان سے پیشتر ادا کر دے اور اگر فطرہ ادا کرتے وقت مالک نصاب نہ تھا پھر ہو گیا تو فطرہ صحیح ہے اور بہتر یہ ہے کہ عید کی صبح صادق ہونے کے بعد اور عید گاہ جانے سے پہلے ادا کر دے۔

(بہارِ شریعت جلد۔۱۔ص۹۴۰)

اور اگر تاخیر کر دی تو مکروہ ہے یعنی نمازِ عید کے بعد ادا کیا۔

اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ ربِّ العزّت فرماتے ہیں: اس (یعنی صدقہ ٔفطر) کے دینے کا وقت واسع ہے عید الفطر سے پہلے بھی دے سکتا ہے اور بعد بھی، مگر بعد کو تاخیر نہ چاہیے بلکہ اَولی یہ ہے کہ نمازِ عید سے پہلے نکال دے کہ حدیث میں ہے صاحبِ نصاب کے روزے معلق رہتے ہیں جب تک یہ صدقہ ادا نہ کرے گا۔ (فتاویٰ رضویہ، ج۱۰، ص۲۵۳)

سوال: ایک شخص کا فطرہ کتنے فقیروں کو دیا جائے؟

جواب: بہتر یہ ہے کہ ایک ہی مسکین یا فقیر کو فطرہ دیا جائے اگر ایک شخص کا فطرہ مختلف مساکین کو دے دیا تو اس میں علما کا اختلاف ہے مگر مفتی بہ قول کے مطابق تب بھی جائز ہے، اسی طرح ایک ہی مسکین کو مختلف اشخاص کا فطرہ بھی دے سکتے ہیں۔

(الدر المختار و رد المحتار، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر، مطلب فی مقدار الفطر ج۳، ص۳۷۷ ملخصاً)

سوال: فطرہ کے مصارف کون ہیں یعنی کس کو دیا جائے؟

جواب: صدقۂ فطر کے مصارِف وُہی ہیں جو زکاۃ کے ہیں۔ (عالمگیری ج۱ ص۱۹۴) یعنی جِن کو زکاۃ دے سکتے ہیں اِنہیں فِطرہ بھی دے سکتے ہیں اور جن کو زکاۃ نہیں دے سکتے اُن کو فِطرہ بھی نہیں دے سکتے۔ لہٰذا زکاۃ کی طرح صدقۂ فطر کی رقم بھی حیلہ شرعی کے بعد مدارس و جامعات اور دیگر دینی کاموں میں استعمال کی جاسکتی ہے۔ (فتاوٰی امجدیہ ج۱ ص۳۷۶ ملخصًا)

مدینے میں سُواری سے پرہیز

حضرتِ سیِّدُنا امام شافعی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْکافی فرماتے ہیں: میں نے مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً میں حضرتِ سیِّدُنا **امام مالِک** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق کے دروازے پر خُراسان یا مِصر کے گھوڑے بندھے دیکھے جو آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کو بطورِ ہدِیَّہ (GIFT) پیش کئے گئے تھے، اِس قَدَر اعلیٰ گھوڑے میں نے کبھی نہ دیکھے تھے۔ چُنانچِہ، میں نے عرض کی: "یہ گھوڑے کتنے عمدہ ہیں!" فرمایا: "میں یہ سب آپ کو تحفے میں دیتا ہوں۔" میں نے عَرض کی: "ایک گھوڑا اپنے لئے تو رکھ لیجئے۔" فرمایا: "مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ سے حیا آتی ہے کہ اُس مبارَک زمین کو اپنے گھوڑے کے قدموں تلے رَوندُوں جس میں اُس کے پیارے پیمبر، بی بی آمِنہ کے دلبر، مدینے کے تاجور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ موجود ہیں یعنی آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا روضۂ انور ہے۔" (احیاء العلوم ج۱ ص۴۸، الروض الفائق ص۲۱۷)

ہاں ہاں رہِ مدینہ ہے غافِل ذرا تو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے

(حدائقِ بخشش شریف)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

الحمد للہ اللطیف و الصلوۃ و السلام علی رسولہ الشفیق اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ و السلام علیك یا رسول اللہ ﷺ و علی الك و اصحابك یا حبیب اللہ ﷺ

شارق الفلاح
شرح
نور الایضاح

کتاب الحج

مصنف

شیخ الاسلام الحافظ الامام محی الدین ابوزکریا یحیٰی بن شرف نووی (علیہ رحمۃ اللہ القوی)

شارح

مولانا محمد شفیق خان عطاری المدنی فتحپوری ہندی

كِتَابُ الْحَجِّ

حج کا بیان

هُوَ زِيَارَةُ بِقَاعٍ مَخْصُوصَةٍ بِفِعْلٍ مَخْصُوصٍ فِيْ أَشْهُرِهٖ وَهِيَ شَوَّالٌ وَذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرُ ذِي الْحِجَّةِ فُرِضَ مَرَّةً عَلَى الْفَوْرِ فِي الْأَصَحِّ۔

ترجمہ: حج مخصوص جگہوں کی مخصوص فعل کے ساتھ حج کے مہینوں میں زیارت کرنے کا نام ہے، اور وہ (اشہرِ حج) شوّال اور ذو القعدہ اور ذوالحجہ کے دس دن ہیں، اصح قول میں علی الفور ایک مرتبہ فرض کیا گیا ہے۔

سوال: حج کا لغوی معنی کیا ہے؟ نیز کعبہ شریف کے بارے میں کچھ بتائیں۔

جواب: حج کے معنی ہیں قصد اور ارادہ، عبادت کی نیت سے کعبہ شریف کا ارادہ کرنا حج ہے۔ حج کا سبب کعبۂ معظمہ ہے، کعبہ شریف سب سے پہلے فرشتوں نے بنایا بیت المعمور کے مقابل اسی کا نام فرشتوں کے ہاں ضراح تھا، حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے سے فرشتے اس کا حج کرتے تھے، پھر آدم علیہ السلام سے لے کر ہمارے حضور صلی اللہ علیہ و سلم تک صرف انبیائے کرام نے حج کعبہ کیا، کسی امت پر حج فرض نہ تھا، ۵ یا ۶ یا ۹ ہجری میں مسلمانوں پر حج فرض فرمایا گیا، حضور صلی اللہ علیہ و سلم نے فرضیت حج سے پہلے قبل ہجرت جو حج کئے وہ بطور عادتِ کریمہ تھے، آدم علیہ السلام نے ہندوستان سے پیدل چل کر چالیس حج کئے، حضور علیہ صلی اللہ علیہ و سلم کے حج میں حضرت موسیٰ علیہ السلام و یونس علیہ السلام و عیسیٰ علیہ السلام نے بھی شرکت کی اور حضور علیہ السلام کے ساتھ حج کیا۔ معلوم ہوا کہ انبیائے کرام زندہ ہیں عبادتیں کرتے ہیں مگر ان کی یہ عبادتیں شرعی تکلیف سے نہیں ان کی خود اپنی خوشی سے ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام کو حضور علیہ السلام نے ان کی قبر میں نماز پڑھتے دیکھا۔ (مراۃ المناجیح جلد۔ ۳۔ ص ۱۲۱)

سوال: اصطلاحِ شرع میں حج کسے کہتے ہیں؟ اور کب فرض ہوا؟ اور کتنی بار فرض ہے؟

جواب: حج نام ہے احرام باندھ کر نویں ذی الحجہ کو عرفات میں ٹھہرنے اور کعبۂ معظمہ کے طواف کا اور اس کے لئے ایک خاص وقت مقرر ہے کہ اس میں یہ افعال کئے جائیں تو حج ہے۔ ۹ ہجری میں فرض ہوا، اس کی فرضیت قطعی ہے، جو اس کی فرضیت کا انکار کرے کافر ہے مگر عمر بھر میں صرف ایک بار فرض ہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب المناسك، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته ...إلخ، ج۱، ص۲۱۶.)

جب حج کے لئے جانے پر قادر ہو حج فوراً فرض ہو گیا یعنی اُسی سال میں اور اب تاخیر گناہ ہے اور چند سال تک نہ کیا تو فاسق ہے اور اس کی گواہی مردود مگر جب کرے گا ادا ہی ہے قضا نہیں۔ ("الدر المختار"، كتاب الحج، ج۳، ص۵۲۰.)

سوال: حج کا وقت کب سے کب تک ہے؟

جواب: حج کا وقت شوال سے دسویں ذی الحجہ تک (دو مہینے اور دس دن تک) ہے کہ اس سے پیشتر (پہلے) حج کے افعال نہیں ہو سکتے، سوا احرام کے کہ احرام اس سے پہلے بھی ہو سکتا ہے اگرچہ مکروہ ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، ج۳، ص۵۴۳.)

سوال: حج کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: حج کی تین قسمیں ہیں: {۱} قِران {۲} تَمَتُّع {۳} اِفراد

[۱] قِران: یہ سب سے افضل ہے، قِران کرنے والا "قارِن" کہلاتا ہے، اِس میں عُمرہ اور حج کا اِحرام ایک ساتھ باندھا جاتا ہے مگر عُمرہ کرنے کے بعد "قارِن" "حَلْق یا "قصر" "نہیں کرواسکتا اِسے بدستور اِحرام میں رہنا ہوگا، دسویں، گیارہویں یا بارہویں ذُوالحِجَّہ کو قربانی کرنے کے بعد حَلْق یا قَصر کرواکے اِحرام کھول دے۔

[۲] تَمَتُّع: یہ حج ادا کرنے والا "مُتَمَتِّع" کہلاتا ہے۔ یہ اَشْہُرِ حج میں "مِیقات" کے باہر سے آنے والے ادا کرسکتے ہیں۔ مَثَلًا پاک و ہند سے آنے والے عُموماً تَمَتُّع ہی کیا کرتے ہیں کہ آسانی یہ ہے کہ اس میں عُمرہ تو ہوتا ہی ہے لیکن عُمرہ ادا کرنے کے بعد "حَلْق یا قصر" کرواکے اِحرام کھول دیا جاتا ہے اور پھر ۸ ذُوالحِجَّہ یا اِس سے قبل حج کا اِحرام باندھا جاتا ہے۔

[۳] اِفراد: اِفراد کرنے والے حاجی کو "مُفْرِد" کہتے ہیں۔ اِس حج میں "عُمرہ" شامل نہیں ہے اِس میں صرف حج کا "اِحرام" باندھا جاتا ہے۔ اہلِ مکّہ اور "حِلّی" یعنی مِیقات اور حُدُودِ حرم کے دَرمیان میں رہنے والے باشندے (مَثَلًا اہلیانِ جَدَّہ شریف) "حجِ اِفراد" کرتے ہیں۔ قِران یا تَمَتُّع کریں گے تو دم واجِب ہوگا، آفاقی چاہے تو "اِفراد" کرسکتا ہے۔

شُرُوْطُ فَرْضِيَّتِهٖ

وَشُرُوْطُ فَرْضِيَّتِهٖ ثَمَانِيَةٌ عَلَى الْأَصَحِّ : ١ اَلْإِسْلَامُ ٢ وَالْعَقْلُ ٣ وَالْبُلُوْغُ ٤ وَالْحُرِّيَّةُ ٥ وَالْوَقْتُ ٦ وَالْقُدْرَةُ عَلَى الزَّادِ وَلَوْ بِمَكَّةَ بِنَفَقَةٍ وَسْطٍ ٧ وَالْقُدْرَةُ عَلٰى رَاحِلَةٍ مُخْتَصَّةٍ بِهٖ أَوْ عَلٰى شِقِّ مَحْمِلٍ بِالْمِلْكِ أَوِ الْإِجَارَةِ لَا الْإِبَاحَةِ وَالْإِعَارَةِ لِغَيْرِ أَهْلِ مَكَّةَ وَمَنْ حَوْلَهُمْ إِذَا أَمْكَنَهُمُ الْمَشْيُ بِالْقَدَمِ وَالْقُوَّةِ بِلَا مَشَقَّةٍ وَإِلَّا فَلَا بُدَّ مِنَ الرَّاحِلَةِ مُطْلَقًا . وَتِلْكَ الْقُدْرَةُ فَاضِلَةٌ عَنْ نَفَقَتِهٖ وَنَفَقَةِ عِيَالِهٖ إِلٰى حِيْنِ عَوْدِهٖ وَعَمَّا لَا بُدَّ مِنْهُ كَالْمَنْزِلِ وَأَثَاثِهٖ وَآلَاتِ الْمُحْتَرِفِيْنَ وَقَضَاءِ الدَّيْنِ ٨ وَيُشْتَرَطُ الْعِلْمُ بِفَرْضِيَّةِ الْحَجِّ لِمَنْ أَسْلَمَ بِدَارِ الْحَرْبِ أَوِ الْكَوْنُ بِدَارِ الْإِسْلَامِ ۔

ترجمہ: حج کے فرض ہونے کی شرطیں آٹھ ہیں: (۱) اسلام۔ (۲) عقل۔ (۳) بلوغ۔ (۴) آزادی۔ (۵) وقت۔ (۶) توشہ پر قادر ہونا، اگرچہ مکہ میں ہو متوسط خرچ سے۔ (۷) اور ایسی سواری پر قادر ہونا جو اس کے ساتھ خاص ہو، یا کجاوے کے ایک حصے پر ملکیت یا کرایہ کے ساتھ، نہ کہ اباحت اور عاریت کے طور پر غیر مکی کے لئے۔ اور جو لوگ اہلِ مکہ کے آس پاس ہیں (ان پر حج اس وقت فرض ہوگا) جبکہ ان کو قدم اور طاقت سے بغیر مشقت کے چلنا ممکن ہو، ورنہ مطلقاً سواری ضروری ہوگی، اور یہ قدرت فاضل ہو اس کے اور اس کے عیال کے خرچ سے اس کے لوٹ آنے کے وقت تک، اور ان چیزوں سے بھی فاضل ہو جو ضروری ہیں جیسے مکان اور گھر کا سامان اور پیشہ والوں کے اوزار اور قرض کی ادائیگی۔ (۸) اور شرط لگائی جاتی ہے حج کی فرضیت جاننے کی اس شخص کے لئے جو دار الحرب میں اسلام لے آیا ہو، یا دار الاسلام میں ہونے کی۔

سوال: حج کے فرض ہونے کی کتنی شرائط ہیں؟

جواب: حج کے فرض ہونے کی آٹھ شرطیں ہیں، جب تک وہ سب نہ پائی جائیں حج فرض نہیں۔

سوال: پہلی شرط کون سی ہے؟

جواب: اسلام: لہٰذا اگر مسلمان ہونے سے پیشتر استطاعت تھی پھر فقیر ہو گیا اور اسلام لایا تو زمانۂ کفر کی استطاعت کی بنا پر اسلام لانے کے بعد حج فرض نہ ہوگا، کہ جب استطاعت تھی اس کا اہل نہ تھا اور اب کہ اہل ہوا استطاعت نہیں اور مسلمان کو اگر استطاعت تھی اور حج نہ کیا تھا اب فقیر ہو گیا تو اب بھی فرض ہے۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الحج، مطلب فیمن حج بمال حرام، ج ۳، ص ۵۲۱.)

حج کرنے کے بعد معاذ اللہ مُرتد ہو گیا پھر اسلام لایا تو اگر استطاعت ہو تو پھر حج کرنا فرض ہے، کہ مرتد ہونے سے حج وغیرہ سب اعمال باطل ہو گئے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسك، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج ۱، ص ۲۱۷.)

یوہیں اگر اثنائے حج (حج کے دوران) میں مرتد ہو گیا تو احرام باطل ہو گیا اور اگر کافر نے احرام باندھا تھا، پھر اسلام لایا تو اگر پھر سے احرام باندھا اور حج کیا تو ہو گا ورنہ نہیں۔

سوال: دوسری شرط کون سی ہے؟

جواب: عاقل ہونا: مجنون پر فرض نہیں۔ مجنون تھا اور وقوفِ عرفہ سے پہلے جنون جاتا رہا اور نیا احرام باندھ کر حج کیا تو یہ حج حجۃ الاسلام ہو گیا ورنہ نہیں۔ بوہرا بھی مجنون کے حکم میں ہے۔ ('الفتاوی الهندية"، كتاب المناسك، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج ۱، ص ۲۱۷.)

حج کرنے کے بعد مجنون ہوا پھر اچھا ہوا تو اس جنون کا حج پر کوئی اثر نہیں یعنی اب اسے دوبارہ حج کرنے کی ضرورت نہیں، اگر احرام کے وقت اچھا تھا پھر مجنون ہو گیا اور اسی حالت میں افعال ادا کئے پھر برسوں کے بعد ہوش میں آیا تو حج فرض ادا ہو گیا۔

("لباب المنساسک" للسندی و "المسلک المتقسط فی المنسک المتوسط" للقاری، (باب شرائط الحج)، ص ۳۹.)

سوال: تیسری شرط کون سی ہے؟

جواب: بلوغ: لہذا نابالغ نے حج کیا یعنی اپنے آپ جبکہ سمجھدار ہو یا اُس کے ولی نے اس کی طرف سے احرام باندھا ہو جب کہ نا سمجھ ہو، بہر حال وہ حج نفل ہوا، حجۃ الاسلام یعنی حجِ فرض کے قائم مقام نہیں ہو سکتا۔

نابالغ نے حج کا احرام باندھا اور وقوفِ عرفہ سے پیشتر بالغ ہو گیا تو اگر اسی پہلے احرام پر رہ گیا حج نفل ہوا حجۃ الاسلام نہ ہوا اور اگر سرے سے احرام باندھ کر وقوفِ عرفہ کیا تو حجۃ الاسلام ہوا۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۷.)

سوال: چوتھی شرط کون سی ہے؟

جواب: آزاد ہونا: لہذا باندی غلام پر حج فرض نہیں اگرچہ مدبر یا مکاتب یا اُم ولد ہوں۔ اگرچہ اُن کے مالک نے حج کرنے کی اجازت دیدی ہو اگرچہ وہ مکہ ہی میں ہوں۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۷.)

غلام نے اپنے مولیٰ کے ساتھ حج کیا تو یہ حج نفل ہوا حجۃ الاسلام نہ ہوا۔ آزاد ہونے کے بعد اگر شرائط پائے جائیں تو پھر کرنا ہو گا اور اگر مولیٰ کے ساتھ حج کو جاتا تھا، راستہ میں اس نے آزاد کر دیا تو اگر احرام سے پہلے آزاد ہوا، اب احرام باندھ کر حج کیا تو حجۃ الاسلام ادا ہو گیا اور احرام باندھنے کے بعد آزاد ہوا تو حجۃ الاسلام نہ ہو گا، اگرچہ نیا احرام باندھ کر حج کیا ہو۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۷۔)

سوال: پانچویں شرط کون سی ہے؟

جواب: وقت: یعنی حج کے مہینوں میں تمام شرائط پائے جائیں اور اگر دُور کا رہنے والا ہو تو جس وقت وہاں کے لوگ جاتے ہوں اس وقت شرائط پائے جائیں اور اگر شرائط ایسے وقت پائے گئے کہ اب نہیں پہنچے گا تو فرض نہ ہوا۔ یوہیں اگر عادت کے موافق سفر کرے تو نہیں پہنچے گا اور تیزی اور رَواروی (جلدی) کر کے جائے تو پہنچ جائے گا جب بھی فرض نہیں اور یہ بھی ضروری ہے کہ نمازیں پڑھ سکے، اگر اتنا وقت ہے کہ نمازیں وقت میں پڑھے گا تو نہ پہنچے گا اور نہ پڑھے تو پہنچ جائے گا تو فرض نہیں۔

("ردالمحتار"، كتاب الحج، مطلب في قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع، ج۳، ص۵۳۴.)

سوال: چھٹی شرط کون سی ہے؟

جواب: سفر خرچ کا مالک ہونا اگرچہ مکہ میں ہو: پس جس کی بسر اوقات تجارت پر ہے اور اتنی حیثیت ہو گئی کہ اس میں سے اپنے جانے آنے کا خرچ اور واپسی تک بال بچوں کی خوراک نکال لے تو اتنا باقی رہے گا، جس سے اپنی تجارت بقدر اپنی گزر کے کر سکے تو حج فرض ہے ورنہ نہیں اور اگر وہ کاشتکار ہے تو ان سب اخراجات کے بعد اتنا بچے کہ کھیتی کے سامان ہل بیل وغیرہ کے لئے کافی ہو تو حج فرض ہے اور پیشہ والوں کے لئے ان کے پیشہ کے سامان کے لائق بچنا ضروری ہے۔ ("الفتاوى الهندية"، كتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۸.)

سوال: ساتویں شرط کون سی ہے؟

جواب: سواری پر قادر ہونا: خواہ سواری اس کی مِلک ہو یا اس کے پاس اتنا مال ہو کہ کرایہ پر لے سکے۔ کسی نے حج کے لئے اس کو اتنا مال مُباح کر دیا کہ حج کرلے تو حج فرض نہ ہوا کہ اِباحت سے مِلک نہیں ہوتی اور فرض ہونے کے لئے مِلک درکار ہے، خواہ مباح کرنے والے کا اس پر احسان ہو جیسے غیر، یا نہ ہو جیسے ماں، باپ اولاد۔ یوہیں اگر عاریۃً سواری مِل جائے گی جب بھی فرض نہیں۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۷۔)

کسی نے حج کے لئے مال ہبہ کیا تو قبول کرنا اس پر واجب نہیں۔ دینے والا اجنبی ہو یا ماں، باپ، اولاد وغیرہ مگر قبول کرلے گا تو حج واجب ہو جائے گا۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۷۔)

سفر خرچ اور سواری پر قادر ہونے کے یہ معنی ہیں کہ یہ چیزیں اُس کی حاجت سے فاضل ہوں یعنی مکان ولباس وخادم اور سواری کا جانور اور پیشہ کے اوزار اور خانہ داری کے سامان اور دَین سے اتنا زائد ہو کہ سواری پر مکہ معظمہ جائے اور وہاں سے سواری پر واپس آئے اور جانے سے واپسی تک عیال کا نفقہ اور مکان کی مرمت کے لئے کافی مال چھوڑ جائے اور جانے آنے میں اپنے نفقہ اور گھر اہل وعیال کے نفقہ میں قدرِ متوسط کا اعتبار ہے نہ کمی ہو نہ اِسراف۔ عیال سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا نفقہ اُس پر واجب ہے، یہ ضروری نہیں کہ آنے کے بعد بھی وہاں اور یہاں کے خرچ کے بعد کچھ باقی بچے۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۷.)

سوال: آٹھویں شرط کون سی ہے؟

جواب: دارالحرب میں ہو تو یہ بھی ضروری ہے کہ جانتا ہو کہ اسلام کے فرائض میں حج ہے۔ لہٰذا جس وقت استطاعت تھی یہ مسئلہ معلوم نہ تھا اور جب معلوم ہوا اس وقت استطاعت نہ ہو تو فرض نہ ہوا اور جاننے کا ذریعہ یہ ہے کہ دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں نے جن کا فاسق ہونا ظاہر نہ ہو، اُسے خبر دیں اور ایک عادل نے خبر دی، جب بھی واجب ہو گیا اور دارالاسلام میں ہے تو اگرچہ حج فرض ہونا معلوم نہ ہو فرض ہو جائے گا کہ دارالاسلام میں فرائض کا علم نہ ہونا عذر نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۸.)

سوال: کیا مکہ اور اس کے ارد گرد رہنے والوں کے لئے سواری ضروری ہے؟

جواب: مکہ معظمہ یا مکہ معظمہ سے تین دن سے کم کی راہ والوں کے لئے سواری شرط نہیں، اگر پیدل چل سکتے ہوں تو ان پر حج فرض ہے اگرچہ سواری پر قادر نہ ہوں اور اگر پیدل نہ چل سکیں تو اُن کے لئے بھی سواری پر قدرت شرط ہے۔

("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۷۔)

میقات سے باہر کا رہنے والا جب میقات تک پہنچ جائے اور پیدل چل سکتا ہو تو سواری اُس کے لئے شرط نہیں، لہٰذا اگر فقیر ہو جب بھی اُسے حجِ فرض کی نیت کرنی چاہیے نفل کی نیت کریگا تو اُس پر دوبارہ حج کرنا فرض ہو گا اور مطلق حج کی نیت کی یعنی فرض یا نفل کچھ معین نہ کیا تو فرض ادا ہو گیا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام، ج۳، ص۵۲۵.)

مکّہ اور مکّہ سے قریب والوں کو سواری کی ضرورت ہو تو خچر یا گدھے کے کرایہ پر قادر ہونے سے بھی سواری پر قدرت ہو جائے گی اگر اس پر سوار ہو سکیں بخلاف دور والوں کے کہ اُن کے لئے اونٹ کا کرایہ ضروری ہے کہ دُور والوں کے لئے خچر وغیرہ سوار ہونے اور سامان لادنے کے لئے کافی نہیں اور یہ فرق ہر جگہ ملحوظ رہنا چاہیے۔ ("ردالمحتار"، کتاب الحج، مطلب فیمن حج بمال حرام، ج۳، ص۵۲۶۔)

شُرُوْطُ وُجُوْبِ أَدَائِهٖ

وَشُرُوْطُ وُجُوْبِ الْأَدَاءِ خَمْسَةٌ عَلَى الْأَصَحِّ: ١ صِحَّةُ الْبَدَنِ ٢ وَزَوَالُ الْمَانِعِ الْحِسِّيِّ عَنِ الذَّهَابِ لِلْحَجِّ ٣ وَأَمْنُ الطَّرِيْقِ ٤ وَعَدَمُ قِيَامِ الْعِدَّةِ ٥ وَخُرُوْجُ مَحْرَمٍ وَلَوْ مِنْ رَضَاعٍ أَوْ مُصَاهَرَةٍ مُسْلِمٍ مَأْمُوْنٍ عَاقِلٍ بَالِغٍ أَوْ زَوْجٍ لِاِمْرَأَةٍ فِيْ سَفَرٍ وَالْعِبْرَةُ بِغَلَبَةِ السَّلَامَةِ بَرًّا وَبَحْرًا عَلَى الْمُفْتٰى بِهٖ۔

ترجمہ: اور وجوب ادا کی شرطیں پانچ ہیں اصح قول پر۔ (۱) بدن کا تندرست ہونا۔ (۲) اور حج کے لئے جانے سے مانع حسی کا زائل ہونا۔ (۳) راستہ کا مامون ہونا۔ (۴) عدت کا قائم نہ ہونا۔ (۵) اور محرم کا ساتھ چلنا۔ اگرچہ وہ محرم رضاعت یا سسرالی رشتے سے ہو، اور وہ شخص مسلمان، مامون، عاقل، بالغ ہو یا عورت کا خاوند ہو، یہ (عورت کے ہمراہ شوہر یا محارم کا ہونا) ہر سفر میں شرط ہے، اور اعتبار غلبۂ سلامت کا (اکثر صحیح سلامت واپس آجانے کا) ہے خشکی یا سمندر میں مفتی بہ قول پر۔

سوال: حج کے وجوبِ ادا کی کتنی شرطیں ہیں؟

جواب: اس سے پہلے فرضِ حج کے شرائط کا بیان ہوا اور شرائطِ ادا کہ جب وہ پائے جائیں تو خود حج کو جانا ضروری ہے اور سب نہ پائے جائیں تو خود جانا ضروری نہیں بلکہ دوسرے سے حج کرا سکتا ہے یا وصیت کر جائے مگر اس میں یہ بھی ضروری ہے کہ حج کرانے کے بعد آخر عمر تک خود قادر نہ ہو ورنہ خود بھی کرنا ضروری ہو گا۔ وہ شرائط پانچ ہیں:

سوال: پہلی شرط کون سی ہے؟

جواب: تندرست ہونا: کہ حج کو جا سکے، اعضا سلامت ہوں، انکھیارا ہو، اپاہج اور فالج والے اور جس کے پاؤں کٹے ہوں اور بوڑھے پر جو سواری پر خود نہ بیٹھ سکتا ہو حج فرض نہیں۔ یوہیں اندھے پر بھی واجب نہیں اگرچہ ہاتھ پکڑ کر لے چلنے والا اُسے ملے۔ ان سب پر یہ بھی واجب نہیں کہ کسی کو بھیج کر اپنی طرف سے حج کرا دیں یا وصیت کر جائیں اور اگر تکلیف اُٹھا کر حج کر لیا تو صحیح ہو گیا اور حجۃ الاسلام ادا ہوا یعنی اس کے بعد اگر اعضا درست ہو گئے تو اب دوبارہ حج فرض نہ ہو گا وہی پہلا حج کافی ہے۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۸۔)

اگر پہلے تندرست تھا اور دیگر شرائط بھی پائے جاتے تھے اور حج نہ کیا پھر اپاہج وغیرہ ہو گیا کہ حج نہیں کر سکتا تو اس پر وہ حج فرض باقی ہے۔ خود نہ کر سکے تو حجِ بدل کرائے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسک، الباب الأول في تفسير الحج و فرضيته... إلخ، ج۱، ص۲۱۸)

سوال: دوسری شرط کون سی ہے؟

جواب: قید میں نہ ہونا: پس اگر کسی حق کی وجہ سے قید میں ہو اور اُس کے ادا کرنے پر قادر ہو تو یہ عذر نہیں اور بادشاہ اگر حج کے جانے سے روکتا ہو تو یہ عذر ہے۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الحج، مطلب في قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع، ج۳، ص۵۲۴.)

سوال: تیسری شرط کون سی ہے؟

جواب: راستہ میں امن ہونا یعنی اگر غالب گمانِ سلامتی ہو تو جانا واجب اور غالب گمان یہ ہو کہ ڈاکے وغیرہ سے جان ضائع ہو جائے گی تو جانا ضروری نہیں، جانے کے زمانے میں امن ہونا شرط ہے پہلے کی بد امنی قابلِ لحاظ نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسک، الباب الأول، ج۱، ص۲۱۸.)

اگر بد امنی کے زمانے میں انتقال ہو گیا اور وجوب کی شرطیں پائی جاتی تھیں تو حجِ بدل کی وصیت ضروری ہے اور امن قائم ہونے کے بعد انتقال ہوا تو بطریق اولیٰ وصیت واجب ہے۔ ("ردالمحتار"، كتاب الحج، مطلب في قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع، ج۳، ص۵۳۰.)

سوال: چوتھی شرط کون سی ہے؟

جواب: ۳جانے کے زمانے میں عورت عدّت میں نہ ہو، وہ عدّت وفات کی ہو یا طلاق کی، بائن کی ہو یا رجعی کی۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام، ج۳، ص۵۳۴.)

سوال: پانچویں شرط کون سی ہے؟

جواب: عورت کو مکہ تک جانے میں تین دن یا زیادہ کا راستہ ہو تو اُس کے ہمراہ شوہر یا محرم ہونا شرط ہے، خواہ وہ عورت جوان ہو یا بوڑھیا۔ ملا علی قاری علیہ رحمۃ اللہ الباری "المسلک المتقسط فی المنسک المتوسط" صفحہ ۵۷ پر تحریر فرماتے ہیں: "امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ تعالیٰ سے عورت کو بغیر شوہر یا محرم کے ایک دن کا سفر کرنے کی کراہیت بھی مروی ہے۔ فتنہ و فساد کے زمانے کی وجہ سے اسی قول (ایک دن) پر فتوی دینا چاہیے۔ " ("المسلک المتقسط"، ص۵۷. "ردالمحتار"، كتاب الحج، ج۳، ص۵۳۳)

اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: عورت کو بغیر شوہر یا محرم کو ساتھ لئے سفر کو جانا حرام ہے، اس میں کچھ حج کی خصوصیت نہیں، کہیں ایک دن کے راستہ پر بغیر شوہر یا محرم جائے گی تو گناہ گار ہو گی۔ (فتاوی رضویه، كتاب الحج، ج۱۰ ص۶۵۷)

"بہارِ شریعت" حصہ ۴، نماز مسافر کا بیان، صفحہ ۱۰۱ پر ہے کہ "عورت کو بغیر محرم کے تین دن یا زیادہ کی راہ جانا، ناجائز ہے بلکہ ایک دن کی راہ جانا بھی۔" (عالمگیری وغیرہ) لہٰذا اسی پر عمل کرنا چاہیے۔

سوال: محرم سے مراد کون سا مرد ہے؟ نیز محرم کے کیا شرط ہے؟

جواب: محرم سے مراد وہ مرد ہے جس سے ہمیشہ کے لئے اُس عورت کا نکاح حرام ہے، خواہ نسب کی وجہ سے نکاح حرام ہو، جیسے باپ، بیٹا، بھائی وغیرہ یا دُودھ کے رشتہ سے نکاح کی حرمت ہو، جیسے رضاعی بھائی، باپ، بیٹا وغیرہ یا سُسرالی رشتہ سے حُرمت آئی، جیسے خُسر، شوہر کا بیٹا وغیرہ۔

شوہر یا محرم جس کے ساتھ سفر کر سکتی ہے اُس کا عاقل بالغ غیر فاسق ہونا شرط ہے۔ مجنون یا نابالغ یا فاسق کے ساتھ نہیں جا سکتی آزاد یا مسلمان ہونا شرط نہیں، البتہ مجوسی جس کے اعتقاد میں محارم سے نکاح جائز ہے اُس کے ہمراہ سفر نہیں کر سکتی۔ مراہق و مراہقہ یعنی لڑکا اور لڑکی جو بالغ ہونے کے قریب ہوں بالغ کے حکم میں ہیں یعنی مراہق کے ساتھ جا سکتی ہے اور مراہقہ کو بھی بغیر محرم یا شوہر کے سفر کی ممانعت ہے۔

("الجوهرة النيرة"، كتاب الحج، ص١٩٣. و"الدر المختار"، كتاب الحج، ج٣، ص٥٣١.)

عورت بغیر محرم یا شوہر کے حج کو گئی تو گنہگار ہوئی، مگر حج کرے گی تو حج ہو جائے گا یعنی فرض ادا ہو جائے گا۔

("الجوهرة النيرة"، كتاب الحج، ص١٩٣.)

عورت کے نہ شوہر ہے، نہ محرم تو اس پر یہ واجب نہیں کہ حج کو جانے کے لئے نکاح کر لے اور جب محرم ہے تو حج فرض کے لئے محرم کے ساتھ جائے اگرچہ شوہر اجازت نہ دیتا ہو۔ نفل اور منّت کا حج ہو تو شوہر کو منع کرنے کا اختیار ہے۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الحج، ص١٩٣.)

سوال: والعبرة بغلبة السلامة برا وبحرا على المفتى به اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے ایک سوال کا جواب دینا مقصود ہے، اور وہ سوال یہ ہے کہ "راستے کے پُر امن ہونے کی حقیقت کیا ہے؟ اور اس میں کس چیز کا اعتبار کیا جائے گا؟ پس مصنف نے جواب دیا کہ اس میں اکثر صحیح و سالم واپس آ جانے کا اعتبار ہے چاہے راستہ خشکی کا ہو یا سمندر کا، پس ان دونوں راستوں میں سے جس بھی راستے سے جائے، صحیح و سالم واپس آنے کا غالب گمان ہو تو اس پر حج فرض ہو گا اور اگر صحیح و سالم واپس آنے کا غالب گمان نہ ہو تو حج فرض نہیں ہو گا۔

شُرُوْطُ صِحَّتِهٖ

وَيَصِحُّ أَدَاءُ فَرْضِ الْحَجِّ بِأَرْبَعَةِ أَشْيَاءَ لِلْحُرِّ : اَلْإِحْرَامُ وَالْإِسْلَامُ وَهُمَا شَرْطَانِ ثُمَّ الْإِتْيَانُ بِرُكْنَيْهِ وَهُمَا: اَلْوُقُوْفُ مُحْرِمًا بِعَرَفَاتٍ لَحْظَةً مِنْ زَوَالِ يَوْمِ التَّاسِعِ اِلٰى فَجْرِ يَوْمِ النَّحْرِ بِشَرْطِ عَدَمِ الْجِمَاعِ قَبْلَهٗ مُحْرِمًا وَالرُّكْنُ الثَّانِيْ هُوَ أَكْثَرُ طَوَافِ الْإِفَاضَةِ فِيْ وَقْتِهٖ وَهُوَ مَا بَعْدَ طُلُوْعِ فَجْرِ النَّحْرِ۔

ترجمہ: اور آزاد کے لئے چار چیزوں سے صحیح ہو جاتا ہے فرض حج کا ادا کرنا، (۱) احرام۔ (۲) اسلام۔ اور یہ دونوں شرط ہیں۔ پھر حج کے دونوں رکن کا ادا کرنا، اور وہ دو رکن ہیں (۳) عرفات میں احرام کی حالت میں ایک لحظہ کے لئے ٹھہرنا ہے نویں تاریخ کے

زوال سے یوم النحر کی فجر تک، اس سے پہلے حالتِ احرام میں جماع کے نہ ہونے کی شرط کے ساتھ، اور دوسرا رکن۔ (۴) وہ طوافِ افاضہ کا اکثر حصہ ادا کرنا ہے، اس کے وقت میں، اور وہ وقت یوم النحر کی فجر کے طلوع ہونے کے بعد ہے۔

سوال: فرض حج کو ادا کرنے کے صحیح ہونے کے لئے کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: صحتِ اداکے لئے چار شرطیں ہیں کہ وہ نہ پائی جائیں تو حج صحیح نہیں:

(۱) احرام، بغیر احرام حج نہیں ہو سکتا۔

(۲) اسلام، لہٰذا کافر نے حج کیا تو نہ ہوا۔ اور یہ دونوں چیزیں حج کے لئے شرط ہیں۔

(۳) وقوفِ عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کے آفتاب ڈھلنے سے دسویں کی صبح صادق سے پیشتر تک کسی وقت عرفات میں ٹھہرنا۔ اگرچہ ایک لمحہ بھر کے لئے ہو۔ احرام کے بعد اور وقوف سے پہلے جماع نہ ہونا یہ بھی ضروری وشرط ہے، اگر ہو گا تو حج باطل ہو جائے گا۔

(۴) طوافِ افاضہ کا اکثر حصہ ایام نحر میں ہونا۔ عرفات سے واپسی کے بعد جو طواف کیا جاتا ہے اُس کا نام طوافِ اِفاضہ ہے اور اُسے طوافِ زیارت بھی کہتے ہیں۔ طوافِ زیارت کے اکثر حصہ (چار پھیرے) سے جتنا زائد ہے یعنی تین پھیرے ایام نحر کے غیر میں بھی ہو سکتا ہے۔ پچھلی دونوں چیزیں یعنی وقوف وطواف، حج کے رُکن ہیں۔

سوال: احرام کا معنی کیا ہے؟

جواب: اِحرام کے لفظی معنٰی ہیں: حرام کرنا کیوں کہ اِحرام باندھنے والے پر بعض حلال باتیں بھی حرام ہو جاتی ہیں، اِحرام والے اِسلامی بھائی کو مُحرِم اور اِسلامی بہن کو مُحرِمہ کہتے ہیں۔

وَاجِبَاتُهٗ

وَواجِبَاتُ الْحَجِّ : إِنْشَاءُ الْإِحْرَامِ مِنَ الْمِيقَاتِ وَمَدُّ الْوُقُوْفِ بِعَرَفَاتٍ إِلَى الْغُرُوْبِ وَالْوُقُوْفُ بِالْمُزْدَلِفَةِ فِيْمَا بَعْدَ فَجْرِ يَوْمِ النَّحْرِ وَقَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَرَمْيُ الْجِمَارِ وَذَبْحُ الْقَارِنِ وَالْمُتَمَتِّعِ وَالْحَلْقُ وَتَخْصِيْصُهٗ بِالْحَرَمِ وَأَيَّامِ النَّحْرِ وَتَقْدِيْمُ الرَّمْيِ عَلَى الْحَلْقِ وَنَحْرُ الْقَارِنِ وَالْمُتَمَتِّعِ بَيْنَهُمَا۔

اور حج کے واجبات یہ ہیں: (۱) میقات سے احرام کا شروع ہونا۔ (۲) اور عرفات میں ٹھہرنے کو غروب تک دراز کرنا۔ (۳) اور مزدلفہ میں ٹھہرنا یوم النحر کی فجر کے بعد اور سورج طلوع ہونے سے پہلے۔ (۴) جمروں کی رمی کرنا۔ (۵) اور قارن و متمتع کا ذبح

کرنا۔ (٦) اور سر منڈوانا۔ (٧) اور حلق کو خاص حرم اور ایامِ نحر میں کرنا (یعنی ١٠۔ ١١۔ ١٢۔ ذی الحجہ میں۔ (٨) اور رمی کو حلق پر مقدم کرنا۔ (٩) اور قارن و متمتع کا حلق اور رمی کے درمیان قربانی کرنا۔

وَإِيْقَاعُ طَوَافِ الزِّيَارَةِ فِيْ أَيَّامِ النَّحرِ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فِيْ أَشْهُرِ الْحَجِّ وَحُصُوْلُهُ بَعْدَ طَوَافٍ مُعْتَدٍّ بِهِ وَالْمَشْيُ فِيْهِ لِمَنْ لَا عُذْرَ لَهُ وَبِدَاءَةُ السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فِيْ أَشْهُرِ الْحَجِّ وَحُصُوْلُهُ بَعْدَ طَوَافٍ مُعْتَدٍّ بِهِ وَالْمَشْيُ فِيْهِ لِمَنْ لَا عُذْرَ لَهُ وَبِدَاءَةُ السَّعْيِ مِنَ الصَّفَا وَطَوَافُ الْوَدَاعِ وَبِدَاءَةُ كُلِّ طَوَافٍ بِالْبَيْتِ مِنَ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ۔

(١٠) طوافِ زیارت کو ایامِ نحر میں واقع کرنا۔ (١١) اور حج کے مہینوں میں صفا مروہ کے درمیان سعی کرنا۔ (١٢) اور اس سعی کا ایسے طواف کے بعد ہونا جس کا اعتبار کیا جا سکے۔ (١٣) اور سعی میں چلنا اس شخص کے لئے جس کو کوئی عذر نہ ہو۔ (١٤) اور سعی کو صفا سے شروع کرنا۔ (١٥) طوافِ وداع۔ (١٦) اور بیت اللہ کے ہر طواف کو حجرِ اسود سے شروع کرنا۔

وَالتَّيَامُنُ فِيْهِ وَالْمَشْيُ فِيْهِ لِمَنْ لَا عُذْرَ لَهُ وَالطَّهَارَةُ مِنَ الْحَدَثَيْنِ وَسَتْرُ الْعَوْرَةِ وَأَقَلُّ الْأَشْوَاطِ بَعْدَ فِعْلِ الْأَكْثَرِ مِنْ طَوَافِ الزِّيَارَةِ وَتَرْكُ الْمَحْظُوْرَاتِ كَلُبْسِ الرَّجُلِ الْمُخِيْطَ وَسَتْرِ رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ وَسَتْرِ الْمَرْأَةِ وَجْهِهَا وَالرَّفَثِ وَالْفُسُوقِ وَالْجِدَالِ وَقَتْلِ الصَّيْدِ وَالْإِشَارَةِ إِلَيْهِ وَالدَّلَالَةِ عَلَيْهِ۔

ترجمہ: (١٧) اور طواف داہنی طرف سے شروع کرنا۔ (١٨) اور طواف میں پیدل چلنا، اس شخص کے لئے جس کو کوئی عذر نہ ہو۔ (١٩) دونوں حدث سے پاک ہونا۔ (٢٠) ستر کا چھپانا۔ (٢١) طوافِ زیارت کے اکثر چکر کو (ایام نحر میں) ادا کرنے کے بعد کم (باقی تین) چکر ادا کرنا۔ (٢٢) ممنوعات کا چھوڑ دینا۔ جیسے مرد کا سلے ہوئے کپڑے پہننا، اور اپنے سر اور چہرے وغیرہ کو ڈھانپنا اور عورت کا صرف اپنے چہرے کو ڈھانپنا، اور رفث (فحش کلام کرنا)، اور فسوق (گناہ)، اور جدال (لڑنا)، اور شکار کا قتل کرنا، اور شکار کی طرف اشارہ کرنا، اور اس پر (دوسرے شکاری کی) رہنمائی کرنا۔

سوال: احرام کہاں سے باندھا جائے گا؟

جواب: میقات سے احرام باندھنا واجب ہے، یعنی میقات سے بغیر احرام نہ گزرنا اور اگر میقات سے پہلے ہی احرام باندھ لیا تو جائز ہے۔

سوال: میقات کس جگہ کو کہتے ہیں؟ نیز میقات کتنے اور کون کون سے ہیں؟

جواب: میقات اُس جگہ کو کہتے ہیں کہ مکہ معظمہ کے جانے والے کو بغیر احرام وہاں سے آگے جانا جائز نہیں اگرچہ تجارت وغیرہ کسی اور غرض سے جاتا ہو۔ ("الهداية"، كتاب الحج، ج۱، ص۱۳۳۔۱۳۴)

میقات پانچ ہیں:

(۱) ذُوالحلیفہ: یہ مدینہ طیبہ کی میقات ہے۔ اس زمانہ میں اس جگہ کا نام ابیارِ علی ہے۔ ہندوستانی یا اور ملک والے حج سے پہلے اگر مدینہ طیبہ کو جائیں اور وہاں سے پھر مکہ معظمہ کو تو وہ بھی ذُوالحلیفہ سے احرام باندھیں۔

(۲) ذاتِ عرق: یہ عراق والوں کی میقات ہے۔

(۳) جحفہ: یہ شامیوں کی میقات ہے مگر جحفہ اب بالکل معدوم سا ہو گیا ہے وہاں آبادی نہ رہی، صرف بعض نشان پائے جاتے ہیں اس کے جاننے والے اب کم ہوں گے، لہٰذا اہلِ شام رابغ سے احرام باندھتے ہیں کہ جحفہ رابغ کے قریب ہے۔

(۴) قَرن: یہ نجد (موجودہ ریاض) والوں کی میقات ہے، یہ جگہ طائف کے قریب ہے۔

(۵) یَلَملَم: اہلِ یمن کے لئے۔

سوال: وقوفِ عرفات کب تک واجب ہے؟

جواب: دن میں وقوف کیا تو اتنی دیر تک وقوف کرے کہ آفتاب ڈوب جائے خواہ آفتاب ڈھلتے ہی شروع کیا ہو یا بعد میں، غرض غروب تک وقوف میں مشغول رہے اور اگر رات میں وقوف کیا تو اس کے لئے کسی خاص حد تک وقوف کرنا واجب نہیں مگر وہ اُس واجب کا تارک ہوا کہ دن میں غروب تک وقوف کرتا۔

سوال: حج کے واجبات کو مختصراً تفصیل سے بیان کریں۔

جواب: حج کے واجبات مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) میقات سے احرام کا شروع ہونا۔

(۲) اور عرفات میں ٹھہرنے کو غروب تک دراز کرنا۔

(۳) مقررہ وقت میں مزدلفہ کا وقوف کرنا

عَرفات کا وُقوف کرتے ہوئے غروب کے بعد مزدلفہ کے لئے نکلتے ہیں اور رات کا اکثر حصہ مزدلفہ میں گزارنا سنتِ مؤکدہ ہے۔ اسی دوران مغرب وعشاء ملا کر پڑھنا ہوتی ہیں جن کا مزدلفہ میں ہی پڑھنا واجب ہے۔ لہٰذا اگر کسی شخص نے بغیر کسی شرعی عذر کے رات عرفات یا راستے میں گزاری یا براہِ راست مِنٰی یا مکۂ مکرمہ چلا گیا تو ایسا شخص اِساءَت یعنی برے کام کا مُرتکب ہوا۔

وقوفِ مزدلفہ کی تفصیل یہ ہے کہ دسویں کی فجر کا وقت ہونے سے لے کر سورج طلوع ہونے تک کم از کم ایک لمحہ کے لئے مزدلفہ میں ہونا واجب ہے اور یہیں پورا وقت یعنی فجر کا وقت شروع ہونے سے لے کر خوب روشنی ہو جانے تک کہ سورج طلوع ہونے کے قریب ہو مزدلفہ میں ٹھہرنا سنّت ہے وقوفِ مزدلفہ کا وقت بھی خاص دعا کا وقت ہے۔

(۴) دس، گیارہ اور بارہ تاریخ کی رمی کرنا

تینوں دنوں میں سے ہر دن کی رمی الگ الگ واجب ہے۔ ہر جمرے کو سات سات کنکریاں مارنا بھی واجب ہے۔ اَقلّ یعنی آدھے سے کم کنکریاں مارنے پر دم لازم ہوگا پہلے دن سات کے بجائے صرف تین کنکریاں مارنا اَقلّ ہے۔ دیگر ایام میں ۲۱ کے بجائے صرف ۱۰ مارنا اَقلّ ہے۔

(۵) قِران اور تمتع والے کا قربانی کرنا

قِران اور تمتُّع کا حج کرنے والے کے لئے قربانی کرنا واجب ہے اور یہ قربانی شکرانے کے طور پر ہے۔ البتہ حجِ اِفراد والے کے لئے یہ قربانی مستحب ہے۔ جانور کی عمر اور اعضاء میں وہی شرطیں ہیں جو عید کی قربانی میں ہیں۔

(۶) حلق یا تقصیر کرنا ویسے تو یہ عمل احرام سے نکلنے کے لئے شرط ہے لیکن الگ سے حج کا ایک واجب بھی ہے اور مزید بھی کچھ تفصیل اس واجب کے ساتھ موجود ہے۔

سوال: حلق اور تقصیر کے متعلق کچھ بتائیں۔

جواب: حلق اور تقصیر کے بارے میں اہم معلومات یہ ہے کہ

(۱) عرفِ عام میں حَلق کے معنی ہیں گنجا ہونا جو کہ عام طور پر اُسترے کے ذریعے ہوا جاتا ہے۔ اگر کسی نے اُسترہ استعمال کئے بغیر ہی حلق کی طرح بال مکمل صاف کر لئے مثلاً کوئی پاوڈر استعمال کیا یا اُسترے کے بجائے پتھر کے ذریعے بال صاف کئے یا نوچ نوچ کر بال صاف کئے تو بھی حلق کرنا پایا جائے گا۔ البتہ عام مشین کے ذریعے بال دور کرنا حلق نہیں کہلائے گا کیونکہ حلق کی جو تعریف بیان کی گئی ہے وہ اس طرح کی مشین سے بال صاف کرنے پر صادق نہیں آتی۔ البتہ ایسی مشین استعمال کی جو بال اُکھیڑتی ہو تو جُداگانہ بات ہے اور بال نوچنے کا حکم بیان ہو چکا ہے۔ فی زمانہ جو الیکٹرک مشینیں صفر نمبر پر بال کاٹتی ہیں وہ اُسترے کے قائم مقام ہیں یا نہیں؟ یہ بات قابلِ تحقیق ہے۔ مثلاً ایک شخص کے بال ایک پورے سے کم تھے پہلے سے عمرہ کر کے حلق کرا چکا تھا اب ایسی مشین اسے کفایت کرے گی یا نہیں اور وہ اُسترے ہی کی طرح کام کرتی ہے یا نہیں؟ بہت ساری اور مختلف انداز کی الیکٹرک مشینیں مارکیٹ میں دستیاب ہیں ان کے انداز اور کام پر فی الحال کوئی تحقیق نہیں۔

(۲) حَلق صرف مردوں کے لئے ہے، عورتوں کو حلق کروانا حرام ہے۔ حلق میں کم از کم چوتھائی سر گنجا کروانا واجب ہے پورے سر کا حلق سنتِ مؤکدہ ہے۔

(۳) تَقصیر ویسے تو بال چھوٹا کرنے کو کہتے ہیں لیکن احرام سے باہر آنے کے لئے مرد ہو یا عورت دونوں کے لئے مطلوبہ تقصیر اس وقت پائی جائے گی جب کم از کم چوتھائی سر کے بالوں میں سے ہر بال اُنگلی کے ایک پُورے کے برابر یعنی تقریباً ایک اِنچ کاٹ لئے جائیں۔

(۷) حلق یا تَقصیر کا ایامِ نَحر میں ہونا۔ حج کے احرام کو ختم کرنے کے لئے مخصوص وقت کی پابندی کرنا بھی ضروری ہے۔ حلق یا تقصیر کا وجوبی وقت دس ذوالحجہ کی صبحِ صادق سے لے کر بارہ ذوالحجہ کو غروبِ آفتاب تک ہے۔ البتہ افضل پہلا دن یعنی دسویں ذوالحجہ ہے۔ یہ بات پہلے ہی بیان ہو چکی ہے کہ پہلے دن کی رمی کرنے کے بعد پہلے قربانی اور پھر حلق کرے گا کہ یہ ترتیب واجب ہے۔

(۸) پہلے دن کی رمی پھر قربانی پھر حلق و تقصیر میں ترتیب ہونا حاجی تین قسم کے ہیں ان میں سے حجِ افراد کرنے والے پر قربانی واجب نہیں جبکہ حجِ قران اور حجِ تمتع کرنے والے پر قربانی واجب ہے۔ لہٰذا قارن اور متمتع حاجی سب سے پہلے ۱۰ ذوالحجہ کو یعنی پہلے دن کی رمی اپنے وقت میں کرے گا پھر قربانی کرے گا اور اس کے بعد حلق یا تقصیر کرے گا۔ ان تینوں اُمور میں ترتیب واجب ہے۔ البتہ حجِ افراد والے پر قربانی واجب نہیں اس پر دو چیزوں میں ہی ترتیب واجب ہے کہ پہلے رمی کرے گا پھر حلق یا تقصیر۔

(۹) قارن اور متمتع کا حلق اور رمی کے درمیان قربانی کرنا قارن اور متمتع پر قربانی کرنا واجب ہے لہٰذا قربانی حلق اور رمی کے بیچ میں کرے گا جیسا کہ اوپر گزرا۔

(۱۰) طوافِ زیارت کا اکثر حصہ ایامِ نحر میں ہونا طوافِ زیارت حج کا دوسرا فرض ہے جس کے بغیر حج مکمل نہیں ہوتا۔ طوافِ زیارت کے چار پھیرے رکن ہیں یعنی ان کے بغیر طوافِ زیارت کا فرض ادا نہ ہو گا۔ بقیہ تین پھیرے واجب ہیں۔ طوافِ زیارت کے کم از کم چار پھیرے ۱۰ ذوالحجہ کی صبحِ صادق سے لے کر بارھویں تاریخ کو غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے کسی بھی وقت میں کرنا واجب ہیں۔ البتہ افضل وقت پہلا دن ہے۔ جبکہ بقیہ تین پھیرے ایامِ نحر کے بعد کئے تو ترکِ واجب نہ ہوا۔

(۱۱) صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا یعنی سعی کرنا ویسے تو سعی ہر عمرہ کرنے والا بھی کرتا ہے لیکن عمرہ سے ہٹ کر مستقل طور پر حج کی سعی ایک جداگانہ واجب ہے۔ حج کی واجب سعی حج کا احرام باندھنے کے بعد حج کے مہینوں میں یعنی یکم شوال سے کسی بھی وقت ہو سکتی ہے۔ حج سے پہلے کرنا ہو تو حج کا احرام باندھ کر کسی بھی نفلی طواف کے بعد ادا کی جا سکتی ہے اور اس طواف میں رَمَل اور اِضطباع دونوں افعال کرنے ہوں گے۔ حج کے بعد کرنا ہو تو احرام ضروری نہیں بلکہ سنت یہ ہے کہ احرام میں نہ ہو اسی طرح حج کے بعد سعی کرنے پر یہ بھی مسنون ہے کہ حلق سے فارغ ہو کر طوافِ زیارت کے بعد سعی کرے۔ حج کے بعد سعی کرنا ہو تو طوافِ زیارت سے پہلے نہیں ہو سکتی، پہلے طوافِ زیارت ہو گا پھر سعی ہو گی اور مسنون یہ ہے کہ طواف کے بعد سعی میں تاخیر نہ کرے۔

(۱۲) اور سعی کا ایسے طواف کے بعد ہونا جس کا اعتبار کیا جا سکے اس کا مطلب یہ ہے کہ سعی کا ایسے طواف کے بعد ہونا جو جنابت و حیض و نفاس سے پاک ہونے کی حالت میں کیا گیا ہو، پس ایسی سعی کو معتبر طواف کے بعد کرنا کہا جائے گا۔ کیونکہ ناپاکی کی حالت میں کیا جانے والا طواف معتبر نہیں ہوتا۔

(۱۳) عذر نہ ہو تو پیدل سعی کرنا پیدل سعی کرنا یہ بھی درحقیقت سعی کا واجب ہے اور حج و عمرہ دونوں کی سعی عذر نہ ہو تو پیدل کرنا واجب ہے۔

(۱۴) سعی صفا سے شروع کرنا صفا کی پہاڑی سے سعی شروع کرنا یہ درحقیقت سعی کا واجب ہے کہ جب بھی سعی ہو گی خواہ حج کی ہو یا عمرہ کی صفا سے شروع کرنا واجب ہے۔

(۱۵) طوافِ رخصت کی ادائیگی حاجی حج وغیرہ سے فارغ ہو کر جب وطن واپس ہونے لگے تو آخر میں بیت اللہ کا طواف کرے اس طواف کے کئی نام ہیں: طوافِ رُخصت، طوافِ وَداع اور طوافِ صَدَر۔ اس طواف میں نہ تو احرام ضروری ہے نہ ہی اس طواف میں رَمَل ہوتا ہے اور نہ ہی اس طواف کے بعد سعی کرنا ہے۔

(۱۶) حجرِ اسود سے طواف شروع کرنا طواف کرنے والا حجرِ اسود سے تھوڑا پہلے کھڑے ہو کر نیت کرے گا پھر حجرِ اسود کے سامنے آجائے گا تاکہ اس کا پورا بدن حجرِ اسود کے سامنے سے گزر جائے۔ البتہ عین حجرِ اسود کے سامنے کھڑے ہو کر نیت کی تب بھی ٹھیک ہے۔ لیکن اگر کوئی حجرِ اسود سے ابتدا نہ کرے بلکہ رکنِ یمانی یا کسی اور جگہ سے کرے تو جائز نہیں بلکہ حجرِ اسود کے علاوہ کسی اور جگہ سے طواف شروع کرنا مکروہِ تحریمی اور ترکِ واجب ہے۔

(۱۷) طواف کا دائیں جانب سے ہونا دائیں طرف سے طواف شروع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جب حجرِ اسود کی طرف منہ کر کے اِستلام کرلے تو پھر اپنے دائیں جانب آگے بابِ کعبہ کی طرف بڑھے کہ جب اس نے حجرِ اسود کے سامنے کھڑے ہو کر استلام کیا اور اس کا سینہ کعبے شریف کی طرف تھا تو اس حالت میں اس کے پاس دائیں اور بائیں دونوں طرف جانے کا راستہ موجود ہے لیکن شریعتِ مطہرہ نے یہ حکم دیا ہے کہ یہ دائیں طرف یعنی خانۂ کعبہ کے دروازے کی طرف آگے بڑھتا ہوا طواف کرے۔ سب لوگ اسی انداز پر طواف کر رہے ہوں گے۔ کوئی شخص اس کا اُلٹ کرے تو عجوبہ ہی کہلائے گا اور عام طور سے کوئی اُلٹ کر بھی نہیں رہا ہوتا۔

(۱۸) عذر نہ ہو تو پاؤں سے چل کر طواف کرنا جو چلنے کی استطاعت رکھتا ہو وہ وہیل چیئر پر یا کسی کے کندھے یا گود میں بیٹھ کر یا سانپ کی طرح پیٹ کے بل گھسٹ کر طواف نہیں کر سکتا۔ یہ حکم ہر قسم کے طواف کا ہے۔ لہٰذا طوافِ نفل بھی پیدل چل کر کرنا واجب ہے۔

(۱۹) طواف کرنے میں نجاستِ حکمیہ سے پاک ہونا ہر قسم کا طواف چاہے نفلی ہی کیوں نہ ہو اس کے لئے طہارتِ حکمیہ کا پایا جانا یعنی غسل اور وضو سے ہونا واجب ہے۔ اس واجب کے تحت جب بھی جَنابَت کا تذکرہ آئے گا تو حالتِ حیض و نفاس میں کئے گئے طواف کا بھی وہی حکم ہو گا۔ ہر جگہ تینوں کیفیتوں کا ذکر نہیں کیا گیا بعض جگہوں پر ایک کے بیان کرنے پر ہی اکتفا کیا گیا ہے۔

(۲۰) طواف کرتے وقت سِتر بقدرِ مانعِ نماز کھلا نہ رہنا ویسے تو عام حالات میں سِترِ عورت لازمی ہے اور نماز میں بھی مرد و عورت کے لئے اپنی اپنی تفصیل کے مطابق سِترِ عورت فرض ہے کہ اس کے بغیر نماز ہی نہیں ہو گی۔ البتہ طواف کے دوران سِترِ عورت صرف واجب ہے یعنی سِترِ عورت کی کوتاہی پر طواف ہو تو جائے گا مگر بعض صورتوں میں صدقہ اور بعض صورتوں میں دَم دینا لازم ہو گا۔ اگر جان بوجھ کر ہو تو توبہ بھی کرنی ہو گی۔ مرد اور عورت سے متعلق سِترِ عورت کی تفصیل وہی ہے جو نماز کی شرائط میں ذکر کی جاتی ہے۔ یعنی اگر ایک عُضو کا چوتھائی یا اس سے زیادہ حصہ کھلا رہا تو کفارہ لازم ہو گا۔ اگر چند اعضاء کا تھوڑا تھوڑا حصہ کھلا رہا کہ ہر کھلا حصہ اس عُضو کی چوتھائی سے کم ہے، مگر ان کا مجموعہ اُن کھلے ہوئے اعضاء میں جو سب سے چھوٹا ہے، اس کی چوتھائی کے برابر ہے تب بھی کفارہ لازم ہو گا۔

(۲۱) طوافِ زیارت کا اکثر حصہ ایامِ نحر میں ہونا طوافِ زیارت حج کا دوسرا فرض ہے جس کے بغیر حج مکمل نہیں ہوتا۔ طوافِ زیارت کے چار پھیرے رکن ہیں یعنی ان کے بغیر طوافِ زیارت کا فرض ادا نہ ہو گا۔ بقیہ تین پھیرے واجب ہیں۔ طوافِ زیارت کے کم از کم چار پھیرے ۱۰ ذوالحجہ کی صبحِ صادق سے لے کر بارہویں تاریخ کو غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے کسی بھی وقت میں کرنا واجب ہیں۔ البتہ افضل وقت پہلا دن ہے۔ جبکہ بقیہ تین پھیرے ایامِ نحر کے بعد کئے تو ترکِ واجب نہ ہوا۔

سوال: حرم کتنا بڑا ہے اور اس کی حدود کیا ہیں؟

جواب: حَرَم کی وَضاحَت: **عام بول چال میں لوگ** "**مسجدِ حرام**" کو **حَرَم شریف** کہتے ہیں، اِس میں کوئی شک نہیں کہ **مسجدِ حرام شریف حرمِ محترم ہی میں داخِل ہے** مگر حرم شریف مَکّہ مکرّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً سَمیت اُس کے اِرد گرد مِیلوں تک پھیلا ہوا ہے اور ہر طرف اس کی حَدیں بنی ہوئی ہیں۔ مَثَلاً جَدّہ شریف سے آتے ہوئے **مَکّہ مُعَظّمہ** زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً سے قبل ۲۳ کلو میٹر پہلے پولیس چوکی آتی ہے، یہاں سڑک کے اُوپر بورڈ پر جَلی حُروف میں لِلْمُسْلِمِیْنَ فَقَط (یعنی صِرف مسلمانوں کے لئے) لکھا ہوا ہے۔ اِسی سڑک پر جب مزید آگے بڑھتے ہیں تو بِیْرِشَمِیْس یعنی حُدَیْبِیہ کا مقام ہے، اِس سمت پر "**حرم شریف**" کی حَد یہاں سے شُروع ہو جاتی ہے۔ "ایک مُؤَرِّخ کی جدید پیمائش کے حساب سے حرم کے رَقبے کا دائرہ ۱۲۷ کلو میٹر ہے جبکہ کُل رقبہ ۵۵۰ مُرَبَّع کلو میٹر ہے۔" (تاریخ مکہ مکرمہ ص ۱۵)

جنگلوں کی کانٹ چھانٹ، پہاڑوں کی تراش خراش اور سُرنگوں (TUNNELS) کی ترکیبوں وغیرہ کے ذَرِیعے بنائے جانے والے نئے راستوں اور سڑکوں کے سبب وہاں فاصلے میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے حَرَم کی اصل حُدود وُہی ہیں جن کا احادیثِ مبارکہ میں بیان ہوا ہے۔

سوال: کون سی باتیں احرام میں حرام ہیں؟

جواب: مندرجہ ذیل چیزیں حالتِ احرام میں احرام باندھتے ہی حرام ہو جاتی ہیں: (۱) عورت سے صحبت۔ (۲) بوسہ۔ (۳) مساس۔ (۴) گلے لگانا۔ (۵) اُس کی اندام نہانی پر نگاہ جب کہ یہ چاروں باتیں بشہوت ہوں۔ (۶) عورتوں کے سامنے اس کام کا نام لینا۔ (۷) فحش۔ (۸) گناہ ہمیشہ حرام تھے اب اور سخت حرام ہو گئے۔ (۹) کسی سے دنیوی لڑائی جھگڑا۔ (۱۰) جنگل کا شکار۔ (۱۱) اُس کی طرف شکار کرنے کو اشارہ کرنا۔ (۱۲) یا کسی طرح بتانا۔ (۱۳) بندوق یا بارود یا اُس کے ذبح کرنے کو چُھری دینا۔ (۱۴) اس کے انڈے توڑنا۔ (۱۵) پَر اُکھیڑنا۔ (۱۶) پاؤں یا بازو توڑنا۔ (۱۷) اُس کا دودھ دوہنا۔ (۱۸) اُس کا گوشت۔ یا (۱۹) انڈے پکانا، بھوننا۔ (۲۰) بیچنا۔ (۲۱) خریدنا۔ (۲۲) کھانا۔ (۲۳) اپنا یا دوسرے کا ناخن کترنا یا دوسرے سے اپنا کتروانا۔ (۲۴) سر سے پاؤں تک کہیں سے کوئی بال کسی طرح جدا کرنا۔ (۲۵) منہ، یا (۲۶) سر کسی کپڑے وغیرہ سے چھپانا۔ (۲۷) بستہ یا کپڑے کی بُقچی یا گٹھری سر پر رکھنا۔ (۲۸) عمامہ باندھنا۔ (۲۹) بُرقع (۳۰) دستانے پہننا۔ (۳۱) موزے یا جُرابیں وغیرہ جو وسطِ قدم کو چھپائے (جہاں عربی جوتے کا تسمہ ہوتا ہے) پہننا اگر جوتیاں نہ ہوں تو موزے کاٹ کر پہنیں کہ وہ تسمہ کی جگہ نہ چھپے۔ (۳۲) سِلا کپڑا پہننا۔ (۳۳) خوشبو بالوں، یا (۳۴) بدن، یا (۳۵) کپڑوں میں لگانا۔ (۳۶) ملاگیری یا کسم، کیسر غرض کسی خوشبو کے رنگے کپڑے پہننا جب کہ ابھی خوشبو دے رہے ہوں۔ (۳۷) خالص خوشبو مشک، عنبر، زعفران، جاوتری، لونگ، الائچی، دار چینی، زنجبیل وغیرہ کھانا۔ (۳۸) ایسی خوشبو کا آنچل میں باندھنا جس میں فی الحال مہک ہو جیسے مُشک، عنبر، زعفران۔ (۳۹) سر یا داڑھی کو خطمی یا کسی خوشبودار یا ایسی چیز سے دھونا جس سے جوئیں مر جائیں۔ (۴۰) وسمہ یا مہندی کا خضاب لگانا۔ (۴۱) گوند وغیرہ سے بال جمانا۔ (۴۲) زیتون، یا (۴۳) تِل کا تیل اگرچہ بے خوشبو ہو بالوں یا بدن میں لگانا۔ (۴۴) کسی کا سر مونڈنا اگرچہ اُس کا احرام نہ ہو۔ (۴۵) جُوں مارنا۔ (۴۶) پھینکنا۔ (۴۷) کسی کو اس کے مارنے کا اشارہ کرنا۔ (۴۸) کپڑا اس کے مارنے کو دھونا۔ یا (۴۹) دھوپ میں ڈالنا۔ (۵۰) بالوں میں پارہ وغیرہ اس کے مارنے کو لگانا غرض جُوں کے ہلاک پر کسی طرح باعث ہونا۔

("الفتاوی الرضویة"، ج۱۰، ص۷۳۲،)

وَسُنَنُ الْحَجِّ : مِنْهَا الْاِغْتِسَالِ وَلَوْ لِحَائِضٍ وَنُفَسَاءَ أَوِ الْوُضُوْءُ إِذَا أَرَادَ الْإِحْرَامَ وَلُبْسُ إِزَارٍ وَرِدَاءٍ جَدِيْدَيْنِ أَبْيَضَيْنِ وَالتَّطَيُّبُ وَصَلَاةُ رَكْعَتَيْنِ وَالْإِكْثَارُ مِنَ التَّلْبِيَةِ بَعْدَ الْإِحْرَامِ رَافِعًا بِهَا صَوْتَهُ مَتٰى صَلّٰى أَوْ عَلَا شَرْفًا أَوْ هَبَطَ وَادِيًا أَوْ لَقِيَ رَكْباً وَبِالْأَسْحَارِ وَتَكْرِيْرُهَا كُلَّمَا أَخَذَ فِيْهَا وَالصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُؤَالِ الْجَنَّةِ وَصُحْبَةِ الْأَبْرَارِ وَالْاِسْتِعَاذَةِ مِنَ النَّارِ وَالْغُسْلُ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ وَدُخُوْلُهَا مِنْ بَابِ الْمُعَلَّاةِ نَهَارًا وَالتَّكْبِيْرُ وَالتَّهْلِيْلُ تِلْقَاءَ الْبَيْتِ الشَّرِيْفِ وَالدُّعَاءُ بِمَا أَحَبَّ عِنْدَ رُؤْيَتِهِ وَهُوَ مُسْتَجَابٌ۔

ترجمہ: حج کی سنّتیں: حج کی سنتوں میں سے (۱) غسل کرنا ہے۔ اگرچہ حائضہ ہو یا نفاس والی ہو، یا وضو کرنا، جبکہ وہ احرام کا ارادہ کرے (۲) اور تہبند اور چادر کا پہننا جو نئی سفید ہوں۔ (۳) خوشبو لگانا۔ (۴) دو رکعت نفل پڑھنا۔ (۵) احرام باندھنے کے بعد تلبیہ

کثرت سے کہنا اس حال میں کہ اس کے ساتھ اپنی آواز بلند کرنے والا ہو۔ جب نماز پڑھے یا بلندی پر چڑھے یا کسی پست زمین میں اترے، یا قافلہ سے ملے، اور صبح کے وقت (ان اوقات میں تلبیہ کو بکثرت اور بلند آواز سے کہنا) اور اس کو بار بار کہنا، جس وقت بھی تلبیہ کہنا شروع کرے (کم از کم تین بار کہے) (٦) نبی ﷺ پر بکثرت درودِ پاک پڑھنا۔ (٧) جنّت اور نیک لوگوں کی صحبت کا کثرت سے سوال کرنا، اور دوزخ سے پناہ مانگنا۔ (٨) اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے وقت غسل کرنا۔ (٩) اور مکہ مکرمہ میں بابِ معلاة (ایک خاص دروازے کے نام) سے دن کے وقت داخل ہونا۔ (١٠) (بوقتِ زیارت) بیت اللہ کے سامنے تکبیر و تہلیل کرنا۔ (١١) اور بیت اللہ کو دیکھنے کے وقت جو چیز محبوب ہو اس کی دعا مانگنا، کیونکہ وہ دعا قبول کی جاتی ہے۔

سوال: تلبیہ کسے کہتے ہیں؟ اور کتنی بار کہنا ہے؟

جواب: خواہ عُمرے کی نیّت کریں یا حج کی یا حجِّ قِران کی تینوں صورتوں میں نیّت کے بعد کم اَز کم ایک بار لَبَّیْك کہنا لازِمی ہے اور تین بار کہنا افضل، اسی لبّیک کو تلبیہ کہتے ہیں۔ لَبَّیْك یہ ہے:

لَبَّیْكَ ط اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ ط لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ ط اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ط لَا شَرِیْكَ لَكَ

اِحرام اور نیتِ حج و عمرہ کرنے کے بعد، اب یہ لَبَّیْك ہی وَظیفہ اور وِرد ہے، اُٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے اِس کا خوب وِرد کیجئے۔

دو فرامینِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ: [١] جب لَبَّیْك کہنے والا لَبَّیْك کہتا ہے تو اسے **خوشخبری** دی جاتی ہے۔ عرض کی گئ: یَا رَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کیا جنَّت کی خوشخبری دی جاتی ہے؟ اِرشاد فرمایا: ”ہاں“

(مُعْجَم اَوْسَط ج۵ ص۴۱۰ حدیث ۷۷۷۹)

[٢] جب مسلمان ”لَبَّیْك“ **کہتا** ہے تو اُس کے دائیں اور بائیں زمین کے آخِری سِرے تک جو بھی پتھر، دَرَخت اور ڈھیلا ہے وہ سب **لَبَّیْك** کہتے ہیں۔ (تِرْمِذی ج۲ ص۲۲٦ حدیث ۸۲۹)

سوال: تلبیہ کب کب کہنا ہے؟

جواب: [١] اُٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، وُضو بے وُضو ہر حال میں لَبَّیک کہئے [٢] خُصوصاً چڑھائی پر چڑھتے، ڈھلوان اُترتے (سیڑھیوں پر چڑھتے اُترتے)، دو قافلوں کے ملتے، صُبح و شام، پچھلی رات، پانچوں وَقْت کی نَمازوں کے بعد، غَرَض کہ ہر حالت کے بدلنے پر لَبَّیک کہئے [٣] جب بھی لَبَّیْك شُروع کریں کم از کم تین بار کہیں [٤] مُعْتَمِر یعنی عُمرہ کرنے والا اور ”مُتَمَتِّع“ بھی عُمرہ کرتے وَقْت جب کَعبہ مشَرَّفہ کا طواف شُروع کرے اُس وَقْت حَجرِ اَسْوَد کا پہلا اِسْتِلام کرتے ہی لَبَّیْك کہنا چھوڑ دے۔

سوال: لَبَّیک کہنے کے بعد کیا کریں؟

جواب: لَبَّیْك سے فارغ ہونے کے بعد **دُعا مانگنا سُنّت ہے**، جیسا کہ حدیثِ مُبارَکہ میں ہے کہ تاجدارِ مدینہ، راحتِ قلب و سینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ جب لَبَّیْك سے فارِغ ہوتے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اُس کی خوشنودی اور جنّت کا سُوال کرتے اور جہنَّم سے پناہ مانگتے۔

(مُسنَدِ اِمام شافعی ص۱۲۳)

یقیناً ہمارے پیارے آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے اللہ عَزَّوَجَلَّ خوش ہے، بِلاشُبہ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَطعی جنّتی بلکہ بَعطائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ مالِکِ جنَّت ہیں مگر یہ سب دُعائیں دیگر بَہُت ساری حکمتوں کے ساتھ ساتھ اُمّت کی تعلیم کے لئے بھی ہیں کہ ہم بھی سنَّت سمجھ کر دُعا مانگ لیا کریں۔

سوال: کَعْبہ مُشرَّفہ پر پہلی نظر پڑے تو کیا کرنا چاہئے؟

جواب: جوں ہی کَعْبۂ معظَّمہ پر پہلی نظر پڑے تین بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکْبَرْ کہئے اور دُرُود شریف پڑھ کر دُعا مانگئے کہ کَعْبَۃُ اللہ شریف پر پہلی نظر جب پڑتی ہے اُس وَقْت مانگی ہوئی دُعا ضَرور قبول ہوتی ہے۔ آپ چاہیں تو یہ دُعا مانگ لیجئے کہ ''یا اَللہ عَزَّوَجَلَّ! **میں جب بھی کوئی جائز دُعا مانگا کروں اور اُس میں بہتری ہو تو وہ قَبول ہُوا کرے۔**''

حضرتِ علّامہ شامی قُدِّسَ سِرُّہُ السّامی نے فُقہائے کرام رَحِمَهُمُ اللہُ السَّلَام کے حوالے سے لکھا ہے: کعبۃُ اللہ پر پہلی نظر پڑتے وَقت جنَّت میں بے حساب داخلے کی دُعا مانگی جائے اور دُرُود شریف پڑھا جائے۔ (رَدُّالْمُحتار ج۳ ص ۵۷۵)

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔

جواب: حج کی سنّتیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) غسل کرنا ہے: اگرچہ کرنے والی عورت حائضہ ہو یا نفاس والی ہو، یا وضو کرنا، جبکہ وہ احرام کا ارادہ کرے۔

(۲) اور تہبند اور چادر کا پہننا جو نئی سفید ہوں: جس کو احرام کی چادریں کہتے ہیں۔

(۳) خوشبو لگانا: احرام باندھنے کے لئے غسل کرنے کے بعد اور نیت کرنے سے پہلے خوشبو لگانا مسنون ہے۔

(۴) دو رکعت نفل پڑھنا: اگر مکروہ وقت نہ ہو تو احرام باندھنے کے بعد اور نیت کرنے سے پہلے دو رکعت نفل ادا کرنا مسنون ہے۔

(۵) احرام باندھنے کے بعد تلبیہ کثرت سے کہنا اس حال میں کہ اس کے ساتھ اپنی آواز بلند کرنے والا ہو۔ جب نماز پڑھے یا بلندی پر چڑھے یا کسی پست زمین میں اترے، یا قافلہ سے ملے، اور صبح کے وقت (ان اوقات میں تلبیہ کو بکثرت اور بلند آواز سے کہنا) اور اس کو بار بار کہنا، جس وقت بھی تلبیہ کہنا شروع کرے (کم از کم تین بار کہے)۔ یعنی ہر حالت کے بدلنے کے وقت تلبیہ کہتا رہے کہ یہی اس کا وظیفہ رہے۔

(۶) نبی ﷺ پر بکثرت درودِ پاک پڑھنا۔

(۷) جنّت اور نیک لوگوں کی صحبت کا کثرت سے سوال کرنا، اور دوزخ سے پناہ مانگنا۔

(۸) اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے وقت غسل کرنا۔

(۹) اور مکہ مکرمہ میں بابِ معلاۃ (ایک خاص دروازے کے نام) سے دن کے وقت داخل ہونا۔

(۱۰) (بوقتِ زیارت) بیت اللہ کے سامنے تکبیر و تہلیل کرنا۔

(۱۱) اور بیت اللہ کو دیکھنے کے وقت جو چیز محبوب ہو اس کی دعا مانگنا، کیونکہ وہ دعا قبول کی جاتی ہے۔

وَطَوَافُ الْقُدُوْمِ وَلَوْ فِيْ غَيْرِ أَشْهُرِ الْحَجِّ وَالْإِضْطِبَاعُ فِيْهِ وَالرَّمَلُ إِنْ سَعٰى بَعْدَهٗ فِيْ أَشْهُرِ الْحَجِّ وَالْهَرْوَلَةُ فِيْمَا بَيْنَ الْمِيْلَيْنِ الْأَخْضَرَيْنِ لِلرِّجَالِ وَالْمَشْيُ عَلٰى هِيْنَةٍ فِيْ بَاقِي السَّعْيِ وَالْإِكْثَارُ مِنَ الطَّوَافِ وَهُوَ أَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ النَّفْلِ لِلْآفَاقِيِّ وَالْخُطْبَةُ بَعْدَ صَلَاةِ الظُّهْرِ يَوْمَ سَابِعِ الْحِجَّةِ بِمَكَّةَ وَهِيَ خُطْبَةٌ وَاحِدَةٌ بِلَا جُلُوْسٍ يُعَلِّمُ الْمَنَاسِكَ فِيْهَا وَالْخُرُوْجُ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ مِنْ مَكَّةَ لِمِنٰى وَالْمَبِيْتُ بِهَا ثُمَّ الْخُرُوْجُ مِنْهَا بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ يَوْمَ عَرَفَةَ إِلٰى عَرَفَاتٍ فَيَخْطُبُ الْإِمَامُ بَعْدَ الزَّوَالِ قَبْلَ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ مَجْمُوْعَةً جَمْعَ تَقْدِيْمٍ مَعَ الظُّهْرِ خُطْبَتَيْنِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا وَالْإِجْتِهَادُ فِي التَّضَرُّعِ وَالْخُشُوْعِ وَالْبُكَاءِ بِالدُّمُوْعِ وَالدُّعَاءِ لِلنَّفْسِ وَالْوَالِدَيْنِ وَالْإِخْوَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا شَاءَ مِنْ أَمْرِ الدَّارَيْنِ فِي الْجَمْعَيْنِ وَالدَّفْعُ بِالسَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ بَعْدَ الْغُرُوْبِ مِنْ عَرَفَاتٍ وَالنُّزُوْلُ مِنْ مُزْدَلِفَةَ مُرْتَفِعًا عَنْ بَطْنِ الْوَادِيْ بِقُرْبِ جَبَلِ قُزَحَ وَالْمَبِيْتُ بِهَا لَيْلَةَ النَّحْرِ وَالْمَبِيْتُ بِمِنٰى أَيَّامَ مِنٰى بِجَمِيْعِ أَمْتِعَتِهٖ وَكُرِهَ تَقْدِيْمُ ثَقَلِهٖ إِلٰى مَكَّةَ إِذْ ذَاكَ۔

ترجمہ: (۱۲) اور طوافِ قدوم اگرچہ حج کے مہینوں کے علاوہ میں ہو۔ (۱۳) اور طواف میں اضطباع اور رمل کرنا، اگر سعی کرے اس کے بعد حج کے مہینوں میں۔ (۱۴) اور میلین اخضرین کے درمیان تیزی کے ساتھ چلنا مردوں کے لئے (عورتیں آہستہ ہی چلیں گی، ان کو دوڑنا نہیں ہے)، اور باقی سعی میں نرمی اور سکون سے چلنا۔ (۱۵) اور کثرت سے طواف کرنا، اور وہ افضل ہے نفل نماز سے آفاقی کے لئے۔ (۱۶) اور خطبہ دینا۔ (امام کے لئے) ظہر کی نماز کے بعد ساتویں ذی الحجہ کو مکہ میں، اور یہ ایک خطبہ ہے بغیر (درمیان میں) بیٹھنے کے، اور اس خطبہ میں امام حج کے طریقے کو سکھائے۔ (۱۷) اور یومِ ترویہ (آٹھویں تاریخ کو) آفتاب نکلنے کے بعد مکہ سے منی کے لئے نکلنا۔ (۱۸) اور منی میں رات گزارنا۔ (۱۹) پھر عرفہ کے دن (نویں ذی الحجہ کو) آفتاب نکلنے کے بعد عرفات کی طرف نکلنا۔ (۲۰) پس امام دو خطبے دے اور ان دونوں کے درمیان بیٹھے، زوال کے بعد ظہر و عصر سے پہلے، اس حال میں کہ (عصر کی نماز)

ظہر کے ساتھ جمع تقدیم (اپنے وقت سے مقدم کر کے) پڑھی جائے گی۔ (۲۱) اور کوشش کرنا عاجزی اور خشوع اور آنسوئوں کے ساتھ رونے میں، اور دعا کرنا اپنے لئے اور والدین اور تمام مسلمان بھائیوں کے لئے دین و دنیا کے کاموں میں سے جس کی آرزو ہو، دونوں جمع ہونے کی جگہ میں (عرفات و مزدلفہ میں)۔ (۲۲) اور غروبِ آفتاب کے بعد سکون و وقار کے ساتھ عرفات سے روانہ ہونا۔ (۲۳) اور مزدلفہ میں اترنا بطنِ وادی سے اوپر ہٹ کر جبلِ قزح کے قریب۔ (۲۴) اور نحر کی رات مزدلفہ میں گزارنا۔ (۲۵) اور ایامِ منی میں اپنے سارے سامان کے ساتھ منی میں رہنا اور اپنے سامان کو ان دونوں میں (پہلے سے) بھیج دینا مکروہ ہے۔

سوال: طوافِ قدوم کسے کہتے ہیں؟

جواب: طوافِ قُدوم: مکہ معظمہ میں داخل ہونے پر کیا جانے والا طواف ہے، یہ "افراد" یا "قِران" کی نیت سے حج کرنے والوں کے لئے سنتِ مؤکدہ ہے۔

سوال: اضطباع اور رمل کسے کہتے ہیں؟

جواب: **طواف** شُروع کرنے سے قَبْل مرد کو **اِضْطِباع** کرنا سنت ہے یعنی چادر سیدھے ہاتھ کی بغل کے نیچے سے نکال کر اُس کے دونوں پَلّے اُلٹے کندھے پر اِس طرح ڈال لیں کہ سیدھا کندھا کُھلا رہے۔

مَرد اِبتِدائی تین پھیروں میں **رَمَل** کرتے چلیں یعنی جلد جلد چھوٹے قدم رکھتے، شانے (یعنی کندھے) ہِلاتے چلیں جیسے قَوی و بَہادر لوگ چلتے ہیں۔ بعض لوگ کُودتے اور دوڑتے ہوئے جاتے ہیں، یہ **سُنَّت** نہیں ہے۔ جہاں جہاں بھیڑ زِیادہ ہو اور رَمَل میں خود کو یا دوسروں کو تکلیف ہوتی ہو اُتنی دیر رَمَل ترک کر دیجئے مگر **رَمَل** کی خاطر رُکئے نہیں، طواف میں مَشغُول رہئے۔ پھر جُوں ہی موقع ملے، اُتنی دیر تک کے لئے **رَمَل** کے ساتھ طواف کیجئے۔

اور اگر کعبہ سے نزدیک ہونے میں ہُجُوم کے سبب **رَمَل** نہ ہوسکے تو اب دُوری بہتر ہے۔ اسلامی بہنوں کیلئے طواف میں خانۂ کعبہ سے دُوری افضل ہے۔

سوال: میلین اخضرین کسے کہتے ہیں؟

جواب: مِیلَین اَخْضَرَین: یعنی دو سبز نشان صفا سے جانب مروہ کچھ دور چلنے کے بعد تھوڑے تھوڑے فاصلے پر دونوں طرف کی دیواروں اور چھت میں سبز لائٹیں لگی ہوئی ہیں۔ نیز ابتدا اور انتہا پر فرش بھی سبز ماربل کا پٹا بنا ہوا ہے۔ ان دونوں سبز نشانوں کے درمیان دوران سعی مردوں کو دوڑنا ہوتا ہے۔ عورتیں نہ دوڑیں بلکہ اپنی درمیانہ چال سے چلتی رہیں۔

سوال: آفاقی کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ شخص جو "مِیقات" کی حُدُود سے باہَر رہتا ہو۔

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔

جواب: حج کی سنتیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۱۲) اور طوافِ قدوم اگرچہ حج کے مہینوں کے علاوہ میں ہو: حج کی سنتوں میں سے ایک سنت یہ بھی ہے کہ وہ آفاقی حاجی جو حجِ افراد یا قران کرنے والا ہے اس کے لئے طوافِ قدوم کرنا سنت ہے، اور وہ آفاقی حاجی جو حجِ تمتع کرنے والا ہے یا اہلِ مکہ، ان کو طوافِ قدوم کرنا مسنون نہیں ہے۔

(۱۳) اور طواف میں اضطباع اور رمل کرنا، اگر سعی کرے اس کے بعد حج کے مہینوں میں۔

(۱۴) اور میلین اخضرین کے درمیان تیزی کے ساتھ چلنا مردوں کے لئے (عورتیں آہستہ ہی چلیں گی، ان کو دوڑنا نہیں ہے)، اور باقی سعی میں نرمی اور سکون سے چلنا۔

(۱۵) اور کثرت سے طواف کرنا: اور یہ آفاقی کے لئے نفل نماز سے افضل ہے۔

(۱۶) اور خطبہ دینا۔ (امام کے لئے) ظہر کی نماز کے بعد ساتویں ذی الحجہ کو مکہ میں، اور یہ ایک خطبہ ہے بغیر (درمیان میں) بیٹھنے کے، اور اس خطبہ میں امام حج کے طریقے کو سکھائے۔

(۱۷) اور یومِ ترویہ (آٹھویں تاریخ کو) آفتاب نکلنے کے بعد مکہ سے منی کے لئے نکلنا۔

(۱۸) اور منی میں رات گزارنا۔

(۱۹) پھر عرفہ کے دن (نویں ذی الحجہ کو) آفتاب نکلنے کے بعد عرفات کی طرف نکلنا۔

(۲۰) پس امام دو خطبے دے اور ان دونوں کے درمیان بیٹھے، زوال کے بعد ظہر و عصر سے پہلے، اس حال میں کہ (عصر کی نماز) ظہر کے ساتھ جمع تقدیم (اپنے وقت سے مقدم کر کے) پڑھی جائے گی۔

(۲۱) اور کوشش کرنا عاجزی اور خشوع اور آنسوؤں کے ساتھ رونے میں، اور دعا کرنا اپنے لئے اور والدین اور تمام مسلمان بھائیوں کے لئے دین و دنیا کے کاموں میں سے جس کی آرزو ہو، دونوں جمع ہونے کی جگہ میں (عرفات و مزدلفہ میں)۔

(۲۲) اور غروبِ آفتاب کے بعد سکون و وقار کے ساتھ عرفات سے روانہ ہونا۔

(۲۳) اور مزدلفہ میں اترنا بطنِ وادی سے اوپر ہٹ کر جبلِ قزح کے قریب۔

(۲۴) اور نحر کی رات مزدلفہ میں گزارنا۔

(۲۵) اور ایامِ منی میں اپنے سارے سامان کے ساتھ منی میں رہنا اور اپنے سامان کو ان دونوں میں (پہلے سے) بھیج دینا مکروہ ہے۔

وَيَجْعَلُ مِنًى عَنْ يَمِيْنِهٖ وَمَكَّةَ عَنْ يَسَارِهٖ حَالَةَ الْوُقُوْفِ لِرَمْيِ الْجِمَارِ وَكَوْنُهٗ رَاكِبًا حَالَةَ رَمْيِ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ فِيْ كُلِّ الْأَيَّامِ مَاشِيًا فِي الْجَمْرَةِ الْأُوْلَى الَّتِيْ تَلِي الْمَسْجِدَ وَالْوُسْطٰى وَالْقِيَامُ فِيْ بَطْنِ الْوَادِيْ حَالَةَ الرَّمْيِ وَكَوْنُ الرَّمْيِ فِي الْيَوْمِ الْأَوَّلِ فِيْمَا بَيْنَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَزَوَالِهَا وَفِيْمَا بَيْنَ الزَّوَالِ وَغُرُوْبِ الشَّمْسِ فِيْ بَاقِي الْأَيَّامِ وَكُرِهَ الرَّمْيُ فِي الْيَوْمِ الْأَوَّلِ وَالرَّابِعِ فِيْمَا بَيْنَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ وَالشَّمْسِ وَكُرِهَ فِي اللَّيَالِيْ الثَّلَاثِ وَصَحَّ لِأَنَّ اللَّيَالِيَ كُلَّهَا تَابِعَةٌ لِمَا بَعْدَهَا مِنَ الْأَيَّامِ إِلَّا اللَّيْلَةَ الَّتِيْ تَلِيْ عَرَفَةَ حَتّٰى صَحَّ فِيْهَا الْوُقُوْفُ بِعَرَفَاتٍ وَهِيَ لَيْلَةُ الْعِيْدِ وَ لَيَالِيْ رَمْيِ الثَّلَاثِ فَإِنَّهَا تَابِعَةٌ لِمَا قَبْلَهَا وَ الْمُبَاحُ مِنْ أَوْقَاتِ الرَّمْيِ مَا بَعْدَ الزَّوَالِ إِلٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ مِنَ الْيَوْمِ الْأَوَّلِ وَبِهٰذَا عُلِمَتْ أَوْقَاتُ الرَّمْيِ كُلُّهَا جَوَازًا وَ كَرَاهَةً وَاِسْتِحْبَابًا۔

ترجمہ: (۲۶) اور منی کو اپنی داہنی طرف اور مکہ کو بائیں طرف کر لے، رمی جمار کے لئے کھڑے ہونے کی حالت میں۔ (۲۷) اور اس کا سوار ہونا جمرۂ عقبہ کی رمی کرنے کی حالت میں تمام دنوں میں، اور جمرۂ اولی اور جمرۂ وسطی کی رمی کے وقت پیدل ہونا، اور جمرۂ اولی وہ ہے جو مسجدِ خیف سے ملا ہوا ہے۔ (۲۸) اور رمی کے وقت بطنِ وادی میں کھڑا ہونا، اور پہلے دن طلوعِ شمس اور زوال کے درمیان رمی کا ہونا، اور باقی دنوں میں زوال اور غروبِ شمس کے درمیان، اور پہلے اور چوتھے دن صبح صادق سے طلوعِ آفتاب کے درمیان رمی کرنا مکروہ ہے، اور تینوں راتوں میں (رمی کرنا) مکروہ ہے، (اگر راتوں میں رمی کر لی جائے) صحیح ہے، اس لئے کہ تمام راتیں تابع ہوتی ہیں اس کے بعد آنے والے دنوں کے، مگر وہ رات جو عرفہ سے متصل ہے (۹ ذی الحجہ کے بعد کی رات ۹ ذی الحجہ کے تابع ہے)، یہاں تک کہ اس رات مین وقوفِ عرفہ صحیح ہوتا ہے، (حالانکہ عرفہ کا دن گزارنے کے بعد ہوتا ہے)، اور یہی عید کی رات ہے (لہذا یہ رات ۹ اور ۱۰ دونوں کی مشترک رات ہوئی) اور تینوں جمروں پر رمی کرنے کی راتیں (گیارہویں، بارہویں، اور تیرہویں رات) اپنے ماقبل دنوں کے تابع ہیں، اور اوقاتِ رمی میں سب سے مباح وقت پہلے دن (۱۰ ذی الحجہ کو) زوال کے بعد سے آفتاب غروب ہونے تک ہے۔ اور اس بیان سے رمی کے تمام اوقاتِ جائزہ، مکروہ اور مستحب معلوم ہو گئے۔

سوال: جمرہ کیا ہے اور یہ کتنے ہیں؟

جواب: جَمُرہ: منیٰ اور مکہ کے بیچ میں تین ستون بنے ہوئے ہیں ان کو جَمُرہ کہتے ہیں، پہلا جو منیٰ سے قریب ہے جمرہ اولی کہلاتا ہے اور بیچ کا جمرہ وسطی اور اخیر کا مکہ معظمہ سے قریب ہے جمرۃ العُقْبیٰ کہلاتا ہے۔

سوال: رمی کرنے کے اوقات بیان کریں۔

جواب: پہلے دن کی رمی کا وقت: پہلے دن کی رمی کا وقت دسویں تاریخ کی فجر کا وقت شروع ہونے سے گیارہویں کی فجر کا وقت شروع ہونے تک ہے۔ مسنون یہ ہے کہ دسویں کے سورج نکلنے سے لے کر زوال تک کرلی جائے زوال سے لے کر دسویں کا سورج غروب ہونے تک کرنا بھی مباح ہے۔ البتہ غروب ہونے سے فجر تک مکروہ ہے۔ دسویں کی فجر کی نماز کا وقت شروع ہونے سے سورج نکلنے تک کرنا بھی مکروہ ہے۔

دوسرے، تیسرے دن کی رمی کا وقت: دوسرے دن کی رمی کا وقت گیارہ تاریخ کو زوال کا وقت ختم ہونے یعنی ظہر کا وقت شروع ہونے سے لے کر اگلے دن کی فجر کا وقت شروع ہونے تک ہے البتہ بلا عذر سورج غروب ہونے کے بعد مکروہ ہے۔

یونہی تیسرے دن یعنی ۱۲ ذوالحجہ کی رمی کا وقت، زوال کا وقت ختم ہونے یعنی ظہر کا وقت شروع ہونے سے لے کر اگلے دن کی فجر کا وقت شروع ہونے تک ہے البتہ بلا عذر سورج غروب ہونے کے بعد مکروہ ہے۔

چوتھے دن کی رمی کا وقت: ۱۳ تاریخ کو اس کا وقت صبحِ صادق یعنی فجر کا وقت شروع ہونے سے سورج غروب ہونے تک ہے البتہ صبح سے زوال کا وقت باقی رہنے تک مکروہ ہے اور ظہر کا وقت شروع ہونے سے غروب تک مسنون وقت ہے۔

سوال: کیا عورتوں کی جانب سے مرد رمی کرسکتے ہیں؟

جواب: عُموماً دیکھا جاتا ہے کہ مَرد بِلا عُذر **عورتوں** کی طرف سے **رَمی** کر دیا کرتے ہیں اِس طرح اِسلامی بہنیں **رَمی** کی سَعادت سے مَحروم رہ جاتی ہیں اور چُونکہ **رَمی** واجِب ہے لہٰذا ترکِ واجِب کے سبب اُن پر دَم بھی **واجِب** ہو جاتا ہے لہٰذا عورتیں اپنی رَمی خود ہی کریں۔

سوال: رمی کرنے کی فضیلت کیا ہے؟

جواب: دو فرامینِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ: {۱} عرض کی گئی: رَمی جِمار میں کیا ثواب ہے؟ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: تو اپنے رب کے نزدیک اس کا ثواب اُس وَقت پائے گا کہ تجھے اس کی زیادہ حاجت ہو گی۔

(مُعْجَمُ اَوْسَط ج ۳ ص ۱۵۰ حدیث ۴۱۴۷)

{۲} جمروں کی رَمی کرنا تیرے لئے قِیامت کے دن نور ہو گا۔ (اَلتَّرغِیب وَالتَّرہِیب ج ۲ ص ۱۳۴ حدیث ۳)

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔

جواب: حج کی سُنّتیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۲۶) اور رمی جمار کے لئے کھڑے ہونے کی حالت میں منی کو اپنی داہنی طرف اور مکہ کو بائیں طرف کر لے، رمی جمار کے لئے کھڑے ہونے کی حالت میں۔

(۲۷) اور اس کا سوار ہونا جمرۂ عقبہ کی رمی کرنے کی حالت میں تمام دنوں میں، اور جمرۂ اولی اور جمرۂ وسطی کی رمی کے وقت پیدل ہونا، اور جمرۂ اولی وہ ہے جو مسجدِ خیف سے ملا ہوا ہے۔

(۲۸) اور رمی کے وقت بطنِ وادی میں کھڑا ہونا، اور پہلے دن طلوعِ شمس اور زوال کے درمیان رمی کا ہونا، اور باقی دنوں میں زوال اور غروبِ شمس کے درمیان، اور پہلے اور چوتھے دن صبح صادق سے طلوعِ آفتاب کے درمیان رمی کرنا مکروہ ہے، اور تینوں راتوں میں (رمی کرنا) مکروہ ہے، (اگر راتوں میں رمی کرلی جائے) صحیح ہے، اس لئے کہ تمام راتیں تابع ہوتی ہیں اس کے بعد آنے والے دنوں کے، مگر وہ رات جو عرفہ سے متصل ہے (۹ ذی الحجہ کے بعد کی رات ۹ ذی الحجہ کے تابع ہے)، یہاں تک کہ اس رات مین وقوفِ عرفہ صحیح ہوتا ہے، (حالانکہ عرفہ کا دن گزارنے کے بعد ہوتا ہے)، اور یہی عید کی رات ہے (لہذا یہ رات ۹ اور ۱۰ دونوں کی مشترک رات ہوئی) اور تینوں جمروں پر رمی کرنے کی راتیں (گیارہویں، بارہویں، اور تیرہویں رات) اپنے ماقبل دنوں کے تابع ہیں، اور اوقاتِ رمی میں سب سے مباح وقت پہلے دن (۱۰ ذی الحجہ کو) زوال کے بعد سے آفتاب غروب ہونے تک ہے۔ اور اس بیان سے رمی کے تمام اوقاتِ جائزہ، مکروہ اور مستحب معلوم ہوگئے۔

وَمِنَ السُّنَّةِ هَدْيُ الْمُفْرِدِ بِالْحَجِّ وَالْأَكْلُ مِنْهُ وَمِنْ هَدْيِ التَّطَوُّعِ وَالْمُتْعَةِ وَالْقِرَانِ فَقَطْ وَمِنَ السُّنَّةِ اَلْخُطْبَةُ يَوْمَ النَّحْرِ مِثْلَ الْأُوْلٰى يُعَلِّمُ فِيْهَا بَقِيَّةَ الْمَنَاسِكِ وَهِيَ ثَالِثَةُ خُطَبِ الْحَجِّ وَتَعْجِيْلُ النَّفْرِ إِذَا أَرَادَهُ مِنْ مِنٰى قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ مِنَ الْيَوْمِ الثَّانِيْ عَشَرَ وَإِنْ أَقَامَ بِهَا حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ مِنَ الْيَوْمِ الثَّانِيْ عَشَرَ فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَقَدْ أَسَاءَ وَإِنْ أَقَامَ بِمِنٰى إِلٰى طُلُوْعِ فَجْرِ الْيَوْمِ الرَّابِعِ لَزِمَهُ رَمْيُهُ۔

ترجمہ: (۲۹) اور مسنون ہے مفرد بالحج کا ہدی (کوئی جانور) ذبح کرنا، اور اس میں سے کھانا، اور نفلی ہدی اور متعہ اور قران کی ہدی میں سے (کھانا جائز ہے) فقط۔ (۳۰) اور سنّت ہے یوم النحر میں خطبہ پہلے خطبہ کی طرح، اس میں حج کے باقی ارکان سکھلائے، اور یہ حج کے خطبوں میں تیسرا خطبہ ہے۔ (۳۱) اور جلدی سے نکلنا، جبکہ منی سے نکلنے کا ارادہ کرے بارہویں تاریخ کو غروبِ شمس سے پہلے، اور اگر منی میں ٹھہرا رہا یہاں تک کہ بارہویں تاریخ کا سورج غروب ہوگیا تو اس پر کوئی چیز واجب نہیں، لیکن اس نے برا کیا، اور اگر چوتھے دن کی طلوع فجر تک ٹھہرا رہا تو اس پر اس دن کی رمی لازم ہوگئی۔

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔

جواب: حج کی سنتیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۲۹) اور مسنون ہے مفرد بالحج کا ہدی (کوئی جانور) ذبح کرنا، اور اس میں سے کھانا، اور نفلی ہدی اور متعہ اور قران کی ہدی میں سے (کھانا جائز ہے) فقط۔

(۳۰) اور سنّت ہے یوم النحر میں خطبہ پہلے خطبہ کی طرح، اس میں حج کے باقی ارکان سکھلائے، اور یہ حج کے خطبوں میں تیسرا خطبہ ہے۔

(۳۱) اور جلدی سے نکلنا، جبکہ منی سے نکلنے کا ارادہ کرے بارہویں تاریخ کو غروبِ شمس سے پہلے، اور اگر منی میں ٹھہرا رہا یہاں تک کہ بارہویں تاریخ کا سورج غروب ہو گیا تو اس پر کوئی چیز واجب نہیں، لیکن اس نے برا کیا، اور اگر چوتھے دن کی طلوع فجر تک ٹھہرا رہا تو اس پر اس دن کی رمی لازم ہو گئی۔

وَمِنَ السُّنَّةِ اَلنُّزُوْلُ بِالْمُحَصَّبِ سَاعَةً بَعْدَ اِرْتِحَالِهٖ مِنْ مِنًى وَشُرْبُ مَاءِ زَمْزَمَ وَالتَّضَلُّعُ مِنْهُ وَاسْتِقْبَالُ الْبَيْتِ وَالنَّظَرُ إِلَيْهِ قَائِمًا وَالصَّبُّ مِنْهُ عَلٰى رَأْسِهٖ وَسَائِرِ جَسَدِهٖ وَهُوَ لِمَا شُرِبَ لَهٗ مِنْ أُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔

ترجمہ: (۳۲) اور منی سے کوچ کرنے کے بعد تھوڑی دیر مقامِ محصّب میں اترنا سنّت ہے۔ (۳۳) زمزم کا پانی پینا۔ (۳۴) اور خوب سیر ہو کر پینا۔ (۳۵) اور پیتے وقت خانۂ کعبہ کی طرف منہ کرنا۔ (۳۶) اور اس کی طرف دیکھتے رہنا اس حال میں کہ وہ کھڑا ہو۔ (۳۷) اور اس میں سے تھوڑا پانی اپنے سر پر اور پورے بدن پر ڈالنا، اور یہ پانی دنیا و آخرت کے مقاصد میں سے جس کے لئے پیا جائے اس کے لئے مفید ہے۔ (یعنی جس مقصد کے لئے پیا جائے گا وہ پورا ہو گا اگر اللہ نے چاہا تو)۔

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔

جواب: حج کی سنتیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۳۲) اور منی سے کوچ کرنے کے بعد تھوڑی دیر مقامِ محصّب میں اترنا سنّت ہے۔

(۳۳) زمزم کا پانی پینا۔ (۳۴) اور خوب سیر ہو کر پینا۔

(۳۵) اور پیتے وقت خانۂ کعبہ کی طرف منہ کرنا۔

(۳۶) اور اس کی طرف دیکھتے رہنا اس حال میں کہ وہ کھڑا ہو۔

(۳۷) اور اس میں سے تھوڑا پانی اپنے سر پر اور پورے بدن پر ڈالنا، اور یہ پانی دنیا و آخرت کے مقاصد میں سے جس کے لئے پیا جائے اس کے لئے مفید ہے۔ (یعنی جس مقصد کے لئے پیا جائے گا وہ پورا ہو گا اگر اللہ نے چاہا تو)۔

وَمِنَ السُّنَّةِ اِلْتِزَامُ الْمُلْتَزَمِ وَهُوَ أَنْ يَضَعَ صَدْرَهٗ وَوَجْهَهٗ عَلَيْهِ وَالتَّشَبُّثُ بِالْأَسْتَارِ سَاعَةً دَاعِيًا بِمَا أَحَبَّ وَتَقْبِيْلُ عَتَبَةِ الْبَيْتِ وَدُخُوْلُهٗ بِالْأَدَبِ وَالتَّعْظِيْمِ ثُمَّ لَمْ يَبْقَ عَلَيْهِ اِلَّا أَعْظَمُ الْقُرُبَاتِ وَهِيَ زِيَارَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهٖ فَيَنْوِيْهَا عِنْدَ خُرُوْجِهٖ مِنْ مَكَّةَ مِنْ بَابِ شُبَيْكَةَ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلٰى وَسَنَذْكُرُ لِلزِّيَارَةِ فَصْلًا عَلٰى حِدَتِهٖ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالٰى۔

ترجمہ: (۳۸) اور ملتزم (بیت اللہ کے اس حصے کا جو بیت اللہ کے دروازے اور حجرِ اسود کے درمیان ہے) سے چمٹنا سنت ہے، اور التزام اپنے سینے اور چہرے کو اس پر رکھنا ہے۔ (۳۹) اور خانہ کعبہ کے پردے کو تھوڑی دیر تک تھامنا، اس حال میں کہ وہ اس چیز کی دعا کرنے والا ہو جو اس کو محبوب ہو۔ (۴۰) اور بیت کی چوکھٹ کو بوسہ دینا۔ (۴۱) اور اس میں ادب و تعظیم کے ساتھ داخل ہونا۔ پھر اس پر باقی نہ رہا (حج کے فرائض میں سے) مگر سب سے بڑی عبادت، اور وہ نبیٔ کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہ کی زیارت ہے۔ پس وہ زیارت کی نیت کرے مکہ سے نکلتے وقت بابِ سبیکہ ثنیۂ سُفلی سے گزرتے ہوئے۔ اور ہم عنقریب زیارت کے لئے ایک علیحدہ فصل ذکر کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالی۔

سوال: حج کی سنتیں بیان کریں۔

جواب: حج کی سنتیں مندرجہ ذیل ہیں:

(۳۸) اور ملتزم (بیت اللہ کے اس حصے کا جو بیت اللہ کے دروازے اور حجرِ اسود کے درمیان ہے) سے چمٹنا سنت ہے، اور التزام اپنے سینے اور چہرے کو اس پر رکھنا ہے۔

(۳۹) اور خانہ کعبہ کے پردے کو تھوڑی دیر تک تھامنا، اس حال میں کہ وہ اس چیز کی دعا کرنے والا ہو جو اس کو محبوب ہو۔

(۴۰) اور بیت کی چوکھٹ کو بوسہ دینا۔

(۴۱) اور اس میں ادب و تعظیم کے ساتھ داخل ہونا۔ پھر اس پر باقی نہ رہا (حج کے فرائض میں سے) مگر سب سے بڑی عبادت، اور وہ نبیٔ کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہ کی زیارت ہے۔ پس وہ زیارت کی نیت کرے مکہ سے نکلتے وقت بابِ، سبیکہ ثنیۂ سُفلی سے گزرتے ہوئے۔

ذکرِ نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے وقت رنگ بدل جاتا

حضرتِ سیِّدُنا مُصْعَب بن عبد اللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں کہ حضرتِ سیِّدُنا امام مالک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْخَالِق کے عشقِ رسول کا عالَم یہ تھا کہ جب اُن کے سامنے نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا ذِکر کیا جاتا تو اُن کے چہرے کا رنگ بدل جاتا اور وہ ذِکرِ مصطفٰے کی تعظیم کے لئے خوب جُھک جاتے۔ ایک دن آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ سے اس بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: ''اگر تم وہ دیکھتے جو میں دیکھتا ہوں تو اِس بارے میں سُوال نہ کرتے۔'' (الشفاء ج۲، ص۴۱-۴۲)

جان ہے عشقِ مصطفٰے روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزہ نازِ دوا اٹھائے کیوں

فَصْلٌ: فِيْ كَيْفِيَّةِ تَرْكِيْبِ أَفْعَالِ الْحَجِّ

یہ فصل حج کے افعال کی ترکیب کی کیفیت کے بیان میں ہے

إِذَا أَرَادَ الدُّخُوْلَ فِي الْحَجِّ أَحْرَمَ مِنَ الْمِيْقَاتِ كَرَابِغَ فَيَغْتَسِلُ أَوْ يَتَوَضَّأُ وَالْغُسْلُ وَهُوَ أَحَبُّ لِلتَّنْظِيْفِ فَتَغْتَسِلُ الْمَرْأَةُ الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ إِذَا لَمْ يَضُرَّهُمْ وَيُسْتَحَبُّ كَمَالُ النَّظَافَةِ بِقَصِّ الظُّفْرِ وَالشَّارِبِ وَنَتْفِ الْإِبِطِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ وَجِمَاعِ الْأَهْلِ وَالدَّهْنِ وَلَوْ مُطَيَّبًا وَيَلْبَسُ الرَّجُلُ إِزَارًا وَ رِدَاءً جَدِيْدَيْنِ أَوْ غَسِيْلَيْنِ وَالْجَدِيْدُ الْأَبْيَضُ أَفْضَلُ۔

ترجمہ: جب کوئی شخص حج میں داخل ہونے کا ارادہ کرے تو میقات سے احرام باندھے، جیسے کہ رابغ سے (مقامِ جحفہ سے پہلے ایک مقام ہے)، پس غسل کرے یا وضو کرے، اور غسل کرنا صفائی کی وجہ سے زیادہ پسندیدہ ہے، پس حائضہ اور نفاس والی عورت بھی غسل کرے گی جب کہ غسل اس کو نقصان نہ دے۔ اور مستحب قرار دیا گیا ہے پوری طرح صفائی حاصل کرنا، اس طور پر کہ ناخن اور مونچھیں تراشے اور بغل کے بال اکھاڑے اور موئے زیرِ ناف صاف کرے اور اپنے اہل سے جماع کرے اور تیل لگائے اگرچہ خشبودار ہو۔ اور مرد ایک تہبند اور چادر پہنے گا جو دونوں نئی ہوں یا دھلی ہوئی ہوں اور نئی سفید رنگ کی افضل ہے۔

وَلَا يَزُرُّهٗ وَلَا يَعْقِدُهٗ وَلَا يُخَلِّلُهٗ فَإِنْ فَعَلَ كُرِهَ وَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَتَطَيَّبْ وَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ وَقُلْ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُرِيْدُ الْحَجَّ فَيَسِّرْهُ لِيْ وَتَقَبَّلْهُ مِنِّيْ وَلَبِّ دُبُرَ صَلَاتِكَ تَنْوِيْ بِهَا الْحَجَّ وَهِيَ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ وَالْمُلْكَ لَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ۔

ترجمہ: اور چادر میں نہ بٹن لگائے اور نہ گرہ لگائے اور نہ اس کو پھاڑ کر گلے میں ڈالے، پس اگر ایسا کیا، تو مکروہ ہو گا، اور اس پر کوئی چیز واجب نہیں ہے، اور خشبو لگائے۔ اور دو رکعت نماز پڑھے اور کہے: اے اللہ! میں حج کا ارادہ کرتا ہوں پس تو اس کو میرے لئے آسان کر دے اور میری طرف سے اس کو قبول فرما، اور اپنی نماز کے بعد تلبیہ پڑھے اس حال میں کہ اس سے حج کی نیت کر رہا ہو۔ اور تلبیہ یہ ہے: میں حاضر ہوں، اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں حاضر ہوں، (ہاں) میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں، بے شک تمام خوبیاں اور نعمتیں تیرے لئے ہیں اور تیرے لئے ہی ملک ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔

وَلَا تَنْقُصْ مِنْ هٰذِهِ الْأَلْفَاظِ شَيْئًا وَزِدْ فِيهَا لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ بِيَدَيْكَ لَبَّيْكَ وَالرُّغْبٰى إِلَيْكَ وَالزِّيَادَةُ سُنَّةٌ فَإِذَا لَبَّيْكَ نَاوِيًا فَقَدْ أَحْرَمْتَ فَاتَّقِ الرَّفَثَ وَهُوَ الْجِمَاعُ وَقِيلَ ذِكْرُهُ بِحَضْرَةِ النِّسَاءِ وَالْكَلَامُ الْفَاحِشُ وَالْفُسُوقَ وَالْمَعَاصِيَ وَالْجِدَالَ مَعَ الرُّفَقَاءِ وَالْخَدَمِ وَقَتْلَ صَيْدِ الْبَرِّ وَالْإِشَارَةَ إِلَيْهِ وَالدَّلَالَةَ عَلَيْهِ وَلُبْسَ الْمَخِيطِ وَالْعِمَامَةِ وَالْخُفَّيْنِ وَتَغْطِيَةَ الرَّأْسِ وَالْوَجْهِ وَمَسَّ الطِّيبِ وَحَلْقَ الرَّأْسِ وَالشَّعْرِ۔

ترجمہ: اور ان الفاظ میں سے کچھ بھی کم مت کر، اور اس میں زیادہ کر: حاضر ہوں اور تیری موافقت کرتا ہوں اور تمام خیر تیرے قبضہ میں ہے، حاضر ہوں، اور تیری ہی جانب رغبت کرنا ہے۔ اور (یہ) زیادتی کرنا سنت ہے۔ پس جب تو نے نیت کرتے ہوئے تلبیہ پڑھ لیا تو تو محرم ہو گیا، پس تو بچ رفث سے، اور وہ (رفث) جماع کرنا ہے، اور کہا گیا ہے کہ (رفث) عورتوں کے سامنے جماع کا تذکرہ کرنا ہے، اور (تو بچ) فسوق اور گناہوں سے اور ساتھیوں اور خدمت گاروں کے ساتھ جھگڑنے سے، اور خشکی کے شکار کو قتل کرنے سے، اور اس کی طرف اشارہ کرنے سے، اور اس (شکار) کی خبر دینے سے، اور سلا ہوا کپڑا پہننے سے، اور عمامہ باندھنے سے، اور موزہ پہننے سے، اور سر اور چہرہ ڈھانپنے سے، اور خشبو لگانے سے، اور سر اور بال کو منڈوانے سے۔

وَيَجُوزُ الْاِغْتِسَالُ وَالْاِسْتِظْلَالُ بِالْخَيْمَةِ وَالْمَحْمِلِ وَغَيْرِهِمَا وَشَدُّ الْهِمْيَانِ فِي الْوَسْطِ وَأَكْثِرِ التَّلْبِيَةِ مَتٰى صَلَّيْتَ أَوْ عَلَوْتَ شَرَفًا أَوْ هَبَطْتَ وَادِيًا أَوْ لَقِيتَ رَكْبًا وَبِالْأَسْحَارِ رَافِعًا صَوْتَكَ بِلَا جُهْدٍ مُضِرٍّ وَإِذَا وَصَلْتَ إِلٰى مَكَّةَ يُسْتَحَبُّ أَنْ تَغْتَسِلَ وَتَدْخُلَهَا مِنْ بَابِ الْمُعَلّٰى لِتَكُونَ مُسْتَقْبِلًا فِيْ دُخُولِكَ بَابَ الْبَيْتِ الشَّرِيفِ تَعْظِيمًا۔

ترجمہ: اور غسل کرنا جائز ہے اور خیمہ اور کجاوے وغیرہ سے سایہ حاصل کرنا، اور ہمیان کا کمر میں باندھنا۔ اور تو تلبیہ کی کثرت کر، جب بھی تو نماز پڑھے یا بلندی پر چڑھے یا پست زمین سے اترے یا کسی قافلے سے ملے، اور صبح کے اوقات میں اس حال میں کہ تو آواز کو بلند کرنے والا ہو بغیر نقصان دہ مشقت کے۔ اور جب تو مکہ پہنچے تو غسل کرنا مستحب قرار دیا گیا ہے، اور مکہ میں باب معلی سے داخل ہونا، تاکہ تو داخل ہونے میں بیت اللہ شریف کے دروازے کا استقبال کرنے والا ہو تعظیم کی وجہ سے۔

وَيُسْتَحَبُّ أَنْ تَكُوْنَ مُلَبِّيًا فِيْ دُخُوْلِكَ حَتّٰى تَأْتِيَ بَابَ السَّلَامِ فَتَدْخُلَ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ مِنْهُ مُتَوَاضِعًا خَاشِعًا مُلَبِّيًا مُلَاحِظًا جَلَالَةَ الْمَكَانِ مُكَبِّرًا مُهَلِّلًا مُصَلِّيًا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَلَطِّفًا بِالْمُزَاحِمِ دَاعِيًا بِمَا أَحْبَبْتَ فَإِنَّهٗ مُسْتَجَابٌ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ الْمُكَرَّمِ۔

ترجمہ: اور مکہ میں داخل ہوتے وقت تیرا تلبیہ پڑھتے رہنا مستحب قرار دیا گیا ہے یہاں تک کہ تو باب السلام تک آئے، پس تو باب السلام سے مسجدِ حرام میں داخل ہو عاجزی و خشوع کرتے ہوئے، تلبیہ پڑھتے ہوئے، لحاظ رکھتے ہوئے مکان کی عظمت کا، تکبیر و تہلیل و نبی ﷺ پر درود پڑھتے ہوئے، مزاحم کے ساتھ نرمی کرتے ہوئے، اور جو چیز محبوب ہو اس کی دعا مانگتے ہوئے، کیونکہ بیت المکرم کی زیارت کے وقت دعا قبول کی جاتی ہے۔

ثُمَّ اِسْتَقْبِلِ الْحَجَرَ الْأَسْوَدَ مُكَبِّرًا مُهَلِّلًا رَافِعًا يَدَيْكَ كَمَا فِي الصَّلَاةِ وَضَعْهُمَا عَلَى الْحَجَرِ وَقَبِّلْهُ بِلَا صَوْتٍ فَمَنْ عَجَزَ عَنْ ذٰلِكَ إِلَّا بِإِيْذَاءٍ تَرَكَهٗ وَمَسَّ الْحَجَرَ بِشَيْءٍ وَقَبَّلَهٗ أَوْ أَشَارَ إِلَيْهِ مِنْ بَعِيْدٍ مُكَبِّرًا مُهَلِّلًا حَامِدًا مُصَلِّيًا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ طُفْ آخِذًا عَنْ يَمِيْنِكَ مِمَّا يَلِي الْبَابَ مُضْطَبِعًا وَهُوَ أَنْ تَجْعَلَ الرِّدَاءَ تَحْتَ الْإِبِطِ الْأَيْمَنِ وَتُلْقِيَ طَرْفَيْهِ عَلَى الْأَيْسَرِ سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ دَاعِيًا فِيْهَا بِمَا شِئْتَ۔

ترجمہ: پھر تو حجر اسود کا استقبال کر تکبیر و تہلیل کرتے ہوئے، اپنے ہاتھوں کو اٹھاتے ہوئے جیسے کہ نماز میں، اور دونوں ہاتھوں کو حجر اسود پر رکھ، اور اس کو بغیر آواز کے بوسہ دے، پس جو شخص ایذا کی وجہ سے اس سے عاجز ہو تو وہ بوسہ کو چھوڑ دے، اور حجر اسود کو کسی چیز سے چھولے اور اس کو بوسہ دے لے یا دور ہی سے اس کی طرف اشارہ کرے تکبیر و تہلیل و حمد و نبی ﷺ پر درود پڑھتا ہوا، پھر طواف کر اس حال میں کہ تو اپنی داہنی طرف سے شروع کرنے والا ہو، یعنی اس حصے سے جو دروازے سے متصل ہے اضطباع کرتے ہوئے، اور اضطباع یہ ہے کہ چادر کو داہنی بغل کے نیچے کر لے اور اس کے دونوں کناروں کو بائیں مونڈھے پر ڈال لے، (اس طرح) سات چکر دعا کرتے ہوئے (کر) (اور ان چکروں میں) جو چاہے دعا کر۔

وَطُفْ وَرَاءَ الْحَطِيْمِ وَإِنْ أَرَدْتَ أَنْ تَسْعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ عَقِبَ الطَّوَافِ فَارْمُلْ فِي الثَّلَاثَةِ الْأَشْوَاطِ الْأَوَّلِ وَهُوَ الْمَشْيُ بِسُرْعَةٍ مَعَ هَزِّ الْكَتِفَيْنِ كَالْمُبَارِزِ يَتَبَخْتَرُ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ فَإِنْ زَحَمَهُ النَّاسُ وَقَفَ فَإِذَا وَجَدَ فُرْجَةَ رَمَلٍ لِأَنَّهٗ لَا بُدَّ لَهٗ مِنْهُ فَيَقِفُ حَتّٰى يُقِيْمَهٗ عَلَى الْوَجْهِ الْمَسْنُوْنِ بِخِلَافِ اِسْتِلَامِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ

لِأَنَّ لَهٗ بَدَلًا وَهُوَ اسْتِقْبَالُهٗ وَيَسْتَلِمُ الْحَجَرَ كُلَّمَا مَرَّ بِهٖ وَيَخْتِمُ الطَّوَافَ بِهٖ وَبِرَكْعَتَيْنِ فِيْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَوْ حَيْثُ تَيَسَّرَ مِنَ الْمَسْجِدِ۔

ترجمہ: اور تو حطیم کے پیچھے سے طواف کر، اور اگر تو طواف کے بعد صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنے کا ارادہ کرے تو رمل کر پہلے تین چکروں میں، اور رمل تیزی کے ساتھ دونوں مونڈھوں کو ہلا کر چلنا ہے جیسے مقابلہ کے لئے نکلنے والا کہ وہ صفوں کے بیچ میں اکڑ کر چلتا ہے، پس اگر اس کے سامنے لوگوں کی بھیڑ ہو جائے تو ٹھہر جائے پھر جب کشادگی پائے رمل کرے۔ رمل کرنا اس کے لئے ضروری ہے پس اتنی دیر ٹھہر جائے کہ مسنون طریقہ پر رمل کر سکے، بخلاف حجر اسود کو چومنے کے، اس لئے کہ اس (حجر اسود کو چومنے) کا بدل ہے اور وہ (بدل) حجر اسود کا استقبال ہے، اور حجر اسود کو بوسہ دے جب بھی اس کے پاس سے گزرے، اور بوسہ کے ساتھ طواف کو ختم کرے، اور دو رکعتوں کے ساتھ (طواف کو ختم کرے) مقامِ ابراہیم میں یا جہاں بھی مسجدِ حرام میں آسان ہو۔

ثُمَّ عَادَ فَاسْتَلَمَ الْحَجَرَ وَهٰذَا طَوَافُ الْقُدُوْمِ وَهُوَ سُنَّةٌ لِلْآفَاقِيِّ ثُمَّ تَخْرُجُ إِلَى الصَّفَا فَتَصْعَدُ وَتَقُوْمُ عَلَيْهَا حَتّٰى تَرَى الْبَيْتَ فَتَسْتَقْبِلُهٗ مُكَبِّرًا مُهَلِّلًا مُلَبِّيًا مُصَلِّيًا دَاعِيًا وَتَرْفَعُ يَدَيْكَ مَبْسُوْطَتَيْنِ ثُمَّ تَهْبِطُ نَحْوَ الْمَرْوَةِ عَلٰى هِيْنَتِهٖ فَإِذَا وَصَلَ بَطْنَ الْوَادِيْ سَعٰى بَيْنَ الْمِيْلَيْنِ الْأَخْضَرَيْنِ سَعْيًا حَثِيْثًا فَإِذَا تَجَاوَزَ بَطْنَ الْوَادِيْ مَشٰى عَلٰى هِيْنَتِهٖ حَتّٰى يَأْتِيَ الْمَرْوَةَ فَيَصْعَدَ عَلَيْهَا وَيَفْعَلَ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا يَسْتَقْبِلُ الْبَيْتَ مُكَبِّرًا مُهَلِّلًا مُلَبِّيًا مُصَلِّيًا دَاعِيًا بَاسِطًا يَدَيْهِ نَحْوَ السَّمَاءِ وَهٰذَا شَوْطٌ۔

ترجمہ: پھر لوٹے، پس حجر اسود کو بوسہ دے، اور یہ طوافِ قدوم ہے، اور یہ آفاقی کے لئے سنت ہے۔ پھر صفا کی طرف نکلے، پس (اس پر) چڑھے، اور اس پر کھڑا ہو، یہاں تک کہ بیت اللہ کو دیکھے، پس اس کا استقبال کرے اس حال میں کہ تکبیر و تہلیل و تلبیہ و درود اور دعا کرنے والا ہو، اور اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھائے اس حال میں کہ ہاتھ پھیلے ہوئے ہوں، پھر نرمی کے ساتھ مروہ کی طرف اترے، پس جب بطنِ وادی میں پہنچے، تو میلین اخضرین کے درمیان تیزی کے ساتھ دوڑے، پس جب بطنِ وادی سے گزر جائے تو سکون سے چلے یہاں تک کہ مروہ پر آ جائے، پس مروہ پر چڑھے اور کرے جیسے کہ صفا پر کیا تھا۔ (یعنی) بیت اللہ کا استقبال کرے تکبیر و تہلیل کرتے ہوئے تلبیہ و درود، اور دعا کرتے ہوئے اس حال میں کہ دونوں ہاتھوں کو آسمان کی طرف پھیلائے ہوئے ہو، اور یہ ایک چکر ہے۔

ثُمَّ يَعُوْدُ قَاصِدًا الصَّفَا فَإِذَا وَصَلَ إِلَى الْمِيْلَيْنِ الْأَخْضَرَيْنِ سَعٰى ثُمَّ مَشٰى عَلٰى هِيْنَةٍ حَتّٰى يَأْتِيَ الصَّفَا فَيَصْعَدَ عَلَيْهَا وَيَفْعَلَ كَمَا فَعَلَ أَوَّلًا وَهٰذَا شَوْطٌ ثَانٍ فَيَطُوْفُ سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ يَبْدَأُ بِالصَّفَا وَيَخْتِمُ بِالْمَرْوَةِ وَيَسْعٰى فِيْ بَطْنِ الْوَادِيْ فِيْ كُلِّ شَوْطٍ مِنْهَا ثُمَّ يُقِيْمُ بِمَكَّةَ مُحْرِمًا وَيَطُوْفُ بِالْبَيْتِ كُلَّمَا بَدَأَ لَهٗ وَهُوَ أَفْضَلُ مِنَ الصَّلَاةِ نَفْلًا لِلْآفَاقِيْ۔

ترجمہ: پھر لوٹے صفا کا قصد کرتے ہوئے، پس جب میلین اخضرین پر پہنچے تو دوڑے، پھر سکون سے چلے یہاں تک کہ صفا پر آئے، پھر اس پر چڑھے اور کرے جیسے کہ پہلی بار کیا تھا، اور یہ دوسرا چکر ہے۔ پس طواف (سعی) کرے ساتھ چکر، صفا سے شروع کرے اور مروہ پر ختم کرے، اور دوڑے بطنِ وادی میں ان ساتوں چکروں میں سے ہر چکر میں۔ پھر احرام کی حالت میں مکہ میں ٹھہرا رہے، اور بیت اللہ کا طواف کرتا رہے جب اس کو موقع ہو، اور طواف آفاقی کے لئے نفل سے افضل ہے۔

فَإِذَا صَلَّى الْفَجْرَ بِمَكَّةَ ثَامِنَ ذِي الْحِجَّةِ تَأَهَّبَ لِلْخُرُوْجِ اِلٰى مِنٰى فَيَخْرُجُ مِنْهَا بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَيُسْتَحَبُّ أَنْ يُصَلِّيَ الظُّهْرَ بِمِنٰى وَلَا يَتْرُكُ التَّلْبِيَةَ فِيْ أَحْوَالِهٖ كُلِّهَا اِلَّا فِي الطَّوَافِ وَيَمْكُثُ بِمِنٰى اِلٰى أَنْ يُصَلِّيَ الْفَجْرَ بِهَا بِغَلَسٍ وَيَنْزِلُ بِقُرْبِ مَسْجِدِ الْخَيْفِ ثُمَّ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ يَذْهَبُ اِلٰى عَرَفَاتٍ فَيُقِيْمُ بِهَا فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ يَأْتِيْ مَسْجِدَ نَمِرَةَ فَيُصَلِّيْ مَعَ الْإِمَامِ الْأَعْظَمِ أَوْ نَائِبِهِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ بَعْدَ مَا يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا وَيُصَلِّي الْفَرْضَيْنِ بِأَذَانٍ وَإِقَامَتَيْنِ۔

ترجمہ: پس جب آٹھویں ذی الحجہ کی فجر کی نماز مکہ میں پڑھ لے تو منی کی طرف نکلنے کی تیاری کرے، پس مکہ سے طلوعِ شمس کے بعد نکلے، اور مستحب یہ ہے کہ ظہر کی نماز منی میں پڑھے، اور تلبیہ کسی بھی احوال میں نہ چھوڑے مگر طواف میں، اور منی میں ٹھہرا رہے یہاں تک کہ فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھے اور مسجدِ خیف کے قریب اترے، پھر طلوعِ آفتاب کے بعد عرفات کی جانب جائے، اور وہاں قیام کرے، پس جب آفتاب ڈھل جائے تو مسجدِ نمرہ میں آئے، پس امام اعظم یا اس کے نائب کے ساتھ ظہر و عصر پڑھے، بعد اس کے کہ امام دو خطبے دے (دو خطبے کے بعد نماز پڑھے)، اور (خطیب) ان دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھے، اور (امام یا نائب) دو فرض ایک اذان اور دو اقامت سے پڑھائے۔

وَلَا يَجْمَعُ بَيْنَهُمَا إِلَّا بِشَرْطَيْنِ اَلْإِحْرَامِ وَالْإِمَامِ الْأَعْظَمِ وَلَا يَفْصِلُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ بِنَافِلَةٍ وَإِنْ لَمْ يُدْرِكِ الْإِمَامَ الْاَعْظَمَ صَلّٰى كُلَّ وَاحِدَةٍ فِيْ وَقْتِهَا الْمُعْتَادِ فَإِذَا صَلّٰى مَعَ الْإِمَامِ يَتَوَجَّهُ إِلَى الْمَوْقِفِ وَعَرَفَاتٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ إِلَّا بَطْنَ عُرْنَةَ وَيَغْتَسِلُ بَعْدَ الزَّوَالِ فِيْ عَرَفَاتٍ لِلْوُقُوْفِ وَيَقِفُ بِقُرْبِ جَبَلِ الرَّحْمَةِ مُسْتَقْبِلًا مُكَبِّرًا مُهَلِّلًا مُلَبِّيًا دَاعِيًا مَادًّا يَدَيْهِ كَالْمُسْتَطْعِمِ وَيَجْتَهِدُ فِي الدُّعَاءِ لِنَفْسِهِ وَوَالِدَيْهِ وَإِخْوَانِهِ۔

ترجمہ: اور ان دونوں کے درمیان (نمازِ ظہر و عصر) جمع نہ کرے مگر دو شرطوں کے ساتھ، (۱) احرام اور (۲) امام اعظم، اور دونوں نمازوں کے درمیان نفل سے فصل نہ کرے، اور اگر امام اعظم کو نہ پائے تو ہر ایک کو اس کے مقررہ وقت میں پڑھے، اور جب امام کے ساتھ نماز پڑھ چکے تو موقف کی طرف متوجہ ہو، اور تمام عرفات موقف (ٹھہرنے کی جگہ) ہے، مگر بطنِ عرنہ، اور عرفات میں وقوف کے لئے زوال کے بعد غسل کرے، اور جبلِ رحمت کے قریب ٹھہرے، اس حال میں کہ خانۂ کعبہ کا استقبال کئے ہوئے ہو تکبیر و تہلیل، تلبیہ و دعا کرتے ہوئے، اپنے ہاتھوں کو پھیلا کر کھانا مانگنے والے کی طرح، اور دعا میں کوشش کرے اپنے لئے اور اپنے والدین اور بھائیوں کے لئے۔

وَيَجْتَهِدُ عَلٰى أَنْ يَخْرُجَ مِنْ عَيْنَيْهِ قَطَرَاتٌ مِنَ الدَّمْعِ فَإِنَّهُ دَلِيْلُ الْقَبُوْلِ وَيُلِحُّ فِي الدُّعَاءِ مَعَ قُوَّةِ رَجَاءِ الْإِجَابَةِ وَلَا يُقَصِّرُ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ إِذْ لَا يُمْكِنُهُ تَدَارُكُهُ سِيَّمَا إِذَا كَانَ مِنَ الْآفَاقِ وَالْوُقُوْفُ عَلَى الرَّاحِلَةِ أَفْضَلُ وَالْقَائِمُ عَلَى الْأَرْضِ أَفْضَلُ مِنَ الْقَاعِدِ فَإِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ أَفَاضَ الْإِمَامُ وَالنَّاسُ مَعَهُ عَلٰى هِيْنَتِهِمْ وَإِذَا وَجَدَ فُرْجَةً يُسْرِعُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُؤْذِيَ أَحَدًا وَيَتَحَرَّزُ عَمَّا يَفْعَلُهُ الْجَهَلَةُ مِنَ الْاِشْتِدَادِ فِي السَّيْرِ وَالْاِزْدِحَامِ وَالْإِيْذَاءِ فَإِنَّهُ حَرَامٌ۔

ترجمہ: اور اس بات کی بھی کوشش کرے کہ اس کی آنکھوں سے چند قطرے آنسوئوں کے نکلیں، کیونکہ یہ قبول ہونے کی دلیل ہے، اور دعا کے اندر قبولیت کی پوری امید کے ساتھ اصرار کرے، اور اس دن میں کوتاہی نہ کرے، اس لئے کہ اس کا تدارک ناممکن ہے، خصوصاً جبکہ آفاقی ہو، اور سواری پر وقوف کرنا افضل ہے اور زمین پر کھڑا ہونے والا افضل ہے بیٹھنے والے سے، پس جب آفتاب غروب ہو جائے تو امام اور وہ لوگ جو امام کے ساتھ ہیں اپنی چال پر (پرسکون طریقے پر) واپس ہوں، اور جب کشادگی پائے تو

تیز چلے بغیر اس کے کہ کسی کو تکلیف دے، اور ان باتوں سے بچے جن کو جاہل لوگ کیا کرتے ہیں، یعنی چلنے میں تیزی کرنا (دوڑنا) اور دھکا دینا اور تکلیف دینا، کیونکہ یہ (کام) حرام ہیں۔

حَتّٰى يَأْتِيَ مُزْدَلِفَةَ فَيَنْزِلُ بِقُرْبِ جَبَلِ قُزَحَ وَيَرْتَفِعُ عَنْ بَطْنِ الْوَادِيْ تَوْسِعَةً لِلْمَارِّيْنَ وَيُصَلِّيْ بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِأَذَانٍ وَاحِدٍ وَإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ وَلَوْ تَطَوَّعَ بَيْنَهُمَا أَوْ تَشَاغَلَ أَعَادَ الْإِقَامَةَ وَلَمْ تَجْزِ الْمَغْرِبُ فِيْ طَرِيْقِ الْمُزْدَلِفَةِ وَعَلَيْهِ إِعَادَتُهَا مَا لَمْ يَطْلُعِ الْفَجْرُ وَيُسَنُّ الْمَبِيْتُ بِالْمُزْدَلِفَةِ۔ فَإِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ صَلَّى الْإِمَامُ بِالنَّاسِ الْفَجْرَ بِغَلَسٍ ثُمَّ يَقِفُ النَّاسُ مَعَهُ وَالْمُزْدَلِفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ إِلَّا بَطْنَ مُحَسِّرٍ۔

ترجمہ: یہاں تک کہ مزدلفہ آئے، پس جبلِ قزح کے قریب اترے، اور بطنِ وادی سے کچھ اوپر ٹھہرے، گزرنے والوں کے لئے کشادگی کے خیال سے، اور مزدلفہ میں مغرب و عشاء کی نماز پڑھے، ایک اذان اور ایک اقامت سے، اور اگر ان دونوں کے درمیان نفل پڑھ لے یا (کسی کام میں) مشغول ہو جائے تو اقامت کو لوٹائے، اور نمازِ مغرب مزدلفہ کے راستے میں (پڑھنا) جائز نہیں ہے، (اگر راستے میں پڑھ لے) تو اس پر اس کا اعادہ کرنا واجب ہے، جب تک کہ فجر طلوع نہ ہو، اور مزدلفہ میں رات گزارنا مسنون ہے، پس جب فجر طلوع ہو جائے تو امام لوگوں کو فجر کی نماز غلس (اندھیرے) میں پڑھائے، پھر امام اور وہ لوگ جو امام کے ساتھ ہیں وقوف کرے، اور پورا مزدلفہ وقوف کی جگہ ہے مگر بطنِ محسر۔

وَيَقِفُ مُجْتَهِدًا فِيْ دُعَائِهٖ وَيَدْعُو اللهَ أَنْ يُتِمَّ مُرَادَهٗ وَسُؤَالَهٗ فِيْ هٰذَا الْمَوْقِفِ كَمَا أَتَمَّهٗ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا أَسْفَرَ جِدًّا أَفَاضَ الْإِمَامُ وَالنَّاسُ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ فَيَأْتِيْ إِلٰى مِنًى وَيَنْزِلُ بِهَا ثُمَّ يَأْتِيْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَيَرْمِيْهَا مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ مِثْلَ حَصَى الْخَزْفِ۔

ترجمہ: اور وقوف کرے اپنی دعا میں کوشش کرتے ہوئے، اور اللہ تعالی سے دعا کرے کہ اللہ اس کی مراد اور اس کے سوال کو اس جگہ میں ایسے ہی پورا کر دے جیسے کہ ہمارے سردار محمد ﷺ کے لئے پوری کی دی، پھر جب خوب روشنی ہو جائے تو امام اور تمام لوگ سورج طلوع ہونے سے پہلے کوچ کرے، پس منی میں آئے، اور وہاں اترے، پھر جمرۂ عقبہ پر آئے، پس رمی کرے بطنِ وادی سے سات کنکریوں کے ساتھ، ٹھیکرے کی کنکری کی طرح۔

وَيُسْتَحَبُّ أَخْذُ الْجِمَارِ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ أَوْ مِنَ الطَّرِيْقِ وَيُكْرَهُ مِنَ الَّذِيْ عِنْدَ الْجَمْرَةِ وَيُكْرَهُ الرَّمْيُ مِنْ أَعْلَى الْعَقَبَةِ لِإِيْذَائِهِ النَّاسَ وَيَلْتَقِطُهَا الْتِقَاطًا وَلَا يَكْسِرُ حَجَرًا جِمَارًا وَيَغْسِلُهَا لِيَتَيَقَّنَ طَهَارَتَهَا فَإِنَّهَا يُقَامُ بِهَا قُرْبَةٌ وَلَوْ رَمٰى بِنَجِسَةٍ أَجْزَأَهٗ وَكُرِهَ وَيَقْطَعُ التَّلْبِيَةَ مَعَ أَوَّلِ حَصَاةٍ يَرْمِيْهَا۔

ترجمہ: اور مستحب قرار دیا گیا ہے کنکریوں کا مزدلفہ سے یا راستے سے لینا، اور جمرہ کے پاس سے اٹھانا مکروہ ہے، اور جمرۂ عقبہ کے اوپر کی جانب سے رمی کرنا مکروہ ہے، لوگوں کو تکلیف پہنچنے کی وجہ سے، اور کنکریوں کو کہیں سے اٹھالے، اور کنکریوں کے لئے کوئی پتھر نہ توڑے، اور ان کو دھولے تاکہ ان کی پاکی کا یقین ہو جائے، کیونکہ ان سے ایک عبادت قائم کی جاتی ہے، اور اگر ناپاک کنکریوں سے رمی کی تو اس کو کافی ہو گا اور مکروہ ہے، اور پہلی کنکری کے پھینکنے کے ساتھ تلبیہ کو ختم کر دے۔

وَكَيْفِيَّةُ الرَّمْيِ أَنْ يَأْخُذَ الْحَصَاةَ بِطَرْفِ إِبْهَامِهِ وَسَبَّابَتِهِ فِي الْأَصَحِّ لِأَنَّهٗ أَيْسَرُ وَأَكْثَرُ إِهَانَةً لِلشَّيْطَانِ وَالْمَسْنُوْنُ الرَّمْيُ بِالْيَدِ الْيُمْنٰى وَيَضَعُ الْحَصَاةَ عَلٰى ظَهْرِ إِبْهَامِهِ وَيَسْتَعِيْنُ بِالْمُسَبِّحَةِ وَيَكُوْنُ بَيْنَ الرَّامِيْ وَمَوْضِعِ السُّقُوْطِ خَمْسَةُ أَذْرُعٍ وَلَوْ وَقَعَتْ عَلٰى رَجُلٍ أَوْ مَحْمِلٍ وَثَبَتَتْ أَعَادَهَا وَإِنْ سَقَطَتْ عَلٰى سُنَنِهَا ذٰلِكَ أَجْزَأَهٗ وَكَبَّرَ بِكُلِّ حَصَاةٍ۔

ترجمہ: اور رمی (کنکری مارنے) کی کیفیت یہ ہے کہ کنکری کو اپنے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑے اصح قول کے مطابق، اس لئے کہ یہ آسان ہے اور شیطان کے لئے زیادہ توہین کا باعث ہے، اور داہنے ہاتھ سے پھینکنا مسنون ہے، اور کنکری کو اپنے انگوٹھے کی پشت پر رکھے، اور شہادت کی انگلی سے مدد لے، اور پھینکنے والے اور گرنے کی جگہ کے درمیان پانچ ہاتھ کا فاصلہ ہو، اور اگر کنکری کسی آدمی پر یا کسی کجاوے پر گر کر ٹھہر گئی تو اس کا اعادہ کرے، اور اگر اپنے اسی طریقے پر گر گئی تو اس کو وہ کافی ہے، اور ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہے۔

ثُمَّ يَذْبَحُ الْمُفْرِدُ بِالْحَجِّ إِنَّ أَحَبَّهٗ ثُمَّ يَحْلِقُ أَوْ يُقَصِّرُ وَالْحَلَقُ أَفْضَلُ وَيَكْفِيْ فِيْهِ رُبُعُ الرَّأْسِ وَالتَّقْصِيْرُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ رُؤُوْسِ شَعْرِهٖ مِقْدَارَ الْأَنْمُلَةِ وَقَدْ حَلَّ لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا النِّسَاءُ ثُمَّ يَأْتِيْ مَكَّةَ مِنْ يَوْمِهٖ ذٰلِكَ أَوْ مِنَ الْغَدِ أَوْ بَعْدَهٗ فَيَطُوْفُ بِالْبَيْتِ طَوَافَ الزِّيَارَةِ سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ وَحَلَّتْ لَهُ النِّسَاءُ وَأَفْضَلُ هٰذِهِ الْأَيَّامِ أَوَّلُهَا وَإِنْ أَخَّرَهٗ عَنْهَا لَزِمَهٗ شَاةٌ لِتَأْخِيْرِ الْوَاجِبِ۔

ترجمہ: پھر افراد حج کرنے والا ذبح کرے اگر وہ چاہے، پھر حلق کرائے، یا قصر کرائے، اور حلق افضل ہے، اور چوتھائی سر کا منڈوانا بھی کافی ہو جاتا ہے، اور تقصیر یہ ہے کہ اپنے بالوں کے سروں سے انگلیوں کے پوروں کی مقدار لے، اور اب اس (حاجی) کے لئے عورتوں کے علاوہ ہر چیز (جو احرام کی بناپر حرام ہوئی تھی) حلال ہو گئی، پھر اسی دن یا اگلے دن یا اس کے بعد کسی دن مکہ آئے، اور بیت اللہ کا سات چکر طوافِ زیارت کرے، اور (اب) اس کے لئے عورتیں حلال ہو گئیں، اور ان دنوں میں افضل پہلا دن ہے، اور اگر طوافِ زیارت کو ان دنوں سے مؤخر کیا (دس، گیارہ اور بارہ تاریخ سے) تو اس پر ایک بکری لازم ہو گی، واجب کو مؤخر کر دینے کی وجہ سے۔

ثُمَّ يَعُوْدُ اِلٰى مِنًى فَيُقِيْمُ بِهَا فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ مِنَ الْيَوْمِ الثَّانِيْ مِنْ أَيَّامِ النَّحْرِ رَمَى الْجِمَارَ الثَّلَاثَ يَبْدَأُ بِالْجَمْرَةِ الَّتِيْ تَلِيْ مَسْجِدَ الْخَيْفِ فَيَرْمِيْهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ مَاشِيًا يُكَبِّرُ بِكُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ يَقِفُ عِنْدَهَا دَاعِيًا بِمَا أَحَبَّ حَامِدًا لِلّٰهِ تَعَالٰى مُصَلِّيًا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ وَيَسْتَغْفِرُ لِوَالِدَيْهِ وَإِخْوَانِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

ترجمہ: پھر منی کی طرف لوٹ آئے اور وہاں ٹھہرے، پس جب ایام نحر کے دوسرے دن کا آفتاب ڈھل جائے تو تینوں جمروں کی رمی کرے، شروع اس جمرے سے کرے جو مسجدِ خیف سے متصل ہے، پس اس کی رمی کرے سات کنکریوں سے اس حال میں کہ پیدل ہو، ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہے، پھر اس کے پاس ٹھہر جائے اس حال میں کہ دعا کرے جو وہ چاہے، اللہ کی حمد کرے، اور نبی ﷺ پر درود پڑھے، اور دعا میں اپنے ہاتھوں کو اٹھائے، اور اپنے والدین اور اپنے مؤمنین بھائیوں کے لئے مغفرت طلب کرے۔

ثُمَّ يَرْمِي الثَّانِيَةَ الَّتِيْ تَلِيْهَا مِثْلَ ذٰلِكَ وَيَقِفُ عِنْدَهَا دَاعِيًا ثُمَّ يَرْمِيْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ رَاكِبًا وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا فَإِذَا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ مِنْ أَيَّامِ النَّحْرِ رَمَى الْجِمَارَ الثَّلَاثَ بَعْدَ الزَّوَالِ كَذٰلِكَ وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَتَعَجَّلَ نَفَرَ اِلٰى مَكَّةَ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ وَإِنْ أَقَامَ إِلَى الْغُرُوْبِ كُرِهَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَإِنْ طَلَعَ الْفَجْرُ وَهُوَ بِمِنًى فِي الرَّابِعِ لَزِمَهُ الرَّمْيُ وَجَازَ قَبْلَ الزَّوَالِ وَالْأَفْضَلُ بَعْدَهٗ وَكُرِهَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ۔

ترجمہ: پھر دوسرے جمرے کی رمی کرے جو اس (پہلے والے) سے متصل ہے، اور اس کے پاس بھی دعا کے لئے ٹھہرے، پھر سوار ہونے کی حالت میں جمرۂ عقبہ کی رمی کرے۔ اور اس کے پاس نہ ٹھہرے، پھر جب ایام نحر کا تیسرا دن ہو تو تینوں جمروں کی زوال کے بعد اسی طرح رمی کرے، اور جب جلدی نکلنے کا ارادہ کرے تو مکہ کی طرف کوچ کرے غروبِ آفتاب سے پہلے، اور اگر غروبِ آفتاب تک ٹھہرا رہا تو مکروہ ہے، اور اس پر کوئی چیز واجب نہیں ہے، اور اگر فجر (صبح صادق) طلوع ہو جائے اور وہ چوتھے دن منی میں ہو تو اس پر رمی لازم ہو گی، اور زوال سے پہلے (رمی کرنا) جائز ہے، اور زوال کے بعد (رمی کرنا) افضل ہے، اور طلوعِ آفتاب سے پہلے مکروہ ہے۔

وَكُلُّ رَمْيٍ بَعْدَهٗ رَمْيٌ تَرْمِيْهِ مَاشِيًا لِتَدْعُوَ بَعْدَهٗ وَإِلَّا رَاكِبًا لِتَذْهَبَ عَقِبَهٗ بِلَا دُعَاءٍ وَكُرِهَ الْمَبِيْتُ بِغَيْرِ مِنٰى لَيَالِيَ الرَّمْيِ ثُمَّ إِذَا رَحَلَ إِلٰى مَكَّةَ نَزَلَ بِالْمُحَصَّبِ سَاعَةً ثُمَّ يَدْخُلُ مَكَّةَ وَيَطُوْفُ بِالْبَيْتِ سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ بِلَا رَمَلٍ وَسَعْيٍ إِنْ قَدَّمَهُمَا وَهٰذَا طَوَافُ الْوَدَاعِ وَيُسَمّٰى أَيْضًا طَوَافُ الصَّدَرِ وَهٰذَا وَاجِبٌ إِلَّا عَلٰى أَهْلِ مَكَّةَ وَمَنْ أَقَامَ بِهَا وَيُصَلِّيْ بَعْدَهٗ رَكْعَتَيْنِ۔

ترجمہ: اور ہر وہ رمی جس کے بعد رمی ہو، تو اس کی پیدل رمی کرے تا کہ اس کے بعد دعا کر سکے، ورنہ تو سوار ہو کر کرے تا کہ اس کے بعد بغیر دعا کے چلا جائے، اور رمی کی راتوں میں منی کے علاوہ (کسی اور مقام میں) رات گزارنا مکروہ قرار دیا گیا ہے، پھر جب مکہ کی طرف کوچ کرے تو تھوڑی دیر کے لئے محصب میں اترے، پھر مکہ میں داخل ہو، اور بیت اللہ کا سات چکر طواف کرے بغیر رمل و سعی کے، اگر ان دونوں (رمل و سعی) کو پہلے کر چکا ہے، اور یہ طواف الوداع ہے، نیز اس کا نام طواف الصدر بھی رکھا جاتا ہے، اور یہ واجب ہے، مگر مکہ والوں پر (مکہ والوں پر واجب نہیں) اور ان لوگوں پر جو مکہ میں مقیم ہیں، اور اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے۔

ثُمَّ يَأْتِيْ زَمْزَمَ فَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا وَيَسْتَخْرِجُ الْمَاءَ مِنْهَا بِنَفْسِهٖ إِنْ قَدَرَ وَيَسْتَقْبِلُ الْبَيْتَ وَيَتَضَلَّعُ مِنْهُ وَيَتَنَفَّسُ فِيْهِ مِرَارًا وَيَرْفَعُ بَصَرَهٗ كُلَّ مَرَّةٍ يَنْظُرُ إِلَى الْبَيْتِ وَيَصُبُّ عَلٰى جَسَدِهٖ إِنْ تَيَسَّرَ وَإِلَّا يَمْسَحُ بِهٖ وَجْهَهٗ وَرَأْسَهٗ وَيَنْوِيْ بِشُرْبِهٖ مَا شَاءَ . وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِذَا شَرِبَهٗ قَالَ : " اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا وَاسِعًا وَشِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ "۔

ترجمہ: پھر زمزم کے کنویں کے پاس آئے، اور اس کا پانی پیئے، اور کنویں سے پانی خود نکالے اگر وہ قادر ہو، اور بیت اللہ کی طرف منہ کرے، اور خوب سیر ہو کر پیئے، اور پیتے ہوئے چند بار سانس لے، اور ہر بار اپنی نگاہ اٹھا کر بیت اللہ کی طرف دیکھے، اور اپنے بدن پر ڈالے اگر میسر ہو ورنہ اپنے چہرے اور سر پر مل لے، اور اس کے پینے کے وقت جو چاہے نیت کرے، اور ابنِ عباس رضی اللہ عنہما جب زمزم پیا کرتے تو کہتے: اے اللہ! میں تجھ سے علمِ نافع اور وسیع رزق اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں۔

وَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ " وَيُسْتَحَبُّ بَعْدَ شُرْبِهِ أَنْ يَأْتِيَ بَابَ الْكَعْبَةِ وَيُقَبِّلَ الْعَتَبَةَ ثُمَّ يَأْتِيَ إِلَى الْمُلْتَزَمِ وَهُوَ " مَا بَيْنَ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ وَالْبَابِ " فَيَضَعُ صَدْرَهُ وَوَجْهَهُ عَلَيْهِ وَيَتَشَبَّثُ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ سَاعَةً يَتَضَرَّعُ إِلَى اللهِ تَعَالَى بِالدُّعَاءِ بِمَا أَحَبَّ مِنْ أُمُوْرِ الدَّارَيْنِ وَيَقُوْلُ " اَللّٰهُمَّ إِنَّ هٰذَا بَيْتُكَ الَّذِيْ جَعَلْتَهُ مُبَارَكًا وَهُدًى لِلْعَالَمِيْنَ اللّٰهُمَّ كَمَا هَدَيْتَنِيْ لَهُ فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ وَلَا تَجْعَلْ هٰذَا آخِرَ الْعَهْدِ مِنْ بَيْتِكَ وَارْزُقْنِيْ الْعَوْدَ إِلَيْهِ حَتّٰى تَرْضٰى عَنِّيْ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ " ۔

ترجمہ: اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زمزم کا پانی اس مقصد کے لئے ہے جس کے لئے پیا جائے، اور زمزم پینے کے بعد مستحب ہے کہ کعبہ کے دروازے پر آئے، اور چوکھٹ کو بوسہ دے، پھر ملتزم کی طرف آئے، اور (ملتزم) وہ حصہ ہے جو حجرِ اسود اور خانۂ کعبہ کے دروازے کے درمیان ہے، پس اس پر اپنے سینے اور چہرے کو رکھے اور تھوڑی دیر کعبہ کے پردے کو پکڑے، اللہ کے حضور گڑگڑاتے، دعا کرتے ہوئے جو چاہے دنیا و آخرت کے کاموں کی، اور کہے: اے اللہ! یہ تیرا مکان ہے جس کو تو نے دنیا والوں کے لئے برکت والا، ہدایت والا بنایا، اے اللہ! جس طرح تو نے اس گھر کی ہدایت کی، اب تو اس کو قبول بھی فرما، اور اپنے گھر کی یہ آخری ملاقات نہ بنا اور مجھ کو دوبارہ آنے کی توفیق عطا فرما، یہاں تک کہ تو اپنی رحمت کے صدقہ میں مجھ سے راضی ہو جائے، اے رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے!۔

وَالْمُلْتَزَمُ مِنَ الْأَمَاكِنِ الَّتِيْ يُسْتَجَابُ فِيْهَا الدُّعَاءُ بِمَكَّةَ الْمُشَرَّفَةِ ، وَهِيَ خَمْسَةَ عَشَرَ مَوْضِعًا نَقَلَهَا الْكَمَالُ بْنُ الْهُمَامِ عَنْ رِسَالَةِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ رَحِمَهُ اللهُ بِقَوْلِهِ : " فِي الطَّوَافِ وَعِنْدَ الْمُلْتَزَمِ وَتَحْتَ الْمِيْزَابِ وَفِي الْبَيْتِ وَعِنْدَ زَمْزَمَ وَخَلْفَ الْمَقَامِ وَعَلَى الصَّفَا وَعَلَى الْمَرْوَةِ وَفِي السَّعْيِ وَفِي عَرَفَاتٍ وَفِيْ مِنًى

وَعِنْدَ الْجَمَرَاتِ (اِنْتَهٰى) وَالْجَمَرَاتُ تُرْمٰى فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ يَوْمِ النَّحْرِ وَثَلَاثَةٍ بَعْدَهٗ كَمَا تَقَدَّمَ وَذَكَرْنَا اِسْتِجَابَتَهٗ أَيْضًا عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ الْمُكَرَّمِ۔

ترجمہ: اور ملتزم مکہ کی ان جگہوں میں سے ہے جہاں دعا قبول ہوتی ہے، اور وہ پندرہ جگہیں ہیں، جن کو کمال بن ہمام نے حسن بصری کے رسالے سے نقل کیا ہے ان کے قول سے، (۱) طواف میں۔ (۲) ملتزم کے پاس۔ (۳) میزاب کے نیچے۔ (۴) بیت اللہ میں۔ (۵) زمزم کے پاس۔ (٦) مقام ابراہیم کے پیچھے۔ (۷) صفا پر۔ (۸) مروہ پر۔ (۹) سعی میں۔ (۱۰) عرفات میں۔ (۱۱) منی میں۔ (۱۲) (۱۳) (۱۴) تینوں جمرات کے پاس۔ اور جمرات کی رمی چار دن میں کی جاتی ہے، یوم النحر میں، اور تین دن اس کے بعد جیسا کہ گزرا، (۱۵) اور ہم نے بیت المکرم کے دیکھنے کے وقت بھی دعا کی قبولیت کو ذکر کیا ہے۔

وَيُسْتَحَبُّ دُخُولُ الْبَيْتِ الشَّرِيْفِ الْمُبَارَكِ إِنْ لَمْ يُؤْذِ أَحَدًا وَيَنْبَغِي أَنْ يَقْصِدَ مُصَلَّى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ وَهُوَ قِبَلَ وَجْهِهٖ وَقَدْ جَعَلَ الْبَابَ قِبَلَ ظَهْرِهٖ حَتّٰى يَكُوْنَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِدَارِ الَّذِيْ قِبَلَ وَجْهِهٖ قُرْبُ ثَلَاثَةِ أَذْرُعٍ ثُمَّ يُصَلِّي فَإِذَا صَلّٰى إِلَى الْجِدَارِ يَضَعُ خَدَّهٗ عَلَيْهِ وَيَسْتَغْفِرُ اللهَ وَيَحْمَدُهٗ ثُمَّ يَأْتِي الْأَرْكَانَ فَيَحْمَدُ وَيُهَلِّلُ وَيُسَبِّحُ وَيُكَبِّرُ وَيَسْأَلُ اللهَ تَعَالٰى مَا شَاءَ وَيَلْزَمُ الْأَدَبَ مَا اسْتَطَاعَ بِظَاهِرِهٖ وَبَاطِنِهٖ۔

ترجمہ: اور بیت اللہ میں داخل ہونا مستحب ہے اگر کسی کو تکلیف نہ دے، اور مناسب ہے کہ نبی ﷺ کے مصلے کا قصد کرے، اور یہ جگہ اس کے چہرے کے سامنے ہوگی جبکہ دروازے کو اپنی پشت کی طرف کر دے، یہاں تک کہ اس کے اور اس دیوار کے درمیان جو اس کے چہرے کی طرف ہے تین گز کا فاصلہ رہ جائے، پھر نماز پڑھے، پس جب دیوار کی طرف نماز پڑھ لے تو اپنے رخسار کو اس دیوار پر رکھ دے، اور اللہ تعالی سے استغفار کرے، اور اس کی حمد کرے، پھر ارکان کے پاس آئے (بیت اللہ کے ستون) پس اللہ کی تعریف کرے اور لا الہ الا اللہ اور سبحن اللہ اور اللہ اکبر پڑھے، اور اللہ سے جو چاہے مانگے، اور جہاں تک ہو سکے اپنے ظاہر و باطن سے ادب کو لازم پکڑے۔

وَلَيْسَتِ الْبَلَاطَةُ الْخَضْرَاءُ الَّتِيْ بَيْنَ الْعَمُوْدَيْنِ مُصَلَّى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا تَقُوْلُهُ الْعَامَّةُ مِنْ أَنَّهُ الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَهُوَ مَوْضِعٌ عَالٍ فِيْ جِدَارِ الْبَيْتِ بِدْعَةٌ بَاطِلَةٌ لَا أَصْلَ لَهَا وَالْمِسْمَارُ الَّذِي فِيْ وَسْطِ الْبَيْتِ

يُسَمُّوْنَهٗ " سُرَّةَ الدُّنْيَا " يَكْشِفُ أَحَدُهُمْ عَوْرَتَهٗ وَسُرَّتَهٗ وَيَضَعُهَا عَلَيْهَا فِعْلُ مَنْ لَا عَقْلَ لَهٗ فَضْلًا عَنْ عِلْمٍ كَمَا قَالَهُ الْكَمَالُ۔

ترجمہ: اور وہ سبز فرش جو دو ستونوں کے درمیان ہے نبی ﷺ کا مصلی نہیں ہے، اور وہ جس کو عام لوگ کہتے ہیں کہ **العروۃ الوثقی** ہے، اور وہ بیت اللہ کی دیوار میں ایک بلند جگہ ہے بدعتِ باطلہ ہے (گھڑی ہوئی بات ہے) جس کی کوئی اصل نہیں ہے، اور وہ کیل جس کا نام دنیا کی ناف رکھتے ہیں ان میں سے ایک اپنے ستر اور ناف کو کھولتا ہے اور اس پر رکھتا ہے، یہ ان لوگوں کا فعل ہے جن کے اندر کوئی عقل نہیں، چہ جائے کہ (ان کو) علم ہو، ایسا ہی اس کو علامہ کمال نے فرمایا۔

وَإِذَا أَرَادَ الْعَوْدَ إِلٰى أَهْلِهٖ يَنْبَغِيْ أَنْ يَنْصَرِفَ بَعْدَ طَوَافِهٖ لِلْوَدَاعِ وَهُوَ يَمْشِيْ إِلٰى وَرَائِهٖ وَوَجْهُهٗ إِلَى الْبَيْتِ بَاكِيًا أَوْ مُتَبَاكِيًا مُتَحَسِّرًا عَلٰى فِرَاقِ الْبَيْتِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ وَيَخْرُجُ مِنْ مَكَّةَ مِنْ بَابِ بَنِيْ شَيْبَةَ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلٰى۔

ترجمہ: اور جب اپنے اہل کی طرف لوٹنے کا ارادہ کرے تو مناسب ہے کہ طوافِ وداع کے بعد اس طرح لوٹے کہ وہ پیچھے کی طرف چل رہا ہو، اور اس کا چہرہ قبلہ کی طرف ہو، روتے ہوئے یا رونے کی سی صورت بناتے ہوئے، حسرت کرتے ہوئے بیت اللہ کے فراق پر، یہاں تک کہ مسجد سے نکلے، اور مکہ سے باب بنی شیبہ سے ثنیہ سفلی سے ہوتا ہوا نکلے۔

وَالْمَرْأَةُ فِيْ جَمِيْعِ أَفْعَالِ الْحَجِّ كَالرَّجُلِ غَيْرَ أَنَّهَا لَا تَكْشِفُ رَأْسَهَا وَتَسْدُلُ عَلٰى وَجْهِهَا شَيْئًا تَحْتَهٗ عِيْدَانٌ كَالْقُبَّةِ تَمْنَعُ مَسَّهُ بِالْغِطَاءِ وَلَا تَرْفَعُ صَوْتَهَا بِالتَّلْبِيَةِ وَلَا تَرْمُلُ وَلَا تُهَرْوِلُ فِي السَّعْيِ بَيْنَ الْمِيْلَيْنِ الْأَخْضَرَيْنِ بَلْ تَمْشِيْ عَلٰى هِيْنَتِهَا فِيْ جَمِيْعِ السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَا تَحْلِقُ وَتُقَصِّرُ وَتَلْبَسُ الْمَخِيْطَ وَلَا تُزَاحِمُ الرِّجَالَ فِيْ اِسْتِلَامِ الْحَجَرِ وَهٰذَا تَمَامُ حَجِّ الْمُفْرِدِ وَهُوَ دُوْنَ الْمُتَمَتِّعِ فِي الْفَضْلِ وَالْقِرَانُ أَفْضَلُ مِنَ التَّمَتُّعِ۔

ترجمہ: اور عورت حج کے تمام افعال میں مرد کی طرح ہے سوائے یہ کہ وہ اپنے سر کو نہ کھولے اور اپنے چہرے پر ایسی چیز لٹکائے جس کے نیچے لکڑیاں ہوں قبہ کی طرح جو چہرے کو نقاب سے چھونے سے روک دے، اور تلبیہ میں اپنی آواز کو بلند نہ کرے، اور نہ رمل کرے، اور نہ سعی میں میلین اخضرین کے درمیان دوڑے، بلکہ تمام سعی میں صفا و مروہ کے درمیان اپنی چال پر چلے، اور نہ حلق

کروائے اور نہ قصر کروائے، اور سلے ہوئے کپڑے پہنے، اور حجر اسود کو بوسہ دینے میں مردوں میں نہ گھسے، یہ پورا مفرد کا حج ہے، اور یہ فضیلت میں متمتع سے کم ہے، اور قران تمتع سے افضل ہے۔

سوال: حج کرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب: وَ اَتِمُّوا الْحَجَّ وَ الْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ (پ۲ البقرۃ۱۹۶) ترجمۂ کنز الایمان: اور حج اور عمرہ اللہ کے لیے پورا کرو۔

دو فرامینِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ: **{۱}** ”جس نے حج کیا اور رَفَث (یعنی فُحش کلام) نہ کیا اور فِسق نہ کیا تو گناہ سے ایسا پاک ہو کر لوٹا جیسے اُس دن کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔“ (صحیح البخاری، کتاب الحج، باب الحج المبرور، الحدیث ۱۵۲۱، ج۱، ص۵۱۲)

{۲} ”حاجی اپنے گھر والوں میں سے چار سو کی شفاعت کرے گا اور گناہوں سے ایسا نکل جائے گا جیسے اُس دن کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔“ (مسند البزار، مسند أبي موسیٰ الاشعری رضی اللّٰہ عنه، الحدیث ۳۱۹۶، ج۸، ص۱۶۹)

سوال: حج کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: حجِّ قِران کی نیّت:

قارِن عمرہ اور **حج** دونوں کی ایک ساتھ نیّت کرے گا چُنانچِہ وہ احرام باندھ کر اس طرح نیّت کرے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ الْعُمْرَۃَ وَالْحَجَّ فَیَسِّرْھُمَا لِیْ وَتَقَبَّلْھُمَا مِنِّیْ ؕ نَوَیْتُ الْعُمْرَۃَ وَالْحَجَّ وَاَحْرَمْتُ بِھِمَا مُخْلِصًا لِلّٰہِ تَعَالٰی ؕ

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں عمرہ اور حج دونوں کا ارادہ کرتا ہوں تو انہیں میرے لئے آسان کر دے اور انہیں میری طرف سے قبول فرما، میں نے عمرہ اور حج دونوں کی نیت کی اور خالصۃً اللہ عَزَّوَجَلَّ کیلئے ان دونوں کا اِحرام باندھا۔

حَجّ کی نیّت

مُفرِد بھی احرام باندھنے کے بعد اسی طرح نیّت کرے اور **مُتَمَتِّع** بھی آٹھ ذُوالحِجہ یا اس سے قبل حج کا اِحرام باندھ کر مندرجہ ذیل الفاظ میں نیّت کرے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ الْحَجَّ ؕ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ ؕ وَاَعِنِّیْ عَلَیْہِ وَبَارِكْ لِیْ فِیْہِ ؕ نَوَیْتُ الْحَجَّ وَاَحْرَمْتُ بِہٖ لِلّٰہِ تَعَالٰی ؕ

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں حج کا ارادہ کرتا ہوں۔ اس کو تو میرے لئے آسان کر دے اور اسے مجھ سے قبول فرما اور اس میں میری مدد فرما اور اسے میرے لئے بابرکت فرما، میں نے حج کی نیّت کی اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے اس کا اِحرام باندھا۔

مَدَنی پھول

نیّت دل کے ارادے کو کہتے ہیں، زَبان سے بھی کہہ لیں تو اچّھا ہے، عَرَبی میں نیّت اُسی وَقت کارآمد ہو گی جبکہ ان کے معنٰی سمجھ آتے ہوں ورنہ اُردو میں کر لیجئے، ہر حال میں دل میں نیّت ہونا شرط ہے۔

لَبَّیک

خواہ عمرے کی نیّت کریں یا حج کی، نیّت کے بعد کم از کم ایک بار تَلْبِیَہ کہنا لازمی ہے اور تین بار کہنا افضل، تَلْبِیَہ یہ ہے:

لَبَّیْكَ ط اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ ط لَبَّیْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ ط اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ط لَاشَرِیْكَ لَكَ ط

آٹھ ذُوالحجۃ الحرام، مِنیٰ کو روانگی

☆ **مِنٰی، عَرَفات، مُزْدَلِفَہ** وغیرہ کا سفر اگر ہو سکے تو پیدل ہی طے کریں کہ جب تک مکّہ شریف پلٹیں گے ہر ہر قدم پر سات سات کروڑ نیکیاں ملیں گی۔ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم ☆ راستے بھر **لَبَّیْک** اور ذِکر و دُرُود کی خوب کثرت کیجئے۔ جوں ہی مِنٰی شریف نظر آئے دُرُود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھئے: **اَللّٰھُمَّ ھٰذَا مِنًی فَامْنُنْ عَلَیَّ بِمَا مَنَنْتَ بِهٖ عَلٰی اَوْلِیَآئِكَ** ط ☆ آٹھ ذُوالحجہ کی ظہر سے لے کر نو ذُوالحجہ کی فجر تک پانچ نمازیں آپ کو **مِنٰی** شریف میں ادا کرنی ہیں کیونکہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے پیارے **محبوب** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ایسا ہی کیا ہے۔

دعائے شبِ عَرَفہ

سُبْحٰنَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ عَرْشُهٗ سُبْحٰنَ الَّذِیْ فِی الْاَرْضِ مَوْطِئُهٗ سُبْحٰنَ الَّذِیْ فِی الْبَحْرِ سَبِیْلُهٗ سُبْحٰنَ الَّذِیْ فِی النَّارِ سُلْطَانُهٗ سُبْحٰنَ الَّذِیْ فِی الْجَنَّةِ رَحْمَتُهٗ سُبْحٰنَ الَّذِیْ فِی الْقَبْرِ قَضَائُهٗ سُبْحٰنَ الَّذِیْ فِی الْهَوَآءِ رُوْحُهٗ سُبْحٰنَ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمَآءَ سُبْحٰنَ الَّذِیْ وَضَعَ الْاَرْضَ سُبْحٰنَ الَّذِیْ لَامَلْجَاً وَلَامَنْجَاً مِنْهُ اِلَّا اِلَیْهِ ط

(اوّل آخر ایک ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)

نو ذُوالحجۃ الحرام عرفات کو روانگی

نو ذُوالحجہ کو نمازِ فجر مُسْتَحَب وقت میں ادا کر کے لَبَّیْک اور ذکر و دعا میں مشغول رہیے۔ یہاں تک کہ آفتاب کوہِ ثبیر پر کہ مسجدِ خیف کے سامنے ہے چمکے اب دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ جانب **عرفات** شریف چلئے۔ نیز **مِنٰی** شریف سے نکل کر ایک بار یہ دعا بھی پڑھ لیجئے۔

راہِ عَرَفات کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهَا خَیْرَ غُدْوَةٍ غَدَوْتُهَا قَطُّ وَقَرِّبْهَا مِنْ رِضْوَانِكَ وَاَبْعِدْهَا مِنْ سَخَطِكَ وَ اَللّٰھُمَّ اِلَیْكَ تَوَجَّهْتُ وَعَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ وَلِوَجْهِكَ الْكَرِیْمِ اَرَدْتُّ فَاجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَّحَجِّیْ مَبْرُوْرًا وَّارْحَمْنِیْ وَلَاتُخَیِّبْنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ سَفَرِیْ وَاقْضِ بِعَرَفَاتٍ حَاجَتِیْ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

(اول آخر ایک ایک بار دُرُود شریف پڑھ لیجئے)

عَرَفات شریف میں وقتِ ظہر میں ظہر و عصر ملا کر پڑھی جاتی ہے مگر اس کی بعض شرائط ہیں۔ آپ اپنے خیموں میں ظہر کے وقت میں ظہر اور عصر کے وقت میں عصر کی نماز باجماعت ادا کیجئے۔

عَرَفات شریف کی دعائیں

☆ دوپہر کے وقت مَوْقِف (یعنی ٹھہرنے کی جگہ) میں مُندَرِجہ ذیل کلِمۂ توحید، سورۂ اخلاص شریف اور پھر اس کے بعد دیا ہوا درود شریف، یہ تینوں سو بار پڑھنے والے کی بحکمِ حدیث بخشش کر دی جاتی ہے نیز اگر وہ تمام عَرَفات شریف والوں کی سفارش کر دے تو وہ بھی قبول کر

لی جائے۔

(ا) یہ کَلِمۂ توحید **۱۰۰** بار پڑھئے:

لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ط لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِ وَیُمِیْتُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ط

(ب) سورۂ اخلاص شریف **۱۰۰** بار۔ (ج) یہ درود شریف **۱۰۰** بار پڑھیے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ' وَّعَلَیْنَا مَعَھُمْ ط

☆ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ" تین بار پھر کلمۂ توحید ایک بار اس کے بعد یہ دعا تین بار پڑھئے:

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ بِالْھُدٰی وَنَقِّنِیْ وَاعْصِمْنِیْ بِالتَّقْوٰی وَاغْفِرْلِیْ فِی الْاٰخِرَۃِ وَالْاُوْلٰی ط

میدانِ عَرَفات میں کھڑے کھڑے دعا مانگنا سنّت ہے۔ **یاد رہے** کہ حاجی کو نمازِ مغرب میدانِ عَرَفات میں نہیں پڑھنی بلکہ عشاء کے وقت میں، **مُزدَلِفہ** میں مغرب و عشاء ملا کر پڑھنی ہے۔

مُزْدَلِفہ کو روانگی

جب غروبِ آفتاب کا یقین ہو جائے تو عَرَفات شریف سے جانبِ **مُزْدَلِفَہ** شریف چلیے، راستے بھر ذِکر و درود اور لَبَّیْك کی تکرار رکھیے۔ کل میدانِ عَرَفات شریف میں **حُقُوقُ اللہ** معاف ہوئے یہاں حُقُوقُ الْعِباد مُعاف فرمانے کا وعدہ ہے۔

مغرب و عشاء ملا کر پڑھنے کا طریقہ

یہاں آپ کو ایک ہی اذان اور ایک ہی اِقامت سے دونوں نمازیں ادا کرنی ہیں لہٰذا اذان و اِقامت کے بعد پہلے مغرب کے تین فرض ادا کر لیجئے، سلام پھیرتے ہی فوراً عشاء کے فرض پڑھئے، پھر مغرب کی سُنّتیں، اس کے بعد عشاء کی سُنّتیں اور وِتر ادا کیجیے۔

وُقُوفِ مُزْدَلِفہ

مُزْدَلِفہ میں رات گزارنا سنَّتِ مؤکّدہ ہے مگر اس کا وُقُوف واجب ہے۔ **وُقُوفِ مُزْدَلِفہ** کا وقت صبحِ صادق سے لے کر طلوعِ آفتاب تک ہے اس کے درمیان اگر ایک لمحہ بھی **مُزْدَلِفہ** میں گزار لیا تو وقوف ہو گیا، ظاہر ہے کہ جس نے فجر کے وقت کے اندر مُزْدَلِفہ میں نمازِ فجر ادا کی اس کا وقوف صحیح ہو گیا۔

دسویں ذُوالحجہ کا پہلا کام رَمی

مُزْدَلِفہ شریف سے **مِنٰی** شریف پہنچ کر سیدھے **جَمْرَۃُ الْعَقَبَہ** یعنی "بڑے شیطان" کی طرف آیئے۔ آج صِرف اسی ایک (یعنی بڑے شیطان) کو کنکریاں مارنی ہیں۔

حج کی قربانی

دسویں ذُوالحجہ کو بڑے شیطان کو کنکریاں مارنے کے بعد قربان گاہ تشریف لایئے اور قربانی کیجئے۔ یہ قربانی حج کے شکرانے میں قارِن اور

مُتَمَتِّع پر واجب ہے چاہے وہ فقیر ہی کیوں نہ ہوں ۔ ☆مُفرِد کے لیے یہ قربانی مستحب ہے، چاہے وہ غنی (یعنی مالدار) ہو☆ قربانی سے فارغ ہو کر حَلْق یا قَصر کروالیجئے ☆یاد رہے حاجی کو ان تین اُمور میں ترتیب قائم رکھنا واجب ہے ۔ (۱) سب سے پہلے ”رَمی “(۲)اس کے بعد ”قربانی “ (۳) پھر ”حَلْق یا قَصر “ ☆مُفرِد پر قربانی واجب نہیں لہٰذا یہ رَمی کے بعد حَلْق یا قَصر کروا سکتا ہے۔

گیارہ اور بارہ ذُوالحِجَّۃ کی رَمی

گیارہ اور بارہ ذُوالحِجہ کو ظُہر کے بعد تینوں شیطانوں کو کنکریاں مارنی ہیں ۔ پہلے جَمرَۃُ الاُولیٰ (یعنی چھوٹا شیطان) پھر جَمرَۃُ الوُسطیٰ (یعنی مَنجھلا شیطان) اور آخر میں جَمرَۃُ العَقَبہ (یعنی بڑا شیطان)

طوافِ زیارت

☆**طوافِ زیارت** حج کا دوسرا رکن ہے، ☆**طوافِ زیارت** دسویں ذُوالحِجہ کو کر لینا افضل ہے ۔ اگر یہ طواف دسویں کو نہیں کر سکے تو گیارہویں اور بارہویں کو بھی کر سکتے ہیں مگر بارہویں کا سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے لازماً کر لیجئے ☆طوافِ زیارت کے چار پھیرے کرنے سے پہلے بارہویں کا سورج غروب ہو گیا تو دم واجب ہو جائے گا☆ہاں اگر عورت کو حیض یا نفاس آ گیا اور بارہویں کے بعد پاک ہوئی تو اب کر لے اس وجہ سے تاخیر ہونے پر اس پر دم واجِب نہیں۔ ☆**حائِضہ** کی نِشَست محفوظ ہو اور طوافِ زیارت کا مسئلہ ہو تو ممکنہ صورت میں نِشَست مَنسُوخ کروائے اور بعدِ طہارت طَوافِ زِیارت کرے ۔ اگر نِشَست مَنسُوخ کروانے میں اپنی یا ہمسفروں کی دُشواری ہو تو مجبوری کی صورت میں طَوافِ زِیارت کر لے مگر بدَنہ یعنی گائے یا اُونٹ کی قربانی لازِم آئے گی اور توبہ کرنا بھی ضَروری ہے کیونکہ جَنابَت کی حالت میں مسجِد میں داخِل ہونا گُناہ ہے۔ اگر بارہویں کے غُروبِ آفتاب تک طہارت کرکے طَوافُ الزِّیارۃ کا اِعادہ کرنے میں کامیابی ہو گئی تو کَفّارہ ساقِط ہو گیا اور بارہویں کے بعد اگر پاک ہونے کے بعد موقع مِل گیا اور اِعادہ کر لیا تو بدَنہ ساقِط ہو گیا مگر دَم دینا ہو گا۔

طوافِ رُخصت

جب رُخصت کا ارادہ ہو اس وقت ”آفاقی حاجی“ پر **طوافِ رخصت** واجب ہے۔ نہ کرنے والے پر دم واجب ہوتا ہے۔ (میقات سے باہر (مثلاً پاک و ہند وغیرہ) سے آنے والا آفاقی حاجی کہلاتا ہے)

”یا خدا حج قبول کر“ کے تیرہ حُرُوف کی نسبت سے ۱۳ مَدَنی پھول

☆جو حاجی غروبِ آفتاب سے قبل میدانِ عرفات سے نکل گیا اُس پر دم واجب ہو گیا۔ اگر دوبارہ غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے حُدُودِ عرفات میں داخل ہو گیا تو دم ساقِط ہو جائے گا☆دسویں کی صبحِ صادق تا طلوعِ آفتاب **مُزدَلِفہ** کے وقوف کا وقت ہے، چاہے لمحہ بھر کا وقوف کر لیا واجب ادا ہو گیا اور اگر اُس وقت کے دوران ایک لمحہ بھی مُزدَلِفہ میں نہ گزارا تو دم واجب ہو گیا۔ جو کوئی صبح صادِق سے پہلے ہی مُزدَلِفہ سے چلا گیا اُس کا واجِب ترک ہو گیا، لہٰذا اُس پر دم واجِب ہے ۔ ہاں عورت، بیمار یا ضعیف یا کمزور کہ جنہیں بِھیڑ کے سبَب اِیذا پہنچنے کا اندیشہ ہو اگر ایسے لوگ مجبوراً چلے گئے تو کچھ نہیں ☆دس ذُوالحِجہ کی ”رَمی“ کا وقت فجر سے لیکر گیارہویں کی فجر تک ہے، لیکن دسویں کی فجر سے طلوعِ آفتاب تک اور

غروبِ آفتاب سے صبحِ صادق تک مکروہ ہے۔ اگر کسی عُذر کے سبب ہو مثلاً چرواہے نے رات میں ''رَمی '' کی تو کراہت نہیں☆ دس ذُوالحجہ کو اگر مُتَمَتِّع یا قارِن میں سے کسی نے رَمی کے بعد قربانی سے پہلے حلق یا قصر کروالیا تو دم واجب ہو گیا۔ مُفرِد ''رَمی '' کے بعد حلق یا قصر کروا سکتا ہے کہ اس پر قربانی واجب نہیں بلکہ مستحب ہے۔☆**حجِّ تَمَتُّع** اور **حجِّ قِران** کی قربانی اور حَلق یا قصر کا حُدُودِ حرم میں ہونا واجب ہے۔ لِہٰذا اگر یہ دونوں حُدُودِ حرم سے باہَر کریں گے تو **تمتُّع** والے پر ''دو دَم '' اور **قِران** والے پر ''چار دَم '' واجب ہوں گے کیونکہ قِران والے پر ہر جُرم کا ڈبل کفّارہ ہی☆ گیارہویں اور بارہویں کی ''رَمی '' کا وقت زوالِ آفتاب (یعنی نمازِ ظُہر کا وقت آتے ہی) شروع ہو جاتا ہے۔ بے شمار لوگ صبح ہی سے ''رَمی '' شروع کر دیتے ہیں یہ غَلَط ہے اور اِس طرح کرنے سے رَمی ہوتی ہی نہیں۔ گیارہویں یا بارہویں کو زوال سے پہلے اگر کسی نے ''رمی '' کرلی اور اسی دن اگر اعادہ نہ کیا تو دم واجِب ہو گیا☆ گیارہویں اور بارہویں کی ''رمی '' کا وقت زوالِ آفتاب سے صبحِ صادِق تک ہے۔ مگر بِلا عذر غروبِ آفتاب کے بعد رمی کرنا مکروہ ہی☆ عورت ہو یا مرد، ''رَمی '' کے لئے اُس وقت تک کسی کو وکیل نہیں کر سکتے جب تک اس قدر مریض نہ ہو جائیں کہ سُواری پر بھی جمرے تک نہ پہنچ سکیں اگر اس قدر بیمار نہیں ہیں پھر بھی کسی مرد یا عورت نے دوسرے کو وکیل کر دیا اور خود ''رَمی '' نہیں کی تو دَم واجب ہو جائے گا☆ اگر مِنٰی شریف کی حُدُود ہی میں تیرہویں کی صبحِ صادِق ہو گئی اب ''تیرھویں کی رمی '' واجب ہو گئی۔ اگر ''رَمی '' کیے بغیر چلے گئے تو دَم واجب ہو گیا☆ اگر کوئی **طوافِ زیارت** کیے بغیر وطن چلا گیا تو کفّارے سے گزارہ نہیں ہو گا کیونکہ اس کے حج کا رکن ہی ادا نہ ہوا۔ اب لازمی ہے کہ دوبارہ مکّۃ مکرّمہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیما آئے اور **طوافِ زیارت** کرے۔ جب تک طوافِ زیارت نہیں کرے گا بیوی حلال نہیں ہو گی، چاہے برسوں گزر جائیں☆ وقتِ رخصت آفاقی حجّن کو حیض آگیا، اب اِس پر **طوافِ رخصت** واجب نہ رہا، جا سکتی ہے۔ دَم کی بھی حاجت نہیں☆ بے وضو **سعی** کر سکتے ہیں مگر باوضو مستحب ہی☆ جتنی بار بھی **عمرہ** کریں ہر بار احرام سے باہر ہونے کے لیے حلق یا قصر واجِب ہے۔ اگر سر مُنڈا ہوا ہو تب بھی اُس پر اُسترا پھرانا واجِب ہے۔

درسِ حدیثِ پاک کا انداز

حضرتِ سیِّدُنا امام مالِک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق (نے ۱۷ برس کی عمر میں درسِ حدیث دینا شروع کیا) جب احادیثِ مبارَکہ سنانی ہوتی (تو غُسل کرتے)، چَوکی (مَسنَد) بچھائی جاتی اور آپ عمدہ لباس زیبِ تن فرما کر خوشبو لگا کر نہایت عاجِزی کے ساتھ اپنے حُجرۂ مبارَکہ سے باہَر تشریف لا کر اُس پر باادب بیٹھتے (درسِ حدیث کے دوران کبھی پہلو نہ بدلتے) اور جب تک اُس مجلس میں حدیثیں پڑھی جاتیں انگیٹھی میں عُود و لُوبان سلگتا رہتا۔

(بُستانُ المُحدِّثین ص۱۹،۲۰)

فَصْلٌ فِي الْقِرَانِ

یہ فصل حج قران کے بیان میں ہے

اَلْقِرَانُ هُوَ أَنْ يَجْمَعَ بَيْنَ إِحْرَامِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَيَقُوْلُ بَعْدَ صَلَاةِ رَكْعَتَيِ الْإِحْرَامِ : اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُرِيْدُ الْعُمْرَةَ وَالْحَجَّ فَيَسِّرْهُمَا لِيْ وَتَقَبَّلْهُمَا مِنِّي ثُمَّ يُلَبِّيْ فَإِذَا دَخَلَ مَكَّةَ بَدَأَ بِطَوَافِ الْعُمْرَةِ سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ يَرْمُلُ فِي الثَّلَاثَةِ الْأُوَلِ فَقَطْ ثُمَّ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى الصَّفَا وَيَقُوْمُ عَلَيْهِ دَاعِيًا مُكَبِّرًا مُهَلِّلًا مُلَبِّيًا مُصَلِّيًا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَهْبِطُ نَحْوَ الْمَرْوَةِ وَ يَسْعٰى بَيْنَ الْمِيْلَيْنِ فَيُتِمُّ سَبْعَةَ اَشْوَاطٍ وَ هٰذِهٖ اَفْعَالُ الْعُمْرَةِ وَ الْعُمْرَةُ سُنَّةٌ۔

ترجمہ: قران یہ ہے کہ حج اور عمرہ کے احرام کے درمیان جمع کرے، پس احرام کی دو رکعت پڑھنے کے بعد کہے: اے اللہ! میں حج اور عمرہ کا ارادہ کرتا ہوں، پس تو ان دونوں کو میرے لئے آسان فرما اور میری طرف سے قبول فرما، پھر تلبیہ پڑھے، پس جب مکہ میں داخل ہو تو پہلے عمرہ کے طواف کے سات چکر لگائے، صرف پہلے تین (چکر) میں رمل کرے، پھر طواف کی دو رکعت پڑھے، پھر صفا کی طرف نکلے، اور اس پر کھڑا ہو، اس حال میں کہ دعا کر رہا ہو، تکبیر و تہلیل کر رہا ہو، تلبیہ و نبی ﷺ پر درود پڑھ رہا ہو، پھر مروہ کی طرف اترے، اور میلین اخضرین کے درمیان سعی کرے، پس سات چکر پورے کرے، اور یہ عمرہ کے افعال ہیں، اور عمرہ سنت ہے۔

ثُمَّ يَطُوْفُ طَوَافَ الْقُدُوْمِ لِلْحَجِّ ثُمَّ يُتِمُّ أَفْعَالَ الْحَجِّ كَمَا تَقَدَّمَ فَإِذَا رَمٰى يَوْمَ النَّحْرِ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَجَبَ عَلَيْهِ ذَبْحُ شَاةٍ أَوْ سُبُعُ بَدَنَةٍ فَإِذَا لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ قَبْلَ مَجِيْءِ يَوْمِ النَّحْرِ مِنْ أَشْهُرِ الْحَجِّ وَسَبْعَةِ أَيَّامٍ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الْحَجِّ وَلَوْ بِمَكَّةَ بَعْدَ مُضِيِّ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ وَلَوْ فَرَّقَهَا جَازَ۔

ترجمہ: پھر حج کا طوافِ قدوم کرے، پھر حج کے افعال پورے کرے جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا، پس جب یوم النحر میں جمرۂ عقبہ کی رمی کرے تو اس پر ایک بکری کا ذبح کرنا یا بدنہ (گائے، اونٹ) کا ساتواں حصہ (قربان کرنا) واجب ہے، پس جب (بکری یا بدنہ کا

ساتواں حصہ) نہ پائے تو تین دن روزے رکھے اشہر الحج میں یوم النحر آنے سے پہلے، اور سات دن حج سے فارغ ہونے کے بعد اگرچہ ایام تشریق گزر جانے کے بعد مکہ میں ہو، اور اگر ان سات روزوں کو متفرق طور پر رکھے تب بھی جائز ہے۔

سوال: حج قران کرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب: حج قران میں چونکہ حج و عمرہ کا احرام ایک ساتھ باندھا جاتا ہے اس کی فضیلت میں آیا کہ صُبّی بن معبد تغلبی سے روایت ہے وہ، کہتے ہیں میں نے حج و عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھا، امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: تونے اپنے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کی۔ ("سنن أبي داود"، کتاب المناسک، باب فی الاقران، الحدیث: ۱۷۹۸، ج۲، ص۲۲۷.)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سُنا، حج و عمرہ دونوں کو لبیک میں ذکر فرماتے ہیں۔ ("صحیح مسلم"، کتاب الحج، باب فی الافراد و القران، الحدیث: ۱۲۳۲، ص۶۴۷)

حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج و عمرہ کو جمع فرمایا۔

("المسند" للإمام أحمد بن حنبل، حدیث أبي طلحة، الحدیث: ۱۶۳۴۶، ج۵، ص۵۰۸)

سوال: قران کسے کہتے ہیں؟ نیز حج قران کے کیا احکام ہیں؟

جواب: قِران کے یہ معنی ہیں کہ حج و عمرہ دونوں کا احرام ایک ساتھ باندھے یا پہلے عمرہ کا احرام باندھا تھا اور ابھی طواف کے چار پھیرے نہ کیے تھے کہ حج کو شامل کرلیا یا پہلے حج کا احرام باندھا تھا اُس کے ساتھ عمرہ بھی شامل کرلیا، خواہ طوافِ قدوم سے پہلے عمرہ شامل کیا یا بعد میں۔ طوافِ قدوم سے پہلے اساءت ہے کہ خلاف سنت ہے مگر دَم واجب نہیں اور طوافِ قدوم کے بعد شامل کیا تو واجب ہے کہ عمرہ توڑ دے اور دَم دے اور عمرہ کی قضا کرے اور عمرہ نہ توڑا جب بھی دَم دینا واجب ہے۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الحج، باب القران، ج۳، ص۶۳۳)

مسئلہ ۲: قِران کے لیے شرط یہ ہے کہ عمرہ کے طواف کا اکثر حصہ وقوفِ عرفہ سے پہلے ہو، لہٰذا جس نے طواف کے چار پھیروں سے پہلے وقوف کیا اُس کا قِران باطل ہو گیا۔

مسئلہ ۳: سب سے افضل قِران ہے پھر تمتّع پھر اِفراد۔

مسئلہ ۴: قِران کا احرام میقات سے پہلے بھی ہو سکتا ہے اور شوال سے پہلے بھی مگر اس کے افعال حج کے مہینوں میں کیے جائیں، شوال سے پہلے افعال نہیں کرسکتے۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، باب القران، ج۳، ص۶۳۴)

مسئلہ ۵: قِران میں واجب ہے کہ پہلے سات پھیرے طواف کرے اور ان میں پہلے تین پھیروں میں رَمَل سنت ہے پھر سعی کرے، اب قِران کا ایک جُز یعنی عمرہ پورا ہو گیا مگر ابھی حلق نہیں کرسکتا اور کیا بھی تو احرام سے باہر نہ ہو گا اور اس کے جرمانہ میں دو دَم لازم ہیں۔ عمرہ پورا کرنے

کے بعد طوافِ قدوم کرے اور چاہے تو ابھی سعی بھی کرلے، ورنہ طوافِ افاضہ کے بعد سعی کرے۔ اگر ابھی سعی کرے تو طوافِ قدوم کے تین پہلے پھیروں میں بھی رَمَل کرے اور دونوں طوافوں میں اِضطباع بھی کرے۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، باب القران، ج ۳، ص ۶۳۵)

مسئلہ ٦: ایک ساتھ دو طواف کیے پھر دو سعی جب بھی جائز ہے مگر خلاف سنت ہے اور دَم لازم نہیں، خواہ پہلا طواف عمرہ کی نیت سے اور دوسرا قدوم کی نیت سے ہو یا دونوں میں سے کسی میں تعیین نہ کی یا اس کے سوا کسی اور طرح کی نیت کی۔ بہر حال پہلا عمرہ کا ہو گا اور دوسرا طوافِ قدوم۔ ('لباب المناسک" و"المسلک المتقسط"، (باب القران، فصل فی اداء القران)، ص ۲٦۲)

مسئلہ ۷: پہلے طواف میں اگر طوافِ حج کی نیت کی، جب بھی عمرہ ہی کا طواف ہے۔

("الجوہرة النيرة"، کتاب الحج، باب القران، ، ص ۲۱۰.)

عمرہ سے فارغ ہو کر بدستور مُحرِم رہے اور تمام افعال بجالائے، دسویں کو حلق کے بعد پھر طوافِ افاضہ کے بعد جیسے حج کرنے والے کے لیے چیزیں حلال ہوتی ہیں اُس کے لیے بھی حلال ہوں گی۔

مسئلہ ۸: قارِن پر دسویں کی رَمی کے بعد قربانی واجب ہے اور یہ قربانی کسی جرمانہ میں نہیں بلکہ اس کا شکر یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے اسے دو عبادتوں کی توفیق بخشی۔ قارِن کے لیے افضل یہ ہے کہ اپنے ساتھ قربانی کا جانور لے جائے۔

(الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب السابع فی القران والتمتع، ج ۱، ص ۲۳۸)

مسئلہ ۹: اس قربانی کے لیے یہ ضرور ہے کہ حرم میں ہو، بیرون حرم نہیں ہو سکتی اور سنت یہ کہ منیٰ میں ہو اور اس کا وقت دسویں ذی الحجہ کی فجر طلوع ہونے سے بارھویں کے غروب آفتاب تک ہے مگر یہ ضرور ہے کہ رَمی کے بعد ہو، رَمی سے پہلے کریگا تو دَم لازم آئے گا اور اگر بارھویں تک نہ کی تو ساقط نہ ہو گی بلکہ جب تک زندہ ہے قربانی اس کے ذمہ ہے۔

("لباب المناسک" و"المسلک المتقسط"، (باب القران، فصل في ھدی القارن و المتمتع)، ص ۲٦۳)

مسئلہ ۱۰: اگر قربانی پر قادر تھا اور ابھی قربانی نہ کی تھی کہ انتقال ہو گیا تو اس کی وصیت کر جانا واجب ہے اور اگر وصیت نہ کی مگر وارثوں نے خود کر دی جب بھی صحیح ہے۔ ("لباب المناسک" و"المسلک المتقسط"، (باب القران، فصل في ھدی القارن و المتمتع)، ص ۲٦۳)

مسئلہ ۱۱: قارِن کو اگر قربانی میسر نہ آئے کہ اس کے پاس ضرورت سے زیادہ مال نہیں، نہ اتنا اسباب کہ اُسے بیچ کر جانور خریدے تو دس روزے رکھے۔ ان میں تین تو وہیں یعنی یکم شوال سے ذی الحجہ کی نویں تک احرام باندھنے کے بعد رکھے، خواہ سات، آٹھ، نو، کو رکھے یا اس کے پہلے اور بہتر یہ ہے کہ نویں سے پہلے ختم کر دے اور یہ بھی اختیار ہے کہ متفرق طور پر رکھے، تینوں کا پے در پے رکھنا ضرور نہیں اور سات روزے حج کا زمانہ گزرنے کے بعد یعنی تیرھویں کے بعد رکھے، تیرھویں کو یا اس کے پہلے نہیں ہو سکتے۔ ان سات روزوں میں اختیار ہے کہ وہیں رکھے یا مکان واپس آکر اور بہتر مکان پر واپس ہو کر رکھنا ہے اور ان دسوں روزوں میں رات سے نیت ضرور ہے۔

("الفتاوی الهندیة"، کتاب المناسک، الباب السابع في قران و المتمتع، ج۱، ص۲۳۹)

مسئلہ ۱۲: اگر پہلے کے تین روزے نویں تک نہیں رکھے تو اب روزے کافی نہیں بلکہ دَم واجب ہو گا، دَم دے کر احرام سے باہر ہو جائے اور اگر دَم دینے پر قادر نہیں تو سر مونڈا کر یا بال کتروا کر احرام سے جُدا ہو جائے اور دو دَم واجب ہیں۔

("الدر المختار"، کتاب الحج، باب القران، ج۳، ص۶۳۸)

مسئلہ ۱۳: قادر نہ ہونے کی وجہ سے روزے رکھ لیے پھر حلق سے پہلے دسویں کو جانور مل گیا، تو اب وہ روزے کافی نہیں لہٰذا قربانی کرے اور حلق کے بعد جانور پر قدرت ہوئی تو وہ روزے کافی ہیں، خواہ قربانی کے دنوں میں قدرت پائی گئی یا بعد میں۔ یوہیں اگر قربانی کے دنوں میں سر نہ مونڈایا تو اگرچہ حلق سے پہلے جانور پر قادر ہو وہ روزے کافی ہیں۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الحج، باب القران، ج۳، ص۶۳۸)

مسئلہ ۱۴: قارن نے طوافِ عمرہ کے تین پھیرے کرنے کے بعد وقوفِ عرفہ کیا تو وہ طواف جاتا رہا اور چار پھیرے کے بعد وقوف کیا تو باطل نہ ہوا اگرچہ طوافِ قدوم یا نفل کی نیت سے کیے، لہٰذا یوم النحر میں طواف زیارت سے پہلے اُس کی تکمیل کرے اور پہلی صورت میں چونکہ اُس نے عمرہ توڑ ڈالا، لہٰذا ایک دَم واجب ہوا اور وہ قربانی کہ شکر کے لیے واجب تھی ساقط ہو گئی اور اب قارِن نہ رہا اور ایام تشریق کے بعد اس عمرہ کی قضا دے۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، باب القران، ج۳، ص۶۳۹)

بِچّھونے ۱۶ ڈنک مارے مگر درسِ حدیث جاری رکھا

حضرتِ سیِّدُنا عبد اللہ بن مبارک رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں کہ حضرتِ سیِّدُنا ابو عبد اللہ **امام مالک** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق درسِ حدیث دے رہے تھے کہ **بچھو** نے آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کو ۱۶ مرتبہ ڈنک مارے۔ درد کی شِدَّت سے چہرہ مبارک زَرد (یعنی پیلا) پڑ گیا مگر درسِ حدیث جاری رکھا۔ (اور پہلو تک نہ بدلا) جب درس خَتْم ہوا اور لوگ چلے گئے تو میں نے عرض کی: اے ابو عبد اللہ! آج میں نے آپ میں ایک عجیب بات دیکھی! آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ نے فرمایا: ہاں! مگر میں نے حدیثِ رسول صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تعظیم کی بنا پر صَبْر کیا۔ (الشفاء ج۲ ص۴۶)

ایسا گُما دے اُن کی وِلا میں خدا ہمیں
ڈھونڈا کرے پر اپنی خبر کو خبر نہ ہو

فَصۡلٌ فِي التَّمَتُّعِ

یہ فصل حج تمتع کے بیان میں ہے

اَلتَّمَتُّعُ هُوَ أَنۡ يُحۡرِمَ بِالۡعُمۡرَةِ فَقَطۡ مِنَ الۡمِيۡقَاتِ فَيَقُوۡلُ بَعۡدَ صَلَاةِ رَكۡعَتَيِ الۡإِحۡرَامِ : اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُرِيۡدُ الۡعُمۡرَةَ فَيَسِّرۡهَا لِيۡ وَتَقَبَّلۡهَا مِنِّيۡ ثُمَّ يُلَبِّيۡ حَتّٰى يَدۡخُلَ مَكَّةَ فَيَطُوۡفُ لَهَا وَيَقۡطَعُ التَّلۡبِيَّةَ بِأَوَّلِ طَوَافِهٖ وَيَرۡمُلُ فِيۡهِ ثُمَّ يُصَلِّيۡ رَكۡعَتَيِ الطَّوَافِ ثُمَّ يَسۡعٰى بَيۡنَ الصَّفَا وَالۡمَرۡوَةِ بَعۡدَ الۡوُقُوۡفِ عَلَى الصَّفَا كَمَا تَقَدَّمَ سَبۡعَةَ أَشۡوَاطٍ ثُمَّ يَحۡلِقُ رَأۡسَهٗ أَوۡ يُقَصِّرُ إِذَا لَمۡ يَسُقِ الۡهَدۡىَ وَحَلَّ لَهٗ كُلُّ شَيۡءٍ مِنَ الۡجِمَاعِ وَغَيۡرِهٖ وَيَسۡتَمِرُّ حَلَالًا وَإِنۡ سَاقَ الۡهَدۡىَ لَا يَتَحَلَّلُ مِنۡ عُمۡرَتِهٖ۔

ترجمه: تمتع یہ ہے کہ میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھے، پس احرام کی دو رکعت کے بعد کہے: اے اللہ! میں عمرہ کا ارادہ کرتا ہوں، پس تو اس کو میرے لئے آسان فرما، اور میری طرف سے قبول فرما، پھر مکہ میں داخل ہونے تک تلبیہ کہتا رہے، پس عمرہ کا طواف کرے، اور تلبیہ کو پہلے طواف پر بند کر دے، اور اس طواف میں رمل کرے، پھر طواف کی دو رکعت پڑھے، پھر صفا پر ٹھہرنے کے بعد صفا و مروہ کے درمیان سات چکر سعی کرے جیسے کہ بیان ہو چکا، پھر اپنے سر کا حلق کرائے یا قصر کرائے، جب کہ ھدی کو نہیں ہانکا تھا، اور اس کے لئے جماع وغیرہ تمام چیزیں حلال ہو گئیں، اور اگر ھدی کو اپنے ساتھ لے گیا تھا تو عمرہ سے حلال نہیں ہو گا (محرم ہی رہے گا)۔

فَإِذَا جَاءَ يَوۡمُ التَّرۡوِيَةِ يُحۡرِمُ بِالۡحَجِّ مِنَ الۡحَرَمِ وَيَخۡرُجُ إِلٰى مِنًى فَإِذَا رَمٰى جَمۡرَةَ الۡعَقَبَةِ يَوۡمَ النَّحۡرِ لَزِمَهٗ ذَبۡحُ شَاةٍ أَوۡ سُبۡعُ بَدَنَةٍ فَإِنۡ لَمۡ يَجِدۡ صَامَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ قَبۡلَ مَجِيۡءِ يَوۡمِ النَّحۡرِ وَسَبۡعَةً إِذَا رَجَعَ كَالۡقَارِنِ فَإِنۡ لَمۡ يَصُمِ الثَّلَاثَةَ حَتّٰى جَاءَ يَوۡمُ النَّحۡرِ تَعَيَّنَ عَلَيۡهِ ذَبۡحُ شَاةٍ وَلَا يُجۡزِئُهٗ صَوۡمٌ وَلَا صَدَقَةٌ۔

ترجمه: پس جب یومِ ترویہ (ذی الحجہ کی آٹھ تاریخ) آئے تو حرم ہی سے حج کا احرام باندھے، اور منی کی طرف نکلے، پس جب یومِ نحر کو جمرۂ عقبہ کی رمی کر چکے، تو ایک بکری یا بدنہ کا ساتواں حصہ ذبح کرے، پس اگر (بکری یا بدنہ کا ساتواں حصہ) نہ پائے تو یومِ نحر

آنے سے پہلے تین دن کے روزے رکھے، اور سات دن کے جب کہ قارن کی طرح واپس آئے، پس اگر تین دن کے روزے نہیں رکھے یہاں تک کہ یومِ نحر آگیا تو اس پر ایک بکری کا ذبح کرنا متعین ہو گیا، اور (اب) اس کو روزہ اور صدقہ کافی نہیں ہو گا۔

سوال: حج تمتع کا ثبوت کہاں سے ہے؟

جواب: حج تمتع کا ثبوت قرآنِ پاک سے ہے چنانچہ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ (پ ۲، البقرہ: ۱۹۶)

ترجمہ: جس نے عمرہ سے حج کی طرف تمتع کیا، اس پر قربانی ہے جیسی میسر آئے پھر جسے قربانی کی قدرت نہ ہو تو تین روزے حج کے دنوں میں رکھے اور سات واپسی کے بعد، یہ دس پورے ہیں۔ یہ اُس کے لیے ہے جو مکہ کا رہنے والا نہ ہو اور اللہ (عزوجل) سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ (عزوجل) کا عذاب سخت ہے۔

سوال: تمتع کسے کہتے ہیں؟ نیز حج تمتع کے کیا احکام ہیں؟

جواب: تمتّع اُسے کہتے ہیں کہ حج کے مہینے میں عمرہ کرے پھر اسی سال حج کا احرام باندھے یا پورا عمرہ نہ کیا، صرف چار پھیرے کیے پھر حج کا احرام باندھا۔

مسئلہ ۱: تمتّع کے لیے یہ شرط نہیں کہ میقات سے احرام باندھے اس سے پہلے بھی ہو سکتا ہے بلکہ اگر میقات کے بعد احرام باندھا جب بھی تمتع ہے، اگرچہ بلا احرام میقات سے گزرنا گناہ اور دم لازم یا پھر میقات کو واپس جائے۔ یوہیں تمتع کے لیے یہ شرط نہیں کہ عمرہ کا احرام حج کے مہینے میں باندھا جائے بلکہ شوال سے پیشتر بھی احرام باندھ سکتے ہیں، البتہ یہ ضروری ہے کہ عمرہ کے تمام افعال یا اکثر طواف حج کے مہینے میں ہو، مثلاً تین پھیرے طواف کے رمضان میں کیے پھر شوال میں باقی چار پھیرے کر لیے پھر اسی سال حج کر لیا تو یہ بھی تمتع ہے اور اگر رمضان میں چار پھیرے کر لیے تھے اور شوال میں تین باقی تو یہ تمتع نہیں اور یہ بھی شرط نہیں کہ جس سال احرام باندھا اسی سال تمتع کر لے مثلاً اس رمضان میں احرام باندھا اور احرام پر قائم رہا، دوسرے سال عمرہ پھر حج کیا تو تمتع ہو گیا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الحج، باب التمتع، ج ۳، ص ۶۴۰)

سوال: تمتع کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

جواب: تمتع کی دس شرطیں ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) حج کے مہینے میں پورا طواف کرنا یا اکثر حصہ یعنی چار پھیرے۔

(۲) عمرہ کا احرام حج کے احرام سے مقدم ہونا۔

(۳) حج کے احرام سے پہلے عمرہ کا پورا طواف یا اکثر حصہ کر لیا ہو۔

(۴) عمرہ فاسد نہ کیا ہو۔

(۵) حج فاسد نہ کیا ہو۔

(۶) اِلمام صحیح نہ کیا ہو۔ اِلمام صحیح کے یہ معنی ہیں کہ عمرہ کے بعد احرام کھول کر اپنے وطن کو واپس جائے اور وطن سے مراد وہ جگہ ہے جہاں وہ رہتا ہے پیدائش کا مقام اگرچہ دوسری جگہ ہو، لہٰذا اگر عمرہ کرنے کے بعد وطن گیا پھر واپس آکر حج کیا تو تمتّع نہ ہوا اور اگر عمرہ کرنے سے پیشتر گیا یا عمرہ کرکے بغیر حلق کیے یعنی احرام ہی میں وطن گیا پھر واپس آکر اسی سال حج کیا تو تمتّع ہے۔ یوہیں اگر عمرہ کرکے احرام کھول دیا پھر حج کا احرام باندھ کر وطن گیا تو یہ بھی اِلمام صحیح نہیں، لہٰذا اگر واپس آکر حج کریگا تو تمتّع ہوگا۔

(۷) حج و عمرہ دونوں ایک ہی سال میں ہوں۔

(۸) مکہ معظمہ میں ہمیشہ کے لیے ٹھہرنے کا ارادہ نہ ہو، لہٰذا اگر عمرہ کے بعد پکا ارادہ کرلیا کہ یہیں رہے گا تو تمتع نہیں اور دو ایک مہینے کا ہو تو ہے۔

(۹) مکہ معظمہ میں حج کا مہینہ آجائے تو بے احرام کے نہ ہو، نہ ایسا ہو کہ احرام ہے مگر چار پھیرے طواف کے اس مہینے سے پہلے کر چکا ہے، ہاں اگر میقات سے باہر واپس جائے پھر عمرہ کا احرام باندھ کر آئے تو تمتع ہو سکتا ہے۔

(۱۰) میقات سے باہر کا رہنے والا ہو۔ مکہ کا رہنے والا تمتّع نہیں کر سکتا۔ ("ردالمحتار"، کتاب الحج، باب التمتع، ج۳، ص ۶۴۳، ۶۴۰)

مسئلہ ۲: تمتع کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ اپنے ساتھ قربانی کا جانور لایا، دوسری یہ کہ نہ لائے۔ جو جانور نہ لایا وہ میقات سے عمرہ کا احرام باندھے، مکہ معظمہ میں آکر طواف و سعی کرے اور سر مونڈائے اب عمرہ سے فارغ ہو گیا اور طواف شروع کرتے ہی یعنی سنگِ اَسود کو بوسہ دیتے وقت لبیک ختم کردے اب مکہ میں بغیر احرام رہے۔ آٹھویں ذی الحجہ کو مسجد الحرام شریف سے حج کا احرام باندھے اور حج کے تمام افعال بجالائے مگر اس کے لیے طوافِ قدوم نہیں اور طوافِ زیارت میں یا حج کا احرام باندھنے کے بعد کسی طوافِ نفل میں رَمل کرے اور اس کے بعد سعی کرے اور اگر حج کا احرام باندھنے کے بعد طوافِ قدوم کرلیا ہے (اگرچہ اس کے لیے یہ طواف مسنون نہ تھا) اور اس کے بعد سعی کرلی ہے تو اب طوافِ زیارت میں رَمل نہیں، خواہ طوافِ قدوم میں رَمل کیا ہو یا نہیں اور طوافِ زیارت کے بعد اب سعی بھی نہیں، عمرہ سے فارغ ہو کر حلق بھی ضروری نہیں۔ اُسے یہ بھی اختیار ہے کہ سر نہ مونڈائے بدستور مُحرِم رہے۔

یوہیں مکہ معظمہ ہی میں رہنا اُسے ضرور نہیں، چاہے وہاں رہے یا وطن کے سوا کہیں اور مگر جہاں رہے وہاں والے جہاں سے احرام باندھتے ہیں یہ بھی وہیں سے احرام باندھے، اگر مکہ مکرمہ میں ہے تو یہاں والوں کی طرح احرام باندھے اور اگر حرم سے باہر اور میقات کے اندر ہے تو حِل میں احرام باندھے اور میقات سے بھی باہر ہو گیا تو میقات سے باندھے۔ یہ اُس صورت میں ہے، جب کہ کسی اور غرض سے حرم یا میقات سے باہر جانا ہو اور اگر احرام باندھنے کے لیے حرم سے باہر گیا تو اُس پر دَم واجب ہے مگر جب کہ وقوف سے پہلے مکہ میں آگیا تو ساقط ہو گیا اور مکہ معظمہ میں

رہا تو حرم میں احرام باندھے اور بہتر یہ ہے کہ مکہ معظمہ میں ہو اور اس سے بہتر یہ کہ مسجد حرم میں ہو اور سب سے بہتر یہ کہ حطیم شریف میں ہو۔ یوہیں آٹھویں کو احرام باندھنا ضرور نہیں، نویں کو بھی ہو سکتا ہے اور آٹھویں سے پہلے بھی بلکہ یہ افضل ہے۔ تمتع کرنے والے پر واجب ہے کہ دسویں تاریخ کو شکرانہ میں قربانی کرے، اس کے بعد سر مونڈائے۔ اگر قربانی کی استطاعت نہ ہو تو اُسی طرح روزے رکھے جو قِران والے کے لیے ہیں۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الحج، باب التمتع، ص۲۱۲۔ ۲۱۳)

مسئلہ ۳: اگر اپنے ساتھ جانور لے جائے تو احرام باندھ کر لے چلے اور کھینچ کر لے جانے سے ہانکنا افضل ہے۔ ہاں اگر پیچھے سے ہانکنے سے نہیں چلتا تو آگے سے کھینچے اور اُس کے گلے میں ہار ڈال دے کہ لوگ سمجھیں یہ حرم میں قربانی کو جاتا ہے، اور ہار ڈالنا جُھول ڈالنے سے بہتر ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس جانور کے کوہان میں دہنی یا بائیں جانب خفیف سا شگاف کر دے کہ گوشت تک نہ پہنچے، اب مکہ معظمہ میں پہنچ کر عمرہ کرے اور عمرہ سے فارغ ہو کر بھی مُحرم رہے جب تک قربانی نہ کر لے۔ اُسے سر مونڈانا جائز نہیں جب تک قربانی نہ کر لے ورنہ دَم لازم آئے گا پھر وہ تمام افعال کرے جو اس کے لیے بتائے گئے کہ جانور نہ لایا تھا اور دسویں تاریخ کو رَمی کر کے سر مونڈائے اب دونوں احرام سے ایک ساتھ فارغ ہو گیا۔
("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الحج، باب التمتع، ج۳، ص۶۴۵)

مسئلہ ۴: جو جانور لایا اور جو نہ لایا دونوں میں فرق یہ ہے کہ اگر جانور نہ لایا اور عمرہ کے بعد احرام کھول ڈالا اب حج کا احرام باندھا اور کوئی جنایت واقع ہوئی تو جرمانہ مثل مُفرِد کے ہے اور وہ احرام باقی تھا تو جرمانہ قارِن کی مثل ہے اور جانور لایا ہے تو بہر حال قارِن کی مثل ہے۔
("ردالمحتار"، كتاب الحج، باب التمتع، ج۳، ص۶۴۵)

مسئلہ ۵: میقات کے اندر والوں کے لیے قِران و تمتّع نہیں، اگر کریں تو دَم دیں۔
("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، كتاب الحج، باب التمتع، ج۳، ص۶۴۶)

مسئلہ ۶: جو جانور لایا ہے اُسے روزہ رکھنا کافی نہ ہو گا اگرچہ نادار ہو۔ ("الدرالمختار"، كتاب الحج، باب التمتع، ج۳، ص۶۴۸)

مسئلہ ۷: جانور نہیں لے گیا اور عمرہ کر کے گھر چلا آیا تو یہ اِلمام صحیح ہے اس کا تمتع جاتا رہا، اب حج کریگا تو مُفرِد ہے اور جانور لے گیا ہے اور عمرہ کر کے گھر واپس آیا پھر مُحرِم رہا اور حج کو گیا تو یہ اِلمام صحیح نہیں، لہٰذا اس کا تمتّع باقی ہے۔ یوہیں اگر گھر نہ آیا عمرہ کر کے کہیں اور چلا گیا تو تمتّع نہ گیا۔ ("الدرالمختار"، كتاب الحج، باب التمتع، ج۳، ص۶۴۸)

مسئلہ ۸: تمتّع کرنے والے نے حج یا عمرہ فاسد کر دیا تو اس کی قضا دے اور جرمانہ میں دَم اور تمتع کی قربانی اُس کے ذمہ نہیں کہ تمتع رہا ہی نہیں۔ ("الدرالمختار"، كتاب الحج، باب التمتع، ج۳، ص۶۵۰)

مسئلہ ۹: تمتّع کے لیے یہ ضرور نہیں کہ حج و عمرہ دونوں ایک ہی کی طرف سے ہوں بلکہ یہ ہو سکتا ہے کہ ایک اپنی طرف سے ہو اور دوسرا کسی اور کی جانب سے یا ایک شخص نے اُسے حج کا حکم دیا اور دوسرے نے عمرہ کا اور دونوں نے تمتّع کی اجازت دیدی تو کر سکتا ہے مگر قربانی خود اس کے ذمہ ہے اور اگر نادار ہے تو روزے رکھے۔

("المسلک المتقسط"، (باب التمتع، فصل ولا یشترط الصحة التمتع إحرام العمرة من المیقات)، ص۲۸۶)

مسئلہ ۱۰: حج کے مہینے میں عمرہ کیا مگر اُسے فاسد کر دیا پھر گھر واپس گیا پھر آکر عمرہ کی قضا کی اور اُسی سال حج کیا تو یہ تمتع ہو گیا اور اگر مکہ ہی میں رہ گیا یا مکہ سے چلا گیا مگر میقات کے اندر رہا یا میقات سے بھی باہر ہو گیا مگر گھر نہ گیا اور آکر عمرہ کی قضا کی اور اسی سال حج بھی کیا تو ان سب صورتوں میں تمتع نہ ہوا۔("الجوهرة النیرة"، کتاب الحج، باب التمتع، ص۲۱۶)

احادیث کے اَوراق پانی میں ڈالدیئے مگر.....

عاشقِ مدینہ حضرتِ سیِّدُنا امام مالک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق نے فنِّ حدیث کی باقاعدہ مرتب کتاب سب سے پہلے مُدَوَّن (یعنی مُرتَّب) فرمائی جو کہ **مُؤطّا امام مالک** کے نام سے مشہور ہے۔ آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ خُلوص کے پیکر تھے۔ چُنانچِہ حضرتِ سیِّدُنا شیخ محمد عبدُالباقی زَرقانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی نَقل کرتے ہیں: **امام مالک** جب ”مُؤطّا“ کی تصنیف سے فارغ ہوئے تو اُنہوں نے اپنا **اِخلاص** ثابت کرنے کے لیے **مُؤطّا** کے مُسَوَّدے کے تمام اَوراق (papers) پانی میں ڈال دیئے اور فرمایا: ”اگر ان میں سے ایک وَرَق بھی بھیگ گیا تو مجھے اِس کی کوئی حاجَت نہیں ہے۔“ لیکن یہ حضرت امام مالِک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق کی صِدقِ نیّت اور اِخلاص کا ثَمرہ تھا کہ ایک وَرَق بھی نہ بھیگا۔ **(شرح الزرقانی علی المؤطاء ج۱ ص۳۶ ملخّصًا)**

بنادے مجھ کو الٰہی خُلوص کا پیکر
قریب آئے نہ میرے کبھی رِیا یا ربّ

(وسائل بخشش ص ۹۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

فَصۡلٌ فِي الۡعُمۡرَةِ

یہ فصل عمرہ کے بیان میں ہے

اَلۡعُمۡرَةُ سُنَّةٌ وَتَصِحُّ فِيۡ جَمِيۡعِ السَّنَةِ وَتُكۡرَهُ يَوۡمَ عَرَفَةَ وَيَوۡمَ النَّحۡرِ وَأَيَّامَ التَّشۡرِيۡقِ وَكَيۡفِيَّتُهَا أَنۡ يُّحۡرِمَ لَهَا مِنۡ مَكَّةَ مِنَ الۡحِلِّ بِخِلَافِ إِحۡرَامِهِ لِلۡحَجِّ فَإِنَّهُ مِنَ الۡحَرَمِ. وَأَمَّا الۡآفَاقِيُّ الَّذِيۡ لَمۡ يَدۡخُلۡ مَكَّةَ فَيُحۡرِمُ إِذَا قَصَدَهَا مِنَ الۡمِيۡقَاتِ ثُمَّ يَطُوۡفُ وَيَسۡعٰى لَهَا ثُمَّ يَحۡلِقُ وَقَدۡ حَلَّ مِنۡهَا كَمَا بَيَّنَّاهُ بِحَمۡدِ اللهِ۔

ترجمہ: عمرہ سنت ہے، اور پورے سال میں صحیح ہے (جب چاہے کرے)، اور یومِ عرفہ اور یومِ نحر اور ایامِ تشریق میں مکروہ قرار دیا گیا ہے، اور اس کی کیفیت یہ ہے کہ جو شخص مکہ میں ہو وہ حل سے عمرہ کا احرام باندھے، بخلاف حج کے احرام کے، کیونکہ وہ (حج کا احرام) حرم سے باندھا جاتا ہے، اور رہا آفاقی جو مکہ میں داخل نہیں ہوا، جب وہ مکہ کا ارادہ کرے، تو میقات سے احرام باندھے، پھر طواف کرے، اور عمرہ کی سعی کرے، پھر حلق کرائے، اب عمرہ سے حلال ہو گیا، جیسے کہ ہم نے اس کو بیان کیا، اللہ کی حمد سے۔

أفضل الأيام

(تَنۡبِيۡهٌ) وَأَفۡضَلُ الۡأَيَّامِ يَوۡمُ عَرَفَةَ إِذَا وَافَقَ يَوۡمَ الۡجُمُعَةِ وَهُوَ أَفۡضَلُ مِنۡ سَبۡعِيۡنَ حَجَّةً فِيۡ غَيۡرِ جُمُعَةٍ رَوَاهُ صَاحِبُ مِعۡرَاجِ الدِّرَايَةِ بِقَوۡلِهِ وَقَدۡ صَحَّ عَنۡ رَسُوۡلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ" أَفۡضَلُ الۡأَيَّامِ يَوۡمُ عَرَفَةَ إِذَا وَافَقَ جُمُعَةً وَهُوَ أَفۡضَلُ مِنۡ سَبۡعِيۡنَ حَجَّةً " ذَكَرَهُ فِيۡ تَجۡرِيۡدِ الصِّحَاحِ بِعَلَامَةِ الۡمُوَطَّا وَكَذَا قَالَ الزَّيۡلَعِيُّ شَارِحُ الۡكَنۡزِ۔

ترجمہ: تمام دنوں میں افضل عرفہ کا دن ہے، جبکہ جمعہ کے دن سے موافقت کر جائے (جمعہ کے دن عرفہ ہو)، اور یہ (ان) ستر (۷۰) حجوں سے افضل ہے جو جمعہ میں نہ ہوں، اور اس بات کو صاحبِ معراج الدرایہ نے اپنے قول سے روایت کیا ہے، اور رسول اللہ ﷺ سے صحیح طور پر ثابت ہے، کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”تمام دنوں میں افضل عرفہ کا دن ہے، جبکہ جمعہ کے دن سے موافقت کر جائے (جمعہ کے دن عرفہ ہو)، اور یہ (ان) ستر (۷۰) حجوں سے افضل ہے جو جمعہ میں نہ ہوں“ اور اس کو تجرید الصحاح میں موطا کی علامت سے ذکر کیا ہے، اور ایسے ہی زیلعی شارحِ کنز نے کہا ہے۔

وَالْمُجَاوَرَةُ بِمَكَّةَ مَكْرُوْهَةٌ عِنْدَ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰى لِعَدَمِ الْقِيَامِ بِحُقُوْقِ الْبَيْتِ وَ الْحَرَمِ وَنَفَى الْكَرَاهَةَ صَاحِبَاهُ رَحِمَهُمَا اللهُ تَعَالٰى۔

ترجمہ: اور مکہ میں رہنا امام اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک مکروہ ہے بیت اللہ اور حرم کے حقوق کے قائم نہ ہونے کی وجہ سے، اور صاحبین نے کراہت کی نفی کی ہے۔

سوال: عمرہ کرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب: مدینے کے تاجدار، بَعطائے پروردگار عَزَّوَجَلَّ دوعالم کے مالک ومختار صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا اِرشادِ خوشگوار ہے: **عمرہ** سے **عمرہ** تک ان **گناہوں کا کفّارہ** ہے جو درمیان میں ہوئے اور **حجِ مبرور** کا ثواب **جنّت** ہی ہے۔ (صحیح البخاری ج۱ص۵۸۶ حدیث ۱۷۷۳)

سوال: عمرہ کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: عمرہ چونکہ احرام باندھ کر خانہ کعبہ کا طواف کرنے، صفا مروہ کی سعی کرنے اور اس کے بعد حلق یا تقصیر کرنے کا نام ہے لہذا ہر ایک کا مفصل طریقہ ملاحظہ فرمائیں:

عمرہ کا احرام باندھ کر دو رکعت نفل ادا کرے پھر عمرہ کی نیت کرے اور پھر مسجد الحرام آکر طوافِ خانہ کعبہ کرے، جس کا طریقہ یہ ہے کہ:

طواف شروع کرنے سے قَبل مرد **اِضطِباع** کرلیں یعنی چادر سیدھے ہاتھ کی بغل کے نیچے سے نکال کر اُس کے دونوں پلّے اُلٹے کندھے پر اِس طرح ڈال لیں کہ سیدھا کندھا کھلا رہے۔ اب پروانہ وار **شمعِ کعبہ** کے گرد طواف کے لئے تیّار ہوجایئے۔ **حجرِ اَسوَد** کی عَین سیدھ میں اب اِضطِباع حالت میں کَعبہ کی طرف مُنہ کرکے اِس طرح کھڑے ہوجایئے کہ پورا "**حجرِ اَسوَد**" آپ کے سیدھے ہاتھ کی طرف ہوجائے، اب بِغیر ہاتھ اُٹھائے اِس طرح طواف کی نیّت کیجئے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اُرِیْدُ طَوَافَ بَیْتِكَ الْحَرَامِ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَ تَقَبَّلْہُ مِنِّیْ۔

ترجمہ: اے **اللہ** ! عَزَّوَجَلَّ میں تیرے **محترم گھر** کا طواف کرنے کا اِرادہ کرتا ہوں، تُو اِسے میرے لئے آسان فرمادے اور میری جانب سے اِسے قَبول فرما۔

(بہارِ شریعت ج ۱حصّہ ۶ ص۱۰۹۶، فتاوٰی رضویہ مُخَرَّجہ ج۱۰ص۷۳۹)

اے **اللہ** ! عَزَّوَجَلَّ میں تیرے **محترم گھر** کا طواف کرنے کا اِرادہ کرتا ہوں، تُو اِسے میرے لئے آسان فرمادے اور میری جانب سے اِسے قَبول فرما۔

(ہر جگہ یعنی نماز، روزہ، اِعتِکاف، طواف وغیرہ میں اِس بات کا خیال رکھئے کہ عَرَبی زَبان میں نیّت اُسی وَقت کار آمد ہوگی جب کہ اس کے معنٰی معلوم ہوں ورنہ نیّت اُردو میں بلکہ اپنی مادری زَبان میں بھی ہوسکتی ہے اور ہر صورت میں **دل میں نیّت ہونا شرط ہے** اور زَبان سے نہ کہیں تو دِل ہی

میں نیّت ہونا کافی ہے ہاں زبان سے کہہ لینا **افضل** ہے) نیّت کر لینے کے بعد **کعبہ شریف** ہی کی طرف مُنہ کئے سیدھے ہاتھ کی جانب تھوڑا سا سَرَکئے اور حَجَرِ اَسوَد کے عَین سامنے کھڑے ہو جایئے۔ اب دونوں ہاتھ اِس طرح اُٹھایئے کہ ہتھیلیاں حَجَرِ اَسوَد کی طرف رہیں اور پڑھئے:

بِسۡمِ اللّٰهِ وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَ اللّٰهُ اَكۡبَرُ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوۡلِ اللّٰهِ ط

ترجمہ: اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام سے اور تمام خوبیاں **اللہ عَزَّوَجَلَّ** کیلئے ہیں اور **اللہ عَزَّوَجَلَّ بَہُت** بڑا ہے اور **اللہ عَزَّوَجَلَّ** کے **رسول** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر **دُرُود و سلام** ہوں۔

اب اگر ممکن ہو تو **حجرِ اَسوَد شریف** پر دونوں ہتھیلیاں اور اُن کے بیچ میں مُنہ رکھ کر یوں بوسہ دیجئے کہ آواز پیدا نہ ہو۔ تین بار ایسا ہی کیجئے۔ اِس بات کا **خیال رکھیے** کہ لوگوں کو آپ کے دَھکّے نہ لگیں کہ یہ قُوّت کا مظاہرہ کرنے کا موقع نہیں عاجِزی اور مسکینی کے اِظہار کی جگہ ہے۔ **بوسۂ حجرِ اَسوَد سُنَّت ہے** اور مسلمان کو ایذا دینا **حرام** اور پھر یہاں اگر **ایک نیکی لاکھ نیکیوں کے برابر ہے** تو ایک گناہ بھی لاکھ گناہ کے برابر ہے۔ ہُجُوم کے سبب اگر بوسہ مُیَسَّر نہ آسکے تو ہاتھ سے حجرِ اَسوَد کو چھو کر اُسے چُوم لیجئے، یہ بھی نہ بن پڑے تو ہاتھوں کا اشارہ کر کے اپنے ہاتھوں کو چوم لیجئے۔ **حَجرِ اَسوَد** کو بوسہ دینے یا ہاتھ سے چُھو کر چُومنے یا ہاتھوں کا اِشارہ کر کے انھیں چُوم لینے کو **"اِستِلام"** کہتے ہیں۔ (اب لَـبَّـيْك کہنا موقوف فرما دیجئے) اب **کعبہ شریف** کی طرف ہی چہرہ کئے ہوئے سیدھے ہاتھ کی طرف تھوڑا سا سَرَکئے جب **حجرِ اَسوَد** آپ کے چہرے کے سامنے نہ رہے (اور یہ اَدنیٰ سی حَرَکت میں ہو جائے گا) تو فوراً اِس طرح سیدھے ہو جایئے کہ **خانہ کعبہ** آپ کے اُلٹے ہاتھ کی طرف رہے، اِس طرح چلئے کہ کسی کو آپ کا دَھکّا نہ لگے۔

مَرد اِبتدائی تین پھیروں میں **رَمل** کرتے چلیں یعنی جلد جلد نزدیک قدم رکھتے، شانے ہِلاتے۔ بعض لوگ کودتے اور دوڑتے ہوئے جاتے ہیں، یہ **سُنَّت** نہیں ہے۔ جہاں جہاں بھیڑ زِیادہ ہو اور رَمل میں اپنے آپ کو یا دوسرے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہو تو اُتنی دیر تک رَمل ترک کر دیجئے مگر **رَمل** کی خاطر رُکئے نہیں، طواف میں مَشغُول رہئے۔ پھر جُوں ہی موقع ملے، اُتنی دیر تک کے لئے **رَمل** کے ساتھ طواف کیجئے۔

طواف میں جس قَدَر **خانہ کعبہ** سے قریب رہیں یہ بہتر ہے مگر اِتنے زِیادہ قریب بھی نہ ہو جایئے کہ آپ کا کپڑا یا جِسم دیوارِ کعبہ سے لگے اور اگر نزدیکی میں ہُجُوم کے سبب **رَمل** نہ ہو سکے تو اب دُوری **افضل** ہے۔ (بہارِ شریعت ج۱ حصّہ۶ ص۱۰۹۶، ۱۰۹۷) **پہلے چکّر** میں چلتے چلتے دُرُود شریف یا دعائیں پڑھتے رہئے۔

رُکنِ یَمانی تک پہنچنے تک دُرُود یا دُعائیں ختم کر دیجئے اب اگر بِھیڑ کی وجہ سے اپنی یا دوسروں کی ایذا کا اَندیشہ نہ ہو تو رُکنِ یَمانی کو دونوں ہاتھوں سے یا سیدھے ہاتھ سے **تَبَرُّکاً** چُھوئیں، صِرف اُلٹے ہاتھ سے نہ چُھوئیں۔ موقع مُیَسَّر آئے تو **رُکنِ یَمانی** کو بوسہ بھی دے لینا چاہیے مگر یہ اِحتیاط ضَروری ہے کہ قدم اور سینہ **کعبۂ مُشرَّفہ** کی طرف نہ ہوں، اگر چُومنے یا چُھونے کا موقع نہ ملے تو یہاں ہاتھوں کو چُومنا **سُنَّت** نہیں ہے۔

اب **کعبۂ مُشرَّفہ** کے تین کونوں کا طواف پورا کر کے آپ چوتھے کونے **"رُکنِ اَسوَد"** کی طرف بڑھ رہے ہیں، **"رُکنِ یَمانی"** اور رُکنِ اَسوَد کی دَرمِیانی دیوار کو **"مُستَجاب"** کہتے ہیں، یہاں دُعا پر اٰمین کہنے کے لئے سَتَّر ہزار فرشتے مقرَّر ہیں۔ آپ جو چاہیں اپنی زبان میں اپنے لئے اور تمام

مسلمانوں کے لئے دُعا مانگئے یا سب کی نیّت شامل کر کے ایک مرتبہ **دُرُود شریف** پڑھ لیجئے، نیز یہ قرآنی دُعا بھی پڑھ لیجئے:

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ (۲۰۱) (پ۲، البقرۃ:۲۰۱)

ترجَمۂ کنزالایمان: اے ربّ ہمارے! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچا۔

اے لیجئے! آپ **حجرِ اَسوَد** کے قریب آ پہنچے یہاں آپ کا ایک چکّر پورا ہوا۔ لوگ یہاں ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی دُور ہی دُور سے ہاتھ لہراتے ہوئے گزر رہے ہوتے ہیں ایسا کرنا ہرگز سُنّت نہیں، آپ حسبِ سابِق اِحتیاط کے ساتھ رُو بہ قِبلہ **حجرِ اَسوَد** کی طرف مُنہ کر لیجئے۔ اب نیّت کرنے کی ضَرورت نہیں کہ وہ تو اِبتداءً ہو چکی، اب **دوسرا چکّر** شُروع کرنے کے لئے پہلے ہی کی طرح دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھا کر یہ دُعا: بِسْمِ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہ ؕ پڑھ کر **اِستِلام** کیجئے۔ یعنی موقع ہو تو **حجرِ اَسوَد** کو بوسہ دیجئے ورنہ اُسی طرح ہاتھ سے اِشارہ کر کے اُسے چُوم لیجئے پہلے ہی کی طرح **کعبہ شریف** کی طرف مُنہ کر کے تھوڑا سا سَر کئے۔ جب **حجرِ اَسوَد** سامنے نہ رہے تو فوراً اُسی طرح **کعبۂ مُشَرَّفہ** کو اُلٹے ہاتھ کی طرف لئے **طواف** میں مَشغُول ہو جائیے اور **دُرُود شریف** یا دعائیں پڑھتے ہوئے **دوسرا چکّر** شُروع کیجئے۔

رُکنِ یَمانی پر پہنچنے سے پہلے پہلے دُعائیں یا دُرُود پاک ختم کر دیجئے۔ اب موقع ملے تو پہلے کی طرح بوسہ لے کر یا پھر اُسی طرح چُھو کر دُرُود شریف پڑھ کر حجرِ اَسوَد کی طرف بڑھتے ہوئے حسبِ سابِق دُعائے قرآنی پڑھئے:

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ (۲۰۱) (پ۲، البقرۃ:۲۰۱)

ترجَمۂ کنزالایمان: اے ربّ ہمارے! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچا۔

اے لیجئے! آپ پھر **حجرِ اَسوَد** کے قریب آ پہنچے۔ اب آپ کا **دوسرا چکّر** بھی پورا ہو گیا۔ پھر حسبِ سابِق دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھا کر یہ دُعا: بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہ ؕ پڑھ کر **حجرِ اَسوَد کا اِستِلام** کیجئے اور پہلے ہی کی طرح **تیسرا چکّر** شُروع کیجئے اور دُرُود شریف یا دعائیں پڑھتے رہیے۔ اِسی انداز میں **ساتوں چکر** پورے کیجئے۔ ساتویں چکر کے بعد **حجرِ اَسوَد** پر پہنچ کر آپ کے سات پھیرے **مکمل** ہو گئے مگر پھر آٹھویں بار حسبِ سابِق دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھا کر یہ دُعا: بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہ ؕ پڑھ کر **اِستِلام** کیجئے اور یہ ہمیشہ یاد رکھیے کہ جب بھی طواف کریں اُس میں پھیرے سات ہوتے ہیں اور **اِستِلام** آٹھ۔

اب آپ اپنا سیدھا کندھا ڈھانپ لیجئے اور مقامِ اِبراہیم عَلَیْہِ السَّلَام پر آ کر یہ آیتِ مقدّسہ پڑھیے:

وَ اتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّی ؕ (پ۱، البقرۃ:۱۲۵)

ترجَمۂ کنزالایمان: اور ابراہیم (عَلَیْہِ السَّلَام) کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ۔

اب مقامِ ابراہیم (عَلَیْہِ السَّلَام) کے قریب جگہ ملے تو بہتر ورنہ **مسجدِ حرام** میں جہاں بھی جگہ ملے اگر وَقتِ مکروہ نہ ہو تو دو رَکعت **نمازِ**

طواف ادا کیجئے، پہلی رَکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد **قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ** اور دوسری میں **قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ** شریف پڑھئے، یہ نَماز واجِب ہے اور کوئی مجبوری نہ ہو تو طواف کے بعد فوراً پڑھنا سُنَّت ہے۔ اکثر لوگ کندھا کُھلا رکھ کر نَماز پڑھتے ہیں یہ **مکروہِ تحریمی** ہے، ایسی نَماز کا دوبارہ لوٹانا واجِب ہے۔ **اِضطِباع** یعنی کندھا کُھلا رکھنا صِرف اُس **طواف** کے ساتوں پَھیروں میں ہے جس کے بعد **سَعی** ہوتی ہے۔ اگر وَقتِ مکروہ داخِل ہو گیا ہو تو بعد میں پڑھ لیجئے اور یاد رکھیے اس نَماز کا پڑھنا لازِمی ہے۔ نَماز پڑھ کر مسنون دعائیں پڑھ لیجئے۔

نَماز و دُعا سے فارِغ ہو کر **مُلتَزَم** سے لِپَٹ جایئے۔ **دروازۂ کعبہ** اور **حجرِ اَسوَد** کے دَرمِیانی حصَّہ کو **مُلتَزَم** کہتے ہیں، اِس میں **دروازۂ کعبہ** شامل نہیں۔ **مُلتَزَم** سے کبھی سینہ لگایئے تو کبھی پیٹ، اِس پر کبھی دایاں رُخسار (یعنی گال) تو کبھی بایاں رُخسار رکھئے اور دونوں ہاتھ سَر سے اُونچے کر کے **دیوارِ مقدّس** پر پھیلایئے یا سیدھا ہاتھ **دروازۂ کعبہ** کی طرف اور اُلٹا ہاتھ حجرِ اَسوَد کی طرف پھیلایئے۔ خوب آنسو بہایئے اور نہایت ہی عاجِزی کے ساتھ گڑگڑا کر اپنے پاک پَروَردگار عَزَّ وَجَلَّ سے اپنے لئے اور تمام اُمَّت کے لئے اپنی زَبان میں دُعا مانگئے کہ مَقامِ قبول ہے اور دُرُود شریف یا مسنون دعائیں بھی پڑھئے:

مُلتَزَم کے پاس نَمازِ طواف کے بعد آنا اُس طواف میں ہے جس کے بعد سَعی ہے اور جس کے بعد سَعی نہ ہو مثلًا طوافِ نفل یا طوافُ الزِّیارۃ (جب کہ حج کی سَعی سے پہلے فارِغ ہو چکے ہوں) اُس میں نَماز سے پہلے مُلتَزَم سے لپٹئے۔ پھر مَقامِ اِبراہیم کے پاس جا کر دو رَکعت نَماز ادا کیجئے۔

(المسلک المتقسط ص۱۳۸)

آبِ زَم زَم پر آ کر اور قِبلہ رُو کھڑے کھڑے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ پڑھ کر تین سانس میں خوب پیٹ بھر کر پئیں، پینے کے بعد اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہ عَزَّ وَجَلَّ کہیں، ہر بار کَعبۂ مُشَرَّفہ کی طرف نِگاہ اُٹھا کر دیکھ لیں، کچھ پانی جِسم پر بھی ڈالیں، مُنہ سَر اور جِسم پر اُس سے مَسح بھی کریں مگر یہ اِحتیاط رکھیں کہ کوئی قطرہ زمین پر نہ گرے۔

سَرکارِ مدینہ، راحَتِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ ذِیشان ہے: ”زَم زَم جس مَقصَد کے لئے پِیا جائے گا وہ مقصَد حاصِل ہو جائے گا۔“ (سُنَنِ اِبنِ ماجہ ج۳ ص۴۹۰ حدیث ۳۰۶۲)

یہ زَم زَم اُس لئے ہے جس لئے اِس کو پئے کوئی
اِسی زَم زَم میں جنَّت ہے ، اِسی زَم زَم میں کوثَر ہے

اب اگر کوئی مجبوری یا تھکن وغیرہ نہ ہو تو ابھی ورنہ آرام کر کے **صَفا و مَروہ** میں **سَعی** کرنے کے لئے تیّار ہو جایئے۔ یاد رہے کہ **سَعی** میں **اِضطِباع** یعنی کندھا کھلا رکھنا سُنَّت نہیں ہے۔ اب **سَعی** کے لئے **حجرِ اَسوَد** کا پہلے ہی کی طرح دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھا کر یہ دُعا: بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ ط پڑھ کر **اِستِلام** کیجئے۔

اب **بابُ الصَّفا** پر آیئے! **”کوہِ صَفا“** چونکہ **”مسجد حرام“** سے باہر واقع ہے اور ہمیشہ مسجِد سے باہر نکلتے وَقت اُلٹا پاؤں نکالنا **سُنَّت** ہے، لِہٰذا یہاں

بھی پہلے اُلٹا پاؤں نکالئے اور حسبِ معمول مسجِد سے باہر آنے کی دُعا پڑھئے۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ۔

ترجمہ: اے **اللہ عزَّوَجلَّ**! میں تجھ سے تیرے فضل اور تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں۔

اب **دُرُود و سلام** پڑھتے ہوئے **صَفا** پر اتنا چڑھئے کہ **کعبہ مُعظّمہ** نظر آجائے اور یہ بات یہاں معمولی سا چڑھتے ہی حاصل ہو جاتی ہے، یعنی اگر دیواریں وغیرہ درمیان میں نہ ہوتیں تو کعبہ معظّمہ یہاں سے نظر آتا۔ اس سے زیادہ چڑھنے کی حاجت نہیں۔ اب مسنون دعائیں یا دُرُودِ پاک پڑھئے۔

ناواقفیّت کے سبب کافی لوگ **کعبہ شریف** کی طرف ہتھیلیاں کرتے ہیں، بعض ہاتھ لہرا رہے ہوتے ہیں تو بعض تین بار کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر چھوڑ دیتے ہیں، یہ سب غلط طریقے ہیں۔ حسبِ معمول دُعا کی طرح ہاتھ کندھوں تک اُٹھا کر **کعبہ مُعظّمہ** کی طرف مُنہ کئے اتنی دیر تک دُعا مانگنی چاہئے جتنی دیر میں **سورۃُ البقرہ** کی **پچیس** آیتوں کی تلاوت کی جائے، خوب گڑگڑا کر اور رو رو کر دُعا مانگئے کہ یہ **قبولیّت کا مقام** ہے۔ اپنے لئے اور تمام جِنّ وانس مسلمین کی خیر و بھلائی کے لئے اور احسانِ عظیم ہو گا کہ مجھ گنہگار **سگِ مدینہ** کی بے حساب مغفرت کے لئے بھی دُعا مانگئے۔ نیز **دُرُود شریف** پڑھ کر یہ دُعا پڑھئے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَا ھَدَانَا ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَآ اَوْلَانَا ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَآ اَلْھَمَنَا ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدَانَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدَانَا اللّٰہُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ ط لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ ط وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ وَصَدَقَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَاَعَزَّ جُنْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ ط اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَاِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط اَللّٰھُمَّ کَمَا ھَدَیْتَنِیْ لِلْاِسْلَامِ اَسْئَلُكَ اَنْ لَّا تَنْزِعَہٗ مِنِّیْ حَتّٰی تَوَفَّانِیْ وَاَنَا مُسْلِمٌ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط

ترجمہ: اللہ عزَّوَجلَّ سب سے بڑا ہے، **اللہ عزَّوَجلَّ** سب سے بڑا ہے، **اللہ عزَّوَجلَّ** سب سے بڑا ہے اور وہی تعریف کا مستحق ہے جس **اللہ عزَّوَجلَّ** نے ہمیں ہدایت دی وہی حمد کا مستحق ہے اور جس نے ہمیں نعمت بخشی وہی خدا حمد کے قابل ہے اور اسی کی ذات پاک مستحق حمد ہے جس نے ہمیں بھلائی کی راہ سمجھائی، تمام تعریفیں اسی خدا کو زیب دیتی ہیں جس نے ہمیں یہ ہدایت نصیب فرمائی اگر **اللہ عزَّوَجلَّ** ہمیں ہدایت نہ دیتا تو ہم کبھی ہدایت نہ پاسکتے۔ **اللہ عزَّوَجلَّ** ہی تنہا معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہت ہے، وہی ہمہ قسم کی حمد کا مستحق ہے، زندگی اور موت اسی کے

ہاتھ میں ہے، وہ ایسا زندہ ہے کہ اس کے لئے موت نہیں، خیر و بھلائی اسی کے قبضہ میں ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ یکتا و یگانہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس کا وعدہ سچا ہے اور اس نے اپنے بندے کی مدد فرمائی اور اس کے لشکر کو سرخرو کیا اور اسی نے تنہا باطل کے سارے لشکروں کو پسپا کیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے، خالص اسی کی عبادت کرتے ہیں چاہے یہ بات کافروں کو گراں ہی کیوں نہ گزرے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ تیرا فرمان ہے اور تیرا فرمان حق ہے کہ مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا اور تیرے وعدہ ٹلتا نہیں تو اے اللہ عَزَّوَجَلَّ جس طرح تُو نے مجھے اسلام کی دولت عطا فرمائی، اب میرا سوال ہے کہ مجھ سے یہ دولت واپس نہ لینا، مجھے مرتے دم تک مسلمان ہی رکھنا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات پاک ہے اور حمد کی مستحق بھی خدا ہی کی ذات ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی بڑا ہے اور نہ کوئی طاقت اور نہ کوئی قوت مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ بزرگ و برتر کی مدد سے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! ہمارے آقا و مولا حضرت محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور آپ کی اولاد پر اور آپ کے اصحاب پر اور آپ کی ازواجِ مطہرات پر اور آپ کی نسل اور پیروکاروں پر قیامت تک درود و سلام نازل فرما۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے، میرے والدین کو اور سارے مسلمان مردوں اور عورتوں کو معاف فرما اور تمام پیغمبروں پر سلام پہنچا اور سب خوبیاں اللہ عَزَّوَجَلَّ کو جو مالک سارے جہانوں کا۔

دُعا ختم ہونے کے بعد ہاتھ چھوڑ دیجئے اور دُرُود شریف پڑھ کر **سَعی** کی نیّت اپنے دِل میں کرلیجئے مگر زبان سے بھی کہہ لینا بہتر ہے۔ معنیٰ ذِہن میں رکھتے ہوئے اِس طرح نیّت کیجئے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ السَّعْیَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ سَبْعَۃَ اَشْوَاطٍ لِّوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ۔

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تیری رضا اور خوشنودی کی خاطر **صفا اور مروہ** کے درمیان **سعی کے سات چکر کرنے** کا ارادہ کر رہا ہوں تو اسے میرے لئے آسان فرما دے اور میری طرف سے اسے قبول فرما۔ (بہارِ شریعت ج۱ حصّہ۶ ص۱۱۰۸)

اَللّٰھُمَّ اسْتَعْمِلْنِیْ بِسُنَّۃِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَتَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِہٖ وَاَعِذْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! تو مجھے اپنے پیارے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی سنت کا تابع بنا دے اور مجھے ان کے دین پر موت نصیب فرما اور مجھے پناہ دے فتنوں کی گمراہیوں سے اپنی رحمت کے ساتھ، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

صَفا سے اب ذِکر و دُرُود میں مَشغول دَرمیانہ چال چلتے ہوئے **جانبِ مروہ** چلئے۔ جُوں ہی **پہلا سبز میل** آئے مرد دوڑنا شُروع کردیں (مگر مُہذّب طریقہ پر نہ کہ بے تحاشہ) اور سُوار سُواری کو تیز کردیں، ہاں اگر بِھیڑ زیادہ ہو تو تھوڑا رُک جائیے جب کہ بِھیڑ کم ہونے کی اُمید ہو۔

دوڑنے میں یہ یاد رکھئے کہ خود کو یا کسی دوسرے کو اِیذا نہ پہنچے کہ یہاں دوڑنا سُنَّت ہے جب کہ کسی مسلمان کو ایذا دینا حرام، اِسلامی بہنیں نہ دوڑیں۔ اب اِسلامی بھائی دوڑتے ہوئے اور اِسلامی بہنیں چلتے ہوئے مسنون دعائیں یا دُرُود پاک پڑھیں۔

جب دوسرا سبز میل آئے تو آہستہ ہو جائیے اور جانبِ مروہ بڑھے چلئے۔ اے لیجئے! مروہ شریف آگیا، عوام النّاس دُور اُوپر تک چڑھے ہوئے ہوتے ہیں، آپ اُن کی نَقل نہ کیجئے، فقط آپ معمولی اُونچائی پر چڑھئے بلکہ اُس کے قریب زمین پر کھڑے ہونے سے بھی مروہ پر چڑھنا ہو گیا، یہاں اگرچِہ دیواریں وغیرہ بن جانے کے سبب کعبہ شریف نظر نہیں آتا مگر کعبۂ مُشَرَّفہ کی طرف مُنہ کر کے صفا کی طرح اُتنی ہی دیر تک دُعا مانگئے۔ اب نیّت کرنے کی ضَرورت نہیں کہ وہ تو پہلے ہو چکی یہ ایک پھیرا ہوا۔

اب حسبِ سابِق دُعا پڑھتے ہوئے مروہ سے جانِبِ صَفا چلئے اور حسبِ معمول میلَین اَخضَرَین کے دَرمیان مرد دوڑتے ہوئے اور اِسلامی بہنیں چلتے ہوئے وُہی دُعا پڑھیں، اب صَفا پر پہنچ کر دو پھیرے پورے ہوئے۔ اِسی طرح صَفا اور مروہ کے دَرمیان چلتے، دوڑتے ساتواں پھیرا مروہ پر ختم ہو گا، آپ کی سعی مکمل ہوئی۔

اب ہو سکے تو مسجِدِ حرام میں دو رَکعت نماز نَفل (اگر مکروہ وقت نہ ہو) ادا کر لیجئے کہ مُستَحب ہے، ہمارے پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے سَعی کے بعد مطاف کے کنارے حَجَرِ اَسوَد کی سیدھ میں دو نَفل ادا فرمائے ہیں۔

(مسند امام احمد بن حنبل ج۱۰ ص۳۵۴ حدیث ۲۷۳۱۳)

اب مرد **حَلق** کریں یعنی سَر منڈوا دیں یا **تقصِیر** کریں یعنی بال کتروائیں۔

تقصِیر یعنی کم از کم چوتھائی سَر کے بال اُنگلی کے پَورے برابر کٹوانا۔ اِس میں یہ اِحتیاط رکھیں کہ ایک پورے سے زِیادہ کٹوائیں تا کہ سر کے بیچ میں جو چھوٹے چھوٹے بال ہوتے ہیں وہ بھی ایک پَورے کے برابر کٹ جائیں۔ بعض لوگ **قینچی** سے چند بال کاٹ لیا کرتے ہیں، **حَنَفِیّوں** کے لئے یہ طریقہ بالکل غلط ہے اور اِس طرح **اِحرام** کی پابندیاں بھی ختم نہ ہوں گی۔

اِسلامی بہنوں کو سَر منڈانا حرام ہے وہ صِرف تَقصِیر کروائیں۔ اِس کا **آسان طریقہ** یہ ہے کہ اپنی چُٹیا کے سرے کو اُنگلی کے ایک پَورے سے کچھ زِیادہ کاٹ لیں، لیکن یہ اِحتیاط لازِمی ہے کہ کم از کم **چوتھائی** سَر کے بال ایک پَورے کے برابر کٹ جائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مبارک ہو کہ آپ عمرہ شریف سے فارِغ ہو گئے۔**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

بَابُ الْجِنَايَاتِ

یہ باب جنایات کے بیان میں ہے

هِيَ عَلٰى قِسْمَيْنِ : جِنَايَةٌ عَلَى الْإِحْرَامِ وَجِنَايَةٌ عَلَى الْحَرَمِ وَالثَّانِيَةُ لَا تَخْتَصُّ بِالْمُحْرِمِ وَجِنَايَةُ الْمُحْرِمِ عَلٰى أَقْسَامٍ : مِنْهَا مَا يُوْجِبُ دَمًا وَمِنْهَا مَا يُوْجِبُ صَدَقَةً وَهِيَ نِصْفُ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ وَمِنْهَا مَا يُوْجِبُ دُوْنَ ذٰلِكَ وَمِنْهَا مَا يُوْجِبُ الْقِيْمَةَ وَهِيَ جَزَاءُ الصَّيْدِ وَيَتَعَدَّدُ الْجَزَاءُ بِتَعَدُّدِ الْقَاتِلِيْنَ الْمُحْرِمِيْنَ۔

ترجمہ: جنایت دو قسموں پر ہے، (۱) جنایت علی الاحرام (جو کام حالتِ احرام میں منع ہو ان کو کرنا) (۲) جنایت علی الحرم (جو کام حرم میں کرنا منع ہو)، اور دوسری قسم کی جنایت محرم کے ساتھ خاص نہیں ہے، اور محرم کی جنایت چند قسموں پر ہے: ان میں سے بعض وہ ہیں جو دم کو واجب کرتی ہیں، اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو صدقہ کو واجب کرتی ہیں، اور صدقہ، گیہوں کا نصف صاع ہے، اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو قیمت کو واجب کرتی ہیں، اور یہ شکار کی جزا ہے، اور جزا متعدد ہوتی ہے احرام باندھنے والے قاتلوں کے متعدد ہو جانے سے۔

سوال: جنایت سے کیا مراد ہے؟

جواب: جنایت لغت میں تقصیر اور خطا کو کہتے ہیں، اور حج کے بیان میں ہر اس فعل کا ارتکاب جنایت ہے جس کا کرنا احرام یا حرم کی وجہ سے ممنوع ہو، ان جنایتوں پر شریعت میں کچھ جزائیں مقرر ہیں جو جنایت کرنے والے پر لازم ہوتی ہیں، مُحرم اگر بالقصد بلا عُذر جرم کرے تو کفارہ بھی واجب ہے اور گنہگار بھی ہوا، لہٰذا اس صورت میں توبہ واجب کہ محض کفارہ سے پاک نہ ہوگا جب تک توبہ نہ کرے اور اگر نادانستہ یا عذر سے ہے تو کفارہ کافی ہے۔ جرم میں کفارہ بہر حال لازم ہے، یاد سے ہو یا بھول چوک سے، اس کا جرم ہونا جانتا ہو یا معلوم نہ ہو، خوشی سے ہو یا مجبوراً، سوتے میں ہو یا بیداری میں، نشہ یا بے ہوشی میں یا ہوش میں، اُس نے اپنے آپ کیا ہو یا دوسرے نے اُس کے حکم سے کیا۔

سوال: جنایت کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: جنایت کی دو قسمیں ہیں:

(۱) جنایت علی الاحرام: یعنی ایسے فعل کا ارتکاب کرنا جو احرام کی حالت میں ممنوع ہو۔ پس یہ قسم صرف محرم کے ساتھ خاص ہے۔

(۲) جنایت علی الحرم: یعنی ایسے فعل کا ارتکاب کرنا جو حرم میں ممنوع ہو۔ اور یہ قسم صرف محرم کے ساتھ خاص نہیں بلکہ جو شخص بھی حرم کی حرمت کے خلاف کوئی کام کرے گا وہ مجرم قرار پائے گا۔

سوال: محرم کی جنایت کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: جنایت علی الاحرام یعنی محرم کی جنایت پر جو جزائیں واجب ہوتی ہین ان کی چار قسمیں ہیں:

(۱) دَم یعنی ایک بکرا۔ (اِس میں نَر، مادہ، دُنبہ، بَھیڑ، نیز بدنہ یعنی گائے یا اُونٹ کا ساتواں حصّہ سب شامل ہیں) قربان کرنا۔ گائے بکرا وغیرہ یہ تمام جانور اُن ہی شرائط کے ہوں جو قربانی میں ہیں۔

(۲) صَدَقہ یعنی صَدَقۂ فِطر کی مِقدار۔ آج کل کے حساب سے صَدَقۂ فِطر کی مِقدار ۲ کلو ۵۰ گرام گندُم یا اُس کا آٹا یا اُس کی رقم یا اُس کے دُگنے جَو یا کَھجور یا اُس کی رقم ہے۔

(۳) قیمت یعنی حالتِ احرام میں کسی جانور کا شکار کر لیا تو اس جانور کی قیمت کو خیرات کرنا۔

(۴) صدقہ سے بھی کم مقدار کا واجب ہونا جس میں مٹھی بھر غلہ یا اس کی قیمت یا ایک روٹی کا دینا۔

سوال: "ویتعدد الجزاء بتعدد القاتلین المحرمین" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ احرام باندھنے والے قاتلوں کے متعدد ہو جانے سے جزا بھی متعدد ہو جائے گی، مثلاً دو محرموں نے مل کر ایک شکار کیا تو اس جرم کا تعلق دو احراموں سے ہے لہذا جزا بھی دو ہو گی، جیسے کہ فتاوی ہندیہ میں ہے: "کئی شخصوں نے مل کر شکار کیا تو سب پر پورا پورا کفارہ ہے۔" ("الفتاوى الهندية"، كتاب المناسك، الباب التاسع في الصيد، ج۱، ص۲۴۹.)

فَالَّتِيْ تُوْجِبُ دَمًا هِيَ مَا لَوْ طَيَّبَ مُحْرِمٌ بَالِغٌ عُضْوًا أَوْ خَضَبَ رَأْسَهٗ بِحِنَّاءٍ أَوْ اِدَّهَنَ بِزَيْتٍ وَنَحْوِهٖ أَوْ لَبِسَ مَخِيْطًا أَوْ سَتَرَ رَأْسَهٗ يَوْمًا كَامِلًا أَوْ حَلَقَ رُبْعَ رَأْسِهٖ أَوْ مَحْجَمَهٗ أَوْ أَحَدَ إِبْطَيْهِ أَوْ عَانَتَهٗ أَوْ رَقَبَتَهٗ أَوْ قَصَّ أَظَافِرَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِمَجْلِسٍ أَوْ يَدًا أَوْ رِجْلًا أَوْ تَرَكَ وَاجِبًا مِمَّا تَقَدَّمَ بَيَانُهٗ وَفِيْ أَخْذِ شَارِبِهٖ حُكُوْمَةٌ۔

ترجمہ: پس وہ جنایت جو دم کو واجب کرتی ہیں وہ یہ ہیں کہ: اگر کسی محرم بالغ نے کسی عضو پر خوشبو لگائی یا اپنے سر پر مہندی کا خضاب لگایا، یا زیتون اور اسی طرح (کا کوئی) تیل لگایا، یا سلا ہوا کپڑا پہنا، یا اپنا سر پورا دن چھپا لیا، یا اپنا چوتھائی سر منڈوایا، یا پچھنے لگوانے کی جگہ کو یا دونوں بغلوں میں سے ایک کے، یا اپنے زیرِ ناف، یا گردن کے بال منڈے، یا اپنے دونوں ہاتھ، یا دونوں پیر کے ناخن ایک مجلس مین کاٹے، یا ایک ہاتھ یا ایک پیر کے ناخن کاٹے، یا کسی واجب کو چھوڑ دیا، ان واجبات میں سے جن کا ذکر پہلے گزرا، اور اپنی مونچھ کے لینے (ترشوانے) میں ایک عادل کے فیصلہ کا اعتبار کیا جائے گا۔

سوال: کون سی جنایت دم کو واجب کرتی ہیں؟

جواب: مندرجہ ذیل جنایات دم کو واجب کرتی ہیں:

(۱) خوشبوا گر بہت سی لگائی جسے دیکھ کر لوگ بہت بتائیں اگر چہ عضو کے تھوڑے حصہ پر یا کسی بڑے عضو جیسے سر، منہ، ران، پنڈلی کو پورا سان دیا اگرچہ خوشبو تھوڑی ہے تو ان دونوں صورتوں میں دَم ہے اور اگر تھوڑی سی خوشبو عضو کے تھوڑے سے حصہ میں لگائی تو صدقہ ہے۔

('الفتاوی الهندية" كتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الأول، ج۱، ص۲۴۰۔۲۴۱)

(۲) سر پر منہدی کا پتلا خضاب کیا کہ بال نہ چھپے تو ایک دَم اور گاڑھی تھوپی کہ بال چھپ گئے اور چار پہر گزرے تو مرد پر دو دَم اور چار پہر سے کم میں ایک دَم اور ایک صدقہ اور عورت پر بہر حال ایک دم، چوتھائی سر چھپنے کا بھی یہی حکم ہے اور چوتھائی سے کم میں صدقہ ہے اور سر پر وسمہ پتلا پتلا لگایا تو کچھ نہیں اور گاڑھا ہو تو مرد کو کفارہ دینا ہو گا۔ ("الجوهرة النيرة"، كتاب الحج، باب الجنايات، ص۲۱۷)

داڑھی میں منہدی لگائی جب بھی دَم واجب ہے، پوری ہتھیلی یا تلوے میں لگائی تو دَم دے۔

("ردالمحتار"، كتاب الحج، باب الجنايات، ج۳، ص۶۵۴)

خطمی سے سر یا داڑھی دھوئی تو دَم ہے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الأول، ج۱، ص۲۴۱)

(۳) روغن چمیلی وغیرہ خوشبو دار تیل لگانے کا وہی حکم ہے جو خوشبو استعمال کرنے میں تھا۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الأول، ج۱، ص۲۴۰)

تِل اور زیتون کا تیل خوشبو کے حکم میں ہے اگر چہ ان میں خوشبو نہ ہو، البتہ ان کے کھانے اور ناک میں چڑھانے اور زخم پر لگانے اور کان میں ٹپکانے سے صدقہ واجب نہیں۔ ("ردالمحتار"، كتاب الحج، باب الجنايات، ج۳، ص۶۵۵)

(۴) مُحرِم نے سِلا کپڑا چار پہر کامل پہنا تو دَم واجب ہے اور اس سے کم تو صدقہ اگر چہ تھوڑی دیر پہنا اور لگاتار کئی دن تک پہنے رہا جب بھی ایک ہی دَم واجب ہے، جب کہ یہ لگاتار پہننا ایک طرح کا ہو یعنی عُذر سے یا بلا عذر اور اگر مثلاً ایک دن بلا عذر تھا، دوسرے دن بعذر یا بالعکس تو دو کفارے واجب ہوں گے۔ ("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الثاني، ج۱، ص۲۴)

(۵) مرد یا عورت نے منہ کی ٹکلی ساری یا چہارم چھپائی یا مرد نے پورا یا چہارم سر چھپایا تو چار پہر یا زیادہ لگاتار چھپانے میں دَم ہے اور کم میں صدقہ اور چہارم سے کم کو چار پہر تک چھپایا تو صدقہ ہے اور چار پہر سے کم میں کفارہ نہیں مگر گناہ ہے۔

("الفتاوی الهندية"، كتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الثاني، ج۱، ص۲۴۲)

(۶) سر یا داڑھی کے چہارم بال یا زیادہ کسی طرح دُور کئے تو دَم ہے اور کم میں صدقہ اور اگر چندلا ہے یا داڑھی میں کم بال ہیں، تو اگر چوتھائی کی مقدار ہیں تو کُل میں دَم ورنہ صدقہ۔ چند جگہ سے تھوڑے تھوڑے بال لئے تو سب کا مجموعہ اگر چہارم کو پہنچتا ہے تو دَم ہے ورنہ صدقہ۔

("ردالمحتار"، كتاب الحج، باب الجنايات، ج۳، ص۶۵۹)

پوری گردن یا پوری ایک بغل میں دَم ہے اور کم میں صدقہ اگر چہ نصف یا زیادہ ہو۔ یہی حکم زیر ناف کا ہے۔ دونوں بغلیں پوری مونڈائے، جب بھی ایک ہی دَم ہے۔ ("الدر المختار" و "ردالمحتار"، كتاب الحج، باب الجنايات، ج۳، ص۶۵۹)

سر اور داڑھی اور گردن اور بغل اور زیرِ ناف کے سوا باقی اعضا کے مونڈانے میں صرف صدقہ ہے۔

("ردالمحتار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج۳، ص۶۶۰)

(۷) ایک ہاتھ ایک پاؤں کے پانچوں ناخن کترے یا بیسوں ایک ساتھ تو ایک دَم ہے اور اگر کسی ہاتھ یا پاؤں کے پورے پانچ نہ کترے تو ہر ناخن پر ایک صدقہ، یہاں تک کہ اگر چاروں ہاتھ پاؤں کے چار چار کترے تو سولہ صدقے دے مگر یہ کہ صدقوں کی قیمت ایک دَم کے برابر ہو جائے تو کچھ کم کرلے یا دَم دے اور اگر ایک ہاتھ یا پاؤں کے پانچوں ایک جلسہ میں اور دوسرے کے پانچوں دوسرے جلسہ میں کترے تو دو دَم لازم ہیں اور چاروں ہاتھ پاؤں کے چار جلسوں میں تو چار دَم۔("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الثالث، ج۱، ص۲۴۴)

ایک ہی جلسہ میں ایک ہاتھ کے پانچوں ناخن تراشے اور چہارم سر مونڈایا اور کسی عضو پر خوشبو لگائی تو ہر ایک پر ایک ایک دَم یعنی تین دَم واجب ہیں۔("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الثالث، ج۱، ص۲۴۴)

(۸) واجباتِ حج میں سے کسی واجب کو ترک کر دینے سے دم واجب ہو جاتا ہے۔

سوال: "وفي أخذ شاربه حكومة" اس عبارت سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

جواب: اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ: اگر محرم نے اپنی مونچھ کترا یا مونڈلی تو ایک عادل آدمی جو فیصلہ کرے گا اسی کے مطابق اس پر جزا واجب ہو گی، مثلاً جتنی مونچھ مونڈی گئی ہے اس کو دیکھیں گے کہ وہ چوتھائی داڑھی میں سے کتنی ہے اسی کو معیار بنا کر صدقہ واجب ہو گا۔ یہ قول غیر مفتی بہ ہے جبکہ مفتی بہ قول بہار شریعت میں یہ مذکور ہے: "مونچھ اگرچہ پوری مونڈائے یا کتروائے صدقہ ہے"۔ پس اس قول کے مطابق اب عادل آدمی کی ضرورت نہیں ہے۔(بہار شریعت ج۱ ص۱۱۷۱)

وَالَّتِيْ تُوْجِبُ الصَّدَقَةَ بِنِصْفِ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ أَوْ قِيْمَتِهِ هِيَ مَا لَوْ طَيَّبَ أَقَلَّ مِنْ عُضْوٍ أَوْ لَبِسَ مَخِيْطًا أَوْ غَطّٰى رَأْسَهُ أَقَلَّ مِنْ يَوْمٍ أَوْ حَلَقَ أَقَلَّ مِنْ رُبْعِ رَأْسِهِ أَوْ قَصَّ ظُفُرًا وَكَذَا لِكُلِّ ظُفُرٍ نِصْفُ صَاعٍ إِلَّا أَنْ يَبْلُغَ الْمَجْمُوْعُ دَمًا فَيَنْقُصُ مَا شَاءَ مِنْهُ كَخَمْسَةٍ مُتَفَرِّقَةٍ، اَوْطَافَ لِلْقُدُوْمِ أَوِ الصَّدْرِ مُحْدِثًا۔

ترجمہ: اور وہ جنایت جن کے ذریعہ نصف صاع گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنے کو واجب کرتی ہے وہ یہ ہیں کہ اگر ایک عضو سے کم پر خوشبو لگائی یا سلا ہوا کپڑا پہنایا اپنے سر کو ڈھانکا ایک دن سے کم یا چوتھائی سر سے کم حلق کرایا یا ایک ناخن کاٹا اور ایسے ہی ہر ناخن کے مقابلہ میں نصف صاع ہے مگر یہ مجموعہ ایک دم کو پہنچ جائے تو کم کر دے اس میں سے جو چاہے جیسا پانچ متفرق ناخنوں میں، یا قدوم کا طواف، یا طوافِ صدر (طوافِ وداع) حدث (بے وضو ہونے) کی حالت میں کیا، تو صدقہ واجب ہو گا۔

سوال: کن جنایت سے صدقۂ فطر دینا واجب ہوتا ہے؟

جواب: اگر تھوڑی سی خوشبو عضو کے تھوڑے سے حصہ میں لگائی تو صدقہ ہے۔ مُحرِم نے سِلا کپڑا چار پہر کامل پہنا تو دَم واجب ہے اور اس سے کم تو صدقہ اگرچہ تھوڑی دیر پہنا۔ مرد یا عورت نے منہ کی ٹکلی ساری یا چہارم چھپائی یا مرد نے پورا یا چہارم سر چھپایا تو چار پہر یا زیادہ لگاتار چھپانے میں دَم ہے اور کم میں صدقہ اور چہارم سے کم کو چار پہر تک چھپایا تو صدقہ ہے اور چار پہر سے کم میں کفارہ نہیں مگر گناہ ہے۔ سر یا داڑھی کے چہارم بال یا زیادہ کسی طرح دُور کئے تو دَم ہے اور کم میں صدقہ۔ اور اگر کسی ہاتھ یا پاؤں کے پورے پانچ نہ کترے تو ہر ناخن پر ایک صدقہ ہے۔ اگر کسی نے طوافِ قدوم یا طوافِ وداع بے وضو کی حالت میں کیا تو اس پر صدقہ واجب ہوگا۔

سوال: ”إلاأن يبلغ المجموع دما فينقص ما شاء منه“ اس عبارت کی وضاحت کریں۔

جواب: اس عبارت کی وضاحت یہ ہے کہ: اگر کسی نے سولہ ناخن متفرق طور پر کاٹے مثلاً اپنے داہنے ہاتھ کے چار، بائیں ہاتھ کے چار، داہنے پاؤں کے چار، بائیں پاؤں کے چار، ان کا مجموعہ سولہ ناخن ہوئے، اب متفرق طور پر کاٹنے کی وجہ سے اس پر سولہ صدقہ واجب ہوئے، اور ان سولہ صدقوں کی قیمت مثلاً ۲۰۰۰ روپے بنتے ہیں اور ایک دم (بکرے کی قیمت) بھی ۲۰۰۰ روپے ہوتے ہیں، یوں تمام صدقوں کا مجموعہ ایک دم کو پہنچ رہا ہے، لہٰذا ایسی صورت میں حکم یہ ہے کہ ”۲۰۰۰ سے کچھ کم صدقہ کرے تاکہ ایک دم دینا لازم نہ آئے“۔

جبکہ بہار شریعت میں یوں عبارت موجود ہے ”اگر چاروں ہاتھ پاؤں کے چار چار کترے تو سولہ صدقے دے مگر یہ کہ صدقوں کی قیمت ایک دَم کے برابر ہو جائے تو کچھ کم کرلے یا دَم دے“۔

سوال: ”کخمسة متفرقة“ کی وضاحت فرمائیں۔

جواب: اس عبارت کی وضاحت یہ ہے کہ: اگر کسی نے پانچ ناخن متفرق طور پر کاٹے مثلاً دو ایک ہاتھ کے اور تین دوسرے ہاتھ کے تو اس صورت میں کل پانچ صدقہ واجب ہوئے۔

وَتَجِبُ شَاةٌ وَلَوْ طَافَ جُنُبًا أَوْ تَرَكَ شَوْطًا مِنْ طَوَافِ الصَّدْرِ وَكَذَا لِكُلِّ شَوْطٍ مِنْ أَقَلِّهِ أَوْ حَصَاةً مِنْ إِحْدَى الْجِمَارِ وَكَذَا لِكُلِّ حَصَاةٍ فِيمَا لَمْ يَبْلُغْ رَمْيَ يَوْمٍ إِلَّا أَنْ يَبْلُغَ دَمًا فَيَنْقُصَ مَا شَاءَ أَوْ حَلَقَ رَأْسَ غَيْرِهٖ أَوْ قَصَّ أَظْفَارَهٗ وَإِنْ تَطَيَّبَ أَوْ لَبِسَ أَوْ حَلَقَ بِعُذْرٍ تَخَيَّرَ بَيْنَ الذَّبْحِ أَوِ التَّصَدُّقِ بِثَلَاثَةِ أَصْوُعٍ عَلٰى سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ أَوْ صِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ۔

ترجمہ: اور بکری واجب ہوتی ہے اگر جنابت کی حالت میں طواف کیا ہو، یا طوافِ صدر (وداع) کا ایک چکر چھوڑ دیا ہو، اور ایسے ہی ہر چکر کے عوض میں اس کے اقل سے یا کسی جمرہ کی ایک کنکری چھوڑ دی، اور ایسے ہی ہر کنکری کے عوض (نصف صاع ہے) اس صورت میں کہ ایک دن کی رمی کو نہ پہنچے مگر یہ کہ پہنچ جائے دم کو تو جو چاہے کم کر دے، یا کسی دوسرے کے سر کو مونڈا، یا دوسرے

کے ناخن کاٹے، اور خوشبو لگائی، یا سلا ہوا کپڑا پہنا، یا کسی عذر سے حلق کرایا، تو ذبح کرنے یا تین صاع چھ مسکینوں پر صدقہ کرنے یا تین دن کے روزے رکھنے کا اختیار دیا جائے گا۔

وَالَّتِيْ تُوْجِبُ أَقَلَّ مِنْ نِصْفِ صَاعٍ فَهِيَ مَا لَوْ قَتَلَ قَمْلَةً أَوْ جَرَادَةً فَيَتَصَدَّقُ بِمَا شَاءَ . وَالَّتِيْ تُوْجِبُ الْقِيْمَةَ فَهِيَ مَا لَوْ قَتَلَ صَيْدًا فَيُقَوِّمُهُ عَدْلَانِ فِيْ مَقْتَلِهِ أَوْ قَرِيْبٍ مِنْهُ فَإِنْ بَلَغَتْ هَدْيًا فَلَهُ الْخِيَارُ إِنْ شَاءَ اِشْتَرَاهُ وَذَبَحَهُ أَوْ اِشْتَرٰى طَعَاماً وَتَصَدَّقَ بِهِ لِكُلِّ فَقِيْرٍ نِصْفَ صَاعٍ أَوْ صَامَ عَنْ طَعَامِ كُلِّ مِسْكِيْنٍ يَوْمًا وَإِنْ فَضُلَ أَقَلُّ مِنْ نِصْفِ صَاعٍ تَصَدَّقَ بِهِ أَوْ صَامَ يَوْمًا وَتَجِبُ قِيْمَةُ مَا نَقَصَ بِنَتْفِ رِيْشِهِ الَّذِيْ لَا يَطِيْرُ بِهِ وَشَعْرِهٖ وَقَطْعِ عُضْوٍ لَا يَمْنَعُهُ الْاِمْتِنَاعُ بِهٖ۔

ترجمہ: اور وہ جنایت جو نصف صاع سے کم واجب کرتی ہے پس وہ یہ ہے کہ اگر جوں یا ٹڈی کو مار ڈالا تو جو چاہے صدقہ دے۔ اور وہ جنایت جو قیمت کو واجب کرتی ہے پس وہ یہ ہے کہ اگر کسی شکار کو قتل کر دیا، پس دو عادل شخص اس کی قیمت اس کے قتل کی جگہ میں لگائیں گے، یا اس سے قریب کی جگہ میں، پس اگر اس کی قیمت ایک ہدی کو پہنچ جائے، تو اس کو اختیار ہے اگر چاہے اس کو خریدے اور ذبح کرے، یا غلہ خریدے اور ہر فقیر کو نصف صاع صدقہ کرے، یا ہر مسکین کے غلہ کے عوض ایک دن کا روزہ رکھے، اور (اس تقسیم کے بعد) اگر نصف صاع سے کم بچ جائے تو اس کو صدقہ کر دے، یا ایک دن کا روزہ رکھے، اور واجب ہو گی وہ قیمت جو کم ہو گئی ہے اس کے پَر کو اکھاڑنے سے جس سے وہ اڑتا نہیں تھا، اور اس کے بال اکھاڑنے سے، اور ایسے عضو کے کاٹنے سے کہ نہیں روکتا ہے اس کو حفاظت کرنا عضو کے کاٹنے سے۔

سوال: وہ جنایت کون سی ہے جس میں نصف صاع سے کم صدقہ کرنا واجب ہوتا ہے؟

جواب: اپنی جُوں اپنے بدن یا کپڑوں میں ماری یا پھینک دی تو ایک میں روٹی کا ٹکڑا اور دو یا تین ہوں تو ایک مُٹھی گندم اور اس سے زیادہ میں نصف صاع گندم صدقہ کرے۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج ۳، ص ۶۸۹)

ٹڈّی بھی خشکی کا جانور ہے، اُسے مارے تو کفارہ دے اور ایک کھجور کافی ہے۔ ("الجوھرۃ النیرۃ"، کتاب الحج، باب الجنایات فی الحج ص ۲۲۷)

سوال: وہ جنایت کون سی ہے جو قیمت کو واجب کرتی ہے؟

جواب: خشکی کا وحشی جانور شکار کرنا یا اس کی طرف شکار کرنے کو اشارہ کرنا یا اور کسی طرح بتانا، یہ سب کام حرام ہیں اور سب میں کفارہ واجب اگرچہ اُس کے کھانے میں مُضطر ہو۔ یعنی بھوک سے مرا جاتا ہو اور کفارہ اس کی قیمت ہے یعنی دو عادل وہاں کے حساب سے جو قیمت بتا دیں وہ دینی ہوگی اور اگر وہاں اُس کی کوئی قیمت نہ ہو تو وہاں سے قریب جگہ میں جو قیمت ہو وہ ہے اور اگر ایک ہی عادل نے بتا دیا جب بھی کافی ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج۳، ص۶۷۶)

شکار کی قیمت میں اختیار ہے کہ اس سے بھیڑ بکری وغیرہ اگر خرید سکتا ہے تو خرید کر حرم میں ذبح کر کے فقرا کو تقسیم کر دے یا اُس کا غلہ خرید کر مساکین پر صدقہ کر دے، اتنا اتنا کہ ہر مسکین کو صدقہ فطر کی قدر پہنچے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس قیمت کے غلّہ میں جتنے صدقے ہو سکتے ہوں ہر صدقہ کے بدلے ایک روزہ رکھے اور اگر کچھ غلہ بچ جائے جو پورا صدقہ نہیں تو اختیار ہے وہ کسی مسکین کو دیدے یا اس کی عوض ایک روزہ رکھے اور اگر پوری قیمت ایک صدقہ کے لائق بھی نہیں تو بھی اختیار ہے کہ اتنے کا غلہ خرید کر ایک مسکین کو دیدے یا اس کے بدلے ایک روزہ رکھے۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب التاسع في الصيد، ج۱، ص۲۴۸)

سوال: اس عبارت "وتجب قیمة ما نقص بنتف ریشه" سے کون سا مسئلہ بیان کیا گیا ہے؟

جواب: اس عبارت سے یہ مسئلہ بیان ہوا ہے کہ اگر محرم نے جانور کو زخمی کر دیا مگر مرا نہیں یا اس کے بال یا وہ پر نوچ جس سے وہ اڑ تا نہیں تھا یا کوئی عضو کاٹ ڈالا کہ اس کے بعد بھی وہ بھاگ کر اپنی جان بچا سکتا ہے تو اس کی وجہ سے جو کچھ اُس جانور میں کمی ہوئی وہ کفارہ دینا ہو گا ہے، مثلاً صحیح سالم ہونے کی حالت میں ۱۰۰ روپئے کا تھا اور اب اس کی قیمت ۵۰ روپئے رہ گئی تو وہ محرم باقی ۵۰ روپئے کا ضامن ہو گا۔ اور اگر زخم کی وجہ سے مر گیا تو پوری قیمت واجب۔ ("تنویر الابصار" و "الدر المختار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج۳، ص۶۸۳)

وَتَجِبُ الْقِيْمَةُ بِقَطْعِ بَعْضِ قَوَائِمِهٖ وَنَتْفِ رِيْشِهٖ وَكَسْرِ بَيْضِهٖ وَلَا يُجَاوَزُ عَنْ شَاةٍ بِقَتْلِ السَّبُعِ وَإِنْ صَالَ لَا شَيْءَ بِقَتْلِهٖ وَلَا يُجْزِئُ الصَّوْمُ بِقَتْلِ الْحَلَالِ صَيْدَ الْحَرَمِ وَلَا بِقَطْعِ حَشِيْشِ الْحَرَمِ وَشَجَرَةِ النَّابِتِ بِنَفْسِهٖ وَلَيْسَ مِمَّا يُنْبِتُهُ النَّاسُ بَلِ الْقِيْمَةُ وَحَرُمَ رَعْيُ حَشِيْشِ الْحَرَمِ وَقَطْعُهٗ إِلَّا الْإِذْخِرَ وَالْكَمْأَةَ۔

ترجمہ: اور قیمت واجب ہوتی ہے اس کے ہاتھ پیر میں سے کسی ایک کو کاٹ دینے سے، اور اس کے پر کو اکھاڑنے سے اور اس کا انڈا توڑنے سے۔ اور بکری کی قیمت سے تجاوز نہیں کیا جائے گا کسی درندے کو قتل کرنے کے عوض، اور اگر (درندہ) حملہ کرے تو اس کے قتل کرنے کے عوض کوئی شے واجب نہیں۔ اور حرم کے شکار کو حلال شخص کے قتل کر دینے سے روزہ کافی نہیں ہو گا، اور خود رو درخت کو کاٹنے سے جس کو لوگ بوتے نہیں ہیں بلکہ قیمت (لازم ہو گی) اور حرم کی گھاس چرانا حرام ہے اور اس کا کاٹنا مگر اذخر اور کمأۃ (کا کاٹنا حرام نہیں ہے)

سوال: جانور کے ہاتھ پیر کاٹنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: پرند کے پر نوچ ڈالے کہ اُوڑ نہ سکے یا چوپایہ کے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالے کہ بھاگ نہ سکے تو پورے جانور کی قیمت واجب ہے اور انڈا توڑا یا بھونا تو اس کی قیمت دے مگر جب کہ گندہ ہو تو کچھ واجب نہیں اگرچہ اس کا چھلکا قیمتی ہو جیسے شُتر مرغ کا انڈا کہ لوگ اُسے خرید کر بطور نمائش رکھتے ہیں اگرچہ گندہ ہو۔ انڈا توڑا اس میں سے بچہ مرا ہوا نکلا تو بچہ کی قیمت دے اور جنگل کے جانور کا دودھ دوہا تو دودھ کی اور بال کترے تو بالوں کی قیمت دے۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج۳، ص۶۸۴)

اگر محرم نے کسی درندے کو قتل کر دیا مثلاً شیر یا چیتا کو تو اس پر جزا واجب ہے، ہاں جزا اتنی واجب ہوگی جو ایک بکری کی قیمت سے زیادہ نہ ہو، مثلاً شیر کی قیمت ۵۰۰ روپے ہے اور بکری کی قیمت ۳۰۰ روپے تو محرم پر صرف ۳۰۰ روپے واجب ہوں گے، ۳۰۰ روپے سے زیادہ واجب نہیں ہوں گے۔ اور جو درندے ایسے ہوں جن کی عادت اکثر ابتداءً حملہ کرنے کی ہوتی ہے جیسے شیر، چیتا، تیندوا، اِن سب کے مارنے میں کچھ نہیں۔ یوہیں پانی کے تمام جانوروں کے قتل میں کفارہ نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب التاسع في الصيد، ج۱، ص۲۵۲)

سوال: غیر مُحرم نے حرم کے جنگل کا جانور ذبح کیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: غیر مُحرم نے حرم کے جنگل کا جانور ذبح کیا تو اس کی قیمت واجب ہے اور اس قیمت کے بدلے روزہ نہیں رکھ سکتا اور مُحرم ہے تو روزہ بھی رکھ سکتا ہے۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج۳، ص۶۹۳)

سوال: حرم کی گھاس اور درخت کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: حرم کے درخت کی چار قسمیں ہیں: (۱) کسی نے اُسے بویا ہے اور وہ ایسا درخت ہے جسے لوگ بویا کرتے ہیں۔ (۲) بویا ہے مگر اس قسم کا نہیں جسے لوگ بویا کرتے ہیں۔ (۳) کسی نے اسے بویا نہیں مگر اس قسم سے ہے جسے لوگ بویا کرتے ہیں۔ (۴) بویا نہیں، نہ اس قسم سے ہے جسے لوگ بوتے ہیں۔

پہلی تین قسموں کے کاٹنے وغیرہ میں کچھ نہیں یعنی اس پر جرمانہ نہیں۔ رہا یہ کہ وہ اگر کسی کی ملک ہے تو مالک تاوان لے گا، چوتھی قسم میں جرمانہ دینا پڑے گا اور کسی کی ملک ہے تو مالک تاوان بھی لے گا اور جرمانہ اُسی وقت ہے کہ تر ہو اور ٹوٹا یا اُکھڑا ہوا نہ ہو۔ جرمانہ یہ ہے کہ اُس کی قیمت کا غلہ لے کر مساکین پر تصدق کرے، ہر مسکین کو ایک صدقہ اور اگر قیمت کا غلہ پورے صدقہ سے کم ہے تو ایک ہی مسکین کو دے اور اس کے لئے حرم کے مساکین ہونا ضرور نہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ قیمت ہی تصدق کر دے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس قیمت کا جانور خرید کر حرم میں ذبح کر دے روزہ رکھنا کافی نہیں۔ ("الفتاوی الهندية"، کتاب المناسک، الباب التاسع في الصيد، ج۱، ص۲۵۲-۲۵۳)

ضرورت کی وجہ سے فتویٰ اس پر ہے کہ وہاں کی گھاس جانوروں کو چرانا جائز ہے۔ باقی کاٹنا، اُکھاڑنا، اس کا وہی حکم ہے جو درخت کا ہے۔ سوا اِذخر اور سوکھی گھاس کے کہ ان سے ہر طرح انتفاع جائز ہے۔ کھنبی کے توڑنے، اُکھاڑنے میں کچھ مضایقہ نہیں۔

("الدر المختار" و "ردالمحتار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج۳، ص۶۸۸)

فَصۡلُ قَتۡلُ الۡحَیَوَانَاتِ

یہ فصل حیوانات کو قتل کرنے کے بیان میں ہے

وَلَا شَيْءَ بِقَتْلِ غُرَابٍ وَحِدَأَةٍ وَعَقْرَبٍ وَفَأْرَةٍ وَحَيَّةٍ وَكَلْبٍ عَقُوْرٍ وَبَعُوْضٍ وَنَمْلٍ وَبُرْغُوْثٍ وَقُرَادٍ وَسُلَحْفَاةٍ وَمَا لَيْسَ بِصَيْدٍ۔

اور کوّا، چیل، بچھو، چوہا، سانپ، کٹکھنا کتا، مچھر، چیونٹی، پسو، چیچڑی، کچھوا، اور اس چیز کے مار ڈالنے سے کچھ واجب نہیں ہوتا جو شکار نہیں کرتا۔

سوال: کن کو قتل کرنے سے کفارہ لازم نہیں ہوتا ہے؟

جواب: کوّا، چیل، بھیڑیا، بچھو، سانپ، چوہا، گھونس، چھچھوندر، کٹکھنا کتّا، پِسُّو، مچھر، کلّی، کچھوا، کیکڑا، پتنگا، کاٹنے والی چیونٹی، مکھی، چھپکلی، بُر اور تمام حشرات الارض بِجو، لومڑی، گیدڑ جب کہ یہ درندے حملہ کریں یا جو درندے ایسے ہوں جن کی عادت اکثر ابتداءً حملہ کرنے کی ہوتی ہے جیسے شیر، چیتا، تیندوا، اِن سب کے مارنے میں کچھ نہیں۔ یوہیں پانی کے تمام جانوروں کے قتل میں کفارہ نہیں۔

("الدر المختار" و "رد المحتار"، کتاب الحج، باب الجنایات، ج ۳، ص ۶۸۹۔۶۹۱)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيْب!
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

فَصْلُ اَلْهَدْيِ

یہ فصل ہدی کے بیان میں ہے

اَلْهَدْيُ أَدْنَاهُ شَاةٌ وَهُوَ مِنَ الْإِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَمَا جَازَ فِي الضَّحَايَا جَازَ فِي الْهَدَايَا وَالشَّاةُ تَجُوْزُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ إِلَّا فِيْ طَوَافِ الرُّكْنِ جُنُبًا وَوَطْءٍ بَعْدَ الْوُقُوْفِ قَبْلَ الْحَلَقِ فَفِيْ كُلٍّ مِنْهُمَا بَدَنَةٌ وَخُصَّ هَدْيُ الْمُتْعَةِ وَالْقِرَانِ بِيَوْمِ النَّحْرِ فَقَطْ وَخُصَّ ذَبْحُ كُلِّ هَدْيٍ بِالْحَرَمِ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ تَطَوُّعًا وَتَعَيَّبَ فِي الطَّرِيْقِ فَيَنْحَرُ فِيْ مَحَلِّهِ وَلَا يَأْكُلُهُ غَنِيٌّ وَفَقِيْرُ الْحَرَمِ وَغَيْرِهٖ سَوَاءٌ وَتُقَلَّدُ بَدَنَةُ التَّطَوُّعِ وَالْمُتْعَةِ وَالْقِرَانِ فَقَطْ۔

ترجمہ: ہدی کا کم سے کم درجہ ایک بکری ہے، اور ہدی اونٹ اور گائے اور بکری سے ہوتی ہے، اور جو جانور قربانی میں جائز ہے وہ ہدی میں بھی جائز ہے، بکری ہر جگہ جائز ہے مگر جنابت کی حالت میں طوافِ رکن کرنے میں، اور وقوف کے بعد حلق سے پہلے وطی کر لینے میں، پس ان دونوں میں سے ہر ایک میں بدنہ ہے۔ متعہ اور قران کی ہدی صرف یوم النحر کے ساتھ مخصوص ہے، اور ہر ہدی کا ذبح کرنا حرم کے ساتھ مخصوص ہے، مگر یہ کہ وہ نفلی ہو، اور راستے میں عیب دار ہو گئی ہو، پس اس کی جگہ میں اس کو ذبح کر دے، اور مالدار اس کو نہ کھائے، اور حرم و غیرِ حرم کا فقیر برابر ہے، اور صرف نفل اور متعہ (تمتع) اور قران کے بدنہ کو قلادہ (ہار) پہنایا جائے گا۔

سوال: ہدی کس جانور کو کہتے ہیں؟

جواب: ہَدی اُس جانور کو کہتے ہیں جو قربانی کے لئے حرم کو لے جایا جائے۔ یہ تین قسم کے جانور ہیں: (۱) بکری، اس میں بھیڑ اور دُنبہ بھی داخل ہے۔ (۲) گائے، بھینس بھی اسی میں شمار ہے۔ (۳) اونٹ ہَدی کا ادنیٰ درجہ بکری ہے تو اگر کسی نے حرم کو قربانی بھیجنے کی منّت مانی اور معیّن نہ کی تو بکری کافی ہے۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الحج، باب الھدی، ج۴، ص۴۱)

سوال: ہدی کا جانور کیسا ہونا چاہئیے؟

جواب: قربانی کے جانور میں جو شرطیں ہیں وہ ہدی کے جانور میں بھی ہیں مثلاً اونٹ پانچ سال کا، گائے دو سال کی، بکری ایک سال کی مگر بھیڑ دُنبہ چھ مہینے کا اگر سال بھر والی کی مثل ہو تو ہو سکتا ہے اور اونٹ گائے میں یہاں بھی سات آدمی کی شرکت ہو سکتی ہے۔

("الدرالمختار"، کتاب الحج، باب الھدی، ج۴، ص۴۲)

سوال: ہدی کے گلے میں ہار ڈالنا کیسا ہے؟

جواب: اونٹ، گائے کے گلے میں ہار ڈال دینا مسنون ہے اور بکری کے گلے میں ہار ڈالنا سنت نہیں مگر صرف شکرانہ یعنی تمتع وقران اور نفل اور منّت کی قربانی میں سنت ہے، احصار اور جرمانہ کے دَم میں نہ ڈالیں۔

وَيَتَصَدَّقُ بِجِلَالِهٖ وَخِطَامِهٖ وَلَا يُعْطِي أَجْرُ الْجَزَّارِ مِنْهُ وَلَا يَرْكَبُهٗ بِلَا ضَرُوْرَةٍ وَلَا يُحْلَبُ لَبَنُهٗ إِلَّا اَنْ بَعُدَ الْمَحِلُّ فَيَتَصَدَّقُ بِهٖ وَيَنْضَحُ ضَرْعَهٗ إِنْ قَرُبَ الْمَحِلُّ بِالنُّقَاخِ . وَلَوْ نَذَرَ حَجًّا مَاشِيًا لَزِمَهُ وَلَا يَرْكَبُ حَتّٰى يَطُوْفَ لِلرُّكْنِ فَإِنْ رَكِبَ أَرَاقَ دَمًا وَفُضِّلَ الْمَشْيُ عَلَى الرُّكُوْبِ لِلْقَادِرِ عَلَيْهِ وَفَّقَنَا اللّٰهُ تَعَالٰى بِفَضْلِهٖ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِالْعَوْدِ عَلٰى أَحْسَنِ حَالٍ إِلَيْهِ بِجَاهِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: اور اس کی جھول اور رسی کو صدقہ کر دے، اور قصائی کی اجرت اس میں سے نہ دی جائے، اور بلا ضرورت اس پر سوار نہ ہو، اور نہ اس کا دودھ دوہا جائے، مگر یہ کہ مقام دور ہو تو اس کو صدقہ کر دے، اور اگر مقام قریب ہو تو اس کے تھنوں پر ٹھنڈے پانی سے چھینٹے مار دے، اور اگر پیدل حج کرنے کی منّت مانی تو اس پر پیدل حج کرنا لازم ہو جائے گا، اور سوار نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ طوافِ رکن کر لے، پس اگر سوار ہو جائے تو خون بہائے، اور سوار ہونے پر پیدل چلنے کو فضیلت دی گئی ہے پیدل چلنے پر قدرت رکھنے والے کے لئے، اور اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے فضل سے توفیق دے، اور ہم پر احسان فرمائے بہترین حالت میں دوبارہ حج کے لئے جانے کا ہمارے سردار محمد ﷺ کے وسیلے سے۔

سوال: ہدی کے گوشت اور جھول ورسی کا کیا حکم ہے؟

جواب: ہَدی کا گوشت حرم کے مساکین کو دینا بہتر ہے، اس کی نکیل اور جُھول کو خیرات کر دیں اور قصاب کو اس کے گوشت میں سے کچھ نہ دیں۔ ہاں اگر اُسے بطور تصدق دیں تو حرج نہیں۔ ("الدر المختار"، کتاب الحج، باب الهدی، ج۴، ص۴۷)

سوال: ہدی کی جانور پر سوار ہونا اور بوجھ لادنا کیسا ہے؟

جواب: ہَدی کے جانور پر بلا ضرورت سوار نہیں ہو سکتا نہ اس پر سامان لاد سکتا ہے اگرچہ نفل ہو اور ضرورت کے وقت سوار ہوا یا سامان لادا اور اس کی وجہ سے اُس میں کچھ نقصان آیا تو اتنا محتاجوں پر تصدّق کرے۔

("الفتاوى الهندية"، كتاب المناسک، الباب السادس عشر في الهدى، ج۱، ص۲۶۱)

سوال: ہدی کے جانور کے دودھ کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ دودھ والا جانور ہے تو دودھ نہ دوہے اور تھن پر ٹھنڈا پانی چھڑک دیا کرے تا کہ دودھ موقوف ہو جائے اور اگر ذبح میں وقفہ ہو اور نہ دوہنے سے ضرر ہو گا تو دوہ کر دودھ خیرات کر دے اور اگر خود کھالیا یا غنی کو دیدیا یا ضائع کر دیا تو اتنا ہی دودھ یا اس کی قیمت مساکین پر تصدّق کرے۔ ("ردالمحتار" کتاب الحج، باب الھدی، ج۴، ص۴۸)

سوال: پیدل حج کرنے کی منّت مانی تو کیا پیدل کرنا واجب ہے؟

جواب: جی ہاں! پیدل حج کرنے کی منّت مانی تو واجب ہے کہ گھر سے طوافِ فرض تک پیدل ہی رہے اور پورا سفر یا اکثر سواری پر کیا تو دَم دے اور اگر اکثر پیدل رہا اور کچھ سواری پر تو اُسی حساب سے بکری کی قیمت کا جتنا حصہ اس کے مقابل آئے خیرات کرے۔ پیدل عمرہ کی منّت مانی تو سر مونڈانے تک پیدل رہے۔ ("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الحج، باب الھدی، ج۴، ص۵۲)

اور سوار ہو کر حج کرنے کے مقابلہ میں پیدل حج کرنا افضل ہے مگر اس شخص کے لئے جو پیدل چلنے پر قادر ہو۔

قضائے حاجت کے لئے حرم سے باہَر جایا کرتے

حضرتِ سیِّدُنا امام مالک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق نے تعظیمِ خاکِ مدینہ کی خاطر مدینۂ منوّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیماً میں کبھی بھی قضائے حاجت نہیں کی، اس کیلئے ہمیشہ حرمِ مدینہ سے باہَر تشریف لے جاتے تھے، البتّہ حالتِ مَرَض میں مجبور تھے۔ (بستان المحدثین ص۱۹)

اے خاکِ مدینہ تُو ہی بتا کس طرح پاؤں رکھوں یہاں
تُو خاکِ پا سرکار کی ہے آنکھوں سے لگائی جاتی ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مسجدِ نبوی میں آواز دھیمی رکھو

حضرتِ سیِّدُنا امام مالک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق سے مسجدُ النَّبَوِیّ الشَّرِیف عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں گفتگو کے دَوران خلیفہ ابو جعفر نے آواز بُلند کی تو اُس سے فرمایا: اے خلیفہ! اِس مسجِد میں آواز بُلند مت کرو، اللہ تعالٰی نے بارگاہِ رسالت میں آوازیں دھیمی رکھنے والوں کی مَدح (یعنی تعریف) فرمائی ہے، چُنانچِہ پارہ ۲۶ سورۃُ الْحُجُرات کی تیسری آیتِ مبارَکہ میں فرمایا: اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَھُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللہِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللہُ قُلُوْبَھُمْ لِلتَّقْوٰی ؕ لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّ اَجْرٌ عَظِیْمٌ (۳) (پ۲۶، الحجرات:۳) ترجَمۂ کنزالایمان: بیشک وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ کے پاس، وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیز گاری کے لئے پَرکھ لیا ہے ان کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔

جبکہ آوازیں بُلند کرنے والوں کی ان الفاظ میں مَذَمَّت بیان فرمائی ہے، چُنانچِہ اسی سورۃ کی چوتھی آیتِ کریمہ ہے: اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ (۴) (پ۲۶، الحجرات:۴) ترجَمۂ کنزالایمان: بیشک وہ جو تمہیں حُجروں کے باہَر سے پکارتے ہیں ان میں اکثر بے عقل ہیں۔

تاجدارِ رسالت صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عزّت و حُرمت یقیناً آج بھی اُسی طرح ہے جس طرح حیاتِ ظاہِری میں تھی۔ امام مالک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الخَالِق کی اس گفتگو سے ابو جعفر خاموش ہو گیا۔ (الشفاء ج۲ ص۴۱)

زِيَارَةُ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبی ﷺ کی زیارت کرنا

(فَصْلٌ : فِيْ زِيَارَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى سَبِيْلِ الْاِخْتِصَارِ تَبْعًا لِمَا قَالَ فِي الْاِخْتِيَارِ)

یہ فصل اختصار کے طریقے پر نبی ﷺ کی زیارت کے بیان میں ہے، اس کے اتباع کرتے ہوئے جس کو "اختیار" نامی کتاب میں کہا گیا ہے۔

لَمَّا كَانَتْ زِيَارَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَفْضَلِ الْقُرَبِ وَأَحْسَنِ الْمُسْتَحَبَّاتِ بَلْ تَقْرُبُ مِنْ دَرَجَةِ مَا لَزِمَ مِنَ الْوَاجِبَاتِ فَإِنَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّضَ عَلَيْهَا وَبَالَغَ فِي النَّدْبِ إِلَيْهَا فَقَالَ : مَنْ وَجَدَ سَعَةً وَلَمْ يَزُرْنِيْ فَقَدْ جَفَانِيْ وَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَارَ قَبْرِيْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِيْ وَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ زَارَنِيْ بَعْدَ مَمَاتِيْ فَكَأَنَّمَا زَارَنِيْ فِيْ حَيَاتِيْ اِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْأَحَادِيْثِ وَمِمَّا هُوَ مُقَرَّرٌ عِنْدَ الْمُحَقِّقِيْنَ أَنَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ يُرْزَقُ مُمَتَّعٌ بِجَمِيْعِ الْمَلَاذِّ وَالْعِبَادَاتِ غَيْرَ أَنَّهُ حُجِبَ عَنْ أَبْصَارِ الْقَاصِرِيْنَ عَنْ شَرِيْفِ الْمَقَامَاتِ۔

ترجمہ: جب نبی ﷺ کی زیارت افضل العبادات اور احسن المستحبات میں سے ہے، بلکہ ان واجب عبادتوں کے درجہ کے قریب ہے جو لازم ہیں، پس نبی ﷺ نے اس پر ترغیب دی ہے اور اس کی طرف دعوت دینے میں انتہائی بات ارشاد فرمائی ہے، پس فرمایا کہ: جس شخص نے وسعت پائی اور میری زیارت نہیں کی، اس نے مجھ پر ظلم کیا۔ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو گئی، نیز آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی، ان کے علاوہ بھی احادیث ہیں۔ اور ان چیزوں میں سے جو

محققین کے نزدیک تحقیق شدہ ہے کہ نبی ﷺ زندہ ہیں آپ ﷺ کو رزق دیا جاتا ہے، آپ ﷺ تمام اعمال وعبادات سے فائدہ اٹھاتے ہیں، سوائے اس کے کہ آپ ﷺ محجوب ہیں ان لوگوں کی نگاہوں سے جو مقامات عالیہ سے قاصر ہیں۔

سوال: نبی ﷺ کی زیارت کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: زیارتِ اقدس قریب بواجب ہے۔ بہت لوگ دوست بن کر طرح طرح ڈراتے ہیں راہ میں خطرہ ہے، وہاں بیماری ہے، یہ ہے، وہ ہے۔ خبردار! کسی کی نہ سُنو اور ہرگز محرومی کا داغ لے کر نہ پلٹو۔ جان ایک دن ضرور جانی ہے، اس سے کیا بہتر کہ اُن کی راہ میں جائے اور تجربہ ہے کہ جو اُن کا دامن تھام لیتا ہے، اُسے اپنے سایہ میں بآرام لے جاتے ہیں۔

ہم کو تو اپنے سایہ میں آرام ہی سے لائے
حیلے بہانے والوں کو یہ راہ ڈر کی ہے

والحمد للہ حاضری میں خالص زیارت اقدس کی نیت کرے، یہاں تک کہ امام ابن الہمام فرماتے ہیں: اِس بار مسجد شریف کی نیت بھی شریک نہ کرے۔ ("فتح القدير"، كتاب الحج، مسائل منثورة، ج٣، ص٩٤)

سوال: سفرِ حج میں پہلے مکۂ مکرمہ جائے یا پہلے مدینۂ منورہ؟

جواب: حج اگر فرض ہے تو حج کر کے مدینہ طیبہ حاضر ہو۔ ہاں اگر مدینہ طیبہ راستہ میں ہو تو بغیر زیارت حج کو جانا سخت محرومی و قساوت قلبی ہے اور اس حاضری کو قبولِ حج و سعادت دینی و دنیوی کے لئے ذریعہ ووسیلہ قرار دے اور حج نفل ہو تو اختیار ہے کہ پہلے حج سے پاک صاف ہو کر محبوب کے دربار میں حاضر ہو یا سرکار میں پہلے حاضری دے کر حج کی مقبولیت و نورانیت کے لئے وسیلہ کرے۔ غرض جو پہلے اختیار کرے اسے اختیار ہے مگر نیت خیر درکار ہے کہ: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَلِکُلِّ امْرِیٍٔ مَّانَوٰی۔ اعمال کا مدار نیت پر ہے اور ہر ایک کے لئے وہ ہے، جو اُس نے نیت کی۔

سوال: نبی ﷺ کی قبرِ انور کی زیارت کرنے کی کوئی فضیلت بھی ہے؟

جواب: جی ہاں! احادیث میں بہت ساری فضیلت آئی ہیں جن میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

حدیث ۱: دار قطنی و بیہقی وغیرہما عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو میری قبر کی زیارت کرے، اس کے لئے میری شفاعت واجب۔" ("سنن الدار قطني"، كتاب الحج، باب المواقيت، الحديث: ٢٦٦٩، ج٢، ص٣٥١)

حدیث ۲: طبرانی کبیر میں اُنہیں سے راوی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو میری زیارت کو آئے سوا میری زیارت کے اور کسی حاجت کے لئے نہ آیا تو مجھ پر حق ہے کہ قیامت کے دن اُس کا شفیع بنوں۔" ("المعجم الكبير" للطبراني، باب العين، الحديث: ١٣١٤٩، ج١٢، ص٢٢٥)

حدیث ۳: دار قطنی و طبرانی اُنہیں سے راوی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے حج کیا اور بعد میری وفات کے میری قبر کی زیارت کی تو ایسا ہے جیسے میری حیات میں زیارت سے مشرف ہوا۔" ("سنن الدار قطني"، كتاب الحج، باب المواقيت، الحديث: ٢٦٦٧، ج٢، ص٣٥١)

حدیث ۴: بیہقی نے حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی تو گویا اُس نے میری زندگی میں زیارت کی اور جو حرمین میں مرے گا، قیامت کے دن امن والوں میں اُٹھے گا۔"

("شعب الإیمان"، باب فی المناسک، فضل الحج و العمرة، الحدیث: ۴۱۵۱، ج۳، ص۴۸۸)

حدیث ۵: بیہقی عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میں نے فرماتے سُنا: "جو شخص میری زیارت کرے گا، قیامت کے دن میں اُس کا شفیع یا شہید ہوں گا اور جو حرمین میں مرے گا، اللہ تعالیٰ اُسے قیامت کے دن امن والوں میں اُٹھائے گا۔"

("السنن الکبری" للبیهقي، کتاب الحج، باب زیارة قبر النبی صلی الله علیه وسلم، الحدیث: ۱۰۲۷۳، ج۵، ص۴۰۳)

حدیث ۶: ابن عدی کامل میں اُنہیں سے راوی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی، اُس نے مجھ پر جفا کی۔" ("الکامل فی ضعفاء الرجال"، الحدیث: ۱۹۵۶، ج۸، ص۲۴۸، عن ابن عمر رضی الله عنهما)

سوال: کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبرِ مبارک میں زندہ ہیں؟

جواب: جی ہاں! بلکہ تمام انبیاء عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَام اپنی قبروں میں ایسے ہی زندہ ہیں جیسے دنیا میں تھے، ایک آن (گھڑی بھر) کے لئے ان پر موت آئی پھر زندہ ہو گئے۔ جو انہیں مردہ کہے گمراہ بد دین، شیطان کے راستہ پر چلنے والا ہے اس کے تو سائے سے بھی دور رہنا چاہیے۔

اور یہ حضرات ان لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل ہیں جو مقاماتِ عالیہ سے قاصر ہیں ورنہ تو اہلِ بصیرت کو آج بھی بیداری کے عالم میں ہمارے آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زیارت ہوتی رہتی ہے جیسے کہ سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کو ہوئی۔

وَلَمَّا رَأَيْنَا أَكْثَرَ النَّاسِ غَافِلِيْنَ عَنْ أَدَاءِ حَقِّ زِيَارَتِهِ وَمَا يُسَنُّ لِلزَّائِرِيْنَ مِنَ الْكُلِّيَاتِ وَالْجُزْئِيَّاتِ أَحْبَبْنَا أَنْ نَذْكُرَ بَعْدَ الْمَنَاسِكِ وَأَدَائِهَا مَا فِيْهِ نُبْذَةٌ مِنَ الْآدَابِ تَتْمِيْمًا لِفَائِدَةِ الْكِتَابِ فَنَقُوْلُ : يَنْبَغِيْ لِمَنْ قَصَدَ زِيَارَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُكْثِرَ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ فَإِنَّهٗ يَسْمَعُهَا وَ تُبَلَّغُ إِلَيْهِ وَفَضْلُهَا أَشْهَرُ مِنْ أَنْ يُذْكَرَ فَإِذَا عَايَنَ حِيْطَانَ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ يُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ هٰذَا حَرَمُ نَبِيِّكَ وَمَهْبَطُ وَحْيِكَ فَامْنُنْ عَلَيَّ بِالدُّخُوْلِ فِيْهِ وَاجْعَلْهُ وِقَايَةً لِيْ مِنَ النَّارِ وَأَمَانًا مِنَ الْعَذَابِ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْفَائِزِيْنَ بِشَفَاعَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يَوْمَ الْمَآبِ۔

ترجمہ: اور جب ہم نے دیکھا اکثر لوگوں کو غافل مزارِ اقدس کی زیارت کا حق ادا کرنے سے اور جو زیارت کرنے والوں کے لئے کلی اور جزوی امور مسنون ہیں تو ہم نے چاہا کہ ہم مناسکِ حج اور ان کی ادائیگی کے بعد کچھ آداب ذکر کریں، کتاب کے فائدہ کو مکمل

کرنے کی غرض سے، پس ہم کہتے ہیں کہ مناسب ہے اس شخص کے لئے جو نبی ﷺ کی زیارت کا ارادہ کرے یہ کہ آپ ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھے، کیونکہ آپ ﷺ اسے سنتے ہیں اور آپ ﷺ تک پہنچایا جاتا ہے، اور درود شریف کی فضیلت بیان سے کہیں زیادہ ہے، پس جب مدینہ منورہ کی دیواروں کو دیکھے تو نبی ﷺ پر درود پڑھے، پھر کہے: اے اللہ! یہ تیرے نبی ﷺ کا حرم ہے اور تیری وحی اترنے کی جگہ ہے، پس تو مجھ پر اس میں داخل کر کے احسان فرما، اور اس کو میرے لئے جہنم سے خلاصی اور عذاب سے امن کا ذریعہ بنا، اور مجھ کو لوٹنے کے دن (قیامت میں) محمدِ مصطفےٰ ﷺ کی شفاعت سے کامیاب ہونے والوں میں بنا۔

سوال: کلی اور جزوی امور سے کیا مراد ہے؟

جواب: کلی امور سے مراد وہ امور ہیں جو زیارت اور غیرِ زیارت دونوں سے متعلق ہوں مثلاً مسجد میں داخل ہونے کے بعد تحیۃ المسجد وغیرہ ادا کرنا۔ اور جزوی امور سے مراد وہ امور ہیں جو صرف زیارت کے ساتھ خاص ہوں مثلاً زیارت کے وقت کھڑے ہونے کی ہیئت وغیرہ۔

سوال: نبی ﷺ کی زیارت کا ارادہ کرنے والا کیا کرے؟

جواب: نبی ﷺ کی زیارت کا ارادہ کرنے والا راستے بھر درود و ذِکر میں ڈوبا رہے اور جس قدر مدینہ طیبہ قریب آتا جائے، شوق و ذوق زیادہ ہوتا جائے۔ اور جب مدینہ منورہ کی دیواروں کو دیکھے تو نبی ﷺ پر درود پڑھے، پھر کہے: اللهم هذا حرم نبيك ومهبط وحيك فامنن علی بالدخول فيه واجعله وقاية لی من النار وأمانا من العذاب واجعلنی من الفائزين بشفاعة المصطفى يوم المآب۔

وَيَغْتَسِلُ قَبْلَ الدُّخُوْلِ أَوْ بَعْدَهُ قَبْلَ التَّوَجُّهِ لِلزِّيَارَةِ إِنْ أَمْكَنَهُ وَيَتَطَيَّبُ وَيَلْبَسُ أَحْسَنَ ثِيَابِهِ تَعْظِيْمًا لِّلْقُدُوْمِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ الْمُنَوَّرَةَ مَاشِيًا إِنْ أَمْكَنَهُ بِلَا ضَرُوْرَةٍ بَعْدَ وَضْعِ رَكْبِهِ وَاطْمِئْنَانِهِ عَلٰى حَشَمِهِ وَأَمْتِعَتِهِ مُتَوَاضِعًا بِالسَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ مُلَاحِظًا جَلَالَةَ الْمَكَانِ قَائِلًا : بِسْمِ اللهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِيْ مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ اِلٰى آخِرِهٖ وَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ۔

ترجمہ: اور مدینہ میں داخل ہونے سے پہلے غسل کرے یا مدینہ میں داخل ہونے کے بعد زیارت کے لئے جانے سے پہلے اگر ممکن ہو، اور خوشبو لگائے اور سب سے عمدہ کپڑے پہنے، نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کی تعظیم کی وجہ سے، پھر مدینہ منورہ میں پیدل داخل ہو اگر پریشانی کے بغیر ممکن ہو، اپنے قافلے سے اتر جانے کے بعد اور اپنے نوکروں اور سامان پر اطمینان کرنے کے

بعد اس حال میں کہ تواضع کرنے والا ہو سکون و وقار کے ساتھ، مکان کی عظمت کا لحاظ کرتے ہوئے یہ کہہ رہا ہو: اللہ کے نام سے اور رسول اللہ ﷺ کی ملّت پر، اے اللہ! مجھے سچے مقام میں داخل فرما، اور مجھے سچے راستے سے نکال لے، اور اپنی طرف سے میرے لئے طاقتور مدد گار بنا، اے اللہ! رحمتِ کاملہ نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ اور آپ کی آل پر، (آخر تک) اور میرے گناہوں کو معاف فرما، اور میرے لئے اپنی رحمت و فضل کے دروازے کھول دے۔

سوال: مدینۂ منورہ میں داخل ہونے کے وقت کیا کرے؟

جواب: مدینۂ منورہ میں داخل ہونے سے پہلے غسل کرے یا مدینۂ منورہ میں داخل ہونے کے بعد زیارت کے لئے جانے سے پہلے بھی غسل کرے اگر ممکن ہو، اور خوشبو لگائے اور سب سے عمدہ کپڑے پہنے، نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کی تعظیم کی وجہ سے،

اور بہارِ شریعت جلد۔ا۔ ص ۱۲۲۳ میں مذکور ہے: حاضری مسجد سے پہلے تمام ضروریات سے جن کا لگاؤ دل بٹنے کا باعث ہو، نہایت جلد فارغ ہو ان کے سوا کسی بیکار بات میں مشغول نہ ہو معاً وضو و مسواک کرو اور غسل بہتر، سفید پاکیزہ کپڑے پہنو اور نئے بہتر، سُرمہ اور خوشبو لگاؤ اور مشک افضل۔

اب فوراً آستانہ اقدس کی طرف نہایت خشوع و خضوع سے متوجہ ہو، رونا نہ آئے تو رونے کا منہ بناؤ اور دل کو بزور رونے پر لاؤ اور اپنی سنگ دلی سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف التجا کرو۔

جب درِ مسجد پر حاضر ہو، صلوۃ وسلام عرض کرکے تھوڑا ٹھہرو جیسے سرکار سے حاضری کی اجازت مانگتے ہو، بِسمِ اللہ کہہ کر سیدھا پاؤں پہلے رکھ کر ہمہ تن ادب ہو کر داخل ہو۔

اس وقت جو ادب و تعظیم فرض ہے ہر مسلمان کا دل جانتا ہے آنکھ، کان، زبان، ہاتھ، پاؤں، دل سب خیال غیر سے پاک کرو، مسجد اقدس کے نقش و نگار نہ دیکھو۔ اگر کوئی ایسا سامنے آئے جس سے سلام کلام ضرور ہو تو جہاں تک بنے کترا جاؤ، ورنہ ضرورت سے زیادہ نہ بڑھو پھر بھی دل سرکار ہی کی طرف ہو۔ ہر گز ہر گز مسجد اقدس میں کوئی حرف چلّا کر نہ نکلے۔ یقین جانو کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سچی حقیقی دنیاوی جسمانی حیات سے ویسے ہی زندہ ہیں جیسے وفات شریف سے پہلے تھے، اور یہ کلمات زبان سے کہتا جائے:

بسم الله وعلى ملة رسول الله صلى الله عليه و سلم رب أدخلني مدخل صدق وأخرجني مخرج صدق واجعل لي من لدنك سلطانا نصيرا

اللهم صل على سيدنا محمد وعلى آل محمد إلى آخره واغفر لي ذنوبي وافتح لي أبواب رحمتك وفضلك۔

ثُمَّ يَدْخُلُ الْمَسْجِدَ الشَّرِيْفَ فَيُصَلِّيْ تَحِيَّتَهٗ عِنْدَ مِنْبَرِهٖ رَكْعَتَيْنِ وَيَقِفُ بِحَيْثُ يَكُوْنُ عَمُوْدُ الْمِنْبَرِ الشَّرِيْفِ بِحِذَاءِ مَنْكِبِهِ الْأَيْمَنِ فَهُوَ مَوْقِفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا بَيْنَ قَبْرِهٖ وَمِنْبَرِهٖ رَوْضَةٌ مِنْ

رِيَاضِ الْجَنَّةِ كَمَا أَخْبَرَ بِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ " مِنْبَرِي عَلىٰ حَوْضِي " فَتَسْجُدُ شُكْرًا لِلّٰهِ تَعَالىٰ بِأَدَاءِ رَكْعَتَيْنِ غَيْرَ تَحِيَّةِ الْمَسْجِدِ شُكْرًا لِمَا وَفَّقَكَ اللهُ تَعَالىٰ وَمَنَّ عَلَيْكَ بِالْوُصُولِ إِلَيْهِ ثُمَّ تَدْعُوْ بِمَا شِئْتَ ۔

ترجمہ: پھر مسجد شریف میں داخل ہو، پس نبی ﷺ کے منبر کے پاس تحیۃ المسجد کی دو رکعت پڑھے، اور اس طرح کھڑا ہو کہ منبر شریف کا ستون اس کے داہنے مونڈھے کے مقابل ہو، کہ وہی نبی ﷺ کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے، اور وہ حصہ جو آپ ﷺ کی قبرِ منور اور آپ ﷺ کے منبر کے درمیان ہے وہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے، جیسے کہ نبی ﷺ نے اس کی خبر دی ہے، اور ارشاد فرمایا کہ: میرا منبر میرے حوض پر ہے، پس تو سجدہ کرے اللہ کا شکر بجالاتے ہوئے دو رکعت کی آدائیگی کے ساتھ تحیۃ المسجد کے علاوہ، شکریہ اس کا کہ اللہ نے تجھ کو توفیق دی اور اس مقام تک پہنچا کر تجھ پر احسان فرمایا، پھر تو دعا مانگ جو چاہے۔

سوال: مسجدِ نبوی میں داخل ہونے کے بعد کیا کرے؟

جواب: اگر مسجد نبوی میں نمازِ پنجگانہ کی جماعت قائم ہو گئی ہو تو شریک ہو جاؤ کہ اس میں تحیۃ المسجد بھی ادا ہو جائے گی، ورنہ اگر غلبہ شوق مہلت دے اور وقت کراہت نہ تو دو رکعت تحیۃ المسجد و شکرانہ حاضری دربارِ اقدس صرف قُلْ یَا اور قُلْ هُوَ اللهُ سے بہت ہلکی مگر رعایت سنت کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نماز پڑھنے کی جگہ جہاں اب وسطِ مسجد کریم میں محراب بنی ہے اور وہاں نہ ملے تو جہاں تک ہو سکے اُس کے نزدیک ادا کرو پھر سجدہ شکر میں گرو اور دعا کرو کہ الٰہی! اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ادب اور اُن کا اور اپنا قبول نصیب کر، آمین۔

ثُمَّ تَنْهَضُ مُتَوَجِّهًا إِلَى الْقَبْرِ الشَّرِيْفِ فَتَقِفُ بِمِقْدَارِ أَرْبَعَةِ أَذْرُعٍ بَعِيْدًا عَنِ الْمَقْصُوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِغَايَةِ الْأَدَبِ مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةِ مُحَاذِيًا لِرَأْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَجْهِهِ الْأَكْرَمِ مُلَاحِظًا نَظْرَةُ السَّعِيْدَ إِلَيْكَ وَسَمَاعَهُ كَلَامَكَ وَرَدَّهُ عَلَيْكَ سَلَامَكَ وَتَأْمِيْنَهُ ﷺ عَلىٰ دُعَائِكَ ۔

ترجمہ: پھر تو اٹھ اس حال میں کہ قبر شریف کی طرف رخ کئے ہوئے ہو، پس تو کھڑا ہو حجرۂ شریفہ سے چار گز کے فاصلہ پر انتہائی ادب کے ساتھ قبلہ کی طرف پشت کرکے، نبی ﷺ کے سرِ انور اور چہرۂ مبارک کے مقابل، تصور کرتے ہوئے کہ آپ ﷺ کی نظر مبارک تیری طرف ہے، اور نبی ﷺ تیرے کلام کو سن رہے ہیں، اور تیرے سلام کا جواب دے رہے ہیں، اور تیری دعا پر آمین فرما رہے ہیں۔

سوال: روضۂ منور کی زیارت کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: اب کمال ادب میں ڈوبے ہوئے گردن جھکائے، آنکھیں نیچی کئے، لرزتے، کانپتے، گناہوں کی ندامت سے پسینہ پسینہ ہوتے حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عفو وکرم کی امید رکھتے، حضورِ والا کی پائیں یعنی مشرق کی طرف سے مواجہہ عالیہ میں حاضر ہو کہ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزارِ انور میں رُو بقبلہ جلوہ فرما ہیں، اس سمت سے حاضر ہو گے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نگاہِ بیکس پناہ تمہاری طرف ہو گی اور یہ بات تمہارے لئے دونوں جہاں میں کافی ہے، والحمد للہ۔

اب کمال ادب و ہیبت و خوف و اُمید کے ساتھ زیر قندیل اُس چاندی کی کیل کے سامنے جو حجرہ مطہرہ کی جنوبی دیوار میں چہرہ انور کے مقابل لگی ہے، کم از کم چار ہاتھ کے فاصلہ سے قبلہ کو پیٹھ اور مزارِ انور کو منہ کرکے نماز کی طرح ہاتھ باندھے کھڑے ہو۔

لباب و شرحِ لباب و اختیار شرح مختار و فتاویٰ عالمگیری وغیرہا معتمد کتابوں میں اس ادب کی تصریح فرمائی کہ: يَقِفُ كَمَا يَقِفُ فِي الصَّلٰوةِ۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ایسا کھڑا ہو، جیسا نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔ یہ عبارت عالمگیری و اختیار کی ہے۔ اور لباب میں فرمایا: وَاضِعًا يَمِيْنَهٗ عَلٰى شِمَالِهٖ دست بستہ دہنا ہاتھ بائیں پر رکھ کر کھڑا ہو۔

خبردار! جالی شریف کو بوسہ دینے یا ہاتھ لگانے سے بچو کہ خلافِ ادب ہے، بلکہ چار ہاتھ فاصلہ سے زیادہ قریب نہ جاؤ۔ یہ اُن کی رحمت کیا کم ہے کہ تم کو اپنے حضور بُلایا، اپنے مواجہہ اقدس میں جگہ بخشی، ان کی نگاہ کریم اگرچہ ہر جگہ تمہاری طرف تھی، اب خصوصیت اور اس درجہ قرب کے ساتھ ہے، وللہ الحمد۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اب دل کی طرح تمہارا منہ بھی اس پاک جالی کی طرف ہو گیا، جو اللہ عزوجل کے محبوبِ عظیم الشان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آرام گاہ ہے، نہایت ادب و وقار کے ساتھ بآوازِ حزیں وصوتِ درد آگین و دلِ شرمناک و جگر چاک چاک، معتدل آواز سے، نہ بلند و سخت (کہ اُن کے حضور آواز بلند کرنے سے عمل اکارت ہو جاتے ہیں)، نہ نہایت نرم و پست (کہ سنت کے خلاف ہے اگرچہ وہ تمہارے دلوں کے خطروں تک سے آگاہ ہیں جیسا کہ ابھی تصریحات ائمہ سے گزرا)، مجرا و تسلیم بجالاؤ اور عرض کرو:

وَتَقُوْلُ : اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ الرَّحْمَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْأُمَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُزَّمِّلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُدَّثِّرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى أُصُوْلِكَ الطَّيِّبِيْنَ وَأَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ الَّذِيْنَ أَذْهَبَ اللهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيْرًا۔

ترجمہ: اور تو کہے: اے میرے آقا ﷺ! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے اللہ کے نبی! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے اللہ کے حبیب! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے رحمت کے نبی! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے امت کے

شفیع! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے رسولوں کے سردار! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے نبیوں کے خاتم! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے اپنے کپڑوں سے لپٹنے والے! آپ ﷺ پر سلام ہو، اے بالاپوش اوڑھنے والے! آپ ﷺ پر سلام ہو، آپ ﷺ پر سلام ہو، اور آپ ﷺ کے پاکیزہ بزرگوں پر، اور آپ ﷺ کے پاک گھر والوں پر، جن سے اللہ نے نجاست کو دور کر دیا، اور ان کو پاک و صاف کر دیا۔

جَزَاكَ اللهُ عَنَّا أَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ أُمَّتِهٖ أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللهِ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَأَدَّيْتَ الْأَمَانَةَ وَنَصَحْتَ الْأُمَّةَ وَأَوْضَحْتَ الْحُجَّةَ وَجَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَأَقَمْتَ الدِّيْنَ حَتّٰى أَتَاكَ الْيَقِيْنُ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ وَعَلٰى أَشْرَفِ مَكَانٍ تَشَرَّفَ بِحُلُوْلِ جِسْمِكَ الْكَرِيْمِ فِيْهِ صَلَاةً وَسَلَامًا دَائِمِيْنَ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَدَدَ مَا كَانَ وَعَدَدَ مَا يَكُوْنُ بِعِلْمِ اللهِ صَلَاةً لَا اِنْقِضَاءَ لِأَمَدِهَا۔

ترجمہ: اور اللہ آپ ﷺ کو ہماری طرف سے اس سے افضل بدلہ دے جو کسی نبی کو ان کی قوم کی جانب سے دیا ہو، اور کسی رسول کو ان کی امت کی جانب سے، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں، آپ ﷺ نے رسالت کو پوری طرح سے پہنچا دیا، اور امانت کو ادا کر دیا، اور آپ ﷺ نے امت کی خیر خواہی فرمائی، اور آپ ﷺ نے حجت کو واضح کر دیا، اور آپ ﷺ نے اللہ کے راستے میں انتہائی کوشش کا حق ادا کر دیا، اور آپ ﷺ نے دینِ الٰہی کو قائم کیا یہاں تک کہ آپ ﷺ کے پاس یقین (موت) آ گیا، آپ ﷺ کے اوپر اللہ کی رحمت اور سلام ہو، اور اس اشرف جگہ پر جس کو اللہ نے آپ ﷺ کے جسمِ اطہر کے نزول سے مشرف کیا، رب العالمین کا صلوۃ و سلام ہمیشہ ہمیشہ رہے ان چیزوں کے عدد کے مطابق جو ہیں، اور ان چیزوں کے عدد کے برابر جو اللہ کے علم میں ہوں گی، ایسا صلوۃ جس کی انتہاء و اختتام نہ ہو۔

سوال: زیارتِ روضۂ رسول اللہ ﷺ کے وقت کیا کہے؟

جواب: زیارتِ روضۂ رسول اللہ ﷺ کے وقت یہ کہے:

السلام علیك یا سیدی یا رسول الله السلام علیك یا نبی الله السلام علیك یا حبیب الله السلام علیك یا نبی الرحمة السلام علیك یا شفیع الأمة السلام علیك یا سید المرسلین السلام علیك یا خاتم النبیین السلام علیك یا مزمل السلام علیك یا مدثر السلام علیك وعلى أصولك الطیبین وأهل بیتك الطاهرین الذین أذهب الله عنهم الرجس وطهرهم تطهیرا - جزاك الله عنا أفضل ما جزى نبیا عن قومه ورسولا عن أمته أشهد أنك رسول الله قد بلغت الرسالة وأدیت الأمانة ونصحت الأمة وأوضحت الحجة وجاهدت فی سبیل الله حق جهاده وأقمت الدین

حتى أتاك اليقين صلى الله عليك وسلم وعلى أشرف مكان تشرف بحلول جسمك الكريم فيه صلاة وسلاما دائمين من رب العالمين عدد ما كان وعدد ما يكون بعلم الله صلاة لا انقضاء لأمدها۔

يَا رَسُوْلَ اللهِ نَحْنُ وَفْدُكَ وَزُوَّارُ حَرَمِكَ تَشَرَّفْنَا بِالْحُلُوْلِ بَيْنَ يَدَيْكَ وَقَدْ جِئْنَاكَ مِنْ بِلَادٍ شَاسِعَةٍ وَأَمْكِنَةٍ بَعِيْدَةٍ نَقْطَعُ السَّهْلَ وَالْوَعِرَ بِقَصْدِ زِيَارَتِكَ لِنَفُوْزَ بِشَفَاعَتِكَ وَالنَّظْرِ اِلىٰ مَآثِرِكَ وَمَعَاهِدِكَ وَالْقِيَامِ بِقَضَاءِ بَعْضِ حَقِّكَ وَالْاِسْتِشْفَاعِ بِكَ إِلى رَبِّنَا فَإِنَّ الْخَطَايَا قَدْ قَصَمَتْ ظُهُوْرَنَا وَالْأَوْزَارَ قَدِ أَثْقَلَتْ كَوَاهِلَنَا وَأَنْتَ الشَّافِعُ الْمُشَفَّعُ الْمَوْعُوْدُ بِالشَّفَاعَةِ الْعُظْمٰى وَالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَالْوَسِيْلَةِ وَقَدْ قَالَ اللهُ تَعَالٰى { وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ جَاؤُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوْا اللهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللهَ تَوَّابًا رَحِيْمًا } ۔

ترجمہ: اے اللہ کے رسول ! ہم آپ ﷺ کے پاس وفد بن کر آئے ہیں، اور آپ ﷺ کے حرم کی زیارت کرنے والے ہیں، اور ہم نے آپ ﷺ کے سامنے حاضر ہونے کا شرف حاصل کیا ہے، اور ہم آپ ﷺ کی زیارت کے ارادے سے دور شہروں اور دور مقامات سے نرم و سخت زمین کو قطع کرتے ہوئے آئے ہیں تاکہ آپ ﷺ کی شفاعت سے کامیاب ہوں، اور آپ ﷺ کے شاندار کارناموں اور آثار کو دیکھیں، اور آپ ﷺ کا کچھ حق ادا کرنے کے لئے، اور آپ ﷺ کے ذریعے اپنے رب سے سفارش حاصل کرنے کے لئے، پس بیشک گناہوں نے ہماری کمر توڑ دی ہے، اور گناہوں کے بوجھوں نے ہمارے مونڈھوں کو بھاری کر دیا ہے، آپ ﷺ سفارش کرنے والے ہیں، آپ ﷺ کی سفارش قبول کی گئی ہے، آپ ﷺ سے وعدہ کیا گیا ہے شفاعتِ عظمی، مقامِ محمود اور وسیلہ کا، اور اللہ نے فرمایا ہے: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

وَقَدْ جِئْنَاكَ ظَالِمِيْنَ لِأَنْفُسِنَا مُسْتَغْفِرِيْنَ لِذُنُوْبِنَا فَاشْفَعْ لَنَا اِلىٰ رَبِّكَ وَاسْأَلُهُ أَنْ يُمِيْتَنَا عَلىٰ سُنَّتِكَ وَأَنْ يَحْشُرَنَا فِيْ زُمْرَتِكَ وَأَنْ يُوْرِدَنَا حَوْضَكَ وَأَنْ يَسْقِيَنَا بِكَأْسِكَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَدَامٰى الشَّفَاعَةَ الشَّفَاعَةَ الشَّفَاعَةَ يَا رَسُوْلَ اللهِ يَقُوْلُهَا ثَلَاثًا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْإِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا رَبَّنَا إِنَّكَ رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۔

ترجمہ: اور ہم اپنی جانوں پر ظلم کر کے اپنے گناہوں کی مغفرت چاہنے کے لئے آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے ہیں، پس آپ ﷺ ہمارے لئے اپنے رب کے حضور سفارش فرمائیے، اور آپ ﷺ اللہ سے سوال کریں کہ اللہ ہم کو آپ ﷺ کی سنت پر موت دے، اور آپ ﷺ کی جماعت میں ہمارا حشر کرے، اور ہمیں آپ ﷺ کے حوض پر پہنچا دے، اور آپ ﷺ کے جامِ کوثر سے سیراب کر دے، اس حال میں کہ ہم نہ رسوا کئے گئے ہوں اور نہ شرمندہ ہوں، شفاعت، شفاعت، شفاعت یا رسول اللہ !، اس کو تین مرتبہ کہے، (پھر کہے) اے ہمارے رب ! ہماری اور ہمارے ان بھائیوں کی مغفرت فرما جو کہ ہم سے پہلے ایمان کے ساتھ گزر چکے ہیں، اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کی طرف سے کوئی کینہ نہ بنا جو ایمان لائے، اے ہمارے رب ! بیشک تو بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے۔

سوال: زیارتِ روضۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت سلام عرض کرنے کے بعد کیا کہے؟

جواب: زیارتِ روضۂ رسول اللہ ﷺ کے وقت سلام عرض کرنے کے بعد یہ کہے:

یا رسول اللہ نحن وفدك وزوار حرمك تشرفنا بالحلول بين يديك وقد جئناك من بلاد شاسعة وأمكنة بعيدة نقطع السهل والوعر بقصد زيارتك لنفوز بشفاعتك والنظر إلى مآثرك ومعاهدك والقيام بقضاء بعض حقك والاستشفاع بك إلى ربنا فإن الخطايا قد قصمت ظهورنا والأوزار قد أثقلت كواهلنا وأنت الشافع المشفع الموعود بالشفاعة العظمى والمقام المحمود والوسيلة وقد قال الله تعالى { ولو أنهم إذ ظلموا أنفسهم جاؤوك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما } - وقد جئناك ظالمين لأنفسنا مستغفرين لذنوبنا فاشفع لنا إلى ربك واسأله أن يميتنا على سننك وأن يحشرنا فی زمرتك وأن يوردنا حوضك وأن يسقينا بكأسك غير خزايا ولا ندامى۔ پھر تین بار یہ کہے: الشفاعة الشفاعة الشفاعة يا رسول الله - ربنا اغفر لنا ولإخواننا الذين سبقونا بالإيمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذين آمنوا ربنا إنك رؤوف رحيم۔

وَتُبَلِّغُهُ سَلَامَ مَنْ أَوْصَاكَ بِهِ فَتَقُوْلُ : اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ مِنْ فَلَانِ بْنِ فلانٍ يَتَشَفَّعُ بِكَ اِلٰی رَبِّكَ فَاشْفَعْ لَهٗ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ ثُمَّ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ وَتَدْعُوْ بِمَا شِئْتَ عِنْدَ وَجْهِهِ الْكَرِيْمِ مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةِ ثُمَّ تَتَحَوَّلُ قَدْرَ ذِرَاعٍ حَتّٰى تُحَاذِيَ رَأْسَ الصِّدِّيْقِ أَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَتَقُوْلُ : اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللهِ وَأَنِيْسَهٗ فِي الْغَارِ وَرَفِيْقَهٗ فِي الْأَسْفَارِ وَأَمِيْنَهٗ عَلَى الْأَسْرَارِ جَزَاكَ اللهُ عَنَّا أَفْضَلَ مَا جَزٰى إِمَامًا عَنْ أُمَّةِ نَبِيِّهٖ فَلَقَدْ خَلَفْتَهٗ بِأَحْسَنِ خَلَفٍ وَسَلَكْتَ طَرِيْقَهٗ وَمِنْهَاجَهٗ خَيْرَ مَسْلَكٍ

وَقَاتَلْتَ أَهْلَ الرِّدَّةِ وَالْبِدَعِ وَمَهَّدْتَ الْإِسْلَامَ وَشَيَّدْتَ أَرْكَانَهُ فَكُنْتَ خَيْرَ إِمَامٍ وَوَصَلْتَ الْأَرْحَامَ وَلَمْ تَزَلْ قَائِمًا بِالْحَقِّ نَاصِرًا لِلدِّيْنِ وَلِأَهْلِهِ حَتّٰى أَتَاكَ الْيَقِيْنُ سَلِ اللهَ سُبْحَانَهُ لَنَا دَوَامَ حُبِّكَ وَالْحَشْرَ مَعَ حِزْبِكَ وَقَبُوْلَ زِيَارَتِنَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ۔

ترجمہ: اور نبی ﷺ کو ان لوگوں کا سلام پہنچائے جنہوں نے سلام پہنچانے کی درخواست کی ہے، پس تو کہے: اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ پر فلاں بن فلاں کی طرف سے سلام ہو، وہ آپ ﷺ سے آپ کے رب کی بارگاہ میں شفاعت کی درخواست کرتا ہے، آپ ﷺ اس کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے شفاعت فرمایئے، پھر تو نبی ﷺ پر درود پڑھے، اور دعا مانگے جو چاہے، نبی ﷺ کے چہرۂ انور کے سامنے قبلہ کی طرف پشت کرتے ہوئے، پھر ایک ہاتھ کے بقدر ہٹ جائے یہاں تک کہ حضرتِ صدیق رضی اللہ عنہ کے سر کے مقابل میں ہو جائے، اور کہے: اے اللہ کے رسول کے خلیفہ! آپ پر سلام ہو، اے اللہ کے رسول کے رفیق! اور غار میں آپ ﷺ کے مونس! اور سفروں میں آپ ﷺ کے ساتھی، اور راز کی باتوں میں آپ ﷺ کے امین، اللہ آپ کو ہماری طرف سے اس سے بہتر بدلہ دے جو ایک امام کو اس کے نبی کی امت کی طرف سے دیا ہو، پس آپ رسول اللہ ﷺ کے بہترین قائم مقام ہوئے، اور آپ ان کے طریقے پر بہت اچھی طرح چلے، اور آپ نے مرتدوں اور بدعتیوں سے قتال کیا، اور آپ نے اسلام کو پھیلایا، اور اس کے ارکان کو مضبوط کیا، پس آپ بہترین امام تھے، اور آپ نے صلہ رحمی کی، اور آپ برابر حق پر قائم رہے، دین اور اہلِ دین کے مددگار رہے، یہاں تک کہ آپ کے پاس یقین (موت کا وقت) آگیا، آپ اللہ سے ہمارے لئے دعا کیجیے، آپ کے محبت کے دوام کی، اور آپ کے گروہ کے ساتھ اٹھنے کی، اور ہماری زیارت کے قبول ہونے کی، آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

سوال: پھر کیا کرے؟

جواب: پھر اگر کسی نے عرض سلام کی وصیت کی ہو تو بجالاؤ۔ شرعاً اس کا حکم ہے اور یہ فقیر ذلیل ان مسلمانوں کو جو اس کتاب کو دیکھیں، وصیت کرتا ہے کہ جب انہیں حاضری بارگاہ نصیب ہو، فقیر کی زندگی میں یا بعد کم از کم تین بار مواجہہ اقدس میں ضرور یہ الفاظ عرض کر کے اس نالائق ننگ خلائق پر احسان فرمائیں۔ اللہ عزوجل اُن کو دونوں جہان میں جزائے خیر بخشے آمین۔

اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللهِ وَعَلٰی اٰلِكَ وَذَوِیْكَ فِیْ کُلِّ اٰنٍ وَّلَحْظَةٍ عَدَدَ کُلِّ ذَرَّةٍ ذَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ مِنْ عُبَیْدِكَ شفیق خان یَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ فَاشْفَعْ لَهٗ وَلِلْمُسْلِمِیْنَ۔

ترجمہ: یارسول اللہ! عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور اور حضور کی آل اور سب علاقہ والوں پر ہر آن اور ہر لحظہ میں ہر ہر ذرہ کی گنتی پر دس دس لاکھ درود سلام حضور کے حقیر غلام شفیق خان کی طرف سے، وہ حضور سے شفاعت مانگتا ہے، حضور اس کی اور تمام مسلمانوں کی شفاعت فرمائیں۔

سوال: رسول اللہ ﷺ کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟

جواب: پھر اپنے دہنے ہاتھ یعنی مشرق کی طرف ہاتھ بھر ہٹ کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چہرہ نورانی کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کرو:

السلام عليك يا خليفة رسول الله السلام عليك يا صاحب رسول الله وأنيسه فى الغار و رفيقه فى الأسفار وأمينه على الأسرار جزاك الله عنا أفضل ما جزى إماما عن أمة نبيه فلقد خلفته بأحسن خلف وسلكت طريقه ومنهاجه خير مسلك وقاتلت أهل الردة والبدع ومهدت الإسلام وشيدت أركانه فكنت خير إمام ووصلت الأرحام ولم تزل قائما بالحق ناصرا للدين ولأهله حتى أتاك اليقين سل الله سبحانه لنا دوام حبك والحشر مع حزبك وقبول زيارتنا السلام عليك ورحمة الله وبركاته۔

ثُمَّ تَتَحَوَّلُ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى تُحَاذِيَ رَأْسَ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَتَقُوْلُ : اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُظْهِرَ الْإِسْلَامِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُكَسِّرَ الْأَصْنَامِ جَزَاكَ اللهُ عَنَّا أَفْضَلَ الْجَزَاءِ لَقَدْ نَصَرْتَ الْإِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَفَتَحْتَ مُعْظَمَ الْبِلَادِ بَعْدَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَكَفَلْتَ الْأَيْتَامَ وَوَصَلْتَ الْأَرْحَامَ وَقَوِيَ بِكَ الْإِسْلَامُ وَكُنْتَ لِلْمُسْلِمِيْنَ إِمَامًا مَرْضِيًّا وَهَادِيًا مَهْدِيًّا جَمَعْتَ شَمْلَهُمْ وَأَعْنَتَ فَقِيْرَهُمْ وَجَبَرْتَ كَسِيْرَهُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

ترجمہ: پھر اسی کے مثل (ایک ہاتھ) تو ہٹ جائے یہاں تک کہ تو امیر المؤمنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے سر کے مقابل میں ہو جائے، پس تو کہے: اے امیر المؤمنین! آپ پر سلام ہو، اے اسلام کے ظاہر کرنے والے! آپ پر سلام ہو، اے بتوں کو توڑنے والے! اللہ آپ کو ہماری طرف سے بہترین بدلہ عطا فرمائے، آپ نے اسلام اور مسلمانوں کی مدد فرمائی، اور آپ نے سید المرسلین ﷺ کے بعد بڑے بڑے شہروں کو فتح کیا، اور آپ نے یتیموں کی کفالت کی، اور آپ نے صلہ رحمی کی، اور آپ کے ذریعہ اسلام قوی ہوا، اور آپ مسلمانوں کے لئے پسندیدہ امام اور ہدایت والے اور ہدایت یافتہ تھے، آپ نے مسلمانوں کی متفرق جماعتوں کو جمع کیا، اور ان کے محتاجوں کی مدد کی، اور ان کی شکستہ حالی کو دور کیا، آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

سوال: حضرتِ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟

جواب: پھر اتنا ہی (ایک ہاتھ) اور ہٹ کر حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رُوبرو کھڑے ہو کر عرض کرو:

السلام عليك يا أمير المؤمنين السلام عليك يا مظهر الإسلام السلام عليك يا مكسر الأصنام جزاك الله عنا أفضل الجزاء نصرت الإسلام والمسلمين وفتحت معظم البلاد بعد سيد المرسلين وكفلت الأيتام ووصلت الأرحام وقوى بك الإسلام وكنت للمسلمين إماما مرضيا وهديا مهديا جمعت شملهم وأعنت فقيرهم وجبرت كسيرهم السلام عليك ورحمة الله وبركاته۔

ثُمَّ تَرْجِعُ قَدْرَ نِصْفِ ذِرَاعٍ فَتَقُوْلُ : اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا ضَجِيْعَيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَفِيْقَيْهِ وَوَزِيْرَيْهِ وَمُشِيْرَيْهِ وَالْمُعَاوِنَيْنِ لَهٗ عَلَى الْقِيَامِ بِالدِّيْنِ وَالْقَائِمَيْنِ بَعْدَهٗ بِمَصَالِحِ الْمُسْلِمِيْنَ جَزَاكُمَا اللهُ أَحْسَنَ الْجَزَاءِ جِئْنَا كُمَا نَتَوَسَّلُ بِكُمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَشْفَعَ لَنَا وَيَسْأَلَ اللهَ رَبَّنَا أَنْ يَتَقَبَّلَ سَعْيَنَا وَيُحْيِيَنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَيُمِيْتَنَا عَلَيْهَا وَيَحْشُرَنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ ثُمَّ يَدْعُوْ لِنَفْسِهٖ وَلِوَالِدَيْهِ وَلِمَنْ أَوْصَاهُ بِالدُّعَاءِ وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ۔

ترجمہ: پھر واپس ہو نصف ہاتھ کے بقدر، پس تو کہے: سلام ہو آپ دونوں پر اے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لیٹنے والو!، اور نبی ﷺ کے دونوں دوست اور آپ ﷺ کے دونوں وزیر اور آپ ﷺ کے دونوں مشیر اور آپ ﷺ کے مددگار دین کے قائم کرنے پر، اور آپ ﷺ کے بعد مسلمانوں کی مصلحتوں کے لئے اٹھنے والے، اللہ آپ دونوں کو اچھا بدلہ عطا فرمائے، ہم آئے ہیں تاکہ آپ دونوں کے ذریعہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں وسیلہ اختیار کریں، تاکہ آپ ہمارے لئے شفاعت کریں، اور اللہ تعالیٰ سے جو ہمارا رب ہے یہ دعا کریں کہ وہ ہماری کوششوں کو قبول فرمائے، اور ہم کو نبی ﷺ کے دین پر زندہ رکھے اور اسی پر موت دے، اور ان کی جماعت میں ہمیں اٹھائے، پھر اپنے لئے اور اپنے والدین کے لئے دعا کرے، اور اس شخص کے لئے جس نے دعا کرنے کی وصیت کی ہو، اور تمام مسلمانوں کے لئے۔

سوال: فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟

جواب: پھر بالشت بھر مغرب کی طرف پلٹو اور صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان کھڑے ہو کر عرض کرو: متن والے کلمات۔

ثُمَّ يَقِفُ عِنْدَ رَأْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَالْأَوَّلِ وَيَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ { وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ جَاؤُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوْا اللهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللهَ تَوَّابًا رَحِيْمًا } وَقَدْ جِئْنَاكَ سَامِعِيْنَ قَوْلَكَ طَائِعِيْنَ أَمْرَكَ مُسْتَشْفِعِيْنَ بِنَبِيِّكَ إِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا وَإِخْوَانِنَا

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْإِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ آمَنُوْا رَبَّنَا إِنَّكَ رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ . رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ . سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَيَزِيْدُ مَا شَاءَ وَيَدْعُوْ بِمَا حَضَرَتْهُ وَيُوَفِّقُ لَهٗ بِفَضْلِ اللهِ۔

ترجمہ: پھر نبی ﷺ کے سر مبارک کے سامنے کھڑا ہو، جیسے کہ پہلے کھڑا ہوا تھا، اور کہے: اے اللہ! بیشک تو نے فرمایا ہے اور تیرا فرمان حق ہے کہ: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب! تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔ اے اللہ! ہم تیری بارگاہ میں تیرے فرمان کو سن کر حاضر ہوئے ہیں، تیرے حکم کی اطاعت کرنے والے ہیں، تیرے نبی ﷺ سے تیری بارگاہ میں شفاعت کی درخواست کر رہے ہیں، اے اللہ! اے ہمارے رب! ہماری مغفرت فرما، اور ہمارے باپ داداؤں اور ہماری ماؤں کی مغفرت فرما، اور ہمارے ان بھائیوں کی مغفرت فرما جو ایمان کے ساتھ ہم سے پہلے جا چکے ہیں، اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ اے رب ہمارے بے شک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے، اے ربّ ہمارے ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا، پاکی ہے تمہارے رب کو عزت والے رب کو ان کی باتوں سے، اور سلام ہو پیغمبروں پر، اور سب خوبیاں اللہ کو جو سارے جہاں کا رب ہے، اور (اس طرح کے الفاظ) زیادہ کرے جو چاہے، اور دعا کرے، ان کلمات سے جو اسے یاد ہو، اور اللہ کے فضل سے جس کی اسے توفیق دی جائے۔

سوال: دونوں خلفاء کو سلام عرض کرنے کے بعد کیا کرے؟

جواب: پھر نبی ﷺ کے سر مبارک کے سامنے کھڑا ہو، جیسے کہ پہلے کھڑا ہوا تھا، اور کہے: متن والے کلمات۔

ثُمَّ يَأْتِيْ أُسْطُوَانَةَ أَبِيْ لُبَابَةَ الَّتِيْ رَبَطَ بِهَا نَفْسَهٗ حَتّٰى تَابَ اللهُ عَلَيْهِ وَهِيَ بَيْنَ قَبْرِهٖ وَالْمِنْبَرِ وَيُصَلِّيْ مَا شَاءَ نَفْلًا وَيَتُوْبُ إِلَى اللهِ وَيَدْعُوْ بِمَا شَاءَ وَيَأْتِي الرَّوْضَةَ وَيُصَلِّيْ مَا شَاءَ وَيَدْعُوْ بِمَا أَحَبَّ وَيُكْثِرُ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالثَّنَاءِ وَالْاِسْتِغْفَارِ ثُمَّ يَأْتِي الْمِنْبَرَ فَيَضَعُ يَدَهٗ عَلَى الرُّمَّانَةِ الَّتِيْ كَانَتْ بِهٖ تَبَرُّكًا بِأَثَرِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَكَانَ يَدِهِ الشَّرِيْفَةِ إِذَا خَطَبَ لِيَنَالَ بَرَكَتَهٗ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ وَيَسْأَلُ اللهَ مَا شَاءَ۔

ترجمہ: پھر اسطوانہ ابو لبابہ کے پاس آئے، یہ وہی ستون ہے جس کے ساتھ انہوں نے اپنے آپ کو باندھ دیا تھا یہاں تک کہ اللہ تعالی نے ان کی توبہ قبول فرمائی، اور یہ اسطوانہ قبر اطہر اور منبر کے درمیان ہے، اور جتنی چاہے نفل نماز پڑھے، اور اللہ تعالی کی طرف رجوع کرے، اور جو چاہے دعا مانگے، اور روضہ میں آئے، اور جتنی چاہے نماز پڑھے، اور جو دعا محبوب ہو مانگے، اور تسبیح و تہلیل اور ثنا و استغفار کی کثرت کرے، پھر منبر کے پاس آئے، پس اپنے ہاتھ کو اس رمانہ پر رکھے جو منبر کے ساتھ ہے، رسول اللہ ﷺ کے اثر مبارک سے برکت حاصل کرنے کے لئے، اور آپ ﷺ کے دستِ مبارک رکھنے کی جگہ سے برکت حاصل کرنے کے لئے، جبکہ نبی ﷺ خطبہ دیتے تھے، تاکہ رسول اللہ ﷺ کی برکت حاصل ہو، اور نبی ﷺ پر درود پڑھے، اور جو چاہے اللہ تعالی سے مانگے۔

سوال: **پھر کیا کرے؟**

جواب: پھر اسطوانہ ابو لبابہ کے پاس آئے، یہ وہی ستون ہے جس کے ساتھ انہوں نے اپنے آپ کو باندھ دیا تھا یہاں تک کہ اللہ تعالی نے ان کی توبہ قبول فرمائی، اور یہ اسطوانہ قبر اطہر اور منبر کے درمیان ہے، اور جتنی چاہے نفل نماز پڑھے، اور اللہ تعالی کی طرف رجوع کرے، اور جو چاہے دعا مانگے، اور روضہ میں آئے، اور جتنی چاہے نماز پڑھے، اور جو دعا محبوب ہو مانگے، اور تسبیح و تہلیل اور ثنا و استغفار کی کثرت کرے، پھر منبر کے پاس آئے، پس اپنے ہاتھ کو اس رمانہ پر رکھے جو منبر کے ساتھ ہے، رسول اللہ ﷺ کے اثر مبارک سے برکت حاصل کرنے کے لئے، اور آپ ﷺ کے دستِ مبارک رکھنے کی جگہ سے برکت حاصل کرنے کے لئے، جبکہ نبی ﷺ خطبہ دیتے تھے، تاکہ رسول اللہ ﷺ کی برکت حاصل ہو، اور نبی ﷺ پر درود پڑھے، اور جو چاہے اللہ تعالی سے مانگے۔

ثُمَّ يَأْتِي الْأُسْطُوَانَةَ الْحَنَّانَةَ وَهِيَ الَّتِيْ فِيهَا بَقِيَّةُ الْجِذْعِ الَّذِيْ حَنَّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تَرَكَهُ وَخَطَبَ عَلَى الْمِنْبَرِ حَتّٰى نَزَلَ فَاحْتَضَنَهُ فَسَكَنَ وَيَتَبَرَّكُ بِمَا بَقِيَ مِنَ الْآثَارِ النَّبَوِيَّةِ وَالْأَمَاكِنِ الشَّرِيْفَةِ وَيَجْتَهِدُ فِيْ إِحْيَاءِ اللَّيَالِيْ مُدَّةَ إِقَامَتِهِ وَاغْتِنَامِ مُشَاهَدَةِ الْحَضْرَةِ النَّبَوِيَّةِ وَزِيَارَتِهِ فِيْ عُمُوْمِ الْأَوْقَاتِ۔

ترجمہ: پھر اسطوانہ حنانہ کے پاس آئے، یہ وہ ستون ہے جس میں اس تنے کا کچھ حصہ ہے جو نبی ﷺ کے پاس رویا تھا، جس وقت آپ ﷺ نے اس کو چھوڑ دیا اور منبر پر خطبہ دیا، یہاں تک کہ آپ ﷺ منبر سے اترے اور اس کو سینے سے لگایا، پس اس کو سکون

ہوا، اور مابقیہ آثار نبویہ اور مقاماتِ شریفہ سے برکت حاصل کرے، اور مدتِ قیام میں راتوں کو زندہ کرنے کی کوشش کرے، اور تمام اوقات میں بارگاہِ نبوت کے دیدار اور اس کی زیارت کی غنیمت حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

سوال: پھر کیا کرے؟

جواب: پھر اسطوانۂ حنانہ کے پاس آئے، یہ وہ ستون ہے جس میں اس تنے کا کچھ حصہ ہے جو نبی ﷺ کے پاس رویا تھا، جس وقت آپ ﷺ نے اس کو چھوڑ دیا اور منبر پر خطبہ دیا، یہاں تک کہ آپ ﷺ منبر سے اترے اور اس کو سینے سے لگایا، پس اس کو سکون ہوا، اور مابقیہ آثار نبویہ اور مقاماتِ شریفہ سے برکت حاصل کرے، اور مدتِ قیام میں راتوں کو زندہ کرنے کی کوشش کرے، اور تمام اوقات میں بارگاہِ نبوت کے دیدار اور اس کی زیارت کی غنیمت حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

وَيُسْتَحَبُّ أَنْ يَخْرُجَ إِلَى الْبَقِيْعِ فَيَأْتِي الْمُشَاهِدَ وَالْمَزَارَاتِ خُصُوْصًا قَبْرَ سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ حَمْزَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ ثُمَّ إِلَى الْبَقِيْعِ الْآخَرِ فَيَزُوْرُ الْعَبَّاسَ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَبِقِيَّةَ آلِ الرَّسُوْلِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ وَيَزُوْرُ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ وَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ نَبِيٍّ ﷺ وَ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ وَ عَمَّتَهٗ صَفِيَّةَ وَ الصَّحَابَةَ وَ التَّابِعِيْنَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُمْ وَ يَزُوْرُ شُهَدَاءَ أُحُدٍ وَإِنْ تَيَسَّرَ يَوْمُ الْخَمِيْسِ فَهُوَ أَحْسَنُ وَيَقُوْلُ : سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ وَيَقْرَأُ آيَةَ الْكُرْسِيِّ وَالْإِخْلَاصَ إِحْدٰى عَشَرَ مَرَّةً وَسُوْرَةَ يٰس إِنْ تَيَسَّرَ وَيُهْدِي ثَوَابَ ذٰلِكَ لِجَمِيْعِ الشُّهَدَاءِ وَمَنْ بِجِوَارِهِمْ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

ترجمہ: اور بقیع کی طرف نکلنا مستحب ہے، پس مشاہد اور مزارات پر حاضر ہو خصوصاً سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر پر حاضر ہو، پھر دوسرے بقیع میں حاضر ہو، پس زیارت کرے حضرت عباس حضرت حسن بن علی اور باقی آلِ رسول کی، اور امیر المؤمنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور حضرت ابراہیم بن نبی ﷺ اور نبی ﷺ کی ازواجِ مطہرات اور آپ ﷺ کی پھوپھی حضرت صفیہ اور تمام صحابہ و تابعین کی زیارت کرے، اور شہدائے احد کی زیارت کرے، اور اگر جمعرات کا دن میسر آجائے تو بہتر ہے، اور کہے: آپ پر سلام ہو اس وجہ سے کہ تم نے صبر کیا، پس آخرت کا مقام بہت اچھا ہے، اور آیۃ الکرسی اور سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ بار پڑھے، اور اگر ممکن ہو تو سورۂ یسین پڑھے، اور اس کا ثواب تمام شہداء کو بخش دے، اور ان مؤمنین کو جو ان کے پاس (مدفون) ہیں۔

سوال: پھر کیا کرے؟

جواب: بقیع کی زیارت سنت ہے، روضہ اقدس کی زیارت کرکے وہاں جائے خصوصاً جمعہ کے دن۔ اس قبرستان میں قریب دس ۱۰ ہزار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم مدفون ہیں اور تابعین و تبع تابعین و اولیا و علما و صلحا وغیر ہم کی گنتی نہیں۔ یہاں جب حاضر ہو پہلے تمام مدفون مسلمین کی زیارت کا قصد کرے اور یہ کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَّ اِنَّا اِنْشَاءَ اللہُ تَعَالٰی بِکُمْ لَاحِقُوْنَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَھْلِ الْبَقِیْعِ بَقِیْعِ الْغَرْقَدِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَھُمْ۔ اور اگر کچھ اور پڑھنا چاہے تو یہ پڑھے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَیْنَا وَلِاُسْتَاذِیْنَا وَلِاِخْوَانِنَا وَلِاَخَوَاتِنَا وَلِاَوْلَادِنَا وَلِاَحْفَادِنَا وَلِاَصْحَابِنَا وَلِاَحْبَابِنَا وَلِمَنْ لَّہٗ حَقٌّ عَلَیْنَا وَلِمَنْ اَوْ صَانَا وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

اور درود شریف و سورہ فاتحہ و آیۃ الکرسی و قُلْ ھُوَ اللہ وغیرہ جو کچھ ہو سکے پڑھ کر ثواب اُس کا نذر کرے، اس کے بعد بقیع شریف میں جو مزارات معروف و مشہور ہیں اُن کی زیارت کرے۔ تمام اہلِ بقیع میں افضل امیر المومنین سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، اُن کے مزار پر حاضر ہو کر سلام عرض کرے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ثَالِثَ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا صَاحِبَ الْھِجْرَتَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مُجَھِّزَ جَیْشِ الْعُسْرَۃِ بِالنَّقْدِ وَالْعَیْنِ جَزَاكَ اللہُ عَنْ رَّسُوْلِہٖ وَعَنْ سَائِرِ الْمُسْلِمِیْنَ وَرَضِیَ اللہُ عَنْكَ وَعَنِ الصَّحَابَۃِ اَجْمَعِیْنَ۔

حضرت سیدنا ابراہیم ابن سردارِ دو عالم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اسی قبہ شریف میں ان حضراتِ کرام کے بھی مزارات طیبہ ہیں، حضرت رقیہ (حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی) حضرت عثمان بن مظعون (یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی ہیں) عبد الرحمن بن عوف و سعد بن ابی وقاص (یہ دونوں حضرات عشرہ مبشرہ سے ہیں) عبد اللہ بن مسعود (نہایت جلیل القدر صحابی خُلفائے اربعہ کے بعد سب سے اَفقہ) خُنیس بن حذافہ سہمی و اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ ان حضرات کی خدمت میں سلام عرض کرے۔

حضرت سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اسی قبہ میں حضرت سیدنا امام حسن مجتبیٰ و سر مبارک سیدنا امام حسین و امام زین العابدین و امام محمد باقر و امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مزاراتِ طیبات ہیں، ان پر سلام عرض کرے۔

ازواج مطہرات حضرت اُم المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مزار مکہ معظمہ میں اور میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سرف میں ہے۔ بقیہ تمام ازواج مکرّمات اسی قبہ میں ہیں۔

حضرت عقیل بن ابی طالب اس میں سفیان بن حارث بن عبد المطلب و عبد اللہ بن جعفر طیار بھی ہیں اور اس کے قریب ایک قبہ ہے جس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تین اولادیں ہیں۔

ان حضرات کی زیارت سے فارغ ہو کر مالک بن سنان و ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما و اسماعیل بن جعفر صادق و محمد بن عبد اللہ بن حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم و سیّد الشہدا امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت سے مشرف ہو۔

بقیع کی زیارت کس سے شروع ہو، اس میں اختلاف ہے بعض علما فرماتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابتدا کرے کہ یہ سب میں افضل ہیں اور بعض فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم ابن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شروع کرے اور بعض فرماتے ہیں کہ قبہ سیّدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابتدا ہو اور قبہ صفیہ پر ختم کہ سب سے پہلے وہی ملتا ہے، تو بغیر سلام عرض کئے وہاں سے آگے نہ بڑھے اور یہی آسان بھی ہے۔

وَيُسْتَحَبُّ أَنْ يَأْتِيَ مَسْجِدَ قُبَاءَ يَوْمَ السَّبْتِ أَوْ غَيْرَهٗ وَيُصَلِّيْ فِيْهِ وَيَقُوْلُ بَعْدَ دُعَائِهٖ بِمَا أَحَبَّ: يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا مُفَرِّجَ كُرَبِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاكْشِفْ كُرَبِيْ وَحُزْنِيْ كَمَا كَشَفْتَ عَنْ رَسُوْلِكَ حُزْنَهٗ وَكُرْبَهٗ فِيْ هٰذَا الْمَقَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا كَثِيْرَ الْمَعْرُوْفِ وَالْإِحْسَانِ يَا دَائِمَ النِّعَمِ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا دَائِمًا أَبَدًا يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ آمِيْنَ۔

ترجمہ: اور مستحب ہے سنیچر کے دن مسجدِ قبا میں حاضر ہونا، یا اس کے علاوہ اور کسی دن، اور اس میں نماز پڑھے، اور جو دعا محبوب ہو اس کو مانگنے کے بعد کہے: اے پکارنے والوں کی پکار سننے والے! اے فریاد کرنے والوں کی فریاد کو پوری کرنے والے!، اے مصیبت زدہ کی مصیبت کو دور کرنے والے!، اے بے قراروں کی دعاؤں کو قبول کرنے والے!، رحمتِ کاملہ نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کی آل پر، اور میرے رنج و غم کو (اس مقام پر) دور کر دے، جیسے کہ تو نے اپنے رسول ﷺ سے ان کے غم و رنج کو اس مقام پر دور فرمایا تھا، اے بخشنے والے! اے احسان کرنے والے! اے بہت بھلائی و احسان کرنے والے! اے ہمیشہ نعمت عطا کرنے والے! اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے!، اور اللہ رحمت نازل فرمائے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل اور آپ ﷺ کے صحابہ پر، اور سلام ہو ہمیشہ کا سلام اے سارے جہان والوں کے مالک! آمین (ایسا ہی ہو)

سوال: بقیعِ پاک کی زیارت کرنے کے بعد کیا کرے؟

جواب: قبا شریف کی زیارت کرے اور مسجد شریف میں دو رکعت نماز پڑھے۔ ترمذی میں مروی، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "مسجد قبا میں نماز، عمرہ کی مانند ہے۔"

("جامع الترمذي"، ابواب الصلاة، باب ماجاء فی الصلاۃ فی مسجد قبائ، الحدیث: ۳۲۴، ج۱، ص۳۴۸)

اور احادیث صحیحہ سے ثابت کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر ہفتہ کو قبا تشریف لے جاتے کبھی سوار، کبھی پیدل۔ اس مقام کی بزرگی میں اور بھی احادیث ہیں۔

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

حج و عمرہ کے اعمال کا نقشہ ایک نظر میں

ذیل کے نقشہ سے عمرہ، حج افراد، قران اور تمتع کے مناسک معلوم کیے جا سکتے ہیں، یہ وضاحت بھی کر دی گئی ہے کہ ان میں سے شرط، رکن، واجب، سنت اور اختیاری کون کون سے مناسک ہیں۔


عمرہ
1 احرام عمرہ شرط
2 طواف مع رمل رکن
3 سعی واجب
4 سر منڈانا یا بال کتروانا واجب
حجِ افراد
1 احرام شرط
2 طواف قدوم سنت
3 وقوف عرفات رکن (فرض)
4 وقوف مزدلفہ واجب
5 رمی جمرۂ عقبہ واجب
6 قربانی اختیاری
7 سر منڈانا یا بال کتروانا واجب
8 طواف زیارت رکن (فرض)
9 سعی واجب
10 رمی جمار واجب
11 طواف وداع واجب


حج قران
1
احرام حج و عمرہ
شرط
2
طواف عمرہ مع رمل
رکن (فرض)
3
سعی عمرہ
واجب
4
طواف قدوم مع رمل
سنت
5
سعی
واجب
6
وقوف عرفات
رکن (فرض)
7
وقوف مزدلفہ
واجب
8
رمی جمرۂ عقبہ
واجب
9
قربانی
واجب
10
سر منڈانا یا بال کتروانا
واجب
11
طواف زیارت
رکن (فرض)
12
رمی جمار
واجب
13
طواف وداع
واجب
حج تمتع
(جب کہ قربانی کا جانور ساتھ نہ ہو)
1
احرام عمرہ
شرط
2
طواف عمرہ مع رمل
رکن (فرض)
3
سعی عمرہ
واجب
4
سر منڈانا یا بال کتروانا
واجب
5
۸ ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھنا
شرط
6
وقوف عرفات
رکن (فرض)
7
وقوف مزدلفہ
واجب
8
رمی جمرۂ عقبہ
واجب
9
قربانی
واجب
10
سع سر منڈانا یا بال کتروانا
واجب
11
طواف زیارت
رکن (فرض)
12
سعی
واجب
13
رمی جمار
واجب
14
طواف وداع
واجب

پاکستان اور ہندوستان سے آنے والے عموماً حج تمتع ہی کیا کرتے ہیں۔ ذیل کے نقشہ میں نہایت اختصار سے اس کا طریقہ (جب کہ قربانی کا جانور ساتھ نہ ہو) گھر سے روانہ ہو کر اختتام حج تک پیش خدمت ہے، تفصیلی طریقہ اگلے صفحات میں ملاحظہ فرمالیجیے۔



1 گھر سے روانگی

2 میقات سے پہلے عمرہ کی نیت سے احرام باندھنا

3 کعبہ شریف کا طواف کرنا اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھنا اور آبِ زمزم پینا

4 سعی کرنا اور اس کے بعد حلق یا قصر کرانا اور احرام کھولنا

5 ۸ ذی الحجہ کو دوبارہ احرام باندھ کر منیٰ جانے کی تیاری کرنا اور منیٰ میں جا کر ظہر عصر مغرب اور عشا کی نماز ادا کرنا

6 ۹ ذی الحجہ کو مقام عرفات میں ظہر و عصر کی نمازیں پڑھنا، وقوف عرفات کرنا

7 ۹ ذی الحجہ کو سورج غروب ہونے کے بعد عرفات سے مزدلفہ پہنچ کر نماز مغرب وعشا ملا کر پڑھنا، رات مزدلفہ میں قیام اور طلوع آفتاب سے کچھ پہلے تک مزدلفہ میں وقوف کرنا

8 ۱۰ ذی الحجہ کو مزدلفہ سے منیٰ میں آنا اور جمرۃ العقبٰی پر کنکریاں مارنا۔ قربانی کرنا اور حلق یا قصر کرنا

9 ۱۰ ذی الحجہ کو حلق یا قصر کے بعد مکہ مکرمہ میں جا کر طواف زیارت کرنا اور پھر واپس منیٰ میں آنا

10 ۱۱، ۱۲، ۱۳ ذی الحجہ کو منیٰ میں قیام کرنا۔ اور ان تینوں دنوں میں جمرات پر کنکریاں مار کر مکہ مکرمہ روانہ ہونا

11 ۱۴ ذی الحجہ یا جب رخصت کا ارادہ ہو طواف وداع کرنا

12 سفر مدینہ طیبہ خاص بقصد زیارت شریفہ

○

اعلیٰ حضرت، امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن تحریر فرماتے ہیں: علماء مختلف ہیں کہ پہلے حج کرے یا زیارت۔ ''لباب'' میں ہے: حج نفل میں مختار ہے اور فرض ہو تو پہلے حج مگر مدینہ طیبہ راہ میں آئے تو تقدیم زیارت لازم انتہی۔ یعنی بے زیارت گزر جانا گستاخی اور فقیر کو علامہ سبکی (رحمہ اللہ تعالی) کا یہ ارشاد بہت بھایا کہ: پہلے حج کرے تا کہ پاک کی زیارت پاک ہو کر ملے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۱۰ ص۷۹۸)